خدابخش لائبریری

جرنل پٹنہ

۱۰۹

ایڈیٹر

حبیب الرحمٰن چغانی

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ

خدابخش لائبریری

جرنل پٹنہ

ایڈیٹر

حبیب الرحمٰن چغانی

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

رجسٹریشن نمبر :	۳۳۴۲۴/۷۷	قیمت :	پچھتر رُپے
شمارہ	ایک سو نو	سالانہ :	۳۰۰ رُپے
	ایک سال میں تین چار شمارے		۱۰ ڈالر، ایشیا، ۱۲۰ ڈالر، دیگر ممالک

مقالہ نگاروں کے افکار و آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

مصطفیٰ کمال ہاشمی نے پاکیزہ آفسٹ، محمد پور روڈ شاہ گنج، پٹنہ۔۶، میں چھپوا کر
[illegible] پٹنہ سے شائع کیا۔

فہرست

حرف آغاز — حبیب الرحمٰن چغانی

علم حدیث

* ہندستان میں علم حدیث کی آمد اور اس کے فروغ میں ہندستانی علماء کی خدمات — ڈاکٹر خواجہ غلام السیدین ربانی — ۱

تحریک آزادی

* آزاد اور نہرو کا ملک کی فرقہ وارانہ فضا پر اثر — پروفیسر اولاد احمد صدیقی — ۱۳
* جے پرکاش نارائن اور مسلمان — قیوم اثر — ۲۳

ہندومت

* اپنشد میگزین — ڈاکٹر محمد انصار اللہ — ۳۵

عظیم آباد

* تاریخ عظیم آباد — خدا بخش خاں — ۵۵
* بود و باش عظیم آباد — ڈاکٹر کلیم احمد عاجز — ۶۷

تاریخ اودھ

* فرمانروایان اودھ کے حرم کی زندگی کے کچھ پہلو — ڈاکٹر ریحانہ بیگم — ۸۱

مخطوطہ شناسی

* خدابخش لائبریری میں خطاطی کے چند اہم اور خوبصورت نمونے — ڈاکٹر عتیق الرحمٰن — ۹۹
* چند اہم مخطوطات : ایک تعارف — ڈاکٹر قمر غفار — ۱۲۳
* مکتوبات حضرت دیوان محمد رشید جونپوری : تعارف و تلخیص — حکیم سید یوسف — ۱۴۳

طب یونانی

حکیم اجمل خاں بحیثیت ماہر لغت	محمد رضی الاسلام ندوی	۱۶۷

تلامذۂ مصحفی

شیخ علی بخش بیمار	ڈاکٹر حنیف نقوی	۱۸۳

شاد عظیم آبادی

شاد عظیم آبادی کی لوک کہانیاں اور افسانے	نقی احمد ارشاد	۲۰۵

فارسی ادب

صہبائی کے طرز انشا پر ظہوری کے اثرات	زاہدہ پٹھان	۲۱۷

مراسلات

	عبد الرؤف خاں	۲۲۵
	ڈاکٹر آفتاب احمد خاں	۲۳۱
	آغا مرزا بیگ	۲۳۴

انگریزی حصہ

ہندستانی مسلمان

پسماندہ مسلمان	محمد رشید	۱

سفرنامہ

کلکتہ ۱۸۰۶ء - ایک ایرانی سیاح اسکالر کے مشاہدات	ڈاکٹر قیام الدین احمد	۵۵

ترکی ادب

شہنشاہ بابر کا مجموعہ کلام	ای ڈینیسن راس	۹۵

حرف آغاز

آج پورے ملک میں آزادی کا جشن تزک واحتشام سے منایا جارہا ہے۔ اور منایا جانا بھی چاہیے۔ ملک کے گوشے گوشے میں تقاریب منائی جارہی ہیں بلکہ غیر ممالک میں بھی جہاں ہندوستانی آباد ہیں آزادی کی تقریبوں کا انعقاد ہو رہا ہے اور سال بھر تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ ہم اس آزاد مملکت میں پچاس سال گزار چکے ہیں۔ آزادی کے اس پرچم تلے نصف صدی بیت گئی ہے۔ ان پچاس سالوں میں ہم نے کیا کھویا اور کیا پایا یہ ایک اہم سوال ہے۔ اس پر غور کرنا ہوگا تاکہ اس کی روشنی میں صحیح قدم اٹھایا جاسکے۔

جشن زریں کا تصور ہی کتنا خواب ناک اور کیف آگیں ہوتا ہے مگر اس جشن زریں میں رنگ ورامش کے ساتھ درد کی ایک کسک بھی ہے۔ یہ کسک صرف اس لیے نہیں کہ تقسیم ہند کے قیامت خیز واقعات کی یاد تازہ ہوگئی ہے بلکہ آزادی کے بعد کے روح فرسا حادثات نے ہمیں جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ یہ آزادی یونہی نہیں مل گئی تھی۔ اس کے لیے ہمارے اسلاف نے کتنی جدوجہد کی، کتنی جانیں تلف ہوئیں، کتنے بچے یتیم ہوئے اور کتنی عورتیں بیوہ ہوئیں تب کہیں جاکے ہمیں غلامی سے نجات ملی۔ غیر ملکیوں کے پنجۂ استبداد سے ہم آزاد ہوئے اور ہندوستان ایک خود مختار مملکت بن گیا۔

آزادی مل تو گئی مگر ہم نے اس کی قدر وقیمت نہ سمجھی۔ آج پچاس سال گزرنے کے بعد بھی ہم یہ سوچنے پر مجبور ہیں کیا ہم واقعی آزاد ہوگئے ہیں؟ کیا یہی وہ خودمختاری ہے جس کے لیے ہمارے بزرگوں نے اپنی جانیں نچھاور کیں، پھانسی کے پھندے کو شوق سے زینت گلو کیا، نیزوں پر اپنے سروں کو آویزاں کیا؟ کیا اسی دن کے لیے انھوں نے اپنا سب کچھ قربان کر دیا کہ آزادی ملنے کے بعد بھی ایک دوسرے کے خون کا پیاسا ہو۔ مذہب کی بنیاد پر قتل و غارتگری کا بازار گرم ہو، زبان، وجہ نزاع بن جائے۔ کیا اسی آزادی کا خواب ہمارے اجداد نے دیکھا تھا؟ کیا اسی کے لیے انھوں نے قربانیاں دیں تھیں؟ جنگ آزادی سب نے مل کر لڑی تھی، ہندو اور مسلمان شانہ بہ شانہ رہے۔ نہ مذہب حائل ہوا نہ زبان آڑے آئی۔ سب نے

مل کر غاصبوں کو ملک سے نکال باہر کر دیا۔ پھر یہ تفریق کیوں؟ یہ ہنگامۂ دار و گیر کیوں؟ یہ گھڑی سوچ کی ہے۔ ہندوستان آزاد تو ہوا لیکن اس آزادی کے ثمرات سے ہم بہرہ مند نہ ہو سکے۔ آزادی کو اپنی من مانی کرنے کا اجازت نامہ سمجھ لیا۔ نہ کسی کی جان محفوظ رہی نہ عزت و آبرو۔ ہم بھول گئے کہ آزادی ایک ذمے داری بھی عاید کرتی ہے۔ دوسروں کا لحاظ کرنا بھی سکھاتی ہے۔ جب ہمارے دانشوروں نے دستور ہند مرتب کیا تو ان کے سامنے بہت سے خدشات تھے جن کو دور کرنے کے لیے اس میں کچھ ایسی دفعات شامل کیں کہ ہر شہری خاص کر اقلیتوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہو سکے۔ اس ملک کے مزاج کو پیش نظر رکھتے ہوئے سیکولرزم کو آئین کی اساس قرار دیا تاکہ مختلف فرقے ایک دوسرے کے مذہب کا پاس کریں۔ ضبط و تحمل کو اختیار کریں جس کے نتیجے میں خوشگوار ماحول پیدا ہو۔ لیکن باوجود ان آئینی تحفظات کے فرقہ واریت کا عفریت ہمیں کھائے جا رہا ہے۔ پچاس سال کی اس مدت میں ہزاروں فرقہ وارانہ فسادات ہوئے ہیں۔ کیڑے مکوڑوں کی طرح انسانی زندگیاں کچلی گئی ہیں، املاک کا زبردست نقصان ہوا ہے۔ کیا اسی دن کے لیے ہمارے اجداد نے آزادی کی بنا اپنے خون سے ڈالی تھی!

بدعنوانی، بے ایمانی، رشوت ستانی، ذات پات کی تفریق، تعصب، فرقہ پرستی اور جرائم نے ہمارے معاشرے کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ سیاسی اور اقتصادی نظام درہم برہم ہو گیا ہے۔ بے شک اس نصف صدی میں ہمارے ملک نے نمایاں ترقی کی ہے۔ تکنیکی اعتبار سے بہت آگے بڑھا ہے۔ دیگر میدانوں میں بھی اس نے ترقی کی ہے۔ مگر بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل شدت اختیار کر گئے ہیں۔ تعلیمی اور معاشی اعتبار سے ہمارا ملک آج بھی بہت پسماندہ ہے۔ اتنی مدت گزرنے کے بعد بھی ہم آج کس مقام پہ کھڑے ہیں یہ ہمیں سوچنا ہے۔ تعلیم کی شرح کیا ہے، خواندگی کتنی فیصد ہے؟ تعلیم جو جمہوری نظام حکومت کے لیے ناگزیر ہے اکثریت اس سے محروم ہے۔ جب ہم رموز حیات سے ناآشنا ہیں، لوازم انسانیت سے بے بہرہ ہیں، جمہوریت کے تقاضوں سے نابلد ہیں، افراد و معاشرے کے تعلق سے ناواقف ہیں تو زلف گیتی کو کیوں کر سنوار سکتے ہیں! کیسے اپنی تقدیر کو بدل سکتے ہیں!

ملک تقسیم ہوا یہ ایک حقیقت ہے خواہ تلخ ہی سہی، اسے تسلیم کرنا ہوگا۔ تقسیم کے اسباب وعلل پر غور کرنے سے ملک کی تقدیر نہیں بدلے گی۔ اس بٹوارے کا ذمے دار کون تھا اگر اس کی تفتیش و تحقیق میں سرگرداں رہے تو کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ یہ ایک نا قابل تردید حقیقت ہے کہ ہندوستان کے بطن سے پاکستان پیدا ہوا۔ زمیں تقسیم ہوئی خاندان بھی بٹ گئے۔ طرح طرح کے مسئلوں نے سر اٹھایا۔ ملک کی سالمیت توجہ کا مرکز بن گئی۔ ملکی دفاع پر اربوں روپیہ خرچ ہونے لگا۔ اگر دونوں ملکوں کے تعلقات بہتر ہو جائیں اور خیرسگالی کا ماحول پیدا ہو تو بہت ممکن ہے کہ دفاع پر صرف ہونے والی کثیر رقم نسل انسانی کے فروغ اور علم کی ترویج میں استعمال ہو سکے۔ ہندو پاک کے عوام خوشگوار تعلقات کے خواہشمند ہیں۔ ہوسکتا ہے سیاسی سطح پر بھی کچھ امید افزا صورت حال سامنے آئے۔ اے کاش یہ تجدید گفتگو فال نیک ثابت ہو۔

آج وقت کی اہم ضرورت یہ ہے کہ تعلیم کو عام کیسے کیا جائے اور حصول علم میں کسی طرح کی کوئی رکاوٹ باقی نہ رہے۔ تعلیم جو ذہن کے دریچوں کو کھولے، شعور کو بالیدگی بخشے، معاش کے مسئلوں کو حل کر سکے، روزگار میں معاون ہو اس کا التزام ہونا چاہیے۔ تاریخ کی کتابوں کو اس طرح مرتب کیا جائے کہ بچوں کے ذہن فرقہ پرستی کے زہر سے مسموم نہ ہوں۔ محبت اور اخوت پروان چڑھے۔

معاشی اعتبار سے آج ہم اس ترقی یافتہ دور میں افسوس ناک حد تک پسماندہ ہیں۔ ہم یہ دیکھیں کہ کتنے افراد ہیں جو سطح افلاس سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ آج لوگوں کو دو وقت کی روٹی بھی میسر نہیں ہے۔ زندگی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے غلط راستے اختیار کرنا پڑتے ہیں۔ بچے جو شاخ گل کی طرح نرم و نازک ہوتے ہیں، انھیں کم عمری میں کسب معاش کے لیے مجبور کر دیا جاتا ہے۔ وہ انگلیاں جو قلم کے لیے ترستی ہیں ان میں اوزار تھمادیے جاتے ہیں۔ بچوں سے مزدوری کرانا گو قانوناً جرم سہی، مگر عدالت کے فیصلوں سے کہیں پیٹ بھرتا ہے۔ اس کے لیے وہ ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں کم سن بچے اپنے ماں باپ کی کفالت پر مجبور نہ ہوں۔ انھیں اسکولوں میں جانے کا موقع ملے تاکہ زیور تعلیم سے خود کو آراستہ کریں اور ملک کی تعمیر میں اپنا کردار خوش اسلوبی سے ادا کرسکیں۔

بلا شبہ حکومت پر ایک بڑی ذمہ داری عاید ہوتی ہے۔ وہ دیکھے کہ آئین نے جو بنیادی حقوق و مراعات عوام کو دی ہیں وہ انھیں حاصل ہوں۔ ایسا قانونی نظم وضع کیا جایے کہ ان کے حصول میں ہر طرح کی سہولت میسر ہو۔ مفت اور عام تعلیم کے لیے فوری اقدامات کرے۔ روزگار کی سبیل پیدا کرے۔ روزی کی فراہمی میں مؤثر قدم اٹھایے۔ جب تک عوام کی بنیادی ضرورتیں پوری نہیں ہوں گی ملک صحیح معنی میں ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا۔ یہ وہ مسائل ہیں جن کی عقدہ کشائی ارباب سیاست و حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ عوام کی جو ذمے داریاں ہیں وہ انھیں نبھانے کی طرف پیش قدمی کریں۔ تعلیم کے مفہوم کو سمجھیں اس کی ضرورت کو محسوس کریں۔ خود کو اور بچوں کو اس کے حصول پر آمادہ کریں۔ اس کے حاصل کرنے میں جو پریشانیاں اور دقتیں پیش آئیں انھیں خندہ پیشانی سے برداشت کریں۔ اپنے بچوں کو مزدوری کے لیے مجبور نہ کریں۔ وسیع القلبی اور روشن خیالی کو اپنا شعار بنائیں۔ حکومت کی فراہم کردہ مراعات سے فائدہ اٹھانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

ایک جنگ ہمارے اسلاف نے لڑی تھی اور ملک کو آزاد کرایا تھا۔ اب ایک جنگ ہمیں لڑنی ہے۔ یہ جنگ مشکل ہے۔ اس میں غنیم کوئی غیر ملکی نہیں ہمارے اپنے ہم وطن ہیں، ہمارے عزیز ہیں۔ یہاں دشمن کو ملک بدر نہیں کرنا اس کی اصلاح کرنی ہے۔ ہمیں ان برائیوں کو دور کرنا ہے جو ہمارے سماج کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہیں۔ جو پہلے عیب تھا اب ہنر بن گیا ہے۔ جو بات پہلے مذموم تھی اب مقبول ہو گئی ہے۔ جس پر پہلے ندامت ہوتی تھی اب فخر یہ بیان ہوتی ہے۔ جس پر کبھی شرمساری ہوتی تھی اب وہی باعث سرشاری ہے۔ اکتساب زر کو مقصد حیات سمجھ لیا ہے۔ حرمت و حلت کی ہر دیوار کو گرا دیا ہے۔ صحیح و غلط کے ہر فرق کو مٹا دیا ہے۔ استحصال بڑھتا جا رہا ہے۔ ظلم سہنا کمزور کا مقدر بن گیا ہے۔ طاقت کو کامیابی کا مرادف سمجھ لیا ہے۔ اخلاقی قدریں معدوم ہوتی جا رہی ہیں۔ ہر طرح کی بدعنوانی عام ہو گئی ہے۔ جنگ ان برائیوں سے کرنا ہے۔ معاشرے کو ان عیوب سے پاک کرنا ہے۔ بلا شبہ یہ ایک طویل المدت جنگ ہوگی۔ سر قلم کرنا آسان ہے ذہن کو بدلنا بہت مشکل ہے۔ یہ مشکل کام ہی ہمیں کرنا ہے۔ اس کے لیے ہمیں کمر بستہ ہو کر مستقل جد و جہد کرنا ہوگی تا کہ ان سماجی برائیوں

سدباب ہو سکے۔ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ امن و آشتی کا ماحول پیدا ہو اور ہر شہری کو اس کے بنیادی حقوق ملیں، اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہر شخص کو اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی ہو، اگر ہماری یہ خواہش ہے کہ محبت و یگانگت پروان چڑھے اور ایک خوشگوار معاشرہ وجود میں آئے ہم سب کو مل کر کوشش کرنا ہوگی۔ ہمارا یہ خواب اسی وقت شرمندۂ تعبیر ہوگا جب ارباب اقتدار اپنی تمامتر مسائی جمیلہ کو بروئے کار لائیں تاکہ ہمارے اخلاف یہ کہہ سکیں کہ ہم واقعی ایک آزاد ملک کے آزاد شہری ہیں۔

آزادی کے جس شعلے کو ہمارے اجداد نے روشن کیا تھا ہم اسے اپنی سعی مسلسل سے اور بھی تابناک کریں کہ اس کی تابندگی ہمارے اندھیروں کو دور کر سکے اور صبح امید طلوع ہو۔ پھر خود بخود ہمارے دل کی گہرائیوں سے اپنی حقیقی معنویت کے ساتھ یہ نغمہ ابھرے گا۔

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

۱۴؍ اگست ۱۹۴۷ء کو قانون ساز اسمبلی میں پنڈت جواہر لال نہرو نے آزادی کے حوالے سے تقریر کرتے ہوئے کہا تھا "ہماری نسل کے عظیم ترین انسان کا عزم ہے کہ ہر آنکھ سے بہنے والے ایک ایک آنسو کو پوچھ ڈالا جائے۔ ہوسکتا ہے یہ ہمارے بس کی بات نہ ہو۔ تاہم جب تک ایک بھی آنسو اور دکھ باقی ہے اس وقت تک ہمارا یہ ارادہ پورا نہیں ہوگا"۔

ہم بھی اس پچاسویں سالگرہ پر یہ عزم کریں کہ اپنے ملک کی خوشحالی کے لیے مسلسل کوشش کرتے رہیں گے۔

آزادی کی پچاسویں سالگرہ کا اہتمام خدابخش لائبریری میں بھی کیا گیا۔ ۷؍ اگست کو کتابوں، تصویروں، آزادی کے گیتوں، مخطوطوں، اخباروں، رسالوں اور خطوں کی ایک نمائش کا انعقاد ہوا جس کا افتتاح گورنر بہار ڈاکٹر اخلاق الرحمٰن قدوائی نے کیا۔ یہ نمائش دس دن تک جاری رہی۔ اس نمائش میں مجاہدین آزادی کی تصویروں کے ساتھ اردو، ہندی اور انگریزی میں وہ مواد ترتیب دیا گیا جو تحریک آزادی کی تاریخ پر مشتمل تھا، جسے بیحد پسند کیا گیا۔

خدابخش لائبریری میں آزادی سے متعلق کافی مواد ملتا ہے۔ یہ اطلاع باعث مسرت ہوگی کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خدابخش لائبریری کے ذخائر پر مبنی کتب و رسایل کی ایک کتابیات ترتیب دی جارہی ہے۔

آزادی سے متعلق تقاریب کا سلسلہ سال بھر تک جاری رہے گا۔

ہمارا یہ جرنل یہاں کے مخطوطات کا گاہ بہ گاہ تعارف کراتا ہے اس شمارے میں خطّاطی کے چند اہم نمونے جو ہمارے ہی مخطوطات پر مبنی ہیں ایک مضمون کے ساتھ پیش کیے جارہے ہیں۔ صاحب مضمون ڈاکٹر عتیق الرحمٰن شعبۂ مخطوطات کے انچارج ہیں۔ اس کی دوسری قسط آئندہ شمارے میں شایع ہوگی۔ ہمارا ارادہ ہے کہ ہر شمارے میں یہاں کے نوادر کا تعارف ہوتا رہے۔

حبیب الرحمٰن چغانی

ڈاکٹر خواجہ غلام السیدین ربانی

ہندستان میں علم حدیث کی آمد
اور اس کے فروغ میں ہندستانی علماء کی خدمات

اسلام نے دنیا کو کئی علوم سے نوازا ہے، جن میں تفسیر، حدیث، تاریخ، منطق، فقہ، کلام، بیان، خطابت، خطاطی وغیرہم قابلِ ذکر اہمیت کے حامل ہیں۔ عرب میں علم اسماء الرجال پہلے سے رائج تھا۔ جس نے حضورؐ کی بعثت کے بعد علم حدیث کی شکل اختیار کی۔

علم حدیث اور ذخیرۂ احادیث دنیا کی وہ واحد صنفِ ادب ہے جس میں کسی مذہبی پیشوا کے حالاتِ زندگی حلیہ، اسوہ، اقوال اور اعمال و عادات کو من و عن، سینہ بہ سینہ منتقل کرتے ہوئے ۱۴ سو سال تک بلا تغیر و تبدل، پوری صحت کے ساتھ محفوظ رکھا گیا ہے۔ یہ اپنی جگہ پیغمبرِ اسلام کا ایک معجزہ اور حفاظتِ قرآن کریم کی طرح خدا کی ایک اور نشانی ہے۔

علم حدیث اسلامی علوم میں سے ایک ہے جو دیگر علوم کی طرح سرزمین عرب سے نکل کر دعوتِ اسلام اور قرآن کریم کے ساتھ ساتھ دنیا کے دوسرے خطوں تک پہنچا۔ دیارِ عرب میں علم حدیث کی ترویج

اور ہندستان ... یت کی تاریخ ایک سلسلہ باب ہے جس کا بیان یہاں زیادہ برمحل نہیں ہوگا۔ اس لیے ہندستان میں علم حدیث کی آمد کی تاریخ کی طرف رُخ کر لینا زیادہ مناسب ہوگا۔

ہندستان میں علم حدیث کی تاریخ کی طرف آنے سے پیشتر ماقبل رسالت اور بعد از رسالت عرب ہند تعلقات کا مختصر ذکر ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں مولانا عبدالحیؒ، مولانا سلیمان ندویؒ اور قاضی اطہر مبارکپوری نے بیش قیمت معلومات فراہم کی ہیں۔ مختصراً عرض ہے کہ عرب تاجر ہندستان کے مسالہ جات، ریشمی کپڑے، مُہنّد تلواروں وغیرہم کے ساتھ ساتھ یہاں کے فلسفے، مذہبی رجحانات اور تصوف کے علاوہ علوم مثلاً آیورویدا، نجوم، ریاضی، تفریحی مشغلے، شطرنج اور سنسکرت ادب (پنچ تنتر کہانیاں) وغیرہم سے واقف ہی نہیں بلکہ استفادہ بھی کر رہے تھے۔ یہ استفادہ یکطرفہ نہیں رہا۔ اس 'لین' کے بدلے "دین" کے طور پر اسلامی علوم ہندستان منتقل ہونے لگے۔ مسلمان فاتحین اور حکمرانوں کی حیثیت سے تو بذریعہ سندھ وخیبر بہت بعد میں ہندوستان آئے لیکن بحیثیت تاجر اور مبلغ مغربی سواحل پر بہت پہلے آنے شروع ہو گئے تھے۔ اس سلسلے میں بہت سی روایتیں نقل ہیں اور غلام علی آزاد بلگرامی نے "سبحۃ المرجان" میں زین الدین ملیباری کی کتاب "تحفۃ المجاھدین" کے حوالے کئی روایتیں درج کی ہیں۔ جن میں صحابی رسولؐ حضرت مالک بن دینارؓ کے ہندستان آکر تبلیغ اسلام کرنے اور کیرالہ کے ساحل پر مساجد تعمیر کرنے کی روایت سب سے مشہور رہی ہے۔ کہا جاتا ہے حضرت مالک بن دینار کی قبر آج بھی اُن کی تعمیر کردہ مسجد کے احاطے میں بمقام کڈانگلور موجود ہے۔ مستند اسلامی تاریخ کی کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں سب سے پہلا اسلامی مشن ہندستان بمقام تھانہ (ممبئی) پہنچا جو اس وقت بحر ہند کا آباد بندرگاہ تھا۔ اُس کے بعد یہ قافلہ دیبل اور بھڑوچ (گجرات) پہنچا۔ اس قافلے میں یقیناً وہ صحابۂ رسول شامل تھے۔ جن کے ساتھ اسوۂ حسنہ اور احادیث رسول کی معطر ہوائیں ہندوستان آئیں۔ لیکن اُس مشن کو علم حدیث کا پہلا مرحلہ اس لیے نہیں کہا جاسکتا کہ انھوں نے باقاعدہ حدیث کے درس کی ابتداء نہیں کی تھی۔

ہندستان آنے والے صحابۂ رسول میں حضرت حکیم بن ابوالعاص ثقفیؓ ۱۵ھ میں تھانہ اور بھڑوچ آئے۔ حضرت حکم بن عمر غفاریؓ ۲۳ھ میں مکران (سندھ) پہونچے۔ دیگر صحابہ حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؓ، حضرت سہل بن عدی انصاریؓ، حضرت صحار بن عباس عبدیؓ، حضرت عاصم بن عمرو تمیمیؓ اور حضرت عبداللہ انصاریؓ کی آمد کا بھی ذکر تاریخ میں ملتا ہے۔ تابعین میں حضرت نافع بن دعرؒ، حضرت حارث

بن مرہ عبدیؒ، حضرت حکیم بن جبلہ عبدیؒ، حضرت امام حسن بن ابوالحسن بصریؒ اور حضرت سعد بن ہشامؒ انصاریؒ تبلیغ اسلام کے مشن پر ہندستان آئے۔ حضرت سعید بن کندیر قشیریؒ ۳۵ھ میں خلیفہ سوم حضرت عثمانؓ کی وفات کے وقت مکران کے امیر تھے۔

۱۵۹ھ میں ربیع بن صبیح السعدی البصریؒ وہ پہلے تابعی بزرگ ہیں جن کے بابرکت قدموں کے ساتھ علم حدیث ہندستان پہنچا۔ دراصل ۹۳ھ میں سندھ پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا تھا اور وہاں عرب حاکم مقرر کیے گئے تھے۔ جب ۱۵۹ھ میں خلیفہ مہدی کے حکم سے ایک فوج ہندستان کی طرف روانہ ہوئی تو اس میں حضرت ربیعؒ بھی تھے۔ حضرت ربیعؒ نے احادیث کے منتشر اوراق کو یکجا کرنے میں سب سے پہلے حصہ لیا تھا۔ ابن سعد نے اپنی کتاب "کشف الظنون" میں لکھا ہے۔۔۔ "یہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے اسلام میں تصنیف کی۔ غزا کے لیے ہندستانی سمندر میں گئے تو وہیں ۱۶۰ھ میں انتقال کیا اور کسی جزیرے میں دفن ہوئے۔" ہندستان آنے والے ایک اور تابعی تھے حباب بن فضالہؒ جنھوں نے حضورؐ کے خادم خاص حضرت انسؓ کی صحبت پائی تھی۔ اسرائیل بن موسیٰؒ حضرت حسن بصریؒ کے شاگرد تھے اور ہندستان بکثرت آتے تھے اس لیے آپ کا نام 'نزیل ہند' ہوگیا تھا۔ ابن حبان نے 'ثقات' میں اُن کے سفر ہندستان کا ذکر کیا ہے۔ ابو معشر نجیح سندھیؒ وہ پہلے محدث ہیں جو نومسلم تھے اور دوسری صدی ہجری میں حدیث و سیر کے امام گذرے۔ مدینہ جاکر مقیم ہوگئے تھے۔ انتقال کیا تو خلیفہ ہارون رشید نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ دوسرے محدث بزرگ رجاء السندیؒ ہیں جو ایران پہنچ کر اسفراینی کہلائے آپ نے فن حدیث میں وہ کمال پیدا کیا کہ مشہور محدث حاکمؒ نے لکھا کہ "رکن من الارکان الحدیث"

خلافت کا طرز بدلنے لگا۔ ملوکیت دھیرے دھیرے پاؤں جمانے لگی۔ اُموی اور عباسی خلفاء کا رویہ علوم اور علماء کے ساتھ بدلنے لگا۔ چنانچہ ان کی زیادتیوں سے پریشان ہوکر امن و سکون اور عافیت کی تلاش میں تبع تابعین اور اہل علم سندھ میں آکر آباد ہونے لگے۔ ان کی نسلوں نے بھی علوم دینیہ اور حدیث کی ترویج میں حصہ لیا۔ سندھ کے علماء جو فن حدیث میں مشہور ہوئے یہ تھے: اسمٰعیل بن موسیٰ بصریؒ وارد سندھ، منصور بن حاتم نحویؒ، ابراہیم بن محمد دیبلیؒ، احمد بن منصوریؒ (آپ سندھ کے دارالخلافہ منصورہ کے قاضی تھے)۔

اس کے بعد عباسیوں کی کمزوری کے باعث بیشتر جگہوں پر خود مختار غیر عرب حکومتیں قائم ہو

گئیں۔ اور پھر تاتاریوں کے سیلابِ بلا کے بعد علوم اسلامی کی فضا پر تو جیسے سناٹا چھا گیا۔ مذہبی علوم کی ضرورت صرف اس لیے رہ گئی کہ عہدۂ قضا حاصل کیا جائے اور اس مقصد کے لیے فقہ دانی سے کام چل جاتا تھا اس لیے علم حدیث بے اعتنائی کا شکار ہو گیا۔

ہندستان میں درۂ خیبر سے جو علماء وارد ہوئے وہ اپنے ساتھ جو علم لائے وہ صرف فقہ اور دانائی کا پشتارہ تھا۔ کیونکہ یہی علم نظامِ حکومت کا مدار اور سلاطین کے تقرب کا ذریعہ تھا۔ غزنوی اور غوری تسلط کے بعد وسطِ ایشیاء میں شعر و شاعری، نجوم، ریاضی، فقہ و اصول فقہ کا رواج بڑھ گیا اور علم حدیث معدوم ہو گیا۔ مصابیح السنہ، اور مشکوٰۃ تبرکاً پڑھائی جاتیں۔ مسائل فقہیہ کو حدیث و سنت سے جانچنا اور فقہی اجتہاد کرنا متروک ہو گیا۔

پانچویں صدی ہجری کی ابتدا میں مسلمان حکمران درۂ خیبر کے راستے ہندستان میں داخل ہوئے۔ سلطان محمود غزنوی نے ۴۱۲ھ میں لاہور فتح کر لیا۔ اس کے بعد سلطان مسعود کے عہد میں ایک بزرگ شیخ اسماعیلؒ لاہور وارد ہوئے۔ آپ حدیث و تفسیر کے جامع البحرین تھے۔ آپ کے ساتھ علم حدیث و تفسیر لاہور آیا۔ تاریخ علماء ہند میں ہے کہ "اول کسے است کہ علم حدیث و تفسیر بہ لاہور آورد"۔

شیخ موصوف کے بعد یہاں ڈیڑھ سو سال تک اندھیرا چھایا رہا۔ بالآخر ساتویں صدی کے اوائل میں حسن بن محمد صغانیؒ (صاغانی) نے ہندستان میں علم حدیث کی روشنی پھیلائی۔ آپ کا خاندان ماوراء النہر اور پھر غزنین سے تعلق رکھتا تھا لیکن ان کے بزرگ ہندستان میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ امام صغانی غزنوی ثم لاہوریؒ تنہا محدث ہیں جنھوں نے ہندستان میں حدیث کا علم عام کیا۔ اور "مشارق الانوار" اس دیار کی پہلی تصنیف اور خدمتِ حدیث ہے۔

سلاطینِ خاندان مملوک کی حکومت میں شہر دہلی علم و ادب اور فنون کا گہوارہ رہا ہے۔ دہلی میں اولیاء کرام اور علماء و فضلاء کے جاہ کو دیکھتے ہوئے فرشتہ نے بلبن سے علاء الدین خلجی تک کے زمانے کو 'خیر العصر' کہا لیکن یہ بات قابل ذکر ہے کہ اُس زمانے میں علم حدیث کا کوئی چرچہ نہیں رہا۔

البتہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ نے جن تین اساتذہ۔ کمال الدین زاہدؒ، محمود بن ابی الخیر بخاریؒ اور امین الدین محدث تبریزیؒ سے حدیث پڑھی وہ دہلی میں موجود تھے۔ محمد بن احمد بن محمد الماریکلی معروف بہ کمال الدین زاہدؒ (م ۶۸۴ھ) ماریکلہ (گجرات) کے متوطن تھے انھوں نے امام صغانیؒ کی تصنیف

مشارق الانوار' کا درس برہان الدین محمودؒ اور 'شرح آثار النیرین فی اخبار الصحیحین' کے مصنف کے ساتھ لیا تھا۔ حضرت نظام الدینؒ نے نجم الدین ابو بکر کی مسجد میں حدیث کی سماعت کی اور ۶۷۹ھ میں آپ سے باقاعدہ سند حاصل کی۔ برہان الدین محمود بن ابی الخیر اسعد بخاری بلخیؒ سلطان بلبن کے زمانے میں حیات تھے۔ آپ بھی امام صغانیؒ کے شاگرد تھے اور ان ہی سے 'مشارق الانوار' کی سند حاصل کی تھی غالباً آپ ہی یہ کتاب دہلی لے کر آئے اور یہاں اس کا درس شروع کیا۔ انھیں مرغینان (وسط ایشیا) میں کتاب الہدایہ کے مصنف برہان الدین مرغینانیؒ (م ۵۹۳ھ) سے ملاقات کا شرف بھی حاصل ہوا تھا۔ سلطان بلبن آپ کی بہت عزت کرتا تھا۔ آپ نے ۶۸۷ھ میں دہلی میں وفات پائی اور حوض شمسی کے مشرقی کنارے پر مدفون ہیں۔ امین الدین محدث تبریزیؒ نے قطب الدین مبارک شاہ کے عہد میں دہلی میں انتقال فرمایا۔

شمالی ہندستان اور مرکز حکومت، دہلی کے اطراف جوانب میں کچھ بزرگان دین بلاشبہ معروف ترویج علم دین تھے جن کے دم سے اسلامی علوم ترقی پا رہے تھے لیکن علم حدیث جس توجہ اور اہمیت کا متقاضی تھا وہ اُسے حاصل نہیں ہو سکے تھے۔۔۔ شاید یہی وجہ تھی کہ تاریخ کے صفحات پر یہ واقعہ لکھا ہے کہ جب علاء الدین خلجی کے زمانے میں مشہور محدث شیخ شمس الدین مصریؒ اپنی چار سو کتابوں کے ذخیرے سمیت ہندستان آئے تو اُن کی قدر نہ ہوئی۔ ملتان کے علماء و فقہاء سے ملاقات کے بعد اُن کے تأثرات یہ تھے کہ "اس ملک میں علماء اور فقہاء کے نزدیک احادیث رسولؐ کی اہمیت نہیں"۔ چنانچہ وہ واپس چلے گئے۔ یہ واقعہ ضیاء الدین برنی نے 'تاریخ فیروز شاہی' میں لکھا ہے۔ تغلق سلاطین کے زمانے میں علمی فضا کافی منتشر رہی اور دہلی سے دولت آباد کو دار السلطنت کی منتقلی بھی علماء کے لیے پریشان کن رہی۔

سلاطین دہلی کے زیر اثر جو علاقہ تھا وہ نویں دسویں صدی ہجری تک علم حدیث سے عموماً بے خبر رہا اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ مصر و عرب اور سفر حج کے لیے اُن دنوں خشکی کا راستہ مستعمل تھا جو بہت دشوار گذار اور پُر خطر تھا۔ سلاطین دہلی نے اُس وقت تک سمندر کے ساحل تک دخل نہیں پایا تھا۔ اس لیے دہلی کا مرکز علم حدیث کے سرچشمے سے سیراب نہ ہو سکا۔

ایسا لگتا ہے کہ حقیقتاً عرب اور ہندستان کو علم و فن کے استفادے کے لیے جوڑ دینے کی سعادت سلاطین گجرات کی قسمت میں تھی۔ سلطان احمد شاہ اوّل نے خود مختاری کے بعد گجرات کو عرب اور ہندستان

کے بیچ 'سلسلۃ الذہب' بنادیا اور اس طرح بحر عرب کے دونوں کنارے اس سنہری پل سے جیسے مل گئے حجاج کرام اور علم کے مشتاق عرب کا رخ بحری راستے سے کرنے لگے اور اسی راستے سے علم حدیث کا تخم عرب سے آکر ہندوستان کی زمین پر کونپلیں اور جڑیں مضبوط کرنے لگا۔ گجرات سے ہوکر یہ نور دہلی اور آگرہ کی خانقاہوں کے گنبدوں پر منعکس ہوا۔

سب سے پہلے جو بزرگ اس تبرک کو سینے سے لگا کر ہندستان میں وارد ہوئے وہ مولانا نورالدین احمد شیرازی رح تھے۔ جو میر سید شریف جرجانی رح کے شاگرد تھے۔

نویں صدی کے خاتمے اور دسویں صدی کے آغاز کا یہی زمانہ دراصل ہندستان میں علم حدیث کے باقاعدہ آغاز اور فروغ کا زمانہ ہے۔ مصر، شام و حجاز میں امام الحدیث حافظ محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی رح (م ۹۰۲ھ) کے فضل و کمال کا آفتاب اپنے نصف النہار پر تھا۔ حافظ سخاوی رح کے تلامذہ میں سب سے پہلے غالباً راجح بن داؤد گجراتی ہیں جو ۸۹۴ء میں حافظ موصوف کے حلقے میں داخل ہوئے اور الفیہ حدیث کی سند حاصل کی پھر گجرات وارد ہوئے۔ ۹۰۴ھ میں احمد آباد میں وفات پائی۔ اُن کے ہم عصر تھے مولانا علاءالدین احمد نہروالی رح۔ آپ نے عرب جاکر حافظ فہد رح اور نورالدین شیرازی رح سے حدیث کی سند حاصل کی ۹۴۹ھ میں وفات پائی۔ حافظ سخاوی رح کے دوسرے شاگرد جمال الدین محمد بن عمر حضرمی رح، مظفر شاہ ثانی، سلطان گجرات کے زمانے میں احمد آباد آئے۔ خود سلطان نے آپ کے آگے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ احمد آباد میں ۹۳۱ھ میں وفات پائی۔ دسویں صدی ہجری میں بعض دیگر علماء ہندستان آئے اور علم حدیث کو فروغ دیا۔ ان میں قابل ذکر ہیں:

شیخ عبدالمعطی مکی رح (م ۹۸۹ھ۔ احمد آباد)، شہاب احمد مصری رح (م ۹۹۲ھ۔ احمد آباد) شیخ احمد فاکہی حنبلی رح (م ۹۹۲ھ)، شیخ رفیع الدین شیرازی رح (م ۹۵۴ھ۔ اکبرآباد)، شیخ ابراہیم بغدادی رح شیخ ضیاءالدین مدنی رح (مدفون کاکوری)، شیخ بہلول بدخشی رح، خواجہ میر کلان ہروی رح (م ۹۸۱ھ۔ اکبرآباد)۔

وہ اصل شخصیت جس کے علم کے پرتو سے اس سرزمین ہند کے شمالی و جنوبی دونوں گوشوں کا منور ہونا مقدر تھا وہ سید رفیع الدین صفوی شیرازی رح کی ذات والاصفات تھی۔ آپ معقولات میں محقق رح اور دوانی رح کے شاگرد تھے۔ عرب پہنچ کر حدیث کا فیض حافظ سخاوی رح سے حاصل کیا۔ پہلے گجرات وارد ہوئے لیکن بعد میں سکندر لودھی سلطانِ دہلی کی علمی قدردانی کا چرچہ موصوف کو دہلی کھینچ لایا۔ سلطان نے آپ کا خیر مقدم کیا اور آگرہ میں آپ کی سکونت کا انتظام کیا۔ ہندستان کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ تھا کہ قال قال رسول اللہ

کی روح پر درِ صدائیں فضا میں گونجیں۔ سید موصوف نے ۹۵۴ھ میں وفات پائی۔

سید عبدالاول حسینی پہلے ہندستان زاد ہیں جنھوں نے صحیح بخاری کی شرح لکھنے کی سعادت حاصل کی۔ آپ جونپور کے قصبے زید پور کے رہنے والے تھے۔ آپ نے فیض الباری کے نام سے بخاری کی شرح لکھی اور فیروزآبادی کی سفر السعادۃ کا خلاصہ لکھا۔ ۹۶۵ھ میں وفات پائی۔

مولانا عبدالمالک عباسی گجراتیؒ ایک واسطے سے حافظ سخاویؒ کے شاگرد تھے تقریباً ۹۷۷ھ میں وفات پائی آپ کو صحیح بخاری شریف زبانی یاد تھی۔

کچھ علماء نے حرمین شریفین کا سفر اختیار کیا اور علم حدیث حاصل کر کے ہندوستان آئے اور یہاں درسِ حدیث رائج کیا ان میں قابل ذکر ہیں :

شیخ محمد عبداللہ فاکہیؒ (م ۹۹۲ھ)، سید عبداللہ عیدروسؒ (م ۹۹۰ھ)، شیخ سید شافعی حبشیؒ (م ۹۹۱ھ)، شیخ علی متقیؒ (م ۹۷۵ھ)، شیخ عبدالوہاب متقیؒ (م ۱۰۰۱ھ)، شیخ یعقوب بن حسن کشمیریؒ (م ۱۰۰۳ھ)، حضرت مجدد الف ثانیؒ نے حدیث کا فیض آپ سے ہی پایا تھا۔ مولانا عبدالرحمٰن محدث سرہندیؒ (استادِ مجدد الف ثانی)۔ ابوالحسن بکریؒ، شیخ قطب الدین عباس گجراتی اور شیخ احمد ماندویؒ۔

شیخ محمد طاہرؒ پٹن (گجرات) سے تعلق رکھتے تھے اس لیے پٹنی (فتنی) کہلائے۔ یہ بزرگ حدیث کی اشاعت میں بہت اہم مقام رکھتے ہیں آپ نے باقاعدہ حدیث کا درس رائج کیا۔ ہندستان میں آپ جیسا کوئی بزرگ محدث نہیں گذرا۔ 'مجمع البحار' 'المغنی' اور 'التذکرہ' آپ کی اہم تصنیفات ہیں۔ بوہرہ قوم کو مذہب اہل سنت میں لانے کی کوشش میں بمقام سارنگ پور (اجین) ۹۸۶ھ میں شہید ہوئے۔

ایک اور بزرگ شیخ عبدالاول بن علیؒ (م ۹۶۸ھ) بھی فنِ حدیث کے بڑے عالم گذرے ہیں آپ کے شاگرد شیخ طاہر سندھیؒ نے برہان پور میں ایک مدت تک فن حدیث کا درس دیا۔ برہان پور منتقل ہونے سے قبل تقریباً ۲۰ سال آپ نے ایلچپور (برار) میں خدمتِ حدیث کی۔

اس کے بعد حدیث کی نشر و اشاعت کے لیے اللہ نے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ (م ۱۰۵۲ھ) کو منتخب کیا۔ ان کے دم سے دارالسلطنت دہلی میں حدیث کے درس کی باقاعدہ مسند آراستہ

ہوئی۔ اشاعت حدیث کے میدان میں ان کی کوششیں اس قدر اہم اور نمایاں رہیں کہ لوگ انھیں ہندستان میں فنِ حدیث کو حیاتِ ثانی دینے والا محدث کہنے لگے۔ آپ کی تصانیف سو سے متجاوز ہیں۔ فن حدیث میں طرق "...." (فارسی) ما ثبت بالسنۃ (عربی) قابل ذکر ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ (م ۱۰۳۴ھ) نے بھی حدیث کی اشاعت میں بڑی محنت کی۔ اُن کے صاحبزادے محمد سعیدؒ شارح مشکوٰۃ تھے۔ محمد سعیدؒ کے صاحبزادے فرخ شاہؒ کو ستر ہزار احادیث مع اسناد وجرح زبانی یاد تھیں۔

اس سلسلے میں نو مسلم ہندو محدث جوہرناتھ کشمیریؒ (م ۱۰۲۶ھ) شیخ محمد قاسم سندھیؒ، عبدالجلیل بلگرامیؒ (م ۱۰۷۱ھ) محمد معصومؒ (م ۱۰۷۰ھ) عبداللہ لاہوریؒ، ابوالحسن سندھیؒ (م ۱۱۳۶ھ)، شاہ محمد فاخر الہ آبادیؒ (م ۱۱۲۴ھ) اور شیخ محمد حیات سندھیؒ (م ۱۱۶۳ھ) کی خدمات قابل ذکر ہیں۔

فنِ حدیث کی اشاعت میں ایک اور بزرگ شیخ صفت اللہؒ رضوی خیرآبادی کی خدمات بہت اہم رہیں۔ حجاز سے علم حدیث سیکھ کر واپس آئے اور اپنے وطن خیرآباد میں درسِ حدیث کی مسند بچھائی۔ شیخ خیرالدین سورتیؒ کی خدمات درسِ حدیث کے میدان میں اس لیے اہم ہیں کہ آپ نے سورت میں مسلسل ۵۰ سال حدیث کا درس دیا۔

مغلیہ دورِ حکومت میں بابر اور ہمایوں کے بعد اکبر نے اپنی مذہبی بوالعجبیوں سے بڑے فتنے پیدا کیے جن کا مقابلہ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے کیا۔ جہانگیر اور شاہجہاں کا دور پُرامن رہا لیکن خدمتِ حدیث میں کوئی نمایاں کام نہیں ہوئے، دیگر فنون لطیفہ پر کافی محنتیں صرف ہوئیں۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ کے زمانے میں دوبارہ مذہبی علوم پر توجہ دی جانے لگی۔ اس دور میں شاہ عبدالرحیم دہلویؒ نے حدیث کی بڑی خدمت کی۔ آپ کو اورنگ زیب نے فتاویٰ عالمگیری کی تصحیح کرنے والے علماء کی مجلس میں مقرر کیا تھا۔ آپ نسبی سلسلے سے حضرت عمر فاروقؓ سے منسلک تھے اور شاہ ولی اللہؒ کے والد بزرگوار تھے۔

اُن کے بعد شیخ اجل، محدث کامل، حکیم الاسلام شاہ ولی اللہؒ فاروقی دہلوی کا دور آیا جن کی خدمات بہت عظیم ہیں۔ آپ حجاز تشریف لے گئے اور شیخ ابوطاہر کردی مدنیؒ سے علم حدیث میں فراغت حاصل کی اور ہندوستان واپس آکر ساری زندگی اس فن کی ترویج میں صرف کر دی۔ ہندستانی مسلمانوں پر آپ کے علمی و سیاسی احسانات بے شمار ہیں۔ ویسے تصانیف بہت ہیں لیکن فنِ حدیث میں آپ کی المسوّیٰ

(عربی) المصفی (فارسی) النوادر من الحدیث اہم تصانیف ہیں۔ فارسی زبان میں قرآن کریم کا پہلا ترجمہ بھی آپ ہی کا کارنامہ ہے۔ آپ نے ۱۱۷۶ھ میں وفات پائی۔

شاہ ولی اللہؒ کے چاروں صاحبزادوں شاہ عبدالعزیزؒ، شاہ عبدالقادرؒ، شاہ رفیع الدینؒ اور شاہ عبدالغنیؒ نے حدیث کی بھی خوب خوب خدمت کی۔

بڑے صاحبزادے شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ وہ بلند پایہ شخصیت گذرے کہ جنھوں نے ہندستان میں علم حدیث کے درس کے حلقوں کو خوب پھیلایا تحقیق و تنقید سے اس فن کو نئی زندگی دی۔ بستان المحدثین اور العجالۃ نافعہ اس سلسلے کی اہم تصانیف ہیں۔ آج ہندستان میں علم حدیث کا چرچہ اسی خانوادے کے دم سے قائم رہ سکا ہے اس احسان عظیم کے لیے مسلمانان برصغیر ان کا جس قدر شکریہ ادا کریں کم ہے۔ شاہ صاحب کی وفات ۱۲۳۹ھ میں دہلی میں ہوئی۔

شاہ عبدالعزیزؒ کے بھتیجے اور شاگرد شاہ اسمٰعیل شہیدؒ اور خلیفہ سید احمد شہید بریلویؒ نے خدمت حدیث کے ساتھ ساتھ ہندستانی مسلمانوں کو انگریزوں کے تسلط سے آزاد رکھنے میں اپنی جان تک گنوادی۔ شاہ عبدالعزیزؒ کے داماد شاہ عبدالحیٔ بڑھانویؒ نے بھی علم حدیث کی نمایاں خدمات انجام دیں۔ شاہ عبدالعزیزؒ کے نواسے شاہ محمد اسحاقؒ نے اپنے نانا سے فن حدیث حاصل کیا اور درس حدیث کے حلقے کو بے پناہ وسعت دی حتیٰ کہ حجاز جاکر اس فن کی اشاعت کی جو اپنی جگہ بہت بڑے اعزاز اور کمال کی بات ہے۔ آپ پر اس فن کی امامت ختم ہے۔

ہندستان کے دور متاخرین کے محدثین میں شیخ عبداللہ صدیقیؒ الہ آبادی بھی ہیں جنھوں نے شاہ ولی اللہؒ کے صاحبزادوں سے علم حاصل کیا تھا۔ شاہ ولی اللہؒ کی اولاد سے علم حدیث حاصل کرکے اسے آگے بڑھانے والوں میں شیخ عبدالحق عثمانی نیوتنیؒ (م ۱۲۷۶ھ) کی ذات بھی شامل ہے آپ نے حصول علم کے لیے صنعاء (یمن) کو ہجرت کی اور واپس آکر ہندستان میں اس علم کو عام کیا۔

اس دور میں دیگر قابل ذکر محدثین جنھوں نے شاہ اسحاق دہلویؒ سے علم حدیث حاصل کیا اور نمایاں خدمات انجام دیں ان کے نام اسطرح ہیں:

شیخ عبدالغنی دہلویؒ (م ۱۲۹۶ھ) مفتی عبدالقیومؒ داماد، شاہ اسحاقؒ (م ۱۲۹۹ھ)، شیخ احمد علی سہارن پوریؒ (م ۱۲۹۷ھ) آپ نے بخاری شریف کے حاشیے بھی تحریر کیے۔

قاری عبدالرحمٰن انصاری پانی پتیؒ (م ۱۳۱۴ھ) سید عالم نگینویؒ (م ۱۲۹۵ھ) آپ کی ساری زندگی مراد آباد میں درسِ حدیث میں گذری۔ میاں سید نذیر حسین حسینی دہلویؒ (م ۱۳۲۰ھ) آپ سے اہلِ عرب و عجم کی بہت بڑی تعداد نے فیض حاصل کیا۔

ریاستِ رام پور جو دیگر مشرقی علوم کی آماجگاہ رہی فنِ حدیث کے فروغ میں پیچھے نہیں رہی۔ خانوادۂ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے فیض یاب ہو کر مولانا سلام اللہ رام پوریؒ اور مولانا نور الاسلام رامپوریؒ نے حدیث کا درس رام پور میں شروع کیا۔ رام پور میں فنِ حدیث کا سلسلہ مولانا حسن شاہ صاحب محدث رام پوریؒ کے ذریعہ شروع ہوا۔ آپ حضرت شاہ عالم نگینویؒ مراد آبادی کے شاگرد تھے اور شاہ عالمؒ شاہ اسحاق محدث دہلویؒ کے شاگرد تھے۔ رام پور کا کوئی محدث ایسا نہیں جو بالواسطہ یا براہ راست حسن شاہؒ سے منسوب نہ ہو۔ حسن شاہ محدثؒ کے صاحبزادے سید محمد شاہؒ مولانا ابوالکلام آزاد کے استاد بھی رہ چکے ہیں۔ مولانا آزاد نے کلکتہ میں قیام کے دوران آپ ہی سے ترمذی شریف پڑھی تھی۔ مولانا عبدالوہاب خاں اور مولانا وجیہ الدین احمد خاں صاحبان نے حدیث کے فن کی رام پور میں رہ کر خدمت کی۔ مولانا وجیہ الدین کی ایک تصنیف 'حدیثی اصول' اس سلسلے کی ایک خدمت ہے۔

دیگر علماءِ حدیث میں سید حسن شاہ رام پوریؒ (م ۱۳۱۲ھ) شیخ ولایت علی صادق پوریؒ (م ۱۲۶۹ھ)، قاضی محمد جعفری مچھلی شہریؒ (م ۱۳۲۰ھ) شیخ رشید احمد حنفی گنگوہیؒ (م ۱۳۲۳ھ) آپ ہر ایک سال میں صحاح ستہ کا درس پورا کر لیا کرتے تھے۔ آپ ضبط، تحقیق و تدبر کے لیے مشہور تھے۔ مولانا عبدالحیٔ فرنگی محلی لکھنویؒ کو علماء حرمین شریفین سے حدیث کی سند حاصل تھی۔ حاشیہ موطا، شرح جرجانی کے علاوہ بھی آپ کی تصنیفات ہیں۔ آپ نے ۱۳۰۴ھ میں انتقال فرمایا۔

علماء حدیث میں نواب صدیق حسن خان قنوجی بھوپالیؒ کا نام نامی بھی قابلِ ذکر ہے آپ نے علم حدیث شیخ حسین بن حسن یمانیؒ سے حاصل کیا۔ فنِ حدیث پر ۲۴ کتابیں لکھیں۔ جن میں فتح الباری، نیل اوطار بہت اہم ہیں۔ اتحاف النبلاء تذکرہ علماء و محدثین پر بہت مقتدر کتاب ہے۔ دیگر علماءِ حدیث جن کی کوششوں سے فنِ حدیث کو فروغ ملا اس طرح ہیں:

شیخ شمس الدینؒ، شیخ عبدالمنان نابینا وزیر آبادیؒ (م ۱۳۳۴ھ) جنھوں نے پنجاب میں حدیث کا علم رائج کیا۔ سید امیر حسن سہسوانیؒ (م ۱۲۹۱ھ) اور ان کے صاحبزادے امیر احمدؒ (م ۱۳۰۶ھ) شیخ

محمد بشیر فاروقیؒ (م ۱۳۲۳ھ) حافظ عبد اللہ غازی پوریؒ (م ۱۳۳۷ھ) مولانا محمود حسن دیوبندیؒ (م ۱۳۳۹ھ) وغیرہم۔

دور حاضر کے محدثین اور علماء حدیث نے بھی حدیث کی خدمت میں قابل قدر خدمات انجام دیں۔ ان کا ذکر اور ان کی تصانیف کا ذکر کیے بغیر یہ فہرست مکمل نہیں کہی جاسکے گی یہ علماء اس طرح ہیں:

مولانا شمس الحق ڈیانویؒ (تصنیف: غایۃ المقصود)، مولانا خلیل احمد سہارن پوریؒ (تصنیف: بذل المجہود)، مولانا عبد الرحمٰن مبارک پوریؒ (تصنیف: تحفۃ الاحوذی) مولانا شبیر احمد عثمانیؒ (تصنیف: فتح الملہم)، مولانا ذکریا کاندھلویؒ (تصنیف: اوجز المسالک) مولانا انور شاہ کشمیریؒ (تصنیف: فیض الباری)، مولانا ظہیر احسن شوق نیمویؒ (تصنیف: آثار السنن) مولانا منظور نعمانی مدظلہ (معارف الحدیث)

مولانا حبیب الرحمٰن اعظمیؒ حدیث کی تحقیق و تنقید میں بڑی گہری نظر رکھتے تھے۔ حدیث کے موضوع پر مخطوطات کی تسوید کے لیے مولانا عالمی پیمانے پر مقتدر تھے مولانا ابوالوفا افغانیؒ نے تمام عمر حدیث کی خدمت میں صرف کردی۔ حیدر آباد میں قیام رہا اور وہیں وفات پائی۔ ایک شخصیت جس نے حدیث کی نمایاں خدمت کی، مولانا بدر عالم میرٹھیؒ تھے۔ آپ نے اپنی زندگی کا بیشتر حصّہ مدینہ منورہ میں گذارا اور وہیں وفات پائی۔ ترجمان السنّۃ آپ کی شہرۂ آفاق تصنیف ہے۔

ہوسکتا ہے اس تذکرے میں کچھ ایسی سعید روحوں کا ذکر شامل نہ ہوسکا ہو جن کے دم سے بھی اس علم کی خدمت ہوئی ہو۔ اس کوتاہی کو خدا معاف کرے۔ اور ان سب علما اکرام کو جنت کے بہترین درجات میں جگہ دے۔ آمین۔ واللہ اعلم بالصّواب

مراجع ومصادر

۱۔ مولانا عبد الحیٔ الحسنی ـــ نزہۃ الخواطر وبہجۃ المسامع والنواظر (دائرۃ المعارف حیدر آباد ۱۹۵۵ء)

۲۔ مولانا عبد الحیٔ الحسنی ـــ الثقافۃ الاسلامیۃ فی الہند (مطبع معارف، اعظم گڑھ ۱۹۷۰ء)

۳۔ مولانا سید محمد میاں ـــ علماء ہند کا شاندار ماضی (مکتبہ برہان دہلی ۱۹۶۳ء)

۴۔ مولانا سید سلیمان ندوی ـــ مقالات سلیمان۔ حصّہ دوم (مطبع معارف اعظم گڑھ ۱۹۶۸ء)

۵۔ مولانا ضیاء الدین اصلاحی ـــ تذکرۃ المحدثین ۔ حصہ اول و دوم (مطبع معارف اعظم گڑھ ۱۹۶۸ء)

۔ قاضی اطہر مبارک پوری ـــ عرب و ہند عہد رسالت میں (ندوۃ المصنفین دہلی، ۱۹۶۵ء)

۷۔ مولوی رحمٰن علی ـــ تذکرۂ علماء ہند (مطبع نولکشور، لکھنؤ ۱۳۳۲ھ)

۸۔ نواب صدیق حسن خان ـــ اتحاف النبلاء (مطبع نظامی کانپور ۱۲۸۸ھ)

۹۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ـــ بستان المحدثین: مطبع گلزار محمدی لاہور، ۱۸۹۸ء)

۱۰۔ غلام علی آزاد بلگرامی ـــ سبحۃ المرجان فی آثار الہندوستان (باہتمام میرزا محمد شیرازی بمبئی ۱۳۰۳ھ)

۱۱۔ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ـ تاریخ دعوت و عزیمت حصہ ۴-۵ (مجلس تحقیقات و نشریات اسلام، لکھنؤ ۱۹۸۸ء)

۱۲۔ شیخ محمد اکرام ـــ رود کوثر (مطبع ادبی دنیا ـ دہلی ۱۹۶۷ء)

پروفیسر اولاد احمد صدیقی

آزاد اور نہرو کا ملک کی فرقہ وارانہ فضا پر اثر

تمہید:

"آزاد اور نہرو کا ملک کی فرقہ وارانہ فضا پر اثر" ہماری گفتگو کا موضوع ہے۔ اس ضمن میں یہ سوال سب سے پہلے ذہن میں آتا ہے کہ آزاد اور نہرو غیر فرقہ وارانہ فضا کو قایم کرنے کی جو کوششیں کر رہے تھے وہ کس پس منظر میں تھیں۔ انہیں کس قسم کی مخالف قوتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، اور ان مخالف طاقتوں کو کون سے محرکات تقویت پہنچا رہے تھے۔ اس لیے ہم سب سے پہلے بیسویں صدی کے شروع میں فرقہ وارانہ ذہنیت کے رواج پانے کے اسباب اور اس کے اہم عناصر کا تجزیہ کریں گے۔ اس کے بعد ہم آزاد اور نہرو کی تخمینات؛ ان کی فکر کے اہم اور بنیادی عناصر، اور آپس میں ایک دوسرے سے تعلقات کی نوعیت اور اس کو تشکیل دینے والے اثرات، کا تجزیہ کریں گے۔ آزاد اور نہرو بیسویں صدی کے ہندوستان میں اپنے تمام معاصرین سے ممتاز اور الگ تھلگ نظر آتے ہیں۔ ان کی تربیت؛ ذوق و شوق اشتغال اور افکار، عادات و اطوار میں بڑا فرق ہے۔ اس کے باوجود ان کی شخصیتیں آپس میں ٹکراتی نہیں ہیں بلکہ ایک دوسرے کا تکملہ کرتی ہیں۔ دوستی کی بنیاد مکمل یکسانیت پر نہیں ہے بلکہ فکر و عمل کے عناصر کے اتفاق و اتحاد پر مبنی ہے۔ فرقہ وارانہ مسئلہ کے ضمن میں آزاد مذہب کے وسیلہ سے اور نہرو نامذہب کے وسیلہ سے تقریباً یکساں نتائج پر پہنچے۔ یہ دونوں تاریخ ساز شخصیتیں جن سے وسط بیسویں صدی کا ہندستان ممتاز و مفتخر نظر آتا ہے آسانی سے بھلائی نہیں جا سکتیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ باوجود اپنی صلاحیتوں کے یہ دونوں اشخاص تاریخ کے تند و تیز سیلاب کے رُخ کو، جو پہلے فرقہ وارانہ منافرت اور بعد کو تقسیم ملک کی شکل میں ہندستان کو بہالے گیا، اپنی طرف موڑنے میں ناکام ثابت ہوئے۔ مگر ان کی فکر نے پہلے اُن خطرات کی نشان دہی کی جو منافرت اور تقسیم ملک کے ضمن میں برآمد ہوں گے اور بعد کو آزاد ہندستان کے لیے ترقی اور ارتقا کے لیے معتبر اور موثر وسائل فراہم کیے۔ اشخاص کی عظمت حالات کو اپنی موافقت کے مطابق عمل پذیر ہونے ہی میں مضمر ہوتی ہے بلکہ انکی فکر میں پائے جانے والے پائیدار اور دیرپا اثرات میں بھی ہوتی ہے، جنہیں وقت اور زمانہ کبھی ماند نہیں کر سکتا۔ تاریک اور پُرخطر سمندروں میں روشنی کے مینار راستہ بھٹکنے والوں کو صحیح راستہ پر ڈالنے کی تو کوشش

رہتے ہیں، اور اس رہنمائی کے ساتھ ذہنی تقویت، جرأت اور حوصلہ مندی میں بھی اضافہ کرتے ہیں
آزاد اور نہرو اپنی شخصیت اور کارناموں کی وجہ سے ہمارے لیے ایک بصیرت اور معاملہ فہمی کا روشن مینار ہیں۔
ہماری یہ کوشش ہے کہ ہم ہندستان میں فرقہ وارانہ ذہنیت کے فروغ میں معاون محرکات
کا تجزیہ تاریخی پس منظر میں کریں۔ ہم نے اس سلسلہ میں بہت سے مورخین، مبصرین اور مفکرین سے
استفادہ کیا ہے۔ ان کے حوالے جابجا ملیں گے۔ اور اکثر جگہ صاحب بصیرت بغیر حوالوں کے بھی ہماری
پیشکش پر دوسروں کے اثرات دیکھ سکیں گے۔ لیکن جن مورخین کا صراحت کے ساتھ ذکر کرنا ضروری ہے
ان میں محمد حبیب، تاراچند، نہار رنجن رائے، محمد مجیب اور رومیلا تھاپر خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ہمیں
اعتراف میں کوئی عار نہیں کہ ہم نے ان دانشوروں کی تحریرات اور نظریات سے خوشہ چینی کی ہے
مالک رام نے آزاد فہمی میں ہماری قدم قدم پر رہنمائی کی ہے۔ ان کے مرتب کیے ہوئے آزاد کی تصانیف
کے ایڈیشن تحقیق کا اعلیٰ ترین اور قابل تقلید معیار پیش کرتے ہیں۔ ظاہر ہے ان میں سے کسی کو ہمارے
پیش کردہ خیالات کا ذمہ دار ٹھہرایا نہیں جاسکتا۔

پس منظر

مولانا ابوالکلام آزاد اور پنڈت جواہر لال نہرو بیسویں صدی کے دو عظیم رہنما اور ہمارے
ملک کی قدآور شخصیتیں ہیں۔ ان دونوں میں جو عظیم قدر مشترک ہے وہ یہ ہے کہ باوجود بہت سے اُتار
چڑھاؤ کے جو انکی عملی زندگی میں پیش آئے، وہ تمام عمر غیر فرقہ وارانہ فضا کو قائم رکھنے اور غیر فرقہ وارانہ
ذہنیت کے فروغ کے لیے کوشاں رہے۔ یہ مصلحت اندیشی نہیں تھی اور نہ یہ سیاسی توڑ جوڑ اور شخصی اقتدار
قائم رکھنے کی کوشش تھی۔ بلکہ یہ ایسی فکر اور نقطۂ نظر کی ترجمانی تھی جو غور و فکر پر مبنی اور ہندستان
کی صالح اور جاندار روایات کی اپنے آپ کو وارث سمجھتی تھی۔ اٹھارہ سو اٹھاسی آزاد کا اور اٹھارہ
سو نواسی نہرو کا سال ولادت ہے۔ ولادتِ صدی سال میں ان کی یاد تازہ کرنا اور ان کے فکر و عمل کے
سرچشموں کو تلاش کرنا ایک قومی فریضہ کے علاوہ ہندستان کے ماضی اور حال کے پس منظر میں ہندستان
کے مستقبل کے اہم عناصر کی پیش گوئی اور اسکی ترقی کی سمت اشارہ کرنے کے مترادف ہے۔

ہم سب سے پہلے ہندستان میں واقع ہونے والے فرقہ وارانہ مسئلہ کی نوعیت پر اظہار
خیال کریں گے، اور اس کے بعد آزاد اور نہرو کی فکر کے اہم عناصر ترکیبی، کا تجزیہ کریں گے۔ مقصد اس

بحث کا یہ ہے کہ ایسی دو متضاد شخصیات جیسی آزاد اور نہرو کی تھیں، کس طرح ایک اہم نکتہ پر متوافق ہو گئی تھیں۔ اور اس وجہ سے دونوں میں جو دوستی قائم ہوئی اور جو باوجود ان کے آپس کے فکری اور نظریاتی اختلافات کے، کس طرح ایک دوسرے کی شخصیت کا تکملہ کرتی رہیں۔ اصول اور نظریات کے پس منظر میں مسائل کو دیکھنے والے غنیمت پسند نہرو کس طرح ایک خلاق حقیقت پسند، قابل عمل کے نقطۂ نظر کے حامل اور منصف مزاج آزاد سے مل کر فکر اور عمل کا تکملہ کرتے ہیں، ہماری بحث کا موضوع اور ہماری گفتگو کا ماحصل ہے۔

پہلی جنگ عظیم کے شروع ہونے سے لے کر ملک کی آزادی تک کا زمانہ، علاوہ سیاسی جذبہ کے تیز ہونے کے اور اس کے ملک گیر اثرات مرتب ہونے کے، فرقہ وارانہ مسئلہ کی شدت اور اس کے عروج کا زمانہ ہے۔ اس زمانہ میں فرقہ وارانہ مسئلہ نے کیا شکل اختیار کی اور وہ کس طرح ملک کی سیاسی علمی اور تہذیبی فضا پر مسلط ہو گیا، ہماری بحث کا نقطۂ آغاز ہے۔

ہندستان میں فرقہ وارانہ مسئلہ کی نوعیت، ابتدا اور شدت میں اضافہ کے بارے میں ہمارے مفکرین، دانشور اور مبصرین نے اتنا مواد چھوڑا ہے، اور اس کے اوپر انھوں نے مختلف گوشوں سے روشنی ڈالی ہے کہ ان کے پس منظر میں کوئی نئی بات کہنا نا ممکن ہے۔ ہم صرف چند عام بنیادی مسائل کی طرف اشارہ کریں گے جن سے اگر ایک طرف ہمارا موضوع جڑا ہوا ہے، تو دوسری طرف وہ ہندستان کی کامیابیوں اور ناکامیوں، خامیوں اور خوبیوں، جرأت کے فقدان، سودے بازی کا مظاہرہ، شبہات، کی جلی حروف میں لکھی ہوئی داستان ہے۔

ہندستان میں قومی جذبہ اور قومیت کے احساس کا فروغ بیسویں صدی کے آغاز سے ہوتا ہے۔ اٹھارہویں صدی کے اخیر سے جب ہندستان میں انگریزی تعلیم کو رائج کیا گیا اور انیسویں صدی کے اخیر تک جب ملک کے ہر حصہ میں مغربی طرز پر تعلیم دینے والے کالج اور یونیورسٹیاں قائم ہو چکی تھیں، بیسویں صدی کے پہنچتے پہنچتے ہندستان کی کئی نسلیں مغربی ادب، فنون اور فنی مہارت میں علم حاصل کر چکی تھیں اور ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقہ وجود میں آ چکا تھا۔ اسے مغرب کے سائنسی انکشافات سماجی اور عمرانی تحریکات، جمہوریت، حق خود ارادیت کا بخوبی علم ہو چکا تھا۔ خود ہندستان کی سیاسی تاریخ ہندستان کے مذاہب کی تاریخ، ہندستان کے معاشرہ کے عناصر ترکیبی پر برطانوی اور یورپی مفکرین، تاریخ داں اور منتظمین نے جو اپنی مصلحتوں کے پیش نظر اکثر، اور اپنے شوق تحقیق کو تسکین دینے کے لیے

کہ تر مطالعہ کیا تھا اور اس کے نتیجہ کے طور پر جو تصورات اور نظریات مرتب کیے تھے، اس سے
بھی یہ تعلیم یافتہ طبقہ واقف ہو چکا تھا۔ ہندستان کے اندر قومیت کے تصور کے فروغ میں ایک طرف
تو ہندستان کی قدیم تاریخ کی جذباتی تصویر تھی تو دوسری طرف بعض ایسے نظریات اور تصورات تھے
جنہیں مغربی دانشوروں نے ہندستان کے بارے میں اپنی حد سے بڑھی ہوئی خود اعتمادی احساس
برتری اور ہندستان کے تمدن سے کم تر واقفیت کی بنا پر مرتب کیا تھا۔

انگریز ہندستانی منتظمین اور مورخین کے نقطۂ نظر کی بہترین نمائندگی سر ہنری ایلیٹ کرتے ہیں جن کی
"تاریخ ہندستان" نے ایک مخصوص نقطۂ نظر کو رائج کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

"ہندستان کی تاریخ کی کتابوں میں بہت کم ہے جو ہمیں چمکدار سطح کے نیچے داخل ہونے میں مدد دے اور
ایک مطلق العنان حکومت کے عمل اور اسکے برا عتماد قوانین کا مطالعہ کرنے کا موقع دے، اور قوم کی
بڑی تعداد پر ان کے نقصان دہ اثرات اور دسیلوں کا اندازہ لگانے میں مددگار ہو۔ اسکے باوجود ہم پر
یہ واضح ہوتا ہے کہ عوام مصیبت زدگی اور دل شکستگی کی زیریں ترین سطح تک پہنچ گئے تھے۔"

ایک اور جگہ انھوں نے لکھا ہے کہ:

"اس زمانہ کے دیسی تاریخ دار سوانح زیادہ تر محض متعصب، ناواقفیت پر مبنی اور سطحی ہیں۔"[1]

انگریز ہندستانی مورخین کے ماخذات پر مبنی جو درسی کتابیں نصاب میں شامل کی گئیں۔
انھوں نے ہندوؤں کو مسلمانوں کے بارے میں اور مسلمانوں کو ہندوؤں کے بارے میں طرح طرح کی غلط
فہمیاں عام کرنے میں نمایاں حصہ لیا۔ مثلاً مسلمانوں کے بارے میں کہا گیا کہ: بیرونی وحشی ہیں، مندروں
کو مسمار کرنے والے، گائے کا گوشت کھانے والے، اور فوجی نوآبادیات قائم کرنے والے۔ اسی طرح
ہندوؤں کا تذکرہ اس طرح کیا گیا کہ: کم زور، ہندستان کی بے تحاشا گرمی کی وجہ سے مضمحل اور
پست ہمت ہیں۔ ہندستان کی تاریخ دراصل ہندستان کے مذاہب اور سماجی تحریکات کی تاریخ ہے۔
قدیم ہندستانی تاریخ کے ماخذات آثار قدیمہ میں پائے جاتے ہیں جو دو اہم ضمنی ماخذات بہم پہنچاتی ہیں
ایک ٹکنالوجی کا مطالعہ جس کے ذریعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تمدن کیسے تبدیل ہوتا ہے۔ دوسرے اکالوجی
سے جس کے ذریعہ یہ پتہ چلتا ہے کہ انسان کسطرح اپنے ماحول سے متاثر ہوتا ہے اور اس پر اثر انداز ہوتا ہے۔

---

1 Quoted by Mohammad Habib in his article "An Introduction to the Study of Medieval India", vol I, pages 3-5 in his Collected Works Edited by K A N ...zami, PPH, New Delhi 1974

ان سب پر مستزاد تصنیفی ذرائع ہیں۔ قرونِ وسطیٰ کے تاریخ کے ماخذات مختلف النوع ہیں۔ ان میں شعرا کے دیوان ہیں جن سے پڑھے لکھے اعلیٰ طبقہ کے ذہنی رجحانات کا پتہ چلتا ہے۔ صوفیوں کے مکتوبات ملفوظات اور پند نامے ہیں جو مریدوں کی زندگی کے ہر اہم رخ پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اور آخر میں ایک عام قسم جس میں خطاطوں کی تحریرات، طبیبوں کے روزنامچے، اور عوام و خواص کی دلچسپیوں سے متعلق واقعات اور حکایات جیسے کبوتر بازی، پتنگ بازی، شکروں اور بٹیروں اور مرغوں کی تربیت، آلات ضرب اور ان کے استعمال کے بارے میں معلومات وغیرہ۔ چونکہ ان ماخذات کا انگریز ہندستان مورخین نے مطالعہ نہیں کیا اس لیے اُن کی ہندستان کی معاشرت، بود و باش، رہن سہن، عوام کی دلچسپیاں، حکومت کا محکومین سے تعلق کے بارے میں آرا اور نظریات پر زیادہ بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔

ہندستان میں بیسویں صدی کے آغاز سے برطانوی شہنشاہیت کے ردِّ عمل کے طور پر جو ہندستانی شعور پیدا ہوا، وہ ہندستان کے تمدن کے احیاء کے ساتھ ہندو مذہب کے احیاء سے منسلک ہو گیا اور اس طرح ہندستان کا نیا جنم ہندو کلچر کی بازیافت بن گیا۔ اس کے بہت سے وجوہات تھے۔ جن میں سے خاص خاص یہ تھے۔ جن بیرونی مستشرقین نے قدیم ہندستان کے بارے میں اچھے خیالات کا اظہار کیا ان کو بجنسہٖ قبول کر لیا گیا۔ ہندستانیوں کی حالیہ محکومانہ ذلت کی تلافی قدیم ہندستان کو عظیم دور تصور کر کے کی گئی۔ اور احیاء مذہب نے ایک جارحانہ اور خود اعتماد قومی خیال پرستی کو عام کیا۔

انگریزوں نے ہندستان کی تاریخ کو تین حصوں میں منقسم کیا: ہندو ہندستان، مسلم ہندستان اور انگریز ہندستان۔ ملک کی تاریخ کی اس تقسیم نے ہندستان کے قومی شعور میں وحدت، تسلسل اور ہم آہنگی پیدا کرنے کے بجائے تفریق اور تقسیم کے عناصر کو داخل کیا۔ ہندوؤں میں جن نظریات نے فروغ پایا ان میں سے خاص خاص یہ تھے: آریائی نسل کا نظریہ، ہندستانی معاشرہ کی ناقابل تبدیل صفت، ہندستانیوں کی روحانیت بہ مقابلہ مغرب کے جسے مادیت کا مجسم قرار دیا گیا مسلمانوں کے بارے میں جو نظریات عام ہوئے وہ محمود غزنوی کے مندروں کے استیصال، اور ہندو راجاؤں پر بلاوجہ حملہ کرنے کے منصوبوں کی شدت اور شہرت۔ اس ذہنیت نے سب سے بڑا نقصان جو پہنچایا وہ یہ تھا کہ ہندستان میں غوریوں کی فتح کے بعد مسلمانوں کی حکومت کے قائم ہونے کے وجوہات اور محرکات اور اس سے قبل کے دور میں محمود غزنوی کے حملوں اور اس کی غارت گری میں کوئی فرق

نہیں کیا گیا۔ یہ دونوں عناصر دراصل اُس منافرت اور تفریق کا پیش خیمہ تھے جو پہلی جنگ عظیم کے بعد تقسیم ملک تک ہندوستان کی سیاسی فضا پر مسلط رہے۔ ان خیالات کا تجزیہ ملک میں فرقہ وارانہ محرکات کے مرتب ہونے اور ان کی کارفرمائی کے اثرات برآمد ہونے میں ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ اس لیے اس کی تھوڑی سی وضاحت ضروری ہے۔

ہندوستان کے تمدن کا ہندو دھرم یا مذہب سے منسلک ہوجانا اس لیے ممکن ہوا کہ اونچی ذات کے ہندوؤں کو قدیم آریاؤں کا اخلاف سمجھا جانے لگا۔ اور یہ فرض کر لیا گیا کہ جس طرح آریاؤں نے یورپ اور ایران پر تسلط قائم کیا اور مقامی تہذیبوں کو مغلوب کیا اُسی طرح انھوں نے ہندوستان کو آریہ ورت بنا دیا۔ جدید تحقیقات نے ثابت کیا ہے کہ ہندوستانی تہذیب کا سراغ ہڑپا کے زمانہ میں لگانا چاہیے جسکے آثار مغربی ہندوستان، مالوہ کے علاقہ اور گنگا کی وادی کے بالائی دوآب میں پائے گئے ہیں۔ مورخین اس نظریہ کو سوائے شتبہ سمجھنے کے اور کچھ نہیں کر سکتے کہ آریوں کی بڑی تعداد نے شمالی ہندوستان کو فتح کر لیا تھا اور موجود آبادی کو غلام بنا دیا تھا اور اس طرح اپنی زبان اور تہذیب رائج کر دی تھی جو کہ مقامی روایات سے بالکل اجنبی تھی[2]۔ اسی طرح یہ نظریہ کہ ہندوستان کی تہذیب ذات کی مضبوطی کی وجہ سے ناقابل تبدیل رہی ہے، جدید مورخوں کے نزدیک ایک مغالطہ پر مبنی ہے۔ ہندوستان کی معیشت نے راعیانہ دور سے لے کر زراعت اور کاشتکاری کے دور کی طرف سفر کیا ہے۔ اور اسکی طویل تاریخ میں بتدریج واقع ہونے والی تبدیلی کے ناقابل تردید شواہد ملتے ہیں۔ اسی طرح یہ بات بھی اب ثابت ہوگئی ہے کہ قدیم دور سے دور وسطیٰ تک ہندوستان کے شہروں اور قصبوں میں صنعت کاری اور صنعتوں کا فروغ ہوا تھا۔ اور شہروں کی آبادی کا معتدبہ حصہ مختلف قسم کی مصنوعات مصنوعہ کرنے میں مشغول تھا۔ اسی طرح یہ خیال کہ ہندوستانی دوسرے ممالک کے باشندوں کے مقابلہ میں روحانی معاملات سے زیادہ سروکار رکھتے ہیں اور مادی فواید کو کم اہمیت دیتے ہیں ناقابل قبول ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ہندوستان میں ترک علایق اور قربانی کا فلسفہ ایک مقبول عوام اور قابل احترام اصول کے طور پر تسلیم کیا جاتا رہا ہے۔ مگر ملک کی بیشتر آبادی میں ایسے گروہ اور ایسے اشخاص تعداد میں بہت کم تھے جنھوں نے مکمل طور پر دنیا کو ترک کر دیا ہو اور اپنی خواہشات کی مکمل نفی کی ہو۔ بڑی تعداد مادی خواہشات کی تسکین اور ان کے وسایل کی فراہمی اور روحانی خواہشات کی تسکین میں ایک توازن کو برقرار

2. Romila Thapar The Post and Prejudice, National Book Trust of India 1986 p. 6

رکھنے کی کوشش کرتی تھی۔ چنانچہ ہندوستان کی معیشت انگریزی دور سے پہلے دنیا کی دوسری معیشتوں کی طرح تھی اور اس میں صنعتی ترقی، زرعی ترقی، ذرائع نقل وحمل کی ترقی اور ان کا فروغ ضروریات کے مطابق ایک متوازن طور پر ہوا تھا۔ یہ انگریز منتظمین کا پھیلایا ہوا نظریہ تھا کہ ہندوستان انگریزوں کی آمد کے وقت ایک غیر ترقی یافتہ ملک تھا، اور اس کے غیر ترقی یافتہ ہونے کی بڑی وجہ یہ بتائی گئی تھی کہ ہندوستان میں مادّی وسائل کی ترقی کو نظر انداز کیا گیا تھا۔ ہندو احیا پرستی نے قدیم ہندوؤں کو روحانیت سے مملو تصور کیا اور انہیں ایک اعلیٰ اخلاقی اقدار و قوانین کی پابند قوم قرار دیا۔ ایک جدید مورخ نے ہندوستان کی تہذیب کے نمایاں صفات ان الفاظ میں بیان کی ہیں: "ہندوستانی سماج کے محرکات مضمر ہیں خیال اور عمل کو پہلو بہ پہلو رکھنے میں۔ زندگی کی ایک ایسی تنظیم جیسی کہ اسے ہونی چاہیے اور زندگی کی ایک ایسی تنظیم جیسی کہ وہ ہے۔ نظریہ ایک عینی تصور تھا جس میں ہر امکانی اتفاقات کا شمار کر لیا گیا تھا۔ نتیجہ کے طور پر تضادات ایک دوسرے سے کشمکش پیدا کرنے کے بجائے ایک دوسرے کے مطابق ہو گئے تھے"[3]

دور وسطیٰ جو شمالی ہندوستان میں محمود کے حملوں اور بالآخر ہندوستان میں غوریوں کی فتح کے ذیل میں ہندوستان میں ترک حکومت کے قائم ہونے کی شکل اختیار کرتا ہے اس بنیادی حقیقت کو ظاہر کرتا ہے کہ ہندو مذہب ایک زندہ اور شدید لگاؤ کی صفت رکھتا تھا۔ مسلمانوں کی آمد کے وقت وہ کسی بڑی اور گہری اندرونی کشمکشوں کا شکار نہیں تھا، اور ہندو مذہب کے پیرو اپنے مذہب میں اعتقاد اور فخر محسوس کرتے تھے، اس لیے اس کا مذہبی طور پر اسلام سے مغلوب ہونے کا کوئی سوال نہیں پیدا ہوتا۔[4] دراصل ہمیں مسلمانوں کے ابتدائی دور حکومت کو دو ادوار میں تقسیم کر کے دیکھنا چاہیے۔ ایک وہ جو محمود غزنوی کے ہندوستان پر حملوں اور مندروں کو لوٹنے اور استیصال پر مبنی ہے اور دوسرا وہ جو غوریوں کی فتح سے شروع ہوتا ہے۔ محمود غزنوی کے حملے اور مندروں کو لوٹنے اور مسمار کرنے کی تہہ میں مذہبی جوش سے زیادہ فاتحانہ غرور اور دولت کے سمیٹنے کا خیال کارفرما تھا۔ لیکن یہ صحیح ہے کہ اس نے بلا وجہ ہندو حکومتوں کو مغلوب کر کے، اور مندروں کو مسمار کر کے، ہندوستان میں اسلام کے وقار کو صدمہ پہنچایا۔ شریعت بزور شمشیر عبادت گاہوں کو لوٹنے اور مسمار کرنے کا کوئی جواز فراہم نہیں کرتی۔ لیکن محمود کی ناعاقبت اندیشی نے اس کی سیاسی حکمت عملی کو اسلام کے احکام کے متماثل کر دیا، اور ایک ایسے تصور کو فروغ دیا جو تاریخی نقطۂ نظر سے کتنا ہی غلط کیوں نہ ہو، عقیدہ کے نقطۂ نظر سے ایک راسخ حقیقت

---

3 Ibid p 68. 4 Habib Sultan Mahmood of Ghazni p 79, Collected Works, vol.II, PPH, 1981.

ہن گیا۔ چنانچہ بارہویں صدی کے اخیر میں جب غوریوں نے شمالی ہندستان کو فتح کیا اور اپنی سلطنت قایم کی تو اسلام کی وہ جاندار حرارت جو محمود کے حملوں میں ظاہر ہوتی تھی زائل ہو گئی تھی۔ عجم بالخصوص ایران اور منگولوں کے ہاتھوں مسلمانوں کی سلطنتوں کی شکست اور ریخت نے اسلام کے ایک زیادہ حقیقی رخ کو اجاگر کیا اسی زمانہ میں اسلامی تصوف نے ارتقا کی منازل طے کیں۔ صوفی شیوخ کی تعلیمات بڑی حد تک ہندستان کے رشیوں اور سنتوں کی تعلیمات سے ملتی جلتی تھیں۔ سانپ دوبارہ نمودار ہو گیا تھا مگر ابکی بار بغیر زہریلے دانت کے۔ دور وسطیٰ کی دانشوری کی تاریخ شیخ معین الدین کے اجمیر میں قیام سے شروع ہوتی ہے اور اس کی سیاسی تاریخ علاء الدین خلجی سے۔ اول الذکر نے صوفیانہ خیالات و معتقدات کو عام کیا اور موخر الذکر نے اپنی انتظامی اور معاشی اصلاحات سے حکمرانی کا ایک انقلابی تصور پیش کیا۔ ہم نے محمود سے اپنے جام میں سب سے تلخ[5] قطرہ وراثت میں پایا ہے۔ اسلام کے سخت ترین دشمن ہمیشہ اسکے پرجوش اور متعصب پیرو رہے ہیں۔[6]

دور وسطیٰ کی تاریخ ابھی مزید تحقیقات اور سائنسی نقطۂ نظر پر مبنی نظریات مرتب کرنے کی منتظر ہے۔ لیکن جدید معلومات کی روشنی میں یہ واضح طور پر کہا جاسکتا ہے کہ دور وسطیٰ کی سلطانیت ایک غیر فرقہ وارانہ ادارہ تھا۔ شاہی طاقت فارسی روایات کی پاسداری کرتی تھی نہ کہ اسلامی قوانین کی۔ سیاسی اور مذہبی لٹریچر جو ہم تک پہنچا ہے اسمیں مسلمانوں کے خلاف بحیثیت مسلمان کے کوئی ہندو قومی رد عمل نہیں ملتا۔ یہ حقیقت ہے کہ مسلمان سلاطین کی فراخ دلی اُن ہندوؤں تک محدود تھی جو انکی رعایا تھے۔ لیکن سلطنت کے حدود کے باہر وہ ہندو مسلمان کی تفریق نہیں کرتے تھے اور قتل، غارت گری، لوٹ مار، اور اپنے اقتدار کو قایم رکھنے کے لیے وہ سخت سے سخت اقدام لینے سے گریز نہیں کرتے تھے۔ دور وسطیٰ کے سیاسی اخلاقیات کا غالب عنصر یہ تھا کہ مغلوب حکومتوں کی جملہ املاک، عورتیں، بچے، مذہبی ادارے، عبادت گاہیں، لائبریریاں سب غالب عناصر کے رحم و کرم پر انحصار کرتی تھیں۔ چنانچہ منگولوں نے جب چنگیز خاں کی قیادت میں وسط ایشیا اور ایران کو مغلوب کیا تو بے شمار مسلمان جانی اور مالی نقصانات کے ساتھ ساتھ انکی عبادت گاہیں اور لائبریریاں بھی برباد کر دی گئیں۔ بخارا کی مساجد میں منگول گھوڑے بندھتے تھے، اور دیگر طریقوں سے ان کی بے حرمتی کی جاتی تھی۔ یہ کوئی عبادت گاہوں کو مسمار کرنے کا جواز نہیں ہے بلکہ اُس زمانہ کے رسم و رواج اور سیاسی انداز فکر کو ظاہر کرنا مقصود ہے۔ ایک اہم بات جو قابل ذکر ہے یہ ہے کہ مسلمان سلطنت کے دور میں بہت کم تعداد میں تھے۔ ان کی افواج میں اضافے غیر مسلموں کے

---

5 Ibid., p 80 6 Ibid., p 80

بھرتی ہونے سے ہوتے تھے۔ چنانچہ جنوبی ہندستان کی تسخیر میں مسلمانوں کے ساتھ ہندوؤں نے بھی بڑی
میں برابر کا حصہ لیا تھا۔ تیرھویں صدی ہندستان میں وسط ایشیا سے منگولوں کے ہاتھوں برباد کیے گئے
مسلمانوں کے قافلے امن اور سلامتی کے تلاش میں ہندستان کا رخ کرنے لگے تھے۔ یہاں کی ترک حکومت
ان کی پناہ گاہ بن گئی تھی اور اس حکومت نے ایک صدی کے قریب ہندستان کو ان سفاک، قاتل
اور جنگ جو منگولوں سے ہندستان کو محفوظ رکھا۔ یہ کوئی غیر اہم اور ناقابل فراموش واقعہ نہیں ہے۔
جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ وسط ایشیا میں منگولوں نے حملوں کے ساتھ کتنی غارت گری اور قتل و غارت گری
برپا کی۔ ایک اہم بات تبدیل مذہب سے متعلق ہے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں نے ہندوؤں کو بزور شمشیر
اسلام میں داخل کیا لیکن پورے دور وسطیٰ میں کسی منظم مسلم تحریک کا سراغ نہیں ملتا ہے جس میں تبدیلی
مذہب کے لیے کوئی بڑے پیمانہ پر ملک گیر کوشش کی گئی ہو۔ صوفی شیوخ زبردستی اسلام قبول کرنے کے
خلاف تھے اور عوام کی خدمت بلاتفریق کرنے پر اصرار کرتے تھے۔ جدید مورخوں کا خیال ہے کہ اسلام میں
غیر مسلم فرقوں کا دخول دراصل نچلے طبقہ جیسے صناع، کاریگر، معمار، جلاہے، چنڈال وغیرہ کا بحیثیت جماعت
کے اسلام قبول کرنے کی وجہ سے ہوا۔ ان لوگوں نے چاہے نچلے طبقہ کی احساس کمتری کی وجہ سے،
چاہے حکومت کرنے والے طبقہ کے ہم مذہب ہونے کی وجہ سے فواید حاصل کرنے کی وجہ سے اسلام
قبول کیا ہو، اسلام کی اشاعت کسی تبلیغ کی کوشش کی رہین منت نہیں۔ یہ اسلامی معاشرہ میں طبقات کی عدم
موجودگی اور مذہبی رواداری کی وجہ سے ظہور میں آئی۔ ہندوؤں کے اعلیٰ طبقہ نے اسلام کو ملک کے بہت
سے مختلف مکاتیب فکر میں سے ایک مکتب فکر تصور کیا جس کی تہ میں یہ نقطۂ نظر کار فرما تھا کہ "ہمارے
سارے اختلافات میں اختلاف پر اتفاق مضمر ہے"۔ ہندستان میں مسلمانوں کی یہ بڑی بدقسمتی رہی ہے
کہ ان کے کارناموں کو ان کے شاعروں، ادیبوں، فن کاروں، موسیقاروں، معماروں سے نہیں جانچا گیا۔
ان کے مذہبی رہنما مسلمانوں کے درمیان فرقوں میں چاہے جتنی شدت سے تفریق کرتے ہوں، ہندو مذہب
کے خلاف کسی منظم تحریک کا پتہ نہیں دیتے۔ علما میں ہمیشہ علماء حق اور علماء سوء میں تفریق کی گئی۔ علماء حق کی
روایات حکومت سے مکمل علیحدگی اور دیگر مذاہب سے یگانگت اور خدمت خلق پر مبنی رہی، علماء سوء حکومت سے اور
اس کے مفادات سے وابستہ سمجھے گئے، اور ان کے اثرات سیاسی اقتدار کے مستحکم کرنے میں ظاہر ہوتے۔
مندرجہ بالا خیالات واضح طور پر ثابت کرتے ہیں کہ حقیقی تحقیقی جستجو کا جو سلسلہ قائم ہوا ہے اس سے ہم نے

فیض اٹھانے کی کوشش نہیں کی۔ محکوم دور میں جن خیالات نے رواج پایا اور جو ان میں سے اکثر بے بنیاد کم حقیقت ثابت ہوئے، ان کے تردید کرنے کی بڑے پیمانہ پر کوشش نہیں کی گئی۔ گذشتہ دو سو سالہ تاریخ خوانندگی نے ہندو مسلمانوں کے درمیان افتراق کو وسیع کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اس بحث کا اختتام ہم معاشرہ پر مستقل طور پر اثر انداز ہونے والے عناصر کے تذکرہ سے کریں گے۔ معاشرہ دراصل بہت سے ایک دوسرے سے منسلک اور اثر انداز ہونے والے عناصر پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان میں سے ہر حصہ اپنی انفرادیت اور اہمیت رکھتا ہے اور دوسرے منسلک عناصر پر اثر انداز ہونے اور ان کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس میں معاشی نظام ایک بنیادی حقیقت رکھتا ہے اور اس کی ممتاز صفات دیگر عناصر کو متاثر کرتی ہیں۔ چنانچہ فرقہ واریت کو ایک وسیع پس منظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے جو معاشی نظام کی نوعیت اور ساخت سے براہ راست تعلق رکھتا ہے۔ ہندستان دور قدیم اور دور وسطیٰ میں ایک زرعی نظام پیداوار پر مشتمل تھا، جس سے مصنوعات چھوٹے پیمانہ پر اور غیر مشینی اوزار کے استعمال کے ذریعہ منسلک تھیں۔ مواصلات کے غیر ترقی یافتہ ہونے کی وجہ سے مرکزی حکومت صوبائی اور نواحی علاقوں پر مکمل طور پر اقتدار قائم رکھنے میں مشکل سے کامیاب ہوتی تھیں۔ اس لیے دور قدیم اور دور وسطیٰ میں ہندستان کا تمدن علاقائی تمدن تھا۔ چنانچہ فنون کے جو مظاہرے اور کرشمے بالخصوص فن تعمیر، سنگ تراشی موسیقی اور ادب میں دیکھنے میں آئے وہ سب علاقائی حکمرانوں کی سرپرستی اور علاقائی زندگی کی چھاپ لیے ہوئے تھے۔ ہر علاقہ میں زبان اور قربت کے احساس نے یگانگت کو فروغ دیا تھا۔ اسی وجہ سے ہندستان کی برّاعظمی وسعت میں اس کی تہذیب کی روح دراصل علاقائی ہے۔ ایک علاقہ کے لوگ بھرپور طریقہ پر ایک دوسرے کے معتقدات اور رسم و رواج پر اثر انداز ہوتے تھے، اور ایک مشترکہ تہذیب کے خاکہ کی تشکیل کرتے تھے۔ اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ ہندستان کی وحدت اس کی کثرت میں ہے۔ انگریزی دور میں ایک طرف تو مرکزیت کو فروغ ہوا، اور دوسری طرف نظام پیداوار میں بڑھتی ہوئی آبادی کی کھپت کے ذرائع میں معتدبہ کمی واقع ہوئی۔ ہندستان میں غربت، بیروزگاری اور افلاس کے دور کا آغاز ہوا۔ ایک چھوٹا طبقہ جس نے مغربی فنون میں مہارت حاصل کر لی تھی، محدود ذرائع آمدنی پر قابض ہو گیا۔ اس طرح ملک کی بڑی آبادی کے درمیان روزگار کے مواقع حاصل کرنے میں رسہ کشی شروع ہوئی، اور ہندو مسلم کشمکش کی شدت میں اضافہ ہوا۔

قیوم اثر

جے پرکاش نارائن اور مسلمان

نیازؔ فتحپوری نے قارئین نگار کے پیہم تقاضوں سے تنگ آکر نگار کے ایک شمارے میں اپنی تصویر شامل کردی تھی۔ اس تصویر کے نیچے ایک قطعہ درج تھا۔

یکے از دشمنان دین و ایماں لعین و ملحد و بوجہل دوراں
نہ دینِ سروری دارد نہ دُنیا مسلماں کافرے، کافر مسلماں

ہندستان کے مشاہیر علمائے کرام نیاز فتحپوری کی ملحدانہ اور باغیانہ تحریر سے پریشان رہتے تھے، اور انہوں نے نیاز کے خلاف ایک بڑا متحدہ محاذ بنا رکھا تھا، دوسری جانب نیاز قلم کے بادشاہ اور علم کا عمیق سمندر تھے۔ ان کی عالمانہ پراز استدلال تحریروں سے متاثر ہوکر بہتیرے پڑھے لکھے مسلمان نوجوان نیاز کے مداح ہوگئے تھے۔ ان دنوں نیاز فتحپوری کی ذات بہت متنازعہ فیہ تھی۔

ہندستان کی سیاسی جماعتوں میں جے پرکاش نارائن کی ذات متنازعہ فیہ رہی ہے۔ یہ مقالہ اسی سے متعلق ہے۔ مجھے اعتراف ہے کہ زیر نظر مقالہ جے پرکاش نارائن کا معروضی جائزہ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ تصویر کا ایک ہی رخ جو عام طور پر لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہے اس مقالے میں آپ دیکھ سکیں گے۔

امریکہ میں گوری نسل کے بچوں کے ذہنوں کو پرکھنے کی غرض سے ایک ماہر نفسیات نے بچوں کی ایک ٹولی سے سوال کیا:۔

"پیکنگ میں علاء الدین نام کا ایک درزی ہے۔ اور پیکنگ چین میں ہے بچو اب یہ بتلاؤ کہ علاء الدین امریکی ہے، فرانسیسی ہے، انگریز ہے، ڈچ ہے یا وہ چینی ہے؟ ماہر

نفسیات کا یہ سوال سن کر سبھی بچے بیک آواز چیخ پڑے - نگرو ہے! نگرو ہے!!"
ظاہر ہے گوری نسل کے امریکیوں کی نگاہ میں سب ہی برائیاں نگرو نسل کے لوگوں میں اکٹھی ہیں۔ ان کے بچے اس سے مختلف کیسے سوچ سکتے ہیں؟
گوئبل نے کہا تھا "ایک جھوٹ کو ایک ہزار بار دہراؤ تو وہ سچ بن جائے گا"۔
اس مختصر تمہید کے بعد میں نفس مضمون پر آتا ہوں۔

انگریزی سامراج نے جے پرکاش نارائن کو مسلسل جیل میں رکھا تھا، ۱۹۴۲ء کی تحریک آزادی میں بہ نفس نفیس حصہ لینے کے شوق میں وہ ہزاری باغ سنٹرل جیل سے فرار ہو گئے۔ اس سے ان کی شہرت اور عوامی مقبولیت بڑھی۔ ان کے حلقہ بگوشوں کا ایک گروہ پہلے سے ملک میں تھا۔ اس گروہ میں ملک کے جانے مانے درجنوں دانشور بھی تھے، وہ کانگریس سوشلسٹ پارٹی کے جنرل سکریٹری بھی تھے۔ ان کا گاندھی جی سے کئی ایک مسئلوں پر شدید اختلاف رائے تھا۔ اس کے باوجود گاندھی جی ان کی قدر کرتے تھے اور دونوں کے ذاتی تعلقات استوار تھے، جواہر لال اور مولانا ابوالکلام آزاد انہیں عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور پسند کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ کانگریس کے اندر موجود رجعت پسند اور کٹر ہندو ذہن کے لوگ ان سے سخت ناراضگی کے باوجود بے بس تھے۔

اپریل ۱۹۴۶ء میں جے پرکاش نارائن جیل سے رہا ہوئے۔ وہ پٹنہ آئے اور وہاں سے دہلی ہوتے ہوئے بمبئی گئے۔ ۲۷ر جون ۱۹۴۶ء سے کل ہند ریلوے ملازمین کی ہڑتال ہونے والی تھی۔ اس ہڑتال کی نوٹس آل انڈیا ریلوے مینس فیڈریشن نے پہلے سے دے رکھی تھی۔ اور انہیں دنوں بمبئی میں نیول ریٹنگس NAVAL RATINGS کے باغیوں پر بمبئی میں مقدمہ کی کاروائی چل رہی تھی۔ ان باتوں سے ملک میں طوفان کھڑا تھا۔ یہی وہ زمانہ تھا جب ملک کے طول و عرض میں مسٹر جناح کی مقبولیت آسمان سے باتیں کر رہی تھی۔ وہ ہندستان کے مسلمانوں کے دل و دماغ پر حاوی تھے۔ عجیب و غریب سماں تھا۔

مسلمانوں کے بچے بچے کی زبان پر یہ نعرے تھے :۔

"مسلم لیگ زندہ باد، لڑ کے لیں گے پاکستان، خنجر کے سائے میں ہم پل کر جواں ہوئے ہیں، تسبیح سے جو گر گیا دانا، غم اس کا نہ کر گر ہے تو دانا، مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ، وحدت کے ترانے شوق سے گا"

ان نعروں کے علاوہ جو گالیاں اور غلاظتیں اچھالی گئیں انھیں قلمبند کرنے کی ذوقِ سلیم اجازت نہیں دیتا ہے۔ ان نعروں کا شور ہر چہار جانب سے سنائی دے رہا تھا۔

ملک کی عام فضا کیا تھی اور برصغیر کے مسلمانوں کی سیاسی فکر کا رخ کیسا تھا اوپر کی چند سطور سے اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے مزید یہ کہ عالمی جنگ ختم ہو چکی تھی۔ انگلستان میں ٹوری حکومت کا خاتمہ ہو گیا تھا لیبر پارٹی برسر اقتدار آ چکی تھی۔ لارڈ ویول وائسرائے ہند نے عام انتخاب کا اعلان کر دیا تھا۔ بچے کچھے دو بائیں بازو کے افراد جے پرکاش نارائن اور رام نندن مصر کو بھی جیل سے رہائی مل گئی تھی۔ مختصراً یہ تھے اس وقت کے سیاسی حالات۔

سیاسی چہل پہل بڑھی ہوئی تھی۔ جے پرکاش نارائن کی توجہ ان باتوں پر تھی۔ بمبئی پہنچ کر انھوں نے دو قومی نظریے کے خلاف اپنا پہلا بیان اخباروں کو جاری کیا اس میں ملک کی تقسیم کی وکالت کرنے والوں کی کڑی تنقید کی۔ ادھر یہ بیان آیا ادھر لیگی حضرات کے تلوے کی لہر سر پر پہنچ گئی تیغوں کے سائے میں پلے مسلمان، بوڑھے، جوان اور بچے ایک سر تال میں بولنے لگے۔ جے پرکاش "مہا سبھائی ہے"، "مسلمان دشمن ہے" اس کے بعد ہی ان کے خلاف منظم، مہم شروع ہو گئی۔ اور مسلمان ملت کے دل و دماغ پر یہ بات بٹھا دی گئی کہ وہ کٹر مسلمان دشمن تھے۔ اس وقت مسلمان سیاق و سباق کو دیکھنے کی صلاحیتوں سے محروم ہو چکے تھے اور عصری تقاضوں سے وہ اپنا منہ موڑے ہوئے تھے۔ جے پرکاش نارائن سے برصغیر کے مسلمانوں کی ناراضگی اور غصہ کی یہ ابتدا تھی۔

گاندھی جی اور جواہر لال کے بعد ملک میں جے پرکاش نارائن ہی سب سے

مقبول لیڈر تھے۔ اور ان کا ملک کے طول و عرض میں طوطی بول رہا تھا۔ وقار کی بلندی کا یہ عالم تھا کہ وہ ان دنوں جس سمت نکل جاتے تھے عوام الناس اس راستے پر اپنی آنکھیں بچھاتے تھے۔

نواکھالی میں ہندو مسلم فساد کی آگ بھڑکی۔ نیشنل پریس حرکت میں آگیا اور من گھڑت خبروں نے تل کا تاڑ کر دیا۔ فضا مکدر اور زہر آلود ہو گئی گاندھی جی اس صورت حال پر قابو پانے کی نیت سے نواکھالی گئے۔ اس وقت جے پرکاش نارائن مشرقی اتر پردیش کے دورے پر تھے۔ اس درمیان بہار میں خونریز اور بہت ہی بھیانک ہندو مسلم دنگا پھوٹ پڑا۔ پٹنہ، گیا اور مونگیر اضلاع کے بڑے حصے میں مسلمانوں کے خون کی ہولی کھیلی گئی۔ مسلمانوں کے خون کی یہ ارزانی برصغیر کے کسی بھی حصے میں اس سے پہلے مشاہدے میں نہیں آئی تھی۔ ایک قیامت تھی جو غریب مسلمانوں پر ٹوٹ پڑی تھی۔ اس کی اطلاع پاتے ہی جے پرکاش نارائن پٹنہ آگئے۔ اور گاندھی جی بھی اپنا نواکھالی کا دورہ منسوخ کر کے بہار چلے آئے۔ مسلسل کئی روز جے پرکاش نارائن فساد کی آگ کو بجھانے کی کوشش میں دوڑتے بھاگتے رہے۔ بہار شریف سب ڈویژن کے دور دراز علاقے میں جاتے ہوئے ان کی جیپ پانی سے جل تھل ایک کھڈ میں الٹ گئی تھی۔ اس جیپ پر صوبہ بہار کے مشہور اشتراکی سید حسیب الدین، رضی عظیم آبادی، گوپی کرشن سابق صدر شعبۂ عمرانیات کے علاوہ گپتا پرساد سنگھ، سابق ایم، ایل، اے اور فی الحال اسسٹنٹ ڈائرکٹر اسمال اسکیل انڈسٹریز، گیا بھی مع چند دیگر افراد کے سوار تھے۔ ڈوب کر مرجانے کا منظر آنکھوں کے سامنے تھا لیکن زندگی باقی تھی۔ جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے۔ سڑک سے متوازی بہار بختیار پور لائٹ ریلوے کی پٹری پر گزرنے والی پسنجر گاڑی کے مسافروں نے جیپ کو جے پرکاش نارائن سمیت پانی میں گرتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔ گاڑی روکی گئی اور جیپ میں سوار سبھی مسافروں کی جان بچالی گئی تھی۔

بہار کے اس فرقہ وارانہ فساد سے پہلے پٹنہ کے کالجوں کے اساتذہ، طلبا،

دانشور طبقہ اور کانگریس سوشلسٹ پارٹی کے کارکنوں کے تقاضے پر پٹنہ ینگ منس انسٹی ٹیوٹ میں جے پرکاش نارائن نے History of Socialist Movement in Idia (ہندستان میں اشتراکی تحریک -ایک مختصر تاریخ) پر سلسلہ وار چار پانچ لکچر دیے تھے۔ اس لکچر کا انتظام سید حسیب الدین، رضی عظیم آبادی، قیوم قائد اور احد فاطمی جو اس وقت پارٹی کے ضلعی شاخ کے سکریٹری تھے، نے کیا تھا۔ داخلہ کے لیے فیس مقرر کی گئی تھی تا کہ ہر کس و ناکس وہاں نہیں پہنچے۔ ان لکچروں کے انتظام وانصرام میں پارٹی سے تعلق رکھنے والے افراد اور طلبا میں سے چند ایک کے نام آج بھی میرے ذہن میں محفوظ ہیں، وہ تھے بساون سنگھ، ہرے کرشن، گوپی کرشن (سابق صدر شعبۂ عمرانیات، پٹنہ کالج) پروفیسر ڈاکٹر بمالا پرساد (دہلی کی کسی یونیورسٹی میں تاریخ کے استاد) اور ڈاکٹر نربدیشور پرساد (سابق صدر شعبۂ عمرانیات، پٹنہ یونیورسٹی اور سابق وائس چانسلر رگدھ یونیورسٹی) کے علاوہ ایک اور قابل ذکر شرکا میں جناب عبدالمعید، صدر بہار مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن (یہ تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے) بھی تھے۔

حیدر امام صاحب کی کوٹھی کے احاطہ میں ڈاکٹر عبدالحفیظ مرحوم کا فردوسی میڈیکل ہال تھا (اب اس کوٹھی کا احاطہ پٹنہ مارکٹ کی شکل میں ہمارے سامنے ہے) اس وسیع و عریض کمپاؤنڈ میں بہار مسلم لیگ نے اپنا ریلیف کیمپ کھول رکھا تھا، لٹے پٹے مرد، عورت، بوڑھے، جوان، بچے، بیمار، مجروح، اور بے گھر لوگ اس کیمپ میں جمع ہو گئے تھے۔ خوف و دہشت کی فضا کا راج تھا اور افواہوں کا بازار گرم۔ اس ہولناک فساد کے بانیوں میں ڈاکٹر انوگرہ نارائن سنہا وزیر کابینہ اور جے پرکاش نارائن کے نام سرفہرست تھے۔ بڑے وثوق کے ساتھ شہرت تھی کہ جے پرکاش نارائن نے اس فساد کا منصوبہ بنایا تھا اور ہندوؤں کے ایک مخصوص ٹولے کو انھوں نے پٹنہ کے ینگ منس انسٹی ٹیوٹ میں اس ناپاک منصوبے پر عمل کی مسلسل کئی دنوں تک تربیت دی تھی۔ مزید یہ بھی کہا جارہا تھا کہ کئی مقام

پرجے پرکاش نارائن کو بہ نفس نفیس بلوائیوں کی قیادت کرتے بھی دیکھا گیا تھا اور اس کا زندہ ثبوت وہ تصویریں ہیں جو ریلیف کیمپ کے دفتر میں محفوظ ہیں۔ اسے کہتے ہیں 'چہ دلاور است دزدے کہ بہ کف چراغ دارد'۔

اگست ۱۹۴۷ء میں برصغیر ہند کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ دنیا کے سیاسی جغرافیہ پر ایک کی جگہ دو آزاد ریاستیں وجود میں آگئیں۔ بھارت اور پاکستان۔ ایک دل کے دو ٹکڑوں سے اتنا خون بہا کہ جمنا، جہلم، سندھ، ستلج، راوی اور بیاس میں بہت روز تک پانی تھوڑا اور خون زیادہ بہتا رہا، لاکھوں انسانی جانیں تلف ہوئیں۔ کروڑوں لوگ بے گھر ہوئے اور اربوں کی املاک کا نقصان ہو گیا۔ ۱۸۵۷ء میں انگریزوں سے ہزیمت اٹھانے کے بعد بھی ہمارا اتنا خون ہرگز نہیں بہا تھا، جتنا ہم نے اپنے ہاتھوں اپنا ہی خون اس دوران بہایا تھا۔ دہلی اور منقسم پنجاب کے ہر دو حصوں میں منظم کوشش ہوئی تھی کہ خون خرابے کا ریکارڈ فریق ثانی پر سبقت لے جائے۔

۳۰ر جنوری ۱۹۴۸ء کو گاندھی جی شہید ہوئے۔ جے پرکاش نارائن نے مسلمانوں کے خون اور گاندھی جی کی شہادت کے لیے سردار پٹیل کو جو ان دنوں وزیر داخلہ تھے ذمہ دار ٹھہرایا تھا۔ سردار پٹیل مرکزی وزیر داخلہ تھے اور قدامت پرست ہندوؤں میں ان کی مقبولیت رانا پرتاپ اور شیواجی سے زیادہ تھی۔ اس بیان سے ہندو فرقہ پرست جے پرکاش سے بہت ناراض ہوئے اور وہ ان کے خون کے پیاسے ہو گئے تھے۔

انھیں دنوں کی بات ہے۔ جے پرکاش نارائن منگل تالاب پٹنہ سیٹی میں ایک جلسہ کو خطاب کر رہے تھے، اچانک ان کی نگاہ سامنے مندر پر لہراتے "بھگوا جھنڈے" پر گئی۔ وہ چنگھاڑے "اس جھنڈے سے خون کی بو آتی ہے"۔ "اسے نوچ دو۔ آگ لگا دو۔ اسے پیروں تلے روند ڈالو"۔ اس جیسی کڑوی کسیلی باتیں ہندوؤں کو انھوں نے بارہا کہیں اور ان کے اچھے نتیجے بھی برآمد ہوئے تھے۔ ٹاؤن ہال گیا کے جلسے میں انھوں نے کہا تھا" ۱۹۴۸ء

میں گاندھی جی ہندو فرقہ واریت کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہو گئے تھے، لیکن دو جگ گزر جانے کے بعد بھی عام ہندوؤں کی جلد کھرچ کر دیکھنے پر اس کی رگوں میں گوڈسے کا ہی خون دکھائی دیتا ہے۔" ڈاکٹر شنی رضوی صدر شعبہ فلسفہ مرزا غالب کالج گیا اس جلسے میں میرے ساتھ بیٹھے تھے (واضح ہو کہ ڈاکٹر شنی کمیونسٹ پارٹی کے کارڈ ہولڈر ہیں) جے پرکاش نارائن کہا کرتے تھے "اقلیتی فرقہ کی فرقہ واریت ڈر اور خوف کا مظہر ہے، دراصل فرقہ واریت اکثریتی فرقہ میں ہے"۔

۵۰-۱۹۴۹ء میں مشرقی اور مغربی بنگال میں زبردست ہندو مسلمان فسادات ہوئے تھے۔ انہیں دنوں سوشلسٹ پارٹی کی نیشنل اکزیکیٹیو کا ناگپور میں اجلاس ہوا تھا اور وہاں کے روزنامہ ہت وے دا۔ HITAVADA میں جے پرکاش نارائن کا ایک انٹرویو چھپا تھا۔ اس انٹرویو میں مبینہ سفارش کی گئی تھی کہ بھارت سرکار کو مشرقی پاکستان میں اپنی پولس بھیج کر وہاں آباد ہندوؤں کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کا بندوبست کرنا چاہئے۔ ہندستان میں بیٹھے جنگ کے رسیا پاکستان دشمن عناصر نے اس مبینہ بیان کو خوب اچھالا۔ ہندستان کی کمیونسٹ پارٹی نے اس مبینہ بیان کا سخت نوٹس لیا تھا اور دانشور طبقے نے بھی اس بیان کی پرزور مذمت کی تھی خواجہ احمد عباس کا سپرد قلم کیا ہوا بلٹز (بمبئی) کے آخری صفحہ پر مضمون کی شاہ سرخی تھی JAYA PRAKASH'S SABRE RATLING (جے پرکاش نارائن کی تلوار کی جھنکار)۔

ہندستان کے مسلمانوں کے حق میں یہ مبینہ بیان "صور اسرافیل" کی مانند تھا۔ اس بیان کی تردید میں جے پرکاش نارائن کا ایک طویل مضمون HINDUSTAN STANDARD, CALCUTTA کے سنڈے ایڈیشن میں آیا تھا۔ اس شائع شدہ بیان کی ابتدا تقریباً ان الفاظ سے ہوئی تھی "In the recent past history of West Bengal I rose to dizzy height of popularity but . again. I find myself

on the pedesterian level where I used to remain in this pro-

vince" (بنگال کی حالیہ تاریخ میں میں اپنی مقبولیت کے بامِ عروج پر پہنچ گیا تھا لیکن میں پھر عام لوگوں کی سطح پر ہوں جو اس صوبے میں ہمیشہ سے میرا مقدر رہا ہے) محولہ بالا بات کی تہ تک پہنچنے کے لیے یہ بتانا ضروری ہے کہ "ہت ودا" ناگپور نے عمداً جے پرکاش نارائن کے بیان میں ایک ان کہی اور غلط بات جوڑ دی تھی۔ سنڈے سٹنڈرڈ کے سنڈے ایڈیشن والے مضمون میں اسی بات کی وضاحت کی گئی تھی۔ اس مضمون میں تفصیل کے ساتھ پارٹی کی وضع کردہ پالیسی اور پروگرام پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ اور بتایا گیا تھا کہ کسی آزاد اور خود مختار ملک میں پولس بھیجنے کی بات کرنے والا پاگل ہوگا۔ اسی مضمون میں کلکتہ اور اس کے نواحی علاقوں میں ہندوؤں نے جس بربریت کا مظاہرہ کیا تھا اور ہندستان کی حکومت نے جس طرح ان خبروں کی پردہ پوشی کی تھی اس کی روشنی میں پنڈت نہرو کے پارلیامنٹ میں اس بیان کا کہ پاکستان نے اپنی خبروں پر IRON CURTAIN (آہنی پردے) لگا رکھے ہیں مذاق اڑایا تھا کیوں کہ ہندستان کی سرحد میں آباد مسلمانوں پر جو مظالم ڈھائے گئے تھے اس کی روشنی میں یہ کہنا زیادہ صحیح تھا کہ ہندستان نے اپنی خبروں پر STEEL CURTAIN (فولادی پردے) لگا رکھے ہیں۔

جے پرکاش نارائن ناگپور سے کلکتہ گئے تھے۔ وہاں اس وقت بھی فرقہ وارانہ دنگوں کا سلسلہ جاری تھا اور جو ہو رہا تھا وہ ان کی آنکھوں کے سامنے تھا۔

بنگال میں "ہت ودا" کی لگائی ہوئی آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کر رہے تھے اور کلکتہ کے اخباروں میں جے پرکاش نارائن کی تعریف و تحسین کے پل باندھے جا رہے تھے ادھر ان کا وجود جھلس رہا تھا۔ اس سے بچنے کی راہِ فرار ایک ہی تھی۔ اس مبینہ بیان کی تردید۔ سو کی گئی تھی۔ لیکن یہ کوشش بھی پوری طرح کامیاب ثابت نہیں ہوئی۔ تردید میں لکھے گئے مذکورہ مضمون کی اشاعت نہیں ہوئی۔ اس تردید کا گلا وہیں گھونٹ دیا گیا تھا۔

یہاں بھی ان کے دشمن ہی اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے تھے۔ چنانچہ 'ہت ددا' کی منسوب کی گئی بات کی تلافی نہیں ہوئی اور وہ عوامی ذہن پر چپک کر رہ گئی۔

ناگپور سے کلکتہ ہوتے ہوئے جے پرکاش نارائن پٹنہ پہنچے تھے۔ عام مسلمان تو ان سے ناراض تھے ہی ان کے مسلمان قریبی رفقائے کار بھی بد ظن تھے۔ انہیں حیرت تھی اور وہ سب متردد تھے۔ یاالٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟ دوائے دل بیچنے والے میں یہ انقلاب؟ اس چارہ گر کو آخر کیا ہو گیا؟ گنگا الٹی کیوں بہنے لگی؟ خدایا اب تیرے یہ بے یار و مددگار بندے کیا کریں؟۔ کثرت میں وحدت کا خواب دیکھنے والوں کی حالت قابل دید تھی۔ وہ بوکھلائے ہوئے اور پریشان تھے۔ ہندستان پاکستان کی جنگ دونوں ہی ملکوں کی اقلیت کے لیے موت کا کھلا پیغام تھی۔ جے پرکاش نارائن جنگ کے مبلغ بن گئے تھے۔ اب اقلیت کا خدا حافظ!

پٹنہ میں مسلمانوں کا ایک وفد بیمار مسیحا سے ملا۔ اور خدا کا شکر بجالاتے ہوئے اپنے گھروں کو واپس آیا تھا۔ جے پرکاش نارائن کے خیالات معلوم کرنے کے بعد اسکے اندر پیدا سبھی اندیشے دور ہو گئے تھے۔ غالباً اسی شام جے پرکاش نے پٹنہ کے لان میں عوام سے خطاب کیا تھا۔ بہت بڑے مجمع کے سامنے انھوں نے حالیہ واقعات پر سے پردہ اٹھایا تھا۔ اور اسے سن کر فرقہ پرور ہندوؤں کو مایوسی ہوئی تھی اور متوحش مسلمانوں کو صبر و قرار میسر آیا تھا۔ لیکن دوسری صبح پٹنہ کے اخباروں میں گھنٹوں تک کی گئی اس تقریر کی مہمل سی تلخیص ہی جگہ پا سکی تھی۔ کوزے میں سمندر کو بند کرنے اور رائی کا پربت بنانے کا فن ہمارے قومی اخبار خوب جانتے ہیں، اردو اخبارات کا رویہ بھی ہمیشہ معاندانہ رہا ہے۔

ملک کے تقریباً سبھی اخبار سرمایہ داروں کی تحویل میں تھے اور بیشتر اخبار نویس کٹر مسلمان دشمن اور فرقہ واریت زدہ تھے۔ سوشلسٹ پارٹی بھی انہیں پھوٹی آنکھ نہیں پسند تھی۔ اور جے پرکاش نارائن سے انہیں ازلی بیر تھا۔ اس لیے وہ پارٹی اور اس کے لیڈروں کی مسخ شدہ صورت عوام کے سامنے پیش کرنے میں کوشاں رہتے تھے۔

رن کچھ کی سرحد کے دونوں ہی علاقوں میں مسلمانوں کی آبادی ہے، یہ سرحد ہندستان اور پاکستان کے مابین ۱۹۶۶ء میں وجہ نزاع تھی اور وہاں گرم جنگ کے آثار دکھائی دینے لگے تھے۔ جے پرکاش نارائن نے اس قضیہ کو بذریعہ ثالثی طے کرادیا تھا، اور جنگ کا سروں پر منڈلاتا منحوس سایہ ٹل گیا تھا۔ ہندو فرقہ پرستوں نے اس کا برا مانا تھا، اور انہیں برا بھلا کہا گیا تھا۔ مسلمان یہ سب خاموش تماشائی بن کر دیکھتے رہے تھے۔

جے پرکاش نارائن صاف گو، بے باک اور جری تھے۔ مصلحت کوشی ان میں نہیں تھی۔ وہ بے لوث تھے۔ یہ صفات ان میں اسلیے بھی تھیں کہ وہ POWER POLITICS سے دور تھے۔ یہی وجہ تھی کہ وہ جس بات کو سچ اور جس خیال کو درست سمجھتے تھے بلا خوف و خطر عوام کے سامنے کہنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے تھے۔ اس طرز عمل سے انھیں نفع و نقصان دونوں ہی ہوتا تھا۔ اس کے ثبوت میں یہ یادگار واقعہ پیش ہے۔ ہنگری پر روس نے فوج کشی کی اور اسے اپنا مطیع بنالیا۔ کرشنا مینن ہمارے وزیر دفاع تھے۔ وہ وزیر خارجہ نہیں تھے۔ اور وہ اس وقت دہلی سے دور جنوبی ہند کے کسی دور دراز علاقے میں تھے۔ موصوف نے وہیں سے آؤ دیکھا نہ تاؤ جھٹ روس کی تائید میں بیان جھاڑ دیا طرفہ تماشا یہ ہوا کہ پنڈت جواہر لال نے بھی اس دو طرفہ اقدام کی تائید میں اپنا بیان دے دیا۔ اس بیان سے ہندستان کی خارجہ پالیسی بری طرح مجروح ہوئی تھی اور عالمی برادری میں ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچا تھا۔ جے پرکاش نارائن نے ہندستان کی روس کے معاملے میں اپنائی گئی خارجہ پالیسی کے خلاف اپنا بیان دیا جس میں روس کو جارح کہا گیا تھا۔ لیکن کمیونسٹ پارٹی کو جے پرکاش نارائن کا بیان برا لگا تھا اور ان کے زیر نگیں اور زیر اثر اخبار و جرائد بہت روز تک اس کا "سیاسی خون بہا" لینے کے درپے رہے تھے۔

احمد آباد میں ۱۹۶۹ء میں ہندو مسلمان فساد کی آگ بھڑکی تھی بادشاہ خاں صاحب انہیں دنوں ہندستان کے دورے پر آئے تھے۔ سرحدی گاندھی اپنی فقیرانہ ٹھاٹھ کے

ساتھ آئے۔ حکومت اور عوام دونوں ہی نے انہیں ہاتھوں ہاتھ لیا تھا۔ وہ جہاں کہیں گئے عوام نے دیدہ و دل فرش راہ کیا تھا۔ باوجود اس کے عبدالغفار خاں صاحب جتنے دن ہمارے ساتھ رہے رنجیدہ اور ملول خاطر رہے۔ انہیں ہندوؤں اور مسلمانوں کے مابین آئے دن کی چپقلش دیکھ کر بہت دکھ ہوا تھا۔ اس لیے ان کی گفتگو کا موضوع: ہندو مسلمان کشیدگی ہی رہا تھا۔ وہ ملک کی زبوں حالی کا موجب اسی آپسی جھگڑے کو بتاتے تھے۔ اور اس صورتِ حال سے ابھرنے کی ہمیں تلقین فرماتے تھے۔ ہندستان سے اپنی واپسی کے قبل انھوں نے جے پرکاش نارائن سے ملک کے سبھی فرقوں کے اہل الرائے اصحاب کا ایک نمائندہ جلسہ طلب کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ ان کے احترام میں دیش کے سبھی مکتب فکر کے سربرآوردہ، سیاسی، سماجی، مذہبی، لسانی، علاقائی دانشوروں کو انسانی برادری کانفرنس کے جلسے میں دہلی میں اکٹھا کیا گیا تھا۔ مسلمانوں کے جو نمائندے شریک ہوئے تھے ان میں شیخ عبداللہ، میرواعظ فاروق، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا ابواللیث اصلاحی، محمد مسلم (ایڈیٹر سہ روزہ دعوت) مولانا اسعد مدنی، مولانا منت اللہ رحمانی، ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی، سلطان صلاح الدین اویسی، بدرالدین طیب جی، حیات اللہ انصاری، ڈاکٹر عبدالعلیم (سابق وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) کپتان شاہ نواز، دلیپ کمار، جونی واکر وغیرہ کی معروف ہستیاں تھیں۔ اس کانفرنس کے اختتام پر متفقہ رائے سے انسانی برادری تنظیم کا صدر جے پرکاش نارائن کو چنا گیا تھا۔ وہاں موجود سبھی لوگوں نے انہیں ان کے خلوص اور نیک نیتی کی داد دی تھی۔ اور انہیں سیاسی و مذہبی تنگ نظری سے بلند انسان دوست تسلیم کیا گیا تھا۔ یاد رہے کہ مذکورہ انسانی برادری کانفرنس میں نیشنل کانفرنس، جموں کشمیر، محاذ رائے شماری، جموں کشمیر جمعیت العلماء ہند، جماعت اسلامی ہند، امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ، مجلس مشاورت، مسلم مجلس، آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین اور ملک کی دیگر تعلیمی اور ثقافتی تنظیموں اور انجمنوں کے بے شمار مندوبین شریک ہوئے تھے۔

دانشوروں کا ایک طبقہ جے پرکاش نارائن کو تنگ نظر، فرقہ پرست اور متلون مزاج کہتا تھا۔ اور دوسرا انھیں مخلص، ایماندار، بے لوث، بے ریا، انسان دوست، مفکر، مدبر اور مصلح مانتا تھا۔ جے پرکاش نارائن جمہوریت کے قدرداں اور اس کے اتحاد کے لیے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا نے کو تیار رہتے تھے۔ ان کی یہ روش روس نوازوں کی پریشانی کا باعث تھی۔ ان کی سامراج دشمنی برطانوی سامراج کے لیے مہلک تھی۔ ان کی اشتراکی فکر اور انقلابی رویہ راجاؤں، نوابوں، جاگیرداروں، زمینداروں، سرمایہ داروں، ساہوکاروں کے لیے ضرر رساں تھا۔ مذہب اور سماج سے متعلق ان کے خیالات مذہب کے ٹھیکہ داروں اور قدامت پرستوں کی نفرت کو دعوت دیتا تھا۔ کسانوں اور مزدوروں میں ان کا رسوخ اور ان کی پارٹی کی برتری سی پی آئی کے لیے سوہان روح تھی۔ اس لیے کمیونسٹ پارٹی نے بہت بڑھ چڑھ کر جے پرکاش نارائن کی کردارکشی میں حصہ لیا۔ انھیں اپنی اس ناپاک مہم میں کمیونسٹ زدہ پڑھے لکھے نوجوان مسلمانوں سے بہت مدد ملی تھی۔ علامہ اقبال کا یہ قطعہ جے پرکاش نارائن پر پوری طرح چسپاں ہے

کوئی کہتا ہے کہ اقبال ہے صوفی مشرب　　　کوئی کہتا ہے کہ شیدائے حسیناں ہوں میں
زاہد تنگ نظر نے مجھے کافر جانا　　　اور کافر یہ سمجھتا ہے مسلماں ہوں میں

••

ڈاکٹر محمد انصار اللہ

اپنشد میگزین

اپنشد مذہبی کتابیں ہیں اور مذہب کی نظر سے ویدوں کے برابر لیکن قدامت کے اعتبار سے ویدوں کے بعد ہیں۔ یہ سب سنسکرت زبان میں ہیں، اسی لیے عام طور سے یہ خیال بھی نہیں ہوتا کہ ان کی تصنیف، ترویج و اشاعت میں مسلمان بھی شریک رہے ہیں۔ حالانکہ یہ سامنے کی بات تھی کہ مسلمانوں کی اکثریت اپنی اصل کے لحاظ سے ہندستانی ہے اور جو مسلمان باہر سے آئے تھے، وہ بھی یہاں کی زبان، فکر اور حتیٰ کہ شاید سے ناواقف نہیں تھے۔ سلطان محمود غزنوی نے اپنے "دلی والے" سکوں پر کلمۂ طیبہ کا سنسکرت زبان میں ترجمہ لکھوا کر اس زبان کو گویا اپنی سلطنت کا نشان بنالیا تھا۔ سنسکرت کی تصانیف اُن کے لیے مخفی سرمایہ نہیں رہ گئی تھیں۔ اس زبان میں وہ تصنیف و تالیف کا کام بھی کر رہے تھے چنانچہ شیخ عبدالقدوس گنگوہی (الکھداس) کے شلوک (اشلوک) اُن کی تصنیف "رشد نامہ" میں بھی موجود ہیں۔ ذیل کے اقتباس سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں نے ایک یا زاید اپنشدیں تصنیف بھی کی تھیں۔ مہرشی شیوبرت لال ورمن نے لکھا ہے کہ:

> "عجیب و غریب بات یہ ہے کہ اتھروید کے ساتھ ایک 'اللوپنشد' بھی شامل ہے، جو کسی مسلمان نے لکھی ہے۔ اس میں اللہ اور محمد (صلعم) تک کے نام آتے ہیں۔ غرضیکہ جیسے عام طور پر جن کے گوتر کا پتا نہیں ہے وہ کشیپ گوتر کہلاتے ہیں، اسی طرح اناپ شناپ اپنشدیں اتھروید کے سر تھوپی گئی ہیں۔ میرے پاس کسی وقت ایک سو آٹھ اپنشدوں کا مجموعہ اکٹھا ہوا تھا۔ کوئی صاحب دیکھنے کے لیے لے گئے، اور مجھے خیال تک نہ رہا۔"

(اپنشد بھاشیہ بھومیکا ص ۴۴)

اپنشدوں کی تعداد کے بارے میں اختلاف ہے۔ جناب جگدیش پرشاد سریواستو کا کہنا ہے کہ:

"کچھ عالم صرف چار اپنشدوں کو مستند مانتے ہیں۔ کچھ بارہ کو خاص (پردھان) کہتے ہیں۔

ہیں، جو اس وقت دستیاب ہیں۔ مکتی کوپنشد میں ایک سو آٹھ کے نام ملتے ہیں۔ جدید تحقیقات کے مطابق ان کی تعداد دو سو پینتیس ہے۔ ان میں چھاندوگیہ، کین (بہ یائے مجہول)، ایش، کٹھ اور برہدارنیک خاص ہیں۔" (ہندی ساہتیہ کوش جلد ۲ ص ۵۳)۔

"دو سو پینتیس" کی اس تعداد میں "اناپ شناپ" کہے جانے والے اور اپنشد بھی ہو سکتے ہیں جو کسی مسلمان کے تصنیف کردہ ہوں۔ علمی نقطۂ نظر سے اُن کی طرف بھی مناسب توجہ کی ضرورت ہے۔

اس میں شبہ نہیں کہ سنسکرت میں ہونے کی وجہ سے ایک مدت تک اپنشد "مخفی سرمایہ" بنے رہے۔ جب مسلمانوں کو ان کی طرف توجہ ہوئی تو ان کی علمی حیثیت عالم آشکارا ہو گئی۔ یہ کہنا تو مشکل ہے کہ اپنشدوں کے مطالعہ اور ترجمے کا کام سب سے پہلے کس نے کیا تھا البتہ ترجمے کے ذریعے سے اپنشدوں کو عالمگیر مقبولیت عطا کر دینے کی سعادت شاہزادہ دارا شکوہ کے حصے میں آئی تھی۔ اُس کے ترجمے کا تعارف کراتے ہوئے احمد منزوی نے لکھا:

"سرِ اکبر = سر الاسرار، ترجمہ او پانیشاد۔ از دارا شکوہ محمد متخلص بہ قادری (۱۰۲۴ھ/۱۶۱۵ء تا ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء) فرزندِ شاہجہاں۔ ترجمہ پنجاہ او پانیشاد است کہ از کتابہائے مقدسِ بیدواں است، از متنِ سانسکریت، در مدتِ شش ماہ تا ۲۶ ر رمضان ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء یعنی دو سال پیش از گذشتنِ او، در دہلی با کمک پنڈتان و سنیاسیان بید و دیگر او پانیشاد دانان بہ فارسی در آورد۔ ایں کتاب بہ کوشش و پیشگفتارِ دکتر تارا چند و آقای جلالی نائینی تہران ۱۳۴۰ش/۱۹۶۱ء چاپ شدہ است۔"

(فہرست مشترک جلد ۴ ص ۱۶۲)

دارا شکوہ کے ترجمہ کا قلمی نسخہ جو "شاید بخامۂ مترجم باشد" سید محمد رمضان گردیزی، ملتان کے پاس بتایا گیا ہے۔ اس کے بکثرت نسخے مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔ "سرِ اکبر" کا پہلا ایڈیشن ہندوستان میں چھپا تھا۔ چنانچہ امیر حسن عابدی نے لکھا ہے:

"متنِ فارسیِ سرِ اکبر قبلاً در ہند بچاپ رسیدہ و تازہ در تہران ... طبع گردیدہ است۔" (جوگ بسشت ص ۲۲)۔

فارسی عالمگیر سطح کی علمی زبان تھی۔ اس زبان میں منتقل ہو جانے کے بعد دنیا کی کئی بڑی زبانوں میں اپنشدوں کے ترجمے ہو گئے۔ مہرشی شیوبرت لال ورمن نے بتایا ہے کہ:

"اسی سرِ اکبر کا ترجمہ ۰۲–۱۸۰۱ء میں لاطینی زبان میں ہوا۔ اُس مجموعہ میں بارہ اپنشد تینوں ویدوں (رگ، سام، یجر) اور چھبیس اپنشد اتھرو وید اور دوسرے اسی قسم کے

رسالے شامل ہیں۔ پھر جرمنی، انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں مختلف یوروپین علما نے ترجمے کیے۔ پروفیسر میکس مولر نے صرف بارہ قدیم اپنشدوں کے ترجمے کیے (اپنشد بھاشیہ بھومیکا ص)

اپنشدوں سے اردو دنیا میں بھی دلچسپی لی جانے لگی۔ ابوالحسن نے کہ در مجلس سید مظفر علی شاہ تربیت یافتہ "دارا شکوہ کی سرِ اکبر کا ترجمہ منہاج السالکین کے نام سے کیا تھا جو مطبع نولکشور لکھنؤ سے چھپا تھا۔ اس کا سال تصنیف و طباعت نامعلوم ہے۔ (ترجمہ ہائے متون فارسی ص ۹۵) سنسکرت کے لیے دیوناگری خط کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اور جدید ہندی بھی اسی خط میں لکھی جاتی ہے، غالباً یہی سبب ہوا کہ ہندی میں اپنشدوں کے ترجمے کی طرف نسبتاً دیر میں توجہ ہوئی۔

مہرشی شیوبرت لال ورمن نے بھی کہ جنھوں نے خود کو اپنے مسلک کی ترویج و اشاعت کے لیے وقف کر دیا تھا، اپنشدوں کی اشاعت کے لیے ایک ماہوار رسالہ "اپنشد میگزین" کے نام سے جاری کیا۔ اس رسالے کے "مقاصد" حسب ذیل تھے:

۱۔ ویدانت کے اصول پر بالعموم اور اپنشدوں کے مطالب پر بالخصوص... روشنی ڈالنا۔

۲۔ اپنشدوں کے گہرے راز کی عقدہ کشائی ایسے عام فہم طریقہ میں کرنا کہ... زندگی کم از کم خیالی طور پر عملی بنتی چلے...

۳۔ جو باتیں شاعرانہ انداز اور استعارہ کی زبان میں بیان ہوئی ہیں، انکو معمولی عبارت میں... منتقل کر دینا۔

۴۔ جو بات اس پر بھی ذہن نشین نہ ہو، ست سنگ اور خط و کتابت کے ذریعہ اسکو صاف کر دینا۔

۵۔ بھومیکا کے بعد مکمل اپنشدوں کو بہ احتیاط مع واضح تفسیر کے پیش کرتے رہنا۔"

اس رسالے کو بلا اجازت چھاپنے کی ممانعت تھی، اور یہ امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔ پہلا شمارہ ۱۰ر جولائی ۱۹۲۶ء کو مرتب ہوا اور ستمبر، اکتوبر، نومبر کے شمارے کی حیثیت سے شائع ہوا۔ اس کا نام سرورق پر اس طرح چھپا ہے۔

"اپنشدوں کا فلسفہ یعنی اپنشد بھاشیہ بھومیکا"۔

اپنشد میگزین کے ایڈیٹر شیوبرت لال اور پرنٹر و پبلشر منشی گوری شنکر لال اختر تھے۔ ایڈیٹر نے پہلے شمارے کے دیباچے میں لکھا ہے:

"افسوس ہے۔ میں یہ ٹیکا اردو میں لکھ رہا ہوں، جو کم مایہ اور زیادہ حد تک بے بضاعت

زبان ہے۔ اردو داں طبقہ کے آدمیوں میں اپنشدوں کے مطالعہ کا رواج بھی کم ہے
میں اردو ہی زیادہ تر لکھتا ہوں اور میری قلمی محنت نے اپنے ارد گرد فلسفہ پسندوں کا دائرہ
بڑھ لیا ہے لیکن وہ محدود، مختصر اور تنگ ہے، بہت وسیع نہیں کہا جا سکتا۔ تاہم قدرت
نے جس طریقہ میں مجھے رکھا ہے، اس کی خدمت لازمی اور ضروری معلوم ہوتی ہے تھوڑے
شائق ہوئے تو کیا ہوا۔ پھر بھی اُن کی تعداد تو ہے، اور میں اُنہیں کی علمی خدمت کا
بار اپنے ذمہ لیتا ہوں، اور یہ اگر میری تحریر کو بخوبی پڑھیں گے اور ان کو ذرا بھی وسیع نظری،
وسیع دلی اور وسیع خیالی کا نفع پہنچا تو میری سعی بے سود اور ناکامیاب نہ کہی جائے گی"
(اپنشد بھاشیہ بھومیکا ص ۱۲)

اُردو کو کم مایہ کہنے کی وجہ دو ہیں یعنی :

(الف) اس زبان میں ہندو مذہب کی بنیادی کتابیں اگرچہ لکھی گئی تھیں انھیں بوجوہ شہرت کم ملی تھی
نتیجہ کے طور پر سنسکرت کی ٹھیٹھ مذہبی اصطلاحیں رواج نہیں پا سکی تھیں، اور اپنشد جیسی کتابوں کے لکھے جانے
میں دقت کا پیش آنا لازم تھا۔

(ب) اُردو والوں کا حلقہ بہت وسیع نہیں تھا۔

مہرشی جی کے علم میں یہ بات تھی کہ اُردو میں اپنشدوں کے مطالعہ کا رواج تھا لیکن کم تھا اور وہ اپنی
محنت سے ان کو رواج دینا چاہتے تھے۔ ہندی میں اپنشدوں کی جو شرحیں موجود تھیں اُن سے وہ مطمئن نہیں
تھے۔ لکھتے ہیں :

"جہاں کہیں اپنشدوں نے استعارہ کی شاعرانہ زبان میں سمجھانے کی کوشش کی ہے۔۔۔
اُس پر ذرا بھی تو روشنی نہیں ڈالتے۔ شرحیں موجود ہیں۔ اپنشدیں موجود ہیں۔۔۔ راز سربستہ
جوں کا توں سربستہ چلا آتا ہے۔" (ایضاً ص ۱۷)۔

اپنشدوں کے فلسفہ سے متعلق ڈاکٹر ڈیوسن کی کتاب "فلاسفی آف اپنشدز" کے بارے میں مہرشی جی
نے لکھا ہے کہ :

"انھوں نے بلا مبالغہ بہت کام کیا ہے لیکن اول تو یہ غیر ہندو ہیں۔ دوسرے دید، یا ان پنتھ
کے پیرو نہیں ہیں۔ تیسرے انھوں نے جو کچھ لکھا ہے، وہ ٹیکا کاروں کے خیالات کے

موافق عالمانہ اور محققانہ پیرایہ میں لکھا ہے۔" (ایضاً ص ۱۹)۔

اس میں پہلی دو باتیں عملاً ایک ہی بات کی دو صورتیں ہیں اور تیسری بات منفی نہیں ہے، اس لیے مہرشی جی نے اُن کی اتباع کی ہے اور اس کا اعتراف ان لفظوں میں کیا ہے:

"ڈاکٹر ڈیوسن کے فلاسفی آف اپنشدکا میں نے بالکل تتبع کیا ہے۔ یہ زیادہ تر اسی کتاب کے موافق ہے۔ اختلافات کہیں کہیں صرف اپنشدوں کی تعلیم میں ہیں، ورنہ ہر پہلو سے یہ حصہ اُس سے اخذ کیا گیا ہے۔ ڈیوسن صاحب سے بہتر ترتیب میری سمجھ میں نہیں آئی۔"
(ایضاً ص ۲۱)

اس ترتیب کی خوبی کا اعتراف موصوف نے اس طرح بھی کیا ہے:

"میں ان کی ترتیب کا قائل ہوں۔ یہ کام مجھ سے نہیں ہو سکتا تھا۔ اس کے لیے سخت عرق ریزی اور برسوں کی محنت درکار تھی۔" (ایضاً ص ۲۰)

یہ مہرشی شیوبرت لال کی خوبی ہے کہ انھوں نے اپنے پیشرو کے کارنامے اور اس کی خوبی کا بہت صراحت کے ساتھ اعتراف کیا ہے لیکن اس سے یہ نتیجہ نہ نکال لینا چاہیے کہ وہ ناقل یا متبع محض ہیں۔ انھوں نے اپنے طریقۂ کار کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

"ہاں میں ہاں ملانا نہ میری عادت ہے، اور نہ یہ میرا طریقہ ہے۔ میں جو کچھ لکھوں گا، اپنے طور پر اپنے انبھو سے لکھوں گا۔" (ایضاً ص ۱۹)

چنانچہ جگہ جگہ اس قسم کے جملے دیکھنے میں آتے ہیں مثلاً:

"اس تحریر کی ترتیب انھیں کی کتاب کے موافق ہے، اب میں اپنے ذاتی انبھو کو پیش کرتا ہوں۔" (ایضاً ص ۴۹)

ایک جدت جو انھوں نے کی ہے، اُس کا ذکر اُنھوں نے اس طرح کیا ہے کہ:

"میں نے اکثر منتروں کے نیچے حاشیہ کے طور پر کہیں کہیں کبیر صاحب کی ساکھیاں جان بوجھ کر دیدی ہیں جن سے وہ مضمون بہت صاف ہو جاتا ہے۔ اس جرات کی صرف یہی غرض ہے۔" (ایش اپنشد ص ۷)

اوپر جو اقتباس نقل ہوئے ہیں، اُن سے اتنی بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ دعویٰ کہ اپنشدوں کی تفہیم غیر ہندو

کے لیے یہ ممکن نہیں ہے، صحیح ثابت نہیں ہوتا۔ علمی نقطۂ نظر سے ایسے دعووں کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔
اپنشد میگزین کا جس کا تعارف کرانا مقصود ہے، ہر شمارہ بجائے خود ایک کتاب ہوتا تھا۔ پہلے
شمارے کے دیباچے میں اپنشدوں کی اہمیت کا بیان کرتے ہوئے ایڈیٹر نے کہا ہے :

"اپنشد ہندو فلسفہ کی سب سے پرانی کتابیں ہیں، بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ دنیا کے فلسفہ
میں سب سے قدیم ہیں تو شاید ایسا کہنا غلط نہ ہوگا۔ ان کی جڑ ویدوں میں ہے ... بعض بعض
اپنشدیں تو ایسی ہیں جو براہ راست ویدوں سے لی گئی ہیں ... اس سے کسی انصاف پسند
محقق کو انکار نہیں ہونا چاہیے کہ یہ نئی ہیں۔ ان کے سوتر بدھوں سے پرانے نہیں ہو سکتے
لیکن اپنشد بدھوں سے قدیم تر ہیں۔" (اپنشد بھاشیہ بھومیکا ص ۷ تا ۸)

یعنی فکری مباحث کے لحاظ سے اپنشدوں کا سلسلہ ویدوں سے ملتا ہے لیکن اپنے زمانۂ تصنیف کے لحاظ
سے یہ بہت قدیم نہیں ہیں بلکہ سچ تو یہ ہے کہ بعض اپنشد بہت جدید بھی ہیں۔ اس کی کیفیت اس طرح ہے۔

"وید چار ہیں رگ، یجر، سام اور اتھرو۔ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ سنہتا، براہمن اور
سوتر شامل ہیں۔ براہمن اور اپنشد کے تعلقات کے درمیان آرنیک درمیانی کڑی ہیں۔ یہ جنگل
کی کتابیں ہیں اور ان کے آخر میں اپنشد بطور ضمیمہ کے شامل کی گئی ہیں ... آرنیک اور اپنشدوں
کی درمیانی کڑی معدوم سی ہو گئی ہے ... پھر اپنشد کی تعلیم کے ساتھ اُس کی انتہا بھی جاتی
تھی جو ویدانت کہلاتی ہیں۔" (ایضاً ص ۲۱ تا ۲۴)

گیارہ اپنشدیں خاص مانی گئی ہیں پہلے، دوسرے اور چوتھے وید کی دو دو اور تیسرے یعنی یجروید (کرشن) کی پانچ
(ایضاً ص ۲۶) اپنشدیں جدید بھی ہیں۔ اتھروید کے سلسلے کی اپنشدیں بہت ہیں اور ایڈیٹر کے بیان کے مطابق :

"ان میں اکثر اختلافات بھی ہیں۔ اس لیے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں نے قدیم رشیوں
کے نام سے ان کو لکھ لکھ کر اتھرو ویدی اپنشدوں کے ساتھ شامل کر دیا ہے۔" (ایضاً ص ۲۷)
"اتھرو وید نے ان کے قبول کرنے کے لیے اپنے ہاتھ پھیلائے اور اُس کی فیاضانہ
سیر چشمی کا یہ نتیجہ ہوا کہ جو روحانی مضامین کے نسخے اپنشدوں کی صورت میں تصنیف ہوئے
اتھرو وید کے کہلاتے رہے اور ان کی تعداد بڑھتی رہی۔" (ایضاً ص ۲۸)

اپنشد لفظ کی ہر دلعزیزی اس قدر بڑھی کہ قدیم اپنشدوں کی دیکھا دیکھی اور طریقہ والوں نے

اپنی اپنی اپنشدیں مرتب کیں اور ان سب کو اتھر وید کے ساتھ منسوب کر دیا۔ (ص ۲۹)

اپنشد کے لفظی معنی سے بحث کرتے ہوئے لکھا ہے :

"اپنشد راز مخفی، علم سینہ، سِرّ اکبر، رہسیہ اور گپت وِدیا (علم باطن) ہیں" (ایضاً ص ۲۴)

اس "رازِ مخفی" کی تعلیم میں جو اتار چڑھاؤ آئے ان سے بحث کرتے ہوئے مہرشی شیوبرت لال نے کہا ہے :

"یہ روحانی تعلیم ابتدا میں براہمنوں کے درمیان نہیں تھی۔ اس کی خصوصیت کشتریوں میں پائی جاتی ہے اور اسی کو اپنشد کا نام دیا گیا ہے۔ روحانی اشاروں اور اُن کے علمی استعاروں کی سمجھ کشتریوں ہی تک محدود تھی ... پھر کچھ کچھ کسی کسی قدر یہ براہمنوں میں آتا گیا، جس کا اپنشدوں میں ذکر ہے۔ اس کے بعد براہمنوں نے اسے اپنے آئین میں شامل کر لیا... اور اس قسم کے کلام مستعمل ہونے لگے کہ صرف وہ شخص آتما کو سمجھ سکتا ہے جسے ویدوں کا علم ہے اور براہمن گرنتھوں کے ساتھ اپنشدیں ملحق کر دی گئیں" (ایضاً ص ۳۰)

اس ذکر کے ساتھ حاشیہ پر یہ غیر ضروری حاشیہ بھی لکھ دیا ہے :

"مسلمان صوفی بھی اسی زعم سے کہتے ہیں کہ جب تک کوئی مسلمان نہ ہو جائے تب تک تصوف کو نہیں سمجھ سکتا حالانکہ وہ خوب جانتے ہیں کہ تصوف سے اسلام کا کوئی تعلق نہیں ہے۔"

یہ حاشیہ اس لحاظ سے بھی صحیح نہیں کہ برہمن یا کشتری کسی خاص نسل سے تعلق رکھتے ہیں اور ہرگز لازم نہیں کہ کسی خاص نسل کا ہر فرد کسی خاص مسئلہ کی فہم رکھتا ہو۔ اس کے برخلاف مسلمان ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ایک فرد نے بعض عقاید کی صحت کو ذہن نشین کر کے دل سے ان کو قبول کر لیا ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ وہ اُس مسئلہ خاص کی فہم بھی حاصل کر چکا ہے۔ پھر یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ اسلام نے تمام انسانوں کو غور و فکر کی دعوت دی ہے۔ یہاں تخاطب "یا ایہا الناس" کر کے کیا گیا ہے اس لیے اگر کوئی شخص اس کے برخلاف کچھ کہتا ہے تو اُس سے اسلام یا مسلمان کا کوئی تعلق نہیں ہو سکتا۔ بہرنوع اپنشدوں کی تعلیم جب براہمن معلموں کے ہاتھ میں آگئی تو :

"اہتمام مختلف وقتوں میں مختلف طور پر ہوا ہے۔ ایک کی تعلیم دوسرے کے بالکل برعکس تھی"۔ (ایضاً ص ۲۹) اور :

"تمام اپنشدوں میں قدیم اور جدید خیالات کی آمیزش پائی جاتی ہے ان کی تکمیلی صورت کا پتا

صرف اُن کے خیال سے مل سکتا ہے۔" (ایضاً ص ۳۹)

اور محض "قیاسی اور تخمینی طور پر" اُن کو چار زمانوں میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی:

۱۔ بہت قدیم نثر کی اپنشدیں۔ اِن میں بھی جدید اضافے بتائے گئے ہیں مثلاً لکھا ہے کہ "وربد آرانیک کی نظمیں پیچھے سے اضافہ ہوئی ہیں، ورنہ وہ نثر ہے۔"

۲۔ نظم کی اپنشدیں۔ ان میں پہلے زمانے کی اپنشدوں سے "بدیہی" طور پر فرق موجود ہے، اور یہ "ہر پہلو سے غیر متعلق ہیں۔"

۳۔ مابعد کی نثری اپنشدیں۔ اِن کی عبارت سنسکرت زبان کے آخری دور کی ہے۔ قدیم اپنشدوں کے حوالہ جات پائے جاتے ہیں۔ بار بار وہی باتیں آتی ہیں۔

۴۔ اتھروویدی اپنشدیں۔ بعد کو جو کتابیں لکھی گئیں اتھروویدکے سلسلے میں شامل ہوتی گئیں۔ یہ لکیر کی فقیر جدت سے محروم ہیں۔ بعض میں یوگ اور سنیاس کی طرف رجحان ہے کچھ میں شیو اور کچھ میں وشنو کی پرستش پر زور دیا گیا ہے۔ یہ زیادہ تر نثر میں ہیں، کہیں کہیں نظم آجاتی ہے۔ اِن میں سے کسی کو مستند خیال نہیں کیا جاتا ہے۔ (ایضاً ص ۴۰ تا ۴۴)

مستند اور غیر مستند کی بحث دلچسپ ہے۔ نقل در نقل کے مراحل سے گذر کر کسی متن کی جو صورت ہم تک پہنچی ہے، وہ اپنے مفاہیم اور لفظیات کے اعتبار سے اصل سے کس حد تک مطابق ہے، جب تک یہ متعین نہ ہو، محض بر بنائے شہرت کسی متن کی قدامت کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا لیکن اپنے مصنف اور زمانۂ تصنیف کے تعلق سے ہر متن مستند ہوتا ہے۔ جدید اپنشدوں کا مستند خیال نہ کیا جانا، اِسی بنا پر صحیح ہو سکتا ہے کہ اِن میں زمانۂ قدیم کی روایتوں اور بحثوں سے انحراف کیا گیا۔ اس انحراف کے اسباب و عوامل کا مطالعہ بھی علمی نقطۂ نظر سے اہمیت کا حامل ہوگا۔

اپنشد میگزین کے سلسلے کی پہلی کتاب "اپنشد بھاشیہ بھومیکا" سترہ ابواب پر مشتمل ہے اور اس میں صرف اُن اپنشدوں کے حوالے سے بحثیں کی گئی ہیں جن کو مستند مانا گیا ہے۔ اپنشدوں میں پیش کردہ عقاید، تعلیمات، فلسفہ کا یہ تعارف مفصل بھی ہے اور دلچسپ بھی لیکن یہ بات واضح نہیں کہ مصنف کے پیش نظر اپنشدوں کا کوئی قدیم سنسکرت متن تھا یا اس نے اپنی بحثوں کے لیے سترا کبر اور فلاسفی آف اپنشدز پر ہی تکیہ کیا تھا۔ اگر کوئی قدیم متن پیش نظر تھا تو اس کا مذکور ہونا ضروری تھا۔ بایں ہمہ مصنف نے کتاب کے آغاز میں جس نقطۂ نظر کا اظہار کیا تھا

اُس کے مطابق یہ کتاب پوری طرح کامیاب ہے۔

اپنشد میگزین کا دسمبر ۱۹۲۶ء کا شمارہ دستیاب نہیں ہو سکا۔ جنوری فروری ۱۹۲۷ء کے شمارے میں "ایش اپنشد، مع تفصیلی تشریح اور تفسیر کے" ہے۔ مقدمے میں اپنے عقیدے کی بنیاد یہ کہا ہے کہ:

"میری رائے میں وید دنیا کی پیدائش کے وقت سے ہیں اور وہ دنیا کے خاتمے تک رہیں گے۔" (ص ۲)

یہ کتابی صورت میں کب آئے، اس بارے میں ایڈیٹر کا کہنا ہے کہ "مجھے اس مضمون سے دلچسپی نہیں ہے۔" اپنشدوں کی تعداد کے بیان میں ایک سنسکرت اشلوک اس طرح نقل کیا گیا ہے ؎

ایش، کین، کٹھ، پرشن، منڈ، مانڈوکیہ، تیترے ایترے یم چہ چھاندوگیم، ورہد آرنیہ کم تتھا (ص ۴)

یہی اشلوک پہلی کتاب میں اس طرح لکھا ہوا ہے ؎

ایش، کین، کٹھ، پرشن، مانڈوکیہ، تیتریہ ایترے یم چہ چھاندوگیم، ورہد آرنیکم تتھا

(اپنشد بھاشیہ جو میکا ص ۴۶)

وہی اشلوک دوبار نقل کیا گیا تو نہ صرف اُس کے لفظوں میں فرق ہو گیا بلکہ جو تعداد بیان کی گئی ہے وہ بھی بدل گئی۔ تعداد کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ:

"عام رائے یہ ہے کہ مکھیہ اپنشد صرف گیارہ ہیں۔" (ایضاً ص ۵۴)

یہی نہیں کہ اشلوک کے خالق کا نام نہیں بتایا گیا ہے بلکہ یہ بھی نہیں معلوم کہ مذکورہ "عام رائے" کن لوگوں کی ہے اور وہ مستند ہے یا نہیں۔ اس قسم کی رائیں بات کے وزن کو کم کر دیتی ہیں۔

ایڈیٹر نے مقدمے کو اس جملے سے شروع کیا ہے:

"برسوں سے درخواست کی جا رہی ہے کہ اپنشدوں کو میں اُردو زبان میں از سرِ نو مرتب کر دوں ... اصرار بڑھتا گیا ... وعدہ اور مدد کی امید پر یہ کام ہاتھ میں لیا گیا۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُردو داں حلقے میں اپنشدوں سے دلچسپی روز افزوں تھی اور اسی دلچسپی نے مہتہ شیو برت لال سے ان کی ترتیبِ نو اور اشاعت کا کام لے لیا۔

دیباچے میں "ایش اپنشد" کی وجہ تسمیہ، اہمیت اور مضمون کا بیان کیا گیا ہے۔ لکھا ہے کہ:

"اِس ایش اپنشد" میں اٹھارہ منتر ہیں... ایش اپنشد میں تین راستوں کا اشارہ ہے پہلا اندھکار اور تاریکی کا راستہ جس میں کیڑے مکوڑے ... رہتے ہیں۔ دوسرا کرم کا راستہ:

تیسرا گیان کا راستہ ... ایش اپنشد نے کرم اور گیان دونوں پر ساتھ ساتھ چلنے کی ہدایت کی ہے۔" (ص ۷)

کتاب میں ہر منتر کے نیچے اس کا ترجمہ لکھ کر تشریح کی گئی ہے، تائید و وضاحت کے لیے کبیر اور نانک وغیرہ کا کلام نقل کیا گیا ہے، کہیں کہیں سوال و جواب کی صورت میں بھی بات کہی گئی ہے، اور کتاب کو دلچسپ تر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

اپنشد میگزین کا مارچ، اپریل ۱۹۲۷ء کا مشترکہ شمارہ چار حصوں پر مشتمل ہے پہلے دو حصے کین اپنشد سے متعلق ہیں اور آخر کے دو حصوں میں پرشن اپنشد ہے۔ کین اپنشد کے پہلے حصے کے سرورق پر کین اپنشد' جس کا دوسرا نام تلوکار اپنشد بھی ہے۔ معمولی تفسیر" لکھا ہے۔ اس کے دیباچے میں بتایا گیا ہے کہ:

"اصل میں اس کا مضمون سوال اور جواب کی صورت میں آیا ہے۔ چیلا گرو سے سوال کرتا ہے اور وہ جواب دیتا ہے۔ اس میں برہم کی صراحت ہے ... کین اپنشد بہت آسان ہے... میں نے نہ اس پر زیادہ حاشیہ چڑھایا اور نہ شرح یا تفسیر کی ... اُردو کا لباس کہیں کہیں نہیں پھبتا، وہاں مجبوراً سنسکرت کے الفاظ جوں کے تیوں رکھ دیے ہیں اور ان کا ترجمہ کر دیا ہے۔"

اس پہلے مختصر حصے کے بعد دوسرا حصہ شروع کیا ہے اور اس کے سرورق پر یہ کلمات لکھے ہیں:

"کین اپنشد ـــ غیر معمولی صراحت ـــ سوال و جواب کی صورت میں۔"

اس کے دیباچے میں کہا گیا ہے کہ "روایتوں اور عام قدیم زبانی کہانیوں کے سہارے صرف اس قدر کہنے کی جرات ہو سکتی ہے کہ اس کا تعلق تلوکار رشی سے ہے ... جس نے اس کو خاص براہمن کے آرنیک میں شامل کیا۔" (ص ۳۱) یعنی یہ اس زمانے کی چیز ہے جب اپنشدوں کو برہمنوں سے متعلق تسلیم کر لیا گیا تھا۔ اس اپنشد کے بارے میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ:

"اس کا تیسرا نام جیمنیہ بھی مشہور ہے ... جیمنی مابعد زمانہ کے ایک نامی فلاسفر رشی ہوئے ہیں ... تاہم کس کو جرات ہے کہ بغیر اچھی طرح سمجھے بوجھے اور تحقیقات کیے ہوئے کسی کی تائید کرے یا ابطال اور تردید میں حصہ لے۔" (ص ۳۲)

اس دیباچے میں بڑی اہم اطلاع یہ دی گئی ہے کہ:

"اپنشدوں کی تعلیم میں خالص وحدانیت ہے۔ وہ کسی طرح دویت وادیعنی شرک
دو پنے اور اتضادیت کا مضمون نہیں ہے"۔ (ص ۳۵)

اور اپنشدوں کی طرف مسلمانوں کی توجہ کا سبب بھی یہی رہا ہے۔ کین اپنشد صرف چونتیس منتروں پر مشتمل ہے۔
پرشن اپنشد کے پہلے جزو کے سرورق کی تحریر اس طرح ہے :

"پرشن اپنشد ـــ صاف، واضح، بغیر لگاؤ، لپیٹ اور رد رعایت کے ترجمہ"۔

اور اس کے دیباچے میں بتایا گیا ہے کہ :

"چھ رشی کسی زمانے میں پپلاد رشی کے پاس برہم وغیرہ کی بابت سوال کرنے گئے تھے۔ اس
وجہ سے اس کا نام پرشن اپنشد رکھ دیا گیا۔ بعض لوگ اسے 'شٹ پرشن اپنشد' کہتے ہیں۔
سوال و جواب دونوں ساتھ ساتھ ہیں۔ پپلاد رشی اتھروید کے معلم تھے۔۔۔ اتھر وید کی اور
نثر میں ہونے سے اکثر لوگوں کا یہ خیال ہے کہ یہ بہت پچھلے زمانے کی تصنیف ہے لیکن خاص
دس یا گیارہ اپنشدوں میں شامل ہونے کی وجہ سے یہ خیال کچھ کمزور سا معلوم ہوتا ہے
پرشن اپنشد میں چھ کھنڈیا حصے ہیں اور ان کی رعایت چھ سوالوں کی نظر سے ہے۔ (ص ۲ تا ۴)

اس کتاب کے دوسرے حصہ کے سرورق کا اندراج اس طرح ہے :

"پرشن اپنشد ـــ واضح سوال و جواب کے سلسلہ میں صاف اور خاطر نشیں تفسیر"۔

اس کے دیباچے میں ویدوں کی بعض اصطلاحوں کی تشریح کی گئی ہے اور پھر لکھا ہے کہ :

"پرشن اپنشد میں سات رشیوں کا قصہ آتا ہے۔ یہ استعارہ یا النکار ہے' اور فرضی کہانی
ہے تاکہ دلچسپ بنکر دلنشیں ہو" (ص ۱۱۱)

مہرشی شیوبرت لال نے اس کتاب میں بھی حسب موقع کبیر، کماآل اور نانک وغیرہ کے اشعار اپنے مطلب
کی تائید میں نقل کیے ہیں۔

مئی جون ۱۹۲۷ء کے مشترکہ شمارے کے سرورق پر ہے کہ :
"کٹھ اپنشد ـــ نچکیتا کو یم کی روحانی تعلیم، مع بسیط شرح، لفظی ترجمہ اور لغوی
تشریح کے۔"

دیباچے میں اس کا تعارف اس طرح کرایا گیا ہے :

"کیٹھ اپنشد گو چھوٹی لیکن نہایت خوبصورت اور موثر اپنشد ہے۔ نہ صرف ہمارے ملک کی مختلف زبانوں میں اس کے تراجم موجود ہیں بلکہ یورپین زبانوں میں اس کے ترجمے کم نہیں ہوئے۔ وہاں اب تک اس کو غیر زبانوں کا جامہ پہنانے کا اہتمام مدِنظر رہتا ہے۔ یہ نچکیتا اور یم کے درمیان سوال و جواب کی صورت میں مکالمہ ہے۔"

وجہ تسمیہ اور ویدوں کے اس کے تعلق کے بارے میں مختلف روایتیں منقول ہیں۔ ایڈیٹر کا کہنا ہے کہ ممکن ہے کہ نچکیتا اور یم دونوں نام فرضی ہوں۔ نچکیتس آگ کو کہتے ہیں اور یم نرک کا دیوتا یا موکل ہے۔ ان دونوں کرداروں سے متعلق مختلف توضیحات کا ذکر کرنے کے بعد ایڈیٹر نے کہا ہے کہ :

"یہ سب باتیں ایسی ہیں جن کا نہ کہیں سر ہے، نہ پیر... حیرانی کی بات تو یہ ہے کہ یہ قصہ تیترے آرنیک میں بھی آیا ہے... بالکل نقل تو نہیں ہے لیکن باتیں وہی ہیں۔"

کٹھ اپنشد میں دو ادھیائے (باب) اور تین تین ولیاں (فصل) یعنی چھ حصے ہیں۔ مضمون چار سوالوں تک محدود ہے یعنی :

۱۔ انسانی زندگی کا مقصدِ اعلیٰ کیا ہے ؟

۲۔ جگت کی علتِ اولا کیا ہے ؟

۳۔ اس علتِ اولا (مول کارن) کا جگت کے ساتھ کیا تعلق ہے، اور

۴۔ ہم کو اس کا علم کیسے ہوتا ہے ؟

ایڈیٹر نے دیباچے میں ہر چھ حصوں کا الگ الگ تعارف کرایا ہے اور لکھا ہے کہ :

"کٹھ اپنشد کی تواریخی حیثیت کی بابت یقینی طور پر کوئی رائے نہیں قایم کی جا سکتی، تاہم اس میں شک نہیں کہ یہ یوگ اور سانکھیہ کے فلسفوں کے ترتیب میں آنے کے بعد لکھی ہوئی ہے۔" (ص ۱۵)

اس کے بعد کٹھ اپنشد کا متن، ترجمہ اور تشریح ہے۔ کتاب کے دوسرے حصہ کا تعارف سرورق پر اس طرح کرایا گیا ہے :

"کٹھ اپنشد۔ صرف اہم مسایل کے متعلق سوال و جواب مختصر صورت میں"

اِس حصہ کا دیباچہ اِن لفظوں سے شروع ہوتا ہے :

"کٹھ اپنشد کے دو ادھیائے ہیں اور بعض بعض لوگوں کی رائے ہے کہ یہ ایک نہیں ،
بلکہ دو مختلف کتابیں ہیں۔"

اِس سلسلے میں متعدد دلایل پیش کیے جاتے ہیں مثلاً یہ کہ زبان کے لحاظ سے دونوں میں بہت فرق ہے۔ پہلے میں لفظ نچکیتس بارہا آیا ہے اور دوسرے میں نچکیتا اور وہ بھی ایک مرتبہ۔ اس نچکیتا کو بار بار گوتم کے نام سے خطاب کیا ہے۔ یہ پہلے حصہ میں نہیں ہے وغیرہ۔ کٹھ اپنشد میں گرو اور قابل گرو کی ضرورت خاص طور سے ذہن نشین کرائی گئی ہے۔ اس کی تعلیمات سے بحث کرتے ہوئے ایڈیٹر نے کہا ہے کہ :

"بعض ہندو اپنشدوں کی تعلیم کو دویت (شرک) کا جامہ پہناتے ہیں۔ بعض اُسے ادویت (وحدت) کے لباس سے ملبوس کرتے ہیں۔۔۔ میں کسی کا حامی نہیں... میں اپنے طور پر جس نتیجہ پر پہنچا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ تعلیم بالکل ادویت واد ہے۔۔۔ اپنشد ادویت وادی (غیر مشرک) ہیں۔۔۔ اس اپنشد میگزین کے سلسلہ میں ایشں اپنشد پہلے نکل چکی ہے، جس کا مہاواکیہ 'سوہم آسمی' (میں وہ ہوں) سو لھویں منتر میں نہایت موثر پیرایہ میں ادا کیا گیا ہے۔ اب یہ دوسری کتاب کٹھ اپنشد پیش کی جارہی ہے۔ یہ ایک جگہ نہیں بلکہ بار بار اسی خیال کی تائید کررہی ہے۔۔۔ پھر کیسے کہا جائے کہ اپنشد اثنیت یا تثلیث کی معلم یا واعظ ہے۔۔۔ یہ تعلیم اس طرح دلوں کے اندر نقش کالحجر ہوجائے کہ وہ پھر کسی کے مٹانے سے نہ مٹ سکے، یہی میرے لکھنے کی اصلی غرض ہے اور میں اسی نظر سے اُردو خواں حضرات کی خدمت کا یہ بار اپنے ذمہ لے رہا ہوں۔"

اِس تعارف کے بعد کٹھ اپنشد کے دونوں ابواب کی تشریح الگ الگ لکھی گئی ہے اور آخر میں ایک ضمیمہ بھی شامل ہے، جس کا سرورق اِس طرح ہے :

"کٹھ اپنشد کا ضمیمہ ۔۔ صرف معدودے چند ضروری اصطلاحات کی لغوی تشریح کے سمجھ لینے سے کٹھ اپنشد کے سمجھنے میں مدد ملیگی اور جو اسکے سمجھنے کی کنجی ہے۔"

اِس میں شبہ نہیں کہ مہرشی شیوبرت لال نے اس کام کے لیے بہت محنت کی ہے چنانچہ ان کا یہ کہنا واجبی ہے کہ :

"اس کٹھ اپنشد کو بار بار سوچ کر سمجھ کر مطالعہ کرو۔ جو لطف مجھے اس کے لکھنے اور شرح کرنے میں ملا ہے تم کو بھی ملے گا۔"

اپنشد میگزین کے جولائی، اگست ۱۹۷۲ء کے مشترکہ شمارے کے سرورق پر لکھا ہے کہ:

"منڈک اپنشد ــــ لفظی ترجمہ، صفائی اور وضاحت کے ساتھ ــــ آسان، عام فہم اور واضح لفظوں میں۔"

عام رائے یہ ہے کہ یہ اپنشد حجامت کرنے کے راز کا کاشف ہے۔ ایڈیٹر کا کہنا ہے کہ:

"سوامی شنکر آچاریہ جیسے جید اور زبردست عالم نے بھی یہ غلطی کی ہے۔۔۔ اپنشدوں کی تواریخ میں پہلا شخص میں ہوں جو اس قدیم رائے کی مخالفت کرتا ہوں۔"

اور اس بارے میں اُس نے کئی دلایل پیش کیے ہیں اور لکھا ہے کہ:

"منڈک اپنشد کی تعلیم کسی سنیاسی یا سر منڈے سادھو کو نہیں دی گئی تھی۔۔۔ ہندوؤں کی مذہبی تواریخ میں سر گھٹانے کا رواج بدھ بھگوان کے زمانے سے شروع ہوا۔۔۔ بدھوں کی تقلید سوامی شنکر آچاریہ جی نے کی اور ان کے آئین کے سنیاسی موُنڈ منڈانے لگے۔ منڈک اپنشد سوامی جی سے پہلے کی کتاب ہے۔ بعد کو اسی غلطی کے زیراثر ایک چھڑیک اپنشد (کشوریک اپنشد) لکھی گئی جو منڈک کے مشابہ سمجھی جاتی ہے اور اُس سے سر گھٹوانے کے خیال کی مزید تائید ہوتی ہے۔ یہ غلطی در غلطی ہے، کیونکہ یہ کتاب نئی ہے۔ اِس کی نسبت منڈک کے ساتھ قایم نہیں کی جاتی۔" (ص ۴ تا ۵)

ایڈیٹر کا کہنا ہے کہ:

"منڈک دو لفظوں مُنڈ (سر) اور ک (برہم) سے بنا ہے۔ سر میں برہم کو دھارن کرنا۔" (ص ۲)

منڈک اپنشد کے تین حصے ہیں اور ہر حصہ منڈک کہلاتا ہے اور ہر منڈک میں دو دو کھنڈ (فصل) ہیں۔ اس کی تعلیمات کی رو سے:

"برہم پرگٹ نہیں ہے۔ نہ کسی ذریعہ سے پرگٹ کیا جا سکتا ہے، کیونکہ سب کے سب اُسی سے پرگٹ ہوتے ہیں۔" (ص ۱۴)

اس کتاب کی قدامت سے بحث کرتے ہوئے ایڈیٹر نے لکھا ہے:

"کٹھ اپنشد، پرشن اور منڈک اپنشد کے نہ صرف طرز بیان با ہدگر متشابہ ہیں بلکہ ان کے خیالات اور اِن کی عبارتوں کی ذہنی مراد میں بھی یکسانیت ہے۔۔۔ پرشن اپنشد کی ترتیب

میں باقاعدگی ہے ... ترتیب کا یہ اہتمام بعد کو ہوا ہے ... اسی طرح کٹھ کے دوسرے حصہ کی نسبت بھی سمجھنا چاہیے۔ یہ بھی اصلی نہیں بلکہ ترتیبی کتاب ہے لیکن کٹھ اپنشد کے پہلے حصہ کی بابت یہ رائے نہیں قائم کی جا سکتی ... ممکن ہے، یہ کٹھ اپنشد منڈک سے پہلی ہو۔" (ص ۱۶ تا ۱۷)

اپنشدوں سے متعلق بحثوں میں مہرشی شیوبرت لال نے انتہائی خود اعتمادی کا مظاہرہ کیا ہے ان کا انداز بیان ادعای اور غیر معمولی ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں :

" بھولو نہیں۔ میرے اس جملہ کو ہمیشہ یاد رکھو۔ جیسا خیال ویسا قال۔ جیسا قال ویسا حال یسا حال ویسا آل۔ جیسا آل، ویسا کال۔ اس کا یاد رکھنا آسان ہے، مشکل نہیں ہے۔ اور میں اپنی تحریر سے تم کو حقیقت سمجھا دوں گا اور سمجھا کر چھوڑ دوں گا۔ یوں ہی میں اپنشدوں کی ٹیکا لکھنے نہیں بیٹھا ہوں۔ میں تعلیم دینے والے معلم کی حیثیت میں آیا ہوں۔ وہ تعلیم ہی کیا ہوئی جو ذہن کے اندر نہ اُتری یا نہ اُتر سکی۔" (ص ۲۴)

یہ منڈک اپنشد منظوم ہے اور بتایا گیا ہے کہ اس کا تعلق اتھروید سے ہے۔ دیباچے کے بعد ایڈیٹر نے متن اور اسکی تشریح قلمبند کی ہے۔ پھر دوسرا حصہ شروع کیا ہے۔ اس کا سرورق اس طرح ہے :

" مُنڈک اپنشد ـــ سوال وجواب کی صورت میں ـــ نہایت خاطر نشین موثر اور آسان عام فہم عبارت میں۔"

اِس حصے کے دیباچے میں کتاب کی معنویت اور تعلیم وغیرہ سے بحث کی گئی ہے۔ پھر سوال وجواب کی صورت میں کتاب کی نوعیت اور اسکے مضمون کو سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اس حصہ میں بعض توضیحی نقشے بھی بنائے گئے ہیں۔

ستمبر، اکتوبر ۱۹۲۷ء کا شمارہ دستیاب نہیں ہو سکا۔ نومبر، دسمبر ۱۹۲۷ء کے مشترکہ شمارہ میں مانڈوکیہ اپنشد شائع ہوا ہے۔ سرورق پر لکھا ہے :

" مانڈوکیہ اپنشد ـــ عام فہم، آسان، لفظی اور معنی خیز ترجمہ۔"

اس کا دیباچہ نظم اور نثر میں ملا جُلا کر لکھا ہے۔ اُس میں " نزول وصعود کے مدارج " اور مانڈوکیہ اپنشد کی تعلیم

وغیرہ کا تعارف کرایا گیا ہے۔

"کہا جاتا ہے کہ اس اپنشد کے لکھنے والے مانڈوکیہ رشی ہیں۔ مانڈوک مینڈک کو کہتے ہیں۔" (ص ۱۲)

مانڈوک اِن کا نام کیوں پڑا تھا، یہ کسی کو نہیں معلوم۔ اِس اپنشد کا تعلق اتھرووید سے ہے، اور یہ بہت چھوٹی سی کتاب ہے۔ اِس میں صرف بارہ پیراگراف ہیں۔ اِس کا زمانۂ تصنیف نہیں معلوم لیکن ایڈیٹر کا کہنا ہے:

"یہ اپنشد بہت پرانی نہیں معلوم ہوتی۔" (ص ۱۶)

ایڈیٹر نے یہ اطلاع بھی دی ہے کہ:

"شری گوڈپاچاریہ جی نے اس مختصر کتاب پر بسیط شرح لکھی ہے جو مانڈوکیہ کارکا، کے نام سے مشہور ہے۔ میں نے یہ کتاب نہیں دیکھی۔۔۔ اگر ہاتھ آگئی تو کسی وقت اس اپنشد میگزین کے سلسلہ میں نذر کرسکوں گا۔" (ص ۱۷)

اِس کے دوسرے سرورق پر لکھا ہے:

"مانڈوکیہ اپنشد ـــ سوال وجواب کی صورت میں مکمل تشریح اور ہر نقطۂ نظر سے منتروں کی مفصل تفسیر۔" یہ حصّہ دلچسپ بھی ہے اور عام فہم بھی۔

جنوری، فروری ۱۹۲۸ء میں جو اپنشد چھپی اُس کے سرورق پر لکھا ہے:

"تیتریہ اپنشد ـــ لفظی ترجمہ ـــ آسان عبارت، عام فہم زبان اور یہ سیدھے سادے الفاظ کے ذریعہ سمجھانے کا ڈھنگ۔"

تیتریہ اپنشد کے مصنف کا نام تیتری منی بتایا گیا ہے۔ اِس اپنشد میں ویدانت کے اصول کا جوہر زیادہ نمایاں صورت میں موجود ہے۔ یہ بنیاد کی طرح ہے، جس پر ویدانت کی اونچی عمارت تعمیر ہوئی ہے۔ اس میں دو ابواب ہیں۔ پہلے باب کا نام سوامی شنکر آچاریہ نے سکشاولی رکھا ہے۔

ایڈیٹر نے دوسرا حصہ "سوال وجواب کی صورت میں نہایت واضح اور صاف تفسیر" پر مشتمل لکھا: اس کے دیباچے میں بتایا گیا ہے:

"ویدک دھرم خود برابر چولا بدلتا ہوا، اور نئے رنگ روپ میں نکھرتا ہوا چلا آرہا ہے ..."

صورت شکل بدلی ہوئی ہے، بنیاد نہیں بدلی... اپنشد بھی اسی کے آدھار پر ہیں۔ اِن کی صورت بھی ویسی ہی ہوئی۔ عملاً تبدیلی آئی، گو وہ عملاً نہیں ہے... اور روحانی تعلیم... کسی نہ کسی صورت میں مختلف شکل رکھتے ہوئے موجود ہے۔" (ص ۵۹)

اسلام کا دعویٰ بھی یہی ہے کہ ہر ملک اور قوم میں ہادی (رسول) پیدا ہوئے لیکن اب اُن کی تعلیمات "مختلف شکل" میں موجود ہیں۔ اگرچہ اسلام میں تمام انبیا پر اور ان کی کتابوں پر ایمان لانا لازم ہے، تبدیلی رونما ہو جانے کی وجہ سے صرف جدید ترین شریعت قابل عمل ہے جس میں کسی بھی نوعیت کی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور جو پوری طرح اصل صورت میں موجود ہے۔

مہرشی شیوبرت لال نے اپنے کام کے بارے میں لکھا ہے:

"میں نے پہلے نمبر میں لفظی ترجمہ دیدیا ہے۔ رو رعایت سے ذرا بھی کام نہیں لیا۔ نہ مجھے کسی کی حمایت منظور ہے، نہ کسی کی مخالفت سے سروکار ہے۔ نہ میں دویت واد کا جھگڑا اٹھاتا ہوں، نہ ادویت واد کی طرفداری کرتا ہوں... ترجمہ کا مطالعہ کر لیا۔ اب اس کی تفسیر دیکھو، جو سوال و جواب کی صورت میں پیش کی جارہی ہے... طوالت کو نظر انداز کر دیا گیا ہے، مطلب سے مطلب ہے۔" (ص ۶۲)

مارچ ۱۹۲۸ء کا شمارہ دستیاب نہیں ہو سکا۔ اپریل کے شمارے میں "سوتیا سوتر اپنشد۔ لفظی ترجمہ آسان زبان، عام فہم عبارت۔ صاف صاف باتیں، بغیر کسی رو رعایت کے" پیش کیا گیا ہے۔ اس کے دیباچے میں ہے:

"سوتیا سوتر بہت قدیم اپنشد نہیں ہے... کیا عجب بالکل نئی کتاب ہو۔ جب ہندوؤں کی مجلسی، تمدنی، سیاسی اور فلسفیانہ حالت کی تکمیل ہو چکی تھی۔ سمپرداوں کا بھی ظہور ہو چکا تھا۔" (ص ۱)

اس مصنف کا ذکر کرتے ہوئے ایڈیٹر نے بتایا ہے کہ:

"گوڑپاد آچاریہ جو سوامی شنکر آچاریہ کا گرو کہا جا سکتا ہے، چونکہ اپنشدوں کی عظمت کا سکہ دلوں میں بیٹھ چکا تھا، اُس نے اپنی کتاب کو اپنشد نام دیا، جو اِس کے لیے موزوں ہے۔" (ص ۲)

اس میں ہستی (وجود) سے متعلق بحث کی گئی ہے۔

مئی جون ۱۹۲۸ء کا شمارہ بھی نہیں مل سکا ہے۔

جولائی، اگست، ستمبر ۱۹۲۸ء کے شمارے میں "واج سنئی سنتہا اپنشد — نہایت آسان زبان، عام فہم طریقہ اور دلچسپ پیرایہ میں" پیش کیا ہے۔ شروع میں "تنبیہ" کے تحت لکھا ہے کہ:

"منتروں کے ترجموں میں میں نے کسی ٹیکا کار کی تقلید نہیں کی۔ سنسکرت کے لفظ جوں کے توں دیکر ان کے معمولی اور عام معنی دیدیے ہیں۔ توڑ مروڑ سے کہیں کام نہیں لیا گیا ہے۔۔۔ کیا اچھا ہو کہ پڑھنے والے لاہور کے ہندی ترجمہ کرنیوالوں کی کتابوں سے مقابلہ کرتے ہوئے غور سے اس کا مطالعہ کریں تاکہ ان کی توڑ مروڑ اور کھینچ تان کا بھی ساتھ ساتھ پتا ملتا چلے۔" (ص ۸)

یہ بہت دلچسپ قصہ پر مبنی ہے۔

اکتوبر، نومبر، دسمبر ۱۹۲۸ء کا اپنشد میگزین کا شمارہ بھی دستیاب نہیں ہو سکا ہے۔ جنوری تا [illegible] ۱۹۲۹ء کے شمارے کے سرورق کی عبارت یہ ہے:

"چھاندوگیہ اپنشد — اُدگیتھ ودیا۔ سلطان الاذکار، سلطان الاصوات، سلطان الاسماء، شبد یوگ اور برہم گیان، رازِ عرفان، رازِ حقیقت، علم معرفت اور سرِ اکبر کی بہت زیادہ قدیم اور مستند کتاب۔ ترجمہ و مفسرہ شیو برت لال۔۔۔"

دیباچہ کا عنوان "محققانہ سرسری نظر" مقرر کیا ہے اور اس کے تحت اپنشد کے مفہوم اور ان کی اہمیت سے بحث کی گئی ہے۔ ان کے تراجم کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

"مسلمانوں کے آنے کے زمانہ تک ان کو پوشیدہ رکھنے کا اہتمام زور شور کے ساتھ تھا اور مقدس ویدوں کی طرح ان کی بھی حیثیت تھی۔ مسلمان محققین میں سب سے پہلے علامہ فیضی کی توجہ گئی جس نے براہمنی بھیس بنا کر بنارس میں سنسکرت پڑھی اور ایک بہت مختصر اپنشد جس کا نام اَلّو پنشد ہے، جس میں اللہ اور محمد صلعم کے نام آتے ہیں، تصنیف

کر کے ایک سو آٹھ اپنشدوں میں اُسے شامل کر دیا اور اتھر وید سے مخصوص کر دیا...
شاہزادہ داراشکوہ ... نے دیوان ولی رام کی وساطت سے پنڈتوں اور ہندو عالموں
کے ذریعہ اپنشدوں کا فارسی زبان میں ترجمہ کرایا... اسی فارسی اپنشد سے جس کا نام
داراشکوہ نے سرِّ اکبر رکھا تھا، دنیا میں اپنشد کے علم کا رواج ہوا۔ لاطینی، فرانسیسی
اور جرمنی وغیرہ زبانوں میں سرِّ اکبر کے ترجمے ہوئے اور اب انگریزی عہد میں اس کے
مطالعہ کا رواج عامیت کے درجے پر پہنچنے لگا۔ یہ احسان ہے جو داراشکوہ نے اِس
علم پر کیا ہے"۔ (ص ۹، ۱۰)

اس مذکورہ کے بعد یہ بتایا گیا ہے کہ "اپنشد کی تعلیم کا تعلق ہمیشہ سے کشتریوں ہی سے رہا ہے۔ یہ علم پہلے براہمنوں میں نہیں تھا۔ براہمن ان کی شاگردی میں آ کر اس علم کو حاصل کرتے تھے۔ اِس سلسلہ میں "براہمن اور کشتریوں کے مابین خصومت" کا بھی بیان کیا گیا ہے۔ اپنشدوں کے طریق کے بارے میں ایڈیٹر کا کہنا ہے کہ:

"صاف لفظوں میں اپنشدوں کا آئین مرشد پرستی، پیر پرستی ہے ... اپنشدوں کی
تعلیم کا بالکل دارومدار اِسی اصول پر ہے۔ بغیر گرد کے وہ ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھنا
چاہتے ... ورہد آرنیک کی طرح چھاندوگیہ نے یگیہ کی رسم کے ساتھ سخت کلامی نہیں
کی، گو اُس کے الفاظ کہیں کہیں دربردہ حقارت کا اظہار ضرور کر دیتے ہیں"۔ (ص ۲۱، ۲۹)

مذکورہ بحث کے بعد کتاب میں ایک دیباچہ بھی ہے۔ اِس کے خاتمہ میں کہا گیا ہے کہ:

"چھاندوگیہ نذر ہے جو سام وید کے چھاندوگیہ براہمن کا حصہ ہے، جو اِسے ایک دفعہ
پڑھ کر سمجھ لے گا"۔ (ص ۴۲)

اشتہاروں سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس شمارے کی اشاعت کے وقت تک ذیل کی کتابیں بھی شائع ہو چکی تھیں:

گایتری رہسیہ اپنشد ، اتریہ اپنشد ، میتری اپنشد ، کوشتکی اپنشد

کتاب کے آخر [illegible] اور برہد آرنیک اپنشد کا اشتہار ہے کہ یہ "زیر ترتیب" ہے۔ نہیں معلوم کہ اپنشد میگزین کا سلسلہ کب تک جاری رہا اور اس سلسلے میں کتنی کتابیں اور شایع ہوئیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ میگزین [illegible] نقطۂ نظر سے اہم بھی تھی اور مفید بھی۔ مہرشی شیوبرت لال ورمن نے ایک سے زاید بار یہ بات کہی تھی کہ اُن کے کام کا دوسرے کاموں سے مقابلہ کر کے دیکھا جائے تاکہ اس کی خوبیوں، خامیوں کا صحیح طور سے اندازہ ہو سکے۔ یہ کام واقعی کرنے کا ہے اور امید کی جاتی ہے کہ اُس تحقیقی منصوبے کے تحت جو جناب موہن لال جی صاحب (نئی دہلی) کے مالی تعاون اور سرپرستی میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں شروع کیا جا چکا ہے، کامیابی کے ساتھ تکمیل کو پہنچے گا

بخش خاں

تاریخ عظیم آباد

تاریخ کی رو سے ثابت ہے کہ قوم ہنود اس زمانہ سے اہل علم تھے جس زمانہ میں اکثر قومیں تاریکی جہل میں مبتلا تھیں چنانچہ عرب کے حساب و ہندسہ و ہیئت کا ماخذ ہند ہے اور منطقہ کی تقسیم بارہ برجوں پر ان کی تفصیل اور نام جو عرب میں اور دوسری قوموں میں جن کے یہاں علم ہیئت کا چرچہ تھا مروج ہے وہ بجنسہ مطابق کتب اہل ہند کے ہے۔ بید (वेद) اور منو (मनु) کے قواعد کے دیکھنے سے ظاہر ہے کہ سیکڑوں برس قبل آغاز سنہ عیسوی کے ہندوؤں میں تمدن (तमदरा) کا سلسلہ جاری تھا مگر برہمنوں (बरहमणों) کی ذی اختیاری کے سبب اور دوسرے فرقوں کی جہالت کے باعث سے انواع طرح کے مبالغہ واقعات میں ہوئے اور اقسام کے فسانہ ان پر بڑھائے گئے اور اس مبالغہ کی جہت سے اصل واقعات تاریخی کے دریافت کرنے میں بہت بکھیڑے پڑے قدیم ہندو مورخوں نے زمانہ کی تقسیم میں اور طوالت ایام میں سخت مبالغہ کیا ہے۔ زمانہ کی تقسیم ان کے نوشتوں کی رو سے چار ہیں اور ہر ایک کے لیے ایک زمانہ خیالی تعین کیا گیا ہے۔ پہلا زمانہ ستجگ (सत युग) حسب قول ل صاحب کے جن کے ساتھ الفنسٹن صاحب متفق ہیں۔ ایک کروڑ سات لاکھ اٹھائیس ہزار برس کا دوسرا حصہ تریتا (त्रेता) جو ایک کروڑ دو لاکھ چھیانوے ہزار برس کا تیسرا حصہ دواپر (द्वा आपर) اس کا زمانہ آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار برس کہا گیا ہے۔ چوتھا کلجگ (कल युग) جو ایام گذران ہے اس کا زمانہ چار لاکھ بتیس ہزار برس مشخص کیے ہیں۔ ل صاحب کی تحقیقات کی رو سے ۱۸۷۶ء تک چار ہزار نو سو ستر برس کلجگ (कलयुग) کے گذرے ہیں اور اس حساب سے ہندو (हिन्दू) مورخوں کے اصول کے مطابق ابتدائے خلقت عالم سے ۱۸۷۶ء تک تین کروڑ آٹھ لاکھ بانوے ہزار نو سو ستر برس گزرے۔ ہال ہیڈ صاحب نے ان چاروں جگ کی تعداد سنین میں اگلے دو مورخوں کی رائے سے اختلاف کیا ہے۔ ان کی تحقیقات کی رو سے ستجگ (सतयुग) تین کروڑ دو لاکھ برس کا تریتا (त्रेता) دو کروڑ چار لاکھ برس کا دواپر

[illegible] کروڑ چھ لاکھ برس کا اور کلجگ (कलयुग) کے لیے چار لاکھ برس محدود کیے ہیں۔ کرنیل ڈو صاحب [illegible] تحقیقات ان سب کے مخالف ہے ان کی رائے میں ستجگ (सतयुग) چودہ کروڑ برس کا ترتیا (त्रेता) [illegible] کروڑ اسی ہزار برس کا دواپر (द्वापर) بہتر ہزار برس کا تھا اور کلجگ (कलयुग) کے لیے صرف [illegible] ہزار برس مشخص کیے ہیں۔ پالسو برزیک جرمن مورخ نے بنارس کے برہمنوں سے تحقیقات کر کے اس طوالت ایام کو کم کیا ہے ان کی تحقیقات کی رو سے ستجگ (सतयुग) کا زمانہ دو کروڑ پانچ لاکھ برس اور ترتیا (त्रेता) ایک کروڑ دو لاکھ برس اور دواپر (द्वापर) آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار برس مشخص ہے۔ ان کے نزدیک کلجگ (कलयुग) کے لیے ہنوز زمانہ معین نہیں ہے۔ قدیم زمانہ کو اس قدر اس طوالت سے تعبیر کرنے کا اعتراض نہ صرف ہندوؤں پر ہے بلکہ قدیم ایران کے لوگوں نے بھی ایسا ہی کچھ طول و طویل زمانہ اپنا لکھا ہے۔ صاحب ناسخ التواریخ نے اس کی تفصیل اپنی کتاب میں بخوبی لکھی ہے۔ بہرحال ستجگ (सतयुग) کے زمانہ کو ہنود سونے سے اور ترتیا (त्रेता) کو چاندی سے اور دواپر (द्वापर) کو تانبے سے اور کلجگ (कलयुग) کو مٹی سے نسبت دیتے ہیں اور معتقدات ان کے یہ ہیں کہ ستجگ میں بنی نوع انسان نیک تھے اور آدمی کی زندگانی اُس وقت لاکھ برس کی تھی اور قد اکیس ہاتھ کا۔ ترتیا (त्रेता) میں ایک تہائی انسان خراب ہوئے اور عمر انسانی دس ہزار برس ہوئی اور دواپر (द्वापर) میں آدھے خراب ہوئے تو عمر انسانی ہزار برس ہو گئی کلجگ (कलयुग) میں کُل خراب ہوئے اس لیے عمر انسانی سو برس ہو گئی فقط جہاں عقاید نسبت طوالتِ ایام کے اس قسم کے ہیں تو وہ کتابیں کہ جن میں ان گذرے زمانوں کا احوال ہے واسطے تعین تاریخوں کے، دلیل کافی ہو نہیں سکتی مگر بعض مورخین نے ہندوؤں کی چند قدیم کتابوں سے کسی قدر تعین و تشخیص زمانہ کے کرنے میں طبع آزمائی کی ہے۔ مہابھارت (महाभारत) بھاگوت (भागवत) پوران (पुराण) سے بہت کچھ مدد ملتی ہے مگر یہ کتابیں بھی مبالغہ شاعرانہ اور نتائج ضعف اعتقادی کے اثر سے خالی نہیں ہیں۔ بالجملہ ان کتابوں میں جو احوال ہیں بعض ان میں سے بذریعہ غیر ملک کے لوگوں کے جن کو ہندستان سے تعلق رہا ہے تصدیق ہوتی ہیں۔ پندرہ سو برس قبل آغاز سنہ عیسوی کے سی۔ ساسٹرسن نامی ایک مصر کے بادشاہ نے ہندستان پر چڑھائی کی تھی۔ جیسورح صاحب کی رائے یہ ہے کہ سی۔ ساسٹرسن کا آنا ہندستان میں صحیح ہے مگر اس میں شک ہے کہ آیا کسی قدر فتوحات اس کی ہوئی ہیں۔ دو سو برس بعد اس واقعہ کے سی مرس اسٹرا کی شاہزادی نے ہندستان پر لشکرکشی کی اور شکست کھا کر پھر گئی۔ تیسرا بادشاہ

فیرنک کا جو ہندستان میں آیا گبحر و تھا اور اس کے بعد اس نے بعض ٹکڑہ ہندستان کے اپنے ملک میں ملائے تھے
یعنی سو تین برس قبل ولادت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سکندر دریائے سندھ تک آیا اور اپنی فوج کی مزاحمت
کی وجہ سے آگے نہ بڑھ سکا۔ جب سکندر نے بعد مراجعت وفات کی اور اس کا ملک اس کے افسران فوج پر تقسیم
ہوگیا اور سلوکس بخارا پر قابض ہوا تب اس نے محسن تھنس کو برسم رسالت ہندستان بھیجا۔ ان سب لوگوں کے
احوال جن کا اوپر ذکر ہوا اور ہندستان کے اور حالات یلسی استر سحاد ردید درس کی کتابوں سے معلوم ہوتی ہے
ان وسیلوں کے سوا مورخین انگلیسیہ نے قدیم سکوں اور کتابوں کے ذریعے سے جو بڑی تلاشوں سے دستیاب ہوئی ہیں
تحقیقات راجگان ہندستان و تعین و تشخیص عہود کے ان کے کی ہے۔ ل صاحب نے ہندووں کی کتاب سے
یہ تحریر کیا ہے کہ تین کروڑ آٹھ لاکھ نو سو برس آج سے پہلے ایک شخص مسمی سیتا رانا (सीता राना) جس کا دوسرا نام
ویوساتا (देव साता) تھا گذرا ہے کہ وہ ساتواں راجہ کہا جاتا ہے۔ آج کے ہندو مورخوں کی رائے یہ ہے کہ بعد
ایک طوفان عظیم کے جس سے ساری خلقت فنا ہوگئی تھی ایک شخص رہ گیا تھا اور یہی شخص چندر بنسی
(चन्द्र वन्सी) اور سورج بنسی (सूर्य वंशी) راجاؤں کا جد اعلیٰ ہے۔ یہ دونوں خاندان دسویں صدی میں
کلجگ کے تمام ہوگئے۔ ستجگ (सतयुग) میں منو (मनु) ہفتم راجہ رہا اور پچپن شاہزادے اس کے خاندان
کے تا عہد راما (रामा) ریاست کرتے رہے۔ برہمنوں کے نزدیک راما (रामा) جودھیا کا راجہ اخیر تریتا
(त्रेता) میں تھا اور انتیس[29] راجہ دوآپر میں گزرے ہر ایک کی ریاست کا زمانہ انتیس[29] ہزار سات سو برانوے برس
ہے اور آغاز کلجگ (कलयुग) سے دسویں صدی تک بیس[20] راجہ گزرے ان احوال کے دیکھنے سے کوئی ٹھیک
سلسلہ تاریخوں کا اور زمانوں کا نہیں ملتا ہے۔ الفنسٹن صاحب دوسری چند تاریخوں سے بکمال تحقیقات
لکھتے ہیں کہ ایک مہندی پراسرا (पराशर) کا نشان جس کا بیٹا بیاسا (वेयाश) جامع بیدوں (वेद) کا ہے چودہ
سو برس قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پایا جاتا ہے اور منو (मनु) کی شاشتر نو سو برس قبل حضرت عیسیٰ
کے وقوع میں آئی۔ سر ولیم جونس نے پوران (पुराण) سے ایک فہرست راجاؤں کی درست کی ہے اور وہ
وہی راجہ ہیں جو خاندان سے چندر بنسی (चन्द्र वंशी) اور سورج بنسی (सूर्य वंशी) کے کہلاتے ہیں جنہوں نے اجودھیا
(अयोध्या) اور دوآبہ (दोआबा) میں سلطنت کی تھی انہیں نشانوں کے قائم ہونے کے بعد ٹھیک سلسلہ
مگدھ دیش کے راجاؤں کا بھی ملتا ہے اور اسی لیے قبل آغاز مقصود یہ تمہید کی گئی مگدھ دیس کے راجاؤں
کے حال میں دو وقایع بڑے ہیں کہ جن سے تاریخ کے تعین میں بہت سہولت ہوتی ہے اول گوتم بدھ کا احوال

جن کے نام سے مذہب بدھ (مہ ۃ) جاری ہوا ہے اور جو پانچ سو برس قبل حضرت عیسیٰ کے تھا دوسرے اسفار دو چینیوں کے جس میں پہلا پانچویں صدی میں اور دوسرا ساتویں صدی میں سنہ عیسوی کی گدھ (مگدھ) دیس میں آیا تھا بعد ازیں اس تمہید کے راقم اب گدھ دیس اور اس کے دار السلطنت پٹالی پترا کا جغرافیہ لکھتا ہے اور جو احوال راجگان گدھ دیس سے متعلق ہیں اس کا ذکر بعد اس کے کرے گا اور بقیہ احوال گدھ دیس بھی اسکے ضمن میں درج ہوں گے۔ فقط

جغرافیہ

کپتان ولفورڈ نے ایک رسالہ تحقیقات میں شہرہائے واقع کنارہ دریائے گنگ کے لکھا تھا اور وہ ۱۸۰۷ء میں ایشیاٹک ریسرچ میں چھپا تھا۔ اس میں لکھتے ہیں کہ گدھ دیس کا نام ماکالکی کے جب ہوا جب سے وہاں جاکر بود و باش اختیار کی تھی اور جنرل کننگھم اپنے جغرافیہ میں گدھ دیس کا حدود اربعہ پرانی تاریخوں سے یوں تحریر فرماتے ہیں کہ اتر اس کے گنگا، دکھن اس کے کرایا سور جواب سنگ بھوم کہلاتا ہے پورب اس کے مونگیر جو اس وقت ہرنا پربرداتا کہلاتا تھا اور پچھم ضلع بنارس تھا۔ اس کا دار السلطنت پرانی کتابوں میں کسم پورا اور پدماوتی کے نام سے پایا جاتا ہے۔ اسی سبب سے کہ یہ شہر نہایت مکلف اور گلزار تھا مگر اصل نام پٹالی پترا یا پالی پترا تھا۔ قبل اس کے پالی پترا کا لکھنا چاہیئے ایک مختصر سا بیان جغرافیہ ہند کا لکھنا ضروری ہے۔ اسکندر نے اپنی اقامت کے زمانہ میں ہندوستان کے احوال لوگوں سے دریافت کر کے منضبط کیا تھا اور انہیں اخبار پر اریب اسٹنس اور اسٹرالو حکمار یونان کا علم پٹنہ سے تھا مگر یہ اخبار از روئے تحقیقات کننگھم صاحب کے تمام تر صحیح نہیں ہیں۔ کتاب مہا بھارت میں جو پہلی صدی میں عیسوی کی لکھی گئی تھی ہندوستان کو بصورت مثلث لکھا ہے اور کل ملک ہند کو چار حصہ پر تقسیم کر کے ہر ایک حصہ کو ایک مثلث قائم کیا ہے۔ مگر کسی حصہ کا عرض و طول نہیں ہے۔ پراسپرا مہندس نے جو تقسیم قدیم ہندوستان کی نو حصوں پر بھی قبول کی ہے۔ اور اس تقسیم کی رو سے گدھ دیس پورب جانب کا حصہ لکھا گیا ہے۔ گدھ دیس دوسرا منجملہ نو مدوں کے ہے جس سے لوگوں کی تقسیم کی رو سے جو ابتدائے سنہ عیسوی سے پائی جاتی ہے ہندوستان پانچ حصوں پر تقسیم ہے اور اس پانچ تقسیم میں گدھ دیس تیسرا مد ہے اور اس کے حدود یوں لکھے ہیں۔ یعنی وہ ٹکڑا جو وسط میں ہندوستان کے پڑتا ہے اور ابتدائی تھانیسر تا اس مقام کہ جہاں سے شاخیں گنگا کی مثلث ہو گئی ہیں۔ شرقاً اور غرباً اور ہمالہ پہاڑ سے نربدا تک جنوباً و شمالاً۔ مگر خاص گدھ دیس اسی قدر ہے جس کی حدود اربعہ اوپر بیان کی ہے اور جو

از روئے پیمائش کے آٹھ سو پینتیس میل کی دوری میں تھا۔ بہر حال پٹالی پترا اسی مگدھ دیس کا دارالسلطنت تھا۔
شہر عظیم آباد کہ جس کا مشہور نام پٹنہ ہے بہار کے پچھم طرف گوشہ شمال کو جھکتا ہوا واقع ہے طول بلد شرقی اس کا
بچاسی درجہ پندرہ دقیقہ اور عرض بلد شمالی اس کا پچیس[۲۵] درجہ سینتیس[۳۷] دقیقہ ہے نیلم بوس نے عرض بلد شمالی پٹالی پترا
کا ستائیس درجہ لکھا ہے اس رو سے بعضے مورخین احتمال کرتے ہیں کہ پٹالی پترا قنوج کے نزدیک ہوگا مگر قنوج
کے قرب میں نہ ایرانواس اور نہ کہیں نزدیک اس کے پہاڑیاں ہیں پس بہ لحاظ ان نشانوں کے جو پٹالی پترا کے
لیے دیے جاتے ہیں عرض بلد شمالی جو نیلم بوس نے لکھا ہے غلط ہے مورخین اور محققین کا اس بات میں
اختلاف ہے کہ پٹالی پترا اسی جگہ پر تھا جہاں پٹنہ ہے۔ فرنکلن صاحب نے یہ ثابت کرنے کا قصد کیا ہے کہ
پٹالی پترا بجای بھاگلپور تھا کہ عرض بلد شمالی اس کا پچیس[۲۵] درجہ پندرہ دقیقہ ہے اور کپٹن ولفورڈ صاحب نے
پٹالی پترا کی جگہ راج محل تجویز کی تھی کہ جس کا عرض بلد شمالی پچیس[۲۵] درجہ پانچ دقیقہ ہے اور بعضے مورخوں نے
پٹالی پترا کو الہ آباد کی جگہ قائم کیا ہے کہ جس کا عرض بلد شمالی پچیس درجہ بائیس دقیقہ ہے یہ سب اختلافات
صرف اس بنا پر ہوے کہ مورخین کو موقع و محل میں دریای ہیرانیا باہا جس کا یونانی ایرابالواس تلفظ کرتے ہیں اختلاف
تھا۔ جمیع مورخین اس پر متفق ہیں کہ پٹالی پترا اسی جگہ پر تھا جہاں یہ دریا گنگا سے ملا ہے۔ ہیرانیا باہا کے معنی
ہیں سونے کا دریا کہ ظاہراً سون دریا سے مراد ہے، جس کا بالو زرد ہے۔ ریون سو صاحب نے اپنی تحقیقات
سے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ ہیرانیا باہا دریائے سون کا نام تھا اور اگلے زمانہ میں پٹنہ کے متصل پچھم طرف اس
کا سنگم ساتھ دریای گنگ کے تھا اگرچہ کپٹن ولفورڈ صاحب نے پہلے اختلاف کیا تھا مگر بعد اس کے اپنی رائے
بدل کر اس کو قبول کیا کہ یہی پٹنہ سابق میں پٹالی پترا کی وجہ تسمیہ مختلف لکھی ہے اور اس کی تعمیر کا زمانہ بھی مختلف
کہا گیا ہے۔ وای ڈورس کی رائے یہ ہے کہ پٹالی پترا بانی بالا یا بانس کرشنا (ਇਸਕਰਾ) کا بھائی جس کا مشہور نام
بالارا ما یا بالادیوا تھا ہے۔ اس شخص نے تین شہر اپنے تین لڑکوں کے لیے آباد کیے تھے منجملہ اس کے ایک پٹالی پترا
ہے بہ نسبت پٹالی پترا کے یہ بھی قیاس کیا گیا ہے کہ بنا سورا نے تین شہر آباد کیے تھے، جس کو بالا نے اپنے قبضہ میں
لا کر مسمار کر دیا اور اس کے بعد اپنے نام سے ہر اس تین شہروں کو آباد کیا جس میں سے ایک پالی پورا تھا اس
بالا کے بیٹے کا نام پالی پترا تھا کہ جو اصل شخص رونق دہندۂ شہر پالی پترا کہا جاتا ہے۔ پٹالی پترا کی وجہ تسمیہ یہ کہی
جاتی ہے کہ پٹالی ایک دیبی تھی اس کے بیٹے نے آباد کیا جس کا نام الگاوا کہلاتا ہے باعث اس کے کہ ملک الگاوا
اس کو دیا گیا تھا۔ ہندوؤں کی تصنیف سے ایک کتاب مسمی بہ لوکھی یاٹلی پتر ہے جس کا اردو ترجمہ بعضے تابعین

نے کنور سکھ لال نے بہار۔ یہ کیا ہے۔ اس کتاب میں شروع سے اخیر تک ایک قصہ دلچسپ لکھا ہے۔ مورخین کے
نزدیک پایۂ اعتبار کو نہیں پہونچتا مگر مصنف نے اس کتاب کے پاٹلا راجہ منیر کے بیٹے کا نام لکھا ہے کہ جس کی
شادی ایک بڑے خوش نصیب برہمن کی لڑکی سے ہوئی تھی۔ اس رانی کے شوہر نے یہ شہر آباد کیا۔ اس رانی
کے تین لڑکے کہے جاتے ہیں منجملہ اس کے ایک لڑکے جس کا نام پٹنہ اور دو بیٹی ایک کا نام پٹن اور دوسری کا
نام کوسم تھا مگر پٹنہ کی وجہ تسمیہ جو اس کتاب کے موافق ہوتی ہے ظاہراً غلط ہے اور اس کی تفصیل میں آئندہ
اسی فصل میں لکھتا ہوں۔ پٹنہ کا نام پٹن پوری بھی کہا گیا ہے اور اس کے کہنے کی یہ وجہ بیان کی جاتی ہے کہ کوئی ٹکڑہ پٹل
یعنی کپڑے کا بھگوتی کے اس شہر میں گرا کر جہاں اب استھان چھوٹی پٹن دیبی کا ہے مگر یہ واقعہ متعلق یک افسانہ
مذہبی کے ہے کوئی دلیل اس کی صداقت کی جس پر مورخین قدیم نے استدلال کیا ہو پائی نہیں جاتی۔ کپتان
ولفورڈ صاحب نے یہ لکھا ہے کہ مہا بالی نے ایک تخلیہ کا مکان سون کے کنارہ پر بنایا تھا۔ آہستہ آہستہ اس کے
گرد لوگ بسنے لگے اور وہ مہا بالی پورا کہلایا۔ ان کی رائے یہ ہے کہ مہا بالی پورا پھلواری کی جگہ پر تھا۔ گنگ اور
سون کی دھارا کی تعمیر کی جہت سے پورب ہٹ آیا۔ راقم کو معاینہ ہوا کہ پچھم جانب متصل پھلواری کے سون کے
بہنے کا نشان آج تک ملتا ہے۔ ماراں میں پھلواری کے پچھم اور اتر جس میں بالو سون کا ملا ہوا ہے موجود ہے۔ جس
دیبی کا اوپر ذکر کیا گیا اس کی اولاد پٹالی پتر کہلاتی ہے۔ تلسی نے اس شہر کا نام پٹل لکھا ہے مگر کوئی وجہ تسمیہ
نہیں لکھی ہے اور مسلمانوں کی آمد کے وقت میں یہ شہر پٹالی کہلاتا تھا۔ پدماوتی کی وجہ تسمیہ یہ نہیں ہو سکتی
ہے کہ مہا پالی کا نام مہا پدماوتی بھاگوت میں مذکور ہے تو قیاس اس کو مقتضی ہے کہ اسی جہت سے پدماوتی کہلایا
ہے۔ فرنکس صاحب نے پالی کا ایک کرسی نامہ لکھا ہے مگر کننگم صاحب نے اس کرسی نامہ کو باعث مشکوک ہونے
کے قبول نہیں کیا اور میں بھی فضول سمجھ کر متروک کرتا ہوں۔ تحقیقات آخر یہ ہے کہ پٹنہ کی جگہ پر سابق میں یک دیہہ
مسمی بہ پٹالی تھا اور وجہ تسمیہ اس پٹالی کی یہ ممکن القیاس ہے کہ وہی دیبی تھی جس کا ذکر اوپر کیا گیا اس دیہہ
میں اجاب سر نے جو مگدھ کا راجہ جس نے پونے سو برس قبل تھا اپنے دو وزیروں کو ایک قلعہ بنانے کا حکم
اوجین لوگوں کے روکنے کے لیے دیا تھا اور بعد اس کے اُدیا (अदया) اوس کے پوتے نے چار سو پچاس برس
قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس شہر کو آباد کیا۔ اس خبر کی تائید دی اور پوران اور بدھ کے احوال سے
ہوتی ہے۔ چنانچہ روایت یہ ہے کہ یہ مرتبہ بدھ راجگیر سے ویشالی کی طرف چلا تو اس نے پٹالی میں اجاب سر کے
کے دو وزیروں کو قلعہ بناتے ہوئے دیکھا اور اس وقت بدھ نے پیشین گوئی کی کہ یہ شہر عظیم الشان ہوگا

واضح ہو کہ ویشالی ۲۰ میل اتر حاجی پور کے تھا فحس فین نے جو تین سو دس برس قبل آغاز سنہ عیسوی کے برسم رسالت
سلوکس کی طرف سے چندر گپت کے پاس آیا تھا۔ پٹالی پترا کو نہایت شہر آباد وسیع لکھا ہے۔ اس کی تحریر کی رو
سے یہ شہر سوا پچیس میل کی دور میں تھا اور اس کے چاروں گرد قریب بیس بگھہ چوڑی اور تیس ہاتھ گہری کھائی تھی
اس میں پانچ سو ستر برجیں اور چونسٹھ دروازہ تھے اور حصار اس کا اور مکانات اس کے بیشتر لکڑی کے تھے۔
یونانی عموماً مگدھ دیس کے لوگوں کو پیراسی کہتے ہیں اور اس لفظ کو متاخرین مورخین نے لفظ پیراسہ یا پلاسہ جس کا
مفہوم آدم پلاسا تھا یا سراشاہی لکھا گیا ہے۔ اور یہ نام مگدھ دیس کے لوگوں کا اس وجہ سے ہوا کہ پلاس اس ضلع میں
بہت ہوتا تھا اور فحس فین کے آنے کے وقت تک جو ساتویں صدی میں سنہ عیسوی کی آیا تھا پلاس اس علاقہ میں
بہت پیدا ہوتا تھا اور اب بھی ہوتا ہے اور اس وقت پٹالی پترا بالکل ویران ہو گیا تھا پانچویں صدی میں سنہ
عیسوی کے آیا اور اس نے پٹالی پترا کی ابتدائی ویرانی دیکھی۔ راجا اشوکا کا محل جس کو وہ دیووں کا بنایا ہوا قیاس
کرتا ہے ویران پایا وہ کہتا ہے کہ یہ عمارت بڑے بڑے پتھروں کی تھی اور بڑے بڑے دروازہ پتھر کے جنکے
اوپر عمدہ قسم کے نقش و نگار تھے بنائے ہوئے تھے۔ اس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ یہاں کے لوگوں کو فن معماری
اور سنگ تراشی میں بہت اچھا دخل تھا اور مصر کے لوگوں کی طرح سے علم جر ثقل بھی جانتے تھے اس لیے کہ بڑے
بڑے پتھروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ انتقال بغیر علم جر ثقل کے نہیں ہو سکتا۔ فین اپنے اسفار میں دو استھانوں
کا نشان دیتا ہے ایک اس میں سے اشوکا کے مصر کی ایک جانب اور دوسری جانب دوسرا اور لکھا ہے کہ
ایک میں بڑے قسم کی تعلیم مذہبی حسب اصول مذہب بدھ کے علم تہذیب کی ہوتی تھی اور دوسرے میں
رسیس کی تعلیم چھوٹے قسم کی بطریق مراقبہ ہوتی تھی ان استھانوں میں اس کے وقت میں چھ یا سات سو پنڈے
اپنے اشغال میں مصروف تھے۔ محمود کی آمد ہندستان میں آخر چوتھی صدی میں سنہ ہجری کے ہوئی تھی اس وقت
میں اس شہر کے سکنا حسب قول دلفورڈ صاحب کے مثل ساکنان بھوجپور کے ڈاکو تھے اور مسلمانوں کے قبضہ
میں یہ شہر بعد اس کے آیا اور اس وقت پٹالی کے نام سے مشہور تھا۔ قاضی سراج منہاج نے طبقات ناصری ۶۴۱ ہجری
میں لکھی تھی اور اس مورخ کو صمصام الدین سے جو خدمت میں بختیار خلجی کے تھا ملاقات ہوئی تھی بس جو احوال کہ طبقات
ناصری میں قاضی مذکور نے لکھا ہے وہ قابل لحاظ ہے۔ ان کے عنوان تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ بختیار خلجی کی چڑھائی
کے وقت سوا بہار کے کوئی جگہ اس علاقہ میں قابل توجہ اس کے نہیں تھی اور جو لڑائی کہ محمد بختیار سے مقابل
تحریر ہوئی وہ صرف بہار کی تھی۔ بہار کے معنی زبان سنسکرت میں دار العلم کے ہیں اور یہاں بدھ مذہب

کے فروغ کے زمانے میں حسب تحریر کننگم صاحب ایک بڑا مدرسہ تھا جو کہ پہلی آمد میں مسلمانوں کے بھی حکیہ الطرفین رہا اسی لیے وہ نگر اکر جو گدھ دیس کے نام سے مشہور تھا مسلمانوں کی تاریخ کی کتابوں میں بہار کہلایا چنانچہ بہار زمانۂ افاغنہ میں حاکم نشین رہا وہ کتنے بلاد شرقیہ کے سلاطین کا جائے اقامت ہوا۔ ضیاء برنی کی تاریخ جو تاریخ فیروز شاہی کے نام سے مشہور ہے ٧٥٨ ہجری میں لکھی گئی ہے اور اس کتاب میں بھی اگرچہ تذکرہ لکھنوتی ہیٹا وہ اور شہروں کا ہے مگر پٹنہ کا کوئی ذکر نہیں ہے صرف اس قدر پایا جاتا ہے کہ سلطان غیاث الدین بلبن کے وقت میں پٹالی ایک شہر تھا جس کے گرد اس بادشاہ نے ڈاکوؤں کے اور چوروں کے انسداد کے لیے ایک حصار بنوایا تھا اور سلطان محمود کے حال میں بھی اس شہر کا نام آیا ہے مگر کوئی خاص ذکر اس کا نہیں ہے۔

پٹنہ کا نام شیر شاہ اور ہمایوں کے زمانہ سے پایا جاتا ہے۔ قیاس مقتضی ہے کہ بعد ویرانی شہر پٹالی پترا جب یہ شہر پھر آباد ہوا تب بہ سبب پٹن پوری دیبی کے جس کا استھان زمانہ بدھ سے قائم تھا' نام اس کا پٹنہ رکھا گیا مگر چونکہ دفاتر شاہی میں نام قدیم اس کا اگرچہ مخرب ہو کر پٹالی تھا۔ اسی نام سے تاریخوں میں آٹھویں صدی تک سنہ ہجری کے مذکور رہا۔ یہاں تک کہ افاغنہ کی اس شہر کی طرف توجہ ہونے کے سبب وہ نام اس شہر کا جو سرزمین پر معروف تھا یعنی پٹنہ معلوم ہو کر دفاتر شاہی میں درج ہوا۔ چنانچہ فارسی تاریخوں میں شہر پٹنہ پٹالی کے نام سے مابعد اس کے پھر نہیں لکھا گیا۔ اگر وہ خبر کہ پٹنہ پٹنی رانی پاٹلا کی تھی صحیح ہوتی تو یہ فکر مورخوں کو کہ آیا پٹالی پترا بجائے پٹنہ تھا یا نہیں، نہیں ہوتا کیونکہ پٹنہ اور پٹالی پترا کی ایجاد کے ثبوت میں یہ ایک دلیل کافی اور عمدہ ہوتا۔ چھوٹی پٹن دیبی کو یہاں کے لوگ معبد قدیم سمجھتے ہیں اور اسی جگہ ان کا گمان یہ ہے کہ پٹل بھگوتی کا گرا تھا مگر پٹن دیبی کا استھان دیکھنے سے یہ بات نمایاں ہے کہ جو مورتیں وہاں موجود ہیں وہ بدھ کے زمانہ کی ہیں۔ ممکن ہے کہ یہ جگہ منجملہ ان استھانوں کے ہے جس کا ذکر فہین نے کیا ہے۔ شیر شاہ کے وقت میں اس شہر میں دو قلعہ ایک کچا اور دوسرا پختہ لب دریا واقع تھے مگر ان قلعوں کے کوئی آثار اس زمانہ میں نہیں پائے جاتے ہیں۔ غالباً دریا برد ہو گئے۔ بلکہ جو قلعہ عظیم الشان کے نام سے عوام میں مشہور ہے اس کے بعض حصہ بھی کٹ گئے کہ اس کے آثار باقی ہیں۔ اس قدر لکھنا یہاں بے محل نہ ہوگا کہ ایک کتابہ سے جو دروازہ پر اس قلعہ کے تھا ظاہر ہوا ہے کہ اس قلعہ کو ١٠٤٢ ہجری میں فیروز جنگ خاں نے بنوایا تھا اور عظیم الشان نے صرف اس کی مرمت و ترمیم کی تھی اکبر کے وقت میں پٹنہ سرکار بہار میں داخل تھا اور آئین اکبری سے معلوم ہوتا ہے کہ از روئے پیمائش اراضی اس کی اکیس ہزار آٹھ سو چالیس بیگھہ آٹھ کٹھہ ہوئی۔ نقدی اس میں انتیس لاکھ بائیس

ہزار چار سو دام اور معافی ایک لاکھ تیس ہزار آٹھ سو سات دام از روئی حساب ہوا۔ مسلمانوں کے وقت میں
بمرتبہ اخیر عظیم الشان نے اس شہر کو درست کیا اور قلعہ قدیم کو مرمت دیکر اپنے نام سے مشہور کیا، چنانچہ
پٹنہ آج تک عظیم آباد بھی کہلاتا ہے۔ عظیم آباد کے حدود کے نشان جو عظیم الشان کے وقت میں تھے اس زمانہ تک
پائے جاتے ہیں یعنی پچھم نشان پچھم دروازہ کا پورب پورب دروازہ کا، اتر دریائے گنگ اور دکھن نشان کھائی
کا جو باوجود بھر جانے کے ابھی تک پایا جاتا ہے۔ عہد سلطنت انگلشیہ سے حدود پٹنہ کے بدل گئے اور یہ شہر
از ابتدائے پل دوجرا تا باغ جعفر خاں شرقاً غرباً و از ابتدائے سوتہ دریائے گنگ یا جلہ جنوباً شمالاً کہا جاتا
ہے۔ اب یہ شہر جائے اقامت صاحب کمشنر قسمت بہار ہے اور متعلق اس حصہ کے از ابتدائے کرم باسہ تا
سرحد مونگیر پورب پچھم ترائی نیپال سے شیر گھاٹی تک اتر دکھن ہے۔ اب از روئے رجسٹر موتی مالی کے اس
شہر میں دو سو چھبیس محلے ہیں اور اس سنسس یعنی مردم شماری [میں] جو ۱۸۷۲ء میں کی گئی تھی تعداد ساکنان ایک لاکھ
اٹھاون ہزار نو سو مشخص ہوئی۔ مسلمان ان میں اڑتیس ہزار سات سو انتیس اور ہندو ایک لاکھ انتیس ہزار
تین سو ننانوے، عیسائی پانچ سو، بدھ مذہب کے لوگ ایک سو ستانوے اور دیگر اقسام اسی محسوب ہوئے تھے۔
یہ مردم شماری میں سمجھتا ہوں کہ صحیح نہیں ہے۔ متحقق ہے کہ عوام الناس نے اس خیال باطل سے کہ کوئی نتیجہ
اس مردم شماری کا بضرر ان کے ہوگا عموماً تعداد صحیح کو چھپایا ہے۔ بہرحال اس میں کچھ گفتگو نہیں ہے کہ جو تعداد
از روئے مردم شماری کے ظاہر ہوتی ہے اس سے تعداد باشندوں کی یہاں کے کم نہیں ہے نسبت مداخل و
مخارج ضلع پٹنہ کے تشخیص صحیح ممکن نہیں ہے سنسس کی رو سے جس قدر ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے یعنی چودہ
لاکھ چار ہزار دو سو اٹھاون۔ مالگذاری سرکار بابت محالات خراجی کی ہے اور جمع خام اٹھاون لاکھ تریسٹھ
ہزار چار سو سولہ روپیہ مشخص ہوا ہے اور نسبت محالات لاخراجی کی ساڑھے تین ہزار مشخص ہوا ہے۔ ۱۸۷۵ء
میں پیداوار طبعی اور اسباب مصنوعی اس ضلع کی دریافت کرنے کے لیے حسب الحکم جناب لفٹیننٹ گورنر
بہار و بنگالہ ایک جلسہ قایم ہوا تھا اور اس جلسہ نے جو تحقیقات کی ہے اس کی رو سے ظاہر ہوتا ہے کہ اقسام
کے غلہ اور انواع طرح کے پھل اس شہر میں اور اس کے مقامات میں ہوتے ہیں۔ اسباب مصنوعی اس ضلع کی عموماً
خراب ہیں۔ اگرچہ بعض صنّاع اس شہر میں اچھے گذرے اور ہیں۔ طوفان نوح کا ذکر کتب مقدسہ میں تفصیل سے
موجود ہے اور اگرچہ ہنود ان لفظوں سے طوفان کا ذکر نہیں کرتے مگر اس کے قایل ہیں کہ ایک طوفان عظیم ہوا تھا۔
جس کے مختصر احوال میں مقدمہ میں اس کتاب کے لکھ چکا ہوں اور رائے مورخین اس پر متفق ہے کہ جس طوفان

کے ہنود قائل ہیں وہی طوفان نوح ہے اور زمان وقوع میں اختلاف ہونا کچھ بعید نہیں اس لیے کہ ہنود نے اپنی تواریخ
میں مبالغہ بہت کیا ہے۔ یہ امر بعید از قیاس نہیں ہے کہ بعد طوفان نوحؑ ہندستان میں بھی اسی طور پر آبادی ہوئی
جیسے اور ملکوں میں جس کی تفصیل اس کتاب میں بے محل سمجھتا ہوں۔ مگدھ دیس کی آبادی کی ابتداء اسی طوفان
کے بعد پائی جاتی ہے مگر ہندوؤں کی کتابوں کی رو سے راج و ریاست اس حصہ میں ہندستان کے ابتدائی
کلجگ (कलयुग) سے شروع ہوئی مقدار میں معتقدات ہندوؤں کے زمانہ کلجگ کے لکھے جا چکے ہیں۔ اب
میں رائے علماء فرنگ کی نسبت مقدار زمانہ کلجگ درج کرتا ہوں منو (मनु) کی تحریر سے ثابت ہے کہ
ست جگ (सतयुग) میں عمر انسانی چار سو برس کی تھی تریتا (तिरेता) میں تین سو برس کی دواپر
(दोआपर) میں دو سو برس کی اور کلجگ میں سو برس کی جدھسٹر (युधिष्टर) اور کرشنا (क्रिष्णा)
کی عمر سو برس کی مذکور ہے اور ان لوگوں کو آج سے تین ہزار دو سو چھیالیس برسیں گزری۔ اس حساب سے
کلجگ (कलयुग) تیرہ سو برس آغاز سنہ عیسوی کے قبل سے شروع ہوا۔ لفورڈ صاحب کی رائے یہ ہے کہ
ہندوؤں کے چاروں زمانہ بعد طوفان نوح کے شروع ہوئے ہیں مگر زیادہ تر تفتیش کی حاجت نسبت اس
کی اس مقام میں نہیں ہے۔ جین مذہب کے عقاید کی رو سے حضرت عیسیٰؑ کی ولادت تک صرف ایک ہزار تہتر
برس کلجگ کے گزرے ہیں اور یہ حساب تاریخ کا ملتا اس حساب سے ہے جس کو سر اسحاق نیوٹن نے قائم
کیا ہے۔ کلجگ کے آغاز کا حساب جو کچھ ہو سو ہو اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ مگدھ دیس کی آبادی بہت قدیم
ہے ابتدائی کلجگ میں یہ ٹکڑا ہندستان کا سکاتا (सकाता) کہلاتا تھا اور آغاز آبادی اس طور پر بیان
کی جاتی ہے کہ ایواتی (ऐवाति) نے جو بیٹا ہنسا (हनसा) کا تھا اپنے لڑکوں پر اپنے ملک کو تقسیم کر دیا۔
اس کے بیٹے انو (अनु) کو تقسیم کی رو سے پورب کا حصہ ہندستان کا ملا چنانچہ مگدھ دیس اور بنگالہ وغیرہ
کو اس کی اولاد نے نا خودہا میں تقسیم کر کے آباد کیا اور مگدھ دیس میں جو راجہ پہلے ہوئے وہ دریدراتا (द्रि-
दराता) کے خاندان سے کہلائے اس لیے کہ سکاتا (सकाता) کا پہلا راجہ وہی تھا دریدراتا سے
جراسندھ (जरासिंध) تک چھ راجہ نسلاً بعد نسلٍ گزرے و بعد دریدراتا کے کوشاگرہ (कोशागा-
रह) اس کا جانشین ہوا اور یہی شخص ظاہراً بانی کشاگرہ پور یعنی راجگیر قدیم کا ہے۔ اس کے بعد وریشا
بھا پوشپادن (वरीशा भापोसपावन) ستیا شا (सत्याशा) تھا۔ ارجا (अरजा) اور سمبھاوا (संभावा)
ہوئے ان لوگوں کے احوال کا کچھ بھی پتہ سوائے نام کے پایا نہیں جاتا۔ جراسندھ بعد سمبھاوا کے جانشین ہوا

یہی پہلا راجہ مگدھ دیس کا کہلاتا ہے اور اسی کے زمانہ سے سکا تا مگدھ دیس کہلایا وریحد راتا چندر گوپتا تک
برس گزرے تھے اور چندر گوپتا تین سو پندرہ برس قبل حضرت عیسیٰ کے تھا اس حساب سے اکتیس سو اکیانوے
برس ابتدای ریاست وریحدراتا سے آج تک گزرے اگرچہ تفصیل سے ایامی اور احوال قدیم مگدھ دیس کے
راجاؤں کا اس کتاب میں لکھنا ضرور نہیں ہے مگر اس لحاظ سے کہ یہ تاریخ مگدھ دیس کے دارالسلطنت
کا ہے مجمل احوال جراسندھ سے بم باسرا (वमवासरा) تک جو راجا راجات سرت کا باپ تھا۔ تحریر ہوتا ہے
تاکہ ناظرین کو ان تغیرات پر جو نسبت دارالسلطنت مگدھ دیس کے ہوئی ہیں بخوبی اطلاع ہو جائے۔

احوال راجاؤں کا جراسندھ سے بم باسرا تک

جراسندھ اپنے وقت کا بہت قوی راجہ تھا اور اس کے وقت میں سلطنت مگدھ دیس کی
نہایت فروغ و قوت رکھتی تھی چنانچہ آثار اس کے فتوحات کے بنارس میں بنے ہوئے تھے ———
——— ولسورڈ صاحب کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کے آثار اور جابجا گنگا کے کنارہ پر تھے اور
ثبوت اس کا یونانیوں کی تاریخ کی کتابوں سے ملتا ہے۔ راجہ کنس (कन्स) متھورا کا راجہ جراسندھ کا داماد
تھا اور دو لڑکیاں جراسندھ کی ایک زمانہ میں اس کی زوجیت میں تھیں جب کنس کرشن (कृष्ण) کے ہاتھ
سے مارا گیا اور اسکی جوروں اپنے باپ (کے) پاس بیوہ ہوکر فریادی آئیں اور اس وقت جراسندھ کو نہایت
غصہ ہوا اور ایک بڑی لڑائی درمیان جراسندھ اور کرشن کے ہوئی۔ اگرچہ یہ امر صاف ظاہر نہیں ہوتا کہ
جراسندھ اس لڑائی میں مارا گیا یا بعد لڑائی کے مگر ہلاکت جراسندھ کی کرشن کے ہاتھ سے ہوئی بعض مورخین
کی رائے یہ ہے کہ بالا (बाला) کرشن کے بھائی نے جو نہایت قوی و زور آور تھا جراسندھ کو چیر ڈالا تھا۔
جراسندھ کا پایہ تخت کشاگرہ پورا کے نام سے مہابھارت میں مذکور ہے۔ پانچ پہاڑوں کے بیچ میں یہ شہر
آباد تھا اور اس کے بعض آثار کا ذکر اشعار میں جینیوں کی بہ تفصیل مندرج ہے۔ راجگیر جدید ان پہاڑوں کے
اثر متصل تھا۔ اس راجہ کی ریاست بنارس سے بنگالہ تک تھی اور اسی نے بھاگلپور کارنا (कारना) کو دیا
تھا جو ایک راجہ ماتحت اس کا تھا۔ جراسندھ کے بعد بائیس[۲۲] راجہ خاندان سے وریحدراتا کے گذرے جنکے
نام ترتیب وار ذیل میں ہیں۔ سہادیوا (सहादेवा)، سوما دھی (सुमाधी)، سوراتس راوا (सुरातसरावा)،
ایوتایوا (अउताइव)، نرامترا (नरामित्रा)، سوچترا (सुचित्रा)، وریحکارا، سوناجت (सोनाजीत)،

سربب ۱، ۔ مہا الیوا (महावाहु)، سوبجی (सु ची)، شسلا (शमी)، سوویراتا، دھرماسترا (धर्मात्मा)، سرمیہ راتہ ۔ ۔ ۔ رتا، وریحد سیتا، سودھنوا، سوتسرا، ستیاجیت، وشواجیت۔ یہ ترتیب راجاؤں کی حسب تحریر ولفورڈ صاحب کی ہے۔ گلکرسٹ صاحب کی ترتیب کسی قدر مخالف اس کے ہے۔ وہ سہادیوا کے بعد دو سرداں کے قایم کرتے ہیں۔ ان راجاؤں کے احوال میں سوائے نام کے کچھ بھی مذکور نہیں ہے۔ بعد خاندان وریحد راتا کے سوناکا کے خاندان میں ریاست گدھ نیس کی آئی۔ پہلا ان میں سے ریجا یا اور اس کے بعد چار راجہ اسی خاندان کے حسب ترتیب ہوئے پرادیوا، پلاکا، ویساچالوپا، اجاکا اور نندا ورددھان۔ اس کے احوال بھی دیئے ہی ہیں۔ جیسا کہ دریحد راتا کے خاندان کے احوال تھے بستا دھیرما سسوناکا کے خاندان کے راجاؤں کا پہلا راجہ ہوا اور اس کے بعد چترا جیا اور اس کے بعد دیدسا یا باسم باسرا جانشین ہوا۔

تمام شد

الحمد للہ والمنہ کہ یہ رسالہ لاجواب تحقیقات میں شہر عظیم آباد پٹنہ کی تصنیف سے نیاص زماں افتخار دوراں جناب مولوی خدا بخش خاں بہادر صاحب وکیل سرکار شہر پٹنہ و حال چیف جسٹس عدالت عالیہ ہائی کورٹ نظام حیدر آباد دکن دام اقبالہ کے اختتام کو پہونچا۔ مصنف نے اس رسالہ میں بڑی تحقیقات بہم پہونچائی ہے اور بڑی جانفشانی اور محنت سے بڑے بڑے محققوں کی تحقیقات سے خلاصہ کرکے لکھا ہے۔ اس رسالہ سے مصنف کی قابلیت، تواریخ دانی اور جغرافیہ دانی کمال درجہ میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس کتاب سے تمام لوگوں کو فائدہ حاصل ہوا خصوصاً عظیم آباد کے باشندوں کو۔

ڈاکٹر کلیم احمد عاجز

بود و باش عظیم آباد

یہ جگہ جہاں ہم آپ بیٹھے ہیں۔ سن رہے ہیں سنا رہے ہیں باتیں کر رہے ہیں باتیں بنا رہے ہیں۔ جیسے کر رہے ہیں سمینار کر رہے ہیں۔ اپنی خوبیوں دوسروں کی غلطیوں کو تحقیق و تنقید کے پردے میں دکھا رہے ہیں۔ اسی جگہ ایک تنہا شخص نے۔ کسی بادشاہ نے نہیں حکمراں نے نہیں سلطان نے نہیں، شہنشاہ نے نہیں ایک معمولی شخص نے ایک عاشق نے اپنے دل کی لگن سے فکر سے ذہن سے خاموشی سے ہمت آگاہی اور مشکل فراموشی سے کام کر کے کوشش کر کے خون جگر کا قطرہ قطرہ صرف کر کے ایک عظیم الشان تاریخی تہذیبی تمدنی مذہبی ادبی شعری خزانہ جمع کر دیا جس کی اجرت میں حکومت نے اسے ایک لفظ نام کے پہلے اور ایک لفظ نام کے بعد دیا۔ خاں بہادر اور سی آئی ای دنیا کام کرنے والوں کو بیساکھیوں کے سوا اور کیا دے سکتی ہے۔ اعزازات خطابات یہ سب بیساکھیاں ہیں۔ کسی کو لولا۔ لنگڑا اپاہج بنانا ہو تو اسے خطاب دیدو اعزاز دیدو۔ بہرحال اس سے پہلے وہ شخص اپنا کام کر چکا تھا اور پھر بیساکھیاں پھینک کر قبر میں چلا گیا۔

اب ہم ہیں اور ماتم اک شہر آرزو

کیونکہ جانے والا۔ سوز و ساز درد و داغ و جستجو و آرزو۔ کا ایک شہر ایک عظیم شہر آباد کر کے چلا گیا۔ جس کی ہم ابھی پوری طرح سیر بھی نہیں کر سکے ہیں۔ اب ہم مشرق سے مغرب سے شمال سے جنوب سے دور سے نزدیک سے کب سے آ رہے ہیں اور اب تک بخوبی اندازہ کر نہیں سکے ہیں کہ خدا بخش ہمیں کیا بخش گیا۔

اسی طرح یہ جگہ جہاں یہ عمارت کھڑی ہے یہ شہر عظیم آباد ہے جہاں ہم برسوں سے صدیوں سے

رہتے آرہے ہیں۔ نہیں جان سکے ہیں کہ عظیم آباد کیا تھا کیا رہا۔ اس کی خمیر کیا ہے۔ اس کی مٹی کیا ہے۔ اس کا پانی کیا ہے۔ اس کی ہوا کیا ہے اس کی آگ کیا ہے۔ میں ان چند سطروں میں آپ کو کیا بتاؤں گا؟ آج سے پچیس سال پہلے چھ سو "لمبے چوڑے صفحات کا مقالہ لکھ کر بھی ایسا لگا کہ ابھی تو کہانی شروع ہی کی ہے۔ پوری داستان باقی ہے ابھی تو دروازہ ہی کھولا ہے پورا مکان پڑا ہے۔ جس کے صحن وسائبان کمرے اور دالان میں بکھرے ہوئے سازوسامان مال واسباب پر کہیں کہیں لوگ بیٹھے ہیں۔ جیسے چتا پرستی بیٹھی ہو چتا پر دوسرے آگ روشن کرتے ہیں۔ لیکن یہ وہ ہیں جو کہتے ہیں۔

برق سے کرتے ہیں روشن شمع ماتم خانہ ہم

انھوں نے اپنے دروازے خود اندر سے بند کر لیے ہیں۔ اپنی چتا پر خود آگ لگا کر بھسم ہو جانا چاہتے ہیں۔ میں نے کچھ دروازے کھولے۔ کچھ نکال سکا کچھ نکلنے پر آمادہ ہی نہیں اور کچھ جل بھی گئے۔ حافظ فضل حق آزاد شمس العلما خان بہادر یوسف حسین رنجور عظیم آبادی۔ مشرقی عظیم آبادی۔ ولی عظیم آبادی، احقر عظیم آبادی وغیرہ وغیرہ چند ہیں جن کے متعلق میں یہ جان سکا کہ ان میں کسی نے تو اپنا سارا سرمایہ تخلیق سمیٹ کر باندھ پتھر رکھ کر کنویں میں ڈال دیا۔ یہ مشرقی منیری تھے۔ کسی نے روز شام کو بیٹے سے کہہ کر کچھ مسودے نکالے انگیٹھی میں ڈال کر کہا جائے بناؤ۔ شام کو انہیں مسودوں سے چائے بنتی رہی۔ پی جاتی رہی۔ گھٹتی رہی۔ یہ فضل حق آزاد عظیم آبادی تھے۔ کسی نے مرنے سے چند دن پہلے اپنی الماری کھلوائی۔ تمام مسودے نکالے بیٹے سے کہا ان میں آگ لگاؤ۔ جب سب مل کر راکھ ہو گئے تو سونے کے لیے کروٹ لے لی۔ یہ رنجور عظیم آبادی تھے۔ کسی نے مسودے نکالے۔ ایک مٹھی اسے دی تم لے جاؤ۔ ایک مٹھی اُسے دی تم لے جاؤ کماؤ کھاؤ احقر بہاری عظیم آبادی تھے۔ کسی نے دس بارہ سال کی عمر سے شاعری شروع کی۔ مشرقی اور مغربی تعلیم میں مہارت حاصل کی۔ ڈپٹی انسپکٹر آف اسکول بن گئے۔ شاد و آزاد کے ہمعصر رہے۔ دو چار مشاعروں میں لاابالی پن سے شریک ہوئے۔ پھر مشاعرہ ترک کر دیا۔ غزل کہتے اور جلا دیتے کبھی اِدھر اُدھر پھینک دیتے کوئی بیاض نہیں رکھی۔ بینتالیس سال کی عمر میں جب سرکاری ملازمت شباب پر تھی انسپکٹر آف اسکول ہونے والے تھے کہ ایک شب کروٹ بدلتے بدلتے دم توڑ دیا۔

سنتے ہیں سوز غم لیے ولی آج مرگیا
سمجھو کہ اس کے ساتھ محبت بھی مرگئی

یہ سید ولی الحق ولی سُرادی عظیم آبادی تھے۔

اور یہ سب سرپھرے۔ برق سے شمع ماتم خانہ روشن کرنے والے۔

تری پتلی کمر بل کھا نہ جائے ۔۔۔ یہ چوٹی کس لیے پیچھے پڑی ہے

قسم کے شعر کہنے والے نہ تھے کہ اپنے جگر پارہ تخلیقات کو اس نے پھینک دیا، دریا برد کر دیا، نذر آتش کر دیا کہ یہ کنگھی چوٹی کا تر کہ اپنے وارثوں کے لیے کیا چھوڑ جائیں۔ نہیں ع سنئے

گر مدعا سے کام ہے تو مدعا نہ مانگ ۔۔۔ ہمت جو ہو خدا سے بھی غیر از خدا نہ مانگ

گر ہاتھ ٹوٹ جائیں کسی سے مدد نہ لے ۔۔۔ گر پاؤں ٹوٹ جائیں کسی سے عصا نہ مانگ

بالش نہ ہو تو ہاتھ کو رکھ اینٹ بھی نہ چاہ ۔۔۔ بستر نہ ہو تو خاک پہ سو بوریا نہ مانگ

مانگے کی پونجیاں ہیں یہ ہاتھوں میں خلق کے ۔۔۔ اِن مفلسان دہر سے بھیک اے گدا نہ مانگ

یہ مشرقی منیری عظیم آبادی ہیں اور سنئے :

کھنچی ہے شمشیر ناز قاتل۔ چلے ہیں مشتاق اپنے گھر سے ۔۔۔ کفن لپیٹے ہوئے کمر سے کوئی اِدھر سے کوئی اُدھر سے

پوچھا جو کسی نے احقر سے کیوں طرز سخن کو چھوڑ دیا ۔۔۔ بولے کہ گیا جب موسم گل بلبل نے چمن کو چھوڑ دیا

اب اور کسی کو کیا دیکھیں نظروں میں کوئی جچتا ہی نہیں ۔۔۔ آنکھوں پہ تری صدقہ کر کے جنگل میں ہرن کو چھوڑ دیا

یہ احقر بہاری عظیم آبادی ہیں : اور سنئے

کس قدر دشوار تھا جینا اسے ۔۔۔ موت اب جس کے لیے آسان ہے

اس دلِ حسرت طلب کو کیا کہوں ۔۔۔ آگہی پر بھی بڑا نادان ہے

جان کیا شے ہے کہ ہم رکھیں عزیز ۔۔۔ مار ہی ڈالے اگر احسان ہے

عشق وہ دریائے اعظم ہے وؔلی ۔۔۔ قطرہ قطرہ جس کا اِک طوفان ہے

یہ وؔلی سَدّادی عظیم آبادی ہیں۔ کسے کسے پیش کروں کن کن دیوانوں کا نام لوں کیا کیا جلوے دکھاؤں۔ جلوہ ہائے صدرنگ کا یہاں موقع نہیں ہیں تو صرف ایک ہی حقیر سا جلوہ آخر میں دکھاؤں گا۔

ہاں اتنا کہنا ہے کہ آخر عظیم آباد میں ایسا کیوں ہوتا رہا اور کسی حد تک ایسا کیوں اب بھی ہوتا رہا ہے؟ میں نے تفصیل سے اور دلیل سے اپنے مقالے میں یہ عرض کیا ہے کہ دبستان عظیم آباد کی یہ خصوصیت رہی کہ یہاں بادشاہت بھی خوب رہی۔ ریاست بھی خوب رہی نوابی بھی خوب رہی شہریاری بھی خوب رہی مگر یہاں دربار داری کبھی نہیں رہی۔ یہاں کے بادشاہ بھی گدا یہاں کے رئیس بھی فقیر رہے۔ یہ پورا صوبہ خانقاہوں کے

بوریہ نشینوں کے زیر اثر رہا ہے۔ کیا مسلم کیا غیر مسلم کیا نواب کیا زمیندار کیا شہریار کیا تاجدار۔ سب حکمران بے تخت اور فرماں روایان بے تاج کے باز گذار عقیدتمند اور فرماں بردار رہے۔ حضرت مخدوم الملک یہاں کے حاکم اور تمام حکام ان کے محکوم۔ منیر شریف۔ پھلواری شریف۔ اجھر شریف۔ بہار شریف۔ جھٹلی شریف بیتھو شریف، بلھی شریف کی خانقاہیں اور خانقاہ ابوالعلائیہ، خانقاہ عمادیہ، خانقاہ اسھوا اور خانقاہ جعفریہ۔ خانقاہ شملی، خانقاہ تکیہ، خانقاہ میتن گھاٹ اور خانقاہ انبیر۔ اور شیخپورہ اور ایسی ایسی کتنی خانقاہیں صرف مذہبی مراکز ہی نہیں، سیاسی معاشرتی، تہذیبی، تمدنی ادبی اور شعری باگ ڈور بھی انہیں کے ہاتھوں میں تھی۔ ادب و شعر کے سرچشمے بھی یہیں تھے، یہ صوفیا دین و ایمان کے رہنما ہی نہیں تھے۔ ادب و شعر کے بھی استاد تھے اور انہیں کے اثرات سے اور انہیں کی مستی شراب سے عوام و خواص سب سرشار تھے رنگ انہیں کا تھا۔ سانچہ انہیں کا تھا۔ اسی میں سب ڈھلتے تھے سب پگھلتے تھے۔ مختصراً عرض کرنا ہے۔ اسی لیے عظیم آباد کی پوری تاریخ ادب و شعر پڑھ جائیے۔ یہاں کوئی جعفر زٹلی نہیں ہوا۔ کوئی میر صاحب نہ ہوا، کوئی سعادت یار خاں رنگین نہیں ہوا، کوئی جان صاحب نہیں ہوا، کوئی ہجو نگار نہیں ہوا، کوئی مزاحیہ نگار نہیں ہوا، کوئی شہرت عزت نام و نمود کا خواستگار یہاں نہیں ہوا۔ سب فقیر منش گوشہ نشیں درویش صفت کم آمیز کم سخن ایک سے ایک وضعدار ایک سے ایک طرحدار ایک سے ایک خوش گفتار ایک سے ایک سخن فہم ایک سے ایک حاضر جواب معاملہ فہم دوربیں روشن ضمیر روشن دماغ لیکن سب کے سب اس مزاج کے

صفِ اولیں تو ہے خاص صفِ شہاں جا سکو بیچ کہاں شرف   صفِ آخریں سے بھی دور تر جو اشارہ ہو تو وہیں سہی

خاکسار منکسر المزاج متواضع مہمان نواز دوسروں کو سر آنکھوں پہ بٹھانے والے دوسروں کو اوپر بٹھا کر خود نیچے بیٹھنے والے، قطرۂ خونِ دل سے دوسروں کی تواضع کر کے خود بھوکے رہ جانے والے۔ ہمیشہ آنے والوں کے لیے جگہ خالی کرنے والے۔ آنے والے ایران سے بھی آئے اور آتے رہے دہلی سے بھی آئے اور آتے رہے لکھنؤ سے بھی آئے اور آتے رہے۔ فغاں بھی آئے۔ ضیا بھی آئے، فدوی بھی آئے، عشقی بھی آئے۔ اور ایسی مہمان نوازی ہوئی سرفرازی ہوئی بے تکلفی ہوئی، قدردانی ہوئی کہ یہیں کے گھر کے ہو گئے۔ غالب آئے اور سون کا پانی پی کر دہلی کا سوہن حلوہ بھول گئے۔ داغ آئے اور ساون کے انتظار میں بیٹھ گئے کہ

کوئی چھینٹا پڑے تو داغ کلکتہ چلے جائیں

ایک چھینٹا یہاں کا ساڑھے تین سو میل اڑا دیتا ہے۔ داغ کے داماد آئے اور یہ کہتے ہوئے آئے کہ

حاجب باب آخر بندۂ آزاد آیا　　　سائل آیا نہ کہو معتقد شاد آیا

فصاحت لکھنوی آئے۔ شمشاد لکھنوی آئے۔ اور ان میں سے کسی نے بے تکلفی میں ہنسی ہنسی میں اگر طنز کر دیا کہ

اظہار ہوئے مشک غزالوں کے سامنے؟　　　دعویٰ غزل کا لکھنؤ والوں کے سامنے؟

تو پیچھے سے کسی نے چپکے سے سر اٹھا کر فی البدیہہ کہہ دیا۔

یہ بستی اب بھی بازار ختن ہے باکمالوں سے　　　غزال آنکھیں چراتے ہیں عظیم آباد والوں سے

پھر جلدی سے سر جھکا لیا کہ مہمانوں کی دل شکنی نہ ہو جائے۔ ایسا کہیں نہیں ہوا ہوگا کہ صدیاں گذر جائیں اور کسی شاعر کا کلام اس کی زندگی میں شائع نہیں ہوا ہو۔ نہ کسی شاعر نے اپنا کلام خود چھپوایا۔ نہ چھپوانے کی وصیت کی نہ ترغیب دی بلکہ ضائع کر دینے کی تاکید کی۔ علامہ فضل حق آزاد عظیم آباد سے تقریباً چالیس میل دور اور قریب ترین ریلوے اسٹیشن سے بھی چھ میل کی مسافت پر ایک ایسے گاؤں میں جہاں کوئی سڑک نہیں جاتی تھی۔ اور شاید اس وقت تک وہاں کوئی چھوٹی سڑک بھی نہیں گئی ہے۔ اپنے پرانے وضع کے دو منزلہ مکان کے نچلے دالان میں رہتے تھے ایک مکان عظیم آباد میں اسی لائبریری کے قریب جہاں پٹنہ کالج کا صدر دروازہ ہے کے پاس بھی تھا۔ کبھی کبھی شہر آجاتے۔ پالکی یا گھوڑے پر اتھوا اور پھر وہاں سے جہان آباد۔ جہان آباد سے پٹنہ۔ کسی بڑے مخصوص مشاعرے میں شریک ہوتے چند روز قیام کر دیتے اور پھر گاؤں شاہو بیگہ چل دیتے۔ آخر کے دس پندرہ سال گوشہ نشینی میں گذار دیئے ٹرنک سے اور الماریوں سے نظموں اور غزلوں کے اوراق نکلواتے جاتے بنواتے۔ نئی نظمیں قطعات اور مرثئے لکھتے۔ عشرۂ محرم کے دوران کرسی نما سواری پر چار آدمیوں کے سہارے امام باڑے پر جاتے۔ مرثیہ پڑھتے کاغذ پھینک دیتے یا کسی کے حوالے کر دیتے۔ اور پھر اُسی طرح کرسی کی سواری پر واپس لائے جاتے۔ بینائی کمزور ہو گئی تھی۔ زندگی بھر اپنی تصویر نہیں کھنچوائی ایک عزیز اور شاگرد نے اسی دوران امام باڑہ سے مرثیہ پڑھ کر چار آدمیوں کے سہارے کرسی گاڑی پر واپس آتے وقت چپکے سے کیمرہ نکالا نیم نابینا آزاد کو کھٹکے سے کچھ شک ہوا ڈانٹتے ہوئے پورے دائیں بازو سے اپنے چہرے کو چھپانے کی کوشش کی کیمرہ کا کھٹکا دب چکا تھا اور علامہ فضل حق آزاد کی ایک ہی تصویر یوں ہی آئی کہ نصف چہرہ دائیں بازو سے چھپا ہوا ہے۔ میں نے اپنے مقالے کی ترتیب کے وقت اسی نادر تصویر کو پٹنہ کے مشہور آرٹسٹ مہدی کو دیا۔ انھوں نے اپنے فن کی پوری صناعی

وہ بے نور بے بازوئے اندر چھپے ہوئے چہرے کو نمایاں کرتے ہوئے بانو کو کرسی تک لے آنے کی کوشش اور کامیاب کوشش کی ہے مگر دوربین نگاہیں اس صناعی کا پتہ چلا لیتی ہیں۔

علامہ ظہیر احسن شوق نیموی عظیم آبادی، مولانا ابوالکلام آزاد، مغل شہزادگان شہزادہ رئیس بخت اور شہزادہ ربیدہ بخت اور سیکڑوں نہیں تو درجنوں مشہور اور معروف شخصیتوں کے استاد، جامع اظہر اور مصر و عرب اور دوسرے بلاد اسلامیہ کی اونچی درسگاہوں میں داخل نصاب کتاب آثار السنن کے مصنف ۳۲ / ۳۴ سال کی عمر میں مشاہیر روزگار میں شمار ہونے والے جوانی ہی میں دبستان لکھنؤ کے ادبی علمی اور فنی معرکے جیتنے والے۔ یادگار وطن، نغمہ راز، ازاحۃ الاغلاط، الاصلاح، سرمۂ تحقیق جیسی علمی فنی اور تحقیقی کتب کے مصنف دینیات اور حدیث کے موضوع کے ماہر پٹنہ عظیم آباد سے تقریباً بیس میل دور ایک ایسے کوردہ دیہات کے رہنے والے جہاں اس وقت ۱۹۸۸ء تک کوئی سڑک بھی نہ جا سکی۔ ۳۲ سال کی عمر میں شعر و سخن علم و فن کی چوٹی پر پہنچ کر ۴۴ سال کی عمر میں ایک نہایت معمولی مرض کو بہانہ بنا کر دنیا کی شہرت اور ناموری سے منہ موڑ کر اسی گاؤں کے گمنام آبائی قبرستان میں سو رہے۔ انہیں کے ایک تقریباً گمنام جواں مرگ نہیں نوجواں مرگ شاگرد کے مختصر احوال بیان کر کے یہ حقیر مقالہ ختم کروں گا۔

کیٹس، شیلی، پنڈت دیا شنکر نسیم کا شمار جواں مرگ شعرا میں ہوتا ہے۔ یہ جوانی میں روشناس خلق تھے۔ وسائل و اسباب مہیا تھے ان کی طبع شہرت پسند کو ان وسائل و اسباب شہرت کے استعمال کا سلیقہ بھی تھا۔ یہ بھی آمادۂ اظہار جمال تھے اور دنیا بھی مشتاق و طلبگار جمال تھی۔ دونوں ہم آہنگ ہو گئے کاروبار شعر و سخن چل پڑا۔ اب تک بزنس جاری ہے مال بھی آ رہا ہے اور خریداروں کا ہجوم بھی ہے۔ ایک ایسا شاعر بھی اس سرزمین عظیم آباد کی خاک سے اٹھا جس نے یہ سب کچھ دیکھا نہ پایا روشناس خلق ہونا کسے کہتے ہیں شاید یہ بھی نہ جانتا ہو طبع شہرت پسند تو خیر تھی ہی نہیں اس دور میں کسی میں رہی ہی نہیں کاروبار شعر و سخن سے بھی واقف نہ تھا۔ خریداروں کے ہجوم سے بھی بے نیاز۔ کمسنی میں حضرت عشق کے ہاتھ لگ گیا۔ ان حضرت نے پانچ چھ سال کے اندر اسے توڑ مروڑ کر گلا پگھلا کر جام میں ڈھال کر نوش فرما کر راستہ لیا۔ اس توڑ مروڑ اور گلنے پگھلنے کے دور میں کچھ آہیں کچھ کراہیں کچھ سسکیاں کچھ ہچکیاں کچھ آنسو کچھ لہو ادھر ادھر اڑ کر گر کر ہوا میں پھیل کر سمٹ کر شعر و غزل کا جامہ پہن کر کچھ روز مجلس ماتم سجا گئے۔ پھر وہ بھی کہیں پرانے دھرانے کٹے پھٹے کپڑے پہن کر پہنکا گئے۔ کچھ لوگوں نے ترس کھا کر رحم کھا کر ان کو پریس میں بھیج دیا وہ استری ہو کر آ گئے اور پرانے

کپڑوں کے بکس میں دیمک کی غذا بننے کے لیے رکھ دیئے گئے۔

یہ نوجوان مرگ شاعر جو ۱۱ر ۱۲ سال کی عمر سے غم سے پگھلا ہوا دل اشکوں سے بھیگی ہوئی آنکھیں اور درد میں ڈوبی ہوئی زبان لیے عظیم آباد کی گلیوں میں پانچ چھ برس چلا پھرا ڈگمگایا لڑکھڑایا گرا اٹھا اور یوں ہی ڈگمگاتے لڑکھڑاتے گرتے اٹھتے کچھ کہہ گیا پکار گیا یاد آدھ پاؤ بوجھ دل کا اتار گیا اور منوں بوجھ سے لدا لدایا تھکا تھکا یا بیس ۲۱ سال کی کچی عمر میں کچی مٹی کی قبر میں چلا گیا۔ ایک چھوٹا سا بچا کھچا دیوان غزلیات اور ایک بہت بڑا حلقہ قدر دانوں اور ماتم گساروں کا چھوڑ گیا۔ زمانہ انھیں بھی مٹی اوڑھا گیا۔ داغ فراقِ صحبت شب کی جلی ہوئی شمع ایک چھوٹا سا دیوان تھا۔ اس کا بھی پتہ لگنا دشوار ہو گیا۔ اپنے مقالے کی تیاری کے دوران آج سے ۵۲ سال قبل خدا جانے کہاں کہاں کی خاک چھانی۔ اپنے ذوق تلاش اور جستجو کی سراغ رسانی ایک ٹیلے پر بنی ہوئی چھوٹی سی مسجد میں لے گئی جہاں علامۂ شوق نیموی کے صاحبزادے مولانا عبدالرشید فوق نیموی سے ملاقات ہوئی ان کے عالم جذب و کیف بے نیازی اور استغنا نے مشکل سے مخاطبت کا موقع دیا۔ اپنی آرزو بیان کی۔ کتابوں کے ڈھیر میں سے ایک میلی کچیلی کتاب عنایت کی یہ دنیائے اردو کے غالباً سب سے کمسن صاحب دیوان اور صاحب طرز شاعر مرزا علی رضا ضیاؔ عظیم آبادی کا مجموعۂ غزلیات تھا۔ بغیر تمہید کتاب ہذا پر جو مختصرا تقریظ یا تعارف ضیاؔ عظیم آبادی کے برادر نسبتی حافظ عبدالغنی کا رقم کردہ ہے وہ پیش ہے۔

مرزا علی رضا ضیاؔ عظیم آبادی جناب مرزا علی قدر مرحوم کے چھوٹے صاحبزادے شہر عظیم آباد کے محلہ شاہ کی املی کے رہنے والے تھے کمسنی ہی میں ان کو شاعری کا شوق ہوا۔ جناب سید عبدالجان صاحب تخلص بہ مائل عظیم آبادی رئیس محلہ کنگھیا ٹولہ عظیم آباد تلمیذ حضرت شوقؔ نیموی کے شاگرد ہوئے چند سال تک ان سے اصلاح لیتے رہے۔ پھر اپنے استاد الاستاد علامۂ شوق نیموی کو اپنا کلام دکھایا۔ طبیعت ایسی موزوں اور خداداد پائی تھی کہ بہت جلد اتنی ترقی کر گئے کہ اساتذۂ فن بھی قدر کی نگاہ سے دیکھنے لگے جس بزم مشاعرہ میں شریک ہوتے اپنے کلام کی روشنی سے اسے چمکا دیتے۔ پٹنہ گیا صاحب گنج میں اکثر ان کی شرکت ہوئی۔ لکھنؤ گئے وہاں بھی اپنا رنگ جمایا۔ ہمیشہ آزادی کے ساتھ بسر کرتے رہے۔ کچھ دنوں فقیرانہ وضع اختیار کی گیروا لباس پہنتے رہے۔ شادی بھی نہ ہونے پائی تھی کہ باد اجل کا وہ سخت جھونکا آیا کہ مرحوم کی شمع حیات یکایک گل ہو گئی۔ سارا گھر اندھیرا ہو گیا ۷ر محرم ۱۳۱۹ھ کو ہیضہ کیا اور ۸ر محرم کو بعد طلوع فجر بیس اکیس سال کی عمر میں انتقال کیا۔ مرحوم ضیا جیسے خوش فکر و خوش گو تھے اسی طرح خوش رو خوش وضع اور جامہ زیب

بھی تھے مرحوم کا یہ مقطع جب یاد آتا ہے تڑپا دیتا ہے۔

تری جامہ زیبی تیری وضع داری
ضیا تیرے لاشے پہ کرتی ہے ماتم

مرحوم نے مرنے سے قبل ایک لاجواب مطلع کہا تھا۔ جوان کا آخری کلام موزوں ہے۔ بیاض پر یا کسی
پرچے پر نقل کرنے کا بھی موقع نہ ملا۔ اپنے احباب کو سنایا تھا جو نقش کا الحجر ہو گیا۔

اک ٹیس جگر میں اٹھتی ہے اک درد سا دل میں ہوتا ہے
ہم راتوں کو اٹھ کر روتے ہیں جب سارا عالم سوتا ہے

جناب سید عزیز الدین بلخی مرحوم کی غیر مطبوعہ تاریخ شعرائے بہار حصہ دوم میں مرقوم ہے۔
ضیا باشندہ شاہ کی املی پٹنہ۔ ماہ ذیقعدہ ۱۲۹۹ھ میں پیدا ہوئے۔ تحصیل علم معمولی تھی۔ مگر
شاعری کا مذاق صحیح خداداد تھا۔ ۱۲، ۱۳ برس کی عمر سے شعر موزوں کرنے لگے۔ گو آسودہ حال نہ تھے لیکن رات دن
اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے سوائے فکر شعر کے اور کوئی فکر دنیا و مافیہا کی نہ تھی۔ یہاں تک کہ ۱۹ سال کی عمر میں ایک
دیوان ردیف وار مرتب ہو گیا۔ جسے ان کے انتقال کے بعد لوگوں نے چھپوا دیا تھا۔ ابتدا میں مولوی عبد السبحان
مائل تلمیذ علامہ شوق نیموی کو اپنا کلام دکھاتے تھے۔ جب طبع رنگین کی روانی کثرت مشق سے روزافزوں
ترقی پذیر ہونے لگی تو براہ راست حضرت شوق نیموی سے تلمذ حاصل کیا تاہم اس وقت ان کا کلام محتاج اصلاح
نہیں رہا تھا۔ ان کے کلام میں استاد کے رنگ کے برعکس عاشقانہ رنگ کے ساتھ کیف و اثر اور میر و راسخ
کے انداز کا سوز و گداز نمایاں ہے۔
ان کی زندگی نے وفا نہ کی اور ان کا جوہر طبع زیادہ رونما نہ ہو سکا صرف بیس سال کی عمر میں محرم
۱۳۱۹ھ میں انتقال کیا۔ مرنے سے کچھ دنوں پیشتر جو حسرت آمیز اور پر درد اشعار کہے ہیں۔ ان میں اکثر
اشعار پیشین گوئی کا انداز رکھتے ہیں۔ پڑھنے کا انداز بھی بہت دلکش اور موثر تھا۔ عجب دل آویز لے کے ساتھ
ایسے پر درد لہجے میں پڑھتے کہ سن کر کوئی شخص متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔"
عزیز الدین بلخی صاحب نے اس کے بعد ضیا کے متعلق عاشق مزاج ہونے اور نتیجتاً کشتۂ عشق
ہونے کی طرف مختصر اشارے کیے ہیں۔

اب میں اپنے مقالہ کا حصہ سناتا ہوں۔
ضیا کے متعلق تحریری واقعہ یہ ہے کہ انھوں نے ہیضہ کے مرض میں ایک دن بیمار رہ کر جان دی
اور معتبر روایت یہ ہے کہ غم جاناں کی شدت حد سے زیادہ ہوئی تو ضیا نے زہر کھا لیا۔ اعزہ اور احباب نے

ات کی نوعیت دیکھ کر پولس کی تحقیق و تفتیش اور واقعہ کے طشت از بام ہوجانے کی رسوائی کے
ے سے حقیقت پر پردہ ڈالا اور ہیضے سے انتقال کرنا مشہور کیا۔

ضیاؔر کی غزلیات قطعات اور منظوم خطوط سے ان کی مکمل داستان جو واقعی مختصر ہے تصویروں
ؔ آراستہ کی جا سکتی ہے۔ ضیار کی سوانح لکھنے والا اس بات کا محتاج نہیں کہ حالات تفصیلات اور
ریات کے لیے کہیں اور نگاہ ڈالے۔

بیٹھا ہوا ہے سامنے ہی بزم میں ضیاؔ — تم دیکھتے ہو اس کو مری جاں اِدھر اُدھر!

ں کا پردہ ایسا ہے کہ ڈھونڈنے والی آنکھیں اکثر دھوکا کھا جاتی ہیں۔ ضیاؔر نے کچھ ایسا ہی اہتمام کیا۔

ضیاؔر ایسا بیٹھے ہو محفل میں چھپ کر — کہ سب کہہ رہے ہیں کہاں ہے کدھر ہے

ہ منٹ کی کوشش کے بعد ہم ضیاؔر کے دیوان کچھ اشعار منتخب کر کے ضیار کو چلتا پھرتا آہیں بھرتا روتا
نا اور دفن ہوتا دکھا سکتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ یہ داستان یا کہانی صرف ضیاؔر کے چند مقطعوں سے
تب کی گئی ہے۔

مرزا علی رضا ضیاؔر آزاد مزاج یارباش خوش فکر خوش معاش ماں باپ کے پیارے گھر بھر کی
نکھوں کے تارے صبح شام ہنستے کھیلتے گذرتی تھی۔

حال میرا ہے سننے کے قابل — اک زمانہ وہ تھا کہ لیل و نہار
عیش و عشرت میں کٹتے تھے میرے — ہر گھڑی رہتا تھا میں باغ و بہار
روز کپڑے نئے بدلتا تھا — روز جاتا تھا سیر کو بازار
دوست احباب ساتھ ہوتے تھے — ایک سے ایک ان میں خوش اطوار
آنکھیں لڑتی تھیں جب حسینوں سے — کچھ اشاروں میں ہوتے تھے اقرار
یوں ہی کچھ دیر جب گذرتی تھی — ہنس کے کہتے تھے تب مرے غمخوار
ہوں گی نظارہ بازیاں کب تک — گھر بھی چلئے گا یا نہیں سرکار!

ضیاؔر گھر چلے آتے تھے۔ یہ دور تماش بینی کا دور تھا۔ مگر اس میں وہ لذت نہیں وہ آسودگی نہیں جس کی
تلاش ایک شاعر کے مضطرب دل کو ہوتی ہے۔ ضیار نظارہ بازیوں سے مضطرب نفس کی آسودگی کا سامان
تو کر لیتے تھے اس غیر محسوس جذبۂ تلاش و جستجو کو مطمئن نہیں کر سکتے تھے جو آتش گل نہیں آتش نمرود کا

خواہش مند تھا۔ وہ عشق کرنا چاہتے تھے۔ عشق کے لیے جینے اور جلد مرجانے کے لیے پیدا ہوئے تھے
اپنے مقصد حیات کی جستجو انھیں بے چین رکھتی تھی اور اس بے چینی کا علاج وہ ڈھونڈتے تھے۔

پھر نہ سے ابھی کہہ نہیں سکتے ہیں ضیاؔ ہم　　　　کیا ہوتا ہے عشق بت بے پیرہن دیکھیں

چنانچہ راہ میدان عشق نے اس دیکھنے کی آرزو اور تمنا میں آتش نمرود میں چھلانگ لگا ہی دی اور پہلے ہی قدم سے اس مقام پر لاکر کھڑا کر دیا جہاں سب کچھ نذر آتش کر دینا پڑتا ہے۔

دیکھ لینی تھی ذرا اس کی جھلک پھر تو ضیاؔ　　　　جان پیاری تھی کہیں اور نہ دل پیارا تھا

دل ہی عزیز نہ رہا تو جان کا تعلق تو دل کے ساتھ ہے۔ جب یہ دونوں ہیچ ہو گئے تو ان سے پیار رکھنے والے بھی بے قیمت اور بے قدر ہو گئے۔

کیا جانئے کیا ضیاؔ کو یہ سوجھی کہ اک بیک　　　　اپنے پرائے لوگوں سے بیزار ہو گیا

کیسے اپنے کیسے پرائے کیسا گھر کیسا آرام کیسے دوست کیسے احباب سب سے رشتہ توڑا اور ناتہ جوڑا تو کہاں؟

مدت سے ضیاؔ کوچہ جاناں میں پڑا ہوں　　　　ارماں اب تک کوئی نکلا مرے دل کا

یاران خوش اطوار جن کے ساتھ مشق سیر بازار ہوتی تھی فکر مند ہیں پریشان ہیں بے چین ہیں حیران ہیں کوئی کہتا ہے۔

اے ضیاؔ عشق کا آزار ہوا ہے تم کو　　　　اب تو اچھے نظر آتے نہیں آثار مجھے

کسی کا دل زیادہ گداز تھا۔ پوچھنے میں کہنے میں سمجھانے میں بڑا مشفقانہ انداز ہے۔

تم نے کاٹی ہے ضیاؔ ہجر کی رات آنکھوں میں　　　　اترا اترا سا نظر آتا ہے چہرا مجھ کو

کسی نے ناصحانہ اور مدبرانہ پیرایۂ گفتگو اختیار کیا۔

اک روز ضیاؔ عشق میں ہو جاؤ گے بدنام　　　　یہ راز تو وہ ہے جو چھپایا نہیں جاتا

ضیاؔ اپنے غمخواروں کی باتیں سر جھکائے سنتے ہیں پھر آسمان کی طرف نگاہیں اٹھا کر کہتے ہیں۔

بڑھتی چلی جاتی ہے الجھن دل کو سنبھالے جاتے ہیں　　　　دیکھئے آگے عشق میں کیا ہو لوگ بہت سمجھاتے ہیں

ضیاؔ سوچتے ہیں رہگذر پر کب تک پڑا رہوں۔ آنے جانے والوں کی ٹھوکریں کھاؤں۔

بن کے ارماں اس نے دل میں گھر کیا اے ضیاؔ　　　　اس کے دل میں آہ بن کر میں گذر اپنا کروں

سوچتے ہیں گذر کرنے کی صورت کیا ہو؟ پھر سوچتے ہیں کہ یہ تو آسان ہے۔

اے ضیاؔ رسن کے غزل ہوں گے وہ بیتاب ضرور ‌ ‌ ‌ ‌ دردِ جیسا تیرے اشعار میں ہم دیکھتے ہیں

جگر لخت لخت کو جمع کرتے ہیں خونِ دل سے رنگین کر کے آنسوؤں سے ملا کرتے ہیں اور غزل لے کر اُس رہزنِ عافیت اور دشمن راحت کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔ غزل کے اشعار پڑھتے ہیں اور مقطع عرض کرتے ہیں۔

آپ کا عاشق آپ کا شیدا آپ پہ مرنے والوں میں ‌ ‌ ‌ ‌ ہے جو ضیاؔ اک دردرسیدہ اسکو کیوں تڑپاتے ہیں

یہ کیا قیامت ہوئی غزل سنائی مقطع کیوں پڑھ دیا نام کیوں ظاہر کر دیا۔

کبھی کو سنا نہ سنتا نہ کبھی نکالا جاتا ‌ ‌ ‌ ‌ یہ اسے بتا دیا کیوں کہ ضیاؔ ہے نام میرا

یہ خانماں برباد یہ بے ننگ و نام یہ کوچہ گرد اور یہ ہمت ؟ حکم ہوا نکل جاؤ۔ ضیاؔ رو پڑے۔

در سے نہ اٹھاؤ تم ضیاؔ کو ‌ ‌ ‌ ‌ کمبخت پھرے گا مارا مارا

لیکن نہ آہ و زاری کام آئی نہ التجا گذاری۔ قدم چھوڑنا ہی پڑا اور سنگ نامرادی سے سر پھوڑنا ہی پڑا پھر تو یہ حال ہوا۔

جب اسکے کوچے میں دیکھا ضیا کو۔ یوں دیکھا ‌ ‌ ‌ ‌ کلیجہ ہاتھوں سے تھامے ہوئے ٹہلتا ہے

عشق طشت از بام ہو ہی چکا۔ حال دل چھپا نہ رہا۔ اپنے تو واقف ہی تھے غیر بھی جان گئے۔ آنے جانے والے گذرنے والے بھی پہچان گئے۔ دوست تو یار تھے ہی دشمن بھی غمخوار بن گئے۔ بڑے بڑے کافروں کا کلیجہ پگھل گیا۔

ضیاؔ کو دیکھ کے اللہ ہم کو یاد آیا ‌ ‌ ‌ ‌ کوئی کسی کے لیے یوں خراب ہوتا ہے

راستہ چلنے والے بھی ترس کھانے لگے۔

اب تو دیکھی نہیں جاتی ہے ضیاؔ کی حالت ‌ ‌ ‌ ‌ ہائے کمبخت کی مشکل کہیں آساں ہو جائے

آخر لوگ طنز تک اتر آئے۔

منع کرتے تھے اس دن کے لیے ہم تم کو ‌ ‌ ‌ ‌ دل لگانے سے ضیاؔ کیا ہوا حاصل دیکھا؟

ضیاؔ کا تحمل جواب دے گیا۔ کوچۂ جاناں سے اپنی کملی اٹھائی عشق نے پاؤں تھامے تمکین نے ہاتھ پکڑ کھینچا اور ضیاؔ نے اک آہ کی۔

شہر کیوں چھوڑا ضیاؔ نے کیا کہوں ‌ ‌ ‌ ‌ آپ کے باعث بہت بدنام تھا

وہی لوگ جو کل ضیاؔ کو آتے جاتے کوچۂ جاناں کے قریب کلیجہ ہاتھوں سے تھامے ٹہلتا دیکھتے تھے۔ اب کیا

دیکھتے ہیں۔

آج دیکھا تھا ضیاؔ کہ چلا جاتا تھا — کفنی پہنے ہوئے کاندھے پہ کمبل ڈالے

جاننے والے جانتے ہی تھے حالات سے باخبر ہی تھے۔ لیکن بات اتنی گئی گذری ہوگئی تھی کہ قابلِ اظہار نہ تھا۔

کس کے لیے ضیاؔ نے لیا جوگ کیا کہوں — آوارہ کیوں ہے چھوڑ کے گھر کچھ نہ پوچھیے

گھر چھوڑا یار کا سنگ در چھوڑا یہاں تک کہ شہر بھی چھوڑا۔ رسوائیوں نے قدم اکھاڑ دیا۔ لیکن دل وہ ظالم ہے طبیعت وہ آفت ہے۔ عشق وہ قیامت ہے کہ جب برپا ہوتا ہے۔ پندارِ خودی تمکین و ہوش سے گلے مل کر رہ جاتا ہے۔ ضیاؔ کہتے پھر بھی دل سنبھالے نہیں سنبھلتا طبیعت منائے نہیں منتی عشق سمجھائے نہیں سمجھتا۔

نہ کاٹے کٹے تیری فرقت کے دن — مجھے گنتے گذرے قیامت کے دن

بے آبرو ہو کر نکلنے کے بعد بھی منہ کوئے جاناں ہی کی طرف ہے۔

جی پھر یہ چاہتا ہے چلیں انکی بزم میں — پھر سوچتے ہیں جائیں ضیاؔ بے بلائے کیوں

اور کبھی عالمِ یاس میں پکارتے ہیں۔

سناتا شعر مرے حسبِ حال کہ کے اسے — یہ کام کوئی جو کرتا تو میرے جی کا تھا

یہ کشمکش، نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن، عقل و عشق کی جنگ، خودی و بے خودی کی معرکہ آرائی آخر کسی کو رحم آگیا۔

غمِ فراق میں روتے ہو کیوں ضیاؔ ہر دم — تمہارے یار کو تم سے ملائے دیتے ہیں

اس ظالم مظلوم نما کے یہاں ضیاؔ کا سفارشی بن کر جاتا ہے۔ اور سفارش میں ایک مخلص شفیع کا انداز ہے

حیف صد حیف کہ سب لوگ ہوں سر آنکھوں پر — اِک ضیاؔ آپ کی محفل میں نہ پوچھا جائے؟

ضیاؔ کون ضیاؔ ؟ سفارشی عرض کرتا ہے۔

ضیاؔ وہی ہے جو در پہ تمہارے آتا تھا — لباس گیروا پہنے فقیر کی صورت

ارے وہ ضیاؔ ۔ وہ کمبخت، وہ خانماں برباد وہ بے ننگ و نام

کس قیامت کا پیامی کو ملا ہے یہ جواب — جان سے اپنی وہ جاتا ہے تو اچھا جائے

پیامی ناکام و نامراد واپس آتا ہے اور ضیاؔ ایک آہ کھینچتے ہیں۔

ابھی بات بات پہ کہتے ہو کہ ضیاؔ حیا ہو تو ڈوب مر   کبھی کمبل میں بیٹھیں گے جان پر تو کہو گے ہائے یہ کیا کیا

پھر سوچتے ہیں یہ سچ ہے بجا ہے

کیونکر کوئی حسین تمہیں چاہے اے ضیاؔ   کچھ ایسی شکل ہے نہ کچھ ایسا لباس ہے

کفنی پہنے وہ بھی گیروا۔ کاندھے پہ کمبل ڈالے فقیر کی صورت، نمانہ بربادی کی حالت

وہ ہمیں رنجیدہ خاطر ہے ضیاؔ   جس کو دنیا دیکھ کر رنجور ہو

معشوق پیامی کی سفارش ٹھکرا کر کلکتہ چلا جاتا ہے۔

سن کے کلکتہ آپ کا جانا   یوں میں بدلا کوئی نہ پہچانا
پہروں تصویر سا رہا خاموش   اڑ گیا رنگ رخ کا صورت ہوش
کاٹو تو کچھ نہیں بدن میں لہو   ڈبڈبا آئے آنکھ میں آنسو

گھر چھوڑنا، یار کا کوچہ بسانا۔ احباب کے طنز برداشت کرنا، معشوق کی خفگی، آستان یار چھوٹا، شہر چھوٹا۔ آہ و فغاں کراہیں اور آنسو۔ معشوق سے سفارش انکار، ٹھوکر تمام مراحل گذر گئے اب باقی کیا رہا۔

زہر ملتا تو کھا کے مر جاتے   زندگی تلخ ہے خدا کی قسم

ارادہ کر لیا تو پھر کیا مشکل ہے۔ جس کا کوئی دوست نہیں جس کا کوئی ہمدرد نہیں موت اس کی رفیق اس کی انیس اس کی مشکل کشا۔

زہر کھا کر سو رہے فرقت کی سب   اپنی قسمت میں یوں ہی آرام تھا

وہ احباب جو سمجھاتے تھے، کبھی طنز کر جاتے تھے۔ وہ خوش اطوار غم خوار، رفیق سر بازار کیوں نہ روتے

ضیاؔ تو نے کس وقت میں جان دے دی   ابھی تھے ترے عیش و عشرت کے دن

ضیاؔ جان پر کھیل ہی بیٹھے اور اپنی پیشن گوئی پوری ہی کر دی۔ تمام غم خواروں میں جو سب سے زیادہ مخلص تھی اس نے آکر فیصلہ دیدیا۔

نامرادی نے کہا لاش ضیاؔ پر رو کر   قدرداں ہائے کوئی تیری وفا کا نہ ہوا

اور ماتم کرنے والوں میں وہ بھی آئے جنھوں نے کوچۂ عشق میں قدم رکھتے ہی سب سے پہلے ساتھ چھوڑا تھا۔

ضیاؔ تیرے لاشے پہ کرتی ہے ماتم   تری جامہ زیبی تری وضع داری

اور پھر سب جمع ہوتے ہیں جاننے والے بھی پہچاننے والے بھی ماننے والے بھی پیار کرنے والے بھی طنز کرنے والے بھی اور ٹھوکر لگانے والے بھی۔ موت نے سب کو جوڑ دیا جن کو زندگی نے توڑ رکھا تھا۔

بازار میں ہلچل ہے حسینوں میں ہے ماتم   احباب کے کاندھوں پہ ہے تابوت ضیاؔ کا

اور آخر یہ وہ بھی پہنچا جو اس داستان کا عنوان ہے۔

بولے رو کر وہ مری میت پر   اے ضیاؔء آپ نے دی جان عبث

آخری ارمان بھی پورا ہوا کہ نہ ہوا تحقیق نہیں۔

شاید اسی کے کوچہ میں ہو احتمال ہے   کچھ کچھ پتہ چلا ہے ضیاؔ کے مزار کا

ڈاکٹر ریحانہ بیگم

فرمانروایانِ اودھ کے حرم کی زندگی کے کچھ پہلو

مغلیہ دور ہی سے صوبہ اودھ سیاسی، اقتصادی اور ثقافتی حالات کے پیشِ نظر ہندستانی تاریخ کا ایک اہم حصّہ رہا ہے۔ مجموعی طور پر اودھ کی سیاسی تاریخ دو حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے۔ ایک نوابی دور جو ۹ ستمبر ۱۷۲۲ء میں سعادت خاں برہان الملک کے اودھ کی صوبہ داری حاصل کرنے سے لیکر اکتوبر ۱۸۱۹ء میں غازی الدین حیدر کے بادشاہت اختیار کرنے تک تقریباً ایک صدی کے زمانہ کا احاطہ کرتا ہے۔ دوسرا دور بادشاہی دور کے نام سے منسوب ہے جو اکتوبر ۱۸۱۹ء میں غازی الدین حیدر کی تاج پوشی سے شروع ہوتا ہے اور اودھ کے آخری حکمراں واجد علی شاہ کے عہد میں فروری ۱۸۵۶ء میں اودھ کے انگریزی حکومت میں الحاق ہونے تک جاتا ہے۔

اودھ میں نوابی حکومت کے بانی سعادت خاں برہان الملک تھے۔ ان کا اصلی نام میر محمد امین تھا اور شجرۂ نسب امام موسیٰ کاظمؓ سے ملتا تھا۔ برہان الملک نے ۱۷۰۸ء (۱۱۰۲ھ)[1] میں نیشاپور خراسان[2] سے آکر ہندستان میں سکونت اختیار کی۔ یہاں وہ شہزادوں کی جاگیر کی دیکھ بھال کا کام کرتے تھے۔ ۹ ستمبر ۱۷۲۲ء میں مغل شہنشاہ محمد شاہ نے سعادت خاں کو اودھ کی صوبہ داری اور برہان الملک کے خطاب سے سرفراز کیا۔[3] سعادت خاں برہان الملک نے اپنے علاقے کا نظم و نسق بحسن و خوبی سنبھالا جس سے آمدنی میں کافی اضافہ ہوا۔ انھوں نے اپنی سیاسی سوجھ بوجھ اور دور اندیشی سے کام لے کر فیض آباد کو اپنا مستقر بنا کر ایک ایسی حکومت کی بنیاد ڈالی جس نے بعد میں ایک آزاد حکومت کی صورت اختیار کر لی۔[4] اودھ میں ان کے جانشینوں کی فرمانروائی ۱۷۲۲ء سے ۱۸۵۶ء تک چلتی رہی۔ برہان الملک (۱۷۲۲ء – ۱۷۳۹ء) کی وفات کے بعد ان کے داماد اور جانشین صفدر جنگ نے اودھ کی باگ ڈور سنبھالی۔ ان کا پورا نام محمد مقیم منصور علی خاں صفدر جنگ تھا۔ سب سے پہلے انھوں نے "نواب" اور "وزیر"[5] کے دونوں خطاب کو یکجا کر، "نواب وزیر" کا لقب اختیار کیا اور صوبے کی سرحد کی توسیع کی طرف خاص توجہ فرمائی۔

...ر جنگ، ۱۷۳۹ء تا ۱۷۵۴ء اودھ کے نواب وزیر رہے۔ ان کے داعیٔ اجل کو لبیک کہنے کے بعد ان کے بیٹے شجاع الدولہ اودھ کے نواب وزیر ہوئے۔ ان کا اصلی نام مرزا جلال الدین حیدر تھا اور ۱۷۷۵ء میں انھوں نے رحلت فرمائی تھی۔ نواب وزیر شجاع الدولہ (۱۷۵۴ء ـــ ۱۷۷۵ء) کے بعد تیئیس سال تک نواب وزیر آصف الدولہ نے اودھ کی مسند وزارت کو رونق بخشی۔ آصف الدولہ نواب وزیر شجاع الدولہ کے پسر اکبر تھے اور ان کا اصلی نام مرزا یحییٰ خان عرف مرزا امانی تھا۔ نواب وزیر آصف الدولہ (۱۷۷۵ء ـــ ۱۷۹۷ء) کی وفات کے بعد ان کے پسر متبنیٰ نواب وزیر علی خاں (۱۷۹۷ء ـــ ۱۷۹۸ء) نے بہت مختصر وقت کے لئے اودھ کی حکومت کی باگ ڈور سنبھالی تھی اور اس کے بعد ۱۷۹۸ء میں نواب وزیر آصف الدولہ کے چھوٹے بھائی نواب امین الدولہ سعادت علی خان عرف مرزا منگلی مسند نشین ہوئے۔ سعادت علی خان (۱۷۹۸ء ـــ ۱۸۱۴ء) کے رحلت فرمانے کے بعد ۱۲ر جولائی ۱۸۱۴ء کو ان کے لڑکے رفعت الدولہ نواب غازی الدین حیدر عرف بڑے مرزا اودھ کے نواب وزیر ہوئے۔ غازی الدین حیدر نے انگریزوں کی مدد و اعانت سے اپنی تاج پوشی کرا کر اودھ میں بادشاہی حکومت کا آغاز کر دیا۔ اس بادشاہت کے اعلان کے ساتھ فرمانروایان اودھ نواب وزیر کی جگہ شاہِ اودھ کہلانے لگے۔ غازی الدین حیدر نے ۱۸۲۷ء تک حکومت کی اور ان کی وفات کے بعد عنانِ حکومت ان کے لڑکے مرزا نصیر الدین حیدر شاہ زماں کے ہاتھوں میں آئی۔ چالیس برس کی عمر میں ۱۸ر اکتوبر ۱۸۲۷ء مطابق ۲۷ر ربیع الاوّل ۱۲۴۳ھ کو نصیر الدین حیدر کی تاج پوشی ہوئی۔ ۱۸۳۷ء میں ان کے انتقال کے بعد غازی الدین حیدر کے بھائی اور نواب وزیر سعادت علی خاں کے چھوٹے لڑکے محمد علی شاہ تخت نشین ہوئے محمد علی شاہ نے ۲۸ر جولائی ۱۸۳۷ء سے لے کر ۷ر مئی ۱۸۴۲ء تک حکومت کی اور بعد وفات ان کے جانشین امجد علی شاہ (۱۸۴۲ء ـــ ۱۸۴۷ء) نے اس سلسلے کو آگے بڑھایا۔ امجد علی شاہ کے اس جہان فانی سے کوچ کر جانے پر اس حکومت کی عنان ان کے بیٹے اور آخری تاجدار اودھ واجد علی شاہ کے ہاتھوں میں آئی۔ واجد علی شاہ ۱۳ر فروری ۱۸۴۷ء کو ابوالمنصور سکندر جاہ بادشاہ سلطان عالم محمد واجد علی شاہ کے لقب کے ساتھ سریر آرائے سلطنت ہوئے۔ ان کے عہد حکومت میں انگریزوں کی ریشہ دوانیاں رنگ لائیں اور ۱۳ر فروری ۱۸۵۶ء کو واجد علی شاہ کو معزول کر کے صوبۂ اودھ کا انگریزی حکومت میں الحاق کر لیا گیا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے واجد علی شاہ کو پندرہ لاکھ روپیہ سالانہ پنشن دے کر کلکتہ کے

نزدیک مٹیا برج میں نظر بند کر دیا جہاں انھوں نے آخر ۲۰ ستمبر ۱۸۸۷ء مطابق ۲ محرم ۱۳۰۵ھ کو قید حیات اور قید زنداں دونوں سے رہائی پائی۔

"حرم" لفظ عربی کے "محرم" لفظ سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں نجی یا پوشیدہ ہندستان میں لفظ "حرم" بلند خاندان کے مسلم گھرانے کی خواتین کے رہنے کے مکان کے لیے استعمال ہوتا تھا۔

اٹھارہویں صدی میں حکمراں اور امراء و عمائدین میں کثرت ازدواج کا عام دستور تھا۔ ہندستان آنے سے قبل سعادت خان برہان الملک کی شادی ان کے چچا میر یوسف کی بیٹی سے ہو چکی تھی لیکن ان کے آپسی تعلقات بہت کشیدہ تھے اور ایسا کہا جاتا ہے کہ اسی وجہ سے انھیں وطن چھوڑ کر ہندستان آنا پڑا[۱]۔ ہندستان آنے کے بعد انھوں نے تین شادیاں کیں۔ ان کی پہلی شادی دہلی کے ایک معزز گھرانے میں ہوئی تھی لیکن شادی کے کچھ دنوں بعد ہی ان کی بیوی کا انتقال ہو گیا تھا[۲]۔ اس کے بعد برہان الملک کا دوسرا عقد سید طالب محمد خاں آصف جاہ کی دختر سے ہوا تھا اور رجب ۱۷۱۶ء (۱۱۲۸ھ) میں ہنڈون اور بیانہ کی جاگیر ملی تو ان کی تیسری شادی اکبر آباد کے صوبہ دار محمد تقی خان کی بیٹی سے ہوئی تھی[۳]۔ ان بیگمات کے رہائشی مقام کی شروعات نوابی حرم کی شکل میں ہوئی۔

برہان الملک نے اپنی بیٹی صدر النساء بیگم کی شادی اپنے بھانجے مرزا محمد مقیم صفدر جنگ کے ساتھ کی تھی[۴]۔ صفدر جنگ اور صدر جہاں بیگم کے ازدواجی تعلقات نہایت خوشگوار تھے۔ اس لیے انھوں نے نہ کوئی دوسرا عقد کیا اور نہ کسی دوسری عورت سے کسی قسم کا کوئی تعلق ہی رکھا۔ اس وجہ سے ان کی صرف ایک منکوحہ بیوی تھیں اور ان کے علاوہ ان کے حرم میں نہ تو بیوائیں تھیں اور نہ ہی داشتائیں تھیں۔ اسی طرح صدر جہاں بیگم بھی اپنے شوہر سے بہت محبت کرتی تھیں اور ان کی خوشنودی کا پورا خیال رکھتی تھیں ۱۷۵۰ء میں جب افغانوں کے ہاتھوں صفدر جنگ کو شکست ہوئی تو انھوں نے گیارہ لاکھ روپیہ نقد اور چار ہزار اشرفی دشمنوں کے استیصال کے لیے انھیں دی تھی[۵]۔ نواب وزیر شجاع الدولہ کو عیش و عشرت اور لہو ولعب سے گہری دلچسپی تھی۔ حسین و جمیل عورتوں کی طرف ان کا رجحان زیادہ تھا۔ ۱۷۴۵ء میں شجاع الدولہ کی شادی بڑی دھوم دھام سے معتمد الدولہ اسحاق خان کی لڑکی "امۃ الزہرا" کے ساتھ ہوئی تھی جو "بہو بیگم" کے نام سے مشہور تھیں[۶]۔ شادی کے وقت شجاع الدولہ کی عمر چودہ[۷] برس کی تھی۔ بہو بیگم کے علاوہ ان کی دوسری شادی دہلی کے ایک امیر علی بیگ خان شتاب جنگ کی دختر "دلہن بیگم"

سے ۲۲ جون ۱۷۷۰ء کو ہوئی تھی۔[11] بہو بیگم خاص محل کہلاتی تھیں اور دیگر بیویاں خرد محلات کہلاتی تھیں۔[12] ۔۔۔ کے حرم میں کئی ہزار عورتیں تھیں جن میں کچھ سے ان کا نکاح ہوا تھا اور کچھ سے نہیں۔ شجاع الدولہ کو اگر کوئی عورت پسند آجاتی تھی تو اسے حاصل کرنے کی وہ ہر ممکن کوشش کرتے تھے۔ نواب وزیر صفدر جنگ کے عہد میں وہ ایک ہندو عورت کی خوبصورتی سے اس قدر متاثر ہوئے کہ ایک دن دیوار پھاند کر وہ اس کے گھر میں چلے گئے لیکن پکڑے گئے۔ صفدر جنگ ان کی اس نازیبا حرکت سے بہت متاسف ہوئے اور ان کے حکم سے شجاع الدولہ کو جیل میں بہت سخت سزا دی گئی۔[12] ۱۷۵۴ء میں جب شجاع الدولہ مسند نشین ہوئے تو ایک رات انھوں نے اپنے آدمیوں سے ایک کھتری قوم کی ۱۸ سالہ ناکتخدا لڑکی کو اٹھوا لیا تھا جس پر بہت ہنگامہ ہو گیا تھا اور اسماعیل خاں اور رام نرائن وغیرہ انھیں اودھ کی مسند وزارت سے معزول کرنا چاہتے تھے لیکن ان کی والدہ نواب عالیہ بیگم نے دور اندیشی سے کام لے کر سارا معاملہ رفع دفع کر دیا تھا۔[13] نواب وزیر شجاع الدولہ کی حد سے زیادہ بڑھتی ہوئی عیش پرستی اور لہو و لعب سے تنگ آ کر ان کی والدہ کو مداخلت کرنی پڑی اور انھوں نے ان کی خدمت پر مامور تھیں[14] بیواؤں کو برطرف کروا دیا لیکن شجاع الدولہ ان پانچ عورتوں کو برطرف کرنے پر راضی نہیں ہوئے جنھیں انھوں نے اپنے حرم میں شامل کر لیا تھا۔[15] علاوہ ازیں انھوں نے چند کٹنیاں بھی اس کام کے لیے مقرر کی تھیں کہ جابجا خوبصورت اور حسین عورتیں تلاش کر کے ان کے لیے لائیں۔ ایسی مدخولہ عورتوں کی تعداد دو ہزار تک پہنچ گئی تھی۔ بعد میں راجہ ہمت بہادر بھی نواب وزیر کے لیے عورتیں فراہم کیا کرتے تھے۔[16] دراصل یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ شجاع الدولہ کے حرم میں عورتوں کی کتنی تعداد تھی لیکن معاصر تاریخوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی سو سے زیادہ بیویاں تھیں۔ شجاع الدولہ کے حرم میں آٹھ سو بیگمات اور دو ہزار خواتین تھیں[17] لیکن دوسرے اہم ماخذات سے پتہ چلتا ہے کہ سات سو ایک ان کی محلات تھیں جن میں بہو بیگم خاص محل تھیں اور باقی بیویاں خرد محل کہلاتی تھیں۔[18] بہو بیگم نے نواب آصف الدولہ کو ایک خط میں واضح طور پر لکھا ہے کہ شجاع الدولہ کے حرم میں کئی ہزار عورتیں تھیں جن میں کچھ سے ان کا نکاح ہوا تھا اور کچھ سے نہیں نیز کچھ سے متعہ ہوا تھا[19] اور کچھ سے نہیں۔[20] جب کبھی شجاع الدولہ رات کہیں اور گزارتے تھے[21] تو بہو بیگم کے پاس پانچ ہزار روپیہ بطور جرمانہ بھیجتے تھے۔ ایک بار بہو بیگم کے حکم سے خرد محل کی اولادیں ان کے روبرو پیش کی گئی تھیں جن کی تعداد دیکھ کر وہ بہت روئی تھیں۔[22] مذکورہ شادیوں کے علاوہ شجاع الدولہ

نے علی خاں داغستانی کی لڑکی "گنا بیگم" کے حسن و جمال پر فریفتہ ہو کر ان سے بھی نکاح کیا تھا۔[22]
نواب وزیر شجاع الدولہ نے اپنے حرم کی سبھی بیگمات اور عورتوں کے لئے جاگیریں اور وظائف مقرر کر
دیتے تھے[23] لیکن ان کی وفات کے بعد بہو بیگم کے سوا سبھی "خرد محلات" کو مالی پریشانیوں کا سامنا
کرنا پڑا تھا۔[24]

نواب وزیر آصف الدولہ کی شادی مغل بادشاہ کے وزیر قمرالدین خاں بہادر کی پوتی اور
انتظام الدولہ خانخاناں کی بیٹی شمس النساء بیگم کے ساتھ ۱۷۷۰ء (۱۱۸۳ھ) میں ہوئی تھی جو "دلہن بیگم"
اور "نواب بہو" کے خطاب سے بھی مشہور تھیں۔[25] دلہن بیگم خاص محل تھیں لیکن ان کے اور نواب
آصف الدولہ کے تعلقات بہت کشیدہ تھے۔ دلہن بیگم کے علاوہ آصف الدولہ کے حرم میں پانچ سو
خوبصورت اور حسین و جمیل عورتیں بھی تھیں[26] جو خرد محل کہلاتی تھیں۔ ان مدخولہ عورتوں میں کچھ ایسی بھی
تھیں جن کو نواب نے حاملہ ہونے کی حالت میں اپنے حرم میں داخل کر لیا تھا۔[27] نواب وزیر آصف الدولہ
کے عہد تک ان سبھی خرد محلات کو جاگیر اور وظیفہ ملتا رہا لیکن ان کی وفات کے بعد ان میں سے بیشتر
عورتوں کی جاگیریں ضبط کر لی گئیں اور وظیفے بند کر دیئے گئے۔ جس سے ان لوگوں کو کافی مشکلات کا
سامنا کرنا پڑا۔ نواب وزیر سعادت علی خاں نے خاص محل 'دلہن بیگم' کی بازار کی کچھ آمدنی اور گومتی
کا پل ضبط کر لیا تھا۔[29]

نواب وزیر آصف الدولہ نے وزیر علی خاں کی شادی بند علی خاں کی پوتی اور اشرف علی خاں کی
بیٹی 'بنو بیگم' سے ۱۷۹۲ء (۱۲۰۸ھ) کے اواخر میں نہایت دھوم دھام سے کی تھی[30] جو خاص محل
تھیں لیکن زمانے کے دستور کے مطابق ان کے حرم میں بھی بہت سی مدخولہ عورتیں تھیں جو خرد محلات
کہلاتی تھیں۔ علاوہ ازیں لکھنؤ کی بیشتر طوائفوں سے بھی ان کا تعلق تھا۔ نواب آصف الدولہ نے چند
طوائفوں کو اپنے حرم میں شامل کر لیا تھا جو لکھنؤ میں دریائے گومتی کے دوسری جانب رہتی تھیں۔ ان
میں سے چار پانچ عورتوں کو وزیر علی خاں نے اپنے حرم میں داخل کر لیا تھا۔[31]

اودھ کے چھٹے نواب وزیر سعادت علی خاں کی شادی دہلی کے رئیس امیر الدولہ کی لڑکی سے ہوئی
تھی۔ یہ خاص محل تھیں۔ ان کے علاوہ نواب موصوف کے حرم میں متعدد خرد محلات بھی تھیں۔ اپنی حکومت
کے ابتدائی دور میں وہ عیش و عشرت کی طرف زیادہ راغب تھے۔ بہت سی کسبیوں اور ناچنے گانے والی

عورتوں سے بھی ان کا گہرا تعلق تھا۔ اسی طرح غازی الدین حیدر کے حرم میں بھی متعدد بیویاں اور مدخولہ عورتیں تھیں۔ غازی الدین حیدر کی شادی مشیر الدولہ منجم بادشاہ دہلی کی لڑکی سے ۱۷۹۱ء (۱۲۰۵ھ) میں بنارس میں ہوئی تھی[۲۲]۔ یہ خاص محل تھیں اور "بادشاہ بیگم" کے خطاب سے مشہور تھیں۔ علاوہ ازیں غازی الدین حیدر نے دو عیسائی عورتوں سے بھی شادی کی تھی جنھیں بعد میں مسلمان کر لیا تھا[۲۳]۔

غازی الدین حیدر نے نہایت کوششوں سے نصیر الدین حیدر کی شادی مغل بادشاہ شاہ عالم ثانی کے چھوٹے لڑکے شہزادہ مرزا سلیمان شکوہ کی بیٹی "مریم بیگم" کے ساتھ بے حد تزک و احتشام سے کی تھی۔ یہ خاص محل تھیں اور "نواب سلطان بہو" کے خطاب سے مشہور ہوئیں[۲۴]۔ نصیر الدین حیدر کے حرم میں متعدد ازواج تھیں جو خرد محلات کہلاتی تھیں۔ ان میں سے بیشتر منکوحہ اور ممتوعہ تھیں۔ نصیر الدین حیدر نے حسینی خانم سے نکاح کر کے انھیں "ملکہ زمانیہ" کے خطاب سے سرفراز کیا[۲۵]۔ بھو طوائف کی لڑکی حسینہ کو "خورشید محل" اور حسینی نامی کسبی کو "بادشاہ محل" کے خطاب کے ساتھ داخل حرم کیا۔ تخت نشینی کے بعد نصیر الدین حیدر نے ایک انگریز تاجر ادالٹر کی چھوٹی بیٹی کو مخدرۂ علیا ولایتی محل کا خطاب دے کر اپنے حرم میں شامل کر لیا تھا۔ اس کے علاوہ بسم اللہ بیگم سے نکاح کر کے "ملکہ آفاق قدسیہ سلطان بانو بیگم صاحبہ" خطاب دیا لیکن وہ قدسیہ محل کے نام سے مشہور ہوئیں[۲۶]۔ ان کے انتقال کے بعد نصیر الدین حیدر کی آخری کتخدائی مرزا باقر علی خاں کی بیٹی اور کٹھیر کے صوبہ دار و سابق چکلہ دار روہیلکھنڈ کی پوتی ۱۸۲۴ء (۱۲ رجب ۱۲۰۵ھ) کو نہایت طمطراق کے ساتھ ہوئی تھی اور ان کا خطاب "نواب ممتاز بادشاہ جہاں بیگم" مقرر ہوا[۲۷]۔ راجہ درشن سنگھ نے چند کٹنیاں، خواجہ سراؤں اور کہاروں کو اس پر مامور کیا تھا کہ خوبصورت عورتوں کو زر و زیور کا لالچ دے کر بادشاہ کے عیش محل میں داخل کریں۔

محمد علی شاہ عہد شباب ہی سے لہو و لعب میں مشغول تھے۔ ان کے حرم میں بھی بہت منکوحہ و ممتوعہ عورتیں تھیں جو خرد محلات کہلاتی تھیں۔ "ملکہ آفاق" خاص محل تھیں جو نواب قمر الدین اعتماد الدولہ وزیر اعظم محمد شاہ بادشاہ دہلی کی پوتی اور نواب امام الدین خاں کی بیٹی تھیں۔ ان کے علاوہ محمد علی شاہ کی دوسری شادی "ملکہ جہاں" سے ہوئی تھی جنھیں نواب تاج النساء بیگم صاحبہ خطاب ملا تھا[۲۸]۔ محمد علی شاہ کے حرم میں نواب امراؤ خانم صاحبہ، امیر خانم صاحبہ، وزیر خانم، نواب صفہ اور نواب نوروزی خانم وغیرہ مدخولہ عورتیں بھی تھیں۔

نواب امجد علی شاہ کی کتخدائی وزیر عہد انتظام الدولہ خانخاناں کے خاندان میں حسین الدین خاں کی دختر تاج آرا بیگم کے ساتھ غازی الدین حیدر شاہ کی عہد فرمانروائی میں ہوئی تھی۔ تاج آرا بیگم "خاص محل تھیں اور "ملکہ کشور" کے نام سے مشہور تھیں[۳۹]۔ بادشاہ بہو ملکہ کشور کی بے پناہ محبت اور انس نے امجد علی شاہ کو ہجوم ازواج و محلات سے بچالیا تھا۔ اسی وجہ سے بادشاہ کے خرد محل کی تعداد بہت محدود تھی۔ نواب خسرو بیگم، ملکہ گیتی، نواب ملکہ عہد تاج مخدرات معقدر محل صاحبہ[۴۰] اور سلطان محل امتیاز النسأ بیگم[۴۱] خرد محلات تھیں۔ سلیمین اور منشی درگا پرشاد امجد علی شاہ کی تین اور ازواج حسینی خانم، مصاحب خانم اور سکینہ خانم کا بھی ذکر کرتے ہیں[۴۲]۔

واجد علی شاہ کی شادی پندرہ برس کی عمر میں نواب اشرف الدولہ مرحوم ابن مدار الدولہ مرحوم کی پوتی اور نواب علی تقی خاں بہادر کی دختر نیک اختر نواب آرا بیگم کے ساتھ فروری ۱۸۳۷ء (شوال ۱۲۵۳ھ) میں نہایت تزک و احتشام سے ہوئی تھی[۴۳]۔ یہ خاص محل تھیں اور عالم آرا بیگم بادشاہ محل کے خطاب سے مشہور تھیں واجد علی شاہ کی دوسری شادی وزیر اعظم علی نقی خاں کی تیسری بیٹی نواب آرا بیگم کے ساتھ ہوئی تھی۔ ان کا خطاب اختر محل صاحبہ تھا۔ واجد علی شاہ کے حرم میں بیگمات کی تعداد تقریباً ساٹھ تھی۔ ان میں بادشاہ محل خاص محل تھیں اور باقی بیگمات خرد محل کہلاتی تھیں۔ واجد علی شاہ پر عیش پرستی اور لہو و لعب کا الزام ہے لیکن در حقیقت وہ صوم و صلوٰۃ کے بہت پابند تھے۔ انھوں نے کبھی کسی نامحرم عورت سے آنکھ نہیں ملائی[۴۴] اور نہ بغیر نکاح یا متعہ کے کسی عورت کو اپنے حرم میں داخل کیا۔ واجد علی شاہ نے ممتوعات کی مختلف پارٹیاں بنادی تھیں جنھیں مختلف طرز پر رقص و سرود کی تعلیم دی جاتی تھی۔ یہ سبھی بیگمات اور خرد محلات شاہی حرم سرا میں رہتی تھیں جہاں ان کے حسب و مراتب سکونت کے لیے علیحدہ علیحدہ محل اور مکانات بنے ہوئے تھے۔

"حرم" یا "حرم سرا" لفظ "محرم" سے ماخوذ ہے۔ عام طور پر مسلم گھرانے کی خواتین کے رہنے کا مکان "حرم سرا" یا "محل سرا" کہلاتا تھا۔ ہندستان میں حرم سرا لفظ عام طور پر شاہی گھرانے کی اور امرا طبقے کی خواتین کے رہنے کے محل کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ رؤسا اور شرفا کے محلوں اور مکانوں میں بھی عورتوں کے رہنے کا حصہ الگ ہوتا تھا جو بالعموم "زنان خانہ" کہلاتا تھا۔ محل کا یہ حصہ صرف عورتوں کے استعمال میں ہوتا تھا جہاں وہ پوری آزادی سے رہتی تھیں اور بغیر اجازت کسی غیر شخص کا خواہ وہ کوئی

اور ستا ہوا کیوں نہ ہو، داخلہ ممنوع تھا۔ حتی کہ خاندان کے مرد بھی بغیر اجازت اور اطلاع کے محل کے اس حصے میں داخل نہیں ہوتے تھے۔

سعادت خاں برہان الملک جب دہلی میں سکونت پذیر تھے تو ان کی حرم سرا ان کے دیوان خانے سے متصل تھی جسے بیچ سے ایک دیوار علیحدہ کرتی تھی[۵۱]۔ اور جب انھیں اودھ کی صوبہ داری ملی تو فیض آباد میں انھوں نے کچی مٹی کی ایک عمارت تعمیر کرائی تھی جس پر چھپر پڑے ہوئے تھے اور بیگمات کے رہنے کے لیے بھی کچی مٹی کے چھپر والے مکان تعمیر کرائے تھے[۵۲]۔ نواب وزیر شجاع الدولہ اور نواب آصف الدولہ کے عہد میں اودھ میں شاندار عمارتوں کی تعمیر کا کام شروع ہوا تو بیگمات کے رہنے کے لیے بھی خوبصورت اور عالیشان عمارتیں تعمیر ہوئیں۔ شجاع الدولہ نے بہو بیگم کے لیے فیض آباد میں حرم سرا موتی محل تعمیر کرایا تھا نواب آصف الدولہ نے مچھی بھون کے مغرب میں حرم سرا بنوائی تھی۔ اس حرم سرا میں تین الگ الگ محل بنے ہوئے تھے جو شیش محل، خرد محل اور رنگ محل کے نام سے مشہور تھے۔ نواب آصف الدولہ کی خاص محل دلہن بیگم مچھی بھون میں رہتی تھیں[۵۳]۔ نوابی حرم سرا کے ان محلوں کی دیواریں بہت اونچی بنی ہوئی تھیں جن میں جالی دار جھروکے بنے ہوئے تھے۔ محلوں کے سامنے ایک بہت وسیع و عریض خوبصورت باغ تھا جس میں فوارے لگے ہوئے تھے اور اس حسین و دلکش باغ کے درمیان موسم گرما میں بیگمات کے رہنے کے لیے مکانات بھی تعمیر تھے۔ ہر محل میں ایک وسیع ہال بنا ہوا تھا اور محل کے سامنے کا راستہ گھنے درختوں سے ڈھکا ہوا تھا۔ محل سرا کے دروازے پر، محلوں پر اور خاص محل کے محل اور خوابگاہ پر خواجہ سرا اور زنانہ سپاہ کے پہرے لگے ہوتے تھے۔ محل سرا میں خاص محل اور خرد محلات کے محل علیحدہ علیحدہ بنے ہوئے تھے[۵۴]۔

سعادت علی خاں کے عہد میں فرح بخش کی خاص عمارت کے مشرقی پہلو سے متصل نوابی حرم سرا تھی جس میں متعدد عمارتیں تعمیر تھیں۔ لیکن ان عمارتوں میں کوئی بیرونی دریچہ نہیں تھا۔ بیگمات کے یہ محل خاص محل، خرد محل اور رنگ محل وغیرہ ناموں سے موسوم تھے۔ ان کے اندر بہت نفاست اور اہتمام سے چھوٹے چھوٹے خوبصورت باغیچے، حوض اور فوارے بنائے گئے تھے۔ اس حرم سرا کی تعمیر بادشاہوں اور نوابوں کے محلوں اور مکانوں سے مختلف نہیں تھی۔ اودھ میں بھی مغلیہ زمانے سے چلی آرہی محل سراؤں کی بناوٹ کا وہی طریقہ مروج تھا۔ یعنی ایک مربع عمارت جس کے چاروں طرف مربع یا مستطیل دالان ہوتے

تھے۔ آگے غلام گردش اور اس کے سامنے چبوترا اور اس چبوترے کے آگے صحن ہوتا تھا۔ عموماً ان دالانوں میں دروازے نہیں لگائے جاتے تھے بلکہ حسب ضرورت صرف بھاری بھاری پردے لٹکا دیئے جاتے تھے۔ انھیں عمارتوں میں حرم کی بیگمات اور خواتین رہتی تھیں اور اپنے ملبوسات وزیورات وغیرہ اور روزمرہ کی ضروریات کے سامان بھی رکھتی تھیں۔ گرمیوں کے موسم میں دن کے وقت تہہ خانے کا استعمال ہوتا تھا اور رات کے وقت صحن میں خواتین کی نشست ہوتی تھی۔ عموماً صحن میں ایک شبنمی تان کر اس کے نیچے فرش بچھا دیا جاتا تھا۔ ہر محل کی خاص خاتون بیچ میں تخت یا مسند پر بیٹھتی تھیں اور جو کوئی خاتون ان سے ملنے آتی تھیں وہ وہیں پر سلام کرکے بیٹھ جاتی تھیں۔ یہ میزبان خاتون اپنے سے زیادہ ذی مرتبہ یا معمر خاتون یا پھر کسی مرد رشتہ دار کی آمد پر اس کی تعظیم کے لیے اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کا استقبال کرتی تھیں۔

فرمانروایان اودھ کے مختلف محلوں کی ڈیوڑھیاں الگ الگ ہوتی تھیں جن میں خلوت خانے ملاقات کے کمرے، دالان اور مسندیں بھی علیحدہ علیحدہ ہوتی تھیں۔ شاہی حرم کی بیگمات بہت شان و شوکت سے یہاں رہتی تھیں۔ ان کے کمروں میں بڑے بڑے جھاڑ اور فانوس ہوتے تھے۔ قندیلیں، کافوری شمعیں، یک ڈالے، دو ڈالے اور ظرفوں کے علاوہ قیمتی سجاوٹ ہوتی تھی۔ شاہی بیگمات اور ان کی خاص خواصیں بھی جنھیں بیگم کے مزاج میں بہت عمل دخل ہوتا تھا۔ قیمتی لباس اور زیورات پہنتی تھیں اور خوب بناؤ سنگار کے ساتھ رہتی تھیں جس کا ذکر میر حسن دہلوی کی مثنوی سحر البیان میں بھی ملتا ہے۔[۱۲] ان میں بہت سی خواتین ایسی بھی ہوتی تھیں۔ جنھیں نواب وزیر یا شاہِ اودھ کی زیارت مہینوں نصیب نہیں ہوتی تھی۔ محل سرا میں بیگمات کی خدمات کے لیے کثیر تعداد میں مامائیں، اصیلیں، خواصیں کنیزیں اور پیش خدمتیں وغیرہ مقرر ہوتی تھیں جن میں سے بیشتر خانہ زاد ہوتی تھیں۔ یعنی جن کے خاندان کی عورتیں کئی پشت سے پرانے زمانے سے شاہی حرم میں ملازم ہوتی تھیں۔ لیکن ان کے علاوہ کبھی کبھی ملازماؤں اور کنیزوں کو حسن صورت اور سلیقۂ خدمت گزاری کے پیش نظر ان کے غریب والدین سے خرید لیا جاتا تھا۔ خواصوں کے خوبصورت ہونے کے علاوہ ان کی دیگر خصوصیات کا معیار اچھا سینا پرونا، خوش آواز ہونا، اچھے سوز پڑھنا، اچھی باتیں کرنا اور کہانیاں اور داستان سنانا تھا۔ انھیں کسوٹیوں پر ان کی خصوصیات کو جانچا پرکھا جاتا تھا۔ خواصوں کے علاوہ حرم سرا میں کچھ عورتیں کہاریوں

کے کام کے لیے بھی ملازم رکھی جاتی تھیں جو شاہی حرم کے اندر ہی اندر بیگمات کو پالکی میں سوار کرا کر ایک محل سے دوسرے محل تک لے جاتی تھیں۔ ان کہاریوں کو سپاہیانہ انداز سے قواعد بھی کرائی جاتی تھیں۔ شاہی حرم میں ایک تیسرا گروہ ان عورتوں کا تھا جو سپاہیانہ وردی پہن کر کاندھے پر بندوق رکھے خاص محل کی خوابگاہ و محل سرا کا پہرہ دیا کرتی تھیں۔ ان زنانہ سپاہیوں کو شاہی حرم سرا کے صحن میں روز قواعد کرائی جاتی تھی تاکہ کبھی موقع پڑنے پر فوج کے ساتھ مقابلہ کر سکیں۔ ان عورتوں کے علاوہ خواجہ سرا بھی شاہی محل اور حرم سرا میں ملازم رہتے تھے۔ عام طور پر خواجہ سراؤں کو محل سراؤں کے اندر بیگمات تک جانے کی اجازت تھی۔ ان کا افسر اعلیٰ خاص محل کی ڈیوڑھی پر متعین رہتا تھا جس کو نہ صرف تمام شہر میں بہت عزت حاصل ہوتی تھی بلکہ حکومت میں اونچا عہدہ بھی ملتا تھا۔ نواب وزیر شجاع الدولہ کے عہد میں خواجہ سراؤں کو بہت زیادہ عزت و اہمیت حاصل ہو گئی تھی مثلاً خواجہ سرا جواہر علی خاں اور امام بخش غلام بچہ اعلیٰ عہدے پر فائز تھے[۴۹]۔ نصیر الدین حیدر کے عہد حکومت میں محلات شاہی پر ملازم خواجہ سراؤں کی تعداد تقریباً ڈیڑھ سو تھی اور ان کا افسر اعلیٰ بادشاہ بیگم کی ڈیوڑھی پر متعین تھا جس کی لکھنؤ بھر میں بہت عزت ہوتی تھی۔ جب کبھی خاص محل یا شاہی بیگمات کی سواری کسی متبرک درگاہ کی زیارت کے لیے نکلتی تھی تو اس شاندار جلوس کے ساتھ عصا بردار، نقیب، نقارچی کے علاوہ خواصیں، کہاریاں بھی ہوتی تھیں۔ جلوس کی حفاظت کے لیے ایک فوجی دستہ اور خواجہ سرا بھی اس کے ہمراہ ہوتے تھے[۵۰]۔

حرم سرا میں رہنے والی خواتین اور شاہی بیگمات کی وضع قطع، شکل و صورت، طور طریقہ، عادت و اطوار، روپ رنگ اور لباس و زیورات وغیرہ کے متعلق معاصر تاریخوں اور کتابوں وغیرہ میں ذکر ملتا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو بیگمات بیوہ ہو جاتی تھیں وہ بہت قیمتی شوخ رنگ کے مکلف لباس و زیورات کے استعمال سے احتراز کرتی تھیں اور خاص تقاریب کے موقع پر بھی سادہ پوشاک زیب تن کرتی تھیں۔ دیگر بیگمات اور شہزادیاں وغیرہ روزانہ خوب سج سنور کر رہتی تھیں۔ بالخصوص کسی تقریب کے موقع پر بیش قیمت مکلف لباس و زیورات سے آراستہ ہوتی تھیں اور مختلف قسم کے لوازمات کا استعمال کر کے اپنے خد و خال اور خوبصورتی کو نکھارتی تھیں اور اپنی آرائش و زیبائش کا پورا خیال رکھتی تھیں۔ نصیر الدین حیدر کی تخت نشینی کی سالگرہ کے موقع پر ۱۸ اکتوبر ۱۸۲۸ء کو منعقد ہونے والی ایک تقریب کے موقع پر بادشاہ کی بھی بیگمات خصوصیت کے ساتھ نہایت قیمتی اور نفیس پوشاکیں اور

زیورات زیب تن کیے ہوئے تھیں۔ بادشاہ کی منظور نظر نازک اندام ملکہ نواب تاج محل جن کی عمر چودہ برس تھی اور شادی کو صرف دو ماہ ہوئے تھے سرخ کمخواب کے لباس میں تھیں۔ ان کے بالوں میں یکسر موتی پروے ہوئے تھے جو گردن پر ایک طویل چوٹی کی شکل میں لٹک رہے تھے جن کے سرے پر بڑے بڑے موتی لگے تھے اور موتی اور زمرد کے طلائی ہار، گلوبند، مالا کنٹھے، بینا، بلاق، چوڑیاں کنگن پازیب چھاگل، آرسی اور انگشتریاں ان کے حسن کو دوبالا کر رہی تھیں۔ ملکہ کے بھاری غرارے اور دوپٹے کو سنبھالنے کے لیے کئی خواصیں ان کے ساتھ تھیں۔ دوسری بیگمات بھی نہایت قیمتی لباس اور بیش قیمتی مرصع الماس و جواہرات کے زیورات سے آراستہ رونق محفل بنی ہوئی تھیں۔ لیکن نصیر الدین حیدر کی والدہ بادشاہ بیگم اور شاہ متوفی کی دوسری بیگمات جن میں کچھ بے حد حسین اور کمسن بھی تھیں دستور کے مطابق بہت سادہ پوشاک میں ہر طرح کے زیورات و آرائش سے عاری تھیں[۲۵]۔

شاہی حرم سرا میں آئے دن مختلف تقریبات کے موقع پر جشن برپا ہوتے تھے اور دعوتیں ہوتی رہتی تھیں۔ ان مواقع پر کنیزوں اور خواصوں کی چہلیں اور قہقہے ان شاہی تقریبات کی دلچسپیوں اور رنگینیوں کو دوبالا کر دیتے تھے۔ واجد علی شاہ کے عہد میں ایک تقریب کے موقع پر رات کے وقت محل سرا کے سب سے بڑے ہال نما کمرے میں بیگمات اور خاندان شاہی کی دعوت کا اہتمام کیا گیا تھا۔ کمرے میں نئے نئے خوشنما زرتار قالین بچھائے گئے تھے جن پر ایک سرے سے دوسرے سرے تک دو رویہ دسترخوان بچھے ہوئے تھے اور صدر مقام پر نہایت بیش قیمت زرتار قالین، سنہری جھالر ٹکے ہوئے دسترخوان اور بادشاہان کارچوبی کی مسندیں بادشاہ کی والدہ بادشاہ بہو ملکہ کشور، واجد علی شاہ اور ان کی خاص محل بادشاہ محل[؟] اور ولی عہد کے لیے بچھائی گئی تھیں۔ سونے چاندی کے ظروف میں انواع و اقسام کے اشیائے خورد و نوش قرینے سے چنے گئے تھے۔ کمرے کی چھت میں جھاڑ فانوس اور قندیلیں روشن تھیں۔ دیواروں پر کنول اور قد آدم آئینے لگے ہوئے تھے اور فرش پر کافوری شمعیں لگے، فانوس اور لالے روشن تھے۔ جس سے پورا کمرہ بقعۂ نور بنا ہوا تھا۔ اس جشن کے موقعوں پر بیگمات کی زرتار پوشاکیں اور جواہرات کی چمک، ہنسی اور قہقہوں کے درمیان شہنائی۔ نوبت، نرسنگھے اور فوجی باجوں کے شور و غل حرم سرا کی پر تکلف زندگی، شاہی دعوتوں کی رونق اور چہل پہل اور لطف و خوشی کو دوبالا کر دیتے تھے[۲۶]۔ میر حسن دہلوی نے اپنی مثنوی "سحر البیان" میں شاہی حرم سرا کی زندگی اور کنیزوں کی چہلوں اور دلچسپیوں کی تصویر بخوبی کھینچی ہے

بیشتر ... اس شاعرانہ بیان کی تصدیق بیشتر معاصر تاریخی ماخذات سے بھی ہوتی ہے جس میں حرم سرا کی شاندار زندگی اور بیگمات کی شان و شوکت کا تفصیلی ذکر ملتا ہے۔

حرم کی زندگی کا سیاسی، سماجی اور معاشرتی رول :

اٹھارہویں صدی کا معاشرہ جاگیردارانہ نظام پر قائم تھا جس میں مردوں کو فوقیت حاصل تھی اور عورتوں کو مالی اور اقتصادی ہر بات ادا سے مردوں ہی پر انحصار کرنا پڑتا تھا۔ حکمراں اور امیر طبقہ میں بیگمات کو جاگیریں ملا کرتی تھیں جس کی دیکھ بھال ان کے خدمتگار اور نوکر کرتے تھے اور اس علاقے کی آمدنی بیگم کی سرکار میں جاتی تھی۔ مثال کے طور پر گونڈہ بہو بیگم کی جاگیر تھی اور اس علاقے کی دیکھ بھال و آداب علی خاں کرتے تھے اور نواب وزیر شجاع الدولہ اودھ کی آمدنی کا آدھا حصہ بہو بیگم کو تفویض کرتے تھے یوں تو حرم کی بیگمات سیاسی معاملات میں بہت کم دخل دیتی تھیں لیکن ایسے بہت سے شواہد ملتے ہیں جب حرم کی خواتین بیچ میں پڑکر بڑے بڑے جھگڑوں اور سیاسی الجھنوں کا نبٹارا بھی کرتی تھیں اور سیاسی معاملات پر اثر انداز بھی ہوتی تھیں۔ مثلاً شجاع الدولہ کی عیاشی سے تنگ آکر ایک بار اودھ کے کچھ امرا اسمٰعیل بیگ اور رام نرائن وغیرہ صفدر جنگ کے بھتیجے محمد قلی خاں کو اودھ کی مسند حکومت پر بٹھانا چاہتے تھے لیکن شجاع الدولہ کی مخالفت اور معزولی کے ارادے کو ہمیشہ کے لیے ترک کر دیا اور انھیں اودھ کا نواب وزیر تسلیم کرکے ان کے تئیں ہمیشہ وفادار رہنے کا وعدہ نواب عالیہ بیگم سے کیا تھا۔[۵۵] افغانوں کے ہاتھوں شکست پانے سے جب صفدر جنگ ہمت ہار بیٹھے تھے تو صدر جہاں بیگم نے گیارہ لاکھ نقد اور چار ہزار اشرفی دشمنوں کے استیصال کے لیے دے کر ان کی ہمت افزائی کی اور انھیں دوبارہ جنگ کے لیے آمادہ کیا تھا۔ اسی طرح جب کچھ امرا، وزیر علی خاں سے ناراض ہو کر نواب سعادت علی خاں کو مسند نشین کرنا چاہتے تھے تو ان کی معزولی کے لیے انھوں نے حرم کی کچھ خاص بیگمات اور بہو بیگم کا سہارا لیا تھا۔ نصیر الدین حیدر کی وفات کے بعد بادشاہ بیگم نے اپنے اختیارات اور رسوخ کا استعمال کرکے منا جان کو تخت نشین کرنا چاہا تھا۔ بیگم حضرت محل نے واجد علی شاہ کے گرفتار ہو جانے پر ولی عہد برجیس قدر کو ان کا جانشین اور وارث قرار دیکر اودھ کا سلطان بنایا اور انگریزوں سے جنگ کیا۔ اس طرح واضح ہو جاتا ہے کہ فرمانروایان اودھ کے حرم کی بیگمات نے وقتاً فوقتاً سیاسی اعتبار سے اہم رول ادا کرکے اودھ حکومت کے حق میں اس کے بقا اور پائیداری کے لیے کئی بار اہم فیصلے کیے اور سیاسی انتشار کو رفع دفع کیا۔

حرم کی بیگمات کی خدمت کے لیے خادماؤں، ملازماؤں، خواصوں، اصیلوں، مغلانیوں، کنیزوں، نوکرانیوں اور کہاریوں کی ایک فوج مامور رہتی تھی۔ اسی طرح امرا اور عمائدین کے محلوں میں بھی خدمتگاروں، ملازماؤں اور خادماؤں کا عملہ نواب اور بیگمات کی خدمت کے لیے ملازم رہتا تھا لیکن وقتاً فوقتاً زنانے محل کی دیکھ بھال بیگم خود کرتی تھیں۔ محلوں میں رہنے والی ان خادماؤں اور ملازماؤں کے عرف جوان کے مالک بلانے کے لیے رکھ دیتے تھے جیسے چلبلی، پھلجھڑی، رنگیلی وغیرہ یہ صرف پیار کے نام نہیں تھے بلکہ ان ناموں کے پیچھے محل کی پوری زندگی پوشیدہ ہے ان کی خدمت اور امتیازات کے علاوہ ان کے آقاؤں کی زندگی، رجحانات اور کردار پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

اٹھارہویں صدی میں اودھ میں طوائف بازی کے علاوہ کثیرالازواج کی رسم بھی عام تھی۔ حکمراں طبقہ کی طرح کسی رئیس یا امیر کو اگر کوئی عورت پسند آجاتی تو اس سے نکاح یا متعہ ہوجاتا تھا اور ایسی منکوحہ یا ممتوعہ عورتیں بھی حرم میں داخل ہو کر بیگم کہلاتی تھیں۔ ان کی سکونت کے لیے علیحدہ جگہ آراستہ و پیراستہ کردی جاتی تھی اور ان مدخولہ عورتوں کے احکام بھی اندر اور باہر کے تمام ملازمین پر واجب التعمیل ہوجاتے تھے لیکن ممتوعہ عورتوں اور خاص بیگم کے رتبے اور عظمت میں فرق ہوتا تھا۔ محل کے اندر بیگم کی حکومت رہتی تھی اور خرچ کے حساب کی جانچ وہ خود کرتی تھیں اور نہ ہی کبھی کوئی ان کے حکم سے سرتابی کرسکتا تھا۔ بیگم کا وقار برقرار رکھنا رؤسا کا فرض عین تھا اور یہی برتاؤ بیگم کی ظاہری خوشنودی مزاج کے لیے کافی ہوتا تھا۔ عام طور پر شرفا اور عوام میں ایک ہی شادی کا عام دستور تھا لیکن بعض گھرانوں میں اولاد کے لیے تعدادِ ازواج کا رواج تھا۔ بیشتر ہندو امرا میں کثرتِ ازواج کا بھی دستور تھا اور بالعموم کسی طوائف کے پسند آجانے پر اس سے شادی بھی کرلیتے تھے اور اس سے ان کا سلسلۂ نسب بھی چلتا تھا مثلاً راجہ جھاؤلال نے اولادِ نرینہ کے لیے طوائف سے شادی کی تھی۔[۴۵]

اس دور میں اودھ کے حکمراں اور امرا طبقہ کی خواتین میں پردے کا عام دستور تھا۔ جب کبھی وہ باہر جاتیں ان کی سواری بند پالکیوں یا ڈولیوں میں بڑے تزک و احتشام سے نکلتی تھی۔ اسی طرح رؤسا اور خوشحال شرفا گھرانے کی خواتین کی سواریاں بھی شان و شوکت سے نکلتی تھیں اور ہر رئیس کا اپنا ایک نشان ہوتا تھا۔ متوسط گھرانوں میں بھی پردے کا رواج تھا لیکن پست اور زیریں طبقہ کے عوام میں پردے کا رواج نہیں تھا۔ اعلیٰ اور امرا طبقہ کی ہندو عورتوں میں پردے کا عام دستور تھا لیکن مسلم خواتین کی طرح وہ سر سے

پیر تک پردہ نہیں کرتی تھیں۔ اس دور میں حکمراں طبقہ اور امراء و عمائدین کی خواتین ہی میں زیادہ تعلیم و تربیت کی اشاعت و ترویج ہو سکی تھی۔ بیشتر بیگمات اچھی شاعرہ تھیں لیکن کبھی کسی مشاعرے میں اپنا کلام نہیں سناتی تھیں۔ فیض آباد میں نواب آصف الدولہ کی بیگم "دلہن بیگم" اچھی شاعرہ تھیں[۵۴]۔ مرزا جہاندار شاہ کی خاص محل "بینا بیگم" اور نواب اعتماد الملک غازی الدین خاں کی بیگم "گنا بیگم" بھی شاعرہ تھیں[۵۵]۔ امرا اور خوشحال شرفا گھرانے کی لڑکیوں کو مذہبی تعلیم کے علاوہ عربی، فارسی اور اردو کی معقول تعلیم محل ہی میں مولوی اور استانی سے دلائی جاتی تھی۔

اٹھارہویں صدی کے اودھ کے معاشرہ میں مروج سبھی رسم و رواج کی امین حرم اور امرا و اعلیٰ طبقہ کی خواتین تھیں۔ بیشتر رسومات کو ان خواتین نے نہ صرف جلا بخشی بلکہ سماج کے ہر طبقہ میں مروج بھی کیا۔ مثلاً بہو بیگم نے محرم کی عزاداری میں زنجیری ماتم اور مہندی کے جلوس کو مروج کیا تو بادشاہ بیگم نے اچھوتہ، اچھوتی اور ان کی نذر کی رسم ایجاد کی۔ ولادت سے لے کر غمی تک کی یہ سبھی رسمیں امرا سے لے کر شرفا اور عوام غرض سماج کے سبھی طبقہ میں رائج تھیں۔ ولادت چھٹی اور شادی بیاہ کے موقع پر اس سے متعلق سبھی رسومات کی ادائیگی بڑی پابندی سے خواتین انجام دیتی تھیں۔ معاشرے میں مروج سبھی رسم و رواج کو قائم، زندہ اور محفوظ رکھنے والی خاندان کی بزرگ اور ضعیف خواتین ہوتی تھیں۔ اس دور کی چھوٹی بڑی سبھی رسمیں انھیں خواتین کے ذریعہ ہی آج بھی ہر خاندان اور گھرانوں میں کچھ ترمیم کے ساتھ کسی نہ کسی حد تک زندہ اور رائج و قائم ہیں۔ اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ فرمانروایان اودھ کے حرم کی زندگی کا عکس، رسم و رواج، طرز زندگی، رہائش، آرائش و زیبائش، رفتار و گفتار، زیورات، لباس، تراش و خراش، رہن سہن، آداب محفل، نشست و برخاست غرض ہر چیز کی تقلید امرا اور عمائدین کی خواتین کرتی تھیں اور اس کے اثرات خوشحال شرفا اور پھر عوام پر پڑتے تھے کیونکہ حکمراں طبقہ کا براہ راست اثر امرا اور عمائدین کی طرز زندگی پر پڑتا تھا اور ان سے شرفا اور عوام متاثر ہوتے تھے۔

حواشی

۱۔ Srivastava, A L - The First two Nawabs of Avadh, Agra - 1954, p 3

۲۔ غلام علی۔ عماد السعادت (نول کشور پریس ۱۸۹۷ء) ص۵، کمال الدین حیدر۔ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول (نول کشور پریس لکھنؤ ۱۸۷۹ء) ص۱۱

۳؎ عماد السعادت۔ ص۳

۴؎ شیخ قدرت اللہ۔ جام جہاں نما (قلمی رضا لائبریری رام پور) ص۱۹۰

۵؎ ۱۷۴۸ء میں مغل بادشاہ احمد علی شاہ تخت نشیں ہوئے تو انھوں نے صفدر جنگ کے منصب میں اضافہ کے ساتھ وزارت کا عہدہ بھی عطا کیا تھا تبھی سے یہ لوگ نواب وزیر کہلانے لگے۔

۶؎ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۳۰، نجم الغنی۔ تاریخ اودھ۔ جلد اول (نول کشور پریس لکھنؤ ۱۹۱۹ء) ص۱۵۔۱۶، شیخ تصدق حسین۔ بیگمات اودھ (لکھنؤ) ص۹۔۱۰، ۱۳۔۱۹،

۷؎ عماد السعادت۔ ص۱۵، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۳۲، تاریخ اودھ۔ جلد اول ص۱۸، عابد رضا بیدار۔ وقائع زمان نواب آصف الدولہ (جمال پرنٹنگ پریس۔ دہلی ۱۹۶۵ء) ص۸، بیگمات اودھ ص۱۵۔۲۱

Qureshi, H A - Some Aspects of Harem of the first four Nawabs of Avadh, Lucknow-1981, p 2

۸؎ عماد السعادت۔ ص۱۵۔۹۲، تاریخ اودھ۔ جلد اوّل۔ ص۱۸، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اوّل ص۳۲ بیگمات اودھ، ص۱۵۔۲۲، منشی رام سہائے تمنا۔ افضل التواریخ۔ جلد دوم (تمنائی پریس لکھنؤ ۱۸۷۹ء) ص۱۲

۹؎ غلام حسین۔ سیر المتاخرین (نول کشور پریس لکھنؤ ۱۸۶۷ء) ص۲۴۷، محمد احد علی۔ شباب لکھنؤ۔ (الناظر پریس لکھنؤ ۱۸۹۹ء) ص۹، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اوّل۔ ص۲۱

۱۰؎ منشی فیض بخش۔ تاریخ فرح بخش (قلمی۔ مولانا آزاد لائبریری۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) ص۲۵۔ الف۔
Srivastava, A L - Shuja-ud-daulah of Avadh (Agra-1961 2nd Edition 1974), vol I, p 3

۱۱؎ عماد السعادت ص۳۶، محمد علی خان۔ تاریخ مظفری (قلمی۔ مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) ص۳۵۳،
سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۳۶, First two Nawabs of Avadh, p 109-110,
Shuja-ud-daulah of Avadh, vol I, p 4-6

۱۲؎ Oudh Papers - 1824, p 443, Shuja-ud-daulah of Avadh vol II, p 117, Some Aspects of Harem of the first four Nawabs of Avadh, p 5

۱۳؎ سیر المتاخرین۔ جلد چہارم ص۶۲۔۶۶ Some Aspects of Harem of the first four Nawabs of Avadh, p 4

۱۴؎ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۵۱۔۵۲، تاریخ اودھ۔ جلد دوم۔ ص۲۔۴، افضل التواریخ۔ جلد دوم ص۲۳

۱۵؎ محمد عمر۔ اٹھارہویں صدی میں ہندوستانی معاشرت (جمال پرنٹنگ پریس دہلی ۱۹۷۳ء) ص۱۹۲،

Shuja-ud-daulah of Avadh, vol I, p 46

۱۶ عماد السعادت۔ ص۶۶، سیر المتاخرین۔ جلد سوم ص(ا۔ت)، تاریخ اودھ۔ جلد دوم۔ ص۲۔۴

۱۷ Sir Jadunath Sarkar - Fall of the Mughal Empire, vol II, p 390, Shuja-ud -daulah of Avadh, vol I, p 299

۱۸ ہرچرن داس۔ چہار گلزار شجاعی (ادوٹوگراف علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) ص۲۲۱ ب۔ ۲۲۲ الف، اٹھارہویں صدی میں ہندوستانی معاشرت۔ ص۴۳۴

۱۹ شیعہ فرقے میں کچھ مدت کے لیے عورت سے شادی کر لینے کا رواج تھا جو متعہ کہلاتا تھا۔ چونکہ اودھ کا حکمراں خاندان شیعی عقائد کا تھا اس لیے یہاں کے امراء اور رئیسوں میں متعہ کا عام دستور تھا۔

۲۰ تاریخ فرح بخش ص۲۸۶ الف William Hoey - Memoirs of Delhi and Faizabad (Government Press of Allahabad - 1888-89), p 121

۲۱ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۹۰

۲۲ تاریخ اودھ۔ جلد دوم۔ ص۸

۲۳ Memoirs of Delhi and Faizabad, p 30, Calendar of Persian Correspondence vol V, p 858 & vol VI, p 581

۲۴ Memoirs of Delhi and Faizabad, p 260, Mill & Wilson - The History of british India, vol IV (London - 1858), p 297-298 306,

۲۵ تاریخ اودھ۔ حصہ سوم۔ ص۳، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۸۱،۵، سید اسرار حسین۔ قدیم ہنرمندان اودھ (لکھنؤ ۱۹۳۶ء) ص۴۷، میر قدرت اللہ قاسم۔ مجموعہ نغز جلد اول (ترقی اردو بورڈ نیشنل اکاڈمی دہلی ۱۹۷۳ء) ص۲۵۷۔

۲۶ Twining Thomas - Travells in India A Hundred Years Ago, (London-1893)p 311,

اٹھارہویں صدی میں ہندوستانی معاشرت ص۴۲۰ Some Aspects of Harem of the first four Nawabs of Avadh, p 8,

۲۷ وقائع زمان نواب آصف الدولہ۔ ص۱۳۵

۲۸ Oudh Papers - 1824, p 322, Bishop Heber - Narrative of a Journey through the Upper Provinces of India (London-1828), vol II pp 65-66,

تاریخ اودھ جلد سوم۔ ص۲۵۶، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول، ص۳۰۵، قیصر التواریخ۔ جلد دوم۔ ص۹۴

۲۹ تاریخ اودھ۔ جلد دوم۔ ص۲۸۱ و حصہ سوم۔ ص۲۹۵، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول ص۵

۳۰ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۱۱۲، افضل التواریخ جلد دوم ص۶۸، تاریخ اودھ۔ جلد دوم ص۲۲۸

Calendar of Persian Correspondence, vol X L No 1053, 1061, 1146, 1163 U P Historical Review vol.II No 1, 1983, p 32 (An Account of Wazir Ali's Marriage)

مفتی ولی اللہ۔ تاریخ فرخ آباد۔ (قلمی۔ رضا لائبریری رام پور) ص۱۹۳

۳۱ عماد السعادت۔ ص۱۵۹، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۱۳۰، تاریخ اودھ۔ جلد دوم ص۲۸۳-۲۸۴ و حصہ سوم۔ ص۳۶۲۔

۳۲ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول ص۷

۳۳ تاریخ اودھ۔ جلد سوم ص۱۱۳-۱۱۵

۳۴ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۹، تاریخ اودھ۔ جلد سوم۔ ص۱۰۴-۱۰۵

۳۵ تاریخ اودھ۔ جلد سوم۔ ص۱۷۰-۱۷۱، سوانحات سلاطین اودھ جلد اول۔ ص۲۸۹

۳۶ برائے تفصیل ملاحظہ ہو وقائع دلپذیر۔ انگریزی ترجمہ۔ تاریخ بادشاہ بیگم، تاریخ اودھ جلد سوم۔ ص۱۷۵-۱۷۶۔

۳۷ بیگمات اودھ۔ ص۱۶۸، سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول ص۳۲۹-۳۳۲، تاریخ اودھ۔ جلد سوم۔ ص۱۷۹-۱۸۰، رجب علی بیگ سرور۔ فسانۂ عبرت (مطبع نجم العلوم لکھنؤ ۱۹۵۷ء) ص۲۲، ۹۱۔

۳۸ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول۔ ص۱۰

۳۹ محمد امیر علی خاں۔ وزیر نامہ (نظامی پریس کانپور ۱۸۷۶ء) ص۸۳، سبط محمد نقوی۔ امجد علی شاہ سرفراز قومی پریس۔ لکھنؤ ۱۹۷۶ء) ص۸۸-۸۹۔

۴۰ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول ص۱۱، ۲۸۶-۲۸۷

۴۱ بیگمات اودھ۔ ص۱۹۷-۱۹۸

۴۲ کنور درگا پرساد مہر۔ تاریخ اجودھیا (نول کشور پریس لکھنؤ ۱۹۰۲ء) ص۱۵

۴۳ مرزا فدا علی خاں خنجر۔ محل خانہ شاہی (نامی پریس لکھنؤ ۱۹۲۳ء) ص۱۱-۱۲

۴۴ عبد الحلیم شرر۔ گزشتہ لکھنؤ (الواعظ پریس لکھنؤ ۱۹۶۵ء) ص۷۹-۸۰، تاریخ نادر العصر (نول کشور پریس ۱۸۹۳ء) ص۱۲۰

۴۵ Some Aspects of Harem of the first four Nawabs of Awadh, p 2

۴۶ تاریخ فرح بخش۔ ص ۲۲۱ ب، تاریخ اودھ۔ جلد اوّل۔ ص ۱۴۶، گزشتہ لکھنؤ۔ ص ۱۰،
Memoirs of Delhi and Faizabad, vol II, p 2-3

۴۷ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اوّل۔ ص ۵-۶، تاریخ اودھ جلد دوم۔ ص ۲۸۱ و حصّہ سویم ص ۲۵۵

۴۸ Vide - Some Aspects of Harem of the first four Nawabs of Avadh, p 9

۴۹ مجموعہ مثنویات میر حسن۔ مرتبہ عبدالباری آسی (نول کشور لکھنؤ ۱۹۴۵ء) ص ۲۰-۲۶، ۳۰-۳۱، ۵۵-۵۸، ۶۱-۶۲

۵۰ سیر المتاخرین۔ ص ۱۱۰-۱۱۱، تاریخ اودھ حصّہ سویم۔ ص ۱۱۹-۱۲۰، Memoirs of Delhi and Faizabad, vol II, pp 48-60

۵۱ Travells in India A Hundred Years Ago, p 311-12, Memoirs of Delhi and Faizabad, vol II, pp 248-49, Mrs Mir Hasan Ali Observations on the Musalmans of India (London-1832, 2nd edition-1917), p 248,
محمد احمد علی۔ شباب لکھنؤ (الناظر پریس لکھنؤ ۱۸۹۹ء) ص ۱۰۲ - ۱۱۸ -

۵۲ Mrs Fanny Parks - Wonderings of Pilgrims in search of Picturesque during four and twenty years in the East (London-1850), vol I, p 87

۵۳ ماہنامہ ادیب۔ الٰہ آباد۔ شمارہ اگست ۱۹۱۰ء (نوبت رائے نظر کا مقالہ)، لکھنؤ کی تہذیبی میراث۔ ص ۱۷۰-۱۷۱
نیز شاہی دعوتوں کے اہتمام اور رونق کے لیے ملاحظہ ہو۔ میر تقی میر۔ ذکر میر۔ (اورنگ آباد ۱۹۲۸ء) ص ۱۲۳-۱۲۵
شباب۔ لکھنؤ۔ ص ۱۰۲ - ۱۱۸

۵۴ مجموعہ مثنویات میر حسن۔ ص ۳۲-۱۲۵، امجد علی خاں۔ مثنوی حزن اختر (نامی پریس۔ لکھنؤ ۱۹۳۹ء) ص ۱۶۴-۱۶۵

۵۵ کمال الدین حیدر۔ سوانحات سلاطین اودھ۔ جلد اول ص ۵۱ - ۵۲، نجم الغنی۔ تاریخ اودھ جلد دوم ص ۳-۴

۵۶ تاریخ اودھ۔ جلد دوم۔ ص ۲۷۷

۵۷ نواب مصطفٰے خاں شیفتہ۔ تذکرہ گلشن بے خار۔ ص ۹۹، میر حسن دہلوی۔ تذکرہ شعرائے اردو۔ ص ۹۳

۵۸ تذکرہ گلشن بے خار۔ ص ۲۳۲

ڈاکٹر محمد عتیق الرحمٰن

خدابخش لائبریری میں

خطاطی کے چند اہم اور خوبصورت نمونے

مسلمانوں نے جن علوم و فنون کو خون جگر سے سینچا، ان کے گیسو سنوارے اور انہیں بام عروج پر پہنچایا ان میں ایک اہم علم فن خطاطی ہے۔ اس میدان میں دنیا کی کوئی قوم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ خطاطی مسلمانوں کا وہ بیش بہا ورثہ ہے، جو اسلامی تہذیب و تمدن کی شاندار تاریخ کی عکاسی کرتا ہے۔ اور علم و فن سے مسلمانوں کی حیرت انگیز طور پر دلچسپی اور شغف کا دستاویزی ثبوت فراہم کرتا ہے۔ اسلامی خطاطی کی تاریخ خاصی قدیم اور طولانی ہے۔ یہ عہد نبوی سے شروع ہوتی ہے۔ اور پھر عہد بنو امیہ، عہد بنو عباس، عہد مغلیہ اور دربار اندلس میں پہنچ کر آسمان ترقی پر جلوہ فگن ہو جاتی ہے۔ اور ہر جگہ کا اثر قبول کرتے ہوئے مختلف قسم کی خوبصورت اور رنگارنگ تصویریں پیش کرتی ہے۔ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ اسلامی خطاطی کا آغاز خط کوفی سے ہوتا ہے۔ جو اپنے پیش رو خط معقلی سے الگ اپنی ایک علیحدہ صورت اختیار کر لیتی ہے۔ چوتھی صدی ہجری کے آغاز میں امام فن خطاطی ابن مقلہ (م ۳۲۸ھ/۹۴۰ء) نے اپنی فطری صلاحیت اور جدت پسندی کی بدولت کوفی اور معقلی کے امتزاج سے چھ خط ایجاد کیے۔ یہ چھ خط ثلث، محقق، توقیع، نسخ، ریحان اور رقاع تھے۔ اور پھر اسلامی دنیا کے مختلف استادان فن نے اپنی جودت پسندی اور رنگینیٔ طبع کی بنا پر پچاس سے زائد نہایت خوبصورت اور دلکش خط ایجاد کیے۔ چند یہ ہیں: تعلیق، نستعلیق، خط بہاری، شکستہ، خط بابری، خط شفیعہ، خط ماہی، خط غبار، خط طغریٰ، خط گلزار، خط ناخن، خط مقابل۔ یہ تمام خط اپنی دلکشی، فنی پختگی اور جاذبیت کی بنا پر حیرت انگیز اور بے مثال ہیں۔

اگر کوئی شخص اسلام کے اس شاندار ورثہ کو دیکھنا چاہے اور اس کے خوبصورت نمونوں سے مستفید ہونا چاہے تو دنیا کے تقریباً ہر بڑے مشرقی کتب خانے میں اس کو کچھ نہ کچھ یہ نمونے مل جائیں گے۔

خدابخش لائبریری پٹنہ اپنی نادر قلمی کتابوں، مصوّر نسخوں اور خود نوشت تحریروں کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ لیکن ان کے ساتھ ساتھ یہاں خطّاطی کے نہایت دلچسپ اور خوبصورت نمونے بھی محفوظ ہیں جو مختلف استادان فن کے لکھے ہوئے ہیں۔ میرے خیال میں یہاں پانچ سو سے زائد خطاطی کے

نمونے محفوظ ہیں، جو مختلف وصلیوں، مجموعوں اور البم کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوسو سے زائد قرآن مجید کے قلمی نسخے ہیں، جو خطاطی کے نہایت خوبصورت اور دلکش نمونے ہیں۔ ہم درج ذیل سطور میں خطاطی کے کچھ خوبصورت نمونے پیش کر رہے ہیں تاکہ خطاطی کے لحاظ سے اہل علم حضرات کو اس لائبریری کی قدر و قیمت کا اندازہ ہو سکے، اور اس کی عظمت و برتری کو وہ بہتر طریقہ سے سمجھ سکیں۔ ان نمونوں کو عکس کی شکل میں اخیر میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس سے قبل ہر نمونۂ خطی کا تعارف کرایا گیا ہے۔ جس میں خط، تاریخ خط، کتابت، سال کتابت وغیرہ کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں تاکہ اہل علم حضرات کو ان خطی نمونوں کی صحیح قدر و قیمت معلوم ہو سکے۔

عکس نمبر ۱: یہ خدابخش لائبریری کی سب سے قدیم اور اہم ترین تحریر ہے۔ یہ دراصل ہرن کے چمڑے پر لکھے ہوئے قرآن پاک کا ایک ورق ہے جو شیشے کے فریم میں محفوظ ہے جس کی کتابت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کی جاتی ہے۔ حضرت علیؓ کی وفات ۴۰ھ میں ہوئی تھی۔ اس لحاظ سے اس کی کتابت ۴۰ھ سے قبل ہی تسلیم کی جا سکتی ہے۔

آپ عکس دیکھیں اس میں اس دور کی اور خاص طور پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان کتابت کی پوری جھلک ملتی ہے۔ کیونکہ یہ قدیم خط کوفی میں ہے، جب حروف متشابہ (ب، ت، ج، ح، خ) کی شناخت اور اس کی قرأت میں دشواری پیش آنے لگی تو حضرت علیؓ کے شاگرد ابوالاسود دؤلی (م ۶۹ھ/ ۶۸۸ء) نے حروف کی تشخیص کے لیے نقطے ایجاد کیے اور تقریباً سو برس تک یہ نقطے استعمال ہوتے رہے۔ اس کے اصول و ضوابط مراۃ بن مرہ نے وضع کیے۔ چونکہ اہل کوفہ نے اس خط کو بنایا سنوارا، اس لیے اس کا نام خط کوفی پڑا۔ یہ خط بتدریج کوفہ سے نکل کر مکہ معظمہ، مدینہ منورہ اور پھر دوسرے اسلامی ممالک میں پہنچا اور دنیائے کتابت میں بڑا نام پیدا کیا۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس عکس میں اظہار حروف کے لیے جو انداز کتابت اختیار کیا گیا ہے، وہ بلاشبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کہا جا سکتا ہے کیونکہ ان کی کتابت کے جو نمونے ہمیں ایران اور مصر وغیرہ کے کتابخانوں میں ملتے ہیں، اور خطوط شناسی کے ماہرین جنہیں تصدیق کرتے ہیں ان سے مقابلہ کرنے پر ان دونوں میں یکسانیت نظر آتی ہے۔ مثلاً الف، لام الف، د، ک کا انداز کتابت وہی ہے جو دیگر کتابخانوں کے نسخوں میں ملتا ہے۔ اس میں سورہ ابراہیم کی تین آیتیں (۳۶-۳۴) لکھی ہوئی ہیں جو قارئین کی سہولت کے لیے موجودہ رسم خط میں

تحریر کی جارہی ہیں:

(لظلوم کفار ○ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ○ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ رَبَّنَا اِنِّيْ اَسْكَنْتُ اس کا سائز ۲½ × ۴ انچ ہے۔

عکس نمبر ۲: یہ مشہور کاتب میر علی (م ۸ ویں صدی ہجری) کے ہاتھ کی لکھی ہوئی وصلی کا ایک خوبصورت نمونہ ہے۔ میر علی، میر علی تبریزی خواجہ میر علی اور خواجہ امیر علی کے نام سے معروف ہیں۔ یہ امیر تیمور کے زمانے کے نہایت اہم اور مقبول ترین کاتب ہیں۔ تیموری عہد میں میر علی ہروی، ملا میر علی شیرازی اور میر علی خراسانی تینوں میر علی تبریزی کے مشہور معاصر اور ہم نام کاتب تھے لیکن خطاطی کے میدان میں جو مقام میر علی تبریزی کو حاصل ہوا وہ کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہوا۔ امیر تیمور ان تمام لوگوں کے مقابلے میں میر علی تبریزی کو زیادہ عزیز رکھتا تھا۔ میر علی تبریزی کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے نسخ اور تعلیق سے ملاکر ایک جدید اور خوبصورت خط ایجاد کیا جس کو نستعلیق کہا جاتا ہے۔ اس نے اس کے اصول و ضوابط مرتب کیے۔ اور اس قدر خوبصورت اور دلکش بناکر پیش کیا کہ اس کے بعد خط تعلیق رفتہ رفتہ معدوم ہوگیا۔ ان کے شاگردوں میں مولانا جعفر تبریزی اور مولانا اظہر اور سلطان علی مشہدی مشہور کاتب ہوئے۔ جنھوں نے اپنے استاد کے فن کو آگے بڑھایا۔

خط نستعلیق نسخ اور تعلیق سے مل کر بنا ہے۔ لیکن اس میں خط تعلیق اور شفیعہ کی زائد لکیریں نہیں ہوتیں، بلکہ نہایت صاف ستھرا، خوبصورت اور واضح ہوتا ہے۔ نسخ اور تعلیق کے مقابلے میں نستعلیق میں سبک روی اور نرمی پیدا ہوتی ہے۔ لفظ کے صوری حسن میں بے پناہ اضافہ بھی ہوا ہے۔ یہ خط فارسی کے مزاج سے زیادہ قریب تھا اسی لیے ایجاد کے بعد فارسی کتابت کے لیے زیادہ مستعمل ہونے لگا۔ اس کا سائز ۹٫۶ × ۱۷٫۵ سنٹی میٹر ہے۔

عکس نمبر ۳: یہ خط نستعلیق کا بہترین نمونہ ہے۔ جس کی کتابت علی رضا العباسی نے ۱۰۲۳ھ میں کی ہے۔ یہ خط نسخ و نستعلیق کے عمدہ خوش نویس اور ماہر استاد تھے۔ مشہور خطاط میر عماد حسینی سے بھی ان کا اونچا مقام ہے۔ ان کے خط میں بیحد آب و تاب ہے۔ ایران کے شاہی دربار میں ان کی بڑی عزت اور وقعت تھی۔ انہوں نے کچھ زمانہ شاہ عباس ثانی کا اور شاہ عباس اوّل اور شاہ صفی کا پورا عہد دیکھا ہے۔ ان کی وفات ۱۰۵۲ھ میں ہوئی۔ وہ ایک اچھے خطاط کے علاوہ ایک ماہر استاد مصوری کے بھی تھے۔ شاعر کی حیثیت

سے بھی، ان کا اونچا مقام ہے۔ اس کا سائز ۱۸×۱۰ سنٹی میٹر ہے۔

عکس نمبر ۴: یہ خط نستعلیق کا دلچسپ اور دلکش نمونہ ہے، جو مشہور خطاط محمد شریف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ محمد شریف خواجہ عبدالصمد شیریں رقم کے صاحب زادے تھے۔ اپنے والد سے خطاطی کا فن حاصل کیا۔ اور پھر اس کو درجۂ کمال تک پہنچایا۔ اکبر بادشاہ کے امراء میں ان کا شمار تھا۔ مگر کسی وجہ سے ناراض ہو کر جہانگیر سے جا ملے۔ کچھ عرصہ تک حالات سے خوف زدہ ہو کر گوشہ نشیں رہے۔ پھر جیسے ہی انہیں یہ خبر ملی کہ جہانگیر تخت نشین ہو گیا ہے تو بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے انہیں امیر الامراء کا خطاب دیا۔ فن خوش نویسی میں تو صاحب فضل و کمال تھے ہی، اس کے ساتھ ساتھ اس فن کے زبردست ناقد اور مبصر بھی تھے، جس سے ان کی فنی بصیرت اور مہارت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اکبری اور جہانگیری دور میں ایک اچھے استاد فن خطاط کی حیثیت سے مشہور تھے۔ اس کا سائز ۲۲ × ۱/۲ ۱۵ سنٹی میٹر ہے۔ کتابت گیارہویں صدی ہجری کی ہے۔

عکس نمبر ۵: یہ خط طغریٰ کا ایک خوبصورت اور دلکش نمونہ ہے جو بظاہر ایک ہرن نظر آرہا ہے۔ لیکن آپ غور سے دیکھیں تو اس کے درمیان میں 'بسم اللہ الرحمن الرحیم' لکھا ہوا ہے۔ اور پھر اس کے کنارے کنارے سورہ کوثر یعنی انا اعطیناک الکوثر ہ فصل لربک وانحر ہ ان شانئک ھو الابتر لکھا ہوا ہے۔ یہ عبارتیں اس خوبصورتی اور فنی چابکدستی کے ساتھ لکھی گئی ہیں کہ خوبصورت تحریروں کے ساتھ ساتھ ہرن کی شکل سامنے آگئی ہے اور یہ خود بھی خوبصورت دکھائی دے رہا ہے۔ خوبصورتی پیدا کرنے کے لیے ہی یہ طرز تحریر اختیار کیا گیا ہے۔ یہ دراصل آرائشی خطاطی کا نمونہ ہے۔ جس کا مقصد چیزوں کو تحریر کے ذریعہ خوبصورت اور دلکش بنانا ہوتا ہے۔

خط طغریٰ دراصل اپنے ابتدائی زمانے میں ایسے طرز تحریر کو کہا جاتا تھا کہ امراء، بادشاہ اپنے نام، القاب اور سال جلوس کو ایک اچھے ڈیزائن میں لکھوا کر مہریں بنواتے اور دفتری امور میں کاغذات یا فرامین کے سرنامے پر انہیں ثبت کرتے تھے۔ فرہنگ معین اور لغت نامہ دہخدا میں خط طغریٰ کی تعریف میں یہ بات کہی گئی ہے کہ وہ کمان کی شکل میں ہو۔ اور ظاہر ہے کہ چونکہ کمان خود ایک خوبصورت چیز ہے، اس لیے اس جیسی جو چیز بنائی جائے گی وہ لازماً خوبصورت ہوگی۔ اسی بنا پر ہمیں ایران، ترکی اور مغل بادشاہوں کی بعض مہریں ملتی ہیں جو کمان جیسی ایک خاص شکل کی ہیں اور وہ خوبصورت تحریروں سے بنائی گئی ہیں۔ لیکن امتداد زمانہ کے ساتھ ساتھ اس طرز تحریر میں تبدیلی آتی گئی اور درست بھی ہوتی گئی۔ اس لیے مختلف زاویوں سے خط طغریٰ لکھا جانے لگا، اور مختلف مقاصد کے لیے استعمال ہونے لگا۔ چنانچہ ہم ترک عثمانیہ کے سلاطین میں طغریٰ نویسی کا شوق سب سے زیادہ

پاتے ہیں جنھیں وہ مختلف مقاصد کے لیے استعمال کرتے تھے۔ وہ مساجد، مدارس اور تعلیمی اداروں کے لیے قرآن کی ایسی عبارت کا انتخاب کرتے جس سے نصیحت کا پہلو نمایاں ہو۔ انہیں عام طور پر خط طغریٰ میں پتھر پر لکھوا کر ان پر چسپاں کرتے تھے۔ خط طغریٰ بھی آرائشی خط میں شمار ہوتا ہے۔ اس لیے آپ دیکھیں گے کہ اوپر والے عکس میں ایک خوبصورت ہرن کی شکل عربی تحریروں سے بنائی گئی ہے۔ اس کا سائز ۲۴ × ۲۶ سنٹی میٹر ہے۔

عکس نمبر ۶: یہ خط نسخ کا بہترین نمونہ ہے، جس کی کتابت فتح اللہ کاشی نے کی ہے۔ خط نسخ علمی دنیا کا مشہور و معروف خط ہے، جس کو امام فن ابن مقلہ (م ۳۲۸ھ/۹۴۰ء) نے چوتھی صدی ہجری میں ایجاد کیا۔ ابن مقلہ شیرازی الاصل تھا۔ بغداد میں پیدا ہوا اور وہیں اس کی علمی و دینی تربیت ہوئی۔ وہ اپنے زمانے کا مشہور فاضل تھا۔ علم فقہ، تفسیر، تجوید، ادبیات، شعر گوئی، انشاء پردازی اور خوش نویسی میں اپنا جواب نہ رکھتا تھا۔ خاص کر خط کوفی میں اور پھر اس نے اس کے جو چھ خط (ثلث، نسخ، توقیع، رقاع، محقق، ریحان) ایجاد کیے ان میں وہ لاثانی تھا۔ ابن مقلہ پہلا شخص ہے جس نے خطاطی کو ایک مستقل فن کی خصوصیات سے نوازا اور ایک تنظیم کی بنیاد رکھی، اور اس کے اصول و ضوابط مرتب کیے۔ فارسی رسم خط میں جن جدید خطوط کا اضافہ ہوا ان کی بنیاد بھی یہی خطوط ہیں۔

خط نسخ انتہائی صاف ستھرا اور خوبصورت خط ہے۔ نسخ کو اس لیے نسخ کہتے ہیں کہ اس کے بعد پچھلے تمام خط منسوخ ہو گئے۔ یہ دنیا کا نہایت مشہور اور مقبول خط ہے۔ چوتھی صدی کے اواخر اور پانچویں صدی کے آغاز میں خط نسخ نے مکمل طور پر کوفی کا منصب سنبھال لیا تھا۔ یہ بات بلاشبہ کہی جا سکتی ہے کہ دس صدیوں سے خط عربی کی حیثیت سے خط نسخ اور آرائشی خط کے لیے ثلث ایک خوبصورت خط کی حیثیت سے جاری و ساری ہے اور پوری دنیا میں رائج ہے۔

فتح اللہ کاشی علوم دینیہ اور عقلیہ کے مشہور فاضل تھے۔ خوش نویسی میں بڑا کمال حاصل تھا۔ یہی وجہ ہے کہ عراق، خراسان اور ہندستان میں ان کے خط کی بڑی شہرت تھی۔ یہ علی بن حسن زواری کے شاگرد تھے۔ جو صفوی عہد کے مشہور عالم تھے۔

اس کا سائز ۱۱ × ۱۶٫۵ سنٹی میٹر ہے۔

عکس نمبر ۷: یہ شاہجہانی دور کے مشہور کاتب عبدالرشید دیلمی (م ۱۰۸۱ھ/۱۶۷۰ء) کی خطاطی کا بہترین نمونہ ہے جو خط نستعلیق میں ہے۔ یہ مشہور زمانہ کاتب میر عماد حسینی (م ۱۰۲۴ھ/ ۱۶۱۵ء) کے بھانجے اور شاگرد

تھے۔ یہ جب شاہ جہاں کے دربار میں پہنچے تو بادشاہ نے کافی قدردانی کی، اور داراشکوہ کو ان کی شاگردی میں دیدیا۔ وہ اپنے فنی کمال اور خوبصورت خطاطی کی وجہ سے اپنے تمام اسلاف اور معاصرین پر سبقت لے گئے۔ داراشکوہ ... ۔ وہ ان کے اہم شاگردوں میں محمد اشرف خواجہ سرا، سعیدائی اشرف، عبدالرحمٰن اور میر حاجی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں، جنھوں نے اپنے استاد کے فن کو چمکایا اور جلا بخشا۔

عبدالرشید دیلمی خط نستعلیق کا امام تھا۔ کہا جاتا ہے کہ خط نستعلیق کے چاروں امام، خواجہ میر علی تبریزی، سلطان علی مشہدی، میر علی الکاتب ہروی اور میر عماد حسینی کے بعد عبدالرشید دیلمی کو استاد فن کا درجہ حاصل تھا۔ انہیں میر عماد کے طرز پر لکھنے کا کمال حاصل تھا۔ وہ میر عماد کے پکے اور سچے شاگرد تھے۔ یہ عکس والی تحریر بھی ان کے صاحب کمال استاد ہونے پر مکمل ثبوت فراہم کرتی ہے۔ اس کا سائز ۲۰.۱۲ × ۱۰ سنٹی میٹر ہے۔

<u>عکس نمبر ۸:</u> یہ خط شکستہ کا خوبصورت اور دلکش نمونہ ہے۔ جس کی کتابت شنکر ناتھ نے کی ہے۔ میرزا محمد حسین (م ۱۰۰۲ھ/۱۵۹۲ء) نے دسویں صدی ہجری میں اس خط کو ایجاد کیا۔ یہ خط تعلیق اور نستعلیق کو ملا کر لکھا جاتا ہے۔ اس کو دائی ہرات مرتضیٰ قلی نے جاری کیا۔ گو یہ دفتروں میں زیادہ رائج تھا لیکن بعض خطاطوں نے اس میں بڑا حسن پیدا کیا، اور مصوری اور خطاطی کے امتزاج سے پرکشش طرز تحریر بنا دیا۔ رضائے عباسی نے جہاں دوسرے خطوط میں مہارت کا مظاہرہ کیا تھا، وہیں خط شکستہ میں بھی کمال پیدا کیا۔ رضائے عباسی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے بعض صفحات بھی نہایت خوبصورت ہوتے تھے کیونکہ وہ حروف کے آخر میں تہ دار زاویوں کا تسلسل پیدا کر کے حسن پیدا کر دیتا تھا اور یوں لگتا تھا جیسے مصوری کی گئی ہو۔

یہ عکس دراصل کلمات طیبات کا ایک صفحہ ہے۔ شنکر ناتھ مغلیہ دربار کا کاتب تھا جس نے یہ خوبصورت نمونہ تحریر کیا ہے۔ یہ خط دراصل ایران میں ایجاد ہوا، پروان چڑھا اور پھر وہاں سے ہندستان میں مغلیہ دور میں آیا۔ مغل بادشاہوں نے بھی اس کو خوبصورت بنانے میں بھرپور حصہ لیا اور ہندستان میں بھی یہ خط مروج ہوا۔ اس کا سائز ۱۰.۲ × ۱۸ سنٹی میٹر ہے۔

<u>عکس نمبر ۹:</u> یہ خط طومار کا دلکش اور خوبصورت نمونہ ہے۔ جس میں بظاہر تلوار، درخت اور مچھلی دکھائی دیتی ہے۔ لیکن یہ تمام چیزیں عربی حروف سے بنائی گئی ہیں جس میں قرآنی آیتیں، ادعیہ اور درود شریف لکھے گئے ہیں۔ کتابت ۱۲ویں صدی ہجری کی ہے۔ یہ ۱۱ انچ لمبا اور پونے چار انچ چوڑا ہے۔ خط طومار دراصل

طویل تحریر کو کہتے ہیں۔ ایسی طویل تحریریں یا تو کاغذ پر ملتی ہیں یا عمارتوں یا مسجدوں پر پتھر کے کتبات کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔ یہ لمبی لمبی تحریریں خط کوفی یا خط ثلث وغیرہ میں لکھی جاتی ہیں۔ اس کا خط عام طور پر جلی، دیدہ زیب اور خوبصورت ہوتا ہے جس کا مقصد کاغذ، مساجد اور عمارات کو خوبصورت بنانا ہوتا ہے۔ اس کی مثالیں ہمیں ہندوستان، اسپین، سمرقند و بخارا، بغداد اور ایران کی تاریخی عمارات اور مساجد میں ملتی ہیں۔ جو اپنی خوبصورتی اور دلکشی کے لیے پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ ایسی تحریریں ہمیں کاغذ پر بھی ملتی ہیں جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا۔ یہ ۱۱ فٹ لمبی اور پونے چار انچ چوڑی تحریر ہے جو نہایت خوبصورت ہے۔ خوبصورتی پیدا کرنے کے لیے عربی حروف سے درخت، تلوار اور مچھلی بنائی گئی ہے۔ پھر اس کے ارد گرد مختلف قسم کی تحریریں ملتی ہیں جو اس کی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں۔

عکس نمبر ۱: یہ خط خفی نسخ کا دلکش نمونہ ہے جو ایک چھوٹے صفحے پر بقول کاتب پورا عم پارہ لکھا گیا ہے اور جس کا سائز ۹ر۵ × ۱۵ر۵ سنٹی میٹر ہے۔ کل ۸۵ سطریں ہیں۔ کاتب کا نام سید محمد عبدالغنی ہے جو صوبہ بہار کے باشندہ تھے۔ یہ اپنے وقت کے مایہ ناز کاتب تھے۔ کیونکہ نام کے بعد فخر بہار لکھا گیا ہے۔ ۹ رجب المرجب ۱۲۱۱ھ میں اس کی کتابت ہوئی۔ کاتب نے مندرجہ ذیل عبارت لکھی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ پورا عم پارہ ہے۔

پارہ عم بتمامہ مع بسم اللہ

لیکن بغور دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد سورۃ النباء یعنی عم یتساءلون ۝ عن النبإ العظیم ۝ الذی ہم فیہ مختلفون ۝ سے شروع ہوتا ہے اور پھر سورۃ الماعون یعنی ارأیت الذی یکذب بالدین ۝ فذالک الذی یدع الیتیم ۝ ولا یحض علی طعام المسکین ۝ فویل للمصلین ۝ الذین ہم عن صلاتہم ساہون ۝ الذین ہم یراؤن ۝ ویمنعون الماعون ۝ پر ختم ہو گیا ہے۔ اگلی سورتوں کے لیے جگہ نہیں مل سکی اس لیے اس کے بعد کی سورتیں نہیں لکھی جا سکیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اخیر عم پارہ کی سات سورتیں یعنی سورۃ الکوثر، سورۃ الکافرون، سورۃ النصر، سورۃ اللہب، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اس میں کم ہیں۔ تاہم یہ نہایت تعجب خیز بات ہے کہ ایک مختصر صفحہ پر جس کا سائز ۹ر۵ × ۱۵ر۵ سنٹی میٹر ہو اور اس پر پورا عم پارہ لکھ دیا جائے۔ جبکہ عام طور پر عم پارہ تقریباً بیس پچیس صفحات میں لکھا جاتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ خط خفی اور باریک حروف ہونے کے باوجود اس کے پڑھنے میں کوئی زیادہ دقت محسوس نہیں ہوتی۔ اس گراں قدر اور قیمتی نمونۂ تحریر کو سید شاہ محمد ظفیر الحسن نے ۱۸۹۵ء میں بطور تحفہ خدا بخش لائبریری میں پیش کیا۔

مصادر و مراجع

مذکورہ خطاطی اور خطاطوں کے سلسلے میں جن کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے، وہ درج ذیل ہیں:

(۱) "دائرہ معارف اسلامیہ" جلد ۸، دانشگاہ پنجاب، لاہور

(۲) "تاریخ خطاطی"، اعجاز راہی، ادارہ ثقافت پاکستان، راولپنڈی ۱۹۸۶ء

(۳) "تاریخ خطاطی"، ابن کلیم، کلیم آرٹ پریس، ملتان

(۴) "پاک و ہند میں اسلامی خطاطی"، ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی، کتب خانہ نورس، لاہور

(۵) "صحیفۂ خوش نویسان"، احترام الدین احمد شاغل عثمانی، ترقی اردو بیورو، نئی دہلی ۱۹۸۷ء

(۶) "اطلس خط"، حبیب اللہ فضائلی، اصفہان ۱۳۹۱ھ (فارسی)

(۷) "تذکرۂ خوش نویسان" (فارسی)، غلام محمد ہفت قلمی دہلوی، ایشیاٹک سوسائٹی، کلکتہ ۱۹۱ء

(۸) "فرہنگ فارسی"، دکتر محمد معین، مؤسسۂ انتشارات امیر کبیر، تہران

(۹) "لغت نامۂ دہخدا"، تہران

(۱۰) "تطور الخط العربی" (عربی)، ناجی زین الدین، دار القلم، بیروت ۱۹۸۰ء

(۱۱) "فن الخط العربی والزخرفۃ الاسلامیۃ" (عربی)، حسن قاسم حبش، دار القلم، بیروت ۱۹۹۰ء

عکس-۱

ہرن کے چمڑے پر حضرت علیؓ سے منسوب خط کوفی میں سورہ ابراہیم کی تین آیتیں ۔ ۳۴۰-۳۶،

عکس - ۲

آٹھویں صدی ہجری کے مشہور خطاط میر علی کا تحریر کردہ خط نستعلیق کا ایک خوبصورت نمونہ۔

عکس ۔ ۳

گیارہویں صدی ہجری کے معروف خطاط علی رضا العباسی کا ۱۰۲۳ھ میں تحریر کردہ خط نستعلیق کا خوبصورت نمونہ ۔

عکس ۔ ۴

جہانگیری عہد کے مشہور خطاط محمد شریف کا تحریر کردہ خط نستعلیق کا خوبصورت نمونہ ۔

عکس-۵

سورۂ کوثر: تیرھویں صدی ہجری کا تحریر کردہ خط طغری کا ایک خوبصورت نمونہ ۔

وقال علي عليه السلام الزهد كله بين كلمتين من القرآن قال الله سبحانه
وتعالى لكيلا تأسوا على ما فاتكم ولا تفرحوا بما آتاكم ومن لم يأس على الماضي
ولم يفرح بالآتي فقد أخذ الزهد بطرفيه وسئل علي عليه السلام أيما أفضل العدل أو
الجود فقال العدل يضع الأمور مواضعها والجود يخرجها عن جهتها والعدل سائس
عام والجود عارض خاص فالجود أشرفهما وأفضلهما صلوات الله وسلامه من نورك لدى الفتى
قليلة وقال ما أفلس تاجر صدوق والحمد لله أولا وآخرا وظاهرا وباطنا كتبه فتح الله كاتبي

بیا که قصر امل سخت سست بنیاد است
بیار باده که بنیاد عمر بر باد است

غلام همت آنم که زیر چرخ کبود
ز هر چه رنگ تعلق پذیرد آزاد است

مجو درستی عهد از جهان سست نهاد
که این عجوزه عروس هزار داماد است

کتبه العبد المذنب عبد الرشید غفر ذنوبه

گیارہویں صدی ہجری کے مشہور خطاط عبدالرشید دیلمی (م ۱۰۸۱ھ) کا تحریر کردہ خط نستعلیق کا خوبصورت نمونہ۔

مکس ۔ ۸

رہویں صدی ہجری کے مشہور کاتب شنکرناتھ (م ۱۲۶۰ھ) کا تحریر کردہ خطِ شکستہ کا خوبصورت نمونہ۔

عکس۔ ۹ (الف)

قرآنی آیات، ادعیہ و درود پر مشتمل ۱۳ ویں صدی ہجری کا مکتوبہ خط طومار کا خوبصورت نمونہ

(سائز: لمبائی ۱۱ فٹ، چوڑائی ۳ سم انچ)

عکس - ۱۰

یارہ عم: بہار کے مشہور کاتب سید محمد عبدالغنی (۱۳۱۱ھ) کا تحریر کردہ خط نسخ کا دلکش نمونہ۔

ڈاکٹر غفار

چند اہم مخطوطات: ایک تعارف

(ترجمہ) عجائب المخلوقات، نمبر کتاب ۲۵۹-۶۳۴، کاتب: حاجی علی الحبلی، سنہ کتابت ۸۴۰ھ۔[این ترجمہ است از جلد اول "عجائب المخلوقات" از زکریا بن محمود الکمونی قزوینی۔ با تصویر]۔

معہ ترجمہ از دیگر کتاب عربی۔ ورق ۱۵۷، سطور ہر صفحہ ۱۷، کاتب: حاجی علی الحبلی، سنہ کتابت ۸۴۰ھ۔[این کتاب ھم ترجمہ است از عربی از عبدالرشید المدعو بایزید البشتکی] ورق از ۱۵ تا ۳۵۸، سطور ہر صفحہ ۱۷۔

اوّل و دوم صفحہ کا پڑھنا مشکل ہے، کیونکہ جگہ جگہ نہ صرف یہ کہ سیاہی پھیل گئی ہے بلکہ عبارت مٹ چکی ہے۔ البتہ بعد کا پورا نسخہ قابل خوانا ہے۔ کتاب ابواب میں منقسم نہیں بلکہ ہر موضوع کا آغاز عام طور پر "ذکر فلاں" کے عنوان سے ہوتا ہے۔ اکثر موضوعات اصل عربی کتاب ہونے کے سبب عربی ہی میں مرقوم ہے۔ کتاب کی اکثر شروع والی عبارات عربی نما ہیں۔

جیسا کہ کتاب کے عنوان "عجائب المخلوقات" سے ظاہر ہے دنیا میں پائی جانے والی رنگارنگ مخلوق، چرند و پرند، دام و دد، پیڑ پودے، سنگ و خشت، حیوان خشکی و بری، کوہ و بیابان، دریا و سمندر، کنویں و چشمہ جات، دھیمے سروں میں بہنے والی جوئبار، جزائر و اجسام سماوی، حتی کہ روز و شب، ماہ و سال و دن، معدنیات و کانیں، میوہ جات و سبزیجات، زلزلہ و باد و باران، قوس و قزح اور یہاں تک کہ مشہور فرشتگان، ان سب کی خصوصیات، صفات، عجائبات اور ان کا وجود کن حالات اور عوامل کے ساتھ وقوع میں آتا ہے، یہ سارا بیان جزوی معلومات کے ساتھ تفصیل سے درج ہے۔

: بو علی سینا، ارسطو، تحفۃ الغرائب اور المسالک الممالک وغیرہ کا بھی حوالہ دیا ہے، ابو علی سینا ارسطو، تحفۃ الغرائب کو معمولاً اطلاعات کے لیے معیار بناتا ہے۔

نسخہ مصور ہے، لیکن صفحات پر جو تصاویر بنی ہیں، ان کا عبارت سے کوئی تعلق نہیں جس کی نسخہ کی خامی کہا جا سکتا ہے۔ البتہ ضعیف روایات کا غالباً اندراج نہیں ہے۔

جلد سازی میں نسخہ کے صفحات کی ترتیب بدل گئی ہے، کیونکہ ورق ب ۲۰۵ جس پر مختلف پتھروں کا ذکر سلسلہ وار چلا آ رہا ہے۔ اس سے اگلا ورق الف ۲۰۶ [1] ہے، جہاں درخت صنوبر کا ذکر ملتا ہے، اور پھر یہ سلسلہ آگے تک چلتا رہتا ہے۔ (صفحات کی ترتیب کا درست ہونا ضروری ہے۔)

اقالیم زمین کا بیان ہے۔ نقشہ کے ذریعہ ساتوں اقالیم کو خط استوا کے نہج پر دکھایا ہے۔ اجسام سماوی اور بروج سے بھی بحث کی گئی ہے۔ سیاروں کی رفتار، ان کی سمتوں کا تعین اور فاصلے بھی نقشہ کے ساتھ موجود ہیں۔

نسخہ اپنے موضوعات کی بوقلمونی کی وجہ سے دلچسپ بھی ہے اور پر از معلومات بھی۔ کتاب کا تعلق نہ صرف علم جغرافیہ بلکہ دوسرے علوم سے بھی ہے۔

1 Botany
2 Zeology
3 Geology
4 Astrology
5 Astronomy
6 Medicine
7 Chemistry & Gen Knowledge etc

اپنی نوعیت کے اعتبار سے یہ نسخہ مختلف علوم کے امتزاج کا ایک گلدستہ معلوم ہوتا ہے، جس کو "خدا بخش لائبریری" کے نوادرات کا نام دیا جائے تو نامناسب نہیں۔

یہ نسخہ اگر ابھی تک ترتیب و تدوین یا کر اشاعت کے مرحلے سے نہیں گذرا ہے تو نہ صرف اس کو شائع ہونا چاہیئے بلکہ اس کا ترجمہ انگریزی اور اردو میں ہو تو اور بھی مفید ہے۔

"خط کے مضمون کو پڑھ، میرے لفافے کو نہ دیکھ" کے مصداق نسخہ کے عنوان پر نہیں

---

[1] ورق الف ۲۰۶ کا تعلق گذشتہ ورق ب ۱۷۹ سے ہے۔ نسخہ کو یہاں اس ترتیب سے پڑھا جائیگا۔

ناچاہیئے۔ "عجائب المخلوقات" سے ایک یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے کہ اس میں "الف لیلیٰ"
داستانوں کی مانند کچھ عجیب و غریب مافوق الفطرت چیزوں کا ذکر ہوگا یا عجائب البلدان،
و غرائب کے انداز پر "طوطا مینا" کی داستان گوئی والے انداز کو اپنایا گیا ہوگا۔ ایسا نہیں ہے
خدا کی کائنات، اس کی محو حیرت کر دینے والی تخلیقات، ان کے خلق کا عمل، انسانی فہم و ادراک
ے دوران کی تہہ در تہہ صفات و خصوصیات ننھے سے بیج کا تناور درخت بن جانا۔ مختلف النوع
دپودے، میوہ جات و سبزیاں، پہاڑوں کے سینوں میں دفن معدنیات ان کی اہمیت و ارزش،
سندر کی گہرائیوں میں پائے جانے والے معمولی حشرات سے لیکر بڑے بڑے نہنگ، سیپ کے
شکم میں موتی بننے کا عمل، اس کے عوامل، اجسام سماوی کی حرکات، زمین و آسمان کی کشش، وادیوں
و وسعتوں میں پھیلے ہوئے بیابان و صحرا، ان کی پروردہ جڑی بوٹیاں، مختلف بیماریوں کیلئے
ان کے خواص، پہاڑوں سے ابلتے چشمے، ان کی صفات۔

مندرجہ بالا مذکورہ وہ تمام حقائق ہیں جو موجودہ سائنس کی کسوٹی پر نہ صرف پورے
اتر چکے، بلکہ ان کی بنیاد اور اصل یہی کتابیں ہیں۔ جو ان علوم کی سطح تک پہنچنے کے لیے اور ان کی
اصل کی شناخت کے واسطے ایک "نردبان" کی سی حیثیت رکھتی ہیں۔

خدا کی خلق کردہ عجیب و غریب خلقت، جس کو پہچاننے میں کل کا انسان بھی اپنے طور
پر مصروف تھا بلکہ وہ انکشافات کر رہا تھا، آج کا بھی انسان جی جان سے لگا ہے، اور آئندہ
کل بھی سرگرداں رہے گا۔

تفصیل سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ صفحات کی تفصیل خاصی غلط ہے۔ مثلاً دوسری
جگہ ورق نمبر ب ۳۰۵ کے بعد دیکھیے ورق نمبر الف ۱۳۲، احتمالاً ورق نمبر ب ۱۳۱ کے بعد دیکھیے ورق
نمبر الف ۱۸۰۔

صحیح معنوں میں صفحات کی ترتیب کتابت کے وقت ہی مکمل طور پر درست ہو سکتی ہے۔

Add. 16,739 "عجائب المخلوقات و غرائب الموجودات"

Foll 416, 8 ¾ in by 5 ¾, 17 lines, 3 ⅝ in long, written in fair Nastaliq; dated A H 965 (AD. 1558) (Wm Yule)

"عجائب المخلوقات و غرائب الموجودات"

The "Wonders of Creation" translated from the Arabic of al-Kazvini

Beg "العظمة لک والکبریاء لجلالک اللهم"

The Arabic text has been edited by F Wustenfeld Gottingm, 1848, and a German translation has been published by Dr H Ethe, Leipzig 1868 The work has also been printed in Tehran, A H 1264 Another Persian version entitled تحفة الغرائب is fully described in the Vienna Iahrbuches, vol IXVI

In the present version no translator's name is given, nor is there any . made of the work being a translation The doxology has been preserved in the original language The authors preface includes a dedication, not found in the printed Arabic text, to a man of rank called 'Izzud-Din Shahpur B Usman, who appears to have held the post of Sadr

The authors name differ in various copies, it is written here زکریا بن محمد بن محمود الکمونی القزوینی in agreement with the statement of a nearly contemporary writer, Hamdullah Mustaufi, of Kazvin who in the Nuzhat ul Kulub ascribes the present work as well as the Asarul'Bilad, to the same author

This copy contains drawings in Persian style representing constellation animals and plants with Arabic names is append at the end Foll 328-146

from - Catalogue of the Persian Manuscripts in the British Museum by Charles ieu - 1881, pg. 462.

"عجائب المخلوقات"

Qr 4383 - Foll 183, 13 ¼ in by 8, 25 lines, 5 in long, written on blue tinted paper in cursive Nastaliq, with gold ruled margins and miniatures, dated 17 Shawwal A H 125 apparently for 1205 (A D 1791)

Bound in printed covers [Wallis Budge]

"عجائب المخلوقات"

"The Wonders of Creation", translated from the Arabic of Zakariyya B Md al-Kazwini, See the Persian Cataloguer, p 462

Beg الحمد للہ مبدع العقول والارواح ومنشی النفوس والاشباح ۔

After an Arabic doxology, different from that of the original work, the authors name is given at the bottom, of the fresh page as follows

اما بعد چنین گوید زکریا ابن محمد القزوینی تولاہ بفضلہ و توسلہ بلطفہ ۔

After this there is an extensive lacuna, involving the loss of the prelimin. chapters The next three pages contain the Arabic table of chapters (p 13 line 21 p 15 of Wustenfeld s edition) The text begins, fol 3a as follows

الاول فی حقیقۃ الافلاک فی اشکالہا واوضاعہا وحرکتہا بطریق

الاجمال حکماء گویند کہ فلک جسمیست بسیط کری مشتمل بر وسط متحرک

بران نہ خفیف ونہ ثقیل نہ حار ونہ بارد نہ رطب ونہ یابس ۔

The translation, which keeps close to the text, diffs from that which has been litho graphed at Tehran A H 1264 It breaks off about three pages before the real end of the work namely after the first line of the article on 'Uj B Anak (Wustenfelds edition p 449 line 24)

The volume is copiously illustrated with miniatures a few of which are whole page For other Persian translation see Pertsche Berlin Catalogue no 345 and Ethe Bodleian Catalogue no 397

From Supplement to the Catalogue of the Persian Manuscripts in The British Museum by Charles Rieu - 1897 pg 98

"شجاع حیدری" نسخہ نمبر: ۲۵، سنہ کتابت: تخمیناً ۱۱۰۰ھ، ورق: ۱۴۰، بخط نستعلیق
مصنف کتاب: محمد حیدر۔

(در ذکر عجائبات دنیا در زمان نورالدین محمد جہانگیر پادشاہ)

مخطوطہ بنام "شجاع حیدری" کو ہم جغرافیائی ادب کی فہرست میں شامل نہیں کر سکتے۔ اس کی حیثیت بیانیہ جغرافیہ کی سی ہے، جس میں بعض اطلاعات جغرافیائی رمق کی کہی جا سکتی ہیں۔ اس کو ہم Human Geography میں شامل کر سکتے ہیں۔ کتاب کے آخر میں خود مولف اطلاع دیتا ہے کہ یہ "عجائب البلدان" کے نام سے موسوم ہے۔ میرے اپنے مطالعہ کے مطابق مؤلف نے سنہ تالیف کہیں نہیں دیا ہے، البتہ اس کی تحریر سے پتہ چلتا ہے کہ جہانگیر کے دور کی بات ہے:

> " ہزار آفرین و تحسین بذات مقدس پادشاہ جم جاہ و ملایک سپاہ ظل اللہ نورالدین محمد جہانگیر پادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ کہ از میامن قدوم سعادت لزوم آنہمہ ہندستان دارالاسلام گردیدہ و رعایا از دست تعدی ایام در مساکن خود آرام گزیدہ بدعای از دیاد عز و دولت بندگان آنحضرت مشغول اند خدیو کیہان بر سر بندگان او سبحانہ تعالیٰ ابدالدہر ظل گستر دارد، بعد از آن بندہ احقر العباد محمد حیدر کہ ... " (ورق: ب ۲)

جیسا کہ نسخہ کے عنوان "شجاع حیدری" سے ظاہر ہے، کتاب کے مواد کا اس کے عنوان سے کوئی تعلق نہیں، بلکہ وہ دو ناموں کا مرکب ہے (شاہزادہ) "شجاع و حیدر" نام کی وجہ تسمیہ، اسکے وجود میں آنے کا سبب، اس کی افادیت اور واقعات کی صحت کی اسناد، مؤلف نے دلچسپ پیرایہ میں بیان کی ہیں۔ ملاحظہ ہو:

> " بعد از آن بندہ احقر العباد محمد حیدر کہ بعد تحصیل علوم مشغول مطالعہ تواریخ گردیدہ و پارۂ چند از اوستادان معتبر بدست آوردہ ترتیب نمودہ کہ او سبحانہ تعالیٰ قدرت تقسیم عجائبات و غرائبات آفریدہ کہ عشر عشیر آن بقلم

نیاورده و دفاتر میباید که عجایبات هر ولایت را بیان نماید. لاچار بحسب ضرورت
شمه از آن از خوارق ایشان (از) هر ولایت بعضی عجایبات الهی به تحریر درآورده
تا پادشاهان صاحب عزم را از حقائق ممالک اطلاعی بوده باشد و چون نسخه
بانجام رسید بنظر همایون صاحب عالم و عالمیان و شاهزاده عالی تبار، بلند اقبال
جوان بخت، والاجاه محمد شجاع بهادر گذرانیده. همیشه در محفل قدس آئین
سلطان بشغل تاریخ نویسی پادشاهان سابق موصوف و مدام جناب انور ایشان
در تردد و تلاش عجایبات قدرتِ الهی بود و چون این نسخه بنظر مبارک شاهزاده
والاقدر گذشت از مطالعه آن خیلی مزاج مبارک خرسند گردید. فی الجمله
اثباتاً بعضی ——— عجایبات و غرائبات که در ولایت هندستان
و دیگر ولایت که مذکور خواهد شد مردم معتبر را از محرمان و حاجبان خود بولایت
قریب و دور رخصت فرمودند که عجایبات هر ولایت را تحقق کرده باشند
چنانچه این بندهٔ احقر را با سیادت پناه و فضایل و کمالات دستگاه سید علاء الدین بجانب
ولایت کشمیر و طاس قند (تاشقند) و ایران و توران رخصت فرمودند و فرصت دو ساله عنایت
کردند که در عرصه دو سال آنچه عجایبات ولایت ها معلوم شود همه را ملاحظه کرده بیایند.
بفضل الهی و باقبال شهنشاهی زیاده از رقومه صفت الهی را ملاحظه کرده صورتحال بمهر هر
سکنای آن دیار بدان عجایبات کرده بنظر اقدس اعلی حضرت خدیو دولت گذرانیدیم و بهمین
عنوان دیگر کسان معتبر را شاهزاده کشورستان برای تعبیه عجایبات ولایت را رخصت فرموده
بودند، آنها نیز غرائبات آن ولایت را ملاحظه کرده صورتحال بمهر روستای آن دیار گردیده آوردند.
بنظر اقدس همایون گذرانیده اند. معرکی از آنجمله بمدت سه چهار سال بدولت ملازمت سعادت حاصل
کردند و چون این نسخه ولایت های قریب دیدند بملاحظه کیفیت این معلوم شده آن ولایت که دور بودند
کوائف آن از روی سیر تواریخها داخل این نسخه فرموده این نسخه را "شجاع حیدری"
نام نهادند و داخل کتابخانه خاص فرمودند. و این نسخه عجایبات عالم و ولایتها
که در تواریخها و سیرهای راویان معتبر نوشته اند مرقوم است." (ورق: ۳۰۲ الف-ب)

اس تفصیلی تمہیدی بیان کے بعد مولف اپنی اطلاعات کا آغاز ولایت توران سے کرتا ہے، ملاحظہ ہو:

" اول ولایت توران، ولایت توران ولایت بسیار وسیع وعالی
وبسیار دشت وکوه وکمتر آبادی۔ درآن ولایت چهار شهر عالی اند۔ چنانچه
سمرقند وبخارا واند جان و دیگر مواضعات وپرگنات اند پهلو بشهرها میزنند۔
دیگر پادشاهان آن ولایت که در مساکن خود ها کامرانی می کنند تابع دار توران اند
وزمینست سبز وسیراب۔ از فواکه درآن ولایت اقسام اقسام پیدا۔ ومردمانش
سرخ وسپید رنگ می باشند واکثری از آن قوم نسبت بولایت دیگر صاحب شمشیر
ومبادر و دلیری باشند۔ درموسم بارش برف۔ اکثر جاها باران میبارد ومردم
شهری بسیار کشت وکار آغشته اند۔" (ورق ۴، الف ب)

مندرجہ بالا عبارت میں "سبز وسیراب" اور "بارش برف" کے مرکبات ذہن کو ایک خاص نہج پر اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں، اور اس سے پتہ چلتا ہے کہ دورِ جہانگیری تک ایرانی فارسی ہندی فارسی کا پیوند اپنے میں لگا چکی تھی۔

بعض جگہ اطلاعات درج کرتا ہے کہ واقعتاً آج کے انسان کا ذہن اس کو باور کرنے کو تیار نہیں ہو سکتا۔ مگر سائنس کی دنیا میں کچھ بھی ناممکنات میں سے نہیں، ممکن ہے کل کوئی سائنسدا اس طرح کی چیزوں کی موجودگی کا انکشاف اپنے انداز میں کرے یا اپنے تجربہ سے کسی مقام پر ثابت کرے کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے، بہرحال سچائی وحقیقت سے قطع نظر اس کی دلچسپی اپنی جگہ مسلم ملاحظہ ہو، ولایت اندیش کے ضمن میں وہ ایک جگہ بلّی کے قد وقامت کا ذکر کرتا ہے:

" درآن ولایت صحرائیست بیمناک درآن صحرا شیر پیدا می شوند بقامت فیل بر سر شاخها دارد
چون شاخ گاو، ودرآن ولایت گربه پیدا می شود بقامت گوسپند گربه درآن صحرا شکار آهوی کنند۔"
(ورق ۸۹ الف)

ولایت توران کے ضمن میں وہ ایک کنویں سے نکلنے والے سیماب کے بارے میں عجیب وغریب اطلا، دیتا ہے۔ ملاحظہ ہو:

" و درآن ولایت صحرا و درآن صحرا چاهیست۔ از آن چاه سیماب
پیدا میشود۔ بدین مانند که متصل آن چاه مغاکها می کنند سیماب از آن چاه جوش

میزند و دختران صاحب جمال را کلاه هائ طلا بر سر داده بر اسپان جلا رو سوار کرده بر لب چاه ایستاده می کنند و آن کنیزان مذکور رخ به جانب چاه کرده با صدای بلند آواز می کنند و سیماب از آن چاه جوش میزند و بیرون آید و آن کنیزان دوان می شوند۔ نمی توانند به آنها رسید تا یک کروه[1] راه تعاقب آنها می کند۔ چون از نظر غائب شوند سیماب مذکور باز می گردد و در آن چاه داخل می شود۔ در وقت باز گشتن در آن مغاکها می افتد و مردم از آن مغاکها برآورده در اقلیم هائ فروشند و چاه مذکور در آخر حدود صحرای قلماق است (ورق ۵، الف، ب)

آواز، طلا اور خوبصورتی سے سیماب کے جوش مار کر باہر آنے اور ان حسیناؤں کے پیچھا کرنے میں باہم کیا تال میل ہے۔ یہ اپنی جگہ ایک حل طلب مسئلہ ہے۔ اسی صفحہ پر آگے لکھتا ہے :

"ونزد در آن ولایت چاهیست در آنجا حکیمی از حکمت قرص ماه تیار نموده تا امروز تابش آن ماه تا دوازده کروه را در آن دارد و آن حکیم را نخشب مینامند"

ولایت ایران کے بیان میں ورق الف ۸ پر لکھتا ہے کہ :

"در ولایت ایران دو موضع است در نواحی بلخ که آن موضع را دهه فرعون مینامند۔ در آن موضع سنگی است . . . و خاصیت آن سنگ آنست که اگر صد کس بلکه زیاده از ین هم دیگر بنشیند و صداها با آواز بلند میگویند و هیچکس صدای دیگر نمی شنود۔ آن سنگ را با اسم سنگ کر میخوانند۔ در آخر ولایت ایران نسبت ولایت هر کوهیست۔ بر آن کوه هر روز بلا ناغه بارش برف میشود و زیر آن برف مرغان سبز رنگ پیدا میشود۔ چون آب میشود مرغان برنگ سبز در آمده در هوا پرواز میکنند۔ باز در آنجا نمی آیند۔ در کوه هائ دیگر آشیان خود مقرر میسازند"

ولایت حبش کے بیان میں ورق ۲۸، الف، ب پر مذکور ہے :

---

[1] کروہ : مسافتی در حدود دو میل یا ۳۵۲۰ گز۔

" در آن ولایت شہریست کہ آنرا خاذن مصری مینامند۔ در آن شہر قومی مسکن دارند از حیوانات کہ سرھای آنہا چون فیل میباشد۔ در آن ولایت سبز و سیراب، از فواکہ لبریز۔ در آن مسکنت بنی آدم کوتاہ قامت و دراز دست، قوی ھیکل فراخ سینہ، یک چشم است۔ غذای آنمردم گوشتِ حیوانات صحرای مقرر است۔"

جزیرالقمر کے بارے میں دلچسپ اطلاع دیتا ہے۔ ملاحظہ ہو ورق ۱۴۲ الف، ب پر:

" جزیرالقمر بر لب دریای مرکند مالکیست از چین، و در آن جزیرہ تمام مسلمان بنی ساکن میباشند و رواج نماز و روزہ و دیگر امور اسلام و مساجدھا دارند و مدرسہ ھای عالی آراستہ اند در متابعت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم میباشند و در آن جزیرہ بسیار است، بدون امر شریعت حرفی غیر بر زبان نمی آرند و در آن جزیرہ قومی مسکن دارند و سر آن قوم چون سر سگ میباشد۔ در وقت راہ رفتن زبان از دہن بیرون می آرند و در زمین مسکن آن قوم کانہای طلا و جواہر بسیار است۔ خانہ ھای آن قوم ھمہ از خشت طلا بہ مقرر است۔ از قسم جواہرات در خانہای ایشان چون سنگ تودہ تودہ افتادہ۔"

ولایت برمالی کہ جس کی بہت سی چیزوں کو شباہت میں ہندستان سے مشابہ کرتا ہے۔ مثلاً ورق ۱۳۱-۱۳۲ الف، ب:

" در آن ولایت پادشاہی است کہ خزانہ و جواہر و لشکر بیکران دارد و تمام آئین تاجداری چون شاھان ہندستان دارد۔"

آگے چل کر عجیب و غریب اطلاع دیتا ہے:

" در آن ولایت شہریست عالی و آباد، آن شہر را نقرہ چاندی مینامند۔ در ھر خانہ سکنای آن شہر باغیست دلکشای۔ وجہ معیشت آنمردم از ھمان باغ پیدا میگردد۔ در ھر خانہ آن شہر درختیست عالی کہ آن درخت

هر روز باری دارد و آن بار چون پخته می شود و از روشنی آفتاب میشگفد و از شگفتگی آن میوه حیوانی پیدا می شود بصورت کبک و مردم آن خانه آن مرغ را دستگیری کنند و هر روز گوشت آن مرغ را تناول میسازند احتیاج بگوشت حیوانات دیگر ندارند و تاجران در آن شهر رسیده پارچه آنها خرید نموده در تمام ولایات میفروشند۔"

ولایت بیت المقدس کے بیان میں ایک جگہ رقمطراز ہے، ورق ۱۰۱ الف :

"در آن ولایت شہریست. آن شہر را لار مصری مینامند و متصل آن شہر چاهیست تنگ و تاریک و بیمناک چون آفتاب غروب میشود از آن چاهی مرغی بصورت و شکل انسان برمی آید و کنارهٔ آن چاه ایستاده میگردد. بآواز بلند ندا میکند کہ ای ساکنان شہر خبردار باشید کہ قیامت نزدیک رسید و... نیست. خدا و برسالت رسول گواه باشید این ندا را گفته چون برق شعله از دهان خود بلند میکند کہ آتش آن شعله بجمیع ساکنان آن شہر میرساند۔ و جمیع مردم آنجا بدین اسلام مشرف اند و دیگر ساکنان آن ولایت بمعہ پادشاه کافراند و معہ بت پرست اند۔"

مندرجہ بالا مثالوں سے یہ مقصود نہیں کہ نسخہ صرف عجیب و غریب اطلاعات ہی سے عبارت ہے بلکہ صحت مند اطلاعات اور جغرافیائی نیز تاریخی، سماجی معلومات سے بھی آراستہ ہے۔ ملاحظہ ہو ھندستان کے ضمن میں ورق ۸ ب :

"ہندستان جنت نشان سرسبز و سیراب، و انبوه خلایق در آن ولایت بسیار است. ممالک دیگر بہ ممالک ہندستان پیوستہ. هر ولایت شہرهای عالی و بزرگ پیوستہ. چنانچہ کابل و کشمیر و پنجاب و ملتان و تبت و سرهند و لاہور و شاہجہان آباد و لکھنو و الہ آباد و بنگال و گجرات و پٹنہ و مقصود آباد و برهان پور وغیرہ، ولایت داخل ہندستان مقرر اند جلال عظیم الشان پادشاه مقابل جلال صفت الہی است کہ در آن صفتاد و دو ملت

مطیع و فرمانبردار و پادشاه آنجا باهر ملت چون ملت خود نگهبان۔ لشکر بیکران از سوار و پیاده همراه خود دارد و مخارج هر لشکر از خزانهٔ خاص مقرر است۔"

آگے ۔ ۔ ۱۰/الف، ب پر مذکور ہے :

" در ممالک هندستان زمینی است سبز و سیراب و وسیع و باین کوهستان کوه های عالی ... و حدودش پیوسته است خطا و ختن و چین و ماچین و تاشقند۔ دیگر راه هر ولایتی که خواسته باشد از آن کوهستان است۔ خصوصاً ملک شلدب از جمیع ولایات برکناره است از کوهستان همراه دارد و این کوهستان ملک بردع محیط در تمام عالم ... کوهستان بردع است کمتر آبادی و بیشتر ویرانه دارد و بسیار رعایا۔ بارش برف اکثر و اکثر جاها بارش نزول میکند۔ مردم آنجا زردفام باشند و بت پرست و آتش پرست اند۔ درین ولایت موضعی است که از زمین شعلهٔ آتش بر می آید و جمیع مردم هنود و کفار اورا پرستش میکنند۔ در آن کوهستان در آخر حدود متصل شلدب دریای پر آب است که آنرا دریای سنگین مینامند و هر که از حیوان و انسان وغیره در آن افتد فی الحال بصورت سنگ میگردد۔"

ورق ۱۲/ب :

" در ملک دکهن صحرایست که حدود آن بجز ذات او سبحانه تعالیٰ دیگری را معلوم نیست۔ اکثر از آن بیابان باقلیم سراندیپ سیاحان بدشواری میروند و در آن صحرا مسکن و آفرینش آدم و دراز گوش و آدم یکپا از حیوانات قسم لنگور و میمون که شبیه با انسان دارند و انبوه در انبوه پیدایش دارد۔ آفرینش چهار قوم مقابل بخلقت آفرینش مور و ملخ باشد که تعداد و شمار اینها بجز جناب الٰهی دیگری را معلوم نیست۔ اینها را در قوم خود پادشاهی مقرر دارد در اطاعت او باشد۔"

نسخہ کے اس جزوی تعارف کے ساتھ اس کے آغاز و خاتمہ کا ذکر بھی ضروری ہے۔ مخطوطہ کا آغاز ا

طور سے ہوتا ہے :

"سپاس بیقیاس مر خدای را کہ طبقات زمین وآسمان را در ھوا معلق داشتہ واافلاک را بزینت کواکب آرایش دادہ، زمین را باستواری کوہ ھا پیرایش بخشیدہ۔ خدای کہ انسان را بیک مشت خاک آفریدہ چہ خلقت وعنایات وتفضلات ھا عطا فرمودہ بر طبقہ زمین از صفحات وقدرت خود عجائبات بظہور آمدہ۔"

پایان :

"و نزدیک آن موضعیست کہ سکنای آن موضع دشت خفچاق[1] ومتصل آن موضع چاہ عظیم وھر روز بموفوج مشمول مردمان آن موضع در آن چاہ می روند وغوطہ می زنند و ماھی بزرگ وزرد فام از آن چاہ برآید وشکم آن میشکافند واز بطن آن ماھی مروارید بیرون می آید۔"

تم تم تمام شد
کتاب شجاع حیدری مسمیٰ
بعجائب البلدان "

نسخہ کی عام حالت صحیح وسالم وخوانا ہے۔ پہلا صفحہ تزئین کاری سے مزین۔ بقیہ تمام صفحات پر رنگین لائنوں کا حاشیہ ہے۔ ہر صفحہ چودہ سطروں سے عبارت اور نسخہ مصور ہے۔ مؤلف دربار جہانگیری میں اپنے منصب کو واضح نہیں کرتا اور نہ ہی سنہ کتابت اور کاتب کی طرف توجہ کرتا ہے جو اہم ہے۔ نسخہ کے دو صفحے جا بجا ہیں، یعنی ورق نمبر ۹ کی جگہ۔ اچھا پاس ہے۔ نسخہ اچھی حالت میں ہے، جس کا پڑھنا قاری کو مشکلات کی حدود میں داخل نہیں کرتا اس میں بعض اطلاعات کہ جن کا ذکر مندرجہ بالا سطور میں ہو چکا، دلچسپ اور نرالا ہے، اور ایک دور کے رویہ سے متعارف کراتا ہے۔

" شجاع حیدری " مسمیٰ " بعجائب البلدان " جغرافیائی تاریخی، سماجی، معاشی معلومات کے مرکب کے ساتھ ساتھ الف لیلوی داستان گوئی کے انداز پر ہے۔ عجیب وغریب مخلوقات کا ذکر

---

[1] خفچاق : طلا ونقرہ ۔ زلف وکاکل مشائخ راست وھموار ۔ درخت ۔

عقل و فہم میں نہ آنے والی چیزوں کا دلچسپ پیرایہ میں بیان، بالکل اس یقین کے ساتھ کہ جو کچھ کہہ رہا ہوں سچ، سچ کے سوا کچھ نہیں۔ ممکنات سے دور کی بات نہیں کہ آنے والے کسی زمانے میں اس کی بعض معلومات و اطلاعات حقیقت ہی ثابت ہو جائیں۔ بہر حال نسخہ داستان و حقیقت کا ایک دیدہ زیب مرقع ہے۔ یعنی: ع "رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی۔"

یوں بھی اگر حقیقت و فریب کے گورکھ دھندے سے قطع نظر دیکھیں تو ذہنی تناؤ اور اعصابی تھکن کے بعد انسان دماغی سکون اور تناؤ کو کم کرنے کیلئے ہلکا پھلکا ادب، مزاح کی لطیف چاشنی سے معمور اور طبیعت میں فرحت پیدا کرنے والی چیزیں دیکھنا، سننا، پڑھنا اور عمل کرنا پسند کرتا ہے، حال ہی کی مثال لیجیے، پردۂ فلم پر ہم حقائق کو دیکھنا پسند نہیں کرتے کیونکہ وہ تو ہم روزمرہ زندگی میں بھی برتتے ہیں۔ اس کے برعکس وہ دنیا ہم کو اچھی لگتی ہے جو ہم اپنی سوچ نیا اور اپنے خوابوں میں سجائے ہیں، کل وہ خوابوں کی سجی سجائی حسین دلہن جیسی رنگین دنیا کسی ظالم سائنسداں کے تجربات کے طلسم سے حقیقت کا روپ دھار لے وہ الگ بات ہے جیسے چاند کا حسن ماند پڑ گیا، دادی اماں کی کہانیوں کے دیو اور پری جو انسان کو فضاؤں کی سیر کراتے ہوئے پلک جھپکتے اس دنیا سے اس دنیا تک پہنچاتے تھے، آج ہوائی جہاز اور راکٹ وغیرہ کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہیں۔

شہزادہ شجاع اس کتاب کو کتابخانۂ خاص میں رکھنے کا اہل سمجھتا ہے۔ شہزادہ کا عمل اس حقیقت کا ضامن ہے کہ "عجائب البلدان" قسم کی تصانیف کا وجود ایک افادیت کا حامل تھا۔

تحقیق کا پہلا مرحلہ یہ ہے کہ ایک محقق متن کو پڑھ کر اور کسی چیز کو کھوج کر اس کو جوں کا توں پیش کر دے۔ اب دوسرا مرحلہ آتا ہے کہ قاری یا محقق کا دوران اطلاعات سے متفق ہے یا نہیں۔ یا وہ بیان حقیقت کی کسوٹی یا موجودہ ذہن کی سطح پر پورا اترتا ہے یا نہیں، وہ تاریخ کی روشنی میں اپنا کیا مقام بناتا ہے۔ تیسرا مرحلہ اسی نسخہ کی دوسری کاپیاں اگر موجود ہیں تو ان سے تقابلی مطالعہ کا آتا ہے اور بہتر حالت کے نسخہ کو معیار مان لیا جاتا ہے۔ ساتھ ہی موضوع سے متعلق عصری ادب کو بھی دیکھا جاتا کہ اس کے معاصر اس میدان میں کون سے جوہر دکھائے، زمانہ کیا تھا اور اس کا مزاج اور ضرورت کیا۔ وغیرہ وغیرہ۔

اب تک کی میری اپنی حاصل کردہ معلومات کے مطابق نسخہ چھپ کر سامنے نہیں آیا ہے۔ یہ کام ہونا چاہئے، ورنہ یہ جواہر پارے ایک دن وقت کی تہہ در تہہ دھول سے طاق نسیاں ہو جائیں گے، وہ دن دور نہیں۔ " پرشین مینو سکرپٹس ان دی نیشنل میوزیم آف پاکستان " کی فہرست کی اطلاع کے مطابق شجاع حیدری کا ایک نسخہ وہاں موجود ہے جو اچھی حالت میں نہیں، خط نستعلیق ہی ہے اور کاتب کا نام منشی جواہر مل مذکور ہے۔ نسخہ کو سنہ ۱۰۵۰ ہجری مطابق سنہ ۱۶۴۰ عیسوی کا بتایا ہے۔ اختتام میں بھی شاید کاتب کی سہو نظر سے ہلکا سا فرق ہے۔

Shuja-ı-Haidari

شجاع حیدری

N M 528/43

Author Muhammad Haidar

Contents · A treatise on topographical curiosities and wonders of various countries It is not of Jahangir's period but of about 1050H/1640

Beginning سپاس بیقیاس مرخالق راکہ طبقات آسمان وزمین را الخ۔

Ending واز بطن ماہی مروارید بیرون می آرند بدست سوداگران می فروشند۔

Script Clear nastaliq

Scribe Munshi Jawahar Mal

Date . 23 Shaban 1258/ Sept 29, 1842

Remarks Dampness stains Repaired, Lacunae Fair Condition Bound

Bib Ref R 427 , Bk 642 , S J M / p 623-624

No 306 ·

Foll 410+5 , Lines 21, Size 12 4 x 7 5"/31 6 x 19 cm

From Persian Manuscripts in the National Museum of Pakistan at Karachi - Prepared by M Ashraf

"حدیقۃ اقالیم" مخطوطہ نمبر ۲۵۲ تا ۲۵۶، بخط نستعلیق، کاتب: منولعل و محمد امین بیگ، سنہ کتابت: ۱۲۰۵ فصلی، مصنف: مرتضیٰ حسین المخاطب بہ اللہ یار عثمانی بلگرامی۔ (مشتمل بر ذکر اقالیم سبعہ)

" حدیقہ اقالیم " کے دو نسخے خدا بخش لائبریری میں موجود ہیں۔ ہم نے فی الحال کاتب محمد امین بیگ کے نسخے کو دیکھا ہے جو تین ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے، جن کے فہرست نمبر سلسلے وار ۲۵۴،

۲۵۵ اور ۲۵۶ ہیں۔ ہر جلد کا اوّل صفحہ روایتی انداز کی محراب کی شکل والی سنہری تزئین کاری سے آراستہ ہے۔ مخطوطہ کے صفحات حاشیہ دار ہیں۔

• جلد اوّل: از اقلیم اول تا دوم پھیلی ہے۔ • جلد دوم: اقلیم سوم کے تفصیلی تعارف سے عبارت ہے۔
• جلد سوم: از اقلیم چہارم تا ہشتم کی اطلاع دیتی ہے۔

جلد اول کا آغاز درج ذیل عبارت سے ہوتا ہے:

" حمد بیحد مر خدای عز و جل را کہ بسان عالمیان در ادای شکر ش شیرین بیان و لغت وافر و درود مکاشریان سرو فتر انبیاء یعنی محمد مصطفیٰ و بر آل و اصحاب او علیہم یاد۔ امابعد محرر این اوراق عاصی مرتضیٰ حسین بر نظر اصحاب بصیرت جلوہ می دھد کہ از دہ سالگی مطابق یک ہزار و یک صد و چہل دو ہجری چون یا سن پنجاہ و پنج، مطابق بہ یک ہزار و یک صد و ھفتاد و ھفت ہجری از عہد وزارت تاج و تخت صاحبقران امیر تیمور گورگانی محمد شاہ پادشاہ صاحبقران خدایگان مغفور تا وسط سلطنت۔"

جلد اول کا اختتام:

" و ھم چنین سطری چند از کلام عبید زاکانی در ضمن اقلیم چہارم مرقوم است۔ ابو محمد برھان الدین، قطب الدین عالم بن شاہ مخدوم جہانیاں از بزرگان جہان بود۔ بہ گجرات فرو گذشت و دلدار شد۔ شاہ عالم نیز از اولیاء بود بہ گجرات می نشست و اکنون اولاد ایشان در آن دیار بر مسند ارشاد متمکن اند۔ تمت ثانی الاقلیم بعون رب العلم تمام شدہ۔"

آخر میں دو مہریں لگی ہیں اور سید قاسم علی خاں صاحب کے دستخط موجود ہیں۔

جلد دوم کا آغاز فہرست اقلیم سوم، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد ذیل کی عبارت سے ہوتا ہے:

" حد این اقلیم از جای است کہ روز دراز بش سیزدہ ساعت و ربعی بود و وسط آنجا کہ روز درازترش چہاردہ ساعت و انتہای این اقلیم آنجا است کہ ارتفاع قطب سی درجہ و ثلثان درجہ باشد و این اقلیم بہ مریخ تعلق

می دارد. وابتدای این اقلیم از حد مشرق وعقب بلاد چین بود و بر جنوب بلاد یاجوج
و ماجوج و شمال بلاد ترکستان و وسط بلاد هند و کابل گذرد. پس به امصار
قندهار و وسط بلاد کرمان و شبستان و بلاد فارس و عراق و جنوب دیار مکر
و شمال بلاد مغرب و وسط بلاد شام گذرد. پس بر بلاد مصر و اسکندریه و وسط
فارسیه و وسط بلاد قران و بلاد خلیج گذاشته. به بحر اعظم منتهی شود. مخفی
نماند که چون خاتمهٔ اقلیم دوم بر شهرهای هند واقع شده لهذا در اقلیم سوم از احوال
امصار هند و برخی از حکایات عجیبه آن دیار با اخبار پیغمبران که پس از طوفان
نوح علیه السلام بوده اند معه قصه‌های غریب سلاطین نامدار با سلسلهٔ امصار
هند که در اقلیم دوم گذشته منقطع شود و بعد از آن احوال دیگر بلاد مخصوصه
این اقلیم را بقلم خود آورد. بدانکه هندوستان ولایتی است وسیع مملو از معدنیات."

جلد دوم کی اختتامی عبارت :

"شیخ ابو سلیمان عبد الرحیم دمشقی دارای یگانہ روزگار خود بوده. از تحنان او آنست
... ابو عمر از اجلۀ مشائخ شام بوده وی گفته چنانچه فرض است بر پیغمبران اظہار آیات
و معجزات ہم چنان فرض است بر اولیاء. نہان داشتن کرامت تا خلق در فتنہ نیفتد.
الثالث الاقلیم بعون رب العلیم شانزدهم شهر ربیع الاول محرم ۱۲۰۱ (یا شتبہ ہے ۱۲۰۸ ہجری)

پہلی جلد والی دو مہریں ثبت ہیں، اور سید خورشید ... نمودم، دستخط ہیں۔
اقلیم سوم کا بیان پوری ایک ضخیم جلد پر پھیلا ہوا ہے۔ شروع کی دونوں جلدوں کے مضمون
کے پہلے ایک تحریر لکھی ہے کہ جس کی نوعیت مطالعہ کے بعد ہی سامنے آسکتی ہے۔ اختتام والی
دو مہریں کچھ دستخطوں کے ساتھ اس صفحہ پر موجود ہیں۔

جلد سوم کا بیان :-

جلد سوم کے اول صفحہ پر ایک مہر ثبت ہے اور دستخط وغیرہ، مضمون کہ جہاں سے
مطلب کا آغاز ہوتا ہے، اس صفحہ پر مہریں موجود ہیں اور اس عبارت سے آغاز ہوتا ہے :
"اقلیم چہارم تعلق بہ آفتاب دارد و در وسط معموری عالم و مسکن

اشرف اولاد بنی آدم است۔ وحد اول این اقلیم از آنجا است کہ روز چہارده ساعت و ربع باشد و وسط آنجا روز به چہارده ساعت و نصفی رسید و حد دوم آنجا کہ ارتفاع قطب سی و شش درجہ و سہ سی بود۔ و ابتدای این اقلیم از مشرق و شمال بلاد چین بود و بر بلاد است و حرر و خطا و ختن و کشمیر و بدخشان و جنوب بلاد یاجوج و ماجوج گذرد۔"

جلد سوم کے اختتام کی آخری سطور:

"تمم بالخیر کتاب حدیقۃ اقالیم بفضل ایزد خرد بخش و سخن آفرین۔ توانا ی دست و قوت بازوی ضعیفای محنت قرین بتاریخ دہم شہر رمضان المبارک ۱۲۱۸ یا اشتباھاً ۱۲۱۶ ہجری صورت اتمام پذیرد۔ کتاب حدیقۃ اقالیم بفضل کریم کارساز و بی نیاز بتمام شد۔"

اختتام میں سابق والی دو مہریں اور تین لوگوں کے دستخط ہیں۔

حدیقۃ اقالیم کا یہ ایک ضروری سا تعارف ہے۔ نسخہ کی دوسری کاپیاں کہاں دستیاب ہیں۔ ان کی تفصیل منسلک ہے۔

Hadikat-alakalim

A large modern geographical encyclopaedia by Razi Murtada Husain Belgarami entitled Hadikat-alakalim or the Garden of the Seven Climates The author tells us in the introduction that he was from his tenth year (A H 1142=A D 1729-30 in Mohammad Shah's reign) to his fifty fifth year (A H 1187=A D 1773-74 in Shah Alam's reign) in the service of many Indian Amirs, a detailed list of which, together with some other biographical details of the author is given by Rieu iii p 922 sq comp Eliot History of India viii pp 180-83 Sometime after he made the acquaintance of some Englishmen, principally of Captain Jonathan Scott and having entered this gentleman's service A H 1190, he began to compile this encyclopaedia on the basis of all the books written on the same subject, in order to offer a comprehensive manual of science to Arabic and Persian Scholars It therefore contains not only a general geographical descriptions of the countries and the cities etc but an abridgment of their political and literary history, biographies of learned men, poet etc This copy seems to be the authors autograph

Contents

A complete index of whole work with short preface beginning:

بعد حمد و ثنای قادر ذوالجلال، الخ۔

Introduction containing the authors life and life events beginning

حمد بیحد مر خدای عزّ و جلّ را۔

First Iklim containing among other subjects

یمن ۔ عدن ۔ ذکر قرامطہ ۔ بلاد الزنج ۔ جزیرۃ الحروف ۔ جزیرہ سیکبار ۔ بلاد نوبہ۔
مملکت چین ۔ اخبار انبیار۔ ذکر ملوک پیشداد۔ جابلسا۔

Beg. with Adam

Second Iklim containing

Its history, celebrated men etc. مکہ Muhammad's life, the first four Caliphs, the Imams, ہرمز The Bahmani, Adilshahi, دکن Bandiyya and other dynasties And its Sultans دولت آباد ۔ برار ۔ خاندیس And it rules احمد آباد And its Kings مالوہ ۔ گجرات ۔ سومنات ۔ ملتان ۔ بنگ و بنگالہ ۔ ملتان ۔
سومنات ۔ گجرات ۔ الہ آباد ۔ عظیم آباد۔ آشام۔ صراط المستقیم جون پور۔ بنارس ۔سورام و سنکر و۔ سکندر

The Sharki Sultans - The celebrated men of the second Iklim

Third Iklim containing

احوال مملکت ھندوستان۔ شاہجہان آباد۔

and its different dynastics before and after ten Islams in three fasls - اخبار سلاطین گورگانیہ beginning with Babur Humayun, Akbar, Jahangir, Shah Jahan Alamgir Bahadur Shah, Muizzuddin Jahandar Shah, Farrukhsiyar, Mohammad Shah Ahmad Shah Alamgir II, Shah Alam مراد آباد other towns in the province of Delhi
لاہور ۔ گجرات ۔ سند ۔ سرکار حیدر آباد ۔ الکنوہ ۔ بلگرام ۔ اکبر آباد۔ گوالیار
خوزستان ۔ کرمان ۔ ذکر رستم و اسلافش ۔ قندہار and the Ghaznavide dynasty
غزنین Famous Sheikhs, philosophers, poets etc of the third Iklim

Fourth Iklim containing

طہران۔ ھمدان ۔ جربادقان ۔ اصفہان و طبرستان ۔ استرباد۔ دماوند۔ مازندران ۔

Dailam and Dailamites

گیلان ۔ سنجاس۔ زنجان۔ قزوین ۔ سہرورد ۔

The Safavi dynasty آذربائیجان ۔ تبریز۔ اردبیل ۔

Saljuk and the Saljukis خراسان and the Samanide dynasty بلخ and its history کشمیر۔ کابل and the Ghurides غور ۔ نیشاپور and its rulers بادغیس ۔ خواف and its kings سبزوار and the Ismailees قہستان (حسن صباح) The learned men poets etc of the fourth Iklim

Fifth Iklim containing
and the poet Khakani ایران ۔ شیروان ۔ گنجہ ۔ بیلقان ۔ خوارزم

The Khawarizm Shahs and some of their wazirs

فرغانہ ۔ بخارا ۔ سمرقند ۔ ماوراالنہر ۔ خجند

The celebrated men of the شاش Fifth Iklim

Sixth Iklim containing

and its different dynasties ترکستان Chakhtai Khans - Ilkhanians Cupanians - Muzaffarides - Timur and his Amirs and Wazirs - ختن ۔ ختائی ۔ روس قلغ ۔ کیماک its Christian emperors, its قسطنطنیہ Uthmani Sultans (Rome) رومیہ

Seventh Iklim containing

سقلاب ۔ باطن الروم ۔ احوال ذوالقرنین وسدبستن او ۔ یاجوج و ماجوج ۔ ذکر ملک بنی لخم ۔
ملوک بنی مرین ۔ ذکر حکام موحد ۔ ذکر ملوک الملثمین ۔ جابلقا ۔ جزیرہ برتانیہ ۔

Some celebrated men of the seventh Iklim This Iklim concludes with a great number of curious notices principally on European countries and cities the state of all the occidental reigns etc beginning with an account of the four other parts of the world and the Christian chronology فرخ آباد ۔ ولایت شام ۔ بیت المقدس History of the prophetsa continuation of the list in the first Iklim from Ibrahim to Isa دمشق The history of the Banu Umayyah, the most celebrated Amirs of the Umayyides - حلب طرسوس Egypt and its dynasties جزیرہ سقلیہ ۔ جزیرۃ لطریقہ عراق عرب The history of Banu Abbas - بغداد The most celebrated Wazirs etc of the Abbasides کوفہ ۔ مدائن ۔ رومیہ ۔ بابل ۔ بصرہ ۔ عراق عجم ۔ ایران The history of the ancient kings of Iran, a continuation of the list in the first Iklim from Dahhak to Iskandar Celebrated men, principally of the Greeks before the Islam - فیثاغورس لقمان ۔ افلاطون ۔ ارسطاطلیس ۔ اقلیدس ۔ بطلمس ۔ Concluding with Hatim Tai (حاتم طائی) celebrated men of the Islam for instance Suhrawardi The dynasty of the Ashkanians, the Sasanians, the Banu Lakhm ولایت فارس ۔ اصطخر ۔ شیراز There is discussed for instance the papal territory (ملک خلیفہ پاپا) Rome the cardinals (کاردہ نالا) etc etc

Khatima or conclusion of the whole work containing both general observations on seven climates, particularly on their extent etc and some detailed additions to the single ones

Lithographed in Lukhnow A D 1881

Catalogue of the Persian, Turkish, Hindustani and Pushtu Manuscripts of the Bodleian Library

Edited by Hermann Ethe

ooo

حکیم سیّد یوسف

مکتوبات حضرت دیوان محمد رشید جونپوری قدس سرہ

تعارف و تلخیص

یہ مکتوبات تصوف کے دقیق مضامین پر مشتمل ہیں۔ جملہ مکتوبات کی تعداد اکتالیس[۴۱] ہے۔
اوراق انتیس[۲۹] ۔ خط شفیعا۔ نام کاتب ندارد و سنہ کتابت لامعلوم۔

کتاب میں جملہ ۲۹ اوراق ہیں۔ لیکن جلد سازی میں ورق ۱۴ کے بعد پندرہواں اور سولہواں ورق آخر میں آگیا ہے، جسکو نئی جلد سازی میں حسب مقام لگا دینے کی ضرورت ہے۔

چودھویں ورق کے بعد ۱۷ سے ۲۹ تک مسلسل ہے۔ ۲۹ ویں ورق کی آخری سطر سے ایک مکتوب شروع ہوتا ہے لیکن یہ مکتوب ناتمام ہے صرف بسم اللہ و الحمد للہ کے بعد ترک میں "صد شکر" کا لفظ ہے اور آگے کے اوراق غائب ہیں۔ اسطرح یہ مجموعہ مکتوبات نامکمل ہے۔ معلوم نہیں اصل مجموعہ میں کل کتنے مکتوبات ہیں۔

ان مکتوبات کا ایک مختصر نسخہ کتب خانہ مجیبیہ خانقاہ پھلواری سے دستیاب ہوا، لیکن وہ بہت مختصر اور چند مکتوبات کا مجموعہ ہے اور وہ مکتوبات خدابخش لائبریری کے نسخے میں موجود ہیں۔ البتہ جا بجا عبارت میں کچھ فرق ضرور ہے مگر اس فرق سے مفہوم پر کچھ اثر نہیں پڑتا ہے مثلاً لائبریری کے نسخے کا چالیسواں مکتوب بنام شمس الدین محمد آبادی ہے۔ مگر پھلواری کے نسخے میں بعینہ یہی مکتوب بنام شمس الدین ساکن "کرھہ" لکھا ہے ممکن ہے "کرھہ" محمد آباد ہی کے نواح میں کوئی جگہ ہو۔

لائبریری میں مکتوبات حضرت دیوان محمد رشید جونپوری قدس سرہ کے دو نسخے ہیں نسخہ اول

۱۸۲۶ء او نسخہ دوم ۱۸۵۷ء یہ دوسرا نسخہ بقرینہ غالب اسی مخطوطہ ۱۸۲۶ء سے نقل کیا گیا ہے۔ اس لیے کہ نقل کردہ رسالے میں جو جگہیں چھوٹی ہوئی ہیں وہ وہی ہیں جو نسخہ ۱۸۲۶ء میں غیر واضح ہیں۔ مخطوطہ ۱۸۵۷ء میں جملہ اڑتیس مکتوبات ہیں۔ آخر کے تین مکتوبات نہیں ہیں۔ یہ مکتوبات ۱۳۲۷ھ میں ...... خاص گنج بہاری نے نقل کیے ہیں۔ کاتب کا نام نذر دیمک ہو گیا ہے۔

مرتب اور سبب ترتیب مکتوبات حضرت قدوۃ العارفین برہان العاشقین قطب الاقطاب شمس الحق ابوالبرکات حضرت شیخ محمد رشید مصطفےٰ قدس سرہ کے ان مکتوبات کو ان کے صاحب زادہ حضرت ابو الفیاض قمر الحق غلام رشید ارشد محمد رشید مصطفےٰ اعثمانی قدس سرہ نے جمع کیا ہے۔

حضرت دیوان محمد رشید قدس سرہ کا حلقۂ رشید ہندوستان کے جملہ اطراف و امصار میں پھیلا ہوا تھا، اس لیے تعلیم و تربیت کے سلسلے میں جو مکتوبات مسترشدین کے پاس جاتے تھے وہ مختلف اطراف و امصار میں پہنچ گئے تھے۔ حضرت شاہ غلام رشید ارشد قدس سرہ نے ان کے جمع کرنے کا ارادہ کیا تو ان مکتوبات کے علاوہ جو ان کے پاس موجود تھے اثنائے سفر میں جہاں بھی گزر ہوتا وہاں مکتوبات کی تلاش کرتے چنانچہ پٹنہ، پورنیہ، پنڈوہ، منیر اور دوسری جگہوں سے معتد بہ مکتوبات جمع ہو گئے "در سیر حضرت پنڈوہ و حضرت پورنیہ، و پٹنہ و منیر و جاہائے دیگر بہ تفحص تمام آنچہ از مکتوبات آنحضرت یافتہ جمع ساختہ" منشا یہ تھا کہ:

"شاید اہل کلام و دلے در نظر آرد، و جامع را بدعا رخیر یاد کند کہ باعث آں ثواب یابد" نیز مخلصین سے یہ استدعا بھی کی تھی کہ ان مکتوبات کے علاوہ بھی جو مکتوبات مل سکیں اس مجموعے میں شریک کر دیئے جائیں۔

> "توقع از مہربانان چنان است کہ کلام و مکتوبات قطب الاقطاب سوائے ایں
> اگر یابند داخل ایں اوراق کردانیدہ مرہون منت و احسان ایں اضعف العباد
> را سازند۔ والسلام علیٰ خیر الانام و آلہ الکرام و اصحابہ العظام"

چنانچہ مکتوب بست و پنجم سے مکتوب سی و پنجم تک جملہ مکتوبات وہ ہیں جو حضرت دیوان محمد رشید قدس سرہ نے اپنے مسترشد، مرشد زادے شاہ محمد یاسین عزیز خاص و خلیفہ حضرت مخدوم طیب بنارسی قدس سرہ کو ان کے استفسارات کے جواب میں لکھے تھے اور خود حضرت شاہ محمد یاسین قدس سرہ نے

ان کو ایک جگہ مرتب کر دیا تھا وہ بھی اس مجموعے میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔

ان مکتوبات کی ترتیب و جمع کے متعلق خود حضرت شاہ محمد یاسین قدس سرہ مکتوبات کی نقل سے پہلے بطور مقدمہ رقمطراز ہیں:

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ علی رسولہ محمد و آلہ اجمعین۔ اما بعد اسئلہ مقالیہ است از عنایات حضرت مخدومی مولائی و قبلہ گاہی ارشاد پناہی مرشد الوقت قطب الزمانی صاحب التجرید والتفرید میاں شیخ عبدالرشید الجونفوری العثمانی لازال فیضان برکاتہ علی جمیع الطالبین۔ کہ فقیر مسکین یٰسین را از شرف ایراد آں در اوقات مختلفہ معزز و مجموع می ساخت و از کمال مہربانی و عنایت و التفات مطابق عرضہ داشت او می نواخت۔

جو خطوط حضرت دیوان عبدالرشید قدس سرہ نے حضرت شاہ یاسین کو لکھے ہیں۔ انھوں نے ان کو من وعن نقل کر دیا ہے۔ حضرت دیوان کا انداز تحریر یہ ہے کہ اپنے منتہی مسترشدین کو جب خط لکھتے ہیں تو بہت معزز اور محترم الفاظ سے مخاطب کرتے ہیں۔ شاہ محمد یاسین تو حضرت مخدوم طیب بنارسی کے جانشین بھی تھے اس لیے بھی مخدوما لاذا، حقائق آگاہ وغیرہ الفاظ سے مخاطب فرمانا حیرت انگیز نہیں ہے۔ حضرت شاہ یاسین قدس سرہ کو خود اپنے قلم سے یہ معزز و محترم الفاظ لکھنے بھلے نہ معلوم ہوتے تھے لیکن چونکہ خطوط کو من وعن نقل کرنا بھی ضروری تھا اس لیے معذرت کے ساتھ بلفظہٖ نقل کر دیے اور مقدمہ میں یہ بات لکھ دی ہے کہ:

"ہر چند نقل بعضے الفاظ کہ آں مخدوم در امیدمی نوشت نوعے گستاخی می نماید اما چوں حضرت ایشاں عزت بخشند و نیز آں نوع کلمات از آداب بدیدہ ہمہ الفاظ را بے تغیر دریں اوراق نقل نمودہ۔ امید از ارباب صدق و صفا و اصحاب مروت و وفا، آنکہ کاتب را درمیاں ندانستہ، و ایں ہمہ را از کرم و مہربانی حضرت مخدومی بشناسند۔ واللہ الہادی الی سبیل الرشاد وہو حسبی و نعم الوکیل۔"

اس سے یہ بات تو معلوم ہو گئی کہ یہ مکتوبات حرف بہ حرف وہی ہیں جو حضرت دیوان جیو قدس سرہ کے قلم سے نکلے تھے اسی طرح جملہ مکتوبات اپنی اصلی حالت پر موجود ہیں۔

فہرست مکتوبات

اول عربی : مکتوب الیہ لامعلوم، مخاطب بہ کامل المحقق، "من لہ حظ و نصیب من کل ما ظہر و صار مجلی للحق۔
دوم فارسی : مضمون بہ طرز مکتوب برائے آشنایاں و بے گانگاں۔
سوم " : (مضمون) مشتمل بر نکات تصوف برائے صاحبان ہوش
چہارم " : حضرت میر سید جعفر، تحقیق لفظ "ذات مطلق" بر ذات حق تعالیٰ۔
پنجم " : بجواب مکتوب میر سید جعفر، تحقیق "خواص و اخص الخواص۔
ششم " : میر سید جعفر
ہفتم " : لامعلوم
ہشتم " : میر سید جعفر
نہم " : بنام سید خلیل، بجواب مکتوب، جو میر محمد ماہ کے معرفت روانہ کیا تھا۔
دہم " : شیخ عبدالکریم (نجی طرز)
یازدہم " : شیخ محب اللہ الہ آبادی
دوازدہم " : شیخ نورالدین
سیزدہم " : شیخ مبارک محی الدین مرید و خلیفہ دیوان جیو در تلقین صبر و ثمرات آں
چہاردہم " : شیخ مبارک محی الدین، استقامت بر احکام شرعیہ
پانزدہم " : جواب مکتوب شیخ مبارک محی الدین، در تعلیم و تلقین و تفہیم ذکر خاص
شانزدہم " : جواب مکتوب شیخ مبارک محی الدین، بمعنی حدوث و قدم عالم
ہفتدہم " : نام مکتوب الیہ معلوم نشد، اما جائے آں برادر نوشتہ اند، کہ شعر بہ مکتوب الیہ است

دریں مکتوب معنی آیۃ کریمہ ؔ اِن من شیٔ الا یسبح بحمدہ، ولکن لا یفقہون تسبیحہم
واضح کردہ اند۔ و مخاطب را از برادریگانہ یاد میکنند۔

ہیثر دہم فارسی : مکتوب عمومی دربیان " حقائق اشیا کماہی مشوف " مکتوب الیہ لا معلوم
نوزدہم ؍ : مشتمل بر چند ابیات
بستم ؍ : مشتمل بر یک نکتہ " از خود رہائی " مکتوب الیہ لا معلوم
بست ویکم ؍ : دربیان ارکان نماز با حضوری
بست و دوم ؍ : بنام میاں شیخ مبارک محی الدین، مختصر چند سطور، مشتمل بر ہدایت خاص۔
بست و سوم ؍ : بجواب سید ابراہیم قدس سرہ۔ کہ ارادہ بیعت داشتند۔
بست و چہارم ؍ : بنام سید ابراہیم درہمت افزائی موصوف۔

بنام احمد خاں، الاخ لداؤد خاں القریشی الامیر الکبیر عفی عنہ۔ جواب عریضہ کہ مشتمل بود بر چند سوالات واحوال خویش، وتصور "ہو معکم اینما کنتم"۔ پچیسویں مکتوب سے پینتسویں تک وہ مکتوبات ہیں جو حضرت دیوان جیو کے مرشد بھائی شیخ یٰسین (خلیفہ وجانشیں حضرت مخدوم طیب بنارسی قدس سرہٗ اور حضرت دیوان جیو کے درمیان جاری رہے ہیں۔ ان کو شیخ یاسین نے یکجا کرکے انھیں مکتوبات میں شامل کردیا ہے۔

بست و پنجم ؍ (الف) دربیان ذکر نفی واثبات و بعضے نکات اُو (دربیان ذکر و مایلازم)
بست و ششم ؍ (ب) دربیان عروج ونزول ومتعلقات آں۔
بست و ہفتم ؍ (ج) دربیان عالم مثال ومعانی
بست و ہشتم ؍ (د) درسبب انکار عوام، عقائد صوفیہ را
بست و نہم ؍ (ہ) سرور معرفت حق سبحانہ وتعالیٰ
سیم ؍ (و) نیز در معرفۃ حق تعالیٰ، وذکر کلام وے۔
سی ویکم ؍ (ز) دررضا وتسلیم
سی و دوم ؍ (ح) نیز دررضا وتسلیم

سی وسیوم فارسی (ط) نیز در رضا و تسلیم۔

سی وچہارم، (ی) نصائح چند، و مسترشد راہمت افزونی

سی وپنجم، (ک) دربیان غلبہ حال

سی وششم، در تشریح بعضے مقامات از فصوص، مکتوب الیہ لامعلوم

سی وہفتم، کلماتے چند متضمن بر تشریح "وھو معکم اینما کنتم"

سی وہشتم، بنام شیخ یاسین، خیر بجمیعت خاطر تا بہ جونپور رسیدن۔

سی ونہم، ابتدائی الفاظ "الحمد للہ والمنۃ" کے بعد اوراق غائب ہیں۔

ترک میں "صد شکر" کا لفظ موجود ہے مگر اگلا صفحہ "کان اللہ" سے شروع ہوتا ہے۔ درمیان سے کتنے ورق غائب ہیں، بتانا مشکل ہے۔

چہلم فارسی ـــــ مکتوب الی عارف کامل سید شمس الدین ساکن محمد آباد، چند نکات لا الہ الا اللہ۔

چہل ویکم، ـــــ بنام درویش محمد بن شیخ شمس الدین محمد آبادی۔ نامکمل۔ آخر کی عبارت نہیں ہے۔ نکات "کنت کنزاً مخفیاً"۔

جیسا کہ فہرست مکتوبات سے ظاہر ہے کہ یہ جملہ مکتوبات مسترشدین کی تعلیم و تربیت کے سلسلے میں زیر قلم آئے ہیں اس لیے مناسب ہے کہ چند مکتوبات کا ماحصل پیش کر دیا جائے تاکہ حضرت دیوان جیو قدس سرہٗ کے طریقۂ تفہیم اور اسلوب نگارش کا اندازہ ہو سکے۔

ان مکتوبات میں کچھ مکتوبات تو وہ ہیں جنمیں مکتوب الیہ کی وضاحت موجود ہے لیکن کچھ مکتوبات ایسے ہیں جنکو مکتوب کا عنوان دیدیا گیا ہے ورنہ دراصل وہ مضمون کی حیثیت رکھتے ہیں. مثلاً پہلا ہی مکتوب جو عربی میں ہے اس کے مکتوب الیہ کا نام ظاہر نہیں ہے، ایک مختصر مضمون ہے مخاطب ہر "کامل المحقق" ہے "من لہ حظ و نصیب من کل ما ظہر و صار مجلی للحق" اور اسی طرح چند مکتوبات اور بھی ہیں جنکا کوئی مخصوص مکتوب الیہ نہیں ہے۔ بلکہ ہر ذی ہوش "دوست، آشنا، یگانہ، بیگانہ سب ہی مخاطب ہیں۔

مکتوب اول: (بزبان عربی) اس مکتوب میں ایک تفصیلی گفتگو اس موضوع پر ہے کہ جب جملہ وجود خیر ہے تو پھر کوئی شے شر یا مذموم نہیں ہو سکتی۔ خیر و شر کی نسبت محض اضافی ہے، ایک ہی شے ہے جو ایک

ت میں شر ہے، اور وہی شے دوسرے مقام پر خیر ہو جاتی ہے۔
حسد سے زیادہ بدتر کون شے ہوگی اس میں کسی ذی علم ہوشمند کی دو رائے نہیں ہو سکتی۔
مگر حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"لاحسد الا فی اثنین رجل اعطاہ اللہ العلم (الحدیث) حسد کسی حال میں محمود نہیں ہو سکتا لیکن علم سے اپنی تہی دامانی پر اگر یہ جذبہ دل میں پیدا ہو کہ کاش فلاں شخص کی طرح مجھے بھی ویسا علم نہ ہائے تو یہ محمود ہے۔

مکتوب دوم : اس مکتوب میں مسئلہ وحدۃ الوجود پر عقلی و نقلی دلائل پیش کیے ہیں۔ اس مکتوب کی حیثیت بھی ایک مختصر جامع مضمون کی ہے جو آشنایان یگانہ اور دوست بے گانہ کے لیے لکھا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ جو اس مسئلہ کو مجھ سے سمجھنا چاہے وہ اس مکتوب کے ذریعہ معلومات حاصل کرے۔ مکتوب کی ابتدا میں مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - بسم اللہ والحمد للہ مکتوبات ناہموار پریشان روزگار کہ شمس الحق محمد رشید یافتہ اشتہار، نگارش یافتہ بطریق یادگار، بامید انکہ ازاں بہ سرے پے بردیکے از صاحبان اسرار، والصلوٰۃ والسلام علی سید الابرار محمد وعلی آلہ الاطہار وصحبہ الاخیار"

اس مضمون کو چونکہ اپنے مکتوبات کے مجموعے میں شریک کیا ہے اس لیے مکتوب الیہ کی وضاحت اسطرح کر دی ہے :

ایں مکتوب پریشان بے نام ونشان، بجانب آشنایان بیگانگان اے دوست یگانہ واے آشنائے بیگانہ"

اس کے بعد اصل مضمون ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے۔

"دانا و آگاہ باش کہ آشنائی در بیگانگی است و بیگانگی در یگانگی - تا بیگانہ نگردی آشنا نشوی وتا آشنا نشوی دریں دریا پر امواج بلکہ عین امواج قدم نتوانی نہاد - عزیز من! از خود بیگانہ گشتہ رمز من عرف نفسہ فقد عرف ربہ را دریاب"

اس مضمون کو مکتوب کی شکل دی گئی، چونکہ سفر و حضر میں ان مضامین کی ضرورت پیش آتی تھی

پیشِ نظر مکتوبات میں اسکو شامل کر دیا گیا چنانچہ رقمطراز ہیں۔

"مدتہا گزشتہ بود ایں مکتوب نوشتہ بود، از خاطر محو ساختہ ناگاہ شب ششم ماہ شوال ۱۰۶۷ھ
در ... تحت نوشتہ دیدہ بخاطر فاتر آمد کہ دریں بیاض کہ رفیق حضر و سفر می باشد بنویسند تا شاید
در ... بنظر قبول بینند بدعائے مستجاب خود یاد فرماید۔

ہر سر کز اسرار حقیقت گویم   زانم نبود بہرہ بجز گفتارے"

یہ مسئلہ اگرچہ بہت فلسفیانہ ہے۔ تصوف اور فلسفہ کی کتابوں میں بڑی معرکۃ الارار او اہم بحثیں ہوتی رہی ہیں۔ لیکن نتیجہ صرف یہی رہا "نہم من فہم"

تاہم صاحب مکتوب حضرت دیوان جیو قدس سرہ نے جس انداز سے اس مضمون پر روشنی ڈ ہے اس سے ان کے طریقہ تفہیم کا اندازہ ہوتا ہے۔ فرماتے ہیں۔

"من عرف نفسہ فقد عرف ربہ" یہ جملہ شرط و جزا کے ساتھ ہے شرط و جزا میں فرق محض وہمی و اعتباری ہے۔ جو شرط ہے وہی جزا ہے اور جو جزا ہے وہی شرط ہے ان کانت الشمس طالعۃ فالنہار موجود، اگر غور سے دیکھو تو دن تمام ہوا رات آئی اور رات گزری دن نمودار ہوا۔ نہ دن کی حقیقت نہ رات کا وجود، جو کچھ ہے وہ شمس کی جلوہ فرمائی ہے اور آیۃ کریمہ اس کی شہادت دے رہی ہے۔ تولج اللیل فی النہار و تولج النہار فی اللیل۔ رات کا ایما غیب کی طرف ہے اور نہار کا اشارہ جلوہ گاہ شہادت کی طرف ہے یہی غیب ہے جو شہادت کی شکل میں جلوہ گر ہے اور یہی شہادت ہے جو کبھی غیب کا سماں دکھاتی ہے اور یہ بھی تسلیم شدہ ہے کہ از خود کوئی شئے نمودار نہیں ہوتی تو پھر گشتن اور شدن کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ لہذا وجود ایک ہی ہے۔ البتہ چشم بینا اس کا ادراک کرتی ہے۔ لیکن دیدہ کور سے مستور ہے"۔

عزیز من! اگر نفس شخص عین رب نہیں ہو جاتا، تو اپنے نفس کا عرفاں کس طرح اپنے رب کا عرفاں ہوگا۔؟ لہذا ایک ہی ذات ہے جو مختلف اسما کے ساتھ مسمی ہو رہی ہے اور ایک ہی صورت ہے مختلف صورتوں میں ظاہر ہو رہی ہے ہر مسمی کو عین اسامی سمجھو اور جملہ مختلف صورتوں کی اصل ایک ہی صورت ہے مگر وہ خلوتگاہ جلال ہے جہاں غیر کی رسائی نہیں۔

افسوس صد ہزار افسوس! کہ ہر ذرہ میں آفتاب کی جلوہ گری ہے مگر ہم "زرہ گان خود پرست" نظر رکھ کر بھی نابینا ہیں۔ وہ بھی اس حال میں کہ "الم تر الی ربک" کی سرزنش ہر دم ہو رہی ہے، اور "فی انفسکم افلا تبصرون" کے کوڑے پڑتے ہیں۔ مگر ہماری غفلت شعاری نہیں جاتی، آگاہ نہیں ہوتے۔ موجود کو چھوڑ کر معدوم کی طلب میں سرگرداں ہیں۔

عزیز من ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ حق تعالیٰ "درار وراء" ہے ہاں یہ بات درست ہے۔ لیکن وہ عین ماسوا بھی ہے (یہاں نہایت خطرناک بات یہ پیدا ہو جاتی ہے کہ جو کچھ موجود ہے وہ درار شئے ہے۔ تو جب تک درار و رار، عین درا نہ ہو، ممتنع الوجود ہوگا۔ نعوذ باللہ من الجہل والکفر۔

یہ قول واجب الوجود کی نفی کرتا ہے۔ اور اس نفی سے شرک کا اظہار ہوتا ہے۔ اللہ جہالت و شرک و کفر سے پناہ میں رکھے۔

عزیز من! مرد کا کام ہے کہ اپنا قدم آگے بڑھائے اور اپنے آپ کو عرش توحید تک پہنچائے، دوئی سے صرف نظر کر کے ایک ہی پر نگاہ جمانا، یہی مقام توحید ہے۔ اگر ایسا نہ کیا تو بہرہ مند نہیں ہوگا۔ کیونکہ معدوم مطلق کو کس طرح موجود حقیقی سمجھ سکتا ہے۔ ہاں اگر حق تعالیٰ کا دست فیض مددگار ہو، اس کے باطل عقیدے کو اعتقاد حقہ میں تبدیل کر دے، اور اس کا رہنما بن کر مشاہدہ کرا دے کہ باطن عین ظاہر ہے اور کثرت عین وحدت اور نور عین ظلمت۔

عزیز من! مگر تکلیف بقدر وسعت ہی دی گئی ہے، اس بندہ بیچارہ کا احساس جو اس محسوسات سے آگے نہیں بڑھتا۔ اس کے باوجود معرفت حق کی تکلیف دی گئی۔ یہ تکلیف اس بات کی روشن دلیل ہے کہ جو کچھ نمایاں اور نمودار ہے عین مطلوب و محبوب ہے۔

معرفت حق کے لیے واضح لفظوں میں ہم کو تکلیف دی گئی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ مطلوب قابل احساس ہے تم پہچان سکتے ہو، ورنہ غیر محسوس کے معرفت کی تکلیف، تکلیف مالا یطاق کے سوا کیا ہوگی کیونکہ جس شئے کو دیکھا نہیں کس طرح پہچان سکتے ہیں، تو حقیقت یہی ہے یار سامنے ہے آنکھیں دیکھ رہی ہیں لیکن بے بصیرتی دل پر غبار بن کر چھا گئی ہے۔

عزیز من! قلبی بصیرت کو بصارت چشم سے ہم آہنگ کر دو۔ اپنے مرکب کو منزل کی طرف بڑھاؤ تو پھر پہچان لو جو پہچاننا چاہتے ہو اور جان لو جو جاننا چاہتے ہو۔

میداں بیقیں کہ نیست واللہ   موجود حقیقی سو اللہ

موجود حقیقی ہی ہوتا ہے۔ بلکہ وجود اعتباری میں بھی حقیقت وجود یہ پنہاں ہوتی ہے۔ ہوشیار ہو ... "ہر چہ بینی دوست بینی" تم کو این و آں کے چکر میں پڑنے کا کیا کام؟ این و آں میں بھی ... عین ہوتا ہے۔ اور این کو آں سمجھنا علامت پندار ہے۔ ورنہ اگر بنگاہ غور و تحقیق دیکھو تو "غیر" کی غین ... عین کی عین سمجھو، اور غیر کو بھی یگانہ جاننے لگو۔ وہی غین ہے جو عین بن جاتی ہے اور وہ عین ہے جو غین۔ ابر و باراں میں اس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ ابر و باراں کے وہی وجود کو محو کر کے دیکھو۔ وہ ہی ابر، باراں ہے اور وہی باراں ابر ہے۔ لیکن دونوں کے مقام و مرتبہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ابر کو ابر ہی کہیں گے اور باراں کو باراں۔ ع: "گر فرق مراتب نکنی زندیقی"

احکام شریعۃ کو ملحوظ خاطر رکھنا ہے۔ کیونکہ شریعت خواص و عوام دونوں کی مربی ہے۔ اس کے باوجود بھی "انظر الی الابل" کا مشورہ خاص ہے۔ لہذا اس حکم کے مطابق چشم حق بیں وحق جو "ابل" کی طرف دیکھ رہی ہے۔ اور مالا یجوز انظر الی الابل سے گریزاں ہے۔ عقلمند کی نگاہ ہمیشہ باطن پر ہوتی ہے اور ظاہر سے گریزاں ہوتا ہے۔ والسلام علی من اتبع الہدیٰ۔

مکتوب سیوم :

اس مکتوب کو بھی ایک مضمون ہی سمجھئے، کیونکہ اس کے متعلق خود فرماتے ہیں۔

"بخاطر فاتر کاتب حروف محمد رشید رسید کہ رقمی چند تحریر نماید۔ شاید صاحب ہوشے را بکار آید"
یعنی کاتب الحروف محمد رشید کو یہ خیال پیدا ہوا کہ کچھ نکتے کی باتیں زیر تحریر لائی جائیں تاکہ صاحب ہوش کے کام آئے اور وہ اس سے نفع حاصل کر سکے۔ لیکن مضمون غامض تھا اور ہر کہ و مہ کا ذہن اُن دقیق نکتوں کے سمجھنے سے قاصر بلکہ تشویش ذہن کا باعث بھی اس لیے آپ اپنے مخاطب کو جو صرف صاحبان ہوش اور رہنوردان بادیہ عرفان ہیں۔ بہت بلند آہنگی سے مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"اے صاحب ہوش تمام گوش شدہ بشنو، وخطرات پراگندہ را بدل راہ مدہ"

اس مکتوب میں لفظ اللہ کے حروف مفرد و مرکب، نیز ان کی ترکیب کے مختلف پہلوؤں سے خاص خاص نکات و معانی کا انکشاف کیا ہے۔ مثلاً کنت کنزاً مخفیا۔ اور "اللہ خلق آدم بصورتہ" کو ان ہی حروف کی ترکیب سے بیان کیا ہے۔ اور بتلایا ہے کہ لفظ اللہ میں یہ معانی کس طرح پنہاں ہیں۔ فرماتے ہیں :

دیکھو" لفظ اللہ کی تنظیم کو جب اس کی اچھی طرح تحلیل کرو، حروف مفردہ اور مرکبہ کہ جن سے مل کر لفظ اللہ منظم ہوا ہے اس کو تم اگر اچھی طرح خوب غور وخوض سے ملاحظہ کرو گے تو تم پر یہ بات منکشف ہو گی کہ اس اسم اعظم لفظ اللہ کی تالیف و تنظیم اس طرح ہے کہ، ال اور "لا" اور "ہ" اب سوچو کر اس اسم اعظم کا مبدا "الف" ہے جو ساکن ہوتا ہے، اس کو فتح کی حرکت دیکر ہمزہ میں تبدیل کر دیا گیا ہے اور آخری حرف "ہ" ہے۔ اب بگوش ہوش سنو اور غور کرو کہ الف جب ساکن تھا "گنج مخفی" تھا۔ چنانچہ کنت کنزاً مخفیا کی طرف "الف" کا سکون" اشارہ کر رہا ہے۔ پھر حرکت خفیہ سے متحرک ہوا، تو اس کا منشا یہ ہوا کہ "کر فاحببت ان اعرف" کا ظہور ہو۔ اس لیے الف ہمزہ میں تبدیل کر دیا گیا۔ پھر لام ساکن ہے جو عالم و آدم، اور جمیع ماسوای سے عبارت ہے۔ لیکن یہ سکون بھی مانع اظہار تھا، اور جب تک دو چیزیں ایک دوسرے سے نہیں ملتیں تیسری چیز وجود میں نہیں آتی اس لیے ہمزہ متحرک لام ساکن سے منتقل ہو گیا اور الف کے تحت تصرف میں آ گیا۔ الف نے لام کو اپنا خلیفہ بنانا چاہا۔ لیکن چونکہ لام ساکن غیر متحرک ہے اس لیے الف جو بصورت ہمزہ ہے، اپنی حرکت لام کو دی اور فرمایا: اللہ خلق آدم علی صورتہ" اور تصرفات ظاہریہ آدم کو سپرد کر دیے اور فرمایا" وانفقوا مما جعلکم مستخلفین فیہ۔

اس طرح جملہ حروف اور ان کی ترکیب سے مختلف نکتے پیدا کیے ہیں۔

مکتوب چہارم : یہ مکتوب حضرت میر سید جعفر قدس سرہ کے مکتوب کے جواب میں تحریر فرمایا گیا ہے حضرت میر سید جعفر پٹنوی حضرت دیوان شاہ محمد رشید جونپوری قدس سرہ کے اجل خلیفہ ہیں انھوں نے بذریعہ خط یہ معلوم کرنا چاہا تھا کہ ذات حق تعالیٰ پر "وجود مطلق" کا اطلاق کیونکر درست ہے۔

" مراد از وجود مطلق کہ عرفار محققین بر ذات حق تعالیٰ اطلاق میکنند بیان نمایند"

جواب میں آپ نے تحریر فرمایا۔ سید صاحب! یہ وہ سوال ہے کہ جسکے جواب میں ارباب تحقیق کی زبان لال۔ اور سب ہی خود کو اس کی وضاحت میں مجبور و معذور پاتے ہیں۔ لیکن امتثالاً للامر آپ کا جواب دینا واجب ہے اس لیے مختصراً کچھ لکھ دیتا ہوں۔ چونکہ مضمون دقیق ہے اس لیے مدعا سے پہلے یہ بتا دوں کہ اس مکتوب کو معاندین و مخالفین کی نگاہ سے بچایئے گا ورنہ وہ خود بھی اپنی نافہمی سے گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی تشویش میں ڈالیں گے۔ جنکی باطن کی آنکھ بے نور اور آئینہ دل غبار آلود ہے وہ نور ہدایت سے بہرہ مند نہیں ہوتے ہیں۔ اور گمراہی کو ہدایت سمجھتے ہیں۔ اب اپنے مطلب کی طرف آ رہا ہوں۔

متن سید! "ذاتیکہ بے نام ونشاں است بہر نامے کہ اورا خوانی تا اورا از بے نشانی بہ نشان بیارند معقول ارباب عقول مسلم نشود پس ذاتیکہ منزہ از چنیں و چوں است نہ اورا وجود تواں گفت نہ عدم، نہ مطلق نہ مقید، بلکہ برتر یک ازیں اسامی و مفہومات ایں الفاظ منظہر و مجلاے اں منزہ است و مفہوم و منظہر و مجلا" چنانچہ ہست تا منکشف نہ شود کہ ظرف شے غیر مظروف نیست و وجود شئی غیر آں شئی نہ منکشف نخواہد شد اول مراد از وجود کہ ذات حق تعالیٰ اطلاق کنند بیان کردہ آید بعد ازاں لفظ مطلق مطلق نمی شود و اتنج کردہ وجود شود"

ترجمہ صاحب! جو ذات کہ بے نام ونشان ہے اس کو جس نام سے پکاریئے مقصد یہ ہوگا کہ بے نشانی سے نشان کی طرف لایا جائے، لیکن بے نشان کو نشان کی طرف لانے کی کوشش ارباب عقول کے نزدیک معقول نہیں ہے تو پھر وہ ذات جو چنیں و چوں سے منزہ ہے" لیس کمثلہ شئی" نہ اس کو وجود کہہ سکتے ہیں نہ عدم نہ مطلق کہہ سکتے ہیں نہ مقید۔ ان ناموں اور ان کے مفہومات کے ہزار الفاظ بھی ہوں تو وہ ان سب سے بلند تر اور سب سے منزہ ہے۔ اس لیے جب یہ معلوم ہو جائے اور یہ بات سمجھ میں نہ آجائے کہ ظرف سے غیر مظروف نہیں ہے اس وقت ان لفظوں کے واسطہ سے حقیقت تک رسائی ممکن نہیں ہے۔

اطلاق لفظ وجود بر ذات مطلق | وجود کا لفظ جو ذات حق تعالیٰ کے لیے بولا جاتا ہے۔ یہ کون و حصول کے معنی میں نہیں ہے۔ کیونکہ کون و حصول جس کا عکس عدم ہے۔ یہاں کہاں؟ موجود کہاں اور معدوم کہاں۔ یہ ساری باتیں وہاں محال ہیں۔ (اس لیے کہ تجسم سے بری ہے) یہ ساری نسبتیں اعتباری ہیں۔

مطلق و مقید | اسی طرح مطلق و مقید یہ بھی وہاں محال ہے البتہ بر سبیل تفہیم ان الفاظ کا استعمال کرتے ہیں تاکہ عقل سلیم کو حقیقت تک پہنچنے میں مدد مل سکے۔

مکتوب پنجم — جواب مکتوب دیگر میر سید جعفر: دیوان رشید قدس سرہ نے اپنے پہلے خط میں ایک جملہ لکھا تھا" ظرف شے غیر مظروف نیست" نیز عالم غیب و شہادت کی بھی گفتگو آگئی تھی۔ اس جوابی مکتوب میں حضرت دیوان جیو، نے ان بعض شبہات کا ازالہ کیا ہے۔ سوال تھا۔ ظرف کے تو علی اختلاف القابلیت تین معنی آتے

ہیں۔ آپ نے کس معنی میں استعمال کیا ہے؟" جواب میں لکھا ہے "یہ تین معنی اہل مجاز کے ہیں۔ اہل حقیقت کی نگاہ ارباب مجاز کی اصطلاحات پر نہیں ہوتی۔ ورنہ حقیقت یہی ہے کہ ظرف شئی اس سے مکمل اور مظہر ہوتا ہے۔ کمین گاہ، اور اس میں پوشیدہ ہونے والے یعنی مکمن وکامن، مظہر وظاہر کا اتحاد اہل حقیقت سے پوشیدہ نہیں ہے۔ البتہ وہ مجاز جو عوام کی افہام وتفہیم کے درپے ہے ان میں ہر ایک کے انداز تفہیم کی وجہ سے اختلاف رونما ہوا ہے۔ واصلین اور محققین کے درمیان کچھ اختلاف جو نظر آتا ہے محض اتفاقی ہے، کیونکہ ہر ایک اپنی کمان سے اپنا تیر ایک ہی نشانے پر لگا رہا ہے"۔

اس کے بعد عالم غیب وشہادت اور عالم ثلثہ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ عالم ثلثہ سے مراد عالم ارواح عالم مثال، اور عالم اجساد واجسام ہیں۔ ان مطالب پر قدرے تفصیلی بحث ہے اور احادیث نبوی سے اس کی تصدیق وتوثیق ہے۔ عالم غیب اور عالم شہادت کا ربط عروج ونزول کے ذریعہ بتایا گیا ہے۔

مکتوب ششم۔ یہ مکتوب بھی میر سید جعفر پٹنوی قدس سرہٗ کے چند مکتوبات کے جواب میں ہے۔ ہر مکتوب میں مختلف استفسارات تھے۔ اس کا اظہار خود حضرت دیوان جیو قدس سرہٗ نے جوابی مکتوب کی ابتدا میں کیا ہے۔

"مکتوبات شریفہ ومکاتبات لطیفہ مجمع الفضائل والکمالات نقابت پناہ میر سید محمد جعفر سلمہ اللہ تعالیٰ رسیدند۔ بر مضامین آنہا اطلاع حاصل گردید۔ مرقوم بود کہ بعضے مشکلات پیش آمدند۔ جواب آنہا مطابق اعتقاد اخص الخواص تحریر نمایند۔ چوں جواب الکتاب کجواب السلام نوشتہ می آید۔"

یعنی۔ میر سید جعفر کے خطوط ملے، مضامین سے واقف ہوا۔ بعض مشکلات کا جواب اخص الخواص کے اعتقاد کے مطابق چاہتے ہیں۔ چونکہ خط کا جواب سلام کے جواب کی طرح واجب ہے اس لیے زیر تحریر لا رہا ہوں۔

"عام، خاص، اخص الخواص ایک دوسرے کے مباین نہیں ہیں۔ تمام اجسام نامیہ اگرچہ باہم فرق رکھتے ہیں مگر حیوانیت میں مساوی ہیں۔ حیوانات میں حرکت ارادی ہے لیکن انسان ناطق بھی ہے کاتب بھی یہ اس کی خصوصیت خاصہ ہے اس لیے اس کا مقام اجسام نامیہ میں اخص الخواص کا ہے۔ قبول ہدایت میں بھی انسانوں میں تفاوت ہے۔ انہیں میں وہ بھی ہیں جنکو قرآن نے اولئک کالانعام بل ھم اضل سبیلا"

کہا ہے اس لیے ہر ایک میں فرق ضروری ہے۔ گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی۔

دوسرا سوال جو دیگر مکتوبات میں تھا۔

* معجزات انبیا خصوصاً معجزات سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔ صور مثالیہ تھے۔ یا صور جسمیہ؟

ج : تمام معجزات صورت جسمیہ میں تھے۔ اور انہیں سے قیامت کا یقین ہوتا ہے۔ یقین کیجئے کہ قیامۃ کبری کوئی مثالی عالم نہیں بلکہ وہ بہت لطیف اور حسی شکل میں ظاہر ہوگی جیسا کہ آیات قرآنی اور احادیث میں مسطور ہے۔

س سوم: شیخ اکبر نے کہا ہے۔ "نفخ روح محض مطار استعدادے ہے"۔

ج : تخلیق آدم سے چند ہزار سال پہلے ارواح مخلوق ہوئی ہیں۔ جب جسم آدم مستوی ہوگیا تو روح آدم اور جملہ ارواح بنی آدم کو بدن آدم میں پھونک دیا گیا۔ یہ وہی ارواح ہیں جو بنی آدم میں منتقل ہوتی رہتی ہیں۔ اور یہ تمام ارواح ہمارے پیغمبر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی روح طیبہ سے مخلوق ہوئی ہیں۔

اس تیسرے سوال کا جواب بہت تفصیل سے دیا گیا ہے۔ جسکے ضمن میں مختلف مطالب علمیہ آتے چلے گئے ہیں۔ جو مکتوب گرامی کے پڑھنے ہی سے منکشف ہوں گے۔

اس خط کی اہمیت یوں بھی ہے کہ جامع مکتوب شاہ قمر الحق غلام رشید قدس سرہ نے حضرت دیوان جیو کے مرقومہ خط سے مقابلہ کر کے تصحیح کرلی ہے رقمطراز ہیں :

'قد صح احقر الانام قمر الحق غلام رشید متن خط شیخی قطب الاولیا شیخ محمد رشید قدس سرہٗ۔

مکتوب ہفتم ـــ متضمن بر ہدایات، وتعلیم وترغیب نوافل ومتابعت نبویؐ۔

یہ مکتوب کس کے نام ہے اس کا کوئی اشارہ نہیں نہ ابتدائی کچھ القاب ہیں۔ بسم اللہ والحمد للہ سے شروع ہوتا ہے۔ پھر ہدایتیں اور نصیحتیں ہیں۔

پہلی ہدایت ـــ " اہل حق کا طریقہ یہ ہے کہ حق تعالی کو ظاہر و باطن جانتے ہوئے اپنے جملہ اوقات اسی کی یاد میں مشغول رکھتے ہیں۔ اور جو احوال کتم عدم سے ظہور پذیر ہوتے ہیں انکو عین حکمۃ الہی شمار کرتے ہیں۔ اسطرح خوف وحزن کا گذر انکے گرد نہیں ہوتا اور

"لاخوف علیہم ولاھم یحزنون کے حصار میں باآرام دجمعیت خاطر محصور رہتے ہیں۔"

دوسری ہدایت۔" ہر سالک طریقت کو چاہیئے کہ ہر ایک کو جو اس راہ کے رہنما ہیں۔ صاحب کمال، اور دوسرے رہروانِ راہ سلوک کے لیے ممد و معاون سمجھے تاکہ عجب، پندار اور خود بینی اس کو پامال نہ کر دے۔ اور دوسروں کی عیب جوئی اس کو حسد و رشک کے گرداب میں نہ ڈال دے۔

خیر و شر جو بھی ہوتا ہے قادر مطلق کی طرف سے ہوتا ہے اور اسکی حکمت کو وہی جانتا ہے۔ اس لیے جو عیب ہے وہ خود اپنے عیب کا شاہد صادق ہے اور قادر مطلق پر طعن کر رہا ہے۔"

تیسری ہدایت۔" عبادت کرو صرف اس لیے کہ تم مامور ہو، اپنی ذات، اجر دینی و دنیاوی کو درمیان میں نہ لاؤ۔ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرو۔ جب عبادت سے طبیعت کسلمند ہو، اور نیند آنے لگے تو سو جاؤ۔ کیونکہ نیند عالم مثال کی ایلچی ہے اسما مثالی شکل میں خواب میں ظہور کرتے ہیں جو بیداری میں تم پر ظاہر نہ ہوتے۔ لیکن ان باتوں کو بہت اہمیت نہیں دینا چاہیئے۔ بیداری کے بعد پھر اپنے کام میں مشغول ہو جاؤ۔"

چوتھی ہدایت۔" تہجد کی پابندی رکھو، کم سے کم چار رکعات، زیادہ بارہ رکعات تک ہے وتر کے علاوہ۔ نماز صبح باجماعۃ، اشراق دو رکعت، پہلی رکعت میں آیۃ الکرسی دوسری میں آمن الرسول آخر سورہ بقرۃ تک۔ چاشت ۴ رکعت اول رکعت بعد سورہ فاتحہ سورہ الشمس، دوسری رکعت واللیل، تیسری والضحیٰ، چوتھی الم نشرح۔

مکتوب ہشتم۔ بنام میر سید جعفر قدس سرہ

درود شریف میں خواہ اسم پاک موجود ہو یا صرف ضمیر کا استعمال ہوا ہو۔ ہر حال میں" والہٖ" سے پہلے علیٰ ہونا چاہیئے۔ گفتگو میں بھی اور کتابت میں بھی۔ اس میں ایک نکتہ ہے۔ جو حضرت دیوان جیو قدس سرہٗ نے بیان فرمایا۔" نحو کا مسلمہ اصول ہے کہ ضمیر مجرور پر جب عطف کرتے ہیں تو حرف جار کا اعادہ بھی کرتے ہیں اگرچہ اسم ظاہر مجرور میں اس کی اجازت نہیں ہے۔ لیکن درود شریف

میں، خواہ اسم مبارک ظاہر ہو یا ضمیر کے ذریعہ استعمال ہوا ہو ہر حال میں علیؑ کا استعمال ضروری ہو نا چاہیئے کیونکہ نام نامی ظاہر ہوتے ہوئے بھی آپ کے کمالات بے پایاں چہرہ شہود میں نہ آ نہیں سکتے اس لیے حقیقۃ محمدیہ مستور ہی رہتی ہے۔ اسلیے وہی اصول یہاں بھی مرعی رکھنا چاہیئے۔ نیز آل اطہار کو جو اتحاد سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ذکر و کتابۃ دونوں ہی میں یکسانیت کا اظہار ہو"

مکتوب نہم۔ متضمن بر تربیت میر محمد ماہ وچند مسائل دیگر

بقرینۂ غالب یہ خط بھی حضرت میر سید محمد جعفر قدس سرہٗ کے ہی نام سے ہے کیونکہ جن القاب و اوصاف سے ان کو یاد کرتے ہیں وہ سب اس میں مذکور ہوئے ہیں۔ مضمون خط سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت میر سید جعفر نے میر محمد ماہ کو حضرت دیوان جیو کی خدمت میں بیعت و تعلیم کے لیے بھیجا تھا مگر حضرت دیوان جیو قدس سرہ نے بیعت لے لی اور تعلیم تربیت خود میر سید جعفر قدس سرہ کے سپرد کی چنانچہ تحریر فرماتے ہیں۔

"میر محمد ماہ کے توسط سے آپ کا خط ملا۔ لیکن بالہام ملہم مجھ پر یہ بات مکشوف ہوئی کہ تعلیم و تربیت آپ ہی کے سپرد کروں۔ اس لیے بیعت لیکر رخصت کر رہا ہوں ان کی استعداد کے مطابق اوراد و اشغال و اذکار کی تعلیم دیں اور تربیت کریں انشاء اللہ یوماً فیوماً ترقی کریں گے، اللہ کامیاب کرے۔

جو باتیں علیحدہ کاغذ پر لکھی گئی ہیں مطالعہ میں آئیں ہر ایک بہت پسندیدہ ہے۔ "خلق و کسب" کے درمیان جو فرق آپ نے ظاہر کیا ہے بہت خوب ہے"۔

میر محمد ماہ کو ٹوپی دیدی گئی ہے شجرہ آپ لکھ کر دیدیجئے بہتر یہ ہے زبانی یاد کر لیا جائے۔ صبح و شام شجرہ کو پڑھیں اور زندہ کے لیے دعا ر خیر و عافیت اور مردہ کے لیے مغفرت کی دعا کریں"۔

مکتوب دہم۔ بنام شیخ عبدالکریم

نجی طرز کا خط ہے" ایک عرصہ سے ملاقات نہیں ہوئی آنے جانے والوں سے خیریت مل جاتی ہے خصوصاً شیخ عبدالشکور کے ذریعہ"۔

آخر میں یہ ہدایت کی گئی ہے کہ غفلت سے بچو، ہر وقت نگاہ اللہ کی طرف رکھو" وہو معکم اینما کنتم"

مکتوب یازدہم۔ بنام ملا محب اللہ الہ آبادی۔

اس خط میں بہت دقیق فلسفیانہ اور صوفیانہ مسائل ہیں۔ جنکا تعلق مسئلہ وجود حق تعالیٰ و وجود عالم سے ہے حضرت دیوان جیو قدس سرہٗ نے چند سوالات ملا مذکور کی طرف لکھ بھیجے تھے اور اس کا جواب مانگا تھا۔ جا بجا فصوص کی عبارتوں سے شواہد پیش کیے تھے اور اہل حقیقت کے معتقدات کی ترجمانی کی تھی۔ مختلف مسائل درمیان میں آتے گئے ہیں۔ ان دقیق مضامین کے لیے ضرورت ہے کہ ان رسائل پر بھی نظر ہو۔ جس پس منظر میں یہ مکتوب لکھا گیا ہے۔

ملا محب اللہ الہ آبادی اپنے عہد کے بڑے عالم، فلسفہ اور علم کلام میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ اس کا اثر اُن کے عقاید پر بھی تھا۔ حضرت دیوان عبدالرشید قدس سرہ ان کے علم وفضل کے قدرداں تھے اور بڑی عزت کی نگاہ سے انکو دیکھتے تھے۔ آپ کی محفل میں اکثر ان کے خیالات کا تذکرہ ہوتا رہتا تھا۔ ان کے بعض رسائل بھی حضرت دیوان جیو قدس سرہ کی نگاہ سے گزرے تھے۔ اس لیے برائے تحقیق آپ نے بہت مخلصانہ مکتوب ان کو لکھا۔ اور عقاید صوفیا کی وضاحت کی۔ چند استفسارات انکو لکھ بھیجے اور اُن سے جواب کے خواہاں تھے۔ اس مکتوب میں اپنے عقاید کا بھی جو صوفیا کے عین مطابق ہیں اظہار کر دیا گیا تھا۔

پہلا استفسار یہ تھا "وجود حق عین ذات است چنانچہ در باب سادس از فتوحات واقع است وجودہ لیس غیر ذاتہ"

اسی طرز کے چند استفسارات ہیں جنکے دلائل بھی دیتے چلے گئے ہیں۔ آخر میں لکھا تھا۔ "مرجو کہ بکرم جواب فرمایند وانچہ مطابق واقع بود قبول فرمایند۔ والسلام۔"

مکتوب دوازدہم — بنام شیخ نورالدین جعفر المداری

حضرت دیوان محمد رشید قدس سرہٗ نے جو خط، ملا محب اللہ الہ آبادی کو لکھا تھا اس کا جواب شیخ قطب الدین کے واسطہ سے ملا صاحب نے روانہ کیا۔ اس خط میں کیا تھا اور اس کا حشر کیا ہوا، اس خط میں ارقام فرمایا ہے۔

"جب ایک دو جزو کا میں نے مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ تمام دلائل اہل کلام کی طرح عقلی

"... اہل اللہ کے جواب کا جو طریقہ ہے نظر آیا۔ اس لیے ایک روز سیر کے لیے پل پر جارہا تھا، ان تمام اجزا کو پل کے نیچے پھینک دیا اور دیر تک اس کی غرقابی کا تماشا دیکھتا رہا۔ اگر تمہارے پاس بھی اس کی نقل ہو تو یہی سلوک کرو۔ کیونکہ صوفیا کے معارف و مشاہدات رکیک عقلی مقدمات سے ثابت نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ شور و شغب اہل ظاہر کی جماعت میں ہوتا ہے یہ اہل اللہ کا طریقہ نہیں ہے۔ بلکہ اس کو ترک کرنا ہی واجب ہے۔"

اس سلسلے میں جا بجا فصوص کی طویل عبارتیں ہیں۔

مکتوب سیزدہم ــــ بنام مبارک محی الدین فردوی مرید و خلیفہ حضرت دیوان جیو قدس سرہٗ۔

اس مکتوب میں اذکار و اشغال پر مداومت کی تلقین ہے اور یہ کہ ثمرات کی طرف دھیان نہ دو، اپنے کام میں لگے رہو وقت مقررہ پر نفع معلوم ہوگا۔

مکتوب ــــ "حقائق آگاہ معارف دستگاہ میاں شیخ مبارک محی الدین خوش رہو امور اپنے اوقات کے ساتھ مرہون ہوتے ہیں۔ وقت کا انتظار کرو ــ

چوں پیش از وقت در کارے شتابی   ز حسب خو بجز حرماں نیابی

ہاں چونکہ انسان جلد باز پیدا کیا گیا ہے اسلیے جلد بازی اس کی طبیعت ہے۔ اگر عجلت کرتا ہے تو معذور ہے۔ ایک کمسن بچے پر اعتراض کی انگلی نہیں اٹھتی ہے۔ جتنا جانتے ہو اس سے زیادہ اس پر عمل کرو۔ اور اپنے بہتر احوال کو پوشیدہ رکھو۔ (ناامیدی کی کوئی وجہ نہیں) اے برادر بے نہایت درگہے است۔ عشق کو طی لسانی حاصل ہے دوست سے دوست کی چند سالہ باتوں کو چشم زدن میں کہہ دیتا ہے۔ والسلام۔

مکتوب چہاردہم ــــ بنام مبارک محی الدین جواب مکتوب ممدوح۔

اس خط میں انکے بعض استفسار کا جواب ہے جو بہت مختصر ہے۔ شیخ مبارک محی الدین مرید و خلیفہ تھے۔ شیخ سے مجاز ہو کر حسب الحکم رشد و ہدایت میں مشغول تھے انکی خواہش تھی کہ حضرت دیوان جیو قدس سرہ جہاں حکم فرمائیں وہیں

اقامت اختیار کروں تاکہ استفادے کا سلسلہ قائم رہے خط میں اور بھی اپنے احوال خیر کا ذکر کیا ہوگا۔ حضرت دیوان جیو قدس سرہ ہدایت فرماتے ہیں کہ "جس جگہ مقیم ہو وہیں سکونت پذیر رہو اس ویرانے کو آباد کرو۔ دوسری بات یہ کہ ظاہر پر ظاہر شریعت کی حکمرانی ہے۔ اور باطن پر "ہو" کی ہے۔ مرد کامل کی شان یہ ہے کہ ظاہری شریعت کے آداب ملحوظ رکھے۔ جس جگہ مقیم ہو وہاں گمراہوں کی ہدایت کرتے رہو۔ تمام اذکار میں بفرمان پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم افضل الذکر " لا الہ الا اللہ" ہے جو مفید اہل ظاہر و باطن اور جامع شریعت و طریقت و حقیقت ہے اسلیے آنعزیز جہاں تک ہو سکے جادہ شریعت پر مستقیم رہیں۔ جب تک میں نہیں آؤں اپنے زاویہ سے باہر نہ جائیں میں آؤں گا جلد یا بدیر تمام امور اللہ کے اختیار میں ہیں۔" والسلام

ب پانزدہم ـــــ بنام مبارک محی الدین بجواب مکتوبات ممدوح۔

مکتوب قدرے طویل ہے مختلف نکات تصوف پر حاوی ہے۔ تعلیم اول یہ ہے کہ :

"ترقی و سلوک کی کوئی حد نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کو دعائے "رب زدنی علماً" کا حکم دیا گیا۔ عارفوں کا مطلوب 'ھو' ہے اور 'ھو' مرتبہ عینیت ہے، تو جو کچھ بھی ظاہر ہوتا ہے خواہ چشم سر سے ہو۔ یا دیدہ سر سے، سب داخل شہادت ہے۔ ریاضات کا مقصد یہی ہے کہ ایمان شہادت حاصل ہو۔"

اس مضمون کو مختلف پہلو اور کیفیات سے سمجھایا گیا ہے۔ اور درمیان میں اتحاد رائی و مرئی کی گفتگو بھی آئی ہے۔

تعلیم دوم ـــ "نماز میں ارکان ہیں۔ حضور قلب ہر رکن کے مناسب ہونا چاہیئے۔ کیونکہ ہر رکن کسی خاص صفت کا مظہر ہے اب اگر کسی رکن کے ادا کرنے میں غلطی ہو یا وہ رکن فوت ہو جائے تو بلا ریب اس رکن کی حضوری بھی فوت ہو جائیگی۔"

تعلیم سوم ـــ "شش جہت میں کیا راز ہے۔ اس کا تعلق ارباب جہات سے ہے ہم کو ان جہات سے گزر جانا چاہیئے۔ (بمقتضائے اینما تولوا فثم وجہ اللہ) لیکن جہت قبلہ کا

"یعنی نماز کے لیے کیوں ہے اس میں بہت اسرار ہیں جو آئندہ زیرِ تحریر آئے گا۔"

مکتوب ہشتادم — بنام مبارک محی الدین بجواب استفسار مسئلہ حدوث و قدم یہ ایک طویل مکتوب ہے جس میں کہ حدوث و قدم کے موضوع پر صوفیا و عرفا کے نقطۂ نگاہ سے گفتگو کی گئی ہے۔ اور امام غزالی کی کتاب سے شواہد پیش کیے ہیں۔

مکتوب ہفتادم — مکتوب الیہ کا نام ظاہر نہیں ہے اور نہ القاب و اداب سے خط شروع ہوا ہے جس سے اندازہ ہو سکے۔ لیکن درمیان تحریر لفظ "دوست یگانہ" اور "آں برادر" کا آتا ہے اور یہ الفاظ شیخ مبارک محی الدین کے خطوط میں ملتے ہیں اس لیے قرینہ ہے کہ یہ بھی انہیں کے نام ہو۔

اس مکتوب میں **وان من شئ الا یسبح بحمدہ ولکن لا یفقھون تسبیحھم** سے گفتگو کی گئی ہے۔

اس طویل خط کا ماحصل یہ ہے کہ "دنیا کی جملہ اشیا اپنے رب کی تسبیح کرتی ہیں، اور کیسے نہ کریں جبکہ وہی قیوم اور وہی رب ہے۔ لیکن تمام اشیا کسی خاص صفت کی مظہر ہیں گویا اسمائے صفات میں کسی خاص اسم صفت کی ان میں جلوہ گری ہے۔ جملہ اشیا اپنی راہ پر رواں ہیں اور صراط مستقیم جس کے طلب کے لیے ہم مامور ہیں وہ وہی ہے جس کی لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ اھدنا الصراط المستقیم، یہ راہ رب الارباب کی ہے جو لفظ اللہ سے موسوم ہے اور یہی اسم اعظم انسان کامل کا رب ہے اور انسان کامل وہ ہے جو اللہ کے نزدیک لفظ عبداللہ کا مظہر ہے اور اللہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی لفظ عبد سے مخصوص فرمایا ہے اس لیے مظہر ذات الٰہی متخلق باخلاق اللہ آپ ہی ہیں لہٰذا ان ہی کی متابعت سے انسان تخلقوا باخلاق اللہ کے خلعت سے سرفراز ہو سکتا ہے اس لیے جس طرح تمام اشیائے کائنات تسبیح و ذکر سے ایک آن بھی غافل نہیں انسان کی بھی یہی حالت ہونی چاہیے۔"

مکتوب الیہ کو یہ بھی اس خط میں ہدایت کی گئی ہے کہ صائم الدہر رہنے کا خیال درست نہیں، ہاں صوم داؤد مناسب ہے۔ نفس کشی کے لیے بہتر ہے کہ تقلیل غذا

کرو۔ اور دن رات کے کھانے کے اوقات بھی مقرر نہ کرو۔ کبھی ابتدائے شب میں کھاؤ کبھی نیم شب کے بعد کبھی آخر شب میں یہی انداز دن میں بھی رہے۔ غذا میں باسی خشک روٹی وغیرہ کھالیا کرو۔ مقصد یہ ہے کہ مزاج کو کسی خاص شے کا عادی نہ بناؤ۔ صوم داؤد بہتر ہے مگر عادت کے بعد جو منشا ہے وہ پورا نہیں ہوگا۔

آخر مکتوب میں ایک ہدایت کی گئی ہے کہ غیر حق کی طلب بے سود ہے اپنے کام میں لگے رہو۔ یہ یت کسی استفسار کے جواب میں ہے فرماتے ہیں۔

"یہ جو کچھ بیان کیا جاتا ہے وہ مرتبہ محسوسات سے تعلق رکھنے والی باتیں ہیں۔ اس سے اوپر مرتبہ مثال ہے اور اس سے اوپر مرتبہ حقائق وارواح ہے اور اس سے اوپر مرتبہ صفات ہے اور اس سے اوپر مرتبہ ذات جو کسی کو معلوم نہیں۔ سالک وصول سے پہلے اس مرتبہ میں فانی ہوتا ہے۔ معلوم رہے جب تک غیر درمیان میں ہے مرحلے در پیش ہیں۔ اپنے کام میں لگے رہو، ان باتوں کی طرف مشغول نہ ہو کیونکہ مضر ہے۔ اللہ کے ذکر میں اس طرح مشغول رہو کہ عقل ادراک، دل، لب و زبان درمیان میں باقی نہ رہیں اور فنائے مطلق اور بقائے حق حاصل ہو۔"

مکتوب ہیژدہم — عنوان مکتوب: "حقائق اشیا کماہی مکشوف" مکتوب الیہ لامعلوم۔

"خداوندا! اشیا کی حقیقت جیسی کہ وہ ہے اپنے طالبوں پر ظاہر فرما دے۔ اور وجود وہمی کو وجود حقیقی کا پردہ نہ بنا۔ آمین۔"

اس مکتوب میں یہ بتایا گیا ہے کہ تمام عالم ارواح و عالم اجساد کو رحمت رحمٰن محیط ہے اور اسی محیط کا نام عالم ہے۔ ذرات عالم میں کون ذرہ ہے کیا عالی، اور کیا سافل جسکو نفس رحمٰن محیط نہیں ہے اور جب یہ صورت ہے تو محیط و محاط میں دوئی نہ رہی۔ جو دوئی نظر آتی ہے وہ محض اعتباری اور وہمی ہے اگر یہ وہمی دوئی دور ہو جائے تو اشیا کی حقیقت ظاہر ہو جائے۔ یہ ظاہری آنکھیں ظاہر ہی کو دیکھتی ہیں۔ اس کا حکم جداگانہ ہے اور دیدۂ باطن کا حکم اور ہے اپنے اپنے مقام پر دونوں کا لحاظ لازم ہے اگر

ا ا کے خلاف عمل کرے گا تو اس کا نقصان اٹھائے گا۔ منصور نے دیدہ باطن سے دیکھ
کر جو کہا وہ سچ کہا لیکن خلاف ظاہر تھا اسلیے سزا کے مستحق ٹھہرے۔ صوفی اسی اعتبار
سے ابن الوقت ہے۔ جملہ انبیا علی نبینا وعلیہم السلام جو تشریف لائے انھوں نے کفار و
مشرکین سے جہاد کیا کیونکہ یہی وقت کا تقاضا تھا ایک شمہ بھی ظاہر سے تجاوز نہیں کیا۔
را ہ توحید بہت دشوار گزار ہے بہت قدم پھونک کر رکھنا ہے۔

مکتوب نوزدہم۔ مشتمل بر چند ابیات۔ مکتوب الیہ لامعلوم

عالم ذوق شوق میں کچھ اشعار موزوں ہوگئے، چونکہ اس میں کچھ اشارے اور کچھ نصیحتیں تھیں
اسلیے اپنے کسی خاص "عزیز فرحت افزود" کو لکھ بھیجے ہیں۔ چنانچہ رقمطراز ہیں:

" ابیات شوق انگیز کہ موج آسا از دل چوں دریا سر زدہ بمطالعہ آں فرحت افزود زادک ا

گرچہ ہوا جملہ ظہور خدا است	لیک بطون اش نہ ہوا را سزا است
پیش قدم نہ ز ہوا در گذر	نیست ہوا غیر نشان اثر
سعی کنی ہیچ تری ہیچ شوی	بے ہیچی تر ہیچ در ہیچ شوی
بے ہیچی و چوں ہیچ بہم در پیچید	نے ہیچ بماند و نے ہیچ بود

مکتوب بستم۔ در بیان از خود رہائی۔ مکتوب الیہ غیر مرقوم

" حق تعالیٰ اپنے جملہ طالبان کو خود بینی سے رہائی عطا کرے اور اپنی پناہ میں رکھے۔"
عزیز من! "از خود رہائی" کا مفہوم یہ ہے کہ سالک خود کو غیر نہ سمجھے بلکہ اسی ذات
کا یافتہ جانے، عین وہی ذات نہ جانے۔ حجاب جو درمیان میں حائل ہے وہ یہی ہے
کہ سالک سمجھتا ہے کہ حق اور ہے اور عالم اور۔ آنعزیز یقین کریں کہ جب تک دوسروں
کی دید درمیان میں ہے، حجاب در پیش ہے اور یہی حجاب جگر کے لیے نیش ہے۔
جب تک غیریت درمیان میں ہے سالک یگانگی سے بمراحل دور ہے۔
اللہ کا شکر ہے کہ آپ پر یہ احوال منکشف ہوتے جاتے ہیں اپنے کام میں لگے
رہیئے۔ اے برادر نفس کو نفاس سمجھ، انتہائی ذلیل۔ لیکن جب حق نمودار ہو جاتا ہے

تو نہ نفس باقی رہتا ہے نہ اس کی گندگی۔ نہ بندگی اور نہ خدائی وہ کچھ اور ہی عالم ہوتا ہے۔ والسلام"

مکتوب بست ویکم — در بیان ارکان نماز با حضوری

"معلوم ہونا چاہئیے کہ نماز میں ارکان ہیں اور ہر رکن میں اسکی خاص حضوری لازم ہے۔
جب بندے کو دل سے یقین ہے کہ حق تمام عالم کائنات کو محیط ہے، تو خطرات کا
اعتبار نہیں۔ حق تعالیٰ کو کسی صورت میں مقید نہ کریں بس یہی کافی ہے کہ موجود ہے
اپنی رائے کو دخل نہ دیں اور ہر رکن کو اپنی جگہ پر ادا کریں۔

مکتوب بست ودوم — بنام شیخ مبارک محی الدین مشتمل بر ہدایت خاص۔

"معارف دستگاہ میاں شیخ مبارک محی الدین خوش رہو۔ جو کچھ علم مشیئت میں ہوتا ہے
اس ظاہری عالم میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ وقت کا انتظار کرو۔ جو کچھ دیکھتے ہو دیکھتے رہو، جو
کچھ جانتے ہو وہ جانتے رہو۔ اس وقت کا انتظار کرو جب دیکھنا اور جاننا
درمیان میں باقی ہی نہ رہے۔ نہ بصر رہے اور نہ مبصر، نہ عالم رہے اور نہ معلوم رہ جائے
کیا؟ بس وہی ھو، ھو، ھو"

مکتوب بست وسوم — بنام سید ابراہیم۔

سید ابراہیم نے بذریعہ خط اپنی ارادت مندی کا اظہار کیا تھا اور بیعت کی حضرت دیوان محمد رشید قدس سرہ نے جواب میں بیعت کے سلسلے میں ضروری امور کی ہدایت کی ہے۔ چنانچہ ارقام فرماتے ہیں۔

"آپ نے ارادتمندی کا اظہار کیا ہے اور مجھ سے بیعت کرنی چاہتے ہیں۔ آں مخلص
کو یہ معلوم ہے کہ ؎

من ہیچم وکم ز ہیچ ہم بسیاری — از ہیچ وکم از ہیچ نیاید کاری
ہر سر کہ ز اسرار حقیقت گیریم — زانم نبود بہرہ بجز گفتاری

اس کے باوجود اگر آپ کا حسن ظن میرے ساتھ بہت بڑھا ہوا ہے تو زہے سعادت کہ
ایک آل رسول کو میرے ساتھ اس قدر اخلاص ہے۔ لیکن مولوی رومی کی نواسنجی بھی
ملاحظہ کر لیجئے۔

ای بسا ابلیس آدم روی ہست ۔   در بہر دستے نباید داد دست

طالب کو شیخ کی طلب میں بہت احتیاط کرنی چاہیئے۔ بہتر ہے کہ آئندہ شب جمعہ تک انتظار کیجیئے اور اس بے سروپا کے طور طریقے کو اچھی طرح ملاحظہ کر لیجیئے اگر آپ کو انتظار کی گنجائش ہو۔

اور اگر شوق غالب ہے، انتظار کی مہلت نہیں دیتا۔ میری ذات سے بے پایاں حسن ظن قائم ہو چکا ہے تو آپ کو اختیار ہے آج ہی شب میں تشریف لائیے مل کر ہم دونوں ہی توبہ استغفار کریں۔

چمالکتوبات انہیں غوامض و نکات پر مشتمل ہیں ان کا صحیح مفہوم اور درست ادراک انہیں کو سکتا ہے جو اس راہ کی منازل سے آشنا ہیں۔ اسی لیے حضرت دیوان جیو قدس سرہ ہدایت فرماتے ہیں:

"پیش جماعتیکہ نمی ،صدی انکار بر دیدہ باطن، و آئینہ دل داشتہ باشند ظاہر نہ سازند کہ دیدہ نابینا و آئینہ پر صدی بنور ہدایت نمی رسد۔"

محمد رضی الاسلام ندوی (ایم ڈی)

حکیم اجمل خاں بحیثیت ماہرِ لغت

حکیم محمد اجمل خاں (۱۸۶۴ — ۱۹۲۷ء) کی علمی شخصیت کا ایک اہم پہلو عربی زبان شناسی ہے۔ وہ ایک طرف فنِ طب میں مہارت رکھتے تھے تو دوسری طرف عربی زبان کی نزاکتوں سے بھی پوری طرح واقف تھے۔ اسی طرح طب میں مستعمل عربی زبان کے الفاظ و اصطلاحات کے اصول، ماٰخذ اور اشتقاق کی باریکیوں پر ان کی نظر تھی۔ ان کی کتاب "مقدمۃ اللغات الطبیۃ" اس میدان میں ان کی عبقریت، شان اور حکمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عربی زبان پر ان کی دست رس اور مہارت کا ایک مظہر یہ ہے کہ "مجمع اللغۃ العربیۃ" دمشق نے انہیں اپنا ممبر نامزد کیا تھا[۱]

طبی لغت نویسی کی تاریخ پر ایک اجمالی نظر:

بہت سے الفاظ ایسے ہیں جو عربی زبان میں کچھ مفہوم رکھتے ہیں لیکن طب میں ان کا دوسرا مفہوم ہے گویا طب میں ان کی حیثیت اصطلاحی ہو گئی ہے۔ اطباء نے شروع ہی سے ان اصطلاحات کی وضاحت کی جانب توجہ دی ہے۔ چنانچہ جالینوس (۱۳۰ — ۲۰۰ء) نے ایک مستقل کتاب اس موضوع پر لکھی تھی۔ جس کا نام ہے: "کتاب الاسماء الطبیۃ التی استعملها الاطباء و علی ای المعانی استعملوها" (ان طبی اسماء کا بیان جنھیں اطباء نے اصطلاحی مفہوم میں استعمال کیا ہے) یہ کتاب پانچ مقالات پر مشتمل تھی اس کے پہلے حصے کا عربی ترجمہ "حبیش الاعسم" (نویں صدی عیسوی) نے کیا تھا[۲]۔ جالینوس کی ایک دوسری کتاب کا نام ہے: "کتاب فی الفاظ بقراط"۔ اس میں اس نے ان غریب الفاظ کی تشریح کی ہے جو بقراط کی کتابوں میں آئے ہیں[۳]۔ اسلام سے قبل جندی شاپور میں طبی تعلیم کا ایک اہم ادارہ قائم تھا۔ وہاں بھی اس موضوع پر دو کتابیں لکھی گئی تھیں۔ ایک کو رازی نے خوزی کی جانب منسوب کیا ہے۔ دوسری کی تصنیف بختیشوع نے کی تھی[۴]۔ ان دونوں کتابوں کا زمانہ تالیف معلوم نہیں۔

عہد اسلامی میں بھی اس موضوع پر خاطر خواہ کام ہوا ہے۔ خوارزمی (م ۹۸۰ء) نے مختلف علوم وفنون میں مستعمل اصطلاحات کی وضاحت کے لیے اپنی مشہور کتاب مفاتیح العلوم تالیف کی۔ اس کتاب کا تیسرا باب طبی اصطلاحات کے لیے وقف ہے۔ اور اس میں تشریح / Anatomy امراض، ادویہ، اوزان و مکاییل اور دیگر طبی اصطلاحات کی توضیح و تشریح کی گئی ہے۔ اطبا کرام نے بھی اپنی تصانیف کا ایک حصہ طبی اصطلاحات کی تفہیم کے لیے وقف کیا ہے۔ محمد بن زکریا رازی (۸۶۵ — ۹۲۵ء) کی ایک مشہور لیکن نایاب تصنیف "کتاب الجامع" ہے۔ ابن ابی اصیبعہ (۱۲۰۳ — ۱۲۷۰ھ) نے لکھا ہے کہ یہ کتاب بارہ اقسام پر مشتمل ہے۔ ساتویں قسم میں دواؤں کے اسمار، اوزان، تول کی تشریح، یونانی، سریانی، فارسی، ہندی اور عربی زبانوں میں اور اعضا، اور امراض کے نام بیان کیے گئے ہیں۔[۵] ابوالقاسم زہراوی (گیارہویں صدی عیسوی) کی مشہور زمانہ تصنیف "کتاب التصریف" کا "انتیسواں"[۶] مقالہ بھی اسی کام کے لیے وقف ہے۔[۷] ابن ہبل (اوائل تیرہویں صدی عیسوی) نے اپنی کتاب "مفید العلوم ومبید الہموم" میں رازی کی "المنصوری" میں وارد اصطلاحات کی تشریح و تعلیق کی ہے۔ یہ کتاب رباط (مغرب) میں کولان ورنو کی تحقیق کے ساتھ ۱۹۴۱ء میں شائع ہوئی ہے۔ لسان الدین بن الخطیب (وسط ۱۴ویں صدی) نے اپنی تصنیف "کتاب الوصول لحفظ الصحۃ فی الفصول" کے آخر میں بہت تفصیل سے طبی اصطلاحات کی وضاحت کی ہے۔ عبید اللہ بن بختیشوع (اوائل گیارہویں صدی عیسوی) کی تالیف "الروضۃ الطبیۃ" اور مسعود بن محمد سجزی (اوائل چودھویں صدی عیسوی) کی تالیف "حقائق اسرار الطب" میں بھی اس موضوع پر خاصہ مواد موجود ہے۔[۸]

مسلم اطبا کی اس سلسلہ میں بعض مستقل تصانیف بھی ہیں۔ مثلاً ابومنصور حسن بن نوح القمری (۱۳۹۰ء) نے "کتاب التنویر فی الاصطلاحات الطبیۃ" لکھی تھی۔ اس میں اس نے مختلف ابواب کے تحت طبی الفاظ و اصطلاحات کی تشریح کی ہے۔[۸] ہندوستان میں طبی لغت نویسی کے میدان میں ایک قابل ذکر نام محمد بن یوسف الہروی (سولہویں صدی عیسوی) کا ہے۔ اس نے ایک کتاب "جواہر اللغات" کے نام سے لکھی تھی جو شائع نہ ہو سکی۔[۹] اس کی ایک دوسری کتاب ہے جس کا نام "بحر الجواہر فی تحقیق المصطلحات الطبیۃ" ہے۔ یہ ۱۸۳۰ء میں کلکتہ سے شائع ہوئی تھی۔ بعد میں مطبع مجتبائی اور مطبع نامی لکھنؤ سے بھی اس کی اشاعت ہوئی۔ اس میں اس نے حروف تہجی کی ترتیب سے طبی الفاظ

اصطلاحات کی تشریح و توضیح کی ہے۔

بحر الجواہر میزانِ نقد پر :

"بحر الجواہر" کو طبی حلقوں میں خاصی مقبولیت حاصل ہوئی۔ مگر اس کتاب میں بہت سی اغلاط اور خامیاں پائی جاتی ہیں۔ حکیم اجمل خاں نے لغت کی عام کتابوں پر نقد کرتے ہوئے خاص طور پر "بحر الجواہر" کو نشانہ بنایا ہے۔ فرماتے ہیں :

" میں نے بتوفیق الٰہی علم طب کی اکثر کتابوں کا مطالعہ کیا ہے۔ ان میں سے ایک "بحر الجواہر" ہے۔ خیال تھا کہ یہ کتاب اسم با مسمیٰ ہوگی اور قیمتی موتیوں اور جواہرات سے مالا مال ہوگی۔ لیکن یہ دیکھ کر تعجب اور افسوس ہوا کہ اس میں جواہرات کے بجائے خزف ریزے بھرے پڑے ہیں اور وہ بے سروپا باتوں اور بے بنیاد اقوال سے مملو ہے۔ اس کا مصنف قابل ذکر باتوں کو چھوڑ دیتا ہے اور ناقابل اعتبار چیزوں کا ذکر کرتا ہے[۱۰]۔"

" ہروی نے اپنی کتاب میں جمادی الاولیٰ اور جمادی الاخریٰ کا بھی تذکرہ کیا ہے حالانکہ ہر شخص جانتا ہے کہ یہ دو قمری مہینوں کے نام ہیں۔ ان کا طب سے کوئی تعلق نہیں[۱۱]..."

آگے لکھتے ہیں :

" ہروی نے جہاں حمیٰ دقی کا نام لکھا ہے وہاں وہ سرگرداں نظر آتا ہے۔ چنانچہ کبھی اس کا نام افسلیقوس ذکر کرتا ہے تو کبھی اقطیفوس، کہیں انطیقوس لکھا ہے تو کہیں اقطیقوس اس کا سبب اس کے سوا کچھ نہیں کہ جو کتابیں اس کے، یا جن سے اس نے نقل کیا ہے، ان کے پیش نظر تھیں۔ ان میں ان ناموں کے سلسلہ میں اختلاف تھا۔ چنانچہ اس نے یہ سمجھ لیا کہ یہ سب حمیٰ دقی کے نام ہیں...[۱۲]"

ایک نئی طبی لغت کی ضرورت :

ان وجوہ سے حکیم اجمل خاں نے ایک ایسی لغت تصنیف کرنے کا ارادہ کیا جو مطلوبہ ضرورتوں کو پورا کرے اور اغلاط و شوائب سے پاک ہو۔ لکھتے ہیں :

" چنانچہ جب میں نے دیکھا کہ اس فن کی مشہور کتابیں بھی غائرانہ مطالعہ کرنے پر درجۂ اعتبار سے گر جاتی ہیں تو ارادہ کیا کہ طبی لغت کی ایک ایسی جامع کتاب تصنیف کروں

.تو شوائب سے پاک و صاف اور آبِ چشمۂ حیواں کی طرح خالص ہو لیکن میرے دل میں خیال آیا کہ یہ کام شروع کرنے سے پہلے ایک مقدمہ تصنیف کروں جس کی حیثیت کلیات کی ہو۔اس کے بعد اصل کتاب کی تصنیف شروع کروں۔

افسوس کہ حکیم صاحب اس مجوزہ طبی لغت کی تصنیف کا کام شروع نہیں کر سکے یا اگر شروع کر چکے تھے تو پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچا سکے اور وہ ناتمام غیر مطبوعہ مسوّدہ حوادثِ زمانہ کی نذر ہو گیا البتہ انھوں نے اس کتاب کا مقدمہ تیار کر لیا تھا جو ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۵ء میں مطبع مجتبائی دہلی سے شائع ہوا۔اس 'مقدمہ' کے دیباچہ میں انھوں نے باختصار اس مجوزہ طبی لغت کا خاکہ درج کیا ہے اور وہ ضروری باتیں ذکر کی ہیں، جنھیں وہ اس کتاب کی تالیف کے دوران پیشِ نظر رکھتے

مقدمۃ اللغات الطبیہ :

طبی لغت نویسی کے موضوع پر یہ ایک بہت اہم رسالہ ہے۔یہ لغت کی کوئی کتاب نہیں ہے بلکہ یہ طبی فقہ اللغہ کے مثل ہے اور حکیم اجمل خاں کے الفاظ میں "اس کی حیثیت کلیات کی ہے" اس کے ذریعہ طبی الفاظ و اصطلاحات کے اشتقاق، استعمال، وجوہ تشابہ و تضاد اور دیگر ضروری باتوں کا علم ہوتا ہے۔یہ رسالہ جو تینتیس ۳۳ ابواب پر مشتمل ہے۔اس کی درج ذیل فہرست سے اس کے متنوع مباحث کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے :

۱۔ شاذ الفاظ
۲۔ مختلف فیہ الفاظ
۳۔ معرّب اور دخیل الفاظ
۴۔ مولّد الفاظ
۵۔ وہ معرّب اور دخیل الفاظ جن کے ہم معنی عربی الفاظ بھی ہیں۔
۶۔ حقیقت و مجاز
۷۔ نِسَب اربعہ (چار نسبتیں)
۸۔ اشتقاق
۹۔ نَحت
۱۰۔ تخفیف
۱۱۔ مفرد اور مرکب الفاظ
۱۲۔ امثال
۱۳۔ وہ الفاظ جن پر اب، ام یا بنات داخل ہوتے ہیں۔
۱۴۔ مُعرَب (باعراب حکائی) الفاظ
۱۵۔ وہ الفاظ جو بصورت تثنیہ مستعمل ہیں۔
۱۶۔ وہ الفاظ جو بصورت جمع مستعمل ہیں۔

۱۷۔ اسمارِ قویٰ
۱۸۔ کچھ متنوع الفاظ
۱۹۔ وہ الفاظ جن میں باہم کچھ فرق ہے
۲۰۔ ادویہ کے اسمار و القاب
۲۱۔ متضاد الفاظ
۲۲۔ مترادف الفاظ
۲۳۔ وہ الفاظ جن کے ہم معنی عربی الفاظ نہیں ملتے
۲۴۔ اضافت
۲۵۔ وہ الفاظ جنھیں عام بول کر ان سے خاص مفہوم مراد لیا جاتا ہے
۲۶۔ دو زبانوں سے مرکب الفاظ
۲۷۔ اشتراکِ لفظی اور مشابہت
۲۸۔ وہ الفاظ جنھیں عام طور پر غلط پڑھا جاتا ہے
۲۹۔ غیر منصرف الفاظ
۳۰۔ اسمار منسوبہ
۳۱۔ وہ الفاظ جو بیک وقت کئی احوال پر دلالت کرتے ہیں
۳۲۔ وہ الفاظ جو قریب قریب ایک جیسے لکھے جاتے ہیں۔
۳۳۔ وہ الفاظ جن سے مراتب پر دلالت ہوتی ہے۔
۳۴۔ وہ الفاظ جو خود اصطلاحی نہیں لیکن ان کی اقسام اصطلاحی ہیں۔

حکیم اجمل خاں نے ہر باب کے تحت اطناب سے گریز کرتے ہوئے محض چند مثالیں ذکر کی ہیں اور ان کے ذریعے متعلقہ قواعد اور وجوہ کی وضاحت کی ہے تاکہ ان کی روشنی میں دوسرے الفاظ اور اصطلاحات کو سمجھا جا سکے۔ ایک جگہ انھوں نے لکھا ہے:

> "ہم اس مقدمہ میں اطناب سے گریز کر رہے ہیں۔ ہمارا مقصد صرف باب منعقد کر کے اس کی چند مثالیں بیان کر دینا ہے جو ہمیں طبی الفاظ و اصطلاحات کا استقرار کرنے کے بعد حاصل ہوئی ہیں۔ تاکہ ان کی روشنی میں ناظرین خود ہی دوسری مثالوں کے استخراج پر قادر ہو سکیں"[۱۱]

حکیم صاحب نے اس رسالہ میں منطق اور علم البیان سے بھی کام لیا ہے اور ان کی روشنی میں طبی الفاظ و اصطلاحات کی وضاحت کی ہے۔

قدیم اطبار اور ماہرینِ لغت کے حوالے:

حکیم اجمل خاں نے اس رسالہ میں ایک طرف قدیم اطبار کے جابجا حوالے دیئے ہیں تو دوسری طرف ماہرینِ لغت سے استفادہ کرتے ہوئے ان کے اقوال ذکر کیے ہیں۔ ان حوالوں اور اقتباسات سے حکیم صاحب کی وسعتِ مطالعہ کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس رسالہ میں درج ذیل اطبار اور ماہرین لغت

کے ذرائع ملتے ہیں :

اطباء :

ص ،، : جالینوس (۱۳۰ـ ۲۰۰ء)

ص ،، : ابوسہل مسیحی (م ۱۰۱۰ء)

ص ۳۵ : ماسرجویہ (م ۷۳۰ء تقریباً)

ص ۴۵ : شیخ الرئیس ابن سینا (۹۸۰ـ ۱۰۳۷ء)

ص ۶۷و۷۶ : ابن نفیس قرشی (۱۲۱۰ـ ۱۲۸۸ء)

ص ۳۳ : علی حسین گیلانی (۱۵۵۴ـ ۱۶۰۹ء)

ص ۳۳ : عمادالدین محمود شیرازی (۱۵۱۵ـ ۱۵۹۲ء تقریباً)

ص ۳۵ : ابوریحان البیرونی (۹۷۳ـ ۱۰۴۷ء)

ماہرین لغت :

ص ۲۷ : عبیداللہ قرطبی صاحب الفصول

ص ۲۷ : زبیدی

ص ۲۸ : مطرزی

ص ۵۲ : قالی

ص ۵۲ : جوہری

ص ۵۲ : جمال الدین بن مالک

ص ۶۳ : ابوالحسن علی بن سلیمان بن اسعد بن عباس بن تمیم

ص ۵۵ : صاحب المفتاح

ص ۴۴و۵۲ : صاحب دیوان العرب

ص ۶۵ : صاحب المشکل

آئندہ سطور میں مقدمۃ اللغات الطبیۃ کی چند نمایاں خصوصیات اور اہم مباحث بیان کیے جائیں گے ان کے ذریعہ اس کتاب کی اہمیت اور طبی لغت نویسی کے میدان میں حکیم اجمل کی عظمت آشکار ہوگی۔ (ہر اقتباس کے آخر میں کتاب کے اُردو ترجمہ کا صفحہ نمبر درج کر دیا گیا ہے)۔

تحقیق و تنقید :

حکیم اجمل خان نے طبی الفاظ و اصطلاحات کے رائج معانی ذکر کرنے پر ہی اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ تحقیق کر کے ان کی حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کی ہے۔ انھوں نے اطباء کے بیان کردہ بعض معانی کو غلط قرار دیا ہے اور ان پر تنقید کر کے اپنی لغوی معرفت کی روشنی میں صحیح معانی کی نشاندہی کی ہے۔ اسی طرح اگر ان کی نظر میں بعض طبی نظریات مشاہدہ کے برخلاف تھے تو ان سے اختلاف کر کے اپنا نقطۂ نظر پیش کیا ہے۔

سرسام ایک مشہور مرض ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ یہ لفظ دو مختلف زبانوں کے الفاظ سے مرکب ہے۔ سر فارسی زبان کا لفظ ہے اور سام عربی زبان کا۔ بعض لوگوں نے سام کو یونانی زبان کا لفظ قرار دیا ہے

ہم اجمل کی تحقیق یہ ہے کہ دونوں الفاظ فارسی زبان کے ہیں۔ فرماتے ہیں :

"لفظ سرسام کے بارے میں بعض نے کہا ہے کہ یہ یونانی لفظ ہے۔ اس کی اصل سرسیوس ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ وہ فارسی اور یونانی سے مرکب ہے۔ سر فارسی لفظ ہے اور سام یونانی ہے جس کے معنی ورم کے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ فارسی اور عربی سے مرکب ہے۔ سر فارسی اور سام عربی ہے جس کے معنی موت یا مرض کے ہیں۔ یہ اختلاف بعض لوگوں کے یونانی زبان سے عدم واقفیت کی وجہ سے ہے۔ کیوں کہ یونانی میں یہ لفظ نہیں پایا جاتا۔ اسی طرح جن لوگوں نے اسے فارسی اور یونانی سے مرکب قرار دیا ہے وہ بھی ناواقفیت کا شکار ہیں کیونکہ انھیں بھی نہیں معلوم کہ یونانی اور فارسی زبانوں کا کبھی اختلاط ہی نہیں ہوا کہ ان کی ترکیب سے اسماء وجود میں آئیں۔ جو لوگ اسے فارسی اور عربی سے مرکب کہتے ہیں وہ بھی حقیقت سے ناواقف ہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ اس لفظ کے دونوں اجزاء فارسی کے ہیں۔ سام آماس کا مقلوب ہے۔ اس کے معنی ورم کے ہیں۔ جیسا کہ بعض فارسی کتابوں میں بصراحت مذکور ہے"۔

حکیم صاحب نے ایک باب متضاد الفاظ کا قائم کیا ہے۔ اس کے تحت سمن و ہزال نمو و ذبول، لین و استقال، رطوبت و یبوست، جامد و سائل، لطیف و کثیف اور مسہل و قابض کے معانی میں تضاد کی وضاحت کی ہے۔ نمو و ذبول کے تحت پہلے کتب طب میں مذکور یہ معانی بیان کیے ہیں:

"نمو کے معنی اعضاء اصلیہ مثلاً عظم، رباط، عصب اور عروق وغیرہ میں اقطار ثلاثہ (یعنی طول و عرض و عمق) میں زیادتی کے ہیں۔ اور ذبول کا مطلب ان میں کمی کے ہیں۔ البتہ طول میں کمی حس کے وقت اس طرح ظاہر نہیں ہوتی جس طرح عرض اور عمق میں ظاہر ہوتی ہے"۔ (ص : ۵۸ - ۵۹)۔

مگر ساتھ ہی اپنی یہ تحقیق بھی پیش کی ہے کہ اجسام کے طول میں کمی مشاہدہ کے برخلاف ہے۔ لکھتے ہیں:

"یہ بات اس صورت میں کہی جائے گی۔ جب یہ ثابت ہو جائے کہ اجسام کے طول میں بھی کمی آتی ہے۔ لیکن میرے نزدیک یہ بات ثابت شدہ نہیں ہے۔ اس لیے کہ جو

اوتار ایک عضو سے دوسرے عضو تک ہوتے ہیں ان کے طول میں بظاہر کمی نہیں ہوتی۔ اسی طرح عظم (ہڈی) کے طول میں کمی بھی مشاہدہ میں نہیں آتی۔ اس لیے اس سلسلہ میں غور کرلینا چاہیئے۔" (۵)۔

الفاظ ومعانی کا رشتہ :

حکیم اجمل نے کتاب کے مختلف ابواب میں الفاظ ومعانی کے باہمی رشتوں پر تفصیل سے اظہار خیال کیا ہے۔ ایک لفظ کے معنی تدریجاً کس طرح بدلتے رہتے ہیں؟ معانی کے معمولی فرق کو ظاہر کرنے کے لیے الگ الگ الفاظ کا استعمال ضروری ہوتا ہے۔ اسطرح ایک معنی کے مختلف مراتب کے اظہار کے لیے الفاظ کی تبدیلی ناگزیر ہوتی ہے۔ ان تمام مسائل سے حکیم صاحب نے تفصیل سے بحث کی ہے۔ اور اپنا نقطۂ نظر واضح کیا ہے۔

حکیم صاحب نے ایک باب میں یہ بحث کی ہے کہ کسی لفظ یا اس کے معنی کے سلسلہ میں اطباءٔ کے درمیان کیوں اختلاف ہوجاتا ہے؟ کسی لفظ کے سلسلہ میں اختلاف کا سبب انھوں نے یہ بیان کیا ہے کہ یا تو اس لفظ کو ادا کرنے میں غلطی ہوتی ہے یا سامع اسے ٹھیک سے سن نہیں پاتا ہے۔ اگر صحیح سن لیتا ہے تو یادداشت کمزور ہونے کے باعث کچھ عرصہ کے بعد وہ اسے دوسری طرح بیان کرتا ہے۔ اسی طرح کسی لفظ کے معنی میں اختلاف عدم واقفیت کی بنا پر ہوتا ہے۔ فرماتے ہیں :

> "حاصل یہ کہ کسی لفظ کے سلسلہ میں درحقیقت کوئی اختلاف نہیں ہوتا۔ کیونکہ واضع ایک لفظ کو اس کی حرکات، سکون اور حروف میں تحقیق کے ساتھ وضع کرتا ہے۔ اس میں جو کچھ تغیر ہوتا ہے وہ مذکورہ بالا اسباب یا انہی جیسے کچھ دوسرے اسباب کی بنا پر ہوتا ہے۔ اسی طرح درحقیقت معنی میں بھی اختلاف نہیں ہوتا بلکہ ایسا حقیقت سے عدم واقفیت کی بنا پر ہوتا ہے۔ مثلاً اوقیہ کا لفظ ایک خاص وزن پر دلالت کرنے کے لیے وضع کیا گیا پھر لوگ اس کا استعمال دوسرے مختلف اوزان کے لیے کرنے لگے۔ اس طور پر حقیقت تو ایک ہی ہوئی۔ اسی طرح لفظ فالج پہلے پورے بدن یا اس کے ایک جزو (خواہ وہ کوئی ایک عضو ہو) میں واقع ہونے والے استرخار پر دلالت کے لیے وضع ہوا۔ پھر جب اطبا نے دیکھا کہ استرخار سر کے علاوہ بدن کے

صرف ایک ہی جانب ہوتا ہے تو انھوں نے کہا کہ فالج وہ عام استرخا ہے جو سر کے علاوہ
طول میں بدن کے ایک جانب ظاہر ہوتا ہے۔ یہی تعریف جمہور کے نزدیک ہے (ص۲۰)۔

رسالہ کے چھٹے باب میں حکیم صاحب نے علم البیان کی روشنی میں حقیقت و مجاز سے بحث
کی ہے۔ حقیقت کی دو قسمیں ہیں ایک حقیقت عرفی عام اور دوسری حقیقت عرفی خاص۔ عرفی خاص کی
دو صورتیں ہوتی ہیں۔ پہلی صورت میں لفظ کی حقیقت ہمیشہ ایک ہی ہوتی ہے جب کہ دوسری صورت
میں اس کے معنی میں زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ حکیم صاحب نے ایک مثال کے
ذریعے اس کی یوں وضاحت کی ہے :

"حقیقت عرفی خاص کی دو صورتیں ہیں۔ کبھی ابتدا سے لے کر اب تک اس کے ایک
ہی معنی رہتے ہیں۔ مثلاً صداع کی تعریف تمام اطبا نے یہ کی ہے: "وہ ایسا درد ہے
جو اعضاء راس میں پیدا ہوتا ہے" اور کبھی زمانے کے ساتھ ساتھ اس کے معنی میں بھی
فرق ہوتا جاتا ہے۔ مثلاً کبھی اطبا، بالاتفاق کہتے ہیں کہ فلاں لفظ کا یہ معنی ہے پھر ان کے
بعد آنے والے اطبا اس معنی کو بدل کر اس کے دوسرے معنی بتلاتے ہیں
مثلاً طاعون۔ قدما نے اس کی تعریف یہ کی ہے کہ طاعون ہر اس ورم کو کہتے ہیں جو
غددی اللحم اعضاء میں ظاہر ہو خواہ ان میں حس پائی جاتی ہو۔ (مثلاً وہ غددی گوشت
جو خصیۃ الرحم، پستان اور زبان کی جڑ میں ہوتا ہے) یا ان میں حس نہ پائی جاتی ہو
(مثلاً وہ غددی گوشت جو بغل اور کنج ران میں ہوتا ہے) بعد میں اس کے ساتھ ورم
حار ہونے کی قید بڑھا دی گئی۔ اس کے بعد پھر اس میں قتال اور مہلک ہونے کی
شرط کا بھی اضافہ کر دیا گیا اور آخر میں طاعون ایسے ورم کو کہا جانے لگا جو مہلک ہو
جس کا مادہ سمی جوہر میں بدل جائے۔ اور جس سے عضو میں فساد لاحق ہو جائے اور
اردگرد کے حصے کا رنگ بدل جائے۔" (ص: ۲۲)

معانی کے معمولی فرق، مراتب، اسی طرح امراض کی مختلف کیفیات یا زمانوں کے اظہار کے
لیے الگ الگ الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ حکیم صاحب نے مثالوں کے ذریعہ اس کی بھی وضاحت
کی ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں:

"حرارت کے کئی مراتب ہیں جن کی وجہ سے ادویۂ حارہ کی تاثیرات مختلف ہوتی

ہے۔ مثلاً دوا میں تسخین کی خاصیت اس وقت پائی جاتی ہے جب وہ اعتدال سے نکل جائے اور اس میں کسی حد تک حرارت پائی جائے۔ پھر اگر حرارت میں اضافہ ہو تو وہ تلطیف کرے گی۔ اور اگر تلطیف کی حد سے بھی تجاوز کر جائے تو تحلیل کرے گی پھر مزید حرارت بڑھے تو اس سے جلاء ہوگا۔ اس لیے ہر حار دوا ملطف یا محلل یا جالی نہیں ہوگی۔ (ص: ۵۷)

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

"اطباء بعض امراض کے لیے ان کے مراتب کے اعتبار سے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً مرض کی ابتداء کو ایک خاص نام سے پکارتے ہیں۔ اس کے زمانہ اشتداد کے لیے دوسرا لفظ بولتے ہیں اور انتہا کے وقت تیسرا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب معدہ کسی چیز کو دفع کرنا چاہتا ہے تو اسے غثیان (متلی) کہتے ہیں۔ اگر یہ حالت قائم رہے تو اسے تقلب النفس کا نام دیتے ہیں۔ پھر اگر معدہ اس شئے کو دفع کرنے کی کوشش کرے لیکن منہ سے کچھ نہ نکلے تو اسے تہوع (ابکائی) کہتے ہیں اور اگر ساتھ ہی کچھ منہ سے نکلے بھی تو اسے قے کہتے ہیں" (ص: ۷۷-۷۸)

عجمی الفاظ کو عربی میں منتقل کرنے کے اصول:

اہل عرب کا جب بلاد عجم کے باشندوں سے اختلاط ہوا تو انھوں نے ان کی زبان کے بعض الفاظ سیکھ لیے اور ان کا استعمال کرنے لگے۔ اس طرح جب غیر عربی زبانوں کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ ہوا تو ترجمہ کرنے والوں نے بعض عجمی الفاظ باقی رکھے۔ اسی طرح بعض امراض صرف ممالک عجم ہی میں پائے جاتے ہیں۔ اگر کوئی عربی طبیب ان کا اپنی کتاب میں تذکرہ کرنا چاہے تو اس کے لیے اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں کہ ان کا اپنی کتابوں میں استعمال کرے۔ ان وجوہ سے بہت سے عجمی الفاظ کا طب میں استعمال ہوا۔ اس کی دو صورتیں ہوئیں: یا تو انھیں جوں کا توں اختیار کر لیا گیا یا ان میں کچھ تبدیلی کر کے استعمال کیا گیا۔ جن الفاظ کو جوں کا توں اختیار کیا گیا انھیں 'دخیل' اور جن کو ان میں کچھ تبدیلی کر کے استعمال کیا گیا انھیں 'معرّب' کہتے ہیں۔ کسی عجمی زبان سے عربی زبان میں منتقل کرنے کے عمل کو تعریب کہتے ہیں۔ طبی الفاظ و اصطلاحات کے سلسلہ میں اس کی بڑی اہمیت ہے۔ حکیم اجمل خان نے کتاب کے

دالبواب میں اس سے بحث کی ہے اور تعریب کے کچھ اصول مرتب کرنے کی کوشش کی ہے۔[۱۶]

طب میں جو غیر عربی الفاظ مستعمل ہیں کیا انھیں جوں کا توں اختیار کر لیا گیا ہے یا ان میں تبدیلی کر دی گئی ہے؟ بالفاظ دیگر وہ دخیل ہیں یا معرّب؟ یہ جاننا عموماً دشوار ہوتا ہے۔ حکیم حب لکھتے ہیں:

"اکثر مواقع پر معرب اور دخیل الفاظ کے درمیان فرق کرنا دشوار ہوتا ہے۔ خاص طور پر اس وقت جب وہ یونانی، رومی یا سریانی زبانوں کے ہوں۔ اس لیے کہ اطباء ان زبانوں سے ناواقف ہیں۔ اس لیے وہ ان میں تمیز کرنے پر قادر نہیں ہوتے۔ ان کے درمیان تمیز کرنے کی صلاحیت اسی وقت حاصل ہو سکتی ہے جب ان زبانوں کا علم ہو۔ تاکہ اصل واضح ہو سکے اور یہ معلوم ہو کہ کیا اس لفظ میں کوئی تغیر ہوا ہے یا نہیں؟ جب صورتحال یہ ہو تو اسکے لیے اس زبان کی کتابوں کا تتبع کرنا چاہئے۔" (ص: ۲۱-۲۲)

حکیم صاحب نے ایک طرف عجمی الفاظ کو پہچاننے کے بعض طریقوں کی نشان دہی کی ہے تو دوسری طرف تعریب کے طریقوں کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ لکھتے ہیں: "تعریب کا انحصار تین امور پر ہے۔ اصل لفظ میں زیادتی، اصل لفظ میں کمی، بعض حروف کی تبدیلی دوسرے حروف سے" (ص ۲۶) انھوں نے لکھا ہے کہ جن حروف کی ادائیگی اہل عرب کی زبان پر بار ہوتی ہے انہیں وہ ایسے حروف سے بدل دیتے ہیں جن کی ادائیگی زبان پر بار نہیں ہوتی۔" (ص ۲۲) ان تمام باتوں کی وضاحت کے لیے انہوں نے کثرت سے مثالیں دی ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی لکھا ہے کہ: "تعریب کے کچھ متعین اصول نہیں ہیں کہ ان کی پابندی کی جاسکے۔ بلکہ یہ تعریب کرنے والے یا عام اہل عرب کی رائے پر موقوف ہے۔" (ص ۲۴)

اس موضوع پر حکیم صاحب نے بہت نفیس بحث کی ہے۔ یہاں صرف ایک اقتباس درج کیا جاتا ہے:

"مترجمین اور عرب بعض حروف کی تقدیم و تاخیر کر دیتے ہیں مثلاً نارجیل۔ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ نالیجر کا معرّب ہے۔ کبھی ایک حرف کا اضافہ کر دیتے ہیں مثلاً اہلیلج۔ کبھی دو حروف کا اضافہ کر دیتے ہیں مثلاً شوربا کہ اس میں تعریب کے وقت انھوں نے ج اور ہ کا اضافہ کرکے شورباجہ کہا۔ بسا اوقات عجمی لفظ میں تین حروف کا اضافہ کر دیتے ہیں مثلاً اسطوانہ (جو ستون کا معرّب ہے) میں

دی الف اور ہ کا اضافہ کیا۔ کبھی ایک حرف کو حذف کر دیتے ہیں۔ مثلاً میبہ کہ اس میں ایک حرف حذف کر دیا گیا۔ اس کی اصل می بہی تھی۔ کبھی ایک لفظ میں سے دو حروف حذف کر دیتے ہیں۔ مثلاً بیمارستان سے ب اور ی حذف کر کے اس کا معرب مارستان بنالیا" (ص: ۲۵-۲۶)

وجہ تسمیہ :

طب میں بہت سی بیماریوں، دواؤں اور دیگر چیزوں کے نام مجازی طور پر رکھے گئے ہیں۔ ان کی تحقیق سے بہت دلچسپ باتوں کا انکشاف ہوتا ہے۔ حکیم اجمل خاں نے اس موضوع پر بہت اچھی بحث کی ہے۔ کتاب کا چھٹا باب انھوں نے "حقیقت و مجاز" کا قائم کیا ہے۔ مجاز کے تحت ان کی بحث کا خلاصہ سطور ذیل میں درج کیا جاتا ہے: مجاز کی کئی صورتیں ہیں:

۱۔ سبب بول کر مسبّب مراد لیا جائے مثلاً اطبار سوداوی مرض کو مالیخولیا کہتے ہیں۔ یونانی زبان میں مالیخولیا کے معنی خلط اسود کے ہیں۔ چونکہ یہ خلط اس مرض کا سبب بنتی ہے اس لیے اس مرض کو بھی یہی نام دے دیا گیا۔

۲۔ کسی چیز کے مسبب کو نام قرار دے دیا جائے مثلاً اطبار بعض اعضار کا نام اعضار تناسل کے نام پر رکھ دیتے ہیں اس لیے کہ وہ ان کا سبب بنتے ہیں۔

۳۔ کسی شے کا نام مشابہت کی بنا پر دوسری شے سے رکھ دیا جائے مثلاً داء الاسد، داء الفیل اور داء الثعلب وغیرہ۔

۴۔ کل کو جزر کے نام سے موسوم کیا جائے مثلاً دواء الکرکم۔ یہ ایک مرکب ہے۔ اس کے اجزار میں سے ایک کرکم (زعفران) ہے۔ اسی پر اس دوار کا نام رکھ دیا گیا۔

۵۔ جزء کو کل کا نام دے دیا جائے مثلاً زوج۔ بسا اوقات اس کو مطلق استعمال کرتے ہیں اور مراد صرف ایک فرد کو (جو اس کا جزر ہے) لیتے ہیں۔

۶۔ خاص کو عام کے لفظ سے موسوم کیا جائے مثلاً مرۂ صفرار۔ اگرچہ یہ لفظ صفرار کے لیے وضع کیا گیا تھا۔ لیکن اطبار نے یہ نام صفرار کی اس مخصوص قسم کو دے دیا جس میں مائیت کی آمیزش ہو جائے۔

۷۔ قوۃ پر فعل کا اطلاق کر دیا جائے۔ مثلاً گوشت اور گیہوں کو غذا کہتے ہیں حالانکہ وہ بالفعل نہیں بلکہ بالقوۃ غذا ہیں۔ وہ غذا اس وقت بنتے ہیں جب ہضم ہو کر عضو کا جزر بن جائیں۔

۸۔ کسی شئ کا نام اس کی سابقہ حالت پر رکھ دیا جائے مثلاً کہتے ہیں کہ چاول یا گوشت نے بدن
پر تاثیر دکھائی۔ یہاں چاول یا گوشت کہنا علی سبیل المجاز ہے۔ یعنی وہ شئ جو پہلے چاول یا گوشت
کی شکل میں تھی اس نے تاثیر دکھائی۔

۹۔ کسی شئ کو پیش آنے والے عارضہ سے موسوم کیا جائے۔ مثلاً پھیپھڑے میں قرحہ بن جانے
اسے سل کا نام دیتے ہیں۔ لغت میں سل دبلے پن کو کہتے ہیں۔ چونکہ قرحہ کے نتیجے میں دبلا پن لازمی
طور پر ہوتا ہے اس لیے اسے سل کا نام دیا گیا۔

۱۰۔ کسی شئ کا نام اس کے انجام کے اعتبار سے رکھ دیا جائے مثلاً صداع (درد سر) کی ایک قسم کا
نام نزلہ (زکام) رکھا گیا ہے۔ کیونکہ اس قسم میں اکثر زکام ہو جایا کرتا ہے۔

۱۱۔ کسی شئ کا نام باعتبار محل رکھ دیا جائے مثلاً ذات الجنب، ذات الریۃ، ذات الصدر
ان اورام کے نام ہیں جو پہلو، پھیپھڑے اور سینے میں ہوتے ہیں۔

۱۲۔ محل کا نام شئ کے نام پر رکھ دیا جائے مثلاً قصبۃ الانف (ناک کی نالی) کو سائلہ کہتے ہیں۔
حالانکہ سائلہ (بہنے والی چیز) حقیقت میں وہ رطوبت مخاطی ہے جو ناک سے بہتی ہے۔" (ص: ۳۲-۳۵)

ایک جگہ حکیم صاحب نے ناموں کے اشتقاق سے بحث کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ کس طرح بعض
نام دوسری زبانوں کے الفاظ سے مشتق کر کے رکھے جاتے ہیں۔ لکھتے ہیں:

"قیفال کیفا لس سے مشتق ہے۔ اس کے معنی عرق الرأس (سر کی رگ) کے ہیں۔ کیوں کہ
کیفالس کا معنی سر ہے۔ اس سے قیفال مشتق کر لیا گیا۔ اور سر کی ایک عرق کا نام رکھ دیا
گیا۔ اس لیے کہ اس کے فصد سے سر کا تنقیہ ہوتا ہے۔ اسی اشتقاق میں سے اکحل ہے
جو کحلاوس سے مشتق ہے۔ کحلاوس اہل یونان کے نزدیک ہر اس شئ کو کہتے ہیں جو
مختلف اشیاء سے مرکب ہو۔ اس سے مشتق کر کے اکحل بنا لیا گیا اور ایک عرق کا نام
رکھ دیا گیا کیونکہ وہ قیفال اور باسلیق سے مرکب ہوتی ہے۔ اسی طرح تریاق بعض لوگوں
کے نزدیک تریوق سے مشتق ہے۔ تریوق اس حیوان کو کہتے ہیں جو کاٹ لیتا ہے۔ چونکہ
یہ دوا حیوانات کے کاٹے میں فائدہ کرتی ہے اس لیے اس کا نام تریاق رکھ دیا گیا۔"

(ص: ۳۸-۳۹)۔

...میں بہت سے نام مشابہت کی بنا پر رکھے گئے ہیں۔ جیسا کہ اوپر وجوہ تسمیہ کے ذیل میں ذکر کیا گیا۔ حکیم اجمل خاں نے کتاب میں جا بجا اس کی مثالیں ذکر کی ہیں۔ یہاں چند مثالوں کا تذکرہ دلچسپی کا باعث ہوگا۔

داء الحیۃ : اس مرض میں بال گرتے ہیں۔ حیۃ کے معنی سانپ کے ہیں۔ چونکہ بالوں کے گرنے سے سانپ کے رینگنے جیسی شکل بن جاتی ہے اس لیے اسے داء الحیۃ کہتے ہیں۔ (ص ۵۴)

داء الفیل : اس مرض میں مریض کے پاؤں اور پنڈلیاں موٹی ہونے لگتی ہیں حتی کہ ہاتھی کے پیروں کے مشابہ ہوجاتی ہیں۔ (ص ۷۵)

"داء الاسد : اس مرض میں مریض کے چہرے اور بدن پر شیر کے چہرے کی مانند سلوٹیں اور گانٹھیں ابھر آتی ہیں اور آنکھیں گھومتی ہوئی معلوم دیتی ہیں۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ چونکہ یہ مرض شیر کی طرح حملہ کرتا ہے اس لیے اسے داء الاسد کہا گیا ہے (ص ۶۵)۔

"خنجری : عظام صدر کے نیچے اور فم معدہ کے محاذات میں ایک غضروفی ہڈی ہوتی ہے جسے خنجر سے مشابہت کی بنا پر خنجری کہتے ہیں کیونکہ وہ عظم القص سے ملتی ہے تو خنجر کی شکل بن جاتی ہے" (ص ۳۷)۔

"تینی : جرب العین کی ایک نوع ہے جس میں آنکھ کی شکل تین (انجیر) کی شکل کے مشابہ ہوجاتی ہے" (ص ۵۷)۔

وہ الفاظ جن میں باہم کچھ فرق ہے :

عربی زبان میں ترادف کے مسئلہ پر بڑی معرکہ آرا بحثیں ہوئی ہیں۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ایک معنی کی ادائیگی کے لیے متعدد الفاظ آتے ہیں جب کہ بعض دیگر لوگوں کا خیال ہے کہ ترادف کا کوئی وجود نہیں۔ ہر لفظ مخصوص معنی کا حامل ہوتا ہے۔ کوئی دوسرا لفظ اس کی نیابت نہیں کر سکتا۔ طب میں ایسے بہت سے الفاظ ہیں جن کے درمیان معمولی سا فرق ہے۔ جو لوگ اس فرق کو ملحوظ نہیں رکھتے وہ ان کو مترادف سمجھتے ہیں۔ حکیم اجمل خان نے کتاب کے انیسویں باب میں کچھ الفاظ ذکر کیے ہیں اور ان کے درمیان

، جانے والے معمولی فرق کی وضاحت کی ہے۔ یہاں چند مثالیں ذکر کی جاتی ہیں :

• **تناثر اور تمرّط** : دونوں کے معنی بعض لوگوں کے نزدیک ایک ہی ہیں یعنی طویل امراض کے بعد لاحق ہونے والے ضعف کے سبب بالوں کا گرنا۔ دونوں کے درمیان بسا اوقات یہ فرق کیا جاتا ہے کہ تناثر اس وقت کہیں گے جب بال متفرق جگہوں سے گریں اور تمرّط اس وقت کہیں گے جب وہ ایک ہی جگہ سے گریں۔

• **تہبّج اور نفخہ** : دونوں الفاظ بدن میں ریحی ہیئتوں پر دلالت کرتے ہیں۔ ریح اگر عضو میں داخل ہو تو اسے تہبّج اور اگر بدن کے کسی ایک حصّہ میں جمع ہو (اس میں داخل نہ ہو) تو اسے نفخہ کہتے ہیں۔ بسا اوقات دونوں میں یہ فرق بھی کیا جاتا ہے کہ تہبّج میں عضو کو دبانے پر دباؤ کا نشان بن جاتا ہے لیکن نفخہ میں ایسا نہیں ہوتا۔

• **امتزاج اور اختلاط** : دونوں میں فرق یہ ہے کہ امتزاج میں اجزاء کے درمیان فرق و امتیاز کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ لیکن اختلاط میں حس کے وقت فرق ظاہر ہو جاتا ہے چنانچہ رقیق اجزاء جب غلیظ اجزاء کے ساتھ باہم یوں ملیں کہ ان میں فرق کیا جا سکے مثلاً پانی اور مخاط تو اس کو امتزاج نہیں کہیں گے" (ص ۵۳ - ۵۴)۔

اس تفصیل سے واضح ہو جاتا ہے کہ حکیم اجمل خاں کا یہ رسالہ "مقدمۃ اللغات الطبیۃ" طبی اور ادبی دونوں پہلوؤں سے بہت اہم ہے۔ اس لیے اطباء اور ادباء دونوں کی توجہ کا مستحق ہے۔

حواشی و مراجع

۱۔ مجلۃ مجمع اللغۃ العربیۃ دمشق جلد ۶۰، شمارہ ۱ میں اکیڈمی کے موجودہ اور سابقہ ممبران کی فہرست شائع ہوئی ہے۔ اس میں حکیم اجمل خاں کا نام شامل ہے۔ دیکھئے صفحہ ۱۹۷۔

۲۔ ابن ابی اصیبعہ۔ عیون الانباء فی طبقات الاطباء۔ اردو ترجمہ سی سی آر یو ایم نئی دہلی ۱۹۹۰ء جلد اول ص : ۱۹۶۔

۳۔ ابن ابی اصیبعہ، حوالہ سابق

۴۔ نشأۃ حمارنۃ، مقالہ : المعجمات الطبیہ، شائع شدہ مجلۃ مجمع اللغۃ العربیۃ دمشق جلد ۶۰، شمارہ ۱، ص: ۱۱۲۔

۵۔ ابن ابی اصیبعہ ۔ حوالہ سابق ۱/ ۵۸۹

۶۔ دیکھئے فہرست مخطوطات عربی ۔ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ۔ جلد چہارم

۷۔ نشاۃ حمارنہ ۔ حوالہ سابق ص : ۱۱۶

۸۔ یہ کتاب ڈاکٹر رفا تقی الدین کی تحقیق کے ساتھ شائع ہو گئی ہے ۔

۹۔ نشاۃ حمارنہ ۔ حوالہ سابق ص : ۱۱۷

۱۰۔ حکیم اجمل خان ۔ طبی لغت نویسی کے مبادیات (اردو ترجمہ مقدمۃ اللغات الطبیۃ از محمد رضی الاسلام ندوی) علی گڑھ ۱۹۹۱ء ، ص : ۵

۱۱۔۱۲۔ حکیم اجمل ۔ حوالہ سابق ص : ۱۱ ، ۱۲

۱۳۔۱۴۔ " " " ص : ۹ ، ۶۰

۱۵۔ حکیم صاحب نے اپنی یہ لغوی تحقیق کتاب کے متعدد مقامات پر بیان کی ہے ۔ مزید دیکھئے صفحات ۴۳ ، ۴۸ ۔

۱۶۔ حکیم صاحب نے باب سوم " معرب اور دخیل الفاظ " میں مستقلاً اس سے بحث کی ہے ۔ بعض دیگر ابواب میں بھی اس سلسلہ کی مفید بحثیں ہیں ۔ مثلاً دیکھئے ابواب : ۲ ، ۹ ، ۱۰ (صفحات : ۱۷ ، ۲۹ ، ۴۱)

●●

ڈاکٹر حنیف نقوی

شیخ علی بخش بیمار

مصحفی اردو کے پہلے بڑے شاعر ہیں جن کے حلقۂ تلمذ سے شاعروں کی ایک کثیر تعداد وابستہ نظر آتی ہے۔ افسر امروہوی نے اپنی تصنیف "تلامذۂ مصحفی" میں ایسے ایک سو سینتالیس [۱۴۷] شاعروں کا ذکر کیا ہے جنہوں نے خود مصحفی یا دوسرے تذکرہ نگاروں کی روایت کے مطابق اصلاحِ کلام کے لیے ان سے استفادہ کیا تھا۔ ان میں خواجہ حیدر علی آتش، میر مظفر علی اسیر، میر مستحسن خلیق، سعادت یار خاں رنگین، کرامت علی شہیدی، میر مظفر حسین ضمیر، طالب علی خاں عیشی، منور خاں غافل، نور الاسلام منتظر، اور مرزا محمد تقی ہوس جیسے مشاہیر بھی شامل ہیں، جن میں سے ہر شخص بجا طور پر فخرِ استاد کہے جانے کا مستحق ہے۔ احمد حسین سحر کاکوروی (مولفِ بہارِ بے خزاں) اور گوکل پرشاد رسا (مولفِ ارمغانِ گوکل پرشاد) نے شیخ امام بخش ناسخ کو بھی مصحفی کے شاگردوں میں شمار کیا ہے۔ محمد عیسیٰ تنہا شاگردِ مصحفی سے ان کا مشورۂ سخن کرنا بہرحال مسلّم ہے۔ اس طرح لکھنؤ کے تقریباً تمام نامور شعرا کا سلسلۂ تلمذ بلا واسطہ یا بالواسطہ مصحفی پر منتہی ہوتا ہے۔ مصحفی کے اپنے وطن (امروہہ) کے قرب و جوار یعنی رہیل کھنڈ کے علاقے میں جس شاگرد نے استاد کے اس فیضانِ تربیت کو آئندہ نسلوں تک منتقل کرنے کی کامیاب کوشش کی اور اس طرح ان کا نام روشن کیا، وہ شیخ علی بخش بیمار ہیں۔ شعر و ادب کی دنیا میں زیادہ معروف اور نمایاں نہ ہونے کے باوجود بیمار اس اعتبار سے ایک اہم اور قابلِ ذکر شاعر ہیں کہ انھوں نے رام پور میں شعر گوئی اور شعر فہمی کا مذاق عام کر کے ایک ایسا ماحول تیار کر دیا جو انتزاعِ سلطنتِ اودھ (فروری ۱۸۵۶ء) اور ۱۸۵۷ء کے ملک گیر ہنگامے کے بعد وہاں ایک پائیدار ادبی مرکز کے قیام میں مددگار ثابت ہوا

عبد الغفور خاں نسّاخ نے "سخن شعرا" میں بیمار کا ذکر شیخ الٰہی بخش کے نام سے کیا ہے[۱] لیکن دوسرے تمام تذکرہ نگار اس پر متفق ہیں کہ ان کا نام شیخ علی بخش تھا اور وہ شیخ غلام علی کے بیٹے تھے۔ وہ کس سنہ میں اور کس جگہ پیدا ہوئے، اس سلسلے میں تمام تذکرہ نگار خاموش ہیں[۲]۔ امیر مینائی کے تذکرے "انتخاب یادگار" سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۷۱ھ (۱۸۵۴ء) میں جب ان کی وفات ہوئی تو وہ سرسٹھ [۶۷] برس کے تھے[۳]۔ اس اعتبار سے ان کا سالِ ولادت ۱۲۰۴ھ (۹۰-۱۷۸۹ء) قرار دیا جا سکتا ہے۔ ان کے خاندان کے بارے میں بھی زیادہ تفصیلات موجود نہیں البتہ ان کے ایک شاگردِ رشید انوار حسین تسلیم سہسوانی نے اپنے دیوانِ فارسی کے دیباچے میں انھیں "ہمشیرزادۂ حضرتِ مصحفی" لکھا ہے[۴]۔ اگرچہ مصحفی نے "مجمع الفوائد" میں صرف اپنے بھائیوں

سامنے آگیا ہے۔ کسی بہن کی موجودگی کی طرف اشارہ نہیں کیا۔ اس کے باوجود بعید از امکان نہیں کہ ان کے اور بیمار کے درمیان حسینی محمد خاں اور حاجی کا رشتہ ہو۔ بصورتِ دیگر بیمار کا مصحفی کی رشتے کی کسی بہن کی اولاد ہونا تمام شبہات سے بالاتر ہے کیونکہ تسلیم کی اس روایت کو بہ آسانی رد نہیں کیا جا سکتا۔

بیمار کے وطن کے سلسلے میں تذکرہ نگاروں کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ "گلستانِ سخن" مولفہ قادر بخش صابر قدیم ترین تذکرہ ہے جس میں ان کا ذکر آیا ہے۔ اس تذکرے کی ترتیب کا کام بیمار کی زندگی میں یکم شعبان ۱۲۷۰ھ (۲۹ اپریل ۱۸۵۴ء) کو شروع ہوا اور ان کی وفات کے سات ماہ بعد شوال ۱۲۷۱ھ (جولائی ۱۸۵۵ء) میں مکمل ہوا۔ صابر کے بیان کے مطابق بیمار سنبھل (ضلع مراد آباد) کے ساکن تھے[۵]۔ "سخنِ شعرا" مولفہ عبد الغفور نساخ کا آغاز "گلستانِ سخن" سے بھی پہلے ۱۲۶۹ھ (۱۸۵۳ء) میں ہو چکا تھا لیکن اس کا اختتام بارہ برس کے بعد ۱۲۸۱ھ (۱۸۶۴ء) میں ہوا۔ اس تذکرے کے مطابق بیمار "باشندۂ رامپور" تھے[۶]۔ اس کے بعد لکھے جانے والے تذکروں کے مصنفین نے اس سلسلے میں جو معلومات فراہم کی ہیں وہ حسبِ ذیل ہیں:

(۱) امیر مینائی نے اپنا تذکرہ "انتخابِ یادگار" نواب کلب علی خاں فرماں روائے رام پور کے حسبِ فرمائش ۱۲۹۰ھ (۱۸۷۳ء) میں مرتب کیا تھا۔ وہ بیمار کو متوطن "شہر بانس بریلی" قرار دیتے ہیں[۷]

(۲) جارج فانتوم فرانسیسی متخلص بہ صاحب (متوفی ۲۰ جنوری ۱۸۷۹ء) امیر مینائی کی طرح ریاست رام پور سے وابستہ تھے۔ وہ اپنے تذکرۂ شعرا میں جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے، بیمار کے بارے میں لکھتے ہیں: "متوطن قدیم بریلی مگر در رام پور وطن گزیدہ"[۸]

(۳) محمد عبد اللہ خاں ضیغم نے اپنے تذکرے "یادگارِ ضیغم" میں "ساکنانِ رام پور اور بریلی والوں سے دریافت کر کے" لکھا ہے۔ "بیمار اصلاً باشندۂ بانس بریلی" تھے[۹]

(۴) نواب نور الحسن خاں کلیم مولفِ "طورِ کلیم" کا بیان ہے کہ بیمار "خاکِ پاکِ قصبۂ آنولہ متعلقہ کمشنری بریلی" سے وطنی نسبت رکھتے تھے[۱۰]

(۵) نواب علی حسن خاں سلیم اپنے تذکرے "بزمِ سخن" میں رقم طراز ہیں کہ "از سخنورانِ سنبھل ضلع مرادآباد بود"[۱۱]

(۶) لالہ سری رام صاحب "خمخانۂ جاوید"، امیر مینائی کے ہم خیال ہیں چنانچہ انھوں نے بھی "شہر بانس بریلی" ہی کو بیمار کا وطن قرار دیا ہے[۱۲]

بعد کے جن مصنفین یا مضمون نگاروں نے اپنی تحریروں میں بیمار کے وطن کے بارے میں اظہارِ خیال کیا ہے، ان کے بیانات درج ذیل ہیں:

(۱) سید امتیاز احمد اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں کہ "بیمار سنبھل، مراد آباد کے رہنے والے تھے"[۱۳]

(۲) راز یزدانی رام پوری کی تحریر کے مطابق "یہ خاندان سہسوان ضلع بدایوں کا رہنے والا تھا"۔[14]

(۳) کلب علی خاں فائق رام پوری کے بقول "شیخ علی بخش ابن شیخ غلام علی متوطن بانس بریلی" تھے۔[15]

(۴) افسر صدیقی امروہوی نے اپنی تصنیف "مصحفی۔ حیات و کلام" میں جو ۱۹۷۵ء میں شائع ہوئی ہے، لکھا ہے کہ "بیار ضلع بریلی کے موضع سوی کے رہنے والے تھے"[16] لیکن دوسری کتاب "تلامذۂ مصحفی" میں جو اس کے چار سال بعد ۱۹۷۹ء میں شائع ہوئی، انھوں نے یہ اطلاع فراہم کی ہے کہ "بیار، آنولے کے رہنے والے تھے۔ صابر نے ساکنِ سنبھل لکھا ہے جو یقیناً غلط ہے"۔[17]

اوپر کے تیرہ بیانات میں سے پانچ شہر بانس بریلی کے توطن سے متعلق ہیں، دو میں انھیں آنولہ ضلع بریلی کا اور ایک میں ضلع بریلی ہی کے موضع سوی کا باشندہ قرار دیا گیا ہے۔ تین سے سنبھل ضلع مراد آباد کی سکونت کا پتا چلتا ہے۔ جب کہ ایک ایک بیان رام پور اور سہسوان سے وطنی نسبت پر مشتمل ہے۔ نساخ کے انھیں "باشندۂ رام پور" قرار دینے کی وجہ یہ ہے کہ ان کی عمر کا آخری حصہ اسی شہر میں گزرا اور شاعر کی حیثیت سے ان کی شہرت کا آفتاب بھی اسی افق سے طلوع ہوا۔ سہسوان سے خاندانی تعلق کے بارے میں راز یزدانی کی روایت کسی غلط فہمی کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۶۲ء میں ایک ملاقات کے دوران میرے استفسار کے جواب میں موصوف نے فرمایا تھا کہ اب بالکل خیال نہیں آتا کہ میں نے ایسا کیوں لکھا تھا۔ سنبھل سے وطنی نسبت کے اولین راوی قادر بخش صابر ہیں۔ نواب علی حسن خاں نے ان کا اتباع کیا ہے اور سید امتیاز احمد نے کسی تصدیق کے بغیر اس روایت کو جیوں کا تیوں قبول کر لیا ہے۔ امیر مینائی اور رحارج فاستوم کے بیانات رام پور سے ان کے تعلق کے پس منظر میں ہیں اور عبداللہ خاں ضیغم کی تحریر تحقیق و دریافت سے متعلق ان کی صراحت کے پیش نظر ان تمام روایتوں کے مقابلے میں بہر حال قابلِ ترجیح ہے۔ آنولہ ضلع بریلی سے وطنی نسبت کا حوالہ سب سے پہلے نواب نور الحسن خاں کے تذکرے "طورِ کلیم" میں ملتا ہے۔ افسر صدیقی امروہوی کا دوسرا بیان بظاہر اسی قول پر مبنی معلوم ہوتا ہے۔ لیکن ان کے پہلے بیان کی تائید کسی قدیم تر ذریعے سے نہیں ہوتی۔ ان مختلف فیہ بیانات میں سب سے زیادہ حیرت انگیز نواب نور الحسن خاں اور نواب علی حسن خاں کے بیانات کا اختلاف ہے۔ یہ دونوں حقیقی بھائی تھے اور ان کے تذکرے ایک ہی شہر (بھوپال) اور ایک ہی زمانے (۱۲۹۰ھ) میں مرتب ہوتے ہیں۔ محمد عباس رفعت شروانی بھوپالی (شاگرد غالب) کی ایک تحریر کے مطابق نواب صدیق حسن خاں والیٔ بھوپال کے ان دونوں بیٹوں کے نام سے شعرائے فارسی و اردو کے جو چار تذکرے شائع ہوتے ہیں، وہ فی الحقیقت دوسرے لوگوں کے ترتیب دیتے ہوئے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے "طورِ کلیم" کو حافظ خاں محمد خاں شہیر (شاگرد غالب) کا نتیجۂ قلم اور "بزمِ سخن" کو منشی صابر حسین صبا سہسوانی کی تالیف قرار دیا ہے۔[18] اس کے برخلاف متعدد داخلی قرائن و شواہد کی بنا پر محررِ سطور کا خیال یہ ہے کہ اگر ان دونوں تذکروں میں سے کوئی تذکرہ منشی صابر حسین صبا کی تالیف ہے

تو وہ "بزمِ سخن" نہیں، "طورِ کلیم" ہے۔ صبا منشی انوار حسین تسلیم کے چھوٹے بھائی تھے اور خود ان کا بیمار سے اصلاح لینا کئی در... سے ثابت ہے۔ اس لیے آنولہ سے وطنی تعلق کے بارے میں "طورِ کلیم" کی روایت دوسری تمام روایات پر تفوق رکھتی ہے۔ اور آنولہ چونکہ ضلع بریلی ہی کا ایک حصہ ہے اس لیے امیر مینائی جارج فانوم اور ضیغم کے بیانات اور اس روایت میں ف... کوئی اختلاف نہیں۔

بیمار کی تعلیم و تربیت کہاں ہوئی اور پیدائش سے باون[۵۲] سال کی عمر (۱۲۵۶ھ مطابق ۱۸۴۰ء) تک انھوں نے اپنی زندگی کے ماہ و سال کہاں گزارے یہ بتانے کا اب کوئی معتبر ذریعہ موجود نہیں۔ آنولہ جوان کا وطن تھا، نواب علی محمد خاں (متوفی ۱۱۶۲ھ مطابق ۱۷۴۹ء) کے دور میں روہیلہ حکومت کا پایۂ تخت رہنے کی بنا پر علم و فن اور شعر و ادب کا ایک اہم مرکز بن گیا تھا۔ مصحفی نے عنفوانِ شباب کے کچھ دن یہاں گزارے تھے۔ اور کئی ممتاز شعرا اور مشاہیر علما و فضلا کی اس سرکار سے وابستگی اور اس شہر میں قیام کے شواہد موجود ہیں۔ اس لیے قیاس یہ ہے کہ بیمار نے تحصیلِ علم کے مراحل آنولے ہی میں طے کیے ہوں گے۔ صاحبِ "طورِ کلیم" کے مطابق وہ اپنے شوقِ شعر گوئی کے عہدِ شباب میں لکھنؤ پہنچے اور مصحفی کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ مصحفی نے اپنا تیسرا تذکرہ "ریاض الفصحا" ۱۲۳۶ھ (۲۱-۱۸۲۰ء) میں مکمل کیا تھا۔ اس میں بیمار کا ذکر موجود نہیں ہے، اس لیے ہمارا خیال ہے کہ وہ بہ گمانِ غالب ۱۲۳۶ھ (۲۱-۱۸۲۰ء) کے بعد لکھنؤ پہنچے ہوں گے۔ ۱۲۴۰ھ (۲۵-۱۸۲۴ء) میں مصحفی کا انتقال ہوا۔ اس اعتبار سے مصحفی سے اُن کے مشورۂ سخن کے زمانے کو ۱۲۳۶ھ سے ۱۲۴۰ھ تک چار برسوں میں محدود کیا جا سکتا ہے۔

لکھنؤ سے بیمار کے آنولہ واپس آنے کا زمانہ نامعلوم ہے لیکن اتنا یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ۱۲۵۶ھ (۱۸۴۰ء) کے آس پاس وہ اپنے وطن میں موجود تھے۔ اسی سال نواب احمد علی خاں فرمانروائے رام پور کا انتقال ہوا اور ان کی صاحبزادی شمسہ تاجدار وارث تاج و تخت قرار پائیں لیکن روہیلہ سرداروں نے خاتون فرماں روا کی بالادستی قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ نتیجے کے طور پر برطانوی سرکار نے ۲۱ جمادی الآخر ۱۲۵۶ھ (۲۰ اگست ۱۸۴۰ء) کو زمامِ سلطنت مرحوم نواب کے چچا زاد بھائی نواب محمد سعید خاں کے حوالے کر دی۔ نواب صاحب موصوف اس زمانے میں ضلع بدایوں میں ڈپٹی کلکٹر تھے۔ آنولے کے ایک رئیس حکیم سعادت علی خاں بھی ان کے ساتھ اسی ضلع میں تحصیلداری کے عہدے پر مامور تھے اور ان دونوں میں نہایت قریبی دوستانہ روابط تھے۔ منصبِ فرماں روائی پر فائز ہونے کے بعد نواب صاحب موصوف نے حکیم صاحب کو بھی رام پور بلا لیا اور افواجِ ریاست کا جرنل مقرر کر دیا۔ بعد ازاں حکیم صاحب کی وساطت سے نواب صاحب کے حسب الطلب بیمار بھی رامپور پہنچے اور ریاست سے وابستہ ہو گئے۔ یہ وابستگی تقریباً پندرہ سال قائم رہی تا آں کہ ۱۲۷۱ھ (۱۸۵۴ء) میں انھوں نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ بیمار کی اڑسٹھ[۶۷] سالہ زندگی میں پندرہ سال کی یہی مدت سب سے اہم ہے۔ اسی زمانے میں شاعر کی حیثیت سے

ان کا نام اطراف و جوانب میں مشہور ہوا اور بعض ایسے حضرات ان کے دامنِ تلمذ سے وابستہ ہوئے جو بامِ شہرت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکنے کی صلاحیت سے متصف تھے۔ علاوہ بریں انھوں نے نواب صاحب کے حسبِ ایما "بوستانِ خیال" کے ایک حصّے کا فارسی سے اردو میں ترجمہ کر کے مترجم اور نثر نگار کی حیثیت سے بھی اپنی مہارت کا لوہا منوانے میں کامیابی حاصل کی۔

مشقِ سخن کے دورِ شباب میں بیمارؔ کا لکھنؤ جانا اور مصحفیؔ سے اصلاح لینا ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے۔ رام پور میں نواب محمد سعید خاں کے دربار سے وابستہ ہونے کے بعد باون ترپن برس کی پختہ عمر میں انھوں نے اخوند زادہ احمد خاں غفلت کی شاگردی اختیار کی۔ تذکروں کے علاوہ خود بیمارؔ کے اشعار سے بھی اس دوسرے سلسلۂ تلمذ کی تصدیق ہوتی ہے۔ ایک غزل کے مقطعے میں اپنے نئے استاد کے فیضانِ اصلاح کا انھوں نے اس طرح اعتراف کیا ہے ؎

نہ اصلاحِ جنابِ غفلت اے بیمارؔ اگر ہوتی　　　　تو معنی ہی نہ رکھتا شعر تجھ جیسے نادان کا

ایک اور مقطعے میں ان کے حضور ان الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں ؎

جانتا ہے معجزہ بیمارؔ غفلت کا سخن　　　　کون ہے دنیا میں ایسا معتقد استاد کا

لیکن بعض تذکرہ نگاروں کے مطابق شاگردی و استادی کا یہ نیا رشتہ اصلاحِ کلام کی خواہش سے زیادہ سیاسی مصالح یا حالات کے تقاضوں کا رہینِ منت تھا۔ اس سلسلے میں سب سے اہم بیان امیرؔ مینائی کا ہے جو خود رام پور سے وابستہ اور مقامی سیاست کے پست و بلند سے پوری طرح باخبر تھے۔ مصحفیؔ کی شاگردی کا ذکر کرنے کے بعد انھوں نے لکھا ہے :

"جب اس دارالریاست میں آ کر سرکار کے ملازمین میں داخل ہوئے، یہاں احمد خاں غفلتؔ کا دور دورہ تھا۔ مصلحتاً ان کے شاگردوں میں شامل ہوئے"[20]

عبداللہ خاں ضیغمؔ نے امیرؔ کے اسی بیان کو اپنے یہاں ان الفاظ میں دہرا دیا ہے :

"آپ میاں غلام ہمدانی مصحفیؔ مرحوم کے شاگرد تھے۔ جب رام پور پہنچے اور نواب محمد سعید خاں بہادر رئیسِ رام پور کے ملازم ہوئے، وہاں احمد خاں غفلتؔ کا دور دورہ تھا تو آپ نے مصلحتاً ان سے تلمذ اختیار کیا"[21]

نواب نور الحسن خاں کلیمؔ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیمارؔ نے غفلتؔ کی شاگردی خود نواب محمد سعید خاں کے ایما اور اصرار کی بنا پر اختیار کی تھی۔ لکھتے ہیں :

"باصرارِ رئیسِ محتشم الیہ شاگردیِ آخوند زادہ احمد خاں غفلت تخلص رام پوری اختیار نمود"[22]

تذکرہ نگاروں کی عام رائے کے برخلاف جناب رازؔ یزدانی رام پوری اور جناب کلب علی خاں فائقؔ رام پوری صرف غفلتؔ کی شاگردی کے قائل ہیں کیونکہ ان کے نزدیک مصحفیؔ سے بیمارؔ کے اصلاح لینے کا کوئی معتبر ثبوت موجود نہیں۔ جناب رازؔ یزدانی کے

نزدیک بیمار کا شاگردِ مصحفی ہونا اس لیے مشکوک ہے کہ مصحفی نے اپنے شاگردوں میں کہیں ان کا ذکر نہیں کیا[23] جب کہ جناب فائق رام پوری کو اس سلسلۂ شاگردی سے اس بنا پر انکار ہے کہ بیمار کے کلام سے اس کی تائید نہیں ہوتی موصوف کا ارشاد ہے:

"[illegible] نے لکھا ہے کہ مصحفی کے شاگرد تھے اور رام پور میں آئے تو مصلحتاً غفلت کے شاگرد ہو گئے۔ مصحفی کی شاگردی کا کلام بیمار سے کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ البتہ غفلت کی شاگردی کا بیمار نے اقرار کیا ہے اور اس کی تائید بیمار کے اشعار سے ہوتی ہے"[24]

قریب العہد تذکرہ نگاروں (امیر مینائی، نور الحسن خاں ———— علی حسن خاں اور عبداللہ خاں ضیغم) کے بیانات کے علاوہ اس خاندانی قرابت کے پیشِ نظر جس کا حوالہ منشی انوار حسین تسلیم نے اپنے دیوانِ فارسی کے دیباچے میں دیا ہے، مصحفی اور بیمار کے درمیان استادی و شاگردی کے رشتے پر شبہے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ اس سلسلے میں تسلیم کے ایک شعر کا حوالہ بھی بے محل نہ ہوگا جس میں انھوں نے مصحفی کو اپنے استاد (بیمار) کا استاد قرار دیا ہے۔ فرماتے ہیں:

مصحفی استاد کے استاد ہیں
میں ہوں اے تسلیم دادا پیر سا

جناب راز یزدانی کا یہ فرمانا کہ مصحفی کے کسی تذکرے میں بیمار کا ذکر نہیں ملتا اس لیے انھیں مصحفی کا شاگرد تسلیم نہیں کیا جا سکتا، اس لحاظ سے ناقابلِ قبول ہے کہ مصحفی کے تذکروں میں ان کے بہت سے دوسرے شاگردوں کے نام بھی موجود نہیں۔ ان غیر موجود شعرا میں میر مظفر علی اسیر اور کرامت علی شہیدی جیسے نامور شاگرد بھی شامل ہیں۔ اسی طرح جناب فائق رام پوری کی یہ دلیل بھی قابلِ قبول نہیں کہ بیمار نے اپنے کسی شعر میں مصحفی سے اصلاحِ کلام کا اعتراف نہیں کیا ہے، اس لیے دونوں کے درمیان شاگردی و استادی کی نسبت محتاجِ ثبوت ہے۔ اگر اس دلیل کو معیار بنا لیا جائے تو بہت سے شاعر بیک جنبشِ قلم اپنے اساتذہ کے حلقۂ تلمذ سے خارج ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ فائق صاحب نے اس حقیقت کو بھی نظر انداز کر دیا ہے کہ بحالتِ موجودہ بیمار کا جو کلام دستیاب ہے وہ ان کے تلف شدہ دواوین کے باقیات پر مشتمل ہے اور بہ گمانِ غالب مشقِ سخن کے آخری دور سے تعلق رکھتا ہے۔

بیمار کے اساتذہ میں مصحفی اور غفلت کے علاوہ قدرت اللہ شوق اور حکیم مومن خاں مومن کے نام بھی لیے جاتے ہیں۔ شوق سے مشورۂ سخن کے تنہا راوی مولانا حسرت موہانی ہیں۔ ان کی اصل تحریر ہماری دسترس میں نہیں اس لیے ان کے اس قول کی تائید یا تردید میں قطعیت کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا تاہم اس کا امکان ضرور ہے کہ بیمار نے مشقِ سخن کے ابتدائی دور میں شوق کو اپنا کلام دکھایا ہو۔ شوق ضلع بریلی کی تحصیل بہیڑی کے موضع موئی کے باشندے تھے۔ انھوں نے اپنی عمر کا بڑا حصہ بریلی کے قرب و نواح کی بستیوں یعنی آنولہ، پیلی بھیت، بدایوں، بسولی اور رام پور میں بسر کیا۔ ان کی وفات ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء)

باں انتقال کیا، یہ معلوم نہیں ہو سکا۔ بیمار کی عمر اس وقت بیس[20] سال کے قریب تھی اور انھوں نے یہ ساری مدت
قرب و جوار ہی میں گزاری تھی بلکہ جناب افسر صدیقی امروہوی کی ایک روایت کے مطابق خود ان کا وطن بھی موضع
لیے شوق سے ان کے اکتساب فیض کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ جناب نثار احمد فاروقی نے شوق
ان کے تیرہ[21] شاگردوں کے نام درج کیے ہیں[22]۔ ان میں بیمار کا نام شامل نہیں۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یا تو وہ
کی اس روایت سے واقف نہیں یا پھر اسے ناقابلِ اعتنا تصور کرتے ہوئے انھوں نے اس کا حوالہ دینا ضروری
ے۔ بیمار شوق کے شاگرد ہوں یا نہ ہوں، ان کے استاد احمد خاں غفلت ضرور ان کے شاگرد تھے۔ اس طرح
سند بہر حال شوق تک پہنچ جاتا ہے۔

مومن سے تلمذ کی روایت کا سلسلہ نیاز فتح پوری پر منتہی ہوتا ہے۔ انھوں نے نظام رامپوری کا سے متعلق اپنے
(شمولہ انتقادیات) میں بیمار کی وساطت سے ان کا سلسلۂ شاگردی مومن تک پہنچایا ہے۔ میرے ایک
جواب میں موصوف نے تحریر فرمایا تھا کہ "بیمار کو میں نے مومن کا شاگرد کیوں لکھا، اب یہ بالکل یاد نہیں۔
غلط ہے۔" لیکن ادبیات میں اس قسم کی روایات جب ایک بار داخل ہو جاتی ہیں تو وہ اپنی بے سروپائی اور بار بار
باوجود اس کا ایک حصہ بن کر دائم و قائم رہتی ہیں۔ چنانچہ نیاز صاحب کے متذکرۂ بالا مضمون کی اشاعت کے
یاز احمد نے مومن سے متعلق اپنے ایک مضمون میں بیمار کو تلامذۂ مومن میں شامل کرتے ہوئے تحریر فرمایا

"طورِ کلیم، بزمِ سخن، خم خانۂ جاوید میں مصحفی اور غفلت کے شاگرد بتائے گئے ہیں۔ مولانا
حسرت موہانی کی تحقیق ہے کہ قدرت اللہ شوق کے شاگرد ہیں۔ ایڈیٹر نگار نے نظام شاہ
کے تذکرے میں انھیں مومن کا شاگرد لکھا ہے۔"[23]

جناب عرش گیاوی ایک قدم اور آگے بڑھ کر سید امتیاز احمد کے اس بیان کو اپنی دریافت کے طور پر پیش کرتے
ہوئے رقم طراز ہیں:

"نظام شاہ رامپوری کے تذکرۂ شعرا سے صرف اتنا پتا چلا کہ یہ مومن خاں کے شاگرد تھے۔"[24]

سید امتیاز احمد نے لفظ "تذکرے" جس معنی میں استعمال کیا تھا، عرش صاحب نے اسے سمجھے بغیر نظام شاہ کو ایک
سل کا مصنف قرار دے کر نیاز صاحب کی روایت کو ایک مستقل بنیاد فراہم کر دی۔ چنانچہ ان کے بعد بھی مومن کے
بار اس غلط روایت کے لیے نرم گوشے کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ جناب کلب علی خاں فائق رامپوری "مومن نمبر"
تِ مومن" کا حوالہ دینے کے بعد لکھتے ہیں کہ "وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ مومن کی شاگردی صحیح ہے یا غلط"

لیکن آخر میں انھوں نے بھی یہی نتیجہ نکالا ہے کہ مومن سے مشورۂ سخن خارج از امکان نہیں فرماتے ہیں:

"معاصر اور قریب العہد تذکرہ نویسوں کے بیانات کی عدم موجودگی میں مومن کی شاگردی کی نسبت ضعیف اور کمزور ہے —————— دیگر تذکرۂ نظام شاہ نایاب لیکن بیمار کا رنگ کلام مومن سے مشابہ ضرور ہے۔ غالباً مومن کا سفر رام پور جس وقت ہوا، بیمار بھی رام پور میں آ چکا تھا۔ ممکن ہے بیمار نے انھیں کچھ غزلیں دکھائی ہوں۔ اس طرح تلامذۂ مومن میں اس کا شمار کرنا بے جا نہ ہوگا پھر غفلت کا انتقال ذی الحجہ ۱۲۵۹ھ میں ہو چکا تھا اس کے مرنے کے بعد مومن سے اصلاح ممکن ہے۔"[۳۰]

جناب کلب علی خاں فائق کے بعد ڈاکٹر ناظر حسن زیدی نے غالباً انھی کے اتباع میں کسی تامل کے بغیر بیمار کو غلام علی وحشت، خیر الدین یاس، عباس علی خاں بیتاب اور نواب یوسف علی خاں ناظم وغیرہ کے ساتھ مومن کے ایسے تلامذہ میں شمار کیا ہے جن پر وہ (مومن) بجا طور پر ناز کر سکتے ہیں۔[۳۱] روایت کے اس غلط تسلسل کے پیش نظر یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مومن سے اصلاحِ سخن کے امکان کا کس قدر تفصیل کے ساتھ جائزہ لیا جائے۔

اس سلسلے میں پہلی غلط فہمی تو "نظام شاہ کے تذکرے" سے پیدا ہوئی ہے جیسا کہ اس سے قبل بھی عرض کیا جا چکا ہے، جناب عرش گیاوی نے اس سے نظام رام پوری کا لکھا ہوا تذکرۂ شعرا مراد لیا ہے۔ جناب فائق رام پوری نے ان کی اس غلط فہمی پر غور کیے بغیر اس تذکرے کو ایک غائب شدہ ماخذ قرار دے کر معاملے کو مزید الجھا دیا۔ ان کا بیان ہے:

"نظام شاہ رام پوری کا کوئی تذکرۂ شعرا دستیاب نہیں ہوا۔ البتہ نیاز صاحب (مدیر نگار) نظام رام پوری سے متعلقہ مخطوطہ ذخیرۂ رام پور سے لے گئے تھے ان میں شاید کہیں حوالہ شاگردی مومن کا ہو۔"[۳۲]

حقیقت یہ ہے کہ نظام رام پوری نے نہ کوئی تذکرۂ شعرا لکھا تھا اور نہ وہ غائب ہوا۔ ایسی صورت میں یہ قیاس آرائی کہ نیاز صاحب جو مخطوطے لے گئے تھے، ممکن ہے ان میں سے کسی میں مومن کی شاگردی کا حوالہ موجود ہو، ایک مفروضے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی۔

غلط فہمی کی دوسری بنیاد نوابینِ رام پور سے مومن کے ذاتی روابط ہیں۔ نواب محمد سعید خاں ان کے دوست اور نواب یوسف علی خاں ناظم ان کے شاگرد تھے اور یہ بات مختلف ذرائع سے ثابت ہے کہ وہ دو بار رام پور گئے تھے۔ فائق رام پوری کے قیاس کے مطابق بیمار نے مومن کے قیامِ رام پور کے زمانے ہی میں اُن سے استفادہ کیا ہوگا۔ اس لیے ان دونوں سفروں کی تفصیل سے واقفیت ضروری ہو جاتی ہے۔ فائق صاحب کو بھی اس سے اتفاق ہے کہ مومن نے رام پور کا پہلا سفر

اس وقت کیا تھا جب انھوں نے "ویرانہ چھوڑ تے ہیں ویرانہ تر میں ہم" والی غزل کہی تھی۔ اس غزل کا مقطع ہے

وصلِ بتاں کے دن تو نہیں ہیں کہ ہو وبال موٓمن نماز قصر کریں کیوں سفر میں ہم

شیفتہ کے "گلشنِ بے خار" میں موجود ہے۔ اسی کے ساتھ شیفتہ کا یہ بیان بھی ملتا ہے کہ اب تک انھوں نے دہلی اور دہلی والوں کی محبت کی وجہ سے اس شہر سے باہر قدم نہیں نکالا ہے۔ یعنی اس تذکرے کی تکمیل کے وقت تک موٓمن نے دہلی سے باہر کا کوئی سفر نہیں کیا تھا۔ (از روزِ ولادت الی الحال بسبب موافقتِ جہان آباد و اہلِ جہان آباد سے حرکت نہ کردم)[33] "گلشنِ بے خار" کا آغاز ۱۲۴۸ھ کے اوائل (۱۸۳۲ء) میں اور اختتام ۱۲۵۰ھ کے اواخر (۱۸۳۵ء) میں ہوا۔ ۱۲۵۱ھ (۱۸۳۵ء) میں موٓمن نے اس تذکرے پر تقریظ لکھی اور اس کی ایک نقل "انشائے موٓمن" کے مرتب حکیم احسن اللہ خاں کے پاس بھیج دی۔ حکیم صاحب کے نام کے جس خط میں اس تقریظ کے بھیجنے کا ذکر ہے، اسی میں شہر کے ایک ایسے حاکم بااختیار کے قتل اور اس کی وجہ سے قیامت کے سے ہنگامے کا حوالہ بھی موجود ہے جو ان کی نگاہ میں ناپاک و ناپسندیدہ تھا اور جس نے اس واقعۂ قتل سے ایک دن پہلے ہی اپنے ایک حکم کے ذریعہ ان کی موروثی زمین بحقِ سرکار ضبط کر لی تھی۔ اس واقعہ اور اس کے نتیجے میں اپنے اضطراب اور بددلی کا ذکر کرتے ہوئے موٓمن لکھتے ہیں:

"خوں گرفتہ کہ ہنوز از قتلش فتنہ بابرپاست در روحِ ناپاکش مانندِ تنِ بیجان ہنگامۂ آشوب آرا، روزے پیش از کشتہ شدن زمینِ موروثیم کہ نانِ جوینِ مرا کفایت کردے، بضبطِ سرکار اندر رپٹ آوردہ خاکِ مذلت بفرقِ روزگارِ خود بیخت.....

قطعِ نظر ازیں، زماں ہاست کہ خریدار جویم "واین المشتری" گویم۔ اکنوں بہ صواب دیدِ یارانِ اخلاص خصال و دوستانِ دولت سگال با خود قرارِ رحلت دادہ ام و دل بر ترکِ وطن و اہلِ وطن نہادہ۔ بلکہ سامانِ سفر روز گزارم شدہ و خیالِ تہیۂ زادِ راہ شغلِ خاطرِ بیکارم .....[34]

قرائن سے واضح ہے کہ یہ بیانات دہلی کے رزیڈینٹ مسٹر ولیم فریزر کے واقعۂ قتل سے تعلق رکھتے ہیں، جنھیں لوہارو کے نواب شمس الدین احمد خاں کے ایک ملازم کریم خاں نے ۲۲ مارچ ۱۸۳۵ء مطابق ۲۲ ذی قعدہ ۱۲۵۰ھ کو گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا۔[35] یہ اس واقعے ہی کے اثرات مابعد تھے جنھوں نے موٓمن کو دہلی اور اہلِ دہلی سے وقتی ترکِ تعلق پر آمادہ کیا اور وہ بہ گمانِ غالب ۱۲۵۱ھ کے اوائل (۱۸۳۵ء) میں پہلے رام پور پہنچے۔ اس کے بعد بدایوں اور سہسوان میں اپنے اعزہ اور احباب کے ساتھ کچھ دن گزار کر پھر دہلی چلے آئے۔ بیدار اس زمانے میں رام پور نہیں آتے تھے، اس لیے اس سفر کے دوران ان کا موٓمن سے ملنا اور اپنے کلام پر اصلاح لینا خارج از امکان ہے۔

مومن کا دوسرا سفرِ رام پور بالاتفاق ۱۲۵۶ھ (۱۸۴۰ء) کا واقعہ ہے۔ یہ سفر انھوں نے نواب محمد سعید خاں کے جشنِ تخت نشینی میں شرکت کی غرض سے نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ[٣٥] کی معیت میں کیا تھا۔ بیمار کے تمام تذکرہ نگار اس پر متفق ہیں کہ وہ نواب محمد سعید خاں کے حسبِ ایماں ان کے سپہ سالارِ افواج حکیم سعادت علی خاں کی طلبی پر رام پور آئے اور متوسلینِ ریاست میں شامل ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ حکیم صاحب کے سربراہِ افواج کی حیثیت سے تقرر اور ان کے بیمار کو رام پور بلانے میں کچھ وقت ضرور لگا ہوگا۔ ان حالات میں اس سفر کے دوران بھی بیمار کی مومن سے ملاقات کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔

بیمار کا انتقال ۲۴ ربیع الاول ۱۲۷۱ھ (۱۵ دسمبر ۱۸۵۴ء) کو ہوا۔[٣٦] جیسا کہ اس سے قبل بھی بیان کیا جا چکا ہے، اس وقت ان کی عمر ستّر سال تھی۔ سید عابد حسین اَوج (خلف سید احمد علی رسا شاگردِ بیمار) نے ان کی وفات پر مندرجہ ذیل قطعۂ تاریخ کہا تھا ؎

زمرگِ علی بخش از مدّتے	شدہ بر جہاں روزِ روشن سیاہ
رفیقے بپرسید از اَوج سال	بگفتم "علی بخش بیمار آہ" ۱۲۷۱ھ[٣٧]

بیمار کے اسلاف کے بارے میں ہماری معلومات حد درجہ محدود ہے جب کہ ان کے اخلاف سے متعلق ہمیں مطلقاً کوئی علم نہیں۔ ان کا نام محض ان کی اولادِ معنوی یعنی ان کے کلام اور ان کے شاگردوں کی بدولت زندہ ہے۔ جہاں تک کلام کا تعلق ہے۔ بیمار کے اولین تذکرہ نگار قادر بخش صابر ان کی "فارسی میں استعدادِ کامل اور ریختہ گوئی میں مہارتِ تام" کا تو ذکر کرتے ہیں لیکن ان دونوں زبانوں میں سے کسی میں کلیات یا دیوان کی موجودگی کے بارے میں کچھ نہیں بتاتے۔ اس سلسلے میں انھوں نے صرف اس قدر معلومات فراہم کی ہے:

"محمد سعید خاں والیِ رام پور ... کی فرمائش سے کوئی جلد بوستانِ خیال کی کہ افسانہ ہے عجیب اور داستاں ہے غریب، اردو میں نظم کرتا تھا، معلوم نہیں اختتام کو پہنچا یا نہیں؟"[٣٨]

صاحبِ سخن شعرا، عبدالغفور خاں نسّاخ نے بیمار کے حالات میں مجملاً ان کا "صاحبِ دیوان" ہونا ظاہر کیا ہے جب کہ نور الحسن خاں کلیم کئی دواوین کے جمع کرنے اور ان کے ضائع کر دینے کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"چندیں دیوانِ غزلیات و قصائد فراہم آورد و پریشاں ساخت"[٣٩]

امیر مینائی، عبداللہ خاں ضیغم اور لالہ سری رام بھی کلام کے اتلاف کے معاملے صاحبِ "طورِ کلیم" کے ہم نوا ہیں۔ امیر مینائی اور ضیغم کے بیانات کسی قدر مجمل ہیں۔ ان سے صرف اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ "کلام بہت تھا مگر تلف ہو گیا"۔[٤٠]

لالہ سری رام نے "غزلیات و قصائد" کی تخصیص سے صرفِ نظر کرتے ہوئے نواب نور الحسن خاں کے بیان کو ان الفاظ "کئی دیوان مرتب کیے تھے مگر سب کے سب پریشاں ہو گئے"۔

اس کے ساتھ ہی انھوں نے "بوستانِ خیال" کے ترجمے کے سلسلے میں قیاس کے برخلاف کس قدر وثوق کے ساتھ یہ اعلان کیا ہے کہ

"بوستانِ خیال کے کچھ حصوں کا اردو نظم میں ترجمہ کیا تھا۔"[43]

بحالتِ موجودہ بیاؔر کا کل اثاثہ ایک مختصر مجموعۂ کلام اور "بوستانِ خیال" کے ایک حصے "طلسم بیضا" کے اردو ترجمے پر مشتمل ہے۔ مجموعۂ کلام کا قلمی نسخہ جو رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے، بظاہر مصنف کی ذاتی بیاض سے صاف شدہ اولین نسخہ معلوم ہوتا ہے۔ اس میں کل چھپن[56] صفحات ہیں۔ غزلوں کے علاوہ اس مجموعے میں دو مخمسے، ایک نا تمام قصیدہ، پانچ رباعیاں اور ایک قطعہ شامل ہے۔[44] غزلیں ردیف وار مرتب شدہ ہیں لیکن ردیفوں کی تعداد بہت محدود یعنی صرف نو ہے، اور ان میں بھی بعض غزلیں نامکمل ہیں۔ اختصار کا مزید اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ ان مکمل و نامکمل غزلوں کے اشعار کی مجموعی تعداد صرف چار سو چوالیس ہے۔ نو نو بندوں پر مشتمل دو مخمسوں میں سے پہلے میں قدسی کی مشہور فارسی نعت "مرحبا سیدِ مکی مدنی العربی" پر فارسی میں مصرعے لگائے گئے ہیں اور دوسرے میں رسا (غالباً احمد علی رسا شاگرد بیاؔر) کی غزل "قطع امید ہوئی، وصل کے آثار نہیں" کی تضمین کی گئی ہے۔ قصیدہ "گورنرِ اعظم" (غالباً گورنر جنرل) کی مدح میں ہے۔ اس میں بیاؔر نے اولاً اپنے آقا (نواب محمد سعید خاں) کی گورنر موصوف کی خدمت میں حاضری اور شایانِ شان استقبال کا بیان کیا ہے، بعد ازاں مشرق کی طرف عزمِ سفر کے دوران یعنی ممالکِ مغربی کے دورے سے کلکتے واپس جاتے ہوئے گورنر جنرل کے رام پور آنے اور "دیر تک قیام پذیر" رہنے کا تذکرہ اور ان کے جاہ و حشم کی تعریف و توصیف کی ہے۔ ان اشعار کی کل تعداد تیس ہے، اور ان میں اس شوکتِ الفاظ اور جزالتِ بیان کی کمی نمایاں طور پر محسوس ہوتی ہے جسے قصیدے کا بنیادی وصف خیال کیا جاتا ہے۔

دیوانِ بیاؔر کے نسخۂ رام پور کی ایک نہایت خوش خط نقل بنارس ہندو یونیورسٹی کے کتب خانے میں بھی موجود ہے۔ اگرچہ اس نقل کے آخر میں کوئی ترقیمہ موجود نہیں، تاہم قرائن سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ "خم خانۂ جاوید" کے مولف لالہ سری رام کی فرمائش پر تیار کی گئی تھی۔ بنارس ہندو یونیورسٹی لائبریری میں یہ مخطوطہ انھی کے ذخیرۂ کتب کے ساتھ منتقل ہوا ہے۔ ایک اور قلمی نسخے کی نشان دہی جناب افسر صدیقی امروہوی نے کی ہے۔ ان کی تحریر کے مطابق "ایک مختصر سا دیوان محمد علی خاں اثر رام پوری کے پاس تھا جس میں غزلیات کے علاوہ کچھ قصیدے اور چند رباعیاں بھی تھیں۔"

بیاؔر ایک خوش فکر اور پختہ مشق شاعر تھے۔ وہ جہاں تجربات و محسوسات کو ان کی تمام نزاکتوں کے ساتھ سادہ و لطیف پیرائے میں ادا کرنے پر پوری طرح قادر تھے، وہیں انھیں استادانہ انداز میں مضامینِ خیالی کے نظم کرنے میں بھی مکمل دستگاہ حاصل تھی۔ ان کے رنگِ کلام اور اندازِ بیان کی یہ مختلف النوع خوبیاں تو اشعار کے اس انتخاب سے ظاہر ہوں گی جو اس مضمون کے آخر میں پیش کیا جائے گا۔ فی الحال ان کے کمالِ شاعری اور مہارتِ فن کے متعلق بعض ایسے

ہوگیا۔ تاثرات پیش کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے جنھیں ان کے کلام کے مطالعہ اور اس کے مختلف پہلوؤں پر غور و فکر کا موقع ملا ہے۔

(۱) آہ صہبائی کا ارشاد ہے "بیآر مردِ خوش مذاق، حسنِ کلام سے مشہورِ آفاق تھے"۔[۴۵]

(۲) تاباں کش صابر کے بقول بیآر کے کلام میں " الفاظ کی شستگی اور زبان کی پاکی احاطۂ بیان سے خارج ہے"۔[۴۶]

(۳) نواب نورالحسن خاں کی رائے میں وہ "صاحب زبانِ معتبر اور استادِ قیامت کار" تھے۔[۴۷]

(۴) نواب علی حسن خاں لکھتے ہیں : "پرواز طائرِ خیالش بالاتر از گمانست۔ قوتِ بیان و لطفِ زبانِ اداگر از میر و مصحفی بیش نیست، ایں ہم نتواں گفت کہ کمتر است۔ ہاں تقدیمِ زمانی و تجدیدِ زبانی چیزے دیگر است"۔[۴۸]

(۵) لالہ سری رام کا قول ہے کہ "بیآر نے طبیعت مضمون خیز اور زبان نہایت صاف و شیریں پائی تھی۔ سوز و درد کے مضامین بالخصوص نہایت موثر و دلکش پیرائے میں نظم کرتے تھے"۔[۴۹]

(۶) نیاز فتح پوری نے بیآر کے شاگرد نظام رام پوری کے کلام پر تبصرے کے ذیل میں لکھا ہے کہ "بیآر نہ صرف خوش گو اور پرسوز شاعر تھے بلکہ ان کے کلام میں ایک زور بھی تھا جو بہت کم نظر آتا ہے۔ ان کا ایک مطلع ہے ؎

کون پرساں ہے حالِ بسمل کا ۔۔۔ خلق منہ دیکھتی ہے قاتل کا

میرے نزدیک بیآر کا یہ شعر ان اشعار میں سے ہے جو داد سے مستغنی ہیں اور جن کی کیفیت کا بیان الفاظ سے باہر ہے"۔[۵۰]

(۷) محمد علی خاں اثر رام پوری بیآر کے کلام کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں : "بیآر کا کلام پختہ اور استادانہ ہے۔ (وہ) مضمون آفرینی کے دلدادہ تھے۔ زبان شستہ اور صاف تھی لیکن کلام کو جابجا صنائع بدائع سے مرصع کیا ہے اور ایہام و تلمیح سے بہت کم شعر بچے ہیں۔ البتہ جہاں زبان کے صاف شعر لکھے ہیں وہ بلاشبہ بے حد دل آویز اور پسندیدہ ہیں۔ ان کے کلام کی خصوصیات میں ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اکثر اشعار میں جو مضمون پیدا کیا ہے، وہ مثالوں اور دلائل سے مستحکم ہے"۔[۵۱]

(۸) افسر صدیقی امروہوی رقم طراز ہیں : "بیآر ۔۔۔ (کو) ۔ فنِ شعر اور علمِ عروض و بیان پر عبور حاصل تھا۔ زبان پاکیزہ، طرزِ بیان شگفتہ اور الفاظ شستہ و رفتہ نظم کرنے کے خوگر تھے۔ طبیعت کی مضمون خیزی اور خیال کی ندرت اس پر سبحان اللہ! کلام کو دیکھیے، ہلکے ہلکے خوشبو دار اور خوش رنگ پھولوں کا ایک گلدستہ ہے جس کی ظاہری صورت دلکش اور باطنی خوبی روح افزا"۔[۵۲]

(۹) ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب بیآر کے کلام کی مختلف خصوصیات کے تجزیے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ جب وہ اپنی فطرت سے ہم آہنگ ہو کر شعر کہتے ہیں تو غزل کی غنائیت میں عظمت و رفعت کی پو پھٹنے لگتی ہے"۔[۵۳]

(۱۰) کلب علی خاں فائق رام پوری اپنے ایک مضمون "رام پور کا ادبی مرکز" میں بیآر اور ان کے دو شاگردوں نظام اور رسا کی خدمات

سراہتے ہوئے لکھتے ہیں: "ان لوگوں نے پرانی راہوں کو چھوڑ کر ایک نیا راستہ نکالا۔ زبان کی تراش خراش اور سلاست کو نئی جامہ پہنا کر وارداتِ عشق و محبت میر نظام الدین ممنون اور جرأت کی لے میں ادا کیے۔ بیآر کا کلام مدون ہو کر سامنے نہ آسکا اور بیشتر تلف ہو گیا۔ معاصرین ان کی سحر بیانی کے معترف تھے اور انہیں طرزِ نو کا بانی سمجھتے تھے۔ موجودہ کلام جو ہمارے سامنے ہے، اس سے ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ وہ غلط راستوں سے بچ کر ایک نیا راستہ تلاش کر رہے تھے اور اس میں کسی حد تک کامیاب بھی ہو چکے تھے۔"[۵۲]

ان میں سے بعض بیانات یقیناً مبالغہ آمیز یا خلافِ واقعہ ہیں لیکن بحیثیتِ مجموعی ان سے یہ اندازہ ضرور ہو جاتا ہے کہ بیآر اپنے دور کے ایک اہم شاعر اور ایک ممتاز استادِ سخن تھے اور رام پور میں جو ۱۸۵۷ء کے بعد ایک اہم ادبی مرکز قرار پایا، اردو شاعری کی بنیادیں استوار کرنے میں ان کا بڑا ہاتھ ہے۔

"بوستانِ خیال" کے اردو نظم میں ترجمے کے سلسلے میں قادر بخش صابر اور لالہ سری رام دونوں کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ بیآر نے اس داستان کے ایک حصے کا اردو نثر میں ترجمہ کیا تھا۔ ان حضرات نے شاعر کی حیثیت سے مترجم کی شہرت کے پیشِ نظر خیال کیا کہ یہ ترجمہ نظم میں ہوگا اور ان کے اس خیال نے اس غلط بیانی کے لیے راہ ہموار کر دی جو ان کے منقولۂ بالا بیانات میں پائی جاتی ہے۔ اسی غلط بیانی اور ثانوی ذرائع سے حاصل شدہ ناکافی معلومات کی بنا پر محررِ سطور نے بوستانِ خیال کے منظوم ترجمے اور "طلسمِ بیضا" کو ایک دوسرے سے مختلف خیال کرتے ہوئے اپنے ایک پرانے مضمون میں اول الذکر کا کوئی سراغ نہ ملنے اور آخر الذکر کے رضا لائبریری، رام پور میں موجود ہونے کی طرف اشارہ کیا تھا۔[۵۳] بعد کی تحریروں میں جناب افسر صدیقی امروہوی کا مندرجۂ ذیل بیان بھی مذکورۂ بالا دونوں تذکرہ نگاروں کی غلط تعبیرات کی صدائے بازگشت ہے۔ لکھتے ہیں:

"اپنے ولیِ نعمت کی فرمائش سے بوستانِ خیال کو نظم کرنا شروع کیا تھا مگر اس کے ابھی چند جز نہ ہوئے تھے کہ موت سدِ راہ ہو گئی۔"[۵۴]

"بوستانِ خیال" میں پانچ بڑے طلسم ہیں (۱) طلسمِ اجرام و اجسام (۲) طلسمِ سبع سیارہ (۳) طلسمِ بیضا (۴) طلسمِ اشراق (۵) طلسمِ حیرت کدۂ آصفی۔ ان پانچ طلسموں میں سے "طلسمِ بیضا" کا ترجمہ بیآر نے کیا ہے، باقی چار طلسموں کے ترجمے مہدی علی خاں ذکی مرادآبادی نے کیے تھے۔ بیآر کے اس ترجمے کا قلمی نسخہ جو چھپن[۵۵] جز اور پانچ اوراق پر مشتمل ہے، کاتبوں کا لکھا ہوا ہے۔[۵۶] اس کی کتابت بیآر کے انتقال کے تین ماہ بعد ۱۱ جمادی الثانی ۱۲۷۱ھ (یکم مارچ ۱۸۵۵ء) کو مکمل ہوئی ہے۔ ترجمے کی یہ خدمت بیآر نے اپنے "آقائے نامدار" کے حسب الحکم انجام دی تھی۔ مقدمے میں انہوں نے اس طرف ان الفاظ میں اشارہ کیا ہے:

"ہر چند یہ خاکسار علی بخش بیآر اتنی لیاقت نہ رکھتا تھا کہ عبارتِ فارسی کو اردو زبان میں ترجمہ کر سکے اہلِ زبان سے

دادِ خوش بیانی دی، لیکن بجا لانا حکم آں نامدار وحیدِ روزگار نواب محمد سعید خاں بہادر دام اقبالہٗ کا۔ فرضِ عین جان کر لکھنے ترجمہ طلسمِ بیضا کے میں کہ خلاصہ کتاب بستانِ خیال کا ہے، مصروف ہوا فصیحانِ روزگار سے امیدوار ہوں کہ غلطی محاورات سے چشم پوشی فرما کر معاف رکھیں۔"[۵۸]

بیمار صاف ستھری نثر لکھنے پر جو بے مثال قدرت رکھتے تھے، یہ ترجمہ اس پر شاہد ہے۔ ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب نے اس ترجمے کی مختلف خوبیاں ان الفاظ میں واضح کی ہیں:

"بیمار نے طلسمِ بیضا کے ترجمے میں بامحاورہ اور عام فہم زبان استعمال کی ہے اور اساتذۂ قدیم کی اتباع میں عبارت آرائی کا شوق پورا کرنے کے لیے ادق اور نامانوس الفاظ اور ترکیبوں کا استعمال نہیں کیا ہے وہ کہیں کہیں مقفّیٰ عبارت ضرور لکھتے ہیں جس سے قدیم داستانوں کی فضا پیدا ہو جاتی ہے۔ ترجمے کی خوبی یہ ہے کہ وہ اصل کے مطابق ہو اور قاری کو یہ شبہ نہ ہو کہ وہ ترجمہ ہے۔ طلسمِ بیضا کی یہ خوبی ہے کہ اس کی عبارت عام فہم ہے اور اس کو پڑھنے کے بعد ترجمے کا احساس نہیں ہوتا۔"[۵۹]

مندرجہ ذیل اقتباس سے سرسری طور پر اس ترجمے کی عمومی کیفیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے:

"ملکِ مغرب میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کی اولاد سے سیف الدولہ نام کا ایک بادشاہ تھا۔ خزانہ اس کا شمار سے باہر، فوج لشکرِ سلیمان کے برابر۔ عدل میں نوشیرواں اس کا غلام، سخاوت سے ہر ایک آسودہ، کیا خاص، کیا عام ہر شہر اور ہر قصبہ اور گاؤں میں عیش و نشاط کا چرچا، تمام ولایت میں رنج عنقا۔ مگر چراغِ سلطنت کہ بیٹے سے عبارت ہے، نہ رکھتا تھا۔ جب اس کا سنِ شریف ساٹھ کو پہنچا اور داڑھی میں سفیدی آئی، تختِ سلطنت کو چھوڑ کر گوشۂ عزلت اختیار کیا، ہر چند ارکانِ دولت نے عرض کیا کہ تقدیرِ الٰہی سے بیزار ہو کر بادشاہی سے دست بردار ہونا مناسب نہیں، ایسا نہ ہو کہ دشمن یہ خبر سن کر فساد اٹھا دیں اور ملکِ موروثی ہاتھ سے جاتا رہے، لیکن نصیحت نے کچھ فائدہ نہ کیا۔ ناچار سب امیر مایوس ہو کر رخصت ہوئے۔ وزیرِ باتدبیر کہ روشن ضمیر نام رکھتا تھا اور سات پشت سے وزارت کا منصب اس کے خاندان میں تھا، اس غم سے ایسا گھل گیا کہ بدن میں سوا پوست، استخواں کے کچھ باقی نہ رہا۔"[۶۰]

شاگردانِ بیمار کے بارے میں تفصیل کے ساتھ کچھ بتانا مشکل ہے۔ مختلف تذکروں کی ورق گردانی کے دوران جن شاگردوں کے نام سامنے آتے ہیں، ان کی مجموعی تعداد صرف پندرہ[۶۱] ہے۔ ایک استاد کی حیثیت سے بیمار کی شہرت کے پیشِ نظر قیاس یہ ہے کہ ان کے تلامذہ کی تعداد اس سے زیادہ ہو گی۔ جناب افسر صدیقی امروہوی نے "محنت و مشقت کے ساتھ تیار کیے ہوئے" ان شاگردوں

ہیں منشی انوار حسین تسلیم سہسوانی، منشی صابر حسین صبا برادر تسلیم مذکور، سید احمد علی رسا رام پوری اور سید زکریا شاہ نظام رام پوری کو بخصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر قرار دیا ہے۔[۶۱] لالہ سری رام کے بقول "تلامذۂ بیمار میں تسلیم سہسوانی نے درجۂ امتیاز پایا۔"[۶۲] محمد علی خاں اثر رام پوری ان کی اس رائے پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "مذکرۂ خم خانۂ جاوید نے بیمار کے شاگردوں میں صرف انوار حسین تسلیم سہسوانی کو ممتاز ظاہر کیا ہے۔ شاید انھیں یہ معلوم نہ ہو کہ بیمار کے رام پوری شاگردوں میں ایک بلند پایہ شاعر میر احمد علی رسا رام پوری بھی تھے جو استاذ الاساتذہ تھے۔"[۶۳]

منشی انوار حسین تسلیم (ولادت جون ۱۸۱۵ء، وفات ۹ مئی ۱۸۹۲ء) تلامذۂ بیمار میں اس اعتبار سے یقیناً درجۂ امتیاز کے حامل ہیں کہ وہ ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ اردو و فارسی نثر و نظم کی مختلف اصناف پر انھیں جو غیر معمولی قدرت حاصل تھی، وہ کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔ علاوہ بریں تاریخ گو کی حیثیت سے ان کا شمار اساتذۂ فن میں کیا جاتا ہے۔ منشی صابر حسین صبا (ولادت ۳۸-۱۸۳۷ء، وفات ۲۲ فروری ۱۸۹۶ء) نے اکثر تذکرہ نگاروں کے مطابق فارسی میں مولوی نجف علی خاں (صاحبِ درکشا و سفرنگِ دساتیر) سے اور اردو میں مولوی محمد ایوب گلشن مرادآبادی سے اصلاح لی تھی۔ اس کے علاوہ اپنے برادر بزرگ منشی انوار حسین تسلیم سے بھی کچھ دنوں تک مشورۂ سخن کیا تھا۔ لالہ سری رام واحد تذکرہ نگار ہیں جنھوں نے ان کے اساتذہ میں بیمار کا نام بھی لیا ہے۔[۶۴] صبا کے ایک شاگرد سید جمیل احمد جمیل سہسوانی کی ایک تحریر بھی اس سلسلۂ شاگردی کی تائید کرتی ہے۔[۶۵] اس لیے اس سے انکار تو نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم چونکہ بیمار کی وفات (۱۸۵۴ء) کے وقت صبا اپنی عمر کی اٹھارہویں منزل میں تھے، اس لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ انھوں نے مشقِ سخن کے ابتدائی زمانے میں کچھ دنوں تک بیمار کو اپنا کلام دکھایا ہوگا۔ سید احمد علی رسا رام پوری کے قادر الکلام غزل گو اور استاذ الاساتذہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ لالہ سری رام کو اس امر کا اعتراف ہے کہ ان کے کلام میں متانت اور تگیِ بندش کے علاوہ استادانہ رنگ کی جھلک موجود ہے۔ وہ اس حقیقت سے بھی باخبر ہیں کہ رام پور میں ان کے بیسیوں شاگرد تھے۔[۶۶] اس کے باوجود وہ تسلیم کو تلامذۂ بیمار میں سب سے ممتاز قرار دیتے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ شخصیت کی پہلوداری اور شہرت کے اعتبار سے کوئی دوسرا شاگرد ان کا ہم پایہ نہیں۔ اثر صاحب نے رسا کے ساتھ نظام رام پوری (متوفی ۲۸ اکتوبر ۱۸۷۲ء) کا نام نہ لے کر البتہ زیادتی کی ہے۔[۶۷] نظام کے ساتھ رسا کی طرح کوئی وسیع حلقۂ تلامذہ تو وابستہ نہیں تھا لیکن غزل گو کی حیثیت سے ان کا پایہ تلامذۂ بیمار میں یقیناً سب سے بلند ہے۔ عظمت و شہرت کے سلسلے میں اس قسم کے سارے اختلافات سے بالاتر ہو کر یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ بیمار کے شاگردوں میں تسلیم، رسا اور نظام تینوں ایسے شاعر ہیں جنھیں بجا طور پر فخرِ استاد کہا جا سکتا ہے۔

متذکرۂ بالا چار شاگردوں کے علاوہ بیمار کے جن تلامذہ کے بارے میں ہمیں معلومات ہو سکی ہے ان کے نام

مطبوعہ ذیل میں مت... سکتے جا سکتے ہیں یہ فہرست بنیادی طور پر "انتخابِ یادگار" کے حوالے سے تیار کی گئی ہے "یادگارِ ضیغم"

... سکے حالات کے ذیل میں ان گیارہ شاعروں میں سے صرف سات کے نام ملتے ہیں۔ گلستانِ سخن، شعرا، خم خانۂ جاوید اور بعض دوسرے تذکروں میں بھی ان میں سے چند شاعروں کا ذکر موجود ہے۔ [۶۸]

(۱) انکار، صاحبزادہ اصغر علی خاں ولد صاحبزادہ احمد یار خاں افسر، بیآر کے علاوہ احمد خاں غفلت، خواجہ حیدر علی آتش اور شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ سے بھی استفادہ کیا تھا۔ انتخابِ یادگار کی تالیف (۱۲۹۰ھ مطابق ۱۸۷۳ء) کے وقت اٹھاون [۵۸] برس کی عمر تھی۔

(۲) آتی، صاحبزادہ امیر اللہ خاں ولد صاحبزادہ حبیب اللہ خاں فرحت (متوفی ۵ رشعبان ۱۲۹۰ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۸۷۳ء) بیآر کے علاوہ شیخ کرامت علی شہیدی اور سید احمد علی رسا سے بھی مستفیض ہوتے تھے۔

(۳) بے چین، حاتم علی خاں "انتخابِ یادگار" کی تالیف کے زمانے میں چالیس [۴۰] برس کے تھے۔

(۴) تسلیم، حاتم خاں ۱۴ ربیع الاول ۱۲۷۲ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۸۵۵ء کو پینتالیس [۴۵] برس کی عمر میں وفات پائی۔

(۵) خاں زادہ، مبارک شاہ خاں "انتخابِ یادگار" کی تالیف کے زمانے میں تریپن [۵۳] برس کے تھے۔

(۶) ساکت، ہدایت علی خاں ۱۴ رجب ۱۲۷۹ھ مطابق ۵ جنوری ۱۸۶۳ء کو انتقال کیا۔

(۷) شفا، ابوالفتح سید محمد جعفر عرف میاں جعفر شاہ خلف شاہ سید علی بغدادی "انتخابِ یادگار" کی تالیف کے زمانے میں تریپن [۵۳] برس کے تھے۔

(۸) محو، محمد مجتبیٰ خاں خلف محمد ضیا خاں یاس "انتخابِ یادگار" کی تالیف کے وقت چوالیس [۴۴] برس کی عمر تھی۔

(۹) مہدی، صاحبزادہ مہدی علی خاں خلف صاحبزادہ محمد قاسم علی خاں ابن نواب محمد فیض اللہ خاں فرماں روائے رام پور۔ "انتخابِ یادگار" کی تالیف کے زمانے میں پینسٹھ [۶۵] برس کے تھے۔

(۱۰) واثق، سید جعفر شاہ ولد سید علی شاہ۔ بیآر اور رسا دونوں سے استفادہ کیا تھا۔ "انتخابِ یادگار" کی ترتیب کے وقت بچاس برس کے تھے۔

(۱۱) واقف، رسالدار عبدالقادر خاں ولد بہادر شاہ خاں "انتخابِ یادگار" کی تالیف کے زمانے میں ان کی عمر ساٹھ [۶۰] برس تھی

انتخابِ کلام

ملا نصیب ہمیں سنگِ رہگذر کا سا   کہ ٹھوکروں میں رہا سر کا عمر بھر کا سا

وہ بار بار ہمارے رونے پہ ہنستے آتے ہیں   معاملہ ہے بہم برق و ابرِ تر کا سا

نہ سر اٹھائیں گے ہم شوق سے لگا پتھر — کہ ہے خواص یہاں نخلِ بارور کا سا

نسیم! جانبِ بلبل سے کہہ یہ غنچوں کو — کہ تنگ دل نہ رکھیں بندگانِ زر کا سا

برنگِ غنچہ و گل کیا کہے سنے بیمار — کہ گنگ کی سی زباں ہے تو گوش کر کا سا

گل کھلے، سبزہ اگا، صرصر گئی، آئی بہار — چار سو گلزار میں غل ہے مبارک باد کا

سخت حالی پر مری کیا کیا جنوں کو ناز ہیں — ٹوٹ کر شہ رگ میں نشتر رہ گیا فصاد کا

یار سے سوزِ جگر کا ہم گلہ کرنے کو تھے — رہ گئی عزت کہ دل میں درد پیدا ہو گیا

جس کسی نے دل دیا ان کو چھپے چوری دیا — ایک میں کم بخت ناداں تھا کہ رسوا ہو گیا

بھولی جو ایک دم کو گریباں دری ہمیں — وحشت نے یادِ دامنِ صحرا دلا دیا

قرباں جائیے ترے شوقِ ظہور کے — دے کر فریب خاک میں ہم کو ملا دیا

اس وقت رکھ لیا جو دل اس نے تو کیا ہوا — کافر نہ پھیر دے کہیں ایماں لیا ہوا

کہہ دو خیالِ نرگسِ مخمورِ یار سے — دل خانۂ خدا نہ ہوا میکدہ ہوا

روئیں ترے ستم سے بھلا کس کے سامنے — اتنا بھی تو کوئی نہیں کہتا، برا ہوا

بیمار دے چکے ہیں ابھی تو وہ امتحاں — کم بخت پھر دوا کا تجھے حوصلہ ہوا

نہ بناتا جو دن جدائی کا — کیا بگڑتا تری خدائی کا

یار نے دیر تک گلے مل کر — داغ دل پر دیا جدائی کا

لالہ رکھتا ہے اپنے سینے پر — داغ ان کے کفِ حنائی کا

کل تھے رندی سے مجتہد بیمار — آج دعویٰ ہے پارسائی کا

غبار ہوتا اگر مرا تو نہ جاتی اڑ کے صرصر — نہ جسم سے سر سا درِ صنم پہ پڑا ہوا اس اسیرِ آذری کا

ہزار سینے میں سرخ چھالے، جگر میں کتنے ہیں داغ کالے — رومال کیے آنسوؤں نے سارے یہ حال یارب ہو کس کا

کون پرساں ہے حالِ بسمل کا — خلق منہ دیکھتی ہے قاتل کا

مردنی چھا گئی مرے منہ پر — رنگ بدلا نہ ان کی محفل کا

جاں کنی عاشقی سے آساں ہے — کام مشکل ہے کاوشِ دل کا

لبِ جو کون سیر کو آیا — موج منہ چومتی ہے ساحل کا

سانس آہستہ لیجئے بیمار
ٹوٹ جائے نہ آبلہ دل کا

قصد کس مقدور پر کیجے بتوں کی چاہ کا
ہم وہ مفلس ہیں کہ گھر میں نام ہے اللہ کا

اس عفو کار نے دنیا سے مٹائے نقشے
اور عالم ہو کوئی صانعِ قدرت پیدا

ایک بھی بیمار نے باقی نہیں چھوڑا گناہ
رحمتِ حق پر ہے ایسا کوئی نازل دوسرا

کہاں تک اہلِ وفا ضبطِ آہ کا یارا
کہ انتہا کو ستم اب تو یار کا پہنچا

وہ ہوا سے آئی ابھر پیشتر کی چوٹ
لا ساقیا شراب کہ سینکیں جگر کی چوٹ

ہو گئی سجدوں سے بت خانے کے پیشانی سیاہ
کیا کہیں گے مجھ کو کعبے میں مسلماں دیکھ کر

کیوں نہ آلودہ ہوں صافی دل بہر ورِ خاک میں
آئینہ جوہر چھپا لیتا ہے مل کر خاک میں

طالعِ بیدار نے بخشا ہے عشقِ بوتراب
سوئیں گے آرام سے تا روزِ محشر خاک میں

روحِ بلبل کر گئی پرواز آتے ہی خزاں
کچھ ہوا میں اڑتے ہیں کچھ مل گئے پر خاک میں

عطر مٹی کا ملو خاکستر کا پہنو قبا
ایک دن آلودہ ہونا ہے مقرر خاک میں

عہدِ پیری میں نہ رکھ دنیا سے اے بیمار کام
گل ملا دیتا ہے ہنگامِ خزاں زر خاک میں

طول سے لپٹی ہے ان کی زلف پیچاں پاؤں میں
بیڑیاں پہنے ہے گویا ماہِ کنعاں پاؤں میں

کچھ بھی ہے سر پاؤں یا رب ظالموں سے ظلم کا
ملتے ہیں جائے حنا خونِ شہیداں پاؤں میں

منزلِ نو میں نہیں ہر شب تمہارا ہی قیام
اپنے بھی چکر ہے اے ماہِ درخشاں پاؤں میں

سر پرستی سے جنوں کی ہاتھ اٹھائیں گے نہ ہم
گو پڑیں چھالے چبھیں خارِ مغیلاں پاؤں میں

کوئے جاناں میں نہ جا برپا ہے ہنگامہ وہاں
مفت پس جائے گا اے بیمار ناداں پاؤں میں

مسجد میں پی شراب، پڑھی دیر میں نماز
بیمار کو شعور کسی بات کا نہیں

میں دل میں تخمِ وفا بو کے سخت پچھتایا
کہ بے ثمر بھی ہے سایہ بھی اس شجر میں نہیں

آبِ رحمت سے ہمیں اشکِ ندامت ہے عزیز
یہ وہ پانی ہے کہ جس سے کشتِ ایماں سبز ہو

مے پیو شوق سے رحمت کے طلب گار رہو
مگر اتنی کہ نہ غافل ہو نہ ہشیار رہو

عقلِ کل مجھ کو سمجھتے تھے فرشتے کل تک
آج دیوانہ بتاتے ہیں پری رو مجھ کو

بیاں ہو عیبِ طبیعت یہ ہو چکا مجھ سے
خدا کرے کہ نہ پوچھیں وہ مدعا مجھ سے

کدۂ عشق میں جس پریہاں اسیر کیا — عدم میں کیا وہ خدایا ہوئی خطا مجھ سے
گیا نہ بزم بتاں میں نہ آپ میں آیا — کہیں نہ ہوں گے زمانے میں بد نما مجھ سے
کیا سفر کا ارادہ جو بزم جاناں سے — کوئی گلے نہ ملا موت کے سوا مجھ سے
کہیں سنی ہیں یہ نازک مزاجیاں بیمار — کہ اٹھ سکی نہ حسینوں کی التجا مجھ سے

نہ دل میں لہو ہے نہ آنکھوں میں آنسو — کیے غم نے خالی مکاں کیسے کیسے
خدا کے کشتوں پہ بہت مہرباں ہے — دیے ابر کے سائباں کیسے کیسے
نہ پہنچا کوئی ان کے در تک سلامت، — لٹے راہ میں کارواں کیسے کیسے
لب یار سے نظم بیمار سن کر — ہے دنگ معجز بیاں کیسے کیسے

اب اور آرزو نہ رہی اے خدا مجھے — کیا درد دل دیا کہ سبھی کچھ دیا مجھے
او بدگماں کہاں ہیں، کہاں محفل نشاط — بزم عزا میں بھی نہیں ملتی ہے جا مجھے
کعبہ سمجھ لیا ہے مگر کوے یار کو — بے امتیاز جانتے ہیں پارسا مجھے

وہ سن کر حال میرا کچھ نہ بولے — مگر ہر بات پر گردن ہلا کی
یہ زلفیں کیا مرا دل چھین لیتیں — ستم گر تیری آنکھوں نے دغا کی
نہ جینے دے گی وحشت بتکدے میں — اٹھو بیمار جو مرضی خدا کی

ہر روز وہ پھر جاتے ہیں در تک مرے آکر — کچھ جذب محبت کو لگی ہے نظر ایسی

حال دل بیمار نہیں ضبط کے قابل — لیکن وہ زباں مجھ کو ہلانے نہیں دیتے

موت سے بھاگنے لگے بیمار — کیا اسے تم سکھا گئے مجھے

جنت میں حیات ابدی خاک ملے گی — دنیا میں تو مانگے نہ ملی موت خدا سے

حواشی

• (۱) سخن شعرا، عکسی ایڈیشن شائع کردہ اترپردیش اردو اکاڈمی، لکھنؤ (۱۹۸۲ء) ص ص ۷۷، ۷۸ — پروفیسر ابو محمد سحر نے "مطالعہ امیر" (شائع کردہ نسیم بکڈپو، لکھنؤ، ۱۹۶۵ء) میں غالباً ناسخ ہی کے اتباع میں بیمار کا ذکر الٰہی بخش سے ماسبق کیا ہے۔ (ص ۵۵) • (۲) اس سلسلے میں ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب کا یہ بیان کہ بیمار کی پیدائش آنولہ میں ہوئی جس پر بیشتر تذکرہ نگار متفق ہیں، (چند شعرائے بریلی ہیں ۱۰۷) یکسر خلاف واقعہ ہے۔ • (۳) انتخاب یادگار، عکسی ایڈیشن شائع کردہ

اترپردیش اردو اکادمی، لکھنؤ (۱۹۸۲ء) ص ۸۱، ۸۲ ۰ (۴) بحوالہ مضمون "تسلیم سہسوانی" از مرزا احمد شاہ بیگ جوہر مرادآبادی مشمولہ ماہنامہ "العلم" کراچی، شمارہ اپریل تا جون ۱۹۷۱ء ص ۱۱۷ ۰ (۵) گلستانِ سخن، عکسی ایڈیشن شائع کردہ اترپردیش اردو اکادمی، لکھنؤ (۱۹۸۲ء) ص ۱۶۰ ۰ (۶) سخنِ شعرا ص ۷۷ ۰ (۷) انتخابِ یادگار ص ۸۱ ۰ (۸) تذکرۂ شعرائے رام پور (قلمی) مخزونہ رضا لائبریری، رام پور ۰ (۹) یادگارِ ضیغم (قلمی) مخزونہ ادارۂ ادبیاتِ اردو، حیدرآباد ص ۱۱۲ ۰ (۱۰) طورِ کلیم مطبوعہ مطبع مفیدِ عام، آگرہ (۱۸۸۱ء) ص ۱۹ ۰ (۱۱) بزمِ سخن مطبوعہ مطبع مفیدِ عام، آگرہ (۱۸۸۱ء) ص ۲۵ ۰ (۱۲) خم خانۂ جاوید، جلد اول (مطبوعہ ۱۹۰۸ء) ص ۴۶۸ ۰ (۱۳) ماہنامہ "نگار" لکھنؤ، مومن نمبر (۱۹۲۸ء) ص ۵ ۰ (۱۴) رام پور کا احوالِ شعر و سخن، مضمون مشمولہ ماہنامہ "نگار" لکھنؤ شمارہ ستمبر ۱۹۵۸ء، ص ۲۴ ۰ (۱۵) مومن شائع کردہ مجلسِ ترقیِ ادب، لاہور (۱۹۶۱ء) ص ۱۳۵ ۰ (۱۶) مصحفی۔ حیات و کلام، شائع کردہ مکتبہ نیا دور، کراچی ص ۵۶ ۰ (۱۷) تلامذۂ مصحفی، شائع کردہ مکتبہ نیا دور، کراچی ص ۷۵ ۰ (۱۸) بیاضِ رفعت (قلمی) مملوکہ جناب کالی داس گپتا رضا، ص ۸۳ بحوالہ ماہنامہ "شاعر" بمبئی، جلد نمبر ۵۲، شمارہ نمبر ۵، ۶ (۱۹۸۱ء) ص ۳۷ ۰ (۱۹) حکیم سعادت علی خاں نے ۵ محرم ۱۲۸۲ھ (۳۰ جون ۱۸۶۵ء) کو وفات پائی۔ ان کے حالات کے لیے "اخبار الصنادید" (از نجم الغنی رام پوری) اور "جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء" (از ایوب قادری) شائع کردہ پاک اکیڈمی، کراچی (۱۹۷۶ء) کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے۔ ۰ (۲۰) انتخابِ یادگار ص ۸۱ ۰ (۲۱) یادگارِ ضیغم (قلمی) ص ۱۲۲ ۰ (۲۲) طورِ کلیم ص ۲۰ ۰ (۲۳) ماہنامہ "نگار" لکھنؤ، شمارہ ستمبر ۱۹۵۸ء ص ۲۴ ۰ (۲۴) مومن ص ۱۳۶ ۰ (۲۵) تین تذکرے، شائع کردہ مکتبۂ برہان، دہلی (۱۹۶۸ء) ص ۴۲ و ۴۳ ۰ (۲۶) مکتوب بنام راقم الحروف مورخہ ۱۶ ستمبر ۱۹۵۸ء ۰ (۲۷) ماہنامہ "نگار" لکھنؤ، مومن نمبر ص ۰ (۲۸) حیاتِ مومن ص ۴۷، بحوالہ مومن ص ۱۳۶ ۰ (۲۹) امیر مینائی نے غفلت کی تاریخِ وفات یکم ذی الحجہ ۱۲۵۹ھ (۲۳ دسمبر ۱۸۴۳ء) لکھی ہے (انتخابِ یادگار ص ۲۶۶) بعد کے تمام مصنفین بھی اسی تاریخ پر متفق ہیں لیکن منشی انوار حسین تسلیم سہسوانی کے مندرجہ ذیل قطعۂ تاریخ (مشمولہ "ملخصِ تسلیم"، ص ۳۲) سے ۱۲۶۲ھ (۱۸۴۶ء) برآمد ہوتا ہے ؎

چوں بہ فردوسِ بریں احمد خاں — کرد زیں عالمِ فانی رحلت
گفت تسلیم بہ سالِ ماتم — "طوطیِ روح" پرید از "غفلت"

اس تاریخ سے مطلوبہ سنہ (۱۲۶۲ھ) "غفلت" کے اعداد (۱۵۱۰) سے "طوطیِ روح" کے عدد (۲۴۸) خارج کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ چونکہ یہ غفلت کے سالِ وفات سے متعلق قدیم ترین روایت ہے، اس لیے امیر مینائی کی بیان کردہ تاریخ کے مقابلے میں قابلِ ترجیح ہے۔

(۳۰) موٴمن ص ۱۳۷۔ (۳۱) تاریخِ ادبیاتِ مسلمانانِ پاکستان و ہند، شائع کردہ پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد ہشتم ص ۲۴۱۔ (۳۲)
موٴمن ص ۱۳۶۔ (۳۳) گلشنِ بے خار طبع اول (۱۸۳۷) مطبوعہ مطبع دہلی اخبار دہلی ص ۲۶۹۔ (۳۴) انشائے موٴمن، مرتبہ و
مترجمہ پروفیسر ظہیر احمد صدیقی، شائع کردہ غالب اکیڈمی نئی دہلی (مارچ ۱۹۷۷) ص ۳۸۔ (۳۵) اس واقعۂ قتل کی تفصیلات
جناب مالک رام کے مضمون "نواب شمس الدین احمد خاں" مشمولہ "فسانۂ غالب" شائع کردہ مکتبہ جامعہ نئی دہلی (جنوری ۱۹۷۷)
میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (۳۶) انتخابِ یادگار ص ۸۲۔ یادگارِ ضیغم کے نسخۂ مطبوعہ (ذکر رسا ص ۱۵۰) میں تاریخِ وفات
بیسویں ربیع الاول بتائی گئی ہے، لیکن یہ کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے کیونکہ اس تذکرے کے قلمی نسخے میں بھی ۲۴ ربیع الاول
ہی درج ہے۔ جناب محمد علی خاں اثر رام پوری نے اپنے مضمون "علی بخش بیمار اور ان کا کلام" کے آغاز میں "انتخابِ یادگار"
سے بیمار کا حال بطور اقتباس نقل کیا ہے۔ واوین کے اندر نقل کیے ہوئے اس اقتباس میں غیر ضروری طور پر جو لفظی و معنوی
تبدیلیاں کی گئی ہیں، ان سے بیمار کی تاریخِ وفات بھی متاثر ہوئی ہے۔ اس اقتباس کے مطابق انھوں نے "۲۰ ربیع الاول
۱۲۱۰ھ کو رحلت کی" (سہ ماہی اردو ادب شمارہ جولائی تا دسمبر ۱۹۵۲ء ص ۲۳۲)۔ (۳۷) تلامذۂ مصحفی ص ۵۷۔ (۳۸)
خم خانۂ جاوید، جلد اول ص ۴۶۸۔ (۳۹) طورِ کلیم ص ۲۰۔ (۴۰) انتخابِ یادگار ص ۸۲ و یادگارِ ضیغم (قلمی) ص ۱۲۲۔ (۴۱)
خم خانۂ جاوید جلد اول ۴۶۸۔ (۴۲) نسخۂ رام پور سے متعلق یہ تفصیلات ایک پرانی یادداشت پر مبنی ہیں۔ فی الوقت ان کی تصدیق
ممکن نہیں اس لیے ان کے مکمل طور پر صحیح ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔ (۴۳) اشعار کی تعداد کا تعین نسخۂ بنارس کی بنیاد پر
کیا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ نسخۂ رام پور میں یہ تعداد اس سے کچھ زیادہ ہو کیونکہ قرأت کی دشواری یا ناقل کے سہو کی بنیاد پر بعض اشعار
کا چھوٹ جانا بعید از امکان نہیں۔ (۴۴) اثر صاحب نے اپنے مضمون میں اس مجموعۂ کلام کو "بوسیدہ اور پراگندہ اوراقِ دیوان"
سے تعبیر کیا ہے جن میں [illegible] غزلیں، دو ایک مخمس، ایک قصیدہ اور ۶ رباعیاں، ایک نعتیہ تضمین، محفوظ ہے (سہ ماہی اردو
ادب، شمارہ جولائی تا دسمبر ۱۹۵۲ء) اس تفصیل کے پیشِ نظر اس نسخے میں "کچھ قصیدوں" کی موجودگی سے متعلق جناب
اثر صدیقی کی روایت درست نہیں معلوم ہوتی۔ (۴۵) انتخابِ یادگار ص ۸۱۔ (۴۶) گلستانِ سخن ص ۱۶۰۔ (۴۷)
طورِ کلیم ص ۲۰۔ (۴۸) بزمِ سخن ص ۲۵۔ (۴۹) خم خانۂ جاوید، جلد اول ص ۱۸۴۔ (۵۰) انتقادیات جلد اول ص ۲۰۔ (۵۱)
سہ ماہی "اردو ادب" علی گڑھ، شمارہ جولائی تا دسمبر ۱۹۵۲ء ص ۲۳۲۔ (۵۲) تلامذۂ مصحفی ص ۵۸۔ (۵۳) چند شعرائے
بریلی، مطبوعہ تنویر پریس، لکھنؤ (۱۹۷۶) ص ۱۱۵۔ (۵۴) ماہنامہ "نگار" لکھنؤ، شمارہ مارچ ۱۹۵۳ء ص ۸۹۔ (۵۵)
شیخ علی بخش بیمار۔ ماہنامہ "نیا دور" لکھنؤ، شمارہ جولائی ۱۹۶۳ء ص ۱۲۔ (۵۶) تلامذۂ مصحفی ص ۵۸۔ (۵۷) "بوستانِ
خیال" کے تراجم سے متعلق یہ تفصیلات ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب کے مضمون "شیخ علی بخش بیمار" سے ماخوذ ہیں (چند شعرائے

(۵۸) بحوالہ چند شعرائے بریلی، ص ۱۱۱ ۔ (۵۹) چند شعرائے بریلی ص ۱۱۲ ۔ (۶۰) بحوالہ چند شعرائے بریلی، ص ۱۱۱ اور ۱۱۲ ۔ (۶۱) تلامذۂ مصحفی ص ۵۸ ۔ (۶۲) خمخانۂ جاوید، جلد اول ص ۴۶۸ ۔ (۶۳) سہ ماہی "اردو ادب" شمارہ جولائی تا دسمبر ۱۹۵۲ء ص ۲۳۳ ۔ (۶۴) خمخانۂ جاوید، جلد پنجم مرتبہ پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی ص ۲۶۶ ۔
(۶۵) تخمیس غزل جناب منشی محمد صابر حسین صاحب صبا مرحوم سہسوانی تلمیذ بیارہ۔ "ثمرۂ فصاحت" مطبوعہ مطبع سلطانی بھوپال ص ۳ ۔ ۴ ۔ (۶۶) خمخانۂ جاوید جلد سوم مطبوعہ ۱۹۱۷ء ص ۳۸۳ ۔ ۳۸۴ ۔ (۶۷) بیارا ور ان کے شاگردوں کے بارے میں اثر صاحب کی معلومات کا بنیادی ماخذ امیر مینائی کا تذکرہ "انتخاب یادگار" ہے۔ اس تذکرے میں نظام کے بیار سے مستفید ہونے کا ذکر واضح طور پر موجود ہے لیکن اثر صاحب نے انھیں بیار کے شاگردوں کے حلقے سے باہر رکھا ہے اور اس کے لیے کوئی وجہ بھی نہیں بتائی ۔ (۶۸) جناب اثر رام پوری نے اپنے مضمون میں "بیار کے رام پوری شاگرد" کے زیر عنوان صرف آٹھ شاعروں کے نام لیے ہیں جو انھی کی قائم کردہ ترتیب کے مطابق درج ذیل ہیں :
حاتم خاں تسلیم تخلص، مبارک شاہ خاں، خانزادہ تخلص، صاحبزادہ مہدی علی خاں، مہدی تخلص، عبدالقادر خاں رسالدار، واقف تخلص، حاتم علی خاں، بیچین تخلص، سید جعفر شاہ، واثق، صاحبزادہ امیر اللہ خاں (امیر) تخلص، امیر احمد علی، رسا رام پوری۔ جناب راز یزدانی نے بھی "رام پور کا ماحول شعر و سخن" میں بیار کے صرف آٹھ شاگردوں ہی کا ذکر کیا ہے لیکن ان میں کچھ نام اثر صاحب کی پیش کردہ فہرست سے مختلف ہیں۔ راز صاحب نے ان شاعروں کو رام پور کے اس مشہور و معروف سلسلۂ شعرا میں شمار کیا ہے جس نے متاخرین کے دور اول کو اردو غزل میں ایک نیا اسلوب عطا کر دیا۔ انھوں نے ان کے نام حسب ذیل ترتیب کے مطابق درج کیے ہیں :
(۱) ہدایت خاں ساکت (۲) سید محمد ذکریا شاہ نظام، (۳) عبدالقادر خاں واقف، (۴) مبارک شاہ خاں خانزادہ، (۵) سید جعفر شاہ شفا، (۶) محمد مجتبیٰ خاں محو، (۷) حاتم علی خاں بے چین (۸) سید احمد علی رسا ۔

٭

نقی احمد ارشاد

شاد عظیم آبادی کی لوک کہانیاں اور افسانے

شاد عظیم آبادی نے ۱۳۱۱ھ میں "لوک کہانیاں بھی لکھیں اور چند افسانے بھی، مگر تعجب ہے کہ اہل قلم نے اس طرف توجہ نہ کی۔ یہ صحیح ہے کہ انھوں نے اس سبجکٹ پر کتابیں شائع نہ کیں۔ جہاں تک 'لوک کہانیوں' کا تعلق ہے، ایک ہی لوک کہانی ۱۳۱۱ھ میں صورت الخیال کی جلد دوم 'ہیئۃ المقال' میں' ایک بے وفا مرد کی حکایت" کے نام سے شائع ہوئی اور دوسری مختصر لوک کہانیاں' اردو تعلیم' ۲۰ ر دسمبر ۱۹۰۵ء میں شائع ہوئیں۔ اس مضمون میں چند لوک کہانیوں کی نقلیں پیش کی جائیں گی۔

اُردو میں شاد کی لکھی 'لوک کہانیوں کے پہلے کسی لوک کہانی کا وجود نہ تھا کیونکہ لوک کہانیاں شہروں میں رہنے والے نہ سنتے تھے اور نہ ان سے آگاہ تھے۔ دیہاتوں میں رہنے والے بالخصوص قبائلیوں کے یہاں لوک کہانیوں کا رواج تھا۔ عرب میں ظہور اسلام سے تقریباً تین سو سال پہلے عرب باشندے جن کو تاریخوں میں 'تاجیک' عرب کہتے ہیں جہاز رانی میں بے مثل تھے۔ ان کے چھوٹے چھوٹے جہاز

فلک جو بادبان اور ہواؤں کے سہارے جزیرہ نما عرب بالخصوص عدن و یمن سے افریقہ کے مشرقی حصّہ کا چکر لگاتے تھے اور بحرِ عرب سے لنکا، جاوا، ساترا، ملایا اور مشرقی بنگال تک پہنچ جاتے تھے۔ بعد ظہورِ اسلام جب کل عرب نے اسلام قبول کیا، ان عربوں کے ذریعہ سوماترا، بورنیو، جاوا اور ملایا میں اسلام پھیلا۔

قبلِ اسلام بعض تاجر سرحدِ چین تک پہنچ گئے تھے۔ اپنے اپنے گھروں پر واپس آنے کے بعد وہ اپنے بحری سفر اور تجربات کو بیان کرتے تھے۔ اس طرح ان کے بیان کیے ہوئے سچے قصے نے "لوک کہانیوں کی شکلیں اختیار کرلیں جن کو بعد میں رابرٹ لوئی اسٹیونسن Robert Louis Stevenson نے بصورت Arabian Nights 'الف لیلہ' پیش کیا۔ الف لیلہ نے قدیم لوک کہانیوں کو جو عرب کے دیہاتوں میں مروج تھیں بصورت ناول پیش کیا۔ سابق لوک کہانیاں اصلی حالت میں باقی نہ رہیں بلکہ آمیزشوں سے داستانیں بن گئیں۔

یہ لوک کہانیاں صرف دیہاتوں کے عربوں یعنی قریوں کے ان پڑھ عربوں کے دلوں میں محفوظ رہ گئیں۔ جب لکھنے پڑھنے کا رواج عام ہوا تو نئی نئی ایجادوں اور آمیزشوں سے سیدھے سپاٹ قصے بصورت داستان چھاپے گئے۔

خود ہندوستان جنت نشان میں لوک کہانیاں صرف دیہاتوں کے رہنے والے قبائل جانتے تھے۔ ان کی کوئی ادبی اہمیت نہیں تھی۔ عرب کی لوک کہانیاں تو داستانیں بن گئیں مگر ہندوستان میں انگریزوں کی آمد کے بعد بعض مسیحی پادریوں نے جو تبلیغ دین کے لیے دور دراز قبائلی علاقوں میں جاتے تھے۔ انھوں نے قبائلی زبانیں سیکھ کے ان لوک کہانیوں کو رومن رسم الخط میں محفوظ کر دیا تھا۔ چنانچہ "کولیس گرو" ایک سنتھال کی بیان کی ہوئی 'لوک کہانیوں کو ایک انگریز مسیحی پادری نے کتابی شکل دی جن کا نام ہے" ہوڑ ہپڑام کوریا' کہانی کو"۔ جب سے پڑھے لکھے لوگوں میں بھی سنتھال 'لوک کہانیاں مقبول ہوئیں اور ڈبلیو۔ جی۔ آرچر ای۔ سی۔ اس۔ ڈپٹی کمشنر سنتھال پرگنہ نے ان کہانیوں کا الگ سے مجموعہ رومن رسم الخط میں شائع کرا دیا۔ یہ زمانہ ۱۹۴۵ء کی بات ہے۔ ایک نہایت مختصر سنتھال لوک کہانی ملاحظہ ہو

" کہتے ہیں کہ ایک میمنا (بکری کا بچہ) بہت پیاسا تھا۔ تلاشِ آب میں اس نے جنگل چھان مارا مگر کہیں پانی نہیں ملا۔ اس کی نظر ایک پہاڑی جھرنے پر پڑی۔ جہاں

تھوڑا تھوڑا بہتا ہوا پانی نظر آیا جو سر کو مے سے گھاٹ کی طرف بہتا تھا۔ بکری کا بچہ دوڑا دوڑا نیچے کے حصہ میں پہنچا۔ جیسے ہی اس نے پانی پر منہ رکھا کہ بالا ئے کوہ ایک بھیڑیا نظر آیا۔ بھیڑیے نے اس سے سوال کیا۔ "کیوں بے! میرے پینے کے پانی کو تو کیوں جوٹھا کرتا ہے"؟

میمنے نے جواب دیا۔

"جناب والا۔ آپ اُوپر کے حصے سے پانی پیتے ہیں۔ میں نیچے کے حصہ سے پیتا ہوں۔ گویا آپ کا جوٹھا پانی میں پیتا ہوں۔ آپ کا پانی کیسے جوٹھا ہوا"

بھیڑیے نے شرمندہ ہو کے جواب دیا:

"اچھا اچھا! اب تو یہ بتا کہ تو نے دو سال پہلے مجھکو گالیاں کیوں دی تھیں!

مینا بولا۔ "واہ جناب! خوب! دو سال پہلے تو میں پیدا بھی نہیں ہوا تھا۔ تب کس نے گالیاں دیں"۔

بھیڑیا بولا۔ "تم نے گالی دی ہو یا نہ دی ہو، تیرے باپ نے گالی دی تھی۔ تیرے باپ نے نہیں تو تیرے دادا نے گالی دی ہو۔ اب تو میرے پنجے سے بچ کے نہیں جا سکتا"۔ الغرض بہانہ نکال کے وہ بھیڑیا، اُس بچہ کو کھا گیا۔

اسی قسم کے سنتھالی زبان میں اور بھی اخلاقی قصے ہیں۔ اردو داں تو شہروں میں رہتے تھے۔ اس لیے زیادہ تر بہ تقلید فارسی غزلیں کہتے تھے یا مثنویاں غالبًا اس کا خیال کر کے شاد عظیم آبادی نے ناول نگاری کے سلسلے میں صورت الخیال کی تین جلدوں میں جلد دوم میں ایک لوک کہانی تحریر کی ہے۔

ولایتی جس کا قصہ ہے، کلکتہ سے پٹنہ کے لیے اپنے شوہر کرم حسین خاں کے ساتھ بذریعہ کشتی روانہ ہوتی ہے۔ راستہ میں مسماۃ سوہن اور اس کا مجرم بیٹا دونوں اسی کشتی میں سوار ہوتے ہیں۔ کرم حسین خاں سوہن کے بیٹے کو کلکتہ کا خریدا ہوا موتی دکھاتے ہیں اور اس کی تعریف مبالغہ آمیز لہجہ میں بیان کرتے ہیں۔ ان کو معلوم نہ تھا کہ سوہن کا بیٹا فراری مجرم ہے اور چور ہے۔ جب رات کو سب کشتی میں سو جاتے ہیں تو چوری کرنے کے لیے وہ ہاتھ کرم حسین خاں کے دھوکے میں ولایتی پر بڑھا دیتا ہے۔ ولایتی دریا میں گر پڑتی ہے اور بہتے بہتے گنگا کے کنارے اترتی ہے۔ یہاں اس سے رکھمن نامی دیہات

کی رہنے والی عورت سے ملاقات ہوتی ہے۔ رکمن ہندو عورت ہے اور اس کے گھر میں ایک بچہ سخت بیمار ہے۔ ولایتی اس بچہ کا علاج کرتی ہے اور وہ اچھا ہو جاتا ہے۔

ولایتی کی دردبھری کہانی سن کے رکمن سمجھتی ہے کہ اس کا شوہر دغاباز مرد ہے۔ چنانچہ رکمن کی زبانی "شاذ ایک مرد بے وفا کی حکایت" بیان کرتے ہیں جو لوک کہانی بہار کے ہندو گھرانوں میں مروج ہوگی۔

"ولایتی۔ رکمن نے کہا" ایک شہر میں دو میاں بیوی رہتے تھے۔ ان کے چھوٹے چھوٹے بچے بھی تھے۔ میاں اپنی بیوی اور بچوں کو حد سے زیادہ پیار کرتے تھے۔ مکان کی چھت میں چڑیا کے جوڑے نے گھونسلا لگا کر انڈے دیے۔ جب انڈوں سے بچے نکلے تو کبھی چڑا اور کبھی چڑیا اپنی چونچ سے کھلانے لگے۔ غرض ہر وقت یہی کارخانہ جاری تھا۔ چڑیا کھلا کر نکلتی تو چڑا کھلانے اندر جاتا۔ یہ دونوں میاں بیوی بیٹھے تماشا دیکھا کرتے تھے۔

ایک دن دیکھتے دیکھتے بیوی نے ٹھنڈی سانس بھر کر میاں سے کہا "دیکھتے ہو چڑے کو بچوں سے کیسی محبت ہے، مگر چونکہ نر ہے اس لیے یہ محبت محض بے اعتبار ہے۔ ابھی چڑیا اگر مر جائے تو چڑا دوسری مادہ لے آئے گا اور بچوں کی خاطرداری چھوڑ کر الگ ہو جائے گا۔" میاں نے کہا "نہیں جی! لاحول ولا قوۃ! بھلا ایسا کیا کہ ان بچوں کی اور چڑیا کی محبت دفعتاً اس کے دل سے غائب ہو جائے!" بیوی نے کہا "ہاں! ایسا ہی ہے!"

ہونے والی بات۔ چڑیا کو کسی جانور نے کاٹ لیا۔ وہ گھونسلے کے سرے پر بیٹھی تھی۔ فوراً نیچے گری اور مر گئی۔ بیوی نے آنکھوں میں آنسو بھر کے میاں سے کہا۔ "دیکھا! چڑیا بچاری مر گئی۔ اب اس کے بچوں کا خدا ہی حافظ ہے۔ میاں کو بہت افسوس ہوا اور کہا۔ "نہیں بی بی! چڑا ضرور ان بچوں کو پال نکالے گا۔" چڑا جو آیا تو اس نے چڑیا کو نہ پایا۔ گھبرا گھبرا کے کبھی شہتیر پر بیٹھا، کبھی کھمبے پر، کبھی چڑیا کی لاش کے پاس آیا۔ چوں چوں کر کے ایسا غل مچایا، گویا مادہ کے غم میں روتا ہے۔

میاں نے یہ دیکھ کر بیوی سے کہا "دیکھو! نر بچارے کو، اپنی مادہ کا اسے کیسا غم ہے۔" میاں بیوی میں باتیں ہو رہی تھیں کہ چڑا اڑ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک دوسری چڑیا کو اپنے ساتھ لگا لایا۔ بیوی نے کہا "دیکھا! اب وہ دوسری چڑیا لے آیا۔"

وہ چڑیا پہلے تو چڑے کے ساتھ گھونسلے کے قریب آئی۔ جب اس نے دیکھا کہ اس میں بچے ہیں تو الگ کارنس پر جا بیٹھی۔ اب چڑا لاکھ لاکھ آوازیں دیتا ہے، کبھی دُم ہلاتا ہے، کبھی چونچ سے اشارہ کرتا ہے مگر وہ نہ آئی۔ پھر چڑا اُڑ کر اس کے قریب گیا۔ ہزار ہزار تدبیریں کیں کہ کسی طرح گھونسلے میں جائے مگر چڑیا کو رغبت نہیں ہوئی۔ آخر کسی نہ کسی طرح اس کو پھر گھونسلے کے پاس لایا۔

بچوں کو زیادہ بھوک معلوم ہوئی تو ماں باپ کی آہٹ پا کر گھونسلے کے منہ پر آ گئے۔ پیار کو بڑھ آئے۔ چڑیا پر پھیلا کے ان کی طرف بڑھی۔ چڑے نے بھی اس کا ساتھ دیا۔ ان بے رحموں نے بچوں کو مار مار کے گھونسلے سے گرا دیا۔

یہ دیکھ کر بیوی زار و قطار رونے لگی۔ میاں بھی شرمندہ ہوئے مگر بیوی کے دل سے بات اٹھانے کے لیے بہت طرح سے سمجھایا کہ جانور ہے۔ اس کا کیا اعتبار۔ تم ناحق ہی اپنا دل بھاری کرتی ہو۔ بیوی نے جواب دیا کہ مجھے اپنے بچوں کا دھیان آتا ہے۔ اگر میں مر گئی تو تم بھی ان بچوں کے ساتھ یوں ہی سلوک کرو گے۔ میاں نے کہا۔ "تم مجھکو ایسا سمجھتی ہو۔ خدا وہ دن نصیب نہ کرے۔ یہ تو میری آنکھوں کے نور اور دل کے ٹکڑے ہیں"۔ بیوی نے کہا ہاں شاید ایسا ہو لیکن مجھکو ذرا بھی اعتبار نہ رہا۔ امتحان ہو تو معلوم کیا جائے۔"

اتفاقاً میاں کسی دوسرے شہر میں نوکر ہو گئے۔ بیوی نے کہا "اب یہی امتحان کا وقت ہے۔ دیکھوں میاں اس امتحان میں پورے اُترتے ہیں یا نہیں"۔ یہ سوچ کر محلہ کے چند لوگوں سے کہا کہ اگر آپ لوگ متفق ہو جائیں تو مجھکو اپنے بچوں کے حال سے میاں کا امتحان لینا مقصود ہے۔ دیکھوں ان کے دل میں میری اور بچوں کی کتنی محبت ہے۔ محلہ کے لوگوں کا کیا بگڑتا تھا۔ سبھوں نے منظور کیا۔ بیوی نے کسی محلہ والے کی طرف سے میاں کو ایک خط لکھوا بھیجا جس کا مضمون تھا: "آج کے روز آپ کی بیوی نے دنیا سے رحلت کی۔ ان کی تجہیز و تکفین کر دی گئی۔ آپ کو مناسب ہے کہ فوراً چلے آئیے تاکہ چھوٹے چھوٹے بچوں کا غم غلط ہو۔ دنیا میں یہی ہوتا آیا ہے۔ اب بہرحال آپ کا یہاں آنا مصلحت ہے۔"

میاں اس خط کو پڑھتے ہی بدحواس پریشان خاطر رخصت لے کر روانہ ہو گئے۔ بیوی کسی ہمسائے کے گھر میں چھپ رہیں۔ غرض گھر آ کر خوب روئے پیٹے۔ بچوں کو گلے لگایا۔ دو چار ہمسائے والے جمع ہو گئے۔ ایک بولا "ارے صاحب! رونے سے کیا فائدہ۔ اس مرحومہ کی روح کو اور صدمہ پہنچے گا۔ اب صبر کیجئے بچوں کو پال نکالو"۔ دوسرا بولا۔ "یہ چھوٹے بچے کچی عمر کے ہیں۔ کہیں مردوں کے پالے پلتے ہیں۔ جیسے

تک کوئی عورت گھر میں نہ ہو تو تیسرا الولا۔" ہاں! اب تو ان کو لازم ہے کہ دوسرا نکاح کریں۔ یہ نوکر ٹھہرے جایا چاہیں تو نوکری پر۔ پھر ان بچوں کو کون دیکھے گا"۔

غرض دو تین دنوں تک وہ کچھ نہیں بولے۔ چند روز بعد انھوں نے آپ سے کہا "اگر کوئی نیک بخت اور دردمند، عفیفہ عورت ملے تو میں عقد کو تیار ہوں"۔

معاملہ تو وہاں موجود تھا۔ لوگوں نے کہا کہ ہاں ایک عورت اس صفت کی یہاں ہے۔ اگر آپ مستعد ہوں تو ہم وہاں پیام دیں"۔

غرض چٹ منگنی پٹ بیاہ۔ بہو گھر آئیں۔ اب میاں نے قصد کیا کہ بیوی کے پلنگ پر پاؤں رکھوں۔ بیوی نے گھونگھٹ سے منہ نکال کر جھڑکی دی "خبردار! اس پلنگ پہ پاؤں نہ رکھنا۔ اس مرد کا کیا اعتبار جس کا ایک دل دو طرف ہو"۔ میاں نے کہا۔ "میں قسم کھاتا ہوں کہ میرے دل میں اسوقت کسی ایک کی بھی محبت نہیں"۔ بیوی نے کہا۔ "واہ! کیوں نہیں! ابھی تو پہلی بیوی کی روح تم پر سوار ہے"۔ میاں نے کہا "جب وہ مرگئی تو پھر کیا فائدہ کہ اس کا خیال کروں"! بیوی نے کہا۔ "وہ نہیں تو اس کے چار بچے ہیں۔ ان کو چھوڑ کر تم کس کا دھیان کرنے والے ہو۔ افسوس مجھے پہلے معلوم نہ تھا ورنہ کبھی نکاح قبول نہیں کرتی"۔

میاں نے کہا۔ "تمہارے سر کی قسم۔ میں کبھی ان بدذات بچوں کی پرواہ نہ کروں گا۔ تم چاہے جس طرح ان کو دیکھو۔ اب تو یہ گھر بار، روپے، پیسے سب تمہارے ہیں"! بیوی نے کہا۔ "مجھکو اس کا کیونکر یقین ہو۔ ہاں چاروں بچوں کو پلنگ کے چاروں پایوں کے نیچے دبا دو تو چین آئے"۔

اسی وقت اس بے رحم نے چاروں بچوں کو کھینچا اور ان کو لٹا کر ہر ایک کی چھاتی پر پلنگ کا پایہ رکھ دیا۔ وہ ننھے ننھے بچے لگے حیرت بھری نگاہوں سے باپ کو دیکھنے اور فریاد کرنے مگر باپ جفاکار نے کچھ بھی توجہ نہ کی۔ بیوی کو اشارہ کیا کہ پلنگ پر اب چین سے بیٹھو۔ بیوی نے رقت کو ضبط کرکے کہا "بچے تمہارے ہیں۔ پہلے تم پاؤں رکھو"! میاں نے پاؤں رکھنے کا ارادہ کیا تھا کہ بیوی کا کلیجہ امنڈ آیا۔ بے اختیار دوڑ کر میاں کا ہاتھ کھینچ لیا اور کہا "کم بخت! تو نے دیدوں پر دیوار اٹھائی۔ میں ابھی تو جیتی ہوں"!

جب میاں نے یہ دیکھا کہ بیوی نے مجھکو دھوکا دے کر امتحان لیا، تو شرمندہ ہو کر چپ ہوگئے"۔

بہیۃ المقال مطبوعہ ۱۳۱۱ھ میں یہ کہانی موجود ہے۔ طبع اول جس کی ایک جلد کتب خانہ خدا بخش میں موجود ہے، مگر جب شاد دوبارہ تینوں جلدوں کو ایک ساتھ شائع کرانے لگے تو اس قصہ کو حذف کر دیا۔

رکھمن ہندو عورت ولایتی کو سمجھاتی تھی کہ جب تمہارے شوہر کو تمہارا گنگا میں ڈوب جانا معلوم ہوا ہوگا تو وہ کہیں چلے گئے ہوں گے۔ اب ان کی تلاش فضول ہے۔ سب مرد ایسے ہی بے وفا ہوتے ہیں۔

اس کے بعد شاد نے اردو تعلیم مطبوعہ دسمبر ۱۹۰۵ء میں ایسی ہی ۹ کہانیاں شائع کرائیں

(۱) "ایک بنیا اور قسمت کا روزنا" (۲) "ایک بھوکا سانپ اور چوہا"۔ قصہ اس شعر پر ختم ہوتا ہے ؎

پناہ دے کر مسافروں کو بلا درختوں نے اپنے سر لی
کہ کچھ دنوں بعد ان میں باقی نہ برگ دیکھے نہ بار پائے

(۳) چند چور اور ایک اونٹ، (۴) ایک بھوکا جھینگر اور بھیڑیں، (۵) حکایت کوے کی جو راجہ کی بیٹی کی جگنی لے بھاگا۔ (۵) حکایت دو ہاتھیوں اور شیروں کی (۶) حکایت چوہوں کی کمیٹی کرنے کی (۷) حکایت قوم کے خدائی چونٹوں کی، (۸) کتا بڑا وفادار۔ نمک حلال جانور ہے۔ یہ چھوٹی چھوٹی کہانیاں جسے ہم لوک کہانی کہہ سکتے ہیں۔ بچوں کے لیے لکھی گئی تھیں۔

شاد کی لکھی ہوئی لوک کہانیوں کو پڑھنے کے بعد سنتھال لوک کہانیاں یاد آتی ہیں بطور نمونہ میں نے اس مقالہ میں صرف ایک سنتھالی لوک کہانی درج کر دی ہے۔ ایک مختصر سنتھال لوک کہانی بطور مثال ملاحظہ ہو۔

"ایک ہرن بہت پیاسا تھا۔ کوسوں جنگلوں میں ڈھونڈنے کے بعد پانی کا ایک چشمہ ملا جو پہاڑ سے بہت نیچے مقام پر تھا۔ پہاڑ سے نیچے اترنے کا تو رستہ تھا مگر پھر اس رستہ سے اوپر آنے کا ذریعہ نہ تھا اور نہ کوئی دوسرا رستہ تھا جس سے کوئی نیچے سے اوپر آسکے۔ ہرن بہت پیاسا تھا۔ مجبوراً نیچے اتر گیا اس نے سیر ہو کر پانی پیا اور مجبور ہو کر اس چشمہ میں ڈوب مرا۔"

مہاجنوں سے قرض لینے والے سنتھالوں کے لیے یہ کہانی ایجاد کی گئی تھی۔

شاد کے افسانے — افیونی کا مسودہ زمانہ ۱۹۵۲ء سے میرے پاس تھا جس کا ذکر میں نے بذریعہ خط مرحوم پروفیسر اختر اورینوی سے کر دیا تھا۔ کوئی محترمہ ان کی نگرانی میں شاد کے ناول پر مقالہ تحریر فرما رہی تھیں۔ اس کے چھپنے کی نوبت ۱۹۶۷ء میں آئی۔ قیام سنتھال پرگنہ میں میں نے ولی کولن The Coln کا ناول "وومن ان وائٹ" Woman in white پڑھا تھا۔ اس ناول کی صفت تھی کہ اس ہر فرد اپنا اپنا قصہ بیان کرتا تھا اور پوری کتاب پڑھنے کے بعد ایک قصہ مکمل ہوتا تھا۔ شاد نے افیو

میں صرف ایک بزرگ صاحب کی حکایت انکی زبانی بیان کی تھی۔ گویا میر صاحب نے اپنی سوانح مختلف زاویوں سے بیان کی تھی۔ ناول کے اکثر ابواب ضائع ہو گئے تھے۔ پھر بھی نسیم بک ڈپو نے اسکو ۱۹۶۷ء میں لکھنؤ سے شائع کر دیا۔ میں نے قصہ کو ناول سمجھا تھا۔

ادھر ۔۔۔ میں 'اردو افسانہ نگاری' پر طویل مقالہ ڈاکٹر قیام نیر کا شائع ہوا ہے۔ موصوف ص ۸۴ میں تحریر فرماتے ہیں: "جدید تحقیق شاد عظیم آبادی کو اردو کا اولین افسانہ نگار بتاتی ہے۔ اور ان کے افسانہ "افیون" کو اردو کا پہلا افسانہ قرار دیتی ہے۔ اردو افسانہ کا باوا آدم خواہ کوئی بھی رہا ہو لیکن ڈاکٹر صادق کی بات بالکل صحیح معلوم ہوتی ہے" (بہ حوالہ ڈاکٹر ارتضیٰ کریم 'ترقی پسند تحریک اور بہار اردو افسانہ' تناظر دہلی ۳ ماہی دسمبر ۱۹۸۷ء ص ۱۷۸) افسانہ اور ناول کی تکنیک میں تھوڑا فرق ہے۔ اس میں شک نہیں کہ افیونی کی تکنیک افسانے کی ہے۔ چونکہ میرے پیش نظر مشہور ناول 'وومن ان وایٹ' تھا، اسلیے میں نے افیونی کو ناول سمجھ لیا۔ الغرض ڈاکٹر ارتضیٰ کریم کا خیال اگر صحیح ہے تو شاد اردو کے پہلے افسانہ نگار ہیں۔

صورت الخیال کا قصہ ۔ ۱۸۷۶ء میں شاد نے صورت الخیال کو شائع کرایا تھا۔ اس زمانے میں شاد اور ان کے معاصر حکیم عبدالحمید پریشاں (ڈاکٹر عظیم الدین کے نانا) سے ادبی چشمک تھی۔ چنانچہ جب الپنچ اخبار جاری ہوا تو لودی کٹرہ کے ایک بزرگ محمد اعظم کے ذریعہ یہ دعویٰ کیا گیا کہ یہ ناول میرا ہے۔ اصلاح زبان کے لیے شاد کے پاس لے گیا تھا اور انھوں نے ناول اپنے نام سے شائع کرا دیا۔ باوجود شاد کی طرف سے چیلنج، محمد اعظم مصنف ہونے کا کوئی ثبوت فراہم نہ کر سکے۔

منشی حسن علی بنگالی کے کلکتیہ اردو میں لکھے گئے ناول "نقش طاؤس" کو انھوں نے دو شخصوں کے نام سے شائع کرایا۔ یعنی محمد اعظم اور حسن علی۔ اس کی زبان کلکتیہ ہے اور اس پر تفصیلی مقالہ جناب قاضی عبدالودود کا معاصر ۔ ۲ میں شائع ہوا ہے۔ کلکتیہ زبان کا نمونہ ہے

دیکھو بے دل کر جاں سے اٹھس ہے   ای دھواں تھو کہاں سے اٹھس ہے

زمانہ ۱۹۳۱ء میں شاہ عطاء الرحمٰن صاحب نے ام۔ اے اردو کا امتحان دیا اور اپنے استاد مکرم ڈاکٹر عظیم الدین کو خوش کرنے کے لیے امتحان کے پرچے میں لکھ بیٹھے "اس زمانہ میں ولایتی کا قصہ تین حصوں میں شائع ہوا جس کی نسبت مشہور ہے کہ قصہ اعظم علی کا تھا جسے شاد نے غصب کر کے اپنے نام سے چھپوا دیا۔ اب بھی چشم دید گواہ ہیں"۔

صورت الخیال ۱۸۷۶ء میں شائع ہوا اور عطاء الرحمٰن صاحب کا لکھنا ۱۹۳۱ء کا ہے گویا ۵۵ سال کا عرصہ۔ میں نے زبان و ادب، پٹنہ شاد نمبر طبع ثانی مارچ ۱۹۹۱ء میں سوال اٹھایا کہ وہ چشم دید گواہ کون تھے۔ جنھوں نے محمد اعظم کو صورت الخیال لکھتے دیکھا تھا اور وہ زمانہ ۱۹۳۱ء تک زندہ تھے عطاء الرحمٰن صاحب نے کسی چشم دید گواہ کا نام کسی مضمون میں نہیں لکھا تھا۔ حالانکہ مذکورہ مضمون کو انھوں نے کئی پرچوں میں شائع کرایا تھا۔

اس کے علاوہ میں نے "ڈاکٹر وہاب اشرفی کے تحسیس" شاد عظیم آبادی کی نثر نگاری" پر تبصرہ کیا تھا جس میں مذکورہ بات کا اظہار کیا تھا کہ وہ چشم دید گواہ کون تھے۔ میرا یہ مضمون' معیار تحقیق" ادارۂ تحقیقات اردو نے شائع کیا اور میرے سوال کا جو جواب جناب عطاء الرحمٰن صاحب نے دیا۔ وہ بھی ملاحظہ ہو۔ معیار تحقیق ص۲۶۷" یاد آتا ہے کہ معارف (اعظم گڑھ) کے کسی پرچے میں علامہ سلیمان ندوی نے ضمنی طور پر اس واقعہ پر روشنی ڈالی تھی۔ ان جیسے ثقہ عالم اور ادیب کی بات کو رد نہیں کیا جاسکتا۔"

صورت الخیال کا سال اشاعت ۱۸۷۶ء اور علامہ سلیمان ندوی ۱۸۸۰ء کے بعد پیدا ہوئے۔ تب وہ چشم دید گواہ کیسے ہو سکتے تھے۔ عطاء الرحمٰن صاحب نے اس معمولی سی بات پر غور نہیں فرمایا۔ میں جناب عابد رضا صاحب بیدار کا نہایت شکر گذار ہوں کہ انھوں نے مکتوب شاد بنام مقبول احمد صمدنی کو کلام شاد مرتبہ قاضی عبدالودود کے ساتھ شائع کرادیا، جس پر علامہ سلیمان ندوی مرحوم کا نوٹ ہے۔

علامہ سلیمان ندوی ص۱۸۵ میں لکھتے ہیں:

"دنیا بھی عجیب انقلاب کا مرقع ہے۔ حضرت شاد جن دیہاتی معترضین کی طرف اشارہ کرتے ہیں ان میں سے اکثر میرے عزیز قریب تھے ....
مولوی اعظم صاحب ایک بزرگ تھے۔ آخر عمر میں میں نے انکو اپنے چھوٹے چچا مولوی سید ابو یوسف کے ہمراہ جن سے ان کے تعلقات بالکل برادرانہ تھے ایک دفعہ دیکھا تھا۔ انھوں نے ولایتی کی دلچسپ و طویل داستان لکھی تھی جو قصہ کے ساتھ (؟) زبان کے لحاظ سے بھی بڑی دلچسپ تھی۔ کہا جاتا ہے کہ مصنف نے یہ کتاب حضرت شاد مرحوم کو نظر ثانی کے لیے دی۔ شاد مرحوم نے اس کتاب کو اپنے نام سے شائع کر دیا۔"

سلیمان ندوی مرحوم نے کہیں بھی چشم دید گواہ ہونے کا دعویٰ نہیں کیا ہے، جیسا کہ عطاء الرحمٰن

صاحب نے امتحان کے پرچے میں لکھا تھا۔ انھوں نے محمد اعظم کے بیان کو نقل کر دیا۔ محمد اعظم تو یہ دعویٰ ابسیج ۷ ار ستمبر ۱۹۰۱ء میں کر چکے تھے جس کو وہ ثابت نہ کر سکے۔ تب علامہ سلیمان ندوی نے اس میں کیا اضافہ کیا۔ صرف محمد اعظم کی بیان کردہ بات کو دہرا دیا۔

رہ جاتا ہے تو صورت الخیال کی زبان اور نقش طاؤس کی زبان کا موازنہ کر کے دیکھئے۔ شاد کے الفاظ عظیم آباد والوں کے بہتیرے ہیں۔ بلکہ خالص اردو الفاظ ہیں جو دہلی اطراف دہلی الہ آباد وغیرہ میں مروج تھے۔ اور جن کا ذکر شاد نے جابجا خود صورت الخیال میں کر دیا ہے۔

شاد کے بیان کردہ حاشیوں کی مدد سے ہی میں نے، ان الفاظ کی فہرست 'شاد کا عہد و فن' جلد سوم میں دے دی ہے۔ وہ الفاظ بجز شاد کے گھرانے والوں کے اس وقت کوئی دوسرا استعمال نہیں کرتا تھا کیونکہ یہ گھرانا دہلی کا تھا۔

اس کے علاوہ صورت الخیال کے ابتدائی اوراق میں میر نیاز علی مرحوم کا ذکر ہے جو محلہ مرار پور گیا کے رہنے والے رئیس تھے۔ محمد اعظم سے ان کا کیا تعلق تھا۔ اس طرح موضع مہوری جس کا ذکر صورت الخیال میں ہے، وہ گیا میں ہے۔ دوسرا موضع اسی نام کا اسلام پور پٹنہ میں ہے۔ ایک ہی نام کے کئی کئی شہر اور مواضعات ہیں۔ جگونا، مہوری، مرار پور وغیرہ سب گیا میں ہیں۔ جہاں کرم حسین خان ولایتی کے شوہر کی جائیداد تھی۔ عطاء الرحمٰن صاحب نے شاد کی تحریر پر غور نہیں کیا اور غلط لکھ بیٹھے کہ مہوری اسلام پور کا ذکر صورت الخیال میں ہے، جس کا کوئی تعلق شاد سے نہ تھا بلکہ محمد اعظم سے۔ عطاء الرحمٰن صاحب گیا میں دریافت فرمائیں کہ مذکورہ مقامات گیا میں ہیں یا نہیں۔ جگونا، مرار پور، مہوری کے نام ایک ہی سطر ۲۷،۲۸ صورت الخیال طبع ثانی میں آئے ہیں۔ شاد کی تحریر کے نمونے اس مضمون میں درج کیے گئے۔ اسلئے نقش طاؤس کے چار جملے ملاحظہ ہوں جن کا حوالہ جناب قاضی عبدالودود نے اپنے مضمون معاصر ۲ میں دیا ہے۔

۱۔ اتنا مال اتنا اسباب، اتنی ادبد، کا جانے کہاں سے بٹور لایا ہے۔"

مضمون نگار ـــ ادبد بنگلہ زبان بہ معنی بہت زیادہ۔ "کا جانے" پٹنہ اور کلکتہ کے گنوار بولتے ہیں۔ اسی طرح بٹور لایا۔"

۲۔ دوسرا جملہ ـ "چنانچہ اس نے بہت سا گھما گھمو کے نعیمن سے بات پوچھ دی۔

مضمون نگار ـــ گھما گھمو۔ بجائے گھما پھرا۔

۳- تیسرا جملہ۔ "نصیبن نے وہ بیج بند چپکے نواب حسین علی خاں بہادر 'صوبہ' کے یہاں چلی گئی۔"

مضمون نگار — قاضی صاحب نے 'صوبہ' کے آگے 'دار' کا اضافہ کر دیا۔

حالانکہ بنگلہ زبان میں صوبہ دار کو صوبہ ہی کہتے تھے۔ چنانچہ 'اندیرا' ناول میں بنکم چندر نے صرف 'صوبہ' کا لفظ بجائے صوبہ دار لکھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نقشِ طاؤس کا مصنف کوئی بنگالی تھا۔ یعنی منشی حسن علی بنگالی نہ کہ محمد اعظم۔

'بیج بند' ہندو عورتوں کا زیور ہے جبکہ تربند مسلمان گھرانوں کا ہے۔ بیج بند کو بھوجپوری زبان میں باجوبند یا بازوبند کہتے ہیں۔ گیت — کہواں کے باجوبند رے کہواں کے ٹیک

۴- چوتھا جملہ۔ "یہ کون بھلے آدمیت ہماری ہے کہ ایک غیر مرد کے خیال میں"۔

مضمون نگار — بھلے آدمیت کا غلط اور بے محل استعمال۔

تعجب کی بات ہے۔ جناب عطاء الرحمٰن صاحب ایک طرف تو شاد پہ سرقہ کا الزام وارد کرتے ہیں اور دوسری طرف تحریر کرتے ہیں۔

"نقشِ طاؤس" کا مصنف 'صورت الخیال' کا مصنف نہیں ہو سکتا" تب محمد اعظم کی کون کون سی تصنیف ہے جو صورت الخیال کی ہم پلہ ہو۔ صرف نقشِ طاؤس جو دو مشترک ناموں سے شائع ہوئی۔

'صورت الخیال' اور نقشِ طاؤس کی زبانوں کا فرق ملاحظہ کیا گیا۔ قاضی عبدالودود صاحب کا نقشِ طاؤس پر تبصرہ ملاحظہ ہو۔ معاصر-۲

"رمل اور نجوم پر مسلمانوں کا اتنا اعتقاد نہیں جتنا ہندوؤں کو جوتش پر ہے۔ ناول میں کوئی خوبی نہیں اور اگر ...ف لکھا جاتا تو اس قابل بھی نہ ہوتا کہ اس کا مطالعہ کیا جائے۔ واضح رہے کہ ۱۲۱۰ھ میں پٹنہ میں انگریزوں کی حکومت تھی۔ حسین علی خاں بارہویں صدی ہجری کے اوائل میں یہاں کے صوبہ دار تھے"۔

مصنفین کے علم کا یہ عالم اور زبان کا یہ حال۔ اس پر محمد اعظم کا یہ دعویٰ تھا کہ وہ صورت الخیال کے مصنف ہیں۔ ان کی شہرت کا ڈنکا بجانے والے صرف جناب عطاء الرحمٰن صاحب اور ... ہیں۔ قاضی صاحب نے باوجود مخالفتِ شاد یہ کہیں نہیں لکھا کہ محمد اعظم صورت الخیال کے ... تھا۔

"نقش طاؤس" شکستہ اردو میں لکھی گئی ہے۔ اس لیے قرینہ اغلب ہے کہ اسکے مصنف منشی حسن علی ہوں گے۔
میں نے سنتھالی لوک کہانیوں کا ذکر کیا ہے۔ مقامی زبانوں بھوجپوری اور میتھلی میں بھی لوک کہانیاں
موجود ہیں جو دیہاتوں کی زبانیں ہیں۔ چنانچہ متعلا کے علاقہ مدھوبنی میں اس وقت تک بعض نامی دیہاتوں
میں "جتا جتی" کی کہانی کا ڈرامہ ہوتا ہے۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ ایک ملاح جتی کو لے بھاگا تھا اور ندی کے
اس پار۔ اس قصہ کو نظم اور نثر دونوں میں ادا کیا جاتا ہے۔

اس طرح لوک کہانیاں اَن پڑھ سماج کی یادگار ہیں۔ شاد نے اس کے ذریعہ بچوں اور ان پڑھ
عورتوں کو تعلیم دینا چاہا تھا۔ انھوں نے نظم کے ذریعہ بھی ایسا کیا تھا۔ چنانچہ حکایت "مرد فقیر" نظم میں
بھی ہے اور نثر میں بھی۔ میں نے ان کی ایسی کہانیوں کا مجموعہ تیار کیا ہے جن میں دو تین ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔

●●

زاہدہ پٹھان

صہبائی کے طرز انشاء پر ظہوری کے اثرات

انیسویں صدی کے نصف اول میں جب فارسی زبان تنزل کے راستے پر گامزن تھی اور اس کی جگہ اردو زبان لے رہی تھی، اس وقت کی علمی وادبی زبان فارسی ہی متصور کی جاتی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ اس دور کے اکثر مشہور و معروف شعرا اردو کے ساتھ ساتھ فارسی زبان میں شعر کہنا باعث صد فخر و امتیاز سمجھتے تھے۔ چنانچہ اس دور میں ایک بڑی تعداد ذوالللسانین شعرا کی تھی۔ اس دور کے کچھ نامور شاعر و ادیب جیسے غالب، مومن، آزردہ، شیفتہ، علوی اور صہبائی وغیرہ نے فارسی زبان میں بھی اپنی تصانیف اور کارنامے یادگار چھوڑے ہیں۔ اس دور کے شعرا و ادبا کی فہرست میں صہبائی تنہا ایسا شاعر ہے جس نے اردو زبان کے مقبول عام ہونے کے باوجود اسے کبھی قابل اعتنا نہ سمجھا اور ہمیشہ شعر گوئی اور نثر نویسی کے لئے فارسی زبان کو ہی ذریعہ اظہار بنایا۔

جیسا کہ سب جانتے ہیں کہ مرزا غالب اور امام بخش صہبائی کا عہد سیاسی اعتبار

سے مغلیہ سلطنت کے زوال کا دور تھا تاہم شعر وادب کے لحاظ سے اس عہد کو نمایاں حیثیت حاصل تھی۔ ابتدائے دور مغلیہ سے زوال مغلیہ تک کا عہد شعر و ادب کی مخصوص خصوصیات کی بنا پر "سبک ہندی" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس وقت جتنے بھی فارسی زبان کے شعرا و ادبا ہندوستان میں پیدا ہوئے یا باہر سے آکر یہاں سکونت اختیار کرلی وہ سب "سبک ہندی" کے اختیار کرنے والے تھے۔ "سبک ہندی" کی خصوصیات مشکل گوئی، دقیقہ سنجی، دقت پسندی، مضمون آفرینی نیز تشبیہ واستعارہ اور ایہام کا کثرت سے استعمال سمجھی جاتی تھیں۔ اس دور کے ادب کی ایک نمایاں خصوصیت تصنع کا عنصر بھی ہے، جس کی جھلک نہ صرف زبان بلکہ موضوع کے اعتبار سے بھی واضح طور پر نظر آتی ہے۔ اگر ایک طرف شاعری میں فلسفیانہ خیالات، ابہام، پیچیدہ مضامین. مشکل تشبیہ واستعارہ کے استعمال سے خیالات وافکار کا دایرہ وسیع ہوا تو دوسری طرف فارسی نثر بھی اپنے مسجع ومقفی طرز تحریر اور مشکل زبان وبیان کی وجہ سے قاری سے غور و فکر کا مطالبہ کرنے لگی۔ یعنی فارسی شاعری کی طرح فارسی نثر میں بھی مشکل زبان کا استعمال کیا جانے لگا اور سادہ نثر کے مقابلے میں مسجع ومقفی نثر کو ترجیح دی جانے لگی۔ چنانچہ "سہ نثر ظہوری"، بیدل کی تصانیف "چہار عنصر" اور "رقعات بیدل"، انشائے ملا طاہر وحید، انشائے ابوالفضل اس طرز نثر نگاری کی نمایندہ مثالیں ہیں۔ مختصر یہ کہ ظہوری اور ابوالفضل سے لے کر مابعد کے ادوار تک ہم کو نثر نگاروں کی ایک معتدبہ جماعت ان انشا پردازوں کی نظر آتی ہے، جو "سبک ہندی" کے ماننے والے اور اس طرز تحریر کے نمایندہ تھے۔ فی الوقت ان تمام حضرات کی علمی کاوشوں کا ذکر ممکن نہیں بلکہ غیر ضروری بھی ہے۔ مختصر یہ کہ دور متاخرین میں اس نثر مرصع یا "سبک ہندی" کے نمایندہ نثر نگاروں میں ظہوری ترشیزی کا نام سرفہرست آتا ہے۔ اس نے اپنی نثر سے دورۂ متاخرین کی فارسی نثر نگاری کو ایک نیا موڑ، ایک نئی سمت عطا کی اور وہ اس طرز کا موجد وبانی قرار پایا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ طرز مرصع کے نمایندہ نثر نگاروں میں دو شخصیتیں نہایت اہم اور اثر انگیز گذری ہیں یعنی ظہوری اور اس کے بعد مرزا عبدالقادر بیدلؔ (ولادت ۱۰۵۴ھ

بہ عہد شاہجہاں) لیکن صرف ان دو اہم نثر نگاروں کو نمایندہ صاحبان طرز قرار دے کر عہد مغلیہ کے دوسرے اعاظم واکابر نثر نویسوں کے تذکرے سے صرف نظر اور اعراض ممکن نہیں۔ چنانچہ اس قبیل کے مصنفین میں ملا طاہر وحید، ظہیرائی تفرشی، ارادت خاں واضح، نعمت خاں عالی اور متعدد دیگر صاحبان فخر گزرے ہیں، جن کا تذکرہ طول کلام کے خیال سے نظر انداز کیا جارہا ہے۔ البتہ گذشتہ صدی کے دو نامور ادیب وشاعر یعنی غالب اور صہبائی کا ذکر بہت ضروری ہے اس لئے کہ یہ دونوں حضرات اس طرز انشا کے پیرو رہے ہیں اور ان کی کاوشیں اس میدان میں یادگار کارناموں کی حیثیت رکھتی ہیں۔ مندرجہ بالا سطور کی روشنی میں بلاشبہ کہا جاسکتا ہے کہ اس مخصوص طرز تحریر کا بانی اگر ظہوری ترشیزی ہے تو اس طرز کے آخری نثر نگار کی حیثیت سے امام بخش صہبائی کا نام لیا جاسکتا ہے جیسا کہ حالی کہتے ہیں :

> "..... دوسری مرزا بیدل کی طرز جو عالمگیر کے عہد میں شائع ہوئی اور علوی وصہبائی پر آکر ختم ہو گئی....."(۱)

یہاں پر ہمارا مقصد صہبائی کے طرز انشا پر ظہوری کے طرز تحریر کے اثرات کا جائزہ لینا ہے۔

صہبائی کا شمار انیسویں صدی کے نصف اول کے مشہور و معروف شعرا و نثر نگاروں میں ہوتا ہے۔ وہ اپنے زمانے کے عالم و فاضل اور فارسی کے بلند پایہ استاد مانے جاتے تھے۔ انھوں نے نہ صرف ظہوری کی تصنیف "سہ نثر" کی شرح لکھی بلکہ اس کی طرز پر اپنی ایک کتاب بنام "ریزۂ جواہر" بھی لکھی، جس کا انداز تحریر ظہوری کی "سہ نثر" سے ملتا جلتا ہے۔

"سہ نثر ظہوری" در اصل تین دیباچوں کے مجموعے کا نام ہے۔ زمانے کے دستبرد کے ہاتھوں یہ دیباچہ اصل کتاب سے الگ ہو گئے۔ اور اتفاق ایسا ہوا کہ وہ اصل

۱۔ یادگار غالب ص ۵٦

کتابیں تو گمنامی میں پڑ کر چشم عالم سے روپوش ہو گئیں لیکن یہ دیباچے اپنے مخصوص طرز کی بنا پر زندۂ جاوید ہو گئے اور جوں جوں زمانہ گزرتا گیا ان کے جوہر کھلتے گئے چنانچہ جب وہ ایک ساتھ مدون و منطبع ہوئے تو ان کا مجموعی نام سہ نثر قرار پایا۔(۱)

امام بخش صہبائی کی نثری تصنیف "ریزۂ جواہر"، جو "سہ نثر ظہوری" کی طرز پر لکھی گئی ہے، ایک خاص اہمیت کی حامل ہے۔ دراصل "ریزۂ جواہر" کو صہبائی کا اہم ترین کارنامہ کہا جاسکتا ہے۔ اس کے ہر ہر فقرے اور عبارت پر ظہوری کی انشاپردازی اور اس کے اسلوب نگارش کا اثر پایا جاتا ہے۔ سر سید اپنی تصنیف "آثار الصنادید" میں اس رسالے کے بارے میں تحریر کرتے ہیں

"ایک نثر مسمی بہ ریزۂ جواہر سلطان عہد والی عصر محمد سراج الدین بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ و سلطانہ کی مدح میں اس آب و تاب کے ساتھ ریختہ قلم نزاکت رقم کی ہے کہ اگر رشک و حسد ہم عہدی چشم پوش نہ ہو تو اس کی جلوہ گاہ میں نثر ملا نور الدین ظہوری کو ہرگز پردۂ خفا سے جلوہ گر نہ کریں اور ظہوری کو اس کے عہد میں خفائی بنادیں۔"(۲)

منشی دین دیال جامع کلیات صہبائی، کلیات کی فہرست مرتب کرتے ہوئے "ریزۂ جواہر" کے ضمن میں لکھتے ہیں :

"نظم و نثر نہایت پاکیزہ بعبارت رنگین بر طرز سہ نثر ظہوری در مدح سراج الدین بہادر شاہ...."(۳)

مندرجہ بالا تحریر سے صاف ظاہر ہے کہ "ریزۂ جواہر" کاملاً "سہ نثر ظہوری" کی طرز پر لکھی گئی ہے۔ نہ صرف طرز تحریر بلکہ مضمون کے اعتبار سے بھی "ریزۂ جواہر" اور "سہ نثر ظہوری" میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ جس طرح ظہوری نے والیٔ بیجاپور ابراہیم عادل شاہ ثانی کی تعریف میں اس کی اتباع شریعت، شان و شوکت، عدالت و شجاعت، سخاوت، صورت و سیرت، اور کمالات کے اظہار میں زور بیان صرف کیا ہے اسی طرح

۱۔ تحقیقی مقالے از ڈاکٹر نذیر احمد ص ۹۱ و ۹۲ ۲۔ آثار الصنادید از سید احمد خاں نمبر۳۔ ۳۔ کلیات صہبائی ص ۲

صہبائی نے اپنے ممدوح بہادر شاہ کی اتباع شریعت، سخنوری، عیش و عشرت، سخاوت و شجاعت اور عدالت کی مدح میں اپنے قلم کے جوہر دکھائے ہیں۔ مثال کے طور پر دونوں انشاپردازاپنے ممدوحین کی سخاوت پر اپنازور قلم صرف کر دیتے ہیں۔

ظہوری سخاوت کے موضوع پر لکھتے ہیں :

" .. کہ کشادگی کفش تنگی در جہان بگذاشتہ الادر دل بدان و دہان خوبان بردہائیکہ از روی عیبہا بر کشیدہ بر چشم بدبینان بستہ و قفلہا کہ از در گنجہا برداشتہ بر دہان سخن چینان گذاشتہ ہیچکس از والا ہمتان تشریف عطای چنان ندوختہ کہ دستی باآں دراز نشود و ہیچکدام از مائدہ گستران دیگ سخای چنان نہ پختہ کہ حرفگیری خامی زبان زو طعنہ نگردد...." (۱)

سخاوت کے موضوع پر ہی صہبائی اس طرح رقمطراز ہیں :

" ... در طوفان محیط عطایش دامن آرزو از موج گوہر گرداب۔ واز طغیان سیل سخایش وسعت چاہ حرص تنگی ظرف حباب در نیسان گہرریزی کف جوادش را استارت امساک صدف درانگشت۔ و در بہارستان زر بخشی شگوفہ دستش راحصر بخل غنچہ درمنت گرمی آفتاب ہمت بخاری از محیط کفش برانگیخت ابر نیسان بر آوردند۔ وجولان حوصلہ جودش گرد از نہاد بخل بر آورد کاتش لقب کردند حباب محیط عطایش گوہر...."(۲)

مندرجہ بالا مثالوں سے بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ صہبائی کی طرز تحریر ظہوری کے طرز انشا سے کتنی مماثلت رکھتی ہے۔ دراصل ظہوری کی انشا کی بنیادی خصوصیت اس کی تحریر کا مرصع، مسجع اور مقفی طرز بیان ہے، جو اس دور کے انشا کی صحیح نمایندگی کرتا ہے۔ صہبائی اگرچہ ظہوری کے کافی بعد کا شاعر و نثر نگار ہے لیکن فارسی ادب و انشا سے دلچسپی و وابستگی کے سبب وہ بھی ظہوری کے انداز تحریر سے نہ صرف متاثر ہوتا ہے بلکہ اس کی تحریر کی تمام خصوصیات کو بعینہٖ اپنالیتا ہے۔ چنانچہ صہبائی کی

ا۔ سہ نثر ظہوری ص ۲۹ ۲۔ کلیات صہبائی ص ۳۴

نثری نگارشات میں وہی مرصع مسجع اور مشکل انداز تحریر نظر آتا ہے، جو کہ ظہوری کی نثر میں پایا جاتا ہے۔ صہبائی کی تحریروں میں ظہوری کی تقلید ہم کو کئی سطحوں پر نظر آتی ہے۔

۱۔ ظہوری اور صہبائی دونوں کی تحریروں میں صنعت سجع کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ غالباً کوئی بھی جملہ یا فقرہ اس مخصوص انداز عبارت سے خالی نہیں۔

۲۔ نہ صرف صنعت سجع کا استعمال بلکہ اپنے ممدوحین کی تعریف اور ستائش میں دونوں انشاپرداز لفظی و معنوی رعایتوں کا استعمال بڑی خوبی اور قادر الکلامی سے کرتے ہیں۔

۳۔ ظہوری کی طرح صہبائی کے یہاں بھی نثری حصوں کے بعد عموماً مثنوی کے اشعار یا کہیں کہیں صرف ایک بیت یا رباعی ملتی ہے۔

۴۔ دونوں کے یہاں طویل جملوں کا استعمال تحریر کی خوبی سمجھا گیا ہے۔ دونوں کے یہاں پیراگراف کی ابتدا بڑے بڑے جملوں سے ہوتی ہے اور اختتام تک پہنچتے پہنچتے نہ صرف یہ کہ جملے مختصر سے مختصر تر ہوتے جاتے ہیں بلکہ اکثر ان کے افعال بھی حذف ہو جاتے ہیں۔

۵۔ ظہوری کی اتباع میں انشاپردازی کی دوسری خصوصیات کے ساتھ ساتھ نئی نئی تراکیب اور نئے فقرات کی ایجاد و اختراع بھی صہبائی کے یہاں ہم کو ملتی ہے۔

۶۔ دونوں کی نثر میں موضوع سخن اور خیالات کی یکسانی کے ساتھ ساتھ ان کی ہیئت میں بھی مماثلت پائی جاتی ہے۔

صہبائی کی تصانیف میں "ریزۂ جواہر" کے علاوہ اس کے متفرق نثری نمونوں میں دیباچہا، خواتیم و شروح و تقاریظ نظم و نثر نیز مکاتیب و رقعات وغیرہ شامل ہیں چنانچہ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اگر شروح متون کے علاوہ ان کی نثر نگاری کے متفرق نمونوں کا جن کا ذکر سطور بالا میں کیا گیا، مطالعہ کیا جائے تو وہاں بھی ظہوری کے طرز تحریر کی تقلید واضح طور پر نظر آتی ہے۔ وضاحت کے لئے ذیل میں چند مثالیں پیش

کی جا رہی ہیں مثلاً "بیاض شوق پیام" کی ابتدا میں وہ تعریف روضۂ منورہ حضرت جلال تھانیسری سے کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"... فیض پرور مکانی کہ فلک راہوای آستانش بر خود بالیدن سرمایہ استعداد بزرگی فراہم آوردن ست و خورشید را بجاروب شعاع خاک پیشگاہش رفتن اسباب روشن دل مہیا کردن ...."

ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں :

"آتش افروزی گرمیہائے عشق شرارے در سینۂ زار آبلۂ دل نہ انداختہ کہ جگرہائے داغ دل تا سینہ برہم نچیند و نمک ریزے شور محبت نمکدانی بر جگرہا شکستہ کہ شور خندۂ زخم بعلاج گری گوش نہ نشید خامہ را بوسیلۂ تحریر ایں غزل آہی از درد محبت بر لب آوردن ست واز آواز صریر نالۂ بیتابی عشق در بغل پروردن ....

گل خون شدۂ حسرت انداز کہ گردید
نرگس خجل از چشم فسون ساز کہ گردید
یارب بامید کہ چنین رو بقفا شد
صہبائی سرگشتہ بآواز کہ گردید" (۱)

مندرجہ بالا مثالوں سے صاف ظاہر ہے کہ صہبائی کی "ریزۂ جواہر" ہی نہیں بلکہ دوسری نثری تحریریں بھی ظہوری کی طرز تحریر سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکی ہیں۔ وہی مشکل پسندی یعنی دقیق خیال و معنی، سجع، دور از کار تشبیہات اور استعاروں کا استعمال جو ظہوری کی تحریروں میں نظر آتا ہے وہ صہبائی کے یہاں بھی پایا جاتا ہے۔ دوسرے جملے کا فعل حذف کرکے پہلے جملے کے فعل سے فائدہ اٹھانا بھی دونوں کے

۱۔ کلیات صہبائی ص ۶۱

یہاں عام بات ہے۔ علاوہ ازیں نثر کے ایک پیراگراف کے بعد خوبصورت اشعار کے استعمال سے بات کو باوزن اور مستحکم بنانے کی کوشش بھی دونوں نثر نگاروں کی تحریر میں نظر آتی ہے۔

بطور مجموعی دونوں نثر نگاروں کی نثری نگارشات کے مطالعہ سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ صہبائی کی بیشتر نثری تحریروں پر ظہوری کے مخصوص طرز نگارش کی نمایاں چھاپ موجود ہے۔

***

عبدالرؤف تمال

مراسلات

خدابخش لائبریری جرنل ۱۰۸ باصرہ نواز ہوا، جس میں تینوں زبانوں کے مقالات معلوماتی و معیاری ہیں۔ لیکن دو۲ مقالات "ولی کا سنہ وفات" اور "حکیم حسین شہرت شیرازی" میں بعض تسامحات در آئے ہیں۔ خصوصاً آغا مرزا بیگ صاحب کے مضمون "ولی کا سنہ وفات" میں، یہ مضمون اگرچہ محنت سے لکھا گیا ہے لیکن وفاتِ ولی کے دونوں قطعات تاریخ کو حل کرنے میں موصوف سے زبردست سہو لاحق ہوا ہے۔ بیگ صاحب نے ولی کی وفات کا سنہ ۱۱۵۵ھ درست قرار دیا ہے۔ یہ سنہ درست ہے یا نہیں، اس پر اردو ادب کے اساتیر و محقق ہی کو قلم اٹھانے کا حق ہے جن کی دسترس میں بیش از بیش مطبوعہ و قلمی مواد ہوتا ہے۔ راقم الحروف تاریخ گوئی کے فن کا معمولی طالب علم ہے۔ لہٰذا بیگ صاحب کے پیش کردہ قطعاتِ وفاتِ ولی پر چند سطریں پیش ہیں۔ اس مضمون کے ص ۱۴۰ پر پہلا قطعہ مولوی عبدالحق صاحب کا دریافت شدہ ہے:

مطلعِ دیوانِ عشق سیدِ اربابِ دلی (؟ دل)   والیِ ملکِ سخن صاحبِ عرفاں ولی
سالِ وفاتش خود (؟ خرد) از سرِ الہام گفت   بادہ پناہِ ولی ساقیِ کوثر علی

اسے دوبارہ ص ۱۴۲ پر اسی غلط قرأت کے ساتھ نقل کرتے ہوئے "دیوانِ ولی بمبئی" کا قطعہ درج ذیل قرأت سے لکھا ہے:

مطلعِ دیوانِ عشق سیدِ ارباب دلی (؟ دل)   والیِ ملک شہنشاہ صاحبِ عرفاں ولی
سالِ وفاتش خود از سرِ الہام گفت (؟ خرد)   "بادپناہ علی ساقیِ کوثر علی" (۱۱۹۰،
۱۱۸۲)

دونوں قطعات میں خط کشیدہ دو۲ الفاظ کا فرق ہے۔ لیکن تیسرے مصرعے کی قرأت میں لفظ "خود" سے واضح ہے کہ ولی نے اپنی وفات کا قطعہ بعد از وفات خود کہا۔ ہاں زندگی ہی میں غالب و مومن نے اپنی وفات کے مادے خود کہے تھے۔ غالب کا مادہ "غالب مرد" (۱۲۷۷ھ) درست ثابت نہ ہو سکا البتہ مومن کا "تیر دست و بازو بشکست" (۱۲۶۸ھ) نشانہ پر بیٹھا۔ دراصل ولی کے قطعہ کے تیسرے مصرع میں "خود" کے بجائے "خرد" ہونا چاہیے تھا۔ اس غلطی کو تین مقامات پر دہرایا ہے۔

ص ۱۴۲ پر فوق الذکر قطعات کا حل پیش کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

"ہر دو قطعات (؟ ہر دو مادّوں سے) سنہ وفاتِ ولی علٰحدہ علٰحدہ برآمد ہوتے ہیں۔ مولوی صاحب کے روشناس قطعہ کے تحت تاریخ وفات ۱۱۵۵ھ برآمد ہے اور دیوانِ ولی مسجد بمبئی کے تحت ۱۱۹۰ھ۔ نفسِ واقعہ یہ ہے کہ علم ابجد کے اصول کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اور اپنے حسب منشا ولی کا سنہ وفات ۱۱۱۹ھ قرار دیا ہے۔ عبد الجبار ملکاپوری (؟ شاید ملکاپوری) نے اور دکن کے دیگر دانشوران نے ولی کا سنہ وفات ۱۱۵۵ھ قرار دیا ہے، جو درست ہے۔ علم ابجد کی تفصیلات میں نہ جاتے ہوئے اس قدر تحریر کیا جاتا ہے کہ کتب خانہ جامع مسجد بمبئی کے دیوان کے قطعہ کی روشنی میں تاریخ وفات ۱۱۹۰ھ برآمد ہوتا ہے۔ اس میں لفظ "الہا" جیسے (؟ جیسا) کہ شاعر نے اپنے مصرعہ میں اشارہ کیا ہے منہا کر دیا جائے تو ۱۱۵۲ھ برآمد ہوتا ہے۔ اور یہ تاریخ وفاتِ ولی اورنگ آبادی کی نہیں ہے بلکہ حضرت شیخ ولی اللہ ولد شیخ محمد گجراتی کی ہے..." (ص ۱۴۲)

بابائے اردو مولوی عبد الحق صاحب مرحوم نے جس قطعہ کے تاریخی شعر سے ۱۱۱۹ھ حاصل کیے ہیں، اس کے بارے میں صاحبِ مضمون فرماتے ہیں کہ "یہ ادعا ہی غلط قرار پاتا ہے اس لیے کہ اس قطعہ (؟ مادے) سے بھی ۱۱۱۹ھ نہیں برآمد ہوئے بلکہ ۱۱۹۰ھ برآمد ہوتے ہیں" (ص ۱۴۳ پیرا ۲)

غرض ہے کہ آغا مرزا بیگ صاحب نے عبد الجبار اور دیگر دانشورانِ دکن کی تقلید میں ۱۱۵۲ھ یا ۱۱۵۵ھ حاصل کرنے کے لیے دونوں قطعاتِ تاریخ کے مادّوں سے مضحکہ خیز کھینچ تان کرتے ہوئے ۱۱۵۵ھ اور ۱۱۵۲ھ برآمد کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ انہوں نے مولوی عبد الحق صاحب کے روشناس قطعہ کے تاریخی شعر

سالِ وفاتش خرد از سرِ الہام گفت   "بادپناہِ ولی ساقیِ کوثر علی

کے مادہ سے مستخرج اعداد ۱۱۱۸ میں پہلے مصرعہ کے لفظ "الہام" کے ابتدائی چار حروف یعنی "الہا" کے ۳۷ عدد کا ادخال کرتے ہوئے (۱۱۱۸ + ۳۷ =) ۱۱۵۵ حاصل کیا ہے۔ جبکہ اس کے برعکس اپنے تلاش کردہ تاریخی شعر

سالِ وفاتش خرد از سرِ الہام گفت   "بادپناہِ علی ساقیِ کوثر علی"

کے مادہ کے حروف کے میزان ۱۱۹۰ (؟ ۱۱۸۲) میں سے لفظ "الہا" کے ۳۷ عدد کا اخراج بقولِ شاعر کیا ہے اور ۱۱۵۲ھ اپنے حسبِ منشا حاصل کر لیا۔ لیکن موصوف سے مادّے کے حروف کی ابجدی قیمت کے میزان میں فاش غلطی ہوئی۔ کیونکہ مادے کے حروف سے ۱۱۸۲ عدد نکلتے ہیں نہ کہ ۱۱۹۰:

ب ا د پ ن ا ہ ع ل ی س ا ق ی ک و ث ر ع ل ی = ۱۱۸۲

۱۰+۳۰+۷۰+۲۰۰+۵۰۰+۶+۲۰+۱۰+۱۰۰+۱+۶۰+۱۰+۳۰+۷۰+۵+۱+۵۰+۲+۴+۱+۲

ان میں سے "الہا" کے ہر طرح خلافِ اصولِ فنِ تاریخ گوئی ۲۷ عدد خارج کرنے پر (۱۱۸۲ - ۲۷) = ۱۱۵۵ عدد باقی رہیں گے۔

جناب بیگ صاحب نے "علم ابجد کی تفصیلات میں نہ جاتے ہوئے" (جن سے وہ واقف معلوم نہیں ہوتے) مولوی صاحب کے پیش کردہ قطعے کے مادّے کے حل کے بارے میں لکھا ہے کہ "نفسِ واقعہ یہ ہے کہ علم ابجد کے اصولوں کو نظرانداز کر دیا گیا" جبکہ حقیقت یہ ہے کہ موصوف نے خود ان اصولوں کو پسِ پشت ڈال دیا ہے کیونکہ وہ مولوی صاحب کے مادہ کے اعداد میں "الہا" کے عدد جوڑتے ہیں اور اپنے دریافت کردہ قطعے کے مادّہ سے "الہا" کے عدد خارج کرتے ہیں۔ جبکہ تاریخ گو نے دونوں قطعات میں "از سرِ الہام" لکھا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ وہ "از سرِ الہام" کے مفہوم کو سمجھنے میں بالکل قاصر رہے ہیں۔ غالباً تاریخ گوئی کی صنعت ناقص الاعداد اور زائد الاعداد سے اُن کا دور کا بھی واسطہ نہیں۔ ورنہ ظاہر ہے کہ مندرجہ بالا دونوں قطعات کے تیسرے مصرعے میں "از سرِ الہام" سے مراد "الہام" کا سر یعنی 'الف' ہے جس کا ایک عدد تعمیۂ تدخلہ کیا گیا ہے۔ اور دونوں مادّوں سے ۱۱۱۸ + ۱ = ۱۱۱۹ھ نیز ۱۱۸۲ + ۱ = ۱۱۸۳ھ برآمد ہوں گے۔

میر مہدی حسین رضوی آلم تلمیذ داغ فرماتے ہیں کہ "اکثر اس طرح تدخلہ کیا کرتے ہیں کہ از سرِ اخلاص از دلِ شاد یا از پائے گریز لکھکر اشارہ تدخلہ کا کر دیتے ہیں اور یہی شایع و مروج ہے۔ چنانچہ حضرتِ جہاں استاد مدظلہ العالی (داغ) نے فرمایا ہے:

بگو داغ از سرِ اخلاص تاریخ	"مزارِ اشرف عبدالنبی شاہ" ۱۳۰۵ھ

۱۳۰۴ +

سرِ اخلاص یعنی الف کا ایک عدد اصلِ تاریخ کرنے سے ۱۳۰۵ ہجری حاصل ہوتے ہیں[۱]"

مولوی احمد کبیر حیرت کی کہی ہوئی درج ذیل تاریخ ہے:

بگفت از سرِ الطاف ہاتفِ سالش +	بگو حکیم محمد وصی[۲] بشد بہ بہشت ۱۲۸۲ھ

= ۱۲۸۱

غالب کہتے ہیں:

جناب عالیہ از بخششِ حق	بفردوسِ بریں جا کرد آرام
سخن پرداز غالب سالِ رحلت	"خلود خلد" گفت از زدِ الہام[۳] ۱۲۷۵

۱۲۷۴ +

---

[۱] گلبنِ تاریخ ص ۲۲ مطبع فخر نظامی حیدرآباد ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۶ء۔
[۲] تاریخ کمال ۲: ۱۴۱ مطبوعہ ۱۳۰۲ھ بانکی پور۔
[۳] کلیاتِ غالب فارسی ص ۳۱۰ مرتبہ امیر حسن نورانی، مطبع نولکشور لکھنؤ، نومبر ۱۹۶۸ء۔

کیا مذکورۃ العدد تاریخوں میں "سرِ اخلاص"، "سرِ الطاف" اور "از روئے الہام" سے مراد "اخلا" "الطا" اور "الہا" ہیں؟ ہرگز نہیں۔ ورنہ مطلوبہ سنین حاصل ہی نہ ہوں گے اور یہ بات اصولِ تعمیہ (تدخلے اور تخرجے) کے سراسر خلاف ہوگی۔ حقیقتِ واقعہ یہ ہے کہ علم الجبد کے اصولوں کو مولوی عبدالحق صاحب نے نہیں بلکہ آغا مرزا بیگ صاحب نے خود نظر انداز کیا ہے۔ انہیں علم الجبد کی تفصیلات میں ضرور جانا چاہیئے تھا تاکہ قطعات کو درست حل کرنے میں سہولت ہو جاتی۔ لیکن یہ معاملہ علم الجبد کی تفصیلات کا نہیں بلکہ فنِ تاریخ گوئی کی اقسام کی تفصیلات کا ہے۔

ص ۱۴۵ پر شہزادہ اعظم کی شہادت کے مادۂ تاریخ "رزمگاہ ہست کربلا ثانی" سے ۱۱۱۹ھ برآمد کیا ہے۔ اس فقرہ سے اوّل تو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ مادہ کیا ہے اگر مکمل فقرہ کو مادہ سمجھیں تو (۳۲ + ۲۵۳ + ۵۶۱ = ۸۴۶ھ) حاصل ہوں گے اور اگر صرف "کربلا ثانی" مادہ ہے تو اس سے (۲۵۳ + ۵۶۱ = ۸۱۴) نکلتے ہیں۔ جبکہ واقعہ یہ ہے کہ تاریخی مصرع اپنی درست شکل میں اس طرح ہے:

تاریخ رزمگاہ ہست "شہ کربلاءِ ثانی" ۱۱۱۹ھ

مادہ میں ہمزہ کو صفر محسوب کیا ہے کیونکہ ہمزہ حروفِ ابجد میں موجود نہیں۔ تاہم یہ علیحدہ بحث کا موضوع ہے کہ ہمزہ شمار میں لیا جائے یا نہیں۔

ڈاکٹر غلام مجتبیٰ انصاری صاحب کا مقالہ "حکیم شیخ حسین شہرت شیرازی - احوال و آثار" نہایت معیاری اور معلومات افزا ہے، جس کی زبان اتنی آسان ہے کہ راقم الحروف ایسا معمولی فارسی خواندہ بھی اسے بغیر کسی دقّت کے بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ البتہ بعض تسامحات در آئے ہیں، مثلاً:

ص ۱۵۵ پر اورنگ زیب عالمگیر علیہ الرحمہ کا سالِ ولادت ماہ ذیقعدہ ۱۰۲۸ھ اور مادّہ ولادت "آفتاب عالمتاب" لکھا ہے۔ جبکہ درست سالِ ولادت ماہ ذیقعدہ ۱۰۲۷ھ ہے جیسا کہ خواجہ کامگار حسینی نے ۱۰۲۷ھ (سنہ ہزار و بیست و ہفت ہجری) کے واقعات میں بیان کیا ہے:

"...شب یکشنبہ دوازدہم آبان ماہ مطابق یازدہم شہر ذی قعدہ سنہ مذکور (۱۰۲۷ھ) در مقام دوحد در شبستان شاہ ولیعہد از دختر بلند اختر قدوہ خواتین...[1]"

اور مادہ "آفتاب عالمتاب" (۱۰۲۸ھ)۔

کلیم ہمدانی کے اُس قطعہ سے ماخوذ ہے جو اس نے ایک عدد کے تخرجہ سے ولادت اورنگ زیب

۱۔ ملاحظہ ہو: مآثرِ عالمگیری ضمیمہ ص ۵۱۵ مرتبہ عذرا علوی، ایشیا پبلشنگ ہاؤس، بمبئی ۱۹۷۸ء۔

کے تقریباً دس گیارہ سال بعد ۱۰۲۷ھ یا ۱۰۲۸ھ میں کہا تھا۔ قطعہ کے آخری دو شعر ہیں:

چون باین مژدہ آفتاب انداخت   افسر خویش بر ہوا چو حباب [1]

طبع دریافت سالِ تاریخش   زد رقم "آفتاب عالمتاب" ۱۰۲۸-۱ = ۱۰۲۷ھ

کلیم نے "افسر خویش بر ہوا چو حباب" یعنی آفتاب کے اپنے تاج (پہلے حرف الف ممدودہ، مدّ نہیں) کو ہوا میں اُڑا دینے کی بات کہتے ہوئے ۱۰۲۸ میں سے الف کے ایک عدد کے اسقاط کی جانب اشارہ کیا ہے۔

اس تاریخ پر تبصرہ کرتے ہوئے علامہ میر غلام علی آزاد بلگرامی فرماتے ہیں کہ تعمیہ اُسی بیت میں ہونا چاہیئے جو مادۂ تاریخ پر مشتمل ہو، ورنہ طبعِ نازک اُسے پسند نہیں کرتی چنانچہ انہوں نے بیتِ آخر میں ہی تعمیے کی یہ صورت دریافت فرمائی ہے کہ "آفتاب عالمتاب" میں پہلا الف رقمِ ہندسی" کی صورت رکھتا ہے یعنی حرفِ الف اور ایک کے عدد کی مکتوبی شکل ایک جیسی ہے اور دونوں کی عددی قدر بھی ایک ہے۔ اگر مصرعِ آخر میں "آفتاب عالمتاب" کو "زد" کا فاعل اور "رقم" کو اس کا مفعول قرار دیا جائے تو مصرعے کی نثر علامتِ مفعول کے ساتھ آفتاب عالم تاب رقم را زد۔ ہوگی اور اس قرینے سے "آفتاب" کے الفِ اوّل کے اسقاط کی صورت نکل آئے گی [2]۔ بہرحال اس مادے سے بہت سے حضرات کو مغالطہ ہوتا رہا ہے۔

اس قسم کی مثالیں ہیں اور بھی مل جاتی ہیں جن میں از سر کلاہ کہتے ہوئے تخرجہ کیا ہے، مثلاً:

آفتاب از سر کلاہ افگند و در تاریخ گفت ۔ ۱

"آصفِ دوران شد از بزمِ سلیمانِ جہان" ۱۰۴۴ = ۱۰۴۳ھ

کسی عصری شاعر نے "گوہرِ تاجِ ملوک اورنگ زیب" (۱۰۲۷ھ) سے درست سنِ سالم الاعداد مادے سے برآمد کیا ہے۔

اسی صفحہ ۱۵۵ پر اورنگ زیب کے سالِ جلوس کا مادہ "ظلِ حق" (۱۰۶۸ھ) بھی درست نہیں۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں: "در ۱۰۶۸ھ در اعزّ آباد دہلی برتخت جلوس کرد "ظلِّ حق" بلام مشدد تاریخ جلوس اوست" (بحوالہ تاریخ پادشاہانِ دہلی)، عرض ہے کہ عروض کی طرح فنِ تاریخ گوئی میں حرف مشدد کو دو دفعہ شمار نہیں کیا جاتا۔ دراصل فوق الذکر مادہ داراشکوہ کے پیر ملا شاہ بدخشی کی اُس تاریخی رباعی سے مستعار ہے جو انہوں نے اورنگ زیب کے جشنِ جلوسِ ثانی (۱۰۶۹ھ) کے موقعہ پر عالمگیری دربار میں بھیجی تھی:

---

[1] خزانۂ عامرہ ص ۹۷-۳۹۶ مطبوعہ مطبع نولکشور، کانپور ۱۹۰۰ء۔

[2] تذکرہ صبحِ گلشن ص ۴۷۹، مطبع فیضِ شاہجہانی بھوپال ۱۲۹۵ھ/ ۱۸۷۸ء۔

"تا دل من چوں گلِ خورشید شگفت — کامد حق و غبارِ باطل را گرفت
تاریخ جلوسِ شاہ حق آگہ مرا — قل الحق گفت الحق ایں را حق گفت[1] ۱۰۶۹ھ

جشنِ جلوس' قول ۱۰۶۸ھ کی دیگر تاریخوں کے علاوہ خود اورنگ زیب نے "آفتابِ عالمتاب" سے برآمد کی۔
صفحہ ۲۰۱ پر محمد زمان راسخ کی وفات پر سرخوش کا قطعۂ وفات لکھتے ہوئے حاشیہ[1] میں لکھا ہے کہ "مصرعۂ تاریخ مطابقت بہ تاریخ وفاتِ شاعر اصلاً ندارد" کیونکہ صفحہ ۲۰۰ پر راسخ کی وفات کا سنہ ۱۱۶۰ھ دیا ہے (امر گشس در ۱۱۶۰ھ اتفاق افتاد) جبکہ سرخوش کے قطعہ کا مادہ ہے:

خود گفت با دلِ کہ "راسخ بمرد" ۱۱۰۷ھ (ص ۲۰۱)

سرخوش نے راسخ کی وفات پر ایک اور مادہ بھی کہا تھا جو یہ ہے:

"راسخ دم بود محمد زماں[2]" (نام اور تخلص شامل مادہ ہیں)

اور اس سے بھی ۱۱۰۷ھ ہی برآمد ہوتے ہیں۔ دونوں مادّوں کے پیشِ نظر ۱۱۶۰ھ کو کیوں تسلیم کیا جائے جبکہ ۱۱۶۰ھ کا موصوف نے کوئی حوالہ بھی نہیں دیا۔ حالانکہ سرخوش معاصر شاعر تھا۔ علامہ آزاد بلگرامی بھی ۱۱۰۷ھ ہی لکھتے ہیں اور مادہ "راسخ بمرد"[3]۔

ص ۲۰۲ پر مرزا عبدالغنی بیگ قبول کی وفات پر محمد علی ماہر کا قطعہ لکھا ہے مگر اس کے مادّہ سے:
"کرا آگاہی سوی دارالبقا از دارِ فانی شد" ۱۱۱۰ حاصل ہوتے ہیں اگر خلافِ اصول کافِ بیانیہ کے ۲۵ عدد بھی شامل مادہ کیے جائیں تو ۱۱۳۵ جبکہ قبول کا سالِ وفات ۱۱۳۸ھ بتلایا ہے۔ ممکن ہے مادہ مسخ ہو۔

محمد افضل سرخوش متوفی محرم ۱۱۲۶/ جنوری ۱۷۱۴ میلادی کا مادّۂ وفات:

"از جہاں رفت آہ عارفِ پاک"

سے ۱۱۲۷ خارج ہوتے ہیں' اس لیے مادہ "زجہاں رفت آہ عارفِ پاک" (۱۱۲۶ھ) ہونا چاہیے۔ انگلش سیکشن انتہائی معلوماتی ہے۔ ۱۲

●●

---

[1] ملاحظہ ہو: تذکرۂ ص ۲۳۲ مطبوعہ تاج پرنٹرز، نئی دہلی ۱۹۸۷ میلادی۔
[2] باغِ معانی ص ۶۸ (سدہ دوازدھم) از نقش علی، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ چاپ دوم ۱۹۹۲ از نیز مفتاح التواریخ ص ۲۸۹۔
[3] ماثر الکرام دفتر ثانی ص ۱۲۸۔

ڈاکٹر آفتاب احمد خاں

خدا بخش لائبریری جرنل ۱۰۸ میں جناب آغا مرزا بیگ صاحب اورنگ آبادی کا مضمون "ولی کا سنہ وفات" مطالعہ میں آیا جس میں بیگ صاحب نے ولی کی وفات سے متعلق دو قطعات تاریخ کا ذکر کیا ہے۔ ایک مولوی عبدالحق صاحب کا تحریر کردہ اور دوسرا "دیوان ولی بمبئی کا قطعہ" جسے ہم بیگ صاحب کی بازیافت کہہ سکتے ہیں۔ دونوں قطعات کے اول اور سوم مصرعوں میں ترتیب وار دلی اور خود (جو بیگ صاحب نے لکھے ہیں) کو درست کرتے ہوئے ہم ذیل کی سطروں میں لکھتے ہیں :

"مولوی صاحب کا تحریر کردہ قطعہ :

مطلع دیوان عشق سید ارباب دل | والی ملک سخن صاحب عرفاں ولی
سال وفاتش خرد از سر الہام گفت | بادپناہ ولی ساقی کوثر علی" (ص ۱۴۰، ۱۴۲)

"دیوان ولی بمبئی کا قطعہ :

مطلع دیوان عشق سید ارباب دل | والی ملک شہنشاہ صاحب عرفاں ولی
سال وفاتش خرد از سر الہام گفت | بادپناہ علی ساقی کوثر علی (ص ۱۴۲)

دونوں قطعات کے مادّوں میں "ولی اور علی" کے فرق کے علاوہ "سخن" اور "شہنشاہ" کا اختلاف قرأت بھی ہے اس اختلاف کی نشاندہی انہوں نے خود ہی کر دی ہے (ص ۱۴۲)

مگر آخر الذکر اختلاف سے اعداد متاثر نہیں ہوتے آگے چل کر صفحہ ۱۴۳ پر دونوں قطعات کے حل کے بارے میں لکھتے ہیں :

ہر دو قطعات سے (مادوں سے) سنہ وفات ولی علیحدہ علیحدہ برآمد ہوتے ہیں۔ مولوی صاحب کے روشناس قطعہ کے تحت تاریخ وفات ۱۱۵۵ھ برآمد ہوتے ہیں اور دیوان ولی مسجد بمبئی کے (قطعہ) تحت ۱۱۹۰ھ۔ نفس واقعہ یہ ہے کہ علم ابجد کے اصولوں کو نظر انداز کر دیا گیا اور اپنے حسب منشا ولی کا سنہ وفات

۱۱۱۹ء بتایا۔ ... (دیگر دانشوروں)... نے ولی کا سن وفات ۱۱۵۵ھ قرار دیا ہے، جو درست ہے
علم ابجد کی نفسیات میں نہ جاتے ہوئے اس قدر تحریر کیا جاتا ہے کہ کتب خانہ جامع مسجد بمبئی کے دیوان کے
قطعہ کی روشنی میں تاریخ وفات ۱۱۹۰ھ برآمد ہوتا ہے۔ اس میں لفظ "الہا" جیسے کہ شاعر نے اپنے مصرعہ
میں استعمال کیا ہے۔ منہا کر دیا جائے تو ۱۱۵۳ھ برآمد ہوتا ہے۔ اور یہ تاریخ وفات ولی اورنگ آبادی کی نہیں ہے
بلکہ حضرت شیخ ولی اللہ ولد شیخ محمد گجراتی کی ہے..." (ص ۱۴۳) چند سطروں کے بعد مولوی صاحب کے حاصل کردہ
۱۱۱۹ھ کی بابت تحریر کرتے ہیں کہ "یہ ادعا بھی غلط قرار پاتا ہے اس لیے کہ اس قطعہ (مادہ) سے بھی ۱۱۱۹ھ نہیں برآمد
ہوتے ہیں بلکہ ۱۱۹۰ھ برآمد ہوتے ہیں"۔

عرض ہے کہ بیگ صاحب کی منقولہ بالا تمام عبارت مضحکہ خیز تضادات سے پُر ہے۔ مذکورہ دونوں قطعات تاریخ جنہیں یک لفظی اختلاف کے ساتھ ایک ہی قطعہ کہنا چاہیئے۔ صنعت تعمیہ میں ہے۔ جو باعتبار لغت تدخلہ اور تخرجہ دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جسکے تاریخ گو شعراء نے کچھ قرینے مقرر کیے ہیں اور انہوں نے بڑے پوشیدہ لطیف اور نئے نئے تجربات کرتے ہوئے تعمیہ کے ذریعہ فن تاریخ گوئی میں بڑی وسعت پیدا کر دی ہے مگر یہ صنعت بے حد دیدہ ریزی، کاوش اور خون جگر کی طالب ہوتی ہے جسے حل کرنے میں بھی بڑی دماغ سوزی اور کاہش کی ضرورت پیش آتی ہے ورنہ حیف بر جان سخن گر بسخنداں نرسد کی مثل صادق آئیگی۔ خامہ انگشت بدنداں ہے کہ بیگ صاحب نے دونوں قطعات کو حل کرتے ہوئے فن تاریخ گوئی کے اصولوں کو پس پشت ڈال دیا اور ایک اہم اصول کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے اپنے حسب منشا مولوی صاحب کے دریافت کردہ قطعہ کے تاریخی شعر:

سال وفاتش خرد از سر الہام گفت — بادپناہ ولی ساقی کوثر علی

کو غلط تدخلے سے اپنے حسب منشا ۱۱۵۵ھ برآمد کر لیا اور یہ کھینچ تان دوسرے دانشوروں کی تقلید میں کی ہے۔ اور اپنے پیش کردہ قطعہ کے تاریخی شعر:

سال وفاتش خرد از سر الہام گفت — بادپناہ علی ساقی کوثر علی

کو تخرجہ سے حل کرتے ہوئے ۱۱۵۲ھ حاصل کیا۔ افسوس کہ ایک ہی نوعیت کے تعمیہ والے قطعہ کو حل کرنے میں دوہرے اصول کو برتا اور اپنے قطعہ کے اعداد بھی غلط برآمد کیے کیونکہ "باد پناہِ علی ساقی کوثر علی" کے الفاظ کے حروف کا میزان بحساب جمل ۱۱۹۰ھ نہیں بلکہ ۷ + ۵۸ + ۱۱۰ + ۱۷۱ + ۷۲۶ + ۱۱۰ = ۱۱۸۲ ہوتا ہے

اور بقول بیگ صاحب "الہا" کے ۳۷ عدد خارج کیے جائیں تو (۱۱۸۲ـ ۳۷ =) ۱۱۴۵ نکلیں گے نہ کہ ۱۱۵۲ـ دراصل مولوی صاحب کے تاریخی شعر:

سالِ وفاتش خرد از سرِ الہام گفت ‌ ‌ ‌ "بادپناہ ولی ساقی کوثر علی"

کے مادہ سے ۷ + ۵۸ + ۴۶ + ۱۷۱ + ۷۲۶ + ۱۱۰ = ۱۱۱۸ برآمد ہوں گے اور جیساکہ پہلے مصرعہ میں "از سرِ الہام" کے قرینہ سے صرف الہام کا سر یعنی الف کے ایک عدد کا تدخلہ کیا جائیگا نہ کہ الہا کے ۳۷ عدد کا۔ کیونکہ جب تاریخ گو از سرِ الہام' از سرِ انکار' سرِ انصاف' سرِ احترام، سرِ ابہام اور سرِ آرزو وغیرہ کہتا ہے تو اس لفظ کے صرف پہلے حرف کا سیاق وسباق' کے مدنظر اِدخال یا اخراج و اسقاط کیا جائیگا مثلاً:

ہاتف غیب بمن گفت زروئے الہام ‌ ‌ ‌ سالِ تاریخ بگو "تربت کبری بیگم"

اس تاریخ میں مادہ "تربت کبریٰ بیگم" ہے جسکی عددی قیمت (۱۰۰۲ + ۲۳۲ + ۷۲ =) ۱۰۲۶ ہوتی ہے لیکن واقعہ ۱۰۲۷ھ کا ہے لہذا فاضل تاریخ گو نے "زروئے الہام" کہتے ہوئے ایک عدد کا بزمندانہ تدخلہ کر کے مطلوبہ ۱۰۲۷ھ پیدا کرلیا ہے۔ یا

سالِ وصل او زہاتف خواستم ‌ ‌ ‌ "شیخ عالم" بے سرِ انکار گفت ‌ ۱۰۵۰ھ

اس تاریخ میں ماہر تاریخ گو نے مصرعہ مادہ ہی میں ایک عدد کے تخرجہ کا قرینہ پیدا کرتے ہوئے مطلوبہ (۱۰۵۱-۱ =) ۱۰۵۰ تخریج کرلیا۔

کیا ان مثالوں میں "الہا" اور "انکا" برائے تعمیہ استعمال ہوئے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ اس طرح کی ہزارہا مثالیں تاریخ گوئی کی کتابوں میں موجود ہیں۔ لیکن بیگ صاحب کو زبردستی ۱۱۵۵ھ حاصل کرنا تھا۔ اس لیے وہ مولوی صاحب کے حل کردہ سنہ کو بڑے دعویٰ کے ساتھ غلط قرار دیتے ہیں۔

صفحہ ۱۴۵ پر شہزادہ اعظم ابن اورنگ زیبؒ کی شہادت کی تاریخ رزمگاہ ہست کربلا ثانی کو دواوین میں لکھتے ہوئے اس سے ۱۱۱۹ھ برآمد کیا ہے جو غلط ہے کیونکہ اس سے ۱۱۱۹ نہیں بلکہ (۲۴۹ + ۲۶ + ۴۶۰ + ۲۵۳ + ۵۶۱ =) ۱۵۴۹ حاصل ہوتا ہے۔ اس تاریخ میں مادہ صرف "کربلا ثانی" ہے جس کے اعداد کا میزان ہمزۂ اضافت کو صفر شمار کرتے ہوئے ۱۱۱۹ھ برآمد ہوگا۔ یہ فن جتنا دشوار ہے تو اسے سمجھنا دشوار تر۔ افسوس کہ ان کی تمام تر کوشش سعی لاحاصل ہوکر رہ گئی ہے۔ امید ہے وہ اس طرف توجہ فرمائیں گے۔

●●

آغا مرزا بیگ (اورنگ آباد)

عنایت نامہ ملا ساتھ ہی جرنل ۱۰۸ میں شائع شدہ میرے مضمون ولی کا سن وفات پر عبدالرؤف خاں راجستھانی صاحب کا تبصرہ بھی۔ عبدالرؤف خاں صاحب کا تبصرہ پڑھنے کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ موصوف ولی کے بارے میں کچھ زیادہ علم نہیں رکھتے اور نہ ہی وہ میرے مضمون کی نوعیت اور اس کی گہرائی تک پہنچ سکے ہیں۔ لہٰذا ان کا اعتراض نما تبصرہ غیر ضروری اور غیر اہم نکات کی تشریح میں الجھ کر رہ گیا ہے اور ان کا سارا زور علم ابجد اور فن تاریخ گوئی پر مرکوز ہو گیا ہے۔ جبکہ یہ محض ضمنی باتیں ہیں۔ لیکن گذشتہ کئی برس سے ولی کی حیات و موت و طنیت اور مدفن کے تعلق سے پیدا کردہ غلط فہمیوں کی اصلیت کو سمجھنے اور ان کو دور کرنے کے لیے مختلف کتب خانوں کتابوں اور مخطوطات کی چھان پھٹک کر رہا ہوں اس چھان پھٹک میں بڑے عجیب و غریب انکشافات ہو رہے ہیں جنھیں میں ایک کتاب کی شکل دے رہا ہوں۔ جرنل میں شائع شدہ مضمون اسی کتاب کا ایک باب ہے۔ جس میں مولوی عبدالحق صاحب کے روشناس کردہ قطعہ اور ممبئی کی جامع مسجد کے کتب خانہ کے قطعہ کے درمیان پائے جانے والے فرق سے بحث کی گئی ہے۔

ولی کی تاریخ پیدائش ۱۰۷۹ھ سے تو سب متفق ہیں لیکن تاریخ وفات میں اختلافات ہو گئے ہیں تو آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ مولوی صاحب نے ۱۹۲۷ء میں دو صد سالہ جشن ولی میں زیر بحث قطعہ سے ولی کا سن وفات ۱۱۱۹ھ برآمد کر کے حتمی انداز میں یہ اشارہ دیا کہ ولی کی تاریخ وفات ۱۱۱۹ھ قبول کر لی جائے اور اس باب کو بند کر دیا جائے۔ ان کے اس دعوے کے بعد اس سلسلے میں دو گروپ پیدا ہو گئے۔ ایک وہ جس نے مولوی صاحب کے کہنے کے مطابق ۱۱۱۹ھ تسلیم کر لیا گیا۔ دوسرا وہ جن کو مولوی صاحب کے دعوے سے اتفاق نہیں اور وہ ۱۱۵۵ھ کو سن وفات بتلا کر اسے صحیح ثابت کر

پر دلائل بھی پیش کرتا ہے۔ ان دلیلوں میں ایک دلیل خود مولوی صاحب کے روشناس قطعہ سے ۱۱۵۵ برآمد کر کے دی جاتی ہے۔ جبکہ اسی قطعہ سے مولوی صاحب ۱۱۱۹ھ برآمد کرتے ہیں۔

لہذا جس وقت میں ملک عنبر کے تعلق سے کتاب لکھ رہا تھا اس وقت دکن کے تعلق سے تاریخی ادبی کتابیں مخطوطات اور فرامین نظر سے گذرے ان میں کئی جگہ یہ بات ظاہر ہوئی کہ ولی ۱۱۱۹ھ کے کے بعد بھی حیات تھا ان باتوں نے مجھے چونکایا کہ جب ولی کا مولوی صاحب کے مطابق ۱۱۱۹ھ میں انتقال ہو چکا ہے تو یہ کون سا شاعر ولی ہے جو ستارہ کی لڑائی کے وقت بھی زندہ ہے اور آصفجاہ اول کے وقت بھی حیات ہے یہ تجسس مجھے بمبئی لے گیا جامع مسجد بمبئی کی لائبریری کا قطعہ دیکھا جس کا حوالہ مولوی صاحب نے دیا تھا۔ تو اس قطعہ اور مولوی صاحب کے روشناس کردہ قطعہ میں کافی فرق پایا۔ یہ بھی محسوس ہوا کہ مذکورہ دیوان کا مذکورہ صفحہ بری طرح خبط کیا گیا ہے۔ جس پر قطعہ درج ہے اور بڑی مشکل سے پڑھا جاتا ہے

مطلع دیوان عشق سید ارباب دل ‏ ‏ ‏ والی ملک شہنشاہ صاحب عرفاں ولی

سال وفاتش خود از سر الہام گفت ‏ ‏ ‏ بادپناہ علی ساقی کوثر علی

آخری مصرعہ کو بادپناہ علی۔ یا دپناہ علی۔ یا کرپناہ علی بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جبکہ دوسرے مصرعہ میں والی ملک سخن کی جگہ والی ملک شہنشاہ درج ہے۔

ہم نے آخری مصرعے میں پڑھے جانے والے تینوں الفاظ کے تحت اعداد نکال کر دیکھے تو یادپناہ علی کے تحت ۱۱۹۰ برآمد ہوتے ہیں اور جب ضابطہ تاریخ گوئی میں اعداد کو جمع کرنا جائز مانا گیا ہے تو منہا کرنا بھی جائز ہے دیکھئے مفتاح التواریخ۔ لہذا ۱۱۹۰ھ میں سے الہا کے ۳۷ عدد منہا کیے جائیں تو ۱۱۵۳ برآمد ہوتا ہے۔ ہم نے اس کو ماننے پر اصرار نہیں کیا ہے بلکہ ہمارا اصل مدعا یہ ثابت کرنا تھا کہ مولوی صاحب نے جو تاریخ وفات بتائی ہے وہ بھی صحیح نہیں ہے اور اس کے صحیح نہ ہونے کی واضح دلیل قطعات میں اختلاف کا پایا جانا ہے۔ دوسرا انکشاف یہ ہوا کہ بمبئی کا وہ قطعہ سرے سے ولی کی تاریخ وفات سے تعلق ہی نہیں رکھتا بلکہ وہ قطعہ ولی گجراتی سے تعلق رکھتا ہے جن کا انتقال ۱۱۴۵ھ یا ۱۱۵۳ھ میں ہوا۔ دیکھئے ولی گجراتی کے تحت عربی فارسی اردو مخطوطات کتب خانہ حضرت پیر محمد شاہ درگاہ ٹرسٹ احمد آباد ص ۱۶۰-۱۶۱ اور مخطوطہ نمبر ۴۸۰۔

ہم اس بات پر اب بھی قائم ہیں کہ ولی کو مولوی صاحب نے بھلے ہی ۱۱۱۹ھ میں مروا دیا ہو لیکن

۱۱۵۵ھ تک حیات تھا اور اس کے ۱۱۵۵ھ تک حیات رہنے کے ہم ہی قائل نہیں بلکہ مندرجہ ذیل حضرات بھی قائل ہیں:

* رسالہ نگار ۱۹۴۰ء میں سید سلیمان ندوی نے ولی کے تحت بحث کرتے ہوئے ۱۱۵۵ھ تسلیم کیا ہے۔
نظم: اگر فرصت ہو تو آگاہی کے سوا اور کوئی کام نہ کر۔ اپنے آئینے پر زنگار کی تہمت نہ آنے دے۔ ہرچند آنکھ اٹھا کر دیکھنا ایک لمحہ ہی کے لیے کیوں نہ ہو، عالم ظہور کا در کھلا ہوا ہے ہرگز اسے بند نہ کر۔

نکتہ: بھوک کی شدت سے جبکہ قوائے جسمانی رخصت ہوجاتے ہیں، حرارت غریزی بھی کنارہ کشی اختیار کرلیتی ہے۔ ریاضت کرنے والے انسان کو عجیب و غریب شکلیں نظر آنے لگتی ہیں۔ یعنی بخارات جو تخیل کے مادہ ہیں جب

داغ کی طرف جاتے ہیں تو عالم خواب کی صورتیں عالم بیداری ہی میں ظاہر ہوتی ہیں۔

اسی طرح عالم نزع میں بھی مثالی صورتیں طبیعتوں پر ظاہر ہوتی ہیں اور یہ سب عالم خیالی کی باقیات میں سے ہیں ورنہ حقیقتاً اس کی تحقیق دشوار ہی نہیں محال ہے۔ مثل شعلہ چراغ کہ جب اس میں روغن کم ہو جاتا ہے تو سراپا آگ ہو کر بھبک اٹھتا ہے اور زیادہ روشن ہو جاتا ہے اور تھوڑی ہی دیر میں بجھ جاتا ہے چونکہ بھوک کا غلبہ صفرا کا سبب ہے اور صفرا سے سودا پیدا ہوتا ہے اور ایک جماعت جس کی توجہ مبدا کی طرف ہے ان بخاروں کے ظہور کو حقیقت سمجھتے ہیں اور ایک فرزند لے جو حقیقت سے ناآشنا ہیں دیو اور جن کی صورتیں سمجھتے ہیں۔ غیر مشتعل آگ کا کتنا دھواں اوپر نہ اٹھ سکا اور کتنا سودا جلے ہوئے صفرا سے طوفان خیز نہ ہو سکا۔ اگر ہوش ہے تو سمجھنا چاہیے کہ معین اشیائے محسوسہ کے علاوہ جو کچھ خیال میں آتا ہے سب واہمہ سودائی ہے اور خلاف قاعدہ اتفاقاً جو کچھ انسان کو دکھائی دیتا ہے سب بینائی کا غبار ہے۔

نظم : اس جنوں سرائے نیرنگ (دنیا) میں بہتیرے لوگ علم و دانش کی اختراع میں مقید ہیں۔ میں ایسے شخص کی بندگی کرتا ہوں جس کو ادب گاہ ثبات میں اس کی بھوک ممنوں نہیں بنا دیتی اور آسودگی حیرت زدہ نہیں ہوتا۔

غزل : اگر تیری قامت بلند ناز و ادا کے ساتھ گلشن میں جلوہ نما ہو جائے تو سرو سے شرمندگی اس طرح نمایاں ہوتی جیسے مینا سے شراب۔ اگر تیری مست آنکھوں سے نگاہ شرف قبولیت : پائے تو مستی کے باعث آئینے سے نقش جوہر اسی طرح باہر نکل آئے جیسا کہ موج صہبا۔ مستی کے نشیب و فراز سے میرے جنوں مزاج طفل (دل) نے کوئی سبق نہیں پڑھا۔ میں ملک دانش کا افلاطون ہو جاؤں اگر سر کو کف پا سے سمجھوں۔ کسی صورت سے اس دور گردوں میں میری قسمت میں سربلندی نہیں ہے شاید میرے مرنے کے بعد نسیم میری خاک کو بلندی تک پہنچائے۔ نہ میری شام میں سحر ہونے کی بشارت ہے اور نہ سحر ہونے پر سپیدی (روشنی) کا وجود۔ جب ناامیدی ہی حاصل زندگی ہے تو غبار دنیا کو عشق کے سر پر ڈالنا چاہیے۔ تو بے تامل میری نگاہوں سے دور رہے گا اور حد درجہ تغافل برتا۔ اگر تو نے میرے دل کی تڑپ نہ دیکھی تو میرے نالے کو تو سننا تھا۔ جہاں بھی ناز اپنا سر بلند کرتا ہے وہاں نیاز بھی اس سے کم نہیں ہے۔ اگر ایک طرف تو ہے تیری رفتار ہے اور حد درجہ تغافل ہے تو دوسری طرف میں ہوں میری نگاہ ہے اور سینکڑوں تمنائیں۔ اس دبستان کے صفحہ راز سے اور اس گلستان کے نسخۂ رنگ سے کوئی دوسرا نقش عنقا کے پروں پر غبار کے سوا کچھ نمایاں نہ ہوا۔ تیرے ایک ہی جلوے سے دلوں میں صبر رہا نہ طاقت رہی۔ آئینہ کہاں ہے اس تماشا کو دیکھ کر حیرت کا غبارہ حاصل کرے اگر کوئی مے گردش تیرے دور پیمانۂ چشم میں ڈینگ ہانکے تو سانس کمند کی مانند موج

مئے سے مینا کی گردن میں اٹک جائے۔ اے بیدل اس کے عارض سے نظر فریبی کی بہار جلوہ گر ہے جس کے معجزہ سے آخر لعل سے رنگِ زمرد پیدا ہوا۔

غزل: جنوں کا شور پیچھے ہے ، سب سے بیگانہ ہو کر نکل آ۔ ایک دو لمحہ نالہ بن کر دلِ دیوانہ سے باہر آجا۔ تسبیح کی رونق پر نہ جا، زنار کے تار کو توڑ دے۔ مئے کے قطرے کو جوش میں لا، اور ذرا پیمانہ تک آجا۔ آنسو کب تک ناموسِ حیا کی شراب پیتا رہے گا۔ گھر سے باہر نکل آ اور شیشۂ مئے کو بازار میں پٹک دے۔ نفس کی طرح دل کی الفت کی وجہ سے تیرا پاؤں مٹی میں پھنس گیا ہے۔ تو ایسے پھل کا ریشہ ہے جس میں وحشت ہے۔ دانہ کے قفس سے باہر نکل آ۔ تیرے دل کے دروازے کی کنجی کی گردش تجھ کو جہاد کے لیے وقف نہیں کرتی۔ تیرے تیغ کی دھار آرا کی صفت نہیں رکھتی سارے دندان کو نمایاں کر۔ جنوں کا میخانہ جادو کا میدان نہیں ہے۔ مستانہ لغزش ہی بہت خوب ہے، تیز قدم نہ چل۔ تیرے نفس کے فسوں نے تجھ میں عشق اور ہوس کا جذبہ غرور پیدا کر دیا ہے۔ تو چراغ کا دھواں تو ہے نہیں، پروانے کے دل کا دھواں ہو جا۔ جب تک تجھ کو اپنی خبر نہ ہوگی، تیری نظر تہِ خاک رہے گی۔ ذرا مژگاں اٹھا کر اپنے آپ کو دیکھ اور ویرانے سے خزانہ نکال۔ اس حقیر دنیا کا مادہ من (غرور) سراسر فریب اور فسوں ہے۔ سو جاؤ اور افسانہ کی کلفت سے بچو۔ اے بیدل! تیری آہ دیکھ کے جادو سے بھال اور بگرا آدم نہیں بن سکتے اپنے بیج کو ہر داڑھی میں نہ ڈالو اور شانہ بننے کی ہوس سے باز آجاؤ۔

اشارت: ایک رات میں پہاڑ کی چوٹی پر تھا۔ بیتابانہ ایک پتھر سے میرا پاؤں ٹکرایا۔ اپنی قوت پر غرور کر کے چاہا کہ اس کو راستے سے الگ کہیں دور پھینک دوں۔ آواز آئی کہ اے اسرار سے ناواقف! سارا کہسار نزاکت سے بھرا ہوا ہے ایسا نہ ہو کہ یہاں تم جس پتھر پر ہاتھ رکھو وہاں کوئی مست مینا بغل میں دابے سو رہا ہو۔ اے بے خبر! یہ نہ کہو کہ یہاں پتھر ہے۔ ہزاروں آئینے ہر رنگ کے یہاں موجود ہیں کسی ایک آئینہ پر بھی اگر کوئی ظلم ڈھائے تو دونوں عالم فریاد کرنے لگیں۔ کسی موج پر بھی اگر ہوس ہو کہ پاؤں سے اس کو چھیڑا جائے تو دریا کے چہرے پر شکستگی کے آثار پائے جائیں گے۔ کوئی تیشہ کسی سنگ سے جنگ آزما ہو تو پہاڑ کے سر پر قیامت برپا ہو جائے۔ اگر ذرا بھی اس کو درد میں مبتلا کر دے تو ساتوں اعضا میں بے طاقتی کے آثار پیدا ہو جائیں۔ اگر ایک ایک جزو پر غور و خوض کیا جائے تو پھول کی کیفیت آئینہ کی طرح روشن ہو جائے۔ دوست اور دشمن کے اعتبار کے نقوش اس کے نسخۂ یکتائی میں ملیں گے۔ چشمِ شوق جس رنگ میں بھی کھلی رہے تو نظر آئے گا کہ نازک مینا کا نزاکت خانہ ہے۔

اشارت: ایک رات شرابِ حال پی کر مست تھا تو خرد سے سوال کیا کہ اس نیرنگ امکان کے خم خانے میں ہر شخص اپنا اپنا خیال رکھتا ہے۔ زر پرستی بھی مئے پرستی ہی ہے منعم بھی مست رہتا ہے اس نے جواب دیا کہ اے غفلت میں مست

بت کی تاثیر کا منکر نہ ہو۔ منعم مستی سے دوچار کیوں نہ ہو، زر بھی تو پتھر کا ہم صحبت ہے۔ یہ سب ہاتھوں میں
تیشہ لیے ہوئے معلوم ہوتے ہیں گویا بغیر شراب پیے مست ہیں۔ تم یہ تو نہ کہو گے کہ سیم و زر پتھر ہی سے پیدا ہوتے
ہیں اسی طرح مینا سے مستی پیدا ہوتی ہے۔

شارت : ایک رات میری نگاہ سرگرم عبرت تھی، خاموشوں کی بزم میں رسائی ہوئی۔ ایک بجھی ہوئی شمع سے
دھواں اٹھ رہا تھا اور ارباب نظر کو اشارہ کر رہا تھا کہ بغیر سانس رکے ہوئے ایمن نہیں ہے ورنہ خاموشی
بھی بغیر سخن کے نہیں ہے۔

حکایت : میں نے سنا ہے کہ شیخ زمانہ بایزید ایک رات عشق سے بات چیت میں معروف تھے۔ اس حقایق
آشنا کے خیال میں یہ تمنا پیدا ہوئی کہ اے خدا مجھ جیسا بیکار شخص کیا کرے کہ اس بزم میں قابل قبول ہو سکے۔
خدائے ذوالجلال کی بارگاہ سے یہ ندا آئی کہ یہاں دو جہان کا کمال فرش کی طرح بچھا ہوا ہے۔ علم و عمل کی عبادات
کی جنس سے یہ ملک بے خلل معمور ہے۔ نقص کے سوا اور کوئی پونجی درکار نہیں ہے تیرے کمال کا کوئی خریدار نہیں
ہے شکست سے جو کچھ پیدا ہوتا ہے اس آستاں پر اس کی قیمت نمایاں ہوتی ہے تمہاری شکستگی درستی کی مانند
ہے کیونکہ رحمت کا سمندر سراسر مومیائی ہے۔ سمندر جس نے گہر کا رنگ اختیار کر لیا اس کو امواج سے بجز شکست اور کچھ
نہیں چاہیے۔ موج کے ساز کو سلامت رہنا زیب نہیں دیتا۔ موج کا آغاز و انجام شکست ہی ہے۔ ابر بہار اس
دل پر آنسو بہاتا ہے جس نے شکستگی کا رنگ اختیار نہ کیا۔[1]

غزل : عافیت کے حصول مقصد کے لیے نہ کسی رہنما کی تلاش کر اور نہ عصا کی۔ تو آنسو سے ان سب کے مقابلہ
میں کم نہیں۔ اپنی آبلہ پائی سے رفتار طلب کر۔ اس عالم آب و گل کی مراد سے جنوں تک رسائی حاصل کر اور
بے نیاز ہو جا۔ قبولیت کی شرمندگی کا اثر دست دعا کی شکست سے طلب کر۔ کیا صدر مقام اور کیسا آستانہ کہ ان
دونوں جگہوں سے تو گذر رہا ہے ان پر حسرت کی نگاہ ڈالتے ہوئے منہ پھیر کر جو کچھ مانگنا ہو مانگو۔ تم لاکھ آسمان سے
بھی بلند ہو جاؤ پھر بھی ایک سایہ کے برابر ہو۔ اپنی خودسری کے شعلہ کا علاج اپنی جبین حیا کی نمی سے طلب کر۔ ہوس
کے افسانہ میں کروفر کی شہرت کا مظاہرہ نہ کر۔ سحر کی انجمن کو غبار کی مانند ایک نفس سمجھ اور ہوا طلب کر۔ کبر و
نخوت کا خیال باطل ہے اس کا نتیجہ فروتنی ہے۔ اگر اس سے محفوظ رہنے کا ذوق ہے تو شکستہ پر ہو کر ہما کی طلب کر۔ ذرہ
اگر لاکھ چاہے تو بھی اپنی کمی کو دور نہیں کر سکتا اور بڑائی حاصل نہیں کر سکتا۔ جو بھی عمل تجھ سے سرزد ہو اس کو عدم

---

[1] تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئینہ ہے وہ آئینہ * جو شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہ آئینہ ساز میں (اقبال)

میں ہیچ اور اس کی جز اانگ ۔میرا کفِ پا جو عزلت نشیں ہے اس نے ایک خیالی نگین بنا رکھا ہے۔میری جبیں کی آرزو
کے لیے چراغ لے کر حنا طلب کر۔ جلوۂ بے نشان تمہارے آئینۂ دل کے غبار کی وجہ سے ایک معما بن گیا ہے۔ امتحان
کے طور پر صیقل کے لیے اپنے آپ کو الگ کر دے اور صفا طلب کر۔تمہاری طلب بس اتنی ہونی چاہیے کہ معنی سے اثر پذیر
ہو۔اگر تمہاری نظر خود تمہاری ذات تک نہ پہنچ سکے تو اپنے خیالوں میں سرگرداں رہو اور صدا کو طلب کرو۔اس
سے بڑھ کر اور کیا اچھا ہوگا کہ ترک سبب کرو، یقین تک پہنچو اور مسرور رہو۔حقیقت سے جو کچھ طلب کرو وہ
ہمارے بیدل کے طریقہ سے طلب کرو۔

غزل : اے صبح فطرت کے حسن ساز تیرے لعل لب کا تبسم کیا خوب ہے ، گل کا رنگ اور بلبل کی نوا سب تیری تمہید
گفتگو پر نثار۔نسیم سحری تیرا پیام وصل لے کر آئی۔ میں اپنے آپ میں نہ رہا رنگ باختہ ہو گیا اب کس رنگ سے تیرے
کوچے پر نثار ہوں۔میں تیرے انتظار کی مشق کر رہا ہوں خاک بھی ہو جاؤں تو کچھ ڈر نہیں میرا کلک آرزو شکستہ ہو
ابھی تک خط غبار بنا ہوا ہے۔تیری جستجو میں ادھر اُدھر دوڑ رہا ہوں اب تک میرے اضطراب نے جنوں کا رنگ
اختیار کر لیا ہے۔شاید اپنے دل کو جو تیرے کوچے میں گم ہو گیا تھا تیرے پاؤں کے نیچے پالوں۔تیرے گلشن میں ایک
ریشہ پر بھی ہنسی کا نام نہیں، چرخ کو تو اس کی افسردگی پسند ہے۔ ماہ تو جب جام کی شکل کا نظر آتا ہے تو کون ایسا
کہ تیرے آبجو سے اس کا لب تر ہوا ہو ہوس کے دل کو بھی عشق پر ناز ہے، خار و خس بھی شعلہ بن کر لپکتا ہے۔تیری جستجو
کے افسوں سے سررشتہ نفس بھی رسا ہو جاتا ہے۔اس ضعیفی میں مصیبت کے بوجھ نے میرے چہرے کے رنگ کو زرد
کر دیا ہے۔عشق کے نقاش کی خوشامد کریں کہ میری حسرت کا نقش بنا کر تیری طرف بھیج دے۔خجلت لانے والے سجدے
سے میرا سر کس خدمت پر ناز کرے، وہ چاہتا ہے کہ میری تر پیشانی سے تیرے گلی کی خاک سے پھول ٹپکے۔اگر میں بہار ہو
تو اس کی آبیاری تمہاری وجہ سے ہے، اگر میں چراغ ہوں تو اس میں روشنی کا سبب تم ہو۔تم کو میری حیرت
خبر نہیں، کیا میں تمہارے روبرو آئینہ پیش کروں۔معتبر مضمون کہاں سے آئے جو بیدل پیش کرے۔میری پونجی م
ایک ناتوان پیکر ہے جسے تمہارے بال کے ایک تار کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

نکتہ : آدمی کے جسم کی قوت کی گواہ عبادت کے شرائط کے ادا کرنے کی کوشش ہے، اور عقل کی قوت کی گوا
وحکمت کے حاصل کرنے کی توجہ ہے، اور قوتِ روح کی دلیل عروج نسبت وحدت تک ہمت کی پرواز ہے
تینوں قوت کا مادہ غذا کے اعتدال کی مقدار ہے۔جس کی تقویت سے جسم توانا ہوتا ہے اعمال پر قدرت کے لیے اور
کو تحصیل کمال کی کوشش میں مدد ملتی ہے اور روح خدائے ذوالجلال کی محبت میں بلند پروازی کرتی ہے۔اگر

کے اسباب مفقود ہو جائیں تو طلب معاش کے لیے جسم کو تردد لاحق ہوگا اور یہ امر ذوق عبادت کے مانع ہوگا۔ اور عقل اس کے حصول کی تدبیر میں مصروف رہ کر علم و حکمت حاصل کرنے سے محروم رہے گی اور روح کی توجہ ان سب کی تشویش (فکر) میں جمعیت کی ابتدائی منزل کی طرف سے لوٹ جائے گی۔

نظم: لیل و نہار کے دسترخوان کے خشک و تر پر قانع رہو اور دل کی جمعیت کو مفت سمجھو۔ وہ دولت جاوید جس کو لوگ خلد کہتے ہیں ایک ایسی رزق ہے جو بے تردد حاصل ہو جاتی ہے۔

مناجات بہ حضرت حق: اے خدا ہم لوگ ظہور کے تہمت آباد میں ہیں۔ ہستی سے عدم تک یکساں دور ہیں۔ میری آہ کا صید کمند نارسائی ہے اور میری برق نگاہ چراغ خاموش ہے۔ میں سراپا اشک بیتاب ہوں۔ قدم ظاہر نہیں پھر بھی خود بخود چل رہا ہوں۔ میری لگام کے لیے سوائے ٹوٹنے کے اور کیا چارہ ہے۔ میرے رہنما کے لیے نارسائی کے سوا اور کیا ہے۔ اس دریا میں شکست ہی شکست ہے۔ موج اپنی بے قراری سے اور کیا چاہتی ہے میرے شوق کا سرمایہ طلب ہے مگر پاؤں کہاں ہے (جو چلوں)۔ ٹھہرنے کی تمنا تو ہے مگر جگہ کون سی ہے جہاں ٹھہروں۔ نہ چلنے کے لیے پاؤں ہے اور نہ ٹھہرنے کے لیے جگہ۔ اس راہ میں ہائے چلنا والے ٹھہرنا!!

حکایت: میں نے سنا کہ ایک حسین و جمیل اور عقل سے آراستہ عورت اپنی زلف مشک بار سے غفلت برت رہی تھی۔ صبح اور شام بالوں میں تیل ٹپکا ٹپکا کر اتنا بڑھایا کہ کمر سے بھی زلف آگے بڑھ گئی۔ اس نے صدا دی کہ راز کی جستجو کرنے والو حسن مجاز سے غفلت نہ برتو۔ اگر ظاہری رمز سے آگاہ ہو تو سمجھو کہ پرکار کی طرح ہر ابتدا کی انتہا ہے۔ سر کے بال سے یہ خیال ہوتا ہے کہ جو سر چڑھتا ہے وہ آخر پاؤں پر گرتا ہے۔

حکایت: میں نے سنا ہے کہ مولانائے روم ——— رسم و رواج کے پابند لوگوں کے بارے میں کہتے ہوئے اپنے بیٹے کو آداب سکھا رہے تھے جب کہ وہ اپنی دستار کے درست کرنے اور اس کے پیچ و خم کو آراستہ کرنے میں مشغول تھا۔ اپنے فرزند سے فرمایا کہ اے بیٹے اس شغل باطل میں اتنا مشغول نہ ہو۔ میں بھی عالم شباب میں اسی طرح دستار کے باندھنے میں بیحد مشغول تھا خضر مجھے اس طرح دیکھ کر بربنائے الفت رنجیدہ ہوئے اور مدت تک مجھ سے ملاقات نہ کی۔ اب تک وہ خیال دل میں سمایا ہوا ہے اور شرم کے پسینے سے جبین تر ہے۔ لباس کی فکر میں اتنی دردسری نہ کرو ایسا نہ ہو کہ اس غبار سے تمہاری آنکھیں بند ہو جائیں اگر تمہیں اس راز سے آگاہی مطلوب ہے تو تمہیں چاہیے کہ جامۂ عریانی کو یاد رکھو۔ فریب کے آب و رنگ پر مائل نہ ہو اور خضر کی ملاقات سے محروم نہ ہو جاؤ۔ خضر آگاہی کے نشۂ مطلق ہیں۔ ان کی شراب معرفت سے ظرف مقید خالی ہے۔

غزل : کیا اچھی بات ہو اگر تجھ کو منظر کی' بلندی کی اس قدر ہوس ہو کہ اس مقام پر جب تو قدم رکھے تو تیرا
سر گردش سے خم نہ ہو۔ اس قفس میں دو روز کی مہلت میں تیرا دل سینکڑوں ہوس کا آشیانہ بنانے میں مصروف
ہے تو اپنے نفس کی تپش سے آگاہ نہیں ہے کہ انڈے سے کون سی قسم کی چڑیا پر کے ساتھ نمودار ہوگی پھول کی مانند اپنی بے پروا
طبیعت کے لیے اپنے خیال میں تم نے آشیانہ بنالیا' اس کے بعد برہنگی کے باعث تیرے جسم سے پیراہن کا ظہور ہوا۔ حباب
کی مانند لباس کے بغیر تجھ کو کیا توقع ہے اور کیا ڈر ہے نہ تو باقی رہے گا اور نہ تیرا قیاس جب تیرے جسم سے پیرہن اتار لیا جائے
گا۔ قدرتی نغمہ کا نہ تو عروج ہے اور نہ فطری تنشہ کی پونجی' غبار کی مانند تو عبرت کا واعظ ہے اور تیرے منبر کا پایہ
ناپائیدار ہے۔ سبھوں کی راہ میں پیچ و خم ہے اور سب کے لیے کوشش کی شرمندگی ہے تو اس طرح قدم نہ بڑھا کہ مسطر
کے نشانات لغزش کی وجہ سے ٹیڑھے میڑھے ہو جائیں۔ مغنی کے فسوں گری اور اس کے چنگ کی دلآویزی پر اعتدہ
مست فغاں نہ ہو اگر عاجزوں کے نالہ کو سمجھنے کی طرف تیرا ہوس متوجہ ہوتا ہے ۔ لاطائل قدر کا غم کرنا سراسر
بیہوشی اور موت ہے' فسردہ ہونے کی بلا سے اپنے کو محفوظ رکھ تاکہ تیری قدر و قیمت اپنے منصب تک پہنچے۔ اگر تیری طلب
ایک حد تک پوری بھی ہو جائے سر کے بل پاؤں پر گر بھی سکتی ہے۔ تیری آرزو نافہمی کی بنا پر کہاں تک پوری ہوگی۔
بیدل کے کلام کے رطب و یابس پر نگاہ کر۔ جس کے اثر سے تجھے اتنی حیرت ہوگی کہ آئینے کی آب و تاب تیری رہبری کرے گی۔
غزل : اے وہ کہ بوی گل کی طرح تیرے پیراہن کی نیرنگی آشکارا ہے' میں عنقا بن جاؤں تب کہیں میری خاک تیرے
دامن کا سراغ پا سکے۔ ناز قدم کی کھیتی سے سینکڑوں کیف و کم کے حدوث کے ساتھ تیرے تخم سے جو خرمن دو عالم
ہے کوئی ریشہ شوخی کا نہ اُگ سکا۔ تیری تشبیہ کے باعث حیا سینکڑوں قطرۂ شبنم کی مانند ہے' اور تیرے جسم کی لطافت
جان کی سینکڑوں عرق ریزی سے آب بقا ہے۔ ناز کی جدت تیرے لباس کی رنگا رنگی پر شیدا ہے اور تیرے نقاب اٹھانے
کی ادا پر بے پردگی دیوانہ ہے شوق یقین کی وادی میں سینکڑوں طور موسیٰ پیدا کر رہے ہیں' اور پروانے کی خاک
تیرے چراغ ایمن پر نثار ہے۔ لم یزلی کی بہار میں ازل کے باغ سے نو آسمان پھولوں سے بھرے ہوئے تیرے گلشن کے
ایک برگ سبز کی وجہ سے پیدا ہوئے۔ دل حیرت سے خون ہو گیا اور عقل پر جنون کی بجلی گری حرف ک ن (کن)
نے تیرے لب سے نکل کر دونوں عالم میں شور برپا کر دیا۔ ہر جگہ تیرا ظہور ہے تو نے اپنے کو اپنی ذات میں پوشیدہ رکھا
ہے۔ تیرے شمع کی روشنی میں فانوس کا پیراہن مدھم ہے۔ تیری کبریائی کے سمندر کے جوش نے ایک قطرہ کو آئینے کی
صفت بخشی، مجھ کو خود مجھ سے آشنا کر دیا جس سے ما و من کا ہنگامہ کھڑا ہو گیا۔ ہم نہ عشق کو جانتے ہیں اور نہ ہوس کو'
مجھے تو بس تیرا شوق ہے اور کچھ نہیں۔ نفس ایک دنیائے صبح ہے اور دل کا اندیشہ تیرا مسکن ہے۔ حقیقت کا حسن

روبرو ہے، آئینہ کی تلاش فضول ہے۔ تو بتاؤ بیدل آخر کیا کرے جبکہ تیرا نہیں ڈھونڈنا ہی پاتا ہے۔

نکتہ: ریاضت سے صفائے باطن حاصل ہوتی ہے مگر اعتدال شرط ہے اور قویٰ کمزور ہوجاتے ہیں کمال کی زیادتی سے۔ اس سب سے مدعا یہ ہے کہ فاسد مادہ کی اصلاح ہو نہ کہ صالح اجزا اور فاسد ہوجائیں۔ یہاں طبیعت سے زنگار کو رگڑ کر دور کرنا ہے نہ کہ آئینہ پر صیقل کی مشق کرنا۔ ذاتی قدر دانی کی بنا پر پیغمبروں میں سے کسی نے بھی اپنی امت ریاضتیں نہیں کرائیں مگر مزاج کی اصلاح کی حد تک اور نیند اور غذا کی طرف بھی توجہ نہ کی سوائے اس کے کہ جتنی ضرورت تھی۔

نظم: جسم کی بنیاد جو کہ اسما کی کارگاہ ہے، دو روز کے لیے حکمت طبیعی سے قائم ہے۔ روزہ نماز میں زیادتی نہ کر کیونکہ ہر امر میں اعتدال عرفا کا کمال ہے۔

مناجات بہ حضرت حق: اے خدا، میرے ساز کی حیرت کا کیا ہوگا، میری بے ڈھنگی آواز کا کیا ہوگا۔ اس کو علاج سے نواز تاکہ راستہ پا سکوں میں سراپا درد ہوکر آہ کر رہا ہوں۔ میں اور تیری حمد کروں! افسوس کیا بات ہوئی! اس قدر نالہ کرنے سے دل شکستہ ہوگیا۔ میں سپند ہوں نالہ کرنا میری فطرت ہے۔ دل زخمی ہے اور نالہ کر رہا ہوں۔ بات کرنے کے جرم میں قلم کی مانند مجھ کو نہ گھسیٹیے، میری زبان لڑکھڑا رہی ہے، مجھ کو بخش دیجیے۔ دو روزہ جام کی ستی کے آگے میری ہستی کا بدر ہلال کی مانند تھا۔ میری پیشانی، خط پیشانی میں گم تھی، ہتھیلی آستین کی شکن میں نا بند ہے۔ قدرت کے قلم سے پیشانی کی تحریر آشنا ہوئی اور اس کی اتنی مالش ہوئی کہ پیشانی نمایاں ہوگئی اور اس بے نشان تختی پر ایک نقطہ کا اضافہ کرکے وہ لکھ دیا جس کو تو خود جانتا ہے۔ میں نہیں جانتا کہ اس تحریر کا مطلب کیا تھا اس تحریر سے ظاہری اور باطنی پریشانی ہے۔ میں جو بیدل ہوں اسی پیشانی کی تحریر ہوں، اس نقش نگیں سے میں نگیں کی طرح نمایاں ہوا ہوں۔ کاتب کی ثنا خود تحریر کیسے کرسکتی ہے، کاتب خود ہی لکھ دے تو لکھ دے۔ ذرہ تو خود اپنے نقطہ کو سمجھنے سے ناامید ہے، خورشید کے خط تحریر کو کیا پڑھ سکے۔ ادراک تیری حمد و ثنا کیا کرسکتا ہے، خاک کو عالم پاک سے کیا نسبت۔ میں سراپا تحریر خجالت کا ایک صفحہ ہوں جس رنگ میں بھی ہوں شرمسار ہوں۔ اگر میری سرکشی تیرے کوچے تک مجھے پہنچا بھی دے تو بھی میں نالہ کی مانند ہوں جس کو کوئی دیکھ نہ سکے۔ میں ایسا حباب ہوں جو طوفان کے پیچ و خم میں گم ہے، بے حساب نالہ کروں کہ کچھ ہوسکوں۔ اگر کوئی رنگ اختیار کرلوں تو گلشن فراغ بن جاؤں اور اگر نمی کی صورت اختیار کرلوں تو پرجوش سمندر ہوجاؤں۔ میں جو ہستی سے محض متہم ہوں میرے ساتھ انصاف کر۔ تو سراپا ہستی ہے میں صرف عدم ہوں میری فریاد سن۔ تو آغوش میں ہے اور میں جدائی کا داغ

اٹھا رہا ہوں، کیا بگڑتا ہے اگر اس پردے سے باہر آجائے۔ میرے گریباں سے باہر آجا مگر بغیر میرے اور تو مجھ سے لے میرے پیارے کب تک پنہاں رہے گا۔

حکایت: کسی نے مجنوں سے پوچھا کہ اے بے خبر، جب تیری لیلیٰ تیرے سامنے تھی تو غفلت سے اپنا ہوش کیوں کھو بیٹھا۔ تیرے لیے بہار تو ظاہر تھی تو نے پہچانا نہیں۔ اس کے غبار کی صبح سے ایک سانس برآمد ہوئی اور اس شعلے خاکستر نے خندہ زنی کی۔ لیلیٰ کو تو خود اپنا شہود مقصود ہے۔ اس کے نمود کی دلیل خود اس کا نمودار ہونا ہے۔ اس کے لیے میرا جوش طلب ظاہر تھا۔ جب میں از خود رفتہ ہو گیا تو یہ غبار دب گیا۔ ایک بجلی گری اور میرا خرمن جل گیا۔ میرے قبضہ میں فلک تھا جو زمین ہو گیا نا امید ہو کر میں نے آگ روشن کی اور آئینہ اور جلوہ سب جل کر خاک ہو گئے۔ جس دم سارے اعتبارات نظر سے غائب ہو گئے تو سارے صفات ذات میں فنا ہو گئے۔ جب اپنے آپ کو گم کر دیا تو جستجو بھی نہ رہی جب "خود" میں "ہی" نہ رہا تو "وہ" بھی نہ رہی یقین ہو گیا کہ یہ سب توہمات تھے۔ کیسا مجنوں اور کیسی لیلیٰ، سب نام ہی نام تھا۔ ہستی سے اپنی نفی مقصود ہے اور یہی اڑی ہوئی گرد ہے جس کو نفس کہتے ہیں۔ دل میں ایک امید تھی اس کو آگ لگا دی، بے خود ہو گئے اور صاف ستھری شراب کا جام پی لیا۔

حکایت: ایک رات میخانے کی سیر کو گیا۔ اندیشہ یہ پیدا ہوا کہ دنیا تو کلفت سے آلودہ ہے۔ موج کی یہ بیتابی ناآسودگی کی وجہ سے ہے۔ اس گفت وشنید کے عشرت کدہ میں میخانہ ہی ایک ایسی جگہ ہے جہاں عیش ہی عیش ہے۔ تحقیق کے سازسے یہ آواز آئی کہ تو ہوش سے بیگانہ ہو گیا ہے۔ تیرا خیال سمجھنے میں مصروف ہے، تو غور و فکر نہیں کرتا، تیری نظر سرسری ہے۔ راحت کی فکر میں تیرا دل پھنس گیا ہے تجھ کو اطمینان کا سراغ میخانے میں ملا۔ امتحان میں اگر تمیز کرنے کی صلاحیت آجائے تو یہ میخانہ بھی تیرے لیے وبال جان ہو جائے۔ اے بے خبر، یہ طلسم ظہور ہے۔ اس جگہ تسلی کا گمان نہ کر۔ دیر و حرم سے لے کر دل کے مقامات تک دنیائے آب و گل میں زحمت کے سوا اور کچھ نہیں۔ دنیا کی بنیاد آفت پر قائم ہے، یہاں آسودگی ایک تہمت ہے یہ امتحان گاہ ظہور (دنیا) آرام گاہ نہیں ہے۔ اس جام میں عافیت کی شراب کہاں؟ نادانی سے عقل کو متہم نہ کرو۔ یہ میخانہ بھی جو بظاہر نظر آرہا ہے۔ ویسا نہیں ہے۔ اس بزم کے تموں میں جہاں راحت کا نام نہیں، راز ہائے پوشیدہ سب عیاں ہیں۔ یہاں مے آسانی سے کب کس کے قبضہ میں آتی ہے۔ جب جگر خون ہوتا ہے تب کہیں مے ملتی ہے۔ مے سے بھی عشرت کا سامان کہاں ہے؟ اگر اس میں نشہ ہے بھی تو وہ خونبہا ہے۔ جگر تو خون کے ساتھ میخانے میں مل گئے، بالکل رنگ بن کر پیمانہ ہو گئے۔ راحت کے نشہ میں تم ایک جگہ جم کر بیٹھ رہتے ہو جیسا کہ تم راحت کا نشہ مہیا کرتا ہے۔ مگر اس عرصہ گاہ میں راحت کہاں؟ یہاں تو سر گریباں میں نظر رکھتا ہے۔

ان ظروف کو توڑنے میں شکست مصروف ہے۔ ان سارے حروف کا مضمون فنا پذیر ہے۔ اگر آرزو کا مقصد آسودگی ہے تو اس کا سراغ اس خرابات میں ہے جو بے رنگ دبو ہے۔ اگر چاہتے ہو کہ وہ نشہ حاصل ہو جائے تو تقیدات کے سارے سامان سے دست بردار ہو جانا چاہیے۔ اس بزم میں کب تک پھنسے رہو گے نہ تو خم ملے گا نہ ساغر نہ سبو۔ جب تک صفات سے تعلق ہے ذات تک رسائی نہیں ہو سکتی۔

نکتہ: انسان میں خطرکے اعتبارات ظہور نسبتہ کے باعث ہیں کیونکہ اس کے دل میں جو خطرات ظہور پذیر ہوتے ہیں باوجودیکہ ان کے وقوع ہونے کے آثار بظاہر فساد و شر سے متعلق ہوتے ہیں لیکن اس کو ان لینے میں تامل جائز نہیں اور بے اختیار مقدور کی حد تک قوہ سے فعل میں آجاتے ہیں اور حقیقت کے ظہور کا انحصار رجو قلبی خطرات کہ عالم کون کے مروجہ امور کے مطابق ہے ہے اس کے موازنہ پر ہے اور جو کچھ خیر کے مطابق دیکھتا ہے اس پر عمل کرتا ہے۔

رباعی: حقیقت کو ایک شخص سمجھو جو آئینہ کی طرح صاف و شفاف ہے۔ اس عالم میں مختلف صفات کے ساتھ اس کا ظہور ہوا۔ قول و فعل جس سے خیر و شر کا پتا چلتا ہے اور شخص کی ذات سے خطرات کے ظہور کے علاوہ اور کچھ نہ سمجھو۔

نکتہ: خدا کی قربت جنوں کی کیفیت رکھتی ہے اور دنیا کی قربت ہوش و حواس کی۔ اس مقام پر عقل مندیاں عالم اسباب سے متعلق ہوتی ہیں اور وہاں جو کچھ اس کے سوا ہے وہ سب فراموش ہیں۔ لہٰذا دنیا والوں کے معاملات اللہ والوں کو پسند نہیں، اور عقل مندوں کے طور طریقے اہل جنوں سے کوئی نسبت نہیں رکھتے۔

رباعی: میخانے کی پاکیزگی میں ہوس کی گذر نہیں ہے۔ ہمت کے سوا اور کسی کے لیے دروازہ کھلا ہوا نہیں ہے۔ اے خواجہ! دولت فقر کی آرزو مت کر۔ یہاں کی چھت اور دیواریں زریں نہیں ہیں۔

غزل: مقصد کا راستہ ناپید ہے محض خیال کی بنا پر بیکار قدم بڑھا رہے ہو۔ کسی منزل تک تم نہیں پہنچ سکتے، کس خیال میں لگے ہوئے ہو۔ اِدھر اُدھر کی افسانہ طرازی سے اس حقیقت تک جس کا علم نہیں کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ ٹوٹے ہوئے بال و پر سے اس کی تلاش فضول ہے۔ اس عالم میں صفا بھی ہے اور کدورت بھی، ساغر میں معانی کی شراب بھی ہے اور الفاظ بھی۔ سب کچھ ہے مگر اپنی دانست میں سب فضول باتیں ہیں۔ شمع کی زبان کو سمجھو اس کی باتیں دنیا کے لیے باعث عبرت ہیں۔ کیونکہ اس ستم زدہ دنیا میں کسی پھول نے اپنے پاؤں کا کانٹا سر پر رکھنا لاحاصل نہیں سمجھا۔ تعلقات جہاں کی ہوس سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ لالچ اور چاپلوسی کا سامان بہم پہنچائے، یقین اگر امتحان لینا چاہے تو ساری عمر لاحاصل طور پر ختم ہو جائے۔ اگر تیری نگاہ وا ہو تو حقیقت تک رسائی ہو سکتی ہے شیشہ کے دل کو اگر صاف رکھا جائے تو فضول پری کا وہم پیدا نہ ہو۔ جس طریقہ سے ہوا شبنم کے لباس کو نہ تو پارہ پارہ کر سکتی

ہے اور تو اس کو جوڑ سکتی ہے کیا ستم ہے کہ ایک مبہم شئی کے لیے اس قدر تکلیف اٹھاتے ہو اور فضول اپنی جبیں کو عرق آلود کرتے ہو۔ سحر کی مانند ہوا و ہوس کا جھنڈا بلند نہ کرو اور ہوس کا جادو نہ جگاؤ، یہاں عدم کے سوا اور کچھ نہیں تو جو عدم ہے اس کی پردہ دری ہو ہی نہیں سکتی۔ تیری حقیقت ایسی ہے جس کا یقینی طور پر پتا نہ چل سکے اور نہ تیرا مجاز گمان کا آئینہ دار ہے۔ ایسی حالت میں تشخص اور تعین کا کیا سبب ہے کہ تو خود بھی غلط ہے اور تیرے علاوہ دوسرا بھی بیکار ہے۔ تیری حقیقت نہ جاننے کے باعث خجل ہوں جس طرح بے زبان بیدل کی گفتگو۔ جب تو دکھائی نہیں دے سکتا تو لوگوں کے کانوں تک در بدر پھر کر فسانہ سنانا عبث ہے۔

غزل :- اس شبستان میں اگر میرا خیال معدوم ہونے کی شرمندگی کا خمار نہ رکھے تو ہر ذرے کی چمک میرے لیے شراب کا پیالہ بن جائے اور میری شان و شکوہ ایسی ہو کہ جمشید کو میسر نہ ہو۔ اس مکتب میں جبکہ آسمان کی محنت خطِ کہکشاں کو مٹا دیتی ہے۔ کس کی مجال ہے کہ قضا و قدر کے اسرار کو ظاہر کر سکے کیوں کہ اپنے ہاتھ میں قلم نہیں لے سکتا ہے۔ اس دنیا میں ایک مشتِ خاک کے برابر ہوں، میں کسی سے ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ اعتبار کے میزان پر پورا اترتا ہوں اس میں ذرہ برابر بھی فرق نہیں۔ میزانِ اعتبار میں سلامتی کے سر کا گیند لے جایا جا سکتا ہے، اگر سانس کی آمد و رفت تیری تیغ کے سامنے دم نہ مارے۔ تم ہوا و ہوس میں سانس لے رہے ہو نگیں کا جو نقش ہے اس پر قانع نہیں ہو۔ جس لب پر بے نیازی کی دولت کا نام تک نہ آئے لا حاصل ہے۔ پندار کے سمندر کے حباب بننے سے عافیت نصیب نہیں ہوتی۔ اس سے پرہیز کرو کیونکہ تمہارے دماغ کی ہوا پیٹ میں نفخ کی تکلیف نہ پیدا کر دے۔ اس سختی کے باعث تمہاری غافل طبیعت کے لیے انفعال کا اثر لینا غلط ہے، کیونکہ شیشہ گری کی دوکان میں پتھر اگر شرم سے آب آب ہو جائے تو بھی اس میں نمی نہ پیدا ہو۔ اگر خود رفتگی کا امکان نہیں ہے کہ گذرے ہوئے لوگوں کی حقیقت کو پائے کیونکہ اس راستے میں کوئی شخص نقش قدم کا سراغ بغیر چلے ہوئے نہیں پا سکتا۔ میری بلند ہمتی نے نیاز مندی کے ساتھ فروتنی اختیار کی ہے کیونکہ سربلندی کا احسان کوئی شخص نہیں لیتا۔ میرا خیال جو گریبان سے ناواقف ہے اس نے مجھے صحرا صحرا پھرایا۔ کون سی صورت اختیار کی جائے کہ اپنے دل کے دروازے کو چھوڑ کر دیر و حرم کا رُخ نہ کرے۔ دل منظورِ بے نیازی ہے، غفلت کے باعث اس کو آزردہ نہ کرو۔ وہ شخص جو جلوے سے شرمندہ ہے تو یہ شیشے کے ٹوٹنے سے کم بات نہیں ہے۔ اگر ہمت کے زور پر ہم نازاں ہوں تو اس کی گراں باری سے پشیمان نہیں ہے۔ کیونکہ میں نے دونوں عالم کا بوجھ اٹھا لیا ہے اور میرے کفِ پا نے کسی قسم کا خم محسوس نہیں کیا (ثابت قدم رہے)۔ اے بیدل! جب اس مکتبِ تعین میں کدورت کی انشا گردی نہیں ہے۔ اگر صفحے پر اس کا نام لکھوں تو وہ تحریر سوائے غبار کے اور کچھ نہ ہو۔

نعت :- میری زبان حمد خدا کے قابل اس وقت ہوئی جب کہ نام محمدؐ سے آشنا ہوئی۔ میرا دل اسی نام کی تفسیر سے آگاہ ہے کہ الحمدللہ کے معنی کا رمز کیا ہے۔ جب میں نے دونوں جہاں کو صدف کی مانند توڑ دیا تو اسی نام کا گوہر ہاتھ آیا۔ احد کی آغوش سے ایک میم جوش مارا یعنی بے رنگی نے ایک رنگ اختیار کر لیا۔ اس جلوہ نے نگاہ کا ساز بننے کے سوا اور کچھ نہ کیا۔ اور وہ میم خود اپنا آپ گواہ ہوا احد پر احمد سے کوئی چیز افزوں نہ ہوئی اور اگر میم کا اضافہ ہوا تو بھی ایک ہی رہا۔ ظاہر میں محمد باطن میں خداوند۔ موج کا وجود بحر میں پیوند ہونے کے سوا اور کیا ہے؟ احد میں احد کے سوا اور کسی کی گنجائش نہیں۔ ایک میں ایک گم ہے، دوسرے عدد سب ہیچ ہیں۔ آواز اور ساز دونوں یہاں ایک تار ہیں۔ پھر ایک موج ہموار کی حیثیت رکھتا ہے موج اور بحر کیا؟ یا تو موج ہے یا دریا۔ سوائے نام کے موج و دریا میں کوئی فرق نہیں۔ زبان سے کچھ کہو تو موج ہے اگر خاموش رہو تو دریا ہے۔ خموشی سے گر بیان میں بحر کی طغیانی ہے اور زبان سے کچھ کہنا موج کی تلاطم ہے۔ سخن دوئی کے سوا کوئی ساز نہیں رکھتا اور خموشی تو اپنی آپ آواز ہے۔

اشارت :- سحر کے وقت آئینہ اور میرا دل یکساں تھا۔ آب و گل کا امتیاز صاف نظر آ رہا تھا۔ سب سے پہلے میں نے تحقیق شروع کی تو آب و خاک کے بھید سے میری آنکھ کھلی۔ کائنات کی ہر چیز پر غور و فکر سے کام لیا ہر شی کی حقیقت روشن ہو گئی۔ زمین کے اندر کا پودا گویا قفس میں گلشن بکنار تھا۔ حباب بھی اپنے پانی میں جوش زن تھا مجھے یقین ہو گیا کہ ہر قطرہ ایک ساغر ہے اور ہر کف خاکی میں ایک دنیا آباد ہے۔

حکایت :- ایک واعظ شراب کی حرمت پر مشغول نصیحت تھا کہ جب تک انسان شراب کی الفت سے باز نہ آجائے شراب وصل کا خمار دور نہیں ہو سکتا (خدا تک رسائی نہیں ہو سکتی)۔ تمہیں چاہیے کہ پہلے اپنے ہاتھ کو جام مے سے علیحدہ رکھو اس کے بعد رحمت خداوندی کے سزاوار بنو۔ بزم کرم میں ساغر گھات میں رہتا ہے، کوئی دعا قبول نہیں ہوتی ایک رند جوش میں آ کر کہنے لگا کہ اے بے خبر واعظ۔ تو جو کہہ رہا ہے اس کا کچھ اثر بھی ہے مستوں سے شراب نہ پینے کی تمہید ہی سے اس کی عظمت ظاہر ہے۔ جب تک ہمت کے ہاتھ میں شراب کا جام موجود ہے، تیرا دل جو بھی خواہش کرے وہ تہمت ہے۔ ہاتھ میں دونوں جہاں کی نعمت موجود رہے اس پر بھی دعا کی حاجت؟ اسکی مثال ایسی ہی ہے جیسے کوئی قبر کے لیے فرش اور بستر کا سامان کرے۔ فقر اختیار کرو اور بادشاہی طلب کرو۔ مینا اور جام ہی سے جو جی چاہے طلب کرو۔ ایک بار بھی اگر مے سے آرزو کامیاب ہو گئی تو پھر کوئی دعا قبول ہو یا نہ ہو۔ اگر آگہی ہے تو سمجھنا چاہیے کہ وہ ہاتھ جو جام و مینا سے خالی ہے وہ رحم کے قابل ہے۔

اشارت :- میں ایک رات بیتابی اور بیزاری میں مبتلا ہوا۔ میرے آئینۂ دل میں ایک سیمابی کیفیت تھی جی چاہتا تھا کہ گفتگو کروں۔ دل میں سینکڑوں آرزوئیں بجلی کی طرح تڑپ رہی تھیں طپش اور اضطراب میں دل سے ایک مجنونانہ نالہ نکلا گویا ایک غبار کہ جو میخانہ کے لیے تماشا بن گیا صراحی سے قلقل کی آواز برآمد ہوئی اور ساغر سے ایک ریشہ ظاہر ہوا۔ صدایہ آئی کہ خرابات ہوش میں رہ کہ اے بے خبر یہاں جام و مینا زبان اور کان ہیں۔ جہاں بھی صراحی کی قلقل سنائی دیتی ہے تو کیا ضرور کہ تم اپنی زبان ہلاتے تو عالم فنا میں مستغرق ہے، جرأت سے متہم مت ہو رنگ کی گردش کو بھی ساغر کے سپرد کرو۔

نکتہ :- نتائج عنصری کے اعتبارستان میں اپنی حقیقت کو ایک شخص تصور کرنا ہے اور یہ بھی نمایاں کرنا ہے کہ طبیعت میں جماد کا رتبہ ہے مخفی جوہر کے ثبوت کے حکم سے اور اس کے ہیولاتی ثبات کا رتبہ نشوونما کے میلان کے مطابق ہے، اور حیوان کا مرتبہ حس و حرکات کی قدرت کے اظہار کے ساتھ مجسم ہونا اور انسان کا رتبہ یہ ہے کہ عالم کے سارے آیات کا مصوّر فطرت ہے۔

رباعی :- اگر تو جماد ہے تو تیرا آئینہ زنگ آلود ہے اور اگر نباتی ہے تو تیرا شوق رنگ میں ظاہر ہوتا ہے اگر حیوانی ہے تو یہ تیری اپنی ناشناسائی کی وجہ سے ہے۔ اے نمایاں راز یہ نیرنگی کیا بلا ہے۔

نکتہ :- نوع انسانی کے افراد میں طبائع پراشیائے کائنات کا حکم غالب ہے۔ ناگزیر ہے کہ سامان تدبیر تلاش کرے اور مزاج پر اسمائے الٰہی کا تسلط ہے۔

رباعی :- عالم فضل و ہنر کے حاصل کرنے میں مشغول ہے۔ منعم اپنے کروفر کے حصول میں سرگرم ہے۔ بیدلوں کی وضع بیکاری ہے، این و آں کے ساز کے ایک پردے سے بھی نازک تر ہے۔

غزل :- میں وہ غبار ہوں کہ کسی عنوان سے بھی نقش پیدا نہیں کرتا۔ اگرچہ سحر کی مانند بھی پورے طور پہ نمایاں ہو جاؤں تو شکستہ رنگی کا کوئی اثر نہ ہو۔ میرے ساز سے کسی طرح بھی نے کی آواز کے سوا کوئی دوسری چیز ظاہر نہیں ہوتی، سوائے اس کے کہ اس نیستاں میں میری آواز میں کوئی مٹھاس نہیں۔ اس گراں باری کے باعث جو آج کل کی فکر میں میرے ساتھ وابستہ ہے اس کی مثال ایک کشتی کی ہے جو چل نہیں سکتی اور اگر سمندر ہے تو ساحل تک پہنچنا مشکل ہوگا۔ میرا قدم کوشش کے ساتھ ناامیدی کے راستے پر گامزن ہے اگر ذرا بھی لغزش ہوئی، کوئی بھی سوائے بے نشان آغوش کے آنسو کی مانند خاک سے اٹھا نہیں سکتا۔ دل آرزو کی سحر طرازی سے اتنا پریشان ہے جس کی کوئی حد نہیں۔ ایسا نہ ہو کہ نقش گدازی کی شرم اس بے تجربہ کی مساعدت نہ کرے۔ میری غفلت کہیں نگاہ کو مژگاں کا کنارا

حاصل نہ ہوا۔ نیند خون میں تڑپ رہی ہے کہ اس کا سایہ بھی ناپید ہے۔ اپنی عمر موج کی مانند بے سرو پا ہے۔ شوق کی تلاش ادب کی متقاضی ہے کیونکہ ممکن ہے کہ میرے دھاگے میں گرہ پڑ جائے تو سوئی میں پرو دیا نہیں جا سکتا۔ غنی مشرب ہونا بھی کیا اچھا ہے کہ اس کی طبیعت بے نیازی کے قبول کرنے کی بنا پر جو کچھ بھی حاصل ہو جزا کی طلب نہیں کرتی ہے اور جو کچھ بھی ملے اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اگر دنیا کے معمار سے انصاف کی بنیاد کو ثبات حاصل ہوتا تو پھول جس کی تعمیر رنگ سے ہے اس کی چمک دمک میں زرد کی کیفیت نہ ہوتی؟ وہ دل جس کی آبیاری ناز سے ہوئی ہے اس کو عشق کی آگ سے پگھلا جب شیشہ پتھر سے ٹکرا کر ٹوٹ جائے تو اسے شیشہ گر کے سوا اور کسی جگہ نہیں لے جاتے۔ مجنوں عریاں ہو کر نالہ کی مانند اس بیابان سے گزر گیا تو بھی اس طرح دامن جھاڑ دے کہ دامن کا شکن کثرت ظاہر نہ ہو جائے۔ تعلقات کے سرمایہ کو قبول کرنا گویا مصیبت میں پڑنا ہے۔ شمع کی مانند خاموشی کے ساتھ سر قلم کر دے تاکہ تیرے سر میں ہوا و ہوس باقی نہ رہے۔

غزل ۵۔ اس دنیا میں سب کو آرزو ہوتی ہے کہ مقصد دل حاصل ہو مگر میرا یہ حال ہے کہ اس بات کی حسرت ہی رہی کہ محبوب کا خط میرے نام آئے جو میرے لیے طرۂ امتیاز ہو۔ میرا ناتواں دل کس قدر نامہ بر کے احسان سے محروم رہنے پر رنج اٹھاتا رہا۔ لہذا اپنا پیغام پہنچانے کے لیے خود قاصد بن گیا ہوں وہ اس طرح کہ میرے چہرے کا اڑا ہوا رنگ پر بن کر وہاں تک پہنچے۔ نگاہ خود سفر نہ کر سکی اس کے کمال کا کیا اثر ہوتا، تیرے لیے میں نے استدر جانا گوارا کیا ہے کہ خود اپنی خبر آپ پا سکوں۔ عاشقوں کی طبیعت کی چنگاری کبھی مردہ نہیں ہوتی۔ میری موج کی تب و تاب پر گمان نہ کرو کہ وہ اپنی روانی ترک کر کے گہر کی صورت اختیار کر لے۔ پری کو اپنی جانب ملتفت کرنے کے لیے آئینہ کہاں سے لاؤں، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ اپنی اس بیتاب تمنا کے لیے کسی شیشہ گر کے پاس جاؤں جو اس پری کو شیشہ میں اتار لے۔ نازک خیالی کی تلاش میں سخنوری کے امتحان میں اگر میں کامیاب نہ ہو سکوں تو اتنا تو ہے کہ میرے سخن کا مفہوم معشوق کی موی کمر کی طرح ناپید ہے۔ دنیا کے سارے معاملات سے تو تنگ آ اس لیے کہ یہ درندوں اور لڑاکو جانوروں سے بھری پڑی ہے اور جس کا نتیجہ یہ ہے کہ کتے کتے سے لڑ رہے ہیں اور گدھے گدھے سے لات کھا رہے ہیں۔ جور و ستم کے اس دنیا (جنون کدہ) میں تیرے جور و ستم کا کس کو غم ہے' غم و الم کے سبب سے خون کھول رہا ہے جب رگ نیشتر سے ہمکنار ہوتا ہے۔ ہر جگہ مسرت کا شوق گھات لگائے ہوئے ہے۔ غنچہ سے پھول پیدا کر، اگر تو بھی اسی طرح سفر طے کرے تو خوب سے خوب تر ہو سکتا ہے۔ میں نے ہزاروں کوچوں کی خاک چھانی مگر کہیں دل کو تسلی حاصل نہ ہوئی۔ سنا ہے کہ جب انسان کا جسم (ضعف کے باعث) خمیدہ ہو جائے تو حلقہ

کی صورت اختیار کر کے کسی در تک رسائی ہو سکتی ہے۔ سحر آفریں اشعار کے کمال نے بیدلؔ جیسے شاعر کے دل کو پگھلا دیا۔ اس ہنرمندی پر کتنا بڑا ظلم ہے جو کسی بے ہنر کے پاس پہنچ جائے۔

حکایت:- ایک روز ساغر نے صراحی سے سوال کیا کہ تو وہ ہے جس کے نور سے دل، جدید ہے اور حال روشن ہے۔ تیرے قد کے خیال کرنے ہی سے سرو گلزار بن جاتا ہے اور تیرے دل کی صفائی ایسی صبح ہے جس سے انوار کی بارش ہوتی ہے۔ قلقل (صراحی کی آواز) سننے کی از حد تمنا ہے۔ شراب کی رنگت دیکھنے کے لیے نگاہیں گھات لگائے ہوئے ہیں۔ تیرا لب سجدۂ نیاز میں کس لیے ہے، گل کی مانند خندہ ریز شوخی کیوں ہے۔ اگر یہ نماز ہے تو قہقہہ کیسا؟ اور اگر فعل عبث ہے تو یہ سجدہ کس کے لیے؟ حقیقت دکھانے والے خضر بھی تیری ہی طرح ہیں۔ طریقت کی راہ میں خطا مناسب نہیں۔ جو روشن دل ہے اس کے لیے یہ طریقہ بہت آسان ہے کیونکہ آستانہ سے کج روی جہالت ہے۔ ایسی عبادت تو کسی نے دیکھی نہیں۔ قہقہہ کے ساتھ نماز ادا کرنا تو ایک جدت ہے۔ یہ سن کر صراحی حیرت سے مجنوں صفت ہوگئی اور خون جگر سے چکر لگانے لگی۔ اس نے ساغر کو جواب دیا کہ اے بے غیرت! تجھ کو دنیا کی وضع سے آگاہی نہیں ہے۔ تو سراپا آنکھ ہے پھر بھی دیدہ ور نہیں اور سراپا کان ہے پھر بھی بے خبر ہے ایسی نماز پڑھنی سراسر غلطی ہے۔ میرا خون اگر ایسا کرے تو جائز ہے۔ اس انجمن میں خدا کی عبادت سے ایک دنیا میرے خون کی پیاسی ہوگئی ہے جب مجھے رکوع کرنے کی خواہش ہوتی ہے تو لوگ میرے سر کے مغز سے روئی نکال لیتے ہیں۔ سجدہ کرنے میں میرے حلق کو اس طرح دباتے ہیں کہ جگر کا خون دہن میں آجاتا ہے۔ وہم سے یہ جماعت جو ندامت مآل ہے، میرے خون کو اپنے لیے حلال سمجھتی ہے عبادت کرنیوالوں کا قتل کس نے روا رکھا ہے۔ کس نے نمازی کا خون کرنا جائز قرار دیا ہے۔ اس غم سے دل میں خون کیسے نہ بند ہو جائے۔ دنیا کی وضع پر کیسے نہ ہنسی آئے۔

حکایت:- ایک شخص جو ما و تو کے رنگ سے غافل تھا اور دنیا کی دوئی کی نیرنگی کے علم میں نو سکھ تھا اس کو راہ پر ایک آئینہ ملا۔ صاف شفاف کینہ سے دل خالی۔ اس آئینہ میں اس نے اپنی صورت دیکھی۔ جتنا زیادہ دیکھتا رہا اتنا ہی فریفتہ ہوگیا۔ اس وہم سے کہ کوئی اس سے واقف نہ ہو، اس آئینہ کو وہ معنی کی طرح چھپائے رکھتا تھا۔ جب بھی اپنا جلوہ اس میں دیکھتا تو حیرت میں اضافہ ہو جاتا تھا اور حیرت کی کوئی انتہا نہ رہتی۔ اور اس وہم میں کہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا رفیق ہے، ایک عمر بسر کردی۔ اس کا گل وحدت غیر کا ریشہ رکھتا تھا اور خود اپنی ذات سے اس کو غیر کا اندیشہ ہوتا تھا۔ زنجیر کی طرح وہ اپنے ہی گیسو میں گرفتار تھا اور تصویر کی طرح اپنی ہی تصویر پر حیرت زدہ تھا۔ اتفاقاً ایک روز آئینہ اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑا گویا دل اس کے سینے سے نکل گیا۔ آہ و نالہ کرنے سے آرام

باتا رہا۔ تڑپ اور بیقراری سے آنسو کی مانند خاک میں غلطاں و پیچاں رہا۔ دل ٹوٹنے سے اس نے آہ و نالہ کا طوفان برپا کر دیا اور اس کی آنکھوں کے لیے دنیا مژگاں کی طرح سیاہ ہو گئی۔ بے طاقتی پر بھی وہ اِدھر اُدھر تلاش میں دوڑا مگر اپنی اس گم شدہ چیز کا کہیں سراغ نہ پایا۔ اس کا نفس خون ہو گیا اور نالہ صدا سے محروم ہو گیا۔ خدا کسی کو اپنی ذات سے جدا نہ کرے۔ اس کے احباب جب اس راز سے واقف ہوئے تو اس معما کو بڑی کوشش سے حل کیا۔ سب نے اس کو سمجھایا کہ اے بے خبر! وہ تو صرف ایک آئینہ تھا جو تجھ کو تیرا ہی عکس دکھلاتا تھا اگر تو ہاتھ میں دوسرا آئینہ لے کر دیکھ و ہی تمہارا عکس نظر آئے گا۔ ایک طلب گار کو بڑی کوشش کے بعد از روئے تحقیق یہ بات معلوم ہوئی لہٰذا وہ توہم کے بھید سے خبردار ہوا اور جو خواب اس نے دیکھا تھا اس سے بیدار ہو گیا۔ جس وہم میں مبتلا تھا اس سے خجل ہوا اور اپنی سمجھ پر ماتم کرنے لگا۔ ندامت اس کے چہرے پر نقاب بن گئی اور اس کی پیشانی سے سینکڑوں آئینے چمک اٹھے پھر وہ جب تک زندہ رہا آئینہ سے اس کو نفرت ہو گئی۔ جہاں کہیں آئینہ پر اس کی نظر پڑتی، تو آنکھیں بند کر لیتا۔ کسی نے اس سے پوچھا کہ یہ ندامت کیوں ہے، تو آئینے سے اتنا ملول کیوں ہے؟ جب تو نے اتنی نیازمندی کے ساتھ اس صفحہ (آئینہ) میں نیرنگیٔ اعتبارات کا مطالعہ کیا اس گل سے چمن رونما نہ ہو سکا نگاہ عکس سے آشنا تھی۔ اس نے جواب دیا کہ اوہام جو غفلت کا نتیجہ ہے میں نے کچھ دنوں کسی غیر کے ساتھ عمر بسر کی جو ظاہر نہ ہوتا تھا اس کو وہم نے ظاہر کر دیا اور جو فزونی ہوئی اس کو فزوں نہ ہونا تھا۔ مجھ کو یقین ہو گیا کہ میرے اسرار کے بحر میں وہی آئینہ ایک دیوار تھا مجھ کو خود مجھ سے جدا دکھائی دیتا تھا اور میری یکتائی میں خلل ڈال رہا تھا اپنا دیکھنا گویا دوسرے کو قتل کر دینا ہے۔ دوئی کا خیال محض وہم ہی وہم ہے۔ جیسے میں نے اپنے اوپر نظر ڈالی تو دوسرے ہو گئے۔ بہار جس کا آئینہ مصفا ہے تو کیا ضرور ہے کہ رنگ و بو کی تہمت برداشت کرے۔ اب میں بلاشبہ باغ وحدت کا پھول ہوں۔

میں دو کیوں بنوں جب کہ میں ایک ہوں۔

نکتہ: نبوت کا تعین جمال کے مراتب کے انکشاف سے ہے اور ولایت جلال کے پردے میں پوشیدہ ایک مبہم حقیقت ہے جو چیز معین ہے، فہم کو اس میں تاویل کی زحمت نہیں کرنی پڑتی اور جو چیز مبہم ہے اس کا درک بغیر غور و فکر کے حاصل نہیں ہوتا۔

رباعی: اے بیدل تو خفی و جلی تحریر کو سمجھنا چاہتا ہے۔ نبی اور ولی کے اسرار و رموز کو جاننا چاہتا ہے! دنیا ایک آئینہ ہے اس میں محمدؐ کے نور کو دیکھ لے۔ حق کو سمجھ اگر علی کو سمجھنا چاہتا ہے۔

نکتہ: انسانی فطرت نے توہمات سے بھری ہوئی خیر و شر کی دنیا میں تفرقہ کا کوئی آئینہ پیش نظر نہیں رکھا

جس میں جمعیت کا عکس اس کے تخیل سے دوچار ہوسکے اور نفع وضرر کے معاملات کے ہر چار جانب کوئی ایسی
دوکان نہیں سجائی جس میں عافیت کے خرید و فروخت کا فائدہ دیکھا جاسکے۔ خدا کے فضل کی مدد ایک صیقل
ہے جس سے عرفان حاصل ہوتا ہے تاکہ اس آئینے سے زنگار کے عیب کو دور کرسکیں۔ مکمل فنا کی مدد سے یقین کی بساط
ظاہر ہو۔ تاکہ اس پر اعتبار کے موتیوں کی دکان لگائیں۔

رباعی :۔ ارباب علوم متفقہ طور پر سمجھتے ہیں کہ فردوس ثوابت بروج اور سیارے سے بہت پرے ہے یعنی سعد و
نحس کا معاملہ نظر کے سامنے ہے۔ جنت میں اس کا امکان نہیں اور راحت معدوم ہے۔

غزل :۔ سازِ امکان کی مایوسیاں میرے ترانہ کو روک نہیں سکیں۔ میں عشق کی وہ باتیں ہوں جن کی نوا طوفانی
ہے اور جو خاموش نہیں رہ سکیں۔ صورت کی دنیا سے میں کدورت کی شرمندگی نہیں حاصل کرتا جس طرح
بے نیاز لوگوں کا ہاتھ آئینہ کی طرح جس چیز کو بھی اپنی گرفت میں لیتا ہے، اس کا کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ منت اور
سماجت وہ چیز ہے جو انسان کو سر کے بل ذلت کی خاک پر گرا دیتی ہے۔ جس شخص کو اپنی گراں قدری کا خیال نہیں ہے،
وہ انسان کی نظروں میں سبک نہیں ہوسکتا۔ اختیار میرے ہاتھ سے جاتا رہا۔ میرا کام پارسائی ہی رہ گیا۔ وحشت
کی مدد سے کوئی پر حاصل کروں ورنہ میرا دامن آشیاں تک نہیں پہنچ سکتا۔ وحشت کے بغیر کسی حال میں بھی اسد
کا کوئی امکان نہیں ہے اگر راز کائنات سمجھ میں نہ آسکے تو سراغ لگانا بھول جا۔ تعین کے سرمایہ پر ناز مت کر
کیونکہ ہمت کی پونجی کا کارواں آسودہ دل کو عزت حاصل کرنے کی خاطر پریشان مت کر کیونکہ فلک خلعت سے
تجھ کو محروم بھی کردے تو تجھ میں اپنی ذاتی صلاحیت ہے اس کو چھین نہیں سکتا۔ اس فصیح البیان لب سے جس سے درد
ظاہر ہو کہنے کی بات نہ کر۔ کیا ظلم ہے کہ تو جس ترازو پر شکر تولتا ہے اس سے حنظل (اندرائن) کو تولے۔ اے فلک
تیری وحشی طبیعت کا خلل اس حد تک ناپسند کرتا ہے میں موج کی مانند ہوں غم کی آبلہ پائی کے باعث گوہر
بننے سے منفعل ہوں۔ میری منفعل طبیعت کی انتہا یہ ہے کہ میں اس کو ظاہر نہیں کرسکتا۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ شرم سے آب
آب ہوجانے پر اپنے کو ظاہر کرسکوں۔ اس چمن میں جو بھی شیدائی ہے اپنی مراد پانے کے لیے انتظار کی گھڑیاں گن رہا
ہے۔ شگوفہ کو پھول بننے تک اتنی مدت درکار ہے کہ زندگی کا خاتمہ ہوجائے۔ اے پسینہ! تو اس کی درگاہ
سجدہ ریز ہو کر اپنی نمی کو تری سے ظاہر نہ کر کیونکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میری جبیں عرق انفعال سے اپنا دامن تر
کردے۔ ذرا ایک نگاہ اس پر ڈال کہ اس چمن میں دانہ کی مانند ریشہ بننے کے خیال میں پریشان ہوں۔ تیری
راہ میں میں اتنی مدت تک بیٹھا رہوں کہ قدم آبلے سے سر نکالے۔ شراب نوشی کی ہمت کا خیال بیدل

دماغ سے طلب کر، جس طرح کہ شمع اپنے وجود سے پیمانہ بناتی ہے اور پی جاتی ہے۔ جو چارسو خود فروشی کرتا رہتا ہے وہ کہیں دوکان نہیں لگاتا تو اپنی ہستی سے باہر نکل آ تاکہ تیری کمند بے نیازی کے قصر تک پہنچ سکے۔ کوئی اپنے دامن کے سلوٹوں کی سیڑھیوں سے آسمان تک نہیں پہنچ سکتا۔ مقاصد کے حصول کے لیے اصحاب خلوت نشین کے فیض سے غافل نہ رہو کیونکہ وہ تیر چل ہی نہیں سکتا جب تک کمان کی مدد اس کو حاصل نہ ہو۔ دنیا کی بنا بھی یہ واقع ہے تو بھی کج ادائی کے ساتھ سرکشی کر ــــ کیونکہ سیدھے پن یعنی راستی سے کام نہیں چلتا۔ جب تک عشق کی آگ میں نہ جلوگے وفادار نہ بن سکوگے، کیونکہ ہوس کے چراغ کو روشن کر کے ٹھنڈے تنور سے روٹی حاصل نہیں ہو سکتی اگر زمین پر کوئی پڑا ہو لے تو اس کو اٹھالے اور اگر ایسا نہیں ہے تو اپنے طاقت کا نام بھی نہ لے۔ خدا نے جو قوت دی ہے اگر اس سے کسی مجبور کی مدد نہ کی جائے تو حاصل کیا ہے۔ اگر تو ان لوگوں میں ہے جو وارستۂ شوق ہیں، ہستی کی فکر میں الجھا نہ رہ کیونکہ ہمت ایسے لوگوں سے کوئی تعلق نہیں رکھتی جو اپنا دامن بچاکر چلتے ہیں۔

غزل :- اس چمن میں اتنی فرصت کہاں کہ ساری ہوسیں پوری ہوں۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ خضر کی عمر پر شبخون ڈالوں تب کہیں جاکر صبح کی مسرت حاصل ہوسکتی ہے۔ یہ نہ ہوسکا کہ کسی گرم دل شخص سے ہوس کو تسلی دے سکوں، میں نفس کی مانند آئینہ میں تڑپ رہا ہوں میرے جوہر کو اپنی آغوش میں لے لے۔ ہماری آوارہ گردی نے تو آسمانوں کی گرد بھی نہ پائی اگر تامل کے ساتھ نقش پا پر جھک کر نظر ڈالی جائے تو ایک مژہ کے سوا کچھ نمایاں نہ ہو۔

اشارت :- تیرا وجود حیرت انگیز نقطہ ہے جو کسی قلم سے بھی لکھا نہیں جاسکتا۔ ہر صفحہ میں اعتبار خط خفی وجلی سے آشکار ہے۔ ظاہر میں مشہود ہے اور حباب کی مانند۔ وہ نقطہ اپنی جگہ سے ذرا بھی نہ ہٹا اور نہ کاتب کے ذہن سے جدا ہوا۔ اگر ظاہری شکل مٹ بھی جائے تو کاتب کا دل اس کے لیے لوح محفوظ ہے۔ تم اس نقطہ معدوم کو ہستی نہ سمجھو بلکہ یہ صرف غبار وہم ہے۔ تمہارا خیال وہم کی وجہ سے پریشان ہے ورنہ بقا تو عدم میں آسودۂ خواب ہے۔ نگاہ اگرچہ دنیا کا سیر کر لیتی ہے تو یہ محض وہم وگمان کا سفر ہوتا ہے۔ کسی منزل کو اس نے عبور نہیں کیا اور نہ آنکھ کے حلقہ سے باہر ہوئی۔ جنون نے تحقیق کے نقش کو الٹ دیا ہے اور عکس کو آئینہ سے باہر کر دیا ہے۔ کوئی شخص اس پردے کے نقش سے آگاہ نہیں ہے کیونکہ تیزی سے چل رہا ہے مگر کسی طرف راستہ نہیں ملتا۔ حیرت نے کتنی سادگی کی ہے کہ وہ خود اپنے میں رہے مگر اپنے سے باہر ہو گیا ہے۔

اشارت :- ایک دن صبح کے وقت عقل وفہم کی آنکھ سے وہم کو دور کیا اور پردے سے باہر نگاہ دوڑائی اور فکر کو درست کیا۔ پردے سے جو آواز نکلتی ہے وہ دوسرے ساز سے بھی برآمد ہوتی ہے ایسی صورت میں طریقہ کار کیا

ہے۔ اتنے تاروں کا ایک ساتھ بندھن کیوں ہے؟ اگر مدعا اجمال سے ظاہر ہو جائے تو پھر تفصیل میں محو ہونا کس لیے؟ عرفان کی گھات میں رہنے والی فکر کے مضراب سے نوائے یقین نے بہ آواز بلند یہ ظاہر کیا کہ یہ ساحرانہ نسخہ کی ترتیب عالم امتیاز کی ایک مثال ہے۔ ساز قدم کی نوائے آشنا نے والوں نے زیر و بم میں ایک عمر بسر کی ہے۔ اور سینکڑوں تار میں دوئی کی تلاش کی گئی شاید نغمہ کوئی دوسرا رنگ پیدا کرے لیکن مجاز سے حقیقت مختلف نہ ہو سکی۔ ہر ساز ایک ہی نوا رکھتا تھا۔ امتحان کے بعد یہ یقین ہو گیا کہ وہ عدد کثرت میں بھی وہی رہتا ہے جو وحدت میں تھا۔ ان اعتبارات سے حق کا اثر کثرت ہے۔ معتبر وحدت میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا۔ سراب کے اس تانے بانے کی سحر آفرینی سے اس نغمہ کے نقاب کو ہٹایا نہیں جا سکتا کہ یہ سب تار کثرت کا مجموعہ ہے۔ جب ان کو الٹ پلٹ کیا جائے تو نغمہ وحدت ہی ہے۔ بدن میں اتنے رگ و ریشہ کے ہوتے ہوئے بھی بس ایک ہی طپش کے سوا اور کچھ نہ پاؤ گے۔ اس جمعیت کے ساتھ دونوں عالم قانون کی طرح ایک طلسم ہے۔ جس کا موضوع آہ کا ایک شعلہ ہے۔ جو نمو کے سینکڑوں برگ و رنگ سے شعلہ بار ہے۔ اتنی زبان رکھتے ہوئے بھی بات ایک ہے۔ حروف سینکڑوں ہیں مگر مدعا ایک ہی ہے۔ راہیں سینکڑوں ہیں منزل مقصود ایک ہے۔

نکتہ:۔ اہل دنیا کے تقویٰ کا انحصار ظاہر چیزوں سے دامن بچانا ہے۔ نماز، روزہ کے شرائط پابندی سے ادا کرنے پر اور اہل عقبیٰ کا تقویٰ بے اعتبار درجات کی طلب میں نفس کو منہیات سے روکنا ہے اور اہل اللہ کا تقویٰ تنزہِ ذات کے ناموس کے لحاظ سے اپنے دل کو اسماء و صفات کے خطرات سے محفوظ رکھنا ہے۔

رباعی:۔ اگر تجھ پر فقر کا نشہ مکمل ہے تو اس سے جو کچھ بھی ظاہر ہوگا وہ خمار کے رنج کا باعث ہوگا۔ اے ذات کی پرستش کرنے والے فضول باتوں سے درگذر کر۔ اللہ ہی کے لیے رحمٰن اور رحیم کہا جاتا ہے۔

نکتہ:۔ فضلِ خداوندی ایک بے حساب نعمت ہے امتیاز کہاں کہ اس کی قدر و قیمت کو شمار کریں اور فیض ازل ایک بے نقاب حسن ہے، آنکھ کہاں کہ مژگاں اٹھائیں۔

قطعہ:۔ نبیوں نے اسی تردد میں اپنی عمر صرف کر دی کہ حقیقت سے غافل لوگ شاید اپنی ذات کو سمجھ سکیں عبادات میں یکسر سجود کی ترکیب رکھی گئی ہے تاکہ اس صورت سے وہ کچھ دیر اپنے گریبان کی طرف جھانکیں کہ ناموس کی کوشش اس شغل میں مصروف ہے کہ یہ گدھے غول بیابانی سے نکلیں اور آدم کے زمرے میں آجائیں

غزل:۔ میں سراپا شوق ہوں لیکن غافل ہوں کہ میرا دل کس کی راہ پر چل رہا ہے۔ میرا جگر کس کی محبت کا اسیر ہے اور سانس کس کے لیے آہ بن کر نکل رہی ہے۔ میری موہوم ہستی اگر تیرے پھول سے رنگ اختیار نہیں

کرتی ہے تو اس کتاں کے چاک کے پردے سے کس کا چاند چمک رہا ہے۔ حیرت آئینہ کی طرح ہر ذرے کا غبار تڑپ رکھتا ہے۔ اس بیابان کے غزالوں کی چوکڑی کس کی نگاہ کے پیچھے جاری ہے۔ پھولوں کی رنگت سے لے کر سنبل کی بہار تک سب کا ناز جاتا رہا۔ اس گلستاں میں معلوم نہیں کہ آج کون سا مغرور حسین محو خرام ہے۔ اگر فنا کی امید ہستی کی ساری آفت کو مٹا دینے کی بشارت نہ دے تو آوارگان دنیا کس کی پناہ کی تلاش میں رواں دواں ہیں۔ نگاہ جدھر بھی جاتی ہے تو شبنم کی طرح شرم سے پانی پانی ہو جاتی ہے۔ اگر اس کو معلوم ہو کہ بے دھڑک کس کی جلوہ گاہ کی طرف جا رہی ہے۔ ما ومن کے پردے میں لاحاصل اوہام کا غرفہ اگر بڑھ جاتا تو اسکو اس بات کی آگاہی نہ ہوتی کہ کس جاہ کی خاطر قدم بڑھا رہا ہے افلاک کی بلندی سے اگر تجھے بے نیازی کا اقبال حاصل نہیں ہوتا تو ممکن ہے کہ بیدل کے حال زار پر تیری ایک نگاہ غلط انداز پڑ جاتی ورنہ وہ بے نیازی کی بجلی خس و خاشاک پر کہاں پڑ سکتی ہے۔

غزل :۔ ایسا عمل ہونا چاہیے جس سے تیری عاجزی اور خاکساری ظاہر ہو۔ ایسا نہ ہو کہ تیرے سر سے بال برابر بھی غرور اونچا ہو جائے۔ حد سے زیادہ ہوس مت کرو کہ اس ہوسناکی سے تمہاری رنگت زائل ہو جائے۔ علم و فن کی عشوہ گری سے باز آجاؤ۔ اسی پیر مغان کے آستاں پر سجدہ ریز ہو جاؤ۔ تاکہ دو چار ہی ساغر پینے میں سارے وہم و گمان سے آزاد ہو جاؤ گے۔ قبول ہونے یا رد ہونے کا سبب مت پوچھو کیونکہ فلک کا سلسلہ جنوں سے ملتا ہے اور وہ ایسا مغرور ہے کہ جو ادب کے ساتھ تجھ کو بلاتا ہے اور اسی راستہ سے نکال دیتا ہے۔ دنیا کے ساز و سامان کو دل سے نکال کیونکہ کوتوال جو نگراں ہے ایک لمحہ تجھ کو امان دیتا ہے اور دوسرے لمحہ میں اس سے [illegible] بھی کر دیتا ہے۔ عزت اور وقار کے باوجود تم اپنے کو حقیر نہ سمجھو اور اپنی ہنرمندی پر غرور نہ کرو اور اتنے لاغر نہ ہو جاؤ کہ سارے صفات خاک میں مل جائیں۔ مدعا کے نشہ کے خمار کی وجہ سے وفا کا کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔ نگاہ کر کہ میرے رنگ کی گردش سے تجھ کو پیمانہ کا نشان نظر آجائے گا۔ کعبہ کا طواف لوگ مقصد برآری کے لیے کرتے ہیں۔ ہم ایسے ہیں کہ پس زانو اس طرح سجدہ ریز ہیں کہ تیرے در سے میرا سر باہر ہے۔ تیرا جسم اتنا لطیف اور پاکیزہ ہے کہ جن وانس اس کو دیکھنے کی تاب نہیں لاسکتے مگر ہاں اتنا ہوتا ہے کہ تیرے رنگ کو پا سکے۔ میں بیدل تیرے زلف پیچاں کو چھوڑ کر کہاں جاؤں کیونکہ آسمان بھی ادب کے ساتھ زمین پر سجدہ ریز ہے تاکہ وہ تیرے احاطے سے باہر ہو جائے۔

اشارت :۔ ارباب تحقیق میں سے ایک صاحب دل نے محفل کے ایک کونے میں بانسری پڑی ہوئی دیکھی مطر

سے جدا ہو کر نہ اس میں کوئی طپش نہ صدا سے قدم حسرت سے ہمکنار مسرت ناپید، خمیازہ سے لبریز گویا ایک جرس نالہ سے خالی، ساغر الٹا ہوا اور شراب ضایع۔ دل مکر چاک چاک، سر لیکن خاک پر پڑا ہوا۔ اس نے پکار کر کہا کہ اے شعور والو کسی بات کے ظاہر ہونے سے غافل نہ ہو۔ یہ دنیا یکتائی کی آواز ہے کیونکہ ہر شیٔ جلوہ کی یکتائی ہے۔ بغیر گمان اور شک کے عیاں نہیں ہوتا ہے، تحقیق کی رو سے سوائے ایک کے اور کچھ نہیں۔ اس میں کسی چیز میں بھی افعال اور آثار کا پتہ نہیں چلتا جس طرح پاؤں جوشل ہو گیا ہو، اس میں رفتار کہاں۔ فعل اور اثر کے طپش کی آواز کیا ہے اس قانونِ قدرت سے کون آگاہ ہے۔ اس کا ظہور وہم و گمان سے ہم آغوش ہے۔ اس کا اثر سراسر دوئی میں پوشیدہ ہے ورنہ دف کی مانند سب چیزوں میں کم و بیش ایک ہاتھ سے اس دف سے آواز نہیں نکل سکتی۔ اقبال کے ہنگامہ کا جوش و خروش ایک دوسرے کی مدد سے ظاہر ہوتا ہے اس دنیا میں اگر محبت ہے یا کینہ ہے تو وہ دو الگ الگ آئینوں کا عکس ہے۔ جہاں جہاں بھی اس کا نتیجہ ظہور پذیر ہوا۔ دو اکائی کے ربط سے وحشت خیز ہو گیا جب دونوں پاؤں مل کر ایک بھی ہو جائیں تو کثرت سمجھو، دو ہتھیلیاں آپس میں مل جائیں تبھی آواز ظاہر ہو سکتی ہے۔ زبان جب تک دو طرف سے تالو میں نہ پھرے، خموشی ہی گفتگو کا کام دیتی ہے۔ اگر لوح و قلم میں آپس میں ربط نہ ہو تو کچھ لکھنا محال ہے۔ بغیر مینوش کے شراب کی کیفیت سے نہ نشہ ظاہر ہوگا اور نہ خمار۔ الغرض ظہور کے سمندر کی موجوں ہی سے آثار و افعال ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ یہ مت خیال کرو کہ آپس میں ایک دوسرے کے چہرے سے ٹکراتے ہیں۔ کیونکہ وحدت، وحدت سے ساتھ مل کر چلتا ہے۔ اگرچہ عرض اور جوہر دو مختلف چیزیں ہیں تو بھی ایک دوسرے کی مدد ہی سے ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ اس دنیا میں، جہاں عقل گم ہے کچھ نہیں پا سکتے ہو۔ یکتائی کو دوئی سے وابستگی ہے۔ "من" کا وجود عالم تو میں اعتباری ہے، دوئی وحدت کے اثبات کے لیے معاون ہے۔ یکتائی کو دوئی سے ممیز نہیں کر سکتے، اگر تو کا وجود نہیں ہے "من" کا بھی وجود نہیں ہے۔

حکایت:۔ میں نے سنا کہ ایک موسیقی کا شیدا ترکستانی طنبور کو اٹھانے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ اسرار باز ترک کی بے طاقتی کی وجہ سے ہاتھ سے چھوٹ گیا اسی طرح جس طرح ساز کے تار سے نغمہ نکلتا ہے بڑی احتیاط سے اس کو اٹھا کر اس طرح چادر میں لپیٹا جس طرح مژگاں سے آنکھ۔ ایک نصیحت کرنے والے نے اس سے پوچھا کہ اے خود پسند یہ دو تین تار والے طنبورہ کے لیے اتنی احتیاط کیوں؟ اس نے ہنس کر جواب دیا کہ عاقبت کے دشمن! تیری بلا کا شہید خونبہا کا مستحق نہیں۔ یہ شیٔ جس کی بساط خموشی ہے اس کے پیچ و خم کے لیے احتیاط کا آئینہ اپنے ہاتھ سے گرا۔ ایسا نہ ہو کہ اس کے تار الجھ جائیں اور ساری مستی خاک میں مل جائے۔ اس ساز کے سوا میری کچھ اور پونجی نہیں ہے۔ اگر اس کے

تار ٹوٹ جائیں تو پھر آواز کہاں ؟

نکتہ :۔ حقیقت کا سازِ بے اصول مجاز پرستوں کے ہاتھ سے سینکڑوں محشر فریاد کی کمین گاہ ہے اور حسنِ معنی بے اور لفظ آشناؤں کی نگاہ سے ایک غبار آلود دنیا ہے۔

نظم :۔ تحقیق کی بنا پر جو آنکھ کھولی جائے تو دنیا اگر تمام تر غبار ہی غبار ہے تو اس کو فراہم نہیں کر سکتی یعنی کا اُنس اگر محبت کا رنگ پیدا کرے تو طبیعت دوئی کے وہم کے اثر سے قرار نہ کرے۔ ذات کو سمجھ لینا اور صفات سے انکار نادانی ہے۔ تیرا آشنا بت کے آگے بھی سر بہ سجود کیوں نہیں ہوتا۔ اگر یقین کے محراب سے حضوری کی بو رکھتے ہیں تو زنار کا بوجھ میری گردن کو خم کیوں نہیں کرتا۔ یا تو وفا کا نام نہ لے یا سب کو بے حقیقت سمجھ۔ عشق ہوس کے جنوں سے اپنا دامن نم (تر) نہیں کرتا۔

نکتہ :۔ ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ اس میں کیا مصلحت ہے کہ درویشوں کو عوام الناس کے نیک و بد سے کوئی غرض نہیں ہوتی مگر زاہدوں کو ریاضت کے باوجود (دیکھا گیا ہے) کہ لوگوں کو آزار پہنچانے سے دریغ نہیں کرتے۔ بزرگ نے جواب دیا کہ موم کو سانس کی گرمی سے پگھلایا جاتا ہے اور لوہے کو تیز آگ سے نرم نہیں کیا جا سکتا۔ درویشوں کے دلوں میں درد ہوتا ہے، اگر نفس کشی کریں راحت نصیب نہ ہو اور حیرت میں اُلجھے رہیں کیونکہ اگر پلکیں جھپکائیں تو جگر کی گداختگی کے سوا اور کچھ نہ پائیں۔ پاؤں جس میں آبلے پڑے ہوئے ہیں باوجودیکہ دامن میں سمٹا رہے کانٹے کا تصور رہتا ہے اور بیمار کا پہلو جو پھولوں کی سیج پر آرام کر رہا ہے تو بھی تردد اور بے چینی سے مفر نہیں۔ ناتوانی کے باعث ان کی فریاد نگاہ سے الگ نہیں ہے۔ اس وقت تک جب تک کہ کان سننے کی زحمت گوارا کرے اور باطنی کوشش سے ان کے دل کا غبار آواز آشنا نہیں ہو گا ، جب تک کہ ادراک کی تکلیف پہنچتی رہے گی صلح کل عجز کی دین ہے جو کہ درویشوں کی طبیعت میں رکھا گیا ہے اور زاہدوں کے دلوں میں غرور و پندار کی کھیتی لہلہاتی ہے۔ طبیعت کی نرمی فضول باتوں کو ترک کرنے پر مجبور ہے اور طبیعت کی سختی لوگوں کے دلوں کو تکلیف دینے میں بے اختیار ہے۔

نظم :۔ درویش کی طینت کی وضع مغلوبی ہے موم میاں کی طرح اس کی ضعیفی محبوب ہے مگر زاہد خدا کی ہزار عبادت کرتا رہے۔ اس کی تسبیح کی سختی دل اذیت کا سبب ہے۔

غزل :۔ اس کے دامن ناز کے حاشیہ تک میری خاکستری کا کیا اثر ہو سکتا ہے اس بلندی سے اس نے پلک بھی نہ جھپکائی کہ اس کے سر کی خاک سے میری تمنا بر آئے۔ تھوڑی دیر کی دوڑ دھوپ نے ہوس کی شرمندگی کے

دروازے کو نہ کھٹکھٹایا، سمندر میں غوطہ زن ہو سکتا ہوں اگر شرمندگی کا پسینہ ظاہر ہو۔ میں اس قفس (دنیا) میں تنگی کے باعث مثل حباب غنچہ کی مانند بیٹھا ہوا ہوں۔ اپنی بغل سے صبح نمایاں کرتا ہوں اگر میری سانس ہوا میں شامل ہو جائے۔ فرصت کی پریشانی کے خمار سے یہ حال ہے کہ نہ بہار کی خبر ہے نہ خزاں کی۔ نشہ ہر مقام پہ ہے مگر شرط یہ ہے کہ خیال یکسوئی سے حاصل کرے۔ نہ تو زمین میرے خاکی وجود کے لیے بساط ہے اور نہ آسمان گردش تخیل کا رہنما ہے کوئی اپنی سانس کا سراغ جب نہیں لگا سکتا تو مجھ تک اس کی رسائی کہاں سے ہوگی۔ قسم ہے دست کرم کی کشادگی کی کہ اس ظلم و ستم کے زمانے میں اس در سے کسی گدا کو روٹی مل جائے تو بخل کی تہمت نہ لگے۔ میرا غریب دل از تنگ دستی اور مفلسی کو کس کے پاس لے جائے۔ شرم کے مارے مژگاں جھپکا لیتا ہے کہ ایک ننگا لباس میں نظر آئے۔ سخاوت کی خاصیت نہ چھوڑو کہ وفا کی کھیتی پہ ابر کرم اپنی بارش سے مجبور و ناتواں کا مددگار بن جاتا ہے (جس طرح نحیف کو عصا مل جائے)۔ عاجزوں کے لب سے جو دعا نکلتی ہے اس کا امتحان تم نے نہیں لیا کہ چند لمحے کی آبیاری سے صبح نمودار ہوتی ہے۔ تمہاری کوششوں کی گھات میں عاجزی کی ندامت کا اثر لگا ہوا ہے۔ ہوس کی راہ میں اتنی ہرزہ گردی مت کرو کہ نیند آبلہ پا ہو جائے۔ اس نازنین کے ہاتھوں کو رنگین کرنے کے لیے میرا خون کیا کام آسکتا ہے، میں اس قدر صبر کر رہا ہوں کہ بہار ہندی کا رنگ اختیار کر لے۔ جو لوگ طرب سے آگاہ ہیں۔ ان کا سلسلہ خزاں سے بہار تک ہے اگر تم بیدل کا خیال کرو تو تم کو چھوڑ کر خدا تک پہنچ جائے۔

غزل:۔ اگر وہ جوش و خروش جو اس نرالی دنیا میں ہے اس انجمن میں سر اٹھائے تو حسنِ جنوں کی صورت اختیار کر لے اور مجھ سے دوسرا عالم پیدا کرے۔ خیال چاہے جتنا بھی ہاتھ پاؤں پھیلائے دل کی دنیا سے باہر نہیں نکل سکتا۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ وحشت لاکھ سعی کرے، وطن سے مجھ کو غربت میں لے آئے۔ اس باغ میں کوئی بیج بھی ایسا نہیں اُگا جو بہار کا سامان نہ بنا ہو۔ میری مٹی سے اگر تیرے پھول کی رنگت کی تمنا ظاہر ہو تو وہ چمن کی صورت اختیار کر لے۔ فسردہ ہونا اور بغیر پرواز کے آگے بڑھنا میری فطرت میں شامل نہیں ہے کیونکہ عاشق کا رنگ جو صبح کی مانند ہے پر پیدا کرتا ہے مگر ایک شکن کے ساتھ۔ محبت کے جذبے سے کمزوروں کے دل میں توانائی پیدا ہوتی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ آنسو غم کے کنوئیں سے بغیر رسی اور ڈول کے نکل آتا ہے۔ مدت ہوئی کہ میرا ستم رسیدہ دل جلنے سے رہائی نہ پاسکا۔ کاش اس انجمن سے شمع کی مانند ایک آنسو ڈھلکنے سے رہائی پا جاتے۔ جو لوگ خاکساری کے ساتھ وفا کرتے ہیں۔ تعلقات دنیوی کا غبار ان سے نہیں اٹھتا ہے۔ صبح قیامت کی دلیل یہی ہے کہ جو مردہ ہیں وہ زندہ ہو کر کفن سے اپنا سر باہر نکالتے ہیں۔ لاحاصل ترددات کو ترک کرنا ایسے ساز و سامان کے ساتھ غنیمت سمجھ۔ ایسا نہ ہو کہ

بخیہ کی طرح تیری خود نمائی پرانی گدڑی سے نمودار ہو جائے۔ ہمت تجرد کی ضرورت مندی کو پسند نہیں کرتی۔ کتنی حیرت کی بات ہے کہ انسان ـــ مرد و زن کی جماعت سے کنارہ کشی اختیار کرے کسی کے ساتھ دشمنی کرنے سے مانیت حاصل نہیں ہوتی اس کی مثال ایسی ہے کہ جب بندوق کی نال سے دھواں نکل جائے تو اس کا قالب خالی ہو جاتا ہے۔ جو لوگ صاف دل ہیں وہ اپنی تعریف آپ کرنا پسند نہیں کرتے کیونکہ صرف باتیں بنانے سے کوئی بات سحر کی مانند روشن نہیں ہو سکتی۔ اسباب کا غبار، تجرد کے آئینے کی صفائی کہاں تک لا سکتا ہے۔ ایسی عریانی کہاں ہے جو مجھ کو لباس کی شرمندگی سے نجات دلا دے۔ میرے رنگ کو اتنا مصفا کر دیا گیا ہے کہ فطرت کا ، نی (مصور) قلم کو آئینے کی طرح مصفا کر دیتا ہے جبکہ وہ میری تصویر کشی کرتا ہے۔ اپنی عمر بے حد ناامیدی میں گذار رہا ہوں۔ اے بیدل! میرا حال کچھ اور نہ پوچھو اس قیدی پر شمع کی مانند بڑی رحمت ہے کہ موت اس کو جلنے کی مصیبت سے رہائی دلا دے۔

حکایت:۔ حقیقت کے گلستاں سے ایک یقین رکھنے والا انسان، نیستاں میں دوڑ دھوپ کر رہا ہے۔ اس کے اندیشے کی موج نے اس کو بھنور میں ڈال دیا اور اس میں وہ بری طرح پھنس گیا۔ جنوں پاؤں کی زنجیر بن گیا اور زمین پر قیامت کا سا ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اس کے شوق میں ہر پھول والی زمین پر سجدہ ریزی کی وہ ایک ایسا نہال بن گیا جس سے بے شمار آہ و نالہ سرزد ہونے لگے۔ اس کے ہر عضو سے طرح طرح کی ہتھکڑیاں ظہور پذیر ہو رہی تھیں۔ گویا کمند میں گرہوں پر گرہیں پڑ رہی تھیں۔ ہر گرہ کے فراک میں ایک نالہ تھا گویا شرر کوئی وحشی ہو اور برق اس کی دُم۔ لیکن اس کی دانائی ویسی ہی بیکار ثابت ہوئی جیسے کہ بے صدا کی اذان۔ نے کی مانند اس کی نیازمندی ظاہر ہوئی اور کہا کہ اے خدا! یہ کیسی سحر آفرینی ہے۔ اس پردہ میں کون سا جادو اثر کر گیا کہ ایک مشتِ خاک کے نالہ میں اتنی تاثیر ہے۔ بغیر حجت کے تحقیق کی رو سے خیالی آواز ظاہر ہوئی۔ اس جگہ پیچ و خم کا کوئی غبار نہیں ہے سوائے حیرت کے اور کچھ نہیں۔ خس کے دامن میں چنگاری لگا دی گئی ہے، یہ سب خیالی باتیں ہیں۔ یہاں نہ تو کانٹے کی چبھن ہے اور نہ تنکے کی، زمین سے صرف نالہ اگتا ہے اور کچھ نہیں۔ فرصت بس اتنی ہی ہے جتنی کہ پر تولنے میں، میری فطرت حیرت کی کمین گاہ ہے۔ سمجھ میں بات نہیں آتی کہ میں مقیم ہوں یا سفر کر رہا ہوں۔ ایسی بے خودی کی حالت میں آخر جا رہا ہوں تو کہاں۔ حیرت میرے دامن سے لپٹی ہوئی ہے اور یہی دامن میرا گریبان پکڑے ہوئے ہے۔ یہ مت خیال کرو کہ میں بالکل مجبور ہوں، ایک عرصہ تک غور و فکر میں رہا ہوں۔ غور و فکر تجھ کو اوہام میں گرفتار کر لیتا ہے اور جس قدر اپنی حقیقت تک پہنچو گے تمہارے لیے جان کا جنجال بن جائے گا۔ اگر غور و فکر عقدہ کشا نہ ہو تو

یہ ساری دنیا ایک نالہ سمجھو اور نالہ سوائے ہوا کے اور کچھ نہیں ہے۔ بانسری کی آواز کی طرح جب تو اپنی ہستی سے باہر نکل آئے تو تیرا گریبان سو جگہ سے تیرے آگے آئے گا کہ کہاں جا رہے ہو کچھ دیر غور و فکر تو کرو اور حقیقت جاننے کی کوشش کرو۔ غور و فکر خود اپنی فکر میں مبتلا ہے نہیں تو ہمیشہ قلم آزاد ہے۔

اشارت:۔ ایک رات میں غم سے سر بزانو، غور و فکر میں چنگ کی مانند جھکا ہوا تھا ——— اس فکر میں تھا کہ تحقیق کی روشنی ملے اور جستجو ٹھکانے لگے۔ کبھی آہ و نالہ کرتا اور عقدہ کشائی کی امید رکھتا ——— کبھی تو یہ حالت ہوتی کہ دل میں نالہ کرنے کے باعث خلش پیدا ہوتی، اور طبیعت میں تڑپ پیدا ہوتی۔ کبھی شبنم کی مانند شہود کے ذوق میں حیرت کے باعث سجدہ ریز۔ کبھی ستارے کی مانند خاموش، دل کی ناتوانی کے باعث تسبیح خواں۔ تمنا کا یہ حال جیسے جستجو کے پھول کے لیے نسیم اور اس بات کی تڑپ آرزو کی بانسری کی آواز۔ ہمیشہ زمین کی طرح پیشانی رگڑتے ہوئے اور کبھی آسمان کی طرح دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے ہوئے بلندی اور پستی کی حالت میں گویا ہوس کے کنارے مقیم۔ اور کبھی شوق کا یہ عالم کہ دونوں عالم کو آغوش میں لیے ہوئے۔ یہی حالت تھی کہ چنگ سے یہ آواز سنی، وہ آواز ایسی تھی کہ جس سے ہوش و حواس جاتے رہے۔ یہ صدا آئی کہ اے سراپا دیوانے اے دیوانگی کے پردہ دار۔ جب تمہارے سامنے چنگ آئینے کی طرح رکھا ہوا ہے تو اپنی حالت سے بے خبر نہ ہو۔ خود اپنی ذات کو سمجھنے کے لیے غور و تامل میں ڈوب جاؤ، اپنا پتا دوسروں سے کیا پوچھتے ہو۔ تم خود ہی اپنے آپ قبلہ کا درجہ رکھتے ہو تم خود محراب ہو اگر سر جھکا دو۔

نکتہ:۔ دنیا اپنے اپنے رنگ میں خوش ہے اور احتساب سے بے خبر کسی کے اوقات میں خلل انداز نہ ہو۔ ایک دنیا ہے جو اپنی دھن میں سرگرم ہے۔ اپنے وعظ کو تکلفات لفظی سے آراستہ نہ کرو۔ اگر تمہاری باتوں میں اثر ہے تو اپنے اوپر صرف کرو تاکہ لوگ ہرزہ سرائی نہ سمجھیں اور اگر تیرا ناخن سلامت ہے تو اس سے اپنی عقدہ کشائی کرو تاکہ دوسروں کے زخم پر خراش نہ پڑے۔ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ جن کی طینت ناقص ہے۔ زمانہ کتنا ہی روز و شب کی کروٹیں بدلے انکو کمال حاصل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ ابرو جو ہلال کی مانند ہے، سو سال بھی جتن کرے تو بدر کی مانند نہیں ہو سکتا۔ اور جس کی طبیعت غنی ہے زمانہ کتنا ہی گذر جائے وہ بزرگی کی حد تک نہیں پہنچ سکتا۔ یوں سمجھو کہ آنسو ایک قطرہ جو طفل کی مانند ہے ہزاروں صدیاں گذر جانے پر بھی لڑکا کا لڑکا ہی رہے گا۔ بڑھاپے تک نہیں پہنچ سکا۔

نظم:۔ تم اپنے کام میں لگے رہو یہاں "تو" کی گنجائش "من" میں نہیں ہے گریباں کا عالم ہی دوسرا ہے وہ دامن میں نہیں سما سکتا۔ بے نیازی کے تانے بانے میں یکتائی ہے۔ اس کے چاک میں سوئی کے ناکے کی گذر نہیں ہو سکتی۔

ما کہ تو بہار ہے تو خود اپنے نشو و نما میں اس کو کام میں لاؤ۔ تمہاری آگ کی رونق بھٹی میں کام نہیں آ سکتی۔

نکتہ :۔ یہ فقرہ کہ "لی مع اللہ وقت" ایک خاص کیفیت کی طرف اشارہ کرتا ہے جس کا تعلق خدا کی احدیت کے ظہور سے ہے جو وقتی تو ہے، دائمی نہیں مگر مطلق معدوم بھی نہیں۔ عالم تمیز میں احدیت نت نئی مثالوں کے ظاہر کرنے میں مصروف ہے اور وہی کیفیت احوال و انعال میں تقسیم پذیر ہوتی ہے جس جماعت کو تحقیق سے کوئی واسطہ نہیں ہے اور یقین کی حد تک ان کی رسائی نہیں ہوئی۔ نشہ کا حصول ان لوگوں نے انگور کی لت میں سمجھ لیا ہے اور پھول کی خوشبو کو ہوا کے مزاج میں سمجھا ہے۔ باوجودیکہ ان کیفیتوں کا ظہور شرعی تکالیف سے مبرا نہیں ہے مگر اپنی بیخودی کے باعث اس کو رفع کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس صورت میں دنیا کی رونق کو حفظ مراتب کے آداب کے مطابق دیکھتے ہیں۔ حیا کو بالائے طاق رکھ کر آزادی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اس بات سے غافل ہیں کہ ایک مشت خاک ہو کر بھی اتنی مشقت برداشت کر رہے ہیں تاکہ اپنی آدمیت قائم رہے اور ایک سانس میں کس مقدار تک نسیم اپنے کو ضبط کرنے میں کوشاں رہی ہے یہاں تک کہ حباب کی شکل بن گئی ہے۔

نظم :۔ لوگوں کی ایک جماعت ایسی ہے جو اپنے آپ کو حد سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ سمجھتے ہیں کہ آسمان تک پہنچے حالانکہ وہ پست ہیں سہا تک ان کو بلندی حاصل نہیں ہوئی۔ وہ سورج کے طشت ہیں یا چاند کے ساغر۔ زریں کی مانند فیل کی ٹیڑھی چال کے باعث شاہ شطرنج پر اپنی زد رکھتے ہیں۔ شبنم کا ایک قطرہ ہیں مگر اپنے کو بحر پیما سمجھتے ہیں کوہ پرواز ہیں مگر وہ تنہا کاہ ہیں۔ جب تک خاک نشینی کا طریقہ اختیار نہیں کریں گے، منزل پر پہنچ کر بھی بھٹکے ہوئے رہیں گے۔

غزل :۔ یہ نہ ہو سکا کہ وحشت کا شعلہ دل فسردہ پر جادو کا کام کرے۔ زمین پر تڑپوں یا آسمان کی طرف دوڑوں کون سا سحر کروں کہ جنوں پیدا ہو۔ عیش و طرب کی ہوس کے فسانہ کے باعث میں اپنی ہستی سے تہی ہو گیا ہوں مگر طلب کی انتہا نہیں۔ بانسری کی آواز کی کارفرمائی اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے کہ اس سے نالہ اور تیز ہو ——— اس کی آنکھ کی گردش کے خیال ہی سے میرا غبار مٹ کر چمن بن جاتا ہے۔ اگر دور سے تو اس کا نظارہ کرے تو مژگاں طرح طرح کی نیرنگی دکھلائے۔ اپنے دل ناتواں کے زخم کو محض اس کے خیال سے پتا نہیں بتاتے ہیں کہ ایسا نہ ہو کہ اس نازنیں ہاتھ میں خراش پیدا ہو اور خون بہنے لگے۔ باوجود اپنے ہاتھ اور دل کی زبوں حالی کے اپنی آرزو کی صنعت گری سے مجھے پشیمانی ہے کہ اگر ایک تنکا بھی میں کسی کو دوں تو ہزاروں گھر میں وہ ستون کا کام کرے۔ پاؤں کا تلوا پیشانی کی بلندی حاصل کرے اور خاکی جسم عرش بریں ہو جائے (الغرض) جو چہاں ہے وہ چنیں ہو جائے اور کم ہمتی کا علاج کرے۔ نہ تو فسانہ حلاوت کا ساز ہے اور نہ ترانہ عشرت کا سرمایہ۔ جو میرے کان کے پردے سے فسوں کے

ذریعہ روئی کو جدا کر دے۔ ابھی یا بری تہمت سے میں نے کسی دوسرے ہوس کی فکر نہ کی۔ بس یہی کہ میری بدبختی کا بودا پھول پیدا کرنے کے لیے شبخوں مارے۔ بیدل! میں تحریر کا ایسا چمن ہوں کہ اس کے قلم کے بادل سے جو قطرے ٹپکتے ہیں وہ موتی ہیں۔

غزل:۔ اس کی سرمگیں آنکھوں کی وجہ سے ساری دنیا کو ایسا جنوں ہو گیا ہے جو تیری عقل کے لیے بہار ساماں ہے۔ ہر بُن مو سے خواب ناز میں پڑے ہیں اور بستر مخمل سو ساز و سامان رکھتا ہے۔ اگر میں شکوہ ظاہر کروں تو رنگ تحقیق سے خون ٹپکنے لگے۔ مجنوں کی ناامیدی کا حال نہ پوچھو اگر کہوں تو دماغ میں خراش پڑ جائے۔ اگر اثر نے قبولیت فراہم کر لی تو مٹی سے خال اگنے لگے۔ آسمان دو دن کے لیے بھی اگر میری خاک تیرے پاؤں کے نیچے رہنے دے امکان کے بند نقاب کا دانائی کی کوشش سے کھولنا آسان نہیں کیونکہ اس گلستاں کے ہر پھول کا رنگ "دور رہو" (دور باش) کہتا ہے۔ سینکڑوں دشت و در کے گرد دوڑتے ہو اور عجز رسا کی قدر نہیں پاتے ہو۔ مجنوں سے سرکشی نہ کرو، خود اپنے تک رسائی کی تلاش چاہیے۔ زاہدوں کے مکر و فریب سے بچو۔ ان کی (ظاہری) صفا کے فریب میں نہ آؤ۔ ان کے مکروہ لباس فاخرہ سے ہزاروں ناپاکیاں ظاہر ہوتی ہیں۔ میں نے لباس اتار دیا ہے پھر کیا لفظ اور کیا معنی؟ مجنوں کا ساز خاموش رہنے پر بھی ہزاروں راگ فاش کرتا ہے۔ اے بیدل! تنگ دستی کے باعث روزی کی فکر میں رنج و الم کرنا غلط ہے۔ اس دنیا کے دسترخوان پر جس شخص نے بھی اپنے پیالہ کو اپنے دہن کی طرح کھول کر پیش کیا تو کچھ کھانے کو مل ہی جائے گا۔

حکایت:۔ علایق دنیا سے بے نیاز ہاتھ میں مٹی کا ایک ڈھیلا لیے ہوئے ایک صاحب کمال راستے میں بیٹھا ہوا اس فکر میں تھا کہ معرفت حاصل کرے تاکہ مشکل آسان ہو جائے۔ اس دانائے وحدت آگاہ کو اطلاع ملی تو اس نے اس شخص کو کہلا بھیجا کہ اے راہ چلنے والے۔ اس دنیا کے رہنے والے لوگ اسباب کے ذریعہ ساغر سے فرحت کا خمار حاصل کرتے ہیں۔ ہر چیز سے بے نیاز ہو جانا دانائی کی بات ہے۔ تنہائی کے باغ کا پھول سلامتی ہے۔ طلبگار نے جب غور و فکر میں غرق ہو کر دیکھا تو اپنے ہاتھ میں سوائے کلوخ کے اور کچھ نہ پایا۔ اس نے اس کلوخ کو پھینک دیا اور اس سے بھی زیادہ بے نیاز ہونے کی کوشش کی۔ ہر قسم تردداتِ دنیوی سے بے نیاز ہو کر اس کا دل مطمئن ہو گیا۔ مگر تحقیق کی رو سے اس کا کچھ اثر نہ ہوا اور ایک سال گذر گئے۔ اس دانائے راز نے پھر وہی جواب دیا کہ دوئی کے خیال سے تیری راہ میں اتنا پیچ و تاب ہے۔ دوئی کے غبار سے تیری آنکھ بند ہے۔ جب یہ غبار نہ رہا تو بس تو ہی تو ہے۔ اب اس کی آنکھوں میں نظر آیا کہ سائل اور مسئول دو شخصیتیں ہیں۔ اس کے آئینے میں

تسلی رونما ہوئی اور گفت وشنید سے حقیقت واضح ہوئی ۔ وہ خود اپنے آپ میں محو ہوگیا اور ماسوا کچھ نظر نہ آیا۔ دنیا سے جو وہ طالب تھا وہ خود اپنے میں پالیا۔ سمندر کا خیال محض ایک حباب ہے۔ ہر موج سمندر کا سراغ نہیں لگا سکتا۔ اگر سراپنے گریباں میں غور سے دیکھے تو اس کو وہی پھول خود اپنے دامن میں ملے گا۔ طلب کی کوشش میں موج کی خاصیت کس لیۓ اگر اطمینان دل چاہتے ہو یہ ناحق دردسری ہے اگر خود اپنے پر غور کرے تو موتی بن جائے۔ کبھی زمین پر کبھی آسمان پر نگاہ شوق کے آگے تماشا ہی تماشا ہے۔ یہ نہیں جانتا کہ یہ طریقہ ناقص ہے دونوں عالم مژگاں جھپکانے کے سوا اور کچھ نہیں۔ ایک نسیم اس باغ میں بال کشا ہوئی کہ کمال کے آب ورنگ سے غافل تو گل کی مانند نئی بہار ہے کہ جس سے تیرا یہ جوش جلوہ گر ہے اگر غنچہ بن کر غور و تامل کرلو تو وہ تیرے آغوش میں ہے۔ تم غور کرو کہ اس دنیا نے کاف و نون (کن) میں کس طرح سو رنگ میں حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔ اگر تیری شوخ چشم معاین جائے تو اس سے تحقیق کا نام ظاہر ہوجائے۔

حکایت :۔ ایک رات منصور کی روح سے خواب میں ملاقات ہوئی۔ اس سے سوال کرنے کی تمنا پیدا ہوئی کہ وجود کی عاجزی کی عالم پشیمانی میں انا الحق کا دعویٰ نفس سرکش سے ہو اس کے کیا معنی؟ دیدۂ اعتبار کے نزدیک یہ امر محال ہے کہ جو چیز امکان سے تعلق رکھے وہ وجوب کو ظاہر کرے۔ صحیح اطلاق تقیید سے حاصل نہیں ہوسکتا۔ شراب سے انگور کی دنیا طلب نہیں کرنا چاہیے۔ زمین آسمان بن جائے حیرت ہی حیرت ہے۔ ساحل سمندر کی رہزنی کرے تو پشیمانی ہے۔ اس روح نے جس کی زبان میں تقدس، جس کے بیان میں پاکی وصفائی اور جس کے اظہار خیال میں آگاہی تھی کہا کہ خام اعتبارات میں پختگی رکھنے والے جانتے ہیں کہ "مقید" کیا ہے اور "مطلق" کیا ہے۔ ذات واحد سے چند اسما کا ظہور ہوا' ہر اسم سے ایک کیفیت پیدا ہوئی۔ اسما کی وجہ سے حقیقت سمجھ میں نہیں آتی۔ تم اس کو چاہے یقین سمجھو یا وہم۔ اس لاحاصل گفتگو سے سوائے یقین کے کچھ ظاہر نہیں ہوتا بس وہم ہی وہم ہے۔ کیا اسم اور کیا صفت سب ساز غیب کے نغمات ہیں تو ہم کیا ہے غیب کی آواز کا غبار ہے۔ ایک عالم اس نغمہ سے ممتاز ہوئی۔ جرس کی آواز سے کارواں بن گیا اگر ایک دم کے لیے بھی جرس سے آواز بند ہوگئی تو کارواں کی ساری شوخی دھری کی دھری رہ جائے گی۔ ان نغمتوں سے جو اعتبار کے لحاظ سے خیال ہیں ایک منصور کی آواز پیدا ہوئی۔ در روز نفس نے شوخی کا اظہار کیا اور من وما کے گرد سے نمودار ہوا۔ ایک بار میں نے حق کہا اور حق ہوگیا۔ مقید کی حالت ختم ہوگئی اور میں سراپا مطلق بن گیا۔ اس معنی بے نشان سے میری دوری اسکے سوا اور کچھ نہ تھی۔ میں منصور ہی ہوں نفس کی طرح بطور امتحان میں نے ایک بات کہی وہ گو ہوس کا ایک نسخہ تھا اس کو چاک کردیا۔ ایک مدت

تک تخیل کی گل افشانی رہی اور ختم ہوگئی یعنی ایک پھول نے نگاہ میں رنگ پیدا کیا اور غائب ہوگیا اب اس کا امتیاز کہاں کہ میں کون ہوں، کہاں ہوں، میں کیا تھا، کون ہوں، کیا ہوں۔ وہم زار قیود میں نگاہ کہاں کہ منصور کیا کہتا تھا اور حق گو کون تھا۔ یہ زبان سے کچھ کہنے ہی تک ہے اس کے بعد بساط درہم برہم ہے اور کم و بیش وہی اعتبارات ہیں اور کچھ نہیں۔ ارواح و اجسام سے جو غبار پیدا ہوا وہ بس یہی نام تھا اور کچھ نہیں۔ یقین جانو کہ اس دنیائے قیل و قال میں سو طرح سے خیال کو ظاہر کرتے ہو۔ اپنے کو جس نام سے بھی چاہو معروف کرو۔ اسی جلوہ سے ظہور ہوتا ہے۔ اس سمندر میں ما و تو کے لباس پر موج کی طرح زبانیں مائل گفتگو ہیں۔ ہر موج سے ایک دوسرا ہی شور پیدا ہوتا ہے مگر سب اپنے شور سے بے خبر ہیں۔ خموشی کے وقت عیاں ہوتا ہے کہ دریا کے دہن میں کتنی زبانیں ہیں۔ اگر منصور بننے کا شوق تجھ میں زیادہ نہیں تو تجھے اپنے راز سے کیا ملے گا؛ اس جلوۂ بے نشاں کی حقیقت قربان ہونیوالوں کی آنکھ کی نگاہ ہے۔

نکتہ :۔ اسرار کے واقف کاروں نے غور و فکر سے ایک پر لطف بات نکالی ہے اور نادر تفکر سے ایک خاص معنی حاصل کیا ہے کہ دو عدم کے درمیان حصول میں لفظ "مع" ہے اور اس معیت سے مراد رب اور مربوب (مخلوق) ہیں امتیاز مقصود ہے یعنی دوئی کے مرتبہ کو سمجھنا اور من و تو کی حقیقت کا ادراک اور تمیز کی رو سے اس غیب مطلق کے مرتبہ کو احدیت کے اشارت سے منسوب کیا گیا ہے اور اس نتیجہ کے ظہور کے وسیلہ سے شہادت اضافی کے ذریعہ عبارت احدیت بتاتی ہے۔

رباعی :۔ خدا کہتا ہے کہ میں نہ ازل ہوں نہ ابد۔ لاتعیین شمار سے بھی پرے میں واحد ہوں۔ میری یکتائی نے دو عالم کا خیال کیا۔ میرے عدد کے عرض میں جوہر نے جوش مارا۔

نکتہ :۔ ایسی دنیا جو غبار غفلت سے آباد ہے اس میں کسی دانا کی صحبت ایک غیبی عطیہ ہے اور ایسی محفل میں جس کی آرائش نسیان کی کدورت پر ہے اس میں عارفوں سے تعلق دلی بلاشبہ غنیمت ہے۔ ایک دنیا تن پروری کی فکر میں مردہ ہے۔ زندگی کا ماحصل کس کو ہے۔ ایک عالم خود پرستی کے شکنجہ میں جکڑی ہوئی ہے جس سے رہائی ممکن نہیں اس انجمن میں جہاں تاریکی ہی تاریکی ہے۔ دل میں شمع کیسے روشن ہو سکتی ہے اور بے اتفاقی کے غلبہ کی وجہ سے مژگاں بھی ایک دوسرے سے ملائی نہیں جا سکتی۔ اس مقام پر خباثت کا سودا اور دود دماغ کی عدم موجودگی باعث کمال ہے اور لالچ اور حسد کا وسوسہ محض خیالی ہے جب تک کہ التفات کی نظر سے نہ دیکھیں تو مروت کی آبرو جس سے وہ محروم ہیں، جاتی رہے گی اور جب تک منافقت کی باتیں ان کے لبوں پر ہیں، اخلاص کا شیرازہ بکھرا رہے گا

جدائی سے پہلے جمعیت خاطر باعثِ اندوہ وکلفت ہے اور جدائی سے پہلے وصال ناامیدی اور ندامت کا سبب ہے۔ گفتگو کا ماحصل ان کی شکایت کے سوا اور کچھ نہیں اور ساری جستجو مکاری اور عیاری کے علاوہ اور کچھ نہیں ایسی صورت میں وہ جمعیت جس پر جمعیت کا احتمال ہی پایا جائے تفرقہ کے باعث سوچا بھی نہیں جا سکتا اور ؟ صحبت میں جہاں الفت کی ذرا بھی بو باس ہے، وحشت کے باعث اس انجمن کا حصول ناقہمی ہے۔

غزل :۔ اس دنیا میں ساری مخلوق سے آدمی کی تعداد کم ہے اور پھر ان آدمیوں میں محرمِ راز لوگوں کی اور بھی کمی ہے۔ دنیا کے مزاج میں مہر والفت کی بُو باس نہیں پائی جاتی۔ اس دنیا سے باہر دوسری دنیا میں کیفیت نہیں ہے۔ ساری دنیا (بے مروتی کی) موج میں غرق ہے۔ مروت کا یہ عالم ہے کہ کسی کی جبین پر نمی کا شائبہ بھی نہیں۔ بغل میں چھری رکھنے والے انسان بہت ملیں گے۔ زخموں کی کمی نہیں ہے مگر مرہم لگانے والے کم ہی ملیں گے جو باتیں دل کو پسند ہیں اس کا ایک نقطہ بھی بہت تکلیف دہ ہے، اگر سینکڑوں کتابوں کے مضامین ایسے ہوں جو دل کو بھاتے ہوں تو بھی بہت کم ہے۔ یہ آج کی بات نہیں ہے بلکہ کمی اور بیشی کا یہ ہنگامہ ازل سے جاری ہے جو کچھ پڑھا ہے وہ بہت زیادہ اور جتنا کہا ہے بہت کم ہے۔

غزل :۔ وہ دماغ جو بے حس اور بے خبر ہے اس کی رسائی حقیقت تک کیسے ہو سکتی ہے مثلاً پری کا پیغام اگر پہنچے تو اس کو تیشہ گردوں کی دو کان تک مت لے جاؤ۔ اگر اعتبار کا دروازہ کھٹکھٹاؤ تو عاجزی کو نہ چھوڑ دو کہ ریشہ بھی پھل پاکر اپنا مقصد حاصل کر لیتا ہے۔ ہوس کے قافلہ کو رخصت کرنے کے لیے تیری جمعیت خاطر ہی فاقہ کشی کے لیے کافی ہے (دل جمعی ہوس کو دور کر دیتی ہے) گوہر کے پُل کے بغیر کسی کامل موج سمندر سے پار نہیں ہو سکتا۔ نگاہ جو ادب کے چمن میں ہوس کے انتظار میں ہے یہ کیسی عبرت کی بات ہے۔ سحر کی مانند دل کو چاک کر کے اس گل پر آبپاشی کرتا کہ وہ ہنس پڑے آنسو سے جب تک کہ تم تری حاصل نہ کر لو خودسری کے راستے سے نہ گزرو۔ بڑا ظلم ہے کہ قدم بڑھانے کی زحمت برداشت کرو جبکہ خرام کی وجہ سے نگاہ میں آبلے پڑ گئے ہیں۔ اگلے لوگوں کے عیوب کو شمار کرنے میں لب مت کھولو اگر حیا ذرا بھی باقی ہے تو کسی کے عیب کا پردہ فاش مت کرو۔ اس چمن کی لذت کی ہوس میں پیشانی پر بل ڈالنا نازیبا ہے۔ نیشکر کے مزاج میں جو تری ہے اس کو ہوا سے کیا حاصل ہوگا۔ کس بیکس کے فریاد و زاری پر کسی کی ہمت نہ ہوئی کہ مدد کرے کٹے ہوئے ہاتھ کو زمین پر بدرجۂ مجبوری پٹک رہے ہیں۔ حصول آگاہی کی فرصت مفقود ہے۔ غفلت میں ساری گفتگو ضایع ہو گئی۔ زندگی کا چراغ لاحاصل جلتا رہا اور ہماری رات صبح میں تبدیل ہو گئی۔ عافیت کی نادانی کے غم میں کسی کو اتنا ہوش نہیں کہ ندامت کا اظہار کرے،

کس پتھر سے ٹکراؤں جو ندامت کے بوجھ سے جھکا ہوا ہے۔ اس صف میں جس تیغ کا ایک اشارہ جفاکشوں کا امتحان لیتا ہے سب سے پہلے بیدل اپنا سر کٹانے کے لیے تیار ہے۔

غزل :- زندگی میں ہرزہ سرائی اور ریشہ دوانی کا کوئی حاصل نہیں، ہم دھاگے کے سرے میں گرہ لگا دیتے ہیں اس پر بھی میری ہر سانس سے شرر پیدا ہوتا ہے۔ ہزاروں کوچے میں مارے مارے پھرے۔ کون ایسا ترانہ ہے جو ہم نہ گا سکے مگر اس کا کوئی حاصل نہ ہو سکا۔ زندگی کے رنج والم کو کہاں لے جائیں ہوس کے جور و ستم کو کب تک شمار کرتے رہیں۔ حباب کی مانند لاحاصل بیٹھے ہوئے ہیں اور آنکھوں سے آنسو جاری ہے۔ انفعالی کیفیت کے تعلق کا خیال مجھ کو شرمندہ کرتا ہے شیشہ گر نے سانس کے ذریعہ سے پگھلے دل کو کسوٹی پر کیوں نہیں جانچا۔ عدیم الفرصتی کے جنون میں دنیا کے آئینے کو صاف نہیں کیا، چنگاری کی مانند آگ سے حسرت رہی کہ انسان نے سانس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا بے نشان میدان میں خیال مجھ کو دوڑا رہا ہے۔ اگر زندگی ہوا کے ساتھ لگام نہ تھامے تو صبح نہ جانے کہاں ہو۔ وہم و گمان کی دنیا کے غبار تک رسائی نہیں ہوئی کہ تم وہاں اپنا وطن بناؤ۔ زندگی سے پیشتر ہی عدم کا انتظار فضول ہے۔ آب و گل کا تعلق بہت مختصر ہے، عدم کی موجودگی سے خجل نہ ہو۔ کیونکہ آئینہ اپنی مدت کو نفس کے رنج والم سے ضائع نہیں کرتا ہے۔ نوحہ گر کی بانسری کے ترانے سے یہ گمان نہ کرو کہ فضول کا ہنگامہ ہے، اس بے اثر دنیا میں ہر کسی کی نگاہ میں اپنے نفس کا اثر موجود ہے۔ زندگی کے تصور کا جو داغ ہے اس کو آگہی پر محمول نہ کرو آئینہ کتنا سیاہ ہو جاتا ہے جس سے مجھے نفس سے باخبر کرتا ہے۔ بے خبر بیدل کی مانند بے اثر نغمہ کے لیے لب مت کھول۔ دونوں لبوں کو اتنا ملاؤ کہ سانس باہر نہ نکلے۔

حکایت :- ایک شخص اپنے آشنا کے ہاں گیا تو دیکھا کہ دروازہ بند ہے۔ آنسو کی مانند ادب سے اس کے دروازے پر سجدہ ریز ہو گیا اور اپنی تمنا ظاہر کی۔ اس آشنا کی خلوت سے آواز آئی کہ کون ہے جو صدا لگا رہا ہے۔ اس کے ذوقِ تمنا نے جواب دیا کہ میں ہوں، تمہاری شمع وفا کا میں فریفتہ ہوں۔ تمہارے غم و شادی کا میں پرانا رفیق رہا ہوں۔ میں آئینہ ہوں چاہے وہ پھول ہو یا داغ۔ دوسری بار خلوت سے یہ آواز آئی کہ اے محبت کا دعویٰ کرنے والے ان باتوں کو چھوڑ دو۔ بیکار کی زحمت نہ اٹھاؤ۔ یہ دروازہ تمہارے لیے نہیں کھل سکتا۔ اس خلوت میں کوئی ایک شخص بھی داخل ہو تو کوئی حاصل نہیں ہو گا۔ اس عالمِ وحدت میں وہم کی ضرورت نہیں، حق کے آئینے میں عکس کا گذر نہیں۔ ایسی حالت میں کہ تصویر وہم کے سوا اور کچھ نہیں، آئینہ دیکھنا ہوس کے سوا اور کیا ہے۔ وہم کا تصور دوئی ہے۔ میں تو اور تو میں، یہ دوئی کیسی؟

حکایت :- ایک بیوقوف بازار گیا، ایک خشک کدو پر اس کی نظر گئی۔ اس نے سبزی فروش سے پوچھا کہ لے بھائی! بتاؤ کہ یہ کس جانور کا انڈا ہے۔ معلوم تو ایسا ہوتا ہے کہ یہ اتنا بڑا انڈا یا تو ہاتھی کا ہوگا یا بھیڑیا کا۔ سبزی فروش ہنسا اور بولا کہ اے بے وقوف! تیرا گمان حد درجہ ناقص ہے۔ یہ نہ تو ہاتھی کا ہے نہ بھیڑیئے کا بلکہ گدھے کا ہے۔ جب یہ انڈا ٹوٹے گا تو بال و پر کے ساتھ بہت سی پَردار طوطیاں برآمد ہوں گی۔ جس کو قدرت نے اس انڈے میں چھپا کر رکھا ہے۔ اس کی بات سے اس بے وقوف کے دل میں ہیجان پیدا ہوگیا اور اس کو کدو کے بیج میں بے شمار چونٹیاں رینگتی نظر آنے لگیں۔ اس بات کو سن کر اس کے خشک دماغ میں جنون پیدا ہوگیا اور اس کدو کو موتیوں کے مول خرید لیا۔ اس ہوس میں مبتلا ہو کر خیالی پلاؤ پکانے لگا۔ یہ خام خیالی بڑی دیرپا ثابت ہوئی اور کوئی نتیجہ نہ نکلا لیکن وہ انتظار کرتا رہا کہ دیکھیں اس انڈے سے طوطی کب نمودار ہوتی ہے۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ ایک دن صبح کے وقت بڑی تیز ہوا چلی۔ اور وہ کدو جو لٹکا ہوا تھا گھڑے کی طرح زمین پر گر پڑا۔ اتفاق کی بات کہ ایک خوشنوا طوطی، کہیں اڑتی ہوئی وہاں پہنچ گئی۔ جب کدو کے ٹوٹنے کی آواز پیدا ہوئی تو اس آواز کے ساتھ ہی ساتھ طوطی بھی اڑتی نظر آئی۔ یہ دیکھتے ہی وہ مبہوت ہوگیا اور اس کا دل مسرت سے لبریز ہوگیا۔ اس کا گمان یقین میں بدل گیا کہ گدھے کے انڈے سے طوطیوں نے بال و پَر نکالے ہیں۔ اس کے لیے تسلی بخش ثابت ہوا، لیکن عقل سمجھتی ہے کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے گدھوں کا قیاس بھی فائدہ پہنچاتا ہے اور اس کا کچھ نہ کچھ اثر ہوتا ہے۔

نکتہ :- دنیا والوں کی طبیعتیں سختی کی وجہ سے پہاڑ کی مانند ہیں۔ ان کی زبان سے جو بات نکلتی ہے دل پر چوٹ لگاتی ہے۔ تمنا جس قدر پھیلتی ہے خجالت اتنی ہی ہوتی ہے۔ اس دنیا میں کون ایسا ہے جس کا دل کدورت سے خالی ہے اور ایسا دل جس کے آئینے پر اتہام کا داغ نہ ہو۔ کہاں ہے۔ عدم قبولیت کی کلفت کی گرد بات کو خاک میں ملا دیتی ہے اور بے اثری کی خجالت کا پسینہ نالا کو آواز میں غلطاں و پیچاں کر دیتی ہے۔ اگر دنیا کی سمجھ میں کچھ نہ ہوتی تو سخن پر خاموشی کو ترجیح دی جاتی۔ اگر طبیعتوں میں خود غرضیاں نہ ہوتیں تو خلوت نشینی کو محفل آرائی پر فضیلت نہ ہوتی۔ اس دکھ درد کی چارہ جوئی کیسے کی جائے اور اس مصیبت کا علاج کہاں سے ڈھونڈا جائے۔

نظم :- ایک بلبل نے دوسرے بلبل سے شکایت کی کہ اے گانے والی! اس چمن میں کوے کی کائیں کائیں بار خاطر ہے۔ اس نے جواب دیا کہ چپ رہ! کوّوں کی تعداد بہت ہے۔ دنیا اس قسم کے شور و غل سے بھری ہوئی ہے۔ فضول باتوں سے سب کے کان بھرے ہوئے ہیں۔

نکتہ :- کمال کا حاصل کرنا بھوک کے بغیر ناممکن ہے اور اطمینان قلبی کی سیرابی پیاس کے بغیر وہم و خیال ہے۔ ہلال

اپنے آپ کو خالی نہ کرتا تو آفتاب کی تابناکی حاصل نہ کرتا۔ صدف اگر مٹی کی سی انتہائی خاکساری اختیار نہ کرتا تو موج کے تھپیڑوں کے ہوتے موتی نہیں پیدا کر سکتا تھا۔ حباب ایک سانس میں دریا کی استعداد حاصل کرتا ہے اور آئینہ ایک جست میں آسمان کو اپنے اندر سمو لیتا ہے۔ جو برتن خالی ہے وہ اس قابل ہے کہ اس کو بھر دیا جائے اور وہ پیالہ جو لبالب ہے اس کو خالی ہونا ہے۔ جسم کی گرانی اگر روح کی سی پاکیزگی حاصل کرے تو وہ ریاضت کے بغیر ممکن نہیں اور دل کی کدورت کو اگر آئینہ کی طرح مصفا کیا جائے تو وہ بغیر صیقل کی محنت و مشقت کے حاصل نہیں ہو سکتا اور رغبتِ غذا سے ہاتھ کھینچے بغیر انسان فرشتوں پر سبقت حاصل نہیں کر سکتا اور ثقالت کی گرد سے دامن کو بچائے بغیر اپنی فطرت کی پستی کو بلند نہیں کر سکتا۔ پتھر کا پر کی طرح ہلکا ہو جانا مینا کے حسن کا باعث ہے اور مٹی کا ہلکا ہو جانا ہوا کی لطافت کی بدولت ہے۔ معدے کا غذا سے خالی رہنا جذبۂ کمال کی استعداد پیدا کرتا ہے اور تخمہ کی بیماری، ہر حال میں بدہضمی اور غذا کی ثقالت کے باعث ہوتی ہے۔

نظم:۔ خالی تھیلی خزانہ کا سرمایہ ہے چھوٹا عدد بھی صفر کی وجہ سے بڑا ہو جاتا ہے اگر فیض چاہتے ہو تو پہلے زنگ کو صاف کرو۔ صفائی سے تمہارا آئینہ کیا سے کیا ہو جائے گا۔ معدہ کو خالی رکھو اور حقیقت کو پالو۔ یہ عزت کی بلندی نانبائی کی دوکان سے حاصل ہونے والی نہیں۔ تم مٹی سے دل کے سامنے دیوار کھڑی کر دیتے ہو۔ (شرم سے) پانی پانی ہو جاؤ تاکہ تن پروری کی خجالت نہ اٹھانی پڑے۔

نکتہ:۔ جب تک اپنی پسپائی کے اوپر کمربستہ نہ ہو جاؤ گے تو ساری دنیا کے لوگ تم پر حملہ آور ہونے کے لیے تیار رہیں گے اور جب تک اپنی قوت کا مظاہرہ نہ کرو گے تو ہزاروں انسان تم کو نوچ کھائیں گے اضطراری بلاؤں کو دفع کرنے کے لیے ضعف اختیاری ایک ڈھال ہے۔ خمار کی مصیبت سے بچنے کے لیے ہوشیاری کا شکنجہ ایک حصار ہے۔

غزل:۔ اس طوفانی دنیا میں جب کبھی کوئی غبار اٹھتا ہے۔ وہ خود اپنے جوش و خروش سے اٹھتا ہے۔ دل کا سکونت ہو جانا ایک جال ہے جس سے انسان ایک جگہ بیٹھ جاتا ہے، وہ پاؤں جو دامن سے باہر نکل گیا کانٹے کا شکار بن گیا۔ جس قدر بھی امتحان لیا جائے، غفلت کی وادی کا راستہ طے ہو جاتا ہے، گرد جب بھی اڑی پریشان ہو کر اڑی۔ تم ایک مشتِ خاک ہو اور تمہارا کمال سر جھکانے میں ہے۔ یہ رعونت اور غرور کس برتے پر۔ تمہاری جو آنکھیں بند ہیں ان کو تم اپنے آئینے کی صفائی سمجھو، ورنہ آنکھ کھلی تو سارا عالم غبار ہی غبار ہے۔ تحقیق کی رو سے تم شرر کے سوا اور کچھ نہیں رکھتے ہو، نہ جانے کتنے شعلے ہیں جو میرے گریبان سے نکل کر نمایاں ہوئے۔ فلک کو ایک نیزہ دار سمجھو جو تمہارے قد کے ساتھ اپنی بلندی کا اظہار کر رہا ہے۔ درحقیقت فتح کا جھنڈا وہی ہے جو اٹھایا نہ جا سکے۔

غزل:- میں ہوں اور ناامیدی کی پریشانی ہے کہ بسمل ہونے کا مقصد ناپید ہے، شہادت نصیب نہیں ہو سکتی ہاں اس وقت حاصل ہو سکتی ہے جب قاتل کا خنجر تمہاری آرزو پوری کر دے۔ عاجزی کے کوچہ کے غبار سے گذرنے کا شوق ایک مصیبت ہے، اگر پاؤں سے خون نہ بہے تو آبلہ پائی سے اس کو سیراب کرو۔ عافیت کے دروازے کو ہزار کھٹکھٹایا لیکن ناامیدی کا منہ دیکھنا پڑا، گویا ایک ٹوٹی ہوئی کشتی ہے جسے موجوں نے اٹھا کر پھینک دیا ہے۔ تیرے لیے کیا بہتر ہو کہ فسوں کو رد کر دے اور غرور کو خاک میں ملا دے تاکہ ایسا نہ ہو کہ جنون کی شرمندگی اٹھانی پڑے۔ جو نتیجہ ہے حق و باطل کے امتیاز کرنے کا۔ جو شہید وفا ہے اس سے مقابلہ کرنے کی ہوس کس کو ہو سکتی ہے۔ ایسا کون ہے جس نے فلک کی بلندی کا مقابلہ کیا ہو۔ ذرے کا دل اور جستجو کی تڑپ، آفتاب کا خیال اور آرزو کی سرگرمی، یہ ہوس نہیں تو اور کیا ہے۔ آئینے میں نگاہ کو سوائے عکس کے اور کیا ملے گا۔ آئینے کے خیال میں دونوں جہان سے شیانی کی وجہ سے دل پریشان ہے۔ کون ایسا جلوہ چوری کر کے لاؤں کہ اس کے مقابل میں پیش کرنے کی ہمت کروں غیر معلوم مطلب کی ہوس میں، صبح کی مانند اپنی واقفیت سے کیسے روشناس کراؤں، کیونکہ حیا کے پیراہن کو چاک کرنے سے سائل پسینے پسینے ہو جاتا ہے۔ نہ تو اس کا خیال ہے کہ اپنے جنون کو ظاہر کروں اور نہ ایسا دل ہے کہ خون آلود نالہ کروں۔ میں پیر ناتواں کون ایسا جادو کروں کہ دل سب کچھ بھول جائے۔ کوئی بھی بے اثر حقیقت سے آگاہ نہیں ہے جو تجھ کو حقیقت آشنا کرے۔ وہ مقام جہاں تک نظر کی رسائی ہو سکے اس کو بیدل کے نالے سے طلب کرو۔

غزل:- اس کے ولایتی آئینہ کی صفائی کو اپنے جوہر کی نمائش کی پرواہ نہیں ہے۔ یاقوت سے تبسم کی مانند شعلہ کا رنگ خود ہی ظاہر ہوتا ہے۔ اس کی آنکھوں میں ایسا جادو ہے جو بسمل کے دل کو توڑ دیتا ہے۔ اس بات سے غافل نہ رہو کہ سرمہ لگا کر سحر کاری اور بڑھے گی، ابھی تو اس کا ہاتھ پتھر کے نیچے دبا ہوا ہے۔ چمن میں اس کی نرگسی آنکھیں ابرو کے گوشے سے ایک نگاہ ڈالیں تو آہو کی آنکھ کی طرح ایک اشارہ میں شیر کو شکار کرے۔ اگر ایک نازنین نقاب ڈالے ہوئے اپنی خلوت سے بصد ناز قدم باہر نکالے تو دیکھنے والوں کی بھیڑ لگ جائے۔ اس کا ناز تم کو معقول نہیں بناتا ہے، مجنوں بن جاؤ اور دل میں گداز پیدا کرو۔ اپنی نیازمندی حد سے زیادہ دکھلاؤ اور دل کا خون کرو تاکہ اس کی ہتھیلی میں حنا کا رنگ بن جائے۔ اگر دو عالم حد سے زیادہ شوق دکھلائے تو بغیر طلب کیے ہوئے کامیاب نہ ہوگا کیونکہ جو باغ بے رنگ ہے اس کو سیر کرنے کا شوق کس کو ہوگا۔ آنکھ بند کر کے گلزار کی سیر کرنا دل کو تسلی نہیں دے سکتا۔ ایسا آئینہ کہاں ہے جس سے ہم بہار کو رنگ صبح کی مانند دکھلائیں۔

فطرت نے کام کرنے سے دریغ نہیں کیا اور بے حاصل رہا۔ ہمارے شیشہ داری نے غور وفکر کے بعد میرے وہم نے پری کا گمان کیا اور اس لیے اس کو پتھر پردے مارا۔ ساغر کشی پر فخر کرنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جس سے ہزاروں مظالم ظہور پذیر ہوتے ہیں، تو فضول باتوں کی تمیز سے باز آ۔ دل اپنی شکست اور اس کی مسرت کو جانتا ہے۔ اے بیدل بڑی مشقت اور دوڑ دھوپ کے باوجود قاتل کا سراغ نہ ملا۔ مگر بسمل کے چہرے کے رنگ کی تبدیلی سے یہ پتہ لگ جائے گا کہ یہ کس کے تیر کا نشانہ بنا۔

حکایت :- ایک نااہل عقلمندوں کے طرز پر ڈینگ ہانک رہا تھا کہ میں اکثر چشم زدن میں آناً فاناً دریا کو بدلی کی طرح پار کر جاتا ہوں۔ بحیثیت تاجر کے دور اور نزدیک ہر مقام پہ دریا کو کشتی کی طرح طے کر چکا ہوں۔ ہر موج میں اتنی تڑپ دیکھی ہے۔ ہر قطرہ میں موج کی مانند غلطاں و پیچاں رہا ہوں۔ اپنے غور وفکر سے حقیقت کو پا چکا ہوں۔ بھنور کی مانند موتی کا خزانہ میرے قبضے میں ہے۔ بحر کی حقیقت مجھ سے پوشیدہ نہیں ہے اور اس کتاب میں ایک حرف بھی ایسا نہیں ہے جو میرے لیے نافہم ہو۔ حباب نے اگر آنکھ کھول کر دیکھا تو اس نے وہاں میری نگاہ کو دیکھا ہے اگر کبھی جوار بھاٹا بھی آیا تو میری شرکت بھی اس میں رہی ہے۔ میرے سوا اس طوفانی بھید کو نہ تو غوطہ زن سمجھ سکتا ہے اور نہ ناخدا۔ میں ان لوگوں سے کیا گفتگو کروں جو ساحل کے پجاری ہیں، جو اسرار سے کالے کوسوں دور ہیں۔ یہ آبی دنیا جس میں مستی ہی مستی ہے۔ میرے لیے ہر قطرہ میں ایک موتی کا سراغ ملتا ہے میری گفتگو لاف وگزاف سے خالی ہے۔ میری مثال موج کی سی ہے جو ایک معمہ ہے جس سے دریا ظاہر ہوتا ہے۔ کسی شخص نے اس کی یہ باتیں سن کر دریافت کیا، یہ تو کہو کچھ مچھلی کی بھی خبر ہے۔ اگر آنکھ پانی میں اپنا وطن بنالے اس کے دل کی مانند پیرہن بھی داغدار ہے۔ صرف باتیں ہی باتیں ہیں لیکن کلام میں وہی اثر ہے جو خاموشی میں ہے" غرور میں" نالو میں عاجزی کو ایک دم برگشتہ کر دیا ہے۔ تڑپ نے جگر کے خون کو پانی سے مبدل کر دیا۔ خون میں غلطاں و پیچاں ہونے کے سوا اور کچھ نہیں۔ اس نے بگڑ کر جواب دیا کہ اُن سمندروں میں مچھلیاں ہی تو میری غذا تھیں۔ مچھلی کا پتا چلانا نادانی ہے، اس علم سے کون واقف ہے۔ میرے بیان کے سمندر سے موتی چننا، مچھلی کے متعلق کچھ پوچھنا بیکار ہے جب سوال کرنے والے نے اس کا غصہ آمیز جواب سنا تو عذر کرنے کے لیے لب کشائی کی اور کہا کہ میں مچھلی کی ماہیت سے آگاہ نہیں ہوں اور اس کی واقفیت سے محروم ہوں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ میں تمہارے بیان سے یہ قیاس کروں، تمہارے بتانے پر میں ماہی کی حقیقت سے واقف ہو جاؤں۔ دنیائے شعور کی مختلف حیثیتیں ہر جگہ نمایاں ہیں۔ جو چیز عیاں ہے اگر اس کی عقل نے اس کو نہ سمجھا باوجود اس کے کہ وہ سراپا آسمان ہو، اس کی نگاہ سے پوشیدہ ہی

رہے گا۔ دنیا میں نیک و بد لوگوں کی کمی نہیں ہے۔ اگر کسی کو (صحیح طور پر) نہ دیکھا تو اس سے پورے طور پر واقف نہیں ہو سکتا۔ امتیازی طور پر اگر کسی سے شناسائی نہ ہوئی تو لاحاصل ہے۔ ضرورتاً اور مثالاً فضول باتیں بنانے والا، سوال کا جواب دینے والا ہوتا ہے اور کہا کہ اے عقل مند! مچھلی وہی ہے جو اونٹ کی مانند دو سینگ رکھتی ہے۔ اس لیے مناسب یہ ہے کہ اب تم اس بحث کو چھوڑ دو، اونٹ دیکھو اور مچھلی کو سمجھو۔ لوگ اُس کی بات پر ہنسے یہ ساری گفتگو جس کا سر ہے نہ پاؤں۔ تقلید کے طور پر اس نے وہم سے کام لیا، نتیجہ رسوائی کے سوا اور کچھ نہ ہوا۔ اس کو یقین ہو گیا کہ یہ سب اَن سنی باتیں ہیں، کیونکہ مچھلی کا اونٹ ہونا بے بنیاد بات ہے۔ انسان کے کمالات کو اسی طرح سے سمجھو، ایسی ہی پست باتوں سے ہوس کا عروج ظاہر ہوتا ہے۔ ساری دنیا اسی وہم سے دوچار ہے۔ اس کی مثال اُس اندھے آئینہ کی سی ہے جو روشن نہیں ہے۔ صحیح طور پر دیکھنا کہیں وہ محوِ حیرت ہو جاتا ہے، اُس کا جنون خود ظاہر ہے، مجھ سے پوچھتے کیا ہو۔

حکایت :- ایک سیّاح ساری دنیا میں سیر کرنے والا۔ ایک اہل دل سے اس کی ملاقات ہوئی، کچھ عرصہ کے بعد اس سے ربط ضبط پیدا ہو گیا۔ اس سے پوچھا کہ اے ذاتِ محترم اب آپ کو کس نام سے ہم مخاطب کریں۔ اس میں کوئی تنگ نہیں کہ اگر خدا کی ذات رہنمائی کرے تو میں اپنے نام سے زبان کی مانند واقف ہوں کہ صفات کی جستجو میں ذات کے نام تک رسائی ہو جائے۔ اس نکتہ کو سن کر صاحبِ کمال نے لب کو گویائی سے آشنا کیا۔ میرے نام کی نیرنگی اور سحر انگیزی مت پوچھو، میں فریب کا ایک طلسم ہوں۔ اس کے داؤ پیچ کو مت پوچھو۔ حقیقت کو پایا نہیں جا سکتا ہے تو اس کو دوسرے اصطلاحی پیرائے میں بیان کرتا ہوں۔ میں ذات ہوں اور ناموں کے ذریعہ سے نشان مل سکتا ہے۔ جس کو نہ تو بیان کیا جا سکتا ہے اور نہ جس کی کوئی تعریف کی جا سکتی ہے۔ میرا وجود سراپا حیرت انگیز ہے جو آنکھ کے پردے سے ظاہر ہوا ہے۔ کسی نے میرا نام نہیں پوچھا، میرے مقام کی بلندی کس نے جانا ہے۔ وہم کے آئینے میں میری جسمانی شکل نہیں ہے اور اسی لیے میرا کوئی نام بھی نہیں ہے۔ میرے کلام کی بہار پاکی ہے۔ پاکیزگی میرا افضل مقام ہے دنیا کے لوگوں نے اپنے اپنے فہم کے مطابق میرا نام رکھ لیا۔ کسی نے بھائی سمجھا، کسی نے باپ اور کسی نے بیٹا۔ مگر سب حقیقت سے دور رہے۔ کسی نے چچا سمجھا کسی نے ماموں سمجھا اپنے اپنے فہم کے مطابق رشتہ قائم کر لیا۔ سب نے ظاہری طور پر ایک جیسا سمجھ لیا اور ایک نام رکھ لیا۔ اس کو سچ ماننے کے سوا میرے لیے کوئی چارہ نہیں۔ لوگ مختلف طبائع کے ہوتے ہیں، اپنے چھٹکارا محال ہے۔ اگر تحقیق کریں تو کوئی یقین نہ کرے۔ دنیا کا قانون یہی ہے۔ اس لیے راز کو ظاہر کرنا مصلحت نہیں ہے۔ کوئی مجھ کو دوست سمجھتا ہے کوئی دشمن۔ لیکن میں نہ یہ ہوں نہ وہ ہوں۔

نکتہ:۔ دل کی کتاب کے مطالعے سے جو بات سمجھ میں آئے وہ اگرچہ ایک نقطہ ہی کیوں نہ ہو، طوفان بھی اس کو اپنی جگہ سے ہٹا نہیں سکتا اور جو کچھ خارجی طور پر حاصل کرتے ہو اگرچہ وہ دفتر ہی کیوں نہ ہو، آنکھ جھپکتے ہی ضائع ہو جاتا ہے۔ دیکھو! برگزیدہ لوگوں کے ساتھ گفتگو کرنے کی عادت نہ ڈالو گے تو عام لوگوں کی طرح مصیبت میں پڑ کر جیتے جی مر جاؤ گے۔ بے نیازی کا سمندر اس بات سے پاک ہے کہ ایک قطرہ جو بے حقیقت ہے وہ موتی بننے پر کمربستہ ہو جاتا ہے۔ یا بے حرکت موجیں نازک شیشے کی طرح بے حقیقت ہو جاتی ہیں۔ اگر حسن اتفاق سے موجیں اپنی ہی جیسی موجوں سے ٹکراتی ہیں تو ان کی اصلی صلاحیتیں جلوہ گر ہوتی ہیں اور قطرہ اگر تنہائی کی قدر و قیمت نہ پہچان سکا تو اپنی جمعیت کے اجزا کو موجوں کے تھپیڑوں سے پامال کر دیتا ہے۔

نظم:۔ حقیقت کو دیکھنے والی آنکھیں باطل کے خیال کرنے کی زحمت نہیں اٹھاتی ہیں۔ جو یکتائی سے پوری طرح واقف ہو۔ اس کو محمل کی جانب دیکھنے کی تمنا نہیں ہوتی۔ معانی کی سیر کرنے والا الفاظ کے پیچ و خم سے بے نیاز ہے، پاکیزگی کے ملک کا قاصد راستے کی زحمت نہیں اٹھاتا۔ میری کوشش اپنی غفلت کی وجہ سے بیابان ہی میں بھٹک کر مر گئی، ہر طرف ماری ماری پھری مگر اپنے دل کی طرف متوجہ نہیں ہوئی۔

نکتہ:۔ لوگوں کے لیے ایک دوسرے کی تقلید کرنا، تحقیق کے حق میں رہزنی کا حکم رکھتی ہے اور عادات و رسوم کی پیروی منزل تک پہنچانے میں مانع ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ صلاحیت ہوتے ہوئے بھی قوت فعل میں آنے سے ناکام رہتی ہے اور ان میں سے کوئی صرف خیال ہی کر کے رہ جاتا ہے، کوئی عمل نہیں کرتا۔ غور و فکر میں مستغرق رہ کر وہ اتنا دور ہو گیا ہے کہ اس کو مشکل سے متوجہ کیا جا سکتا ہے اور اپنی اس تضییع اوقات پر اس کو ندامت نہیں ہوتی دل کا سکون سب کو عزلت پسندی سے حاصل ہوتا ہے۔ اگر ملنے جلنے والے معذور رکھیں تو ہر شخص کو اطمینان و سکون میسر ہو سکتا ہے۔ اگر ساتھ کے رہنے والے لوگ اصلی حالت پر چھوڑ دیں تو ہر شخص اپنی صلاحیت کے مطابق کوئی راہ نکال سکتا ہے۔ جب کسی کا مزاج آتشی ہو گیا تو اس کے مزاج میں گرمی اپنا رنگ لائے گی۔ دَیر کے پجاری رسوم و عادات کے مطابق ناقوس کی آواز پر مست رہتے ہیں اور مسجدوں کے نمازی اپنی ناکامی کی بنا پر تسبیح گردانی میں مصروف ہیں۔ نہ تو برہمنوں کو زنار سے بے تعلق ہونے کی فکر ہے اور نہ اس کی فکر ہے کہ ناقوس کی آواز میں کون سا راز پوشیدہ ہے اور نہ مشائخ کو لوگوں کے ہجوم سے الگ رہ کر تنہائی اختیار کرنے کی فکر ہے تاکہ تسبیح خوانی میں جو رمز پنہاں ہے اس کو سمجھ سکیں۔ مجبوراً جو چیز ان کو حاصل نہیں ہوئی وہ اس کو دوسروں کا حصہ سمجھتے ہیں اور اپنے خیال میں جس بھید کو وہ پا نہ سکے اس کو دوسروں کے گریبان سے نکال لیتے ہیں۔ دنیا کی ہر طرح کی شور و غل کی مصیبتوں سے

نجات نہیں مل سکتی جب تک کہ خاموشی اختیار نہ کرو۔ تب لوگوں کی گفتگو کی تقلید سے کچھ باتیں سمجھ میں آسکتی ہیں۔ وہم وگمان کے وحشت کدہ کی مصیبتوں سے چھٹکارا پانے کے لیے اپنے کانوں کو بہرا کر لو تب کہیں جاکر کوئی آواز سن سکو گے۔

رباعی :۔ غیروں کی باتوں سے الگ رہو، سچائی یہی ہے، دلیل سے دل مطمئن ہو جائے تو یہ توفیق الٰہی ہے۔ لوگوں کے مزاج نے تیرے لیے حق کو باطل بنا دیا ہے، تقلید کو چھوڑو، اصل تحقیق یہی ہے۔

غزل :۔ فضول کی جستجو سے حقیقت کو پانے میں لوگ ناکام رہے، اگر کعبہ و دیر میں سے۔ پاؤں تلے بھی آجائیں تو عدم بھی غلط راستے پر نہیں چل سکتا۔ ہوس کے منازل کے غبار میں کسی کو کچھ حاصل نہ ہوا، لشکر صحیح مقام پر نہیں پہنچ سکتا اگر اس کا جھنڈا غلط رہنمائی کرے۔ زندگی کا دعویٰ یقین کی عدالت میں پایۂ ثبوت کو نہ پہنچا کیونکہ غلط دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے گواہ معتبر نہیں تھا اور قسم بھی غلط ثابت ہوئی شیشے کی صفائی سے پری کو حاصل کرو کہ جو گمان ہے وہ حقیقت تک پہنچا دے، شیشے کی چمک پانی کی تری سے زائد ہو جاتی ہے اس لیے من و تو دونوں کا سوال سرے سے غلط ہے۔ تم نے سمجھا کہ واقعی یہ کوئی انسان ہی ہے مگر یہ حقیقتاً امتحان کے لیے عکس تھا وہ تحریر ہی کیا جو ذرا سی تامل اور غور وفکر کے بعد پوری کتاب کو غلط بنا دے۔ راستے اور منزل کی تمیز سے تردد کے سوا اور کچھ نہیں، پاؤں کا نشان دائرہ بن جائے اگر قدم غلط روی کی بنا پر بہک جائے۔ دنیا کی مکتب میں ما و من کی وجہ سے کیوں ندامت اٹھاتے ہو، یہ ابدی ندامت اس بنا پر ہے کہ سبق لینے میں ذرا سی غلطی روا نہیں۔ میری تقدیر میں جو کچھ لکھا ہوا ہے وہ خجالت کے پسینے سے مٹ گیا، جس طرح سے معانی کی روشن تحریر ملیامیٹ ہو جاتی ہے۔ اگر کاغذ میں نمی پیدا ہو۔ اگر ہیں آب ہوں تو اس کو موتی کی آب وتاب سمجھو اور اگر ہم آتش ہیں تو اس کو سونے کی لہکتی ہوئی چمک سمجھو۔ تم مجھ سے پورے طور پر آشنا نہیں ہو، دوئی نے تو خود مجھ کو اپنی ذات سے غلط طور پر سمجھا ہے۔ میں جو بیدل ہوں جنون کے باعث اس قدر فضول باتوں میں الجھا ہوا ہوں، اصل مدعا کی تحریر کو غلط نہ سمجھو تو یہ میری غلطی ہوگی۔

غزل :۔ تیرا شرمگیں چہرہ، کبھی ہمارے خیال میں عرق آلود نہیں ہوتا ہے۔ تیرا دل میری حالت پر رحم نہیں کھاتا ہے اور شرم سے تیری آنکھ نم نہیں ہوتی۔ میں اپنی دلی وفاداری کا کوئی تحفہ تجھ کو نہ پیش کر سکا، میرے دل میں خون جوش کھا رہا ہے، وہ اپنی سرخی سے تیری ہتھیلی کے رنگ حنا کو عرق آلود نہ کر سکا۔ نامناسب حاجت میرے لب کے اوپر ایک گرہ بن گئی جو شرم سے رنجیدہ ہے۔ شکایت کی گتھی کو کھولنا چاہتا ہوں۔ اگر میرا دوست خجالت کے پسینے سے تر نہ ہو۔ میری نگاہ جو ستم زدہ ہے وہ رنگ کے غبار اور پھول کی نکہت سے اشک آلود ہو گئی تو کوئی

اس قدر ہوس کی خاطر پریشان رہے تو اس کو پشیمانی کیوں نہ ہوگی۔ میری شرمندہ ہستی کی چمک دمک ایسی ہے گویا میرے دوش پر شمع رکھ دی گئی ہے۔ اس گرہ کو تلوار بھی اپنی کاٹ سے کھول نہیں سکتی جس کو شرمندگی کی نمی نہ کھول سکی۔ تردد کے باعث جو سرنگوں ہوگیا ہے اس کی مصیبت سے نجات کیسے حاصل ہو، میرا قدم آگے نہیں بڑھ سکتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ پاؤں کے نشان کو شرمندہ ہونا پڑے۔ کعبۂ آرزو پر جو بدلی چھائی ہوئی ہے، وہ خوشخبری دیتی ہے، ایسی حالت میں کیا آبرو باقی رہے گی اگر دعا کیلئے جو میرا ہاتھ بلند ہوا ہے اس کا اثر شرمسار نہ ہو۔ مدعا کے حصول کے لیے میں کتنا انتظار کی خجالت اٹھاتا رہوں تو اشک کی مانند میں خاک میں بھی ملنے کے قابل نہ رہوں اگر آنسو کا قطرہ مددگار نہ ہو۔ تو عدم سے وجود میں آیا ہے گویا پیشانی پر صبح کے وقت کا ایک قطرۂ شبنم ہے۔ زندگی باعثِ شرم ہے اگر اس دنیا میں اس وجود پر شرمندہ نہ ہو۔ بیدل کی بندگی اور اس کی ناز آفرینی دونوں میں من و تو کا فرق نہیں ہے۔ بشرطیکہ انفعالی کیفیت خود مجھ کو اس سے جدا نہ کر دے۔

حکایت:۔ ایک بزرگ دنیا سے الگ تھلگ گوشہ نشین تھے، انھوں نے ایک مولوی کو خواب میں دیکھا۔ مولوی صاحب کی نگاہ آفتاب کی مانند بلند تھی اور لبوں پر مسکراہٹ صبح کی سفیدی کی طرح نمایاں تھی، روح کی روشنی میں حسد کا خیال ناپید تھا، صاحب یقین تھا، وہم کا نام ونشان بھی نہیں تھا۔ اس کی حالت کو دیکھ کر دل بیتاب ہوگیا، اور ادب سے اس نے سوال کیا۔ اے کہ تو حقیقت سمجھنے میں ماہر ہے، دنیا کی پوشیدہ چیزوں کا علم تجھے کیسے ہوا۔ اس تار میں کون سی آواز پوشیدہ ہے۔ اسرار کے جو پھول ہیں وہ کس رنگ کے ہیں۔ اس روشن ضمیر نے جواب دیا کہ دنیا کی طرح آخرت بھی بے ثبات ہے۔ وہاں نہ تو کسی کو ہم لوگوں کی خبر ہے اور نہ یہاں کے لوگوں کو وہاں کا کچھ اثر ہے۔ اس بزم میں کوئی کسی کا شریک حال نہیں، کوئی بھی مجھ سے خود اپنے سوا باخبر نہیں۔

حکایت:۔ کوئی اسرار کی تحقیق سے بیگانہ تھا، محض تقلید کے طور پر افسانہ سنایا کرتا تھا۔ اس کی بار بار کی یکساں گفتگو کی شہرت ہوئی تو لوگوں کا دل اس کے سننے سے مکدر ہوگیا۔ کسی نے اس سے کہا کہ اے نیک طینت، اگر تو واقف کار ہے تو کوئی مفید بات کے سوا اور کچھ مت کہہ۔ اس جلوہ سے چشم پوشی کرنا محال ہے، خاموش رہنے کی کوشش میں شاید مر جاؤ۔ گفتگو تیرے لب پر لات مارتی ہے، جبکہ تیرے ساز سے کوئی آواز نکلنا چاہتی ہے۔ باتوں کے ظاہر کرنے میں تلخی ہے۔ ورنہ باتیں تو تیرے اسرار کی جان ہیں۔ روح سخن کی آشنا کب ہوتی ہے۔ جب بیان ہوگئی تو سخن کی جگہ کہاں رہی۔ جان کیا! جو کچھ ہے وہ جان کا پیدا کرنے والا ہے، جو کچھ ہے، ذات رحمانی ہے، دنیا میں نہ کوئی مرد ہے اور نہ کوئی عورت۔ سب چل بسے، صرف کچھ باتیں ہی رہ گئیں۔ لوح و قلم کے اسرار سے

اگر واقف ہو جاؤ سوائے سخن کے اور وہاں کیا لکھا ہوا ہے۔ اگر حقیقت سمجھنے کی جستجو ہے تو وہاں سوائے "الف" اور "واو" یعنی "او" ـــــ اور کچھ نہیں۔ اگر تیری عقل ان اشعار کے سمجھنے سے قاصر ہے، اجتماع حروف کے سوا سب کچھ وہم ہے۔ اس پروانے میں حقیقت ظاہر ہو رہی ہے۔ اگر آنکھیں ہیں تو میں بے نقاب ہوں۔ وہم کے پھندے میں مت پھنسو کر دنیا میں سخن کے سوا باقی سب ہیچ ہے۔

اشارت:- ایک رات اپنے عشرت کدے میں فکر سخن میں مشغول تھا، اپنی ہستی کے اسرار کی تحقیق میں غلطاں و پیچاں تھا۔ اپنے دل کے دروازے کو کھٹکھٹایا اور پوچھا اس کے اندر کون ہے، میرے آئینے میں کس کا جلوہ عکس پذیر ہے۔ خون کا ایک قطرہ نمودار ہوا، ظاہر میں تو ایک قطرہ تھا مگر اپنے اِرد گرد طوفانی حیثیت رکھتا تھا۔ ارادہ کیا کہ اُس قطرے کو چاک کر ڈالوں تو یہ آواز آئی کہ ذرا آہستہ سے یہاں میں ہوں۔

نکتہ:- اس محفل کی شمع موم کی مدد سے شعلے کو آزار پہنچاتی ہے اور دریا میں ایک حباب سر اٹھا کر اپنے کو فنا کر دیتا ہے۔ پیٹ بھر کر کھانا اگر حقیقت کی طلب میں خلل نہ ڈالے اور طرح طرح کے خیالاتِ فاسدہ نہ آئیں، روح کی پاکیزگی میں رکاوٹ نہ ہو، تو بھی اعضائے جسمانی پر گرانی طاری ہو ہی جاتی ہے۔ بھوک کی بیماری کا علاج ایک لقمہ کھانے سے ہو جاتا ہے اور غذا کی زیادتی کا علاج فصد اور جلاب کے سوا اور کچھ نہیں۔ لہٰذا انسان کو چاہیے کہ پیاس کو برداشت کرے تاکہ فصد کھلوانی نہ پڑے اور بھوک برداشت کرو تاکہ بیت الخلاء کے مقیم نہ بن جاؤ۔

نکتہ:- زبان کو اتنی لاف زنی سے آلودہ نہ کرو کہ اس کی غلط بیانی پر تمہیں شرمندہ ہونا پڑے اور گردن رسوائی سے جھکانی پڑے۔ جو لوگ منصف مزاج ہیں انھوں نے نفس درازی کو اپنا شعار نہیں بنایا ہے اور جس چیز سے ناواقف ہیں اس کے متعلق کپڑا بننے والوں کی طرح تانے بانے میں مصروف نہیں رہتے۔ یعنی جوبات سمجھنے سے قاصر رہے ہیں، اس پر اپنی رائے زنی سے پرہیز کرتے ہیں جو لوگ خود فروش ہیں وہ اپنی دکان گفتار کو بے مغز اور بے معنی الفاظ سے آراستہ کرتے ہیں اور عبارت آرائی سے اپنی قابلیت کے مدعی بنتے ہیں۔

رباعی:- اگر تم راستے پر گامزن ہو تو اپنی من مانی طبیعت سے باز رہو اور دل میں خام خیالی کے گورکھ دھندوں کو جگہ نہ دو۔ کیا تم کو مکھی کی پرواز سے انکار ہے؟ تم بھی بغیر زینہ کے بام تک پہنچنے کی کوشش کرو۔

غزل:- تم تقدس کے سمندر کے موتی ہو، حیا کی آبرو کو ہلکا نہ کرو، بڑے افسوس کا مقام ہے کہ حباب کی مانند غرور سے سر اٹھا کر اپنے کو رسوا کرو۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ تم دولت کے مسند پر فخر و غرور سے بیٹھو کیونکہ آخر زمانہ تمہارے پاؤں سے کمبل کو آہستگی کے ساتھ کھینچ لے گا۔ فسردہ دلی کی حالت میں اپنے ساز اور ـــ سر

سے سحرانگیز نغمے کو نہ چھیڑو۔ آسمان کی طرف پتھر پھینک کر صدا پیدا کرنے کی کوشش سبک سری ہے۔ لاکھ نالہ و فریاد کرو اور آنسو بہا کر نمی پیدا کرو، تم نے جو ستم اٹھائے ہیں ان کو اگر ترازو پر تولا جائے تو جز اس کے بغیر اس کا پلہ سبک نہ ہوگا۔ فسردگی کے زنگ کو دور کرنے کے لیے کچھ دیر کے لیے دل کی پریشانی سے باہر نکل آ۔ کیونکہ دل کی گرانی اس وقت تک ہلکی نہیں ہوسکتی جب تک زنگ کو دور کر کے اس پر صیقل نہ ہو۔ اگر احتیاج تم کو اپنا نشانہ بنائے تو لب مت کھولو، ہاتھ مت پھیلاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ سیپ کے موتی کی قدر و قیمت اور آبرو دعا مانگنے کی وجہ سے کم ہو جائے۔ کارواں کی بے ثباتی کے غم نے مجھ کو بے حد پریشان خاطر کر دیا۔ اس دکان میں ایسی کوئی جنس ہے ہی نہیں جو بانگِ درا سے بے وقعت ہو جائے۔ اے خواجہ اس کر و فر پر اتنا شور اور ہنگامہ نہ کرو، دو چار قدم چلنے کے بعد پاؤں ہلکا ہو جائے گا۔ کسی نامعلوم منظر کی طرف جانے پر تیری ہمت اگر روکتی ہے تو صبح کی مانند ایک لمحہ میں سبک روی کے ساتھ ہزار زمینوں کو طے کر لے۔ تمناؤں کی گرانی کے سبب سے دنیا کے لوگ پاؤ ہوٹوں میں غرق ہو جاتے ہیں اگر تو اپنے کدو کو خالی کر دے تو تیرنا آسان ہو جائے۔ بیدل اس چمن سے اڑنے کی خجالت سے پسینہ پسینہ نہ ہوا۔ غبار کی طرح اگر نمی سے دور رہے تو آسانی سے اڑ سکتا ہے۔

غزل:۔ اپنے پرسکون دل کو پھول کے رنگ و بو کی جادوگری سے خون آلودہ نہ کرو۔ یہ کیسا ستم ہے کہ غنچہ پھول کی آواز سے اپنی آنکھیں کھول دیتا ہے۔ چمن میں جب کہ تیرا تبسم شگفتگی کی بساط بچھاتا ہے۔ ایسی حالت میں پھول اگر ہنسنے کی دعا کرے تو شرم سے پانی پانی ہو جائے۔ شمع کی روشنی کے باعث اس چمن میں سینکڑوں سحر کی تابناکی مائل ہے۔ جبکہ میرے جسم پر کمبل نے پھول کا سایہ بھی قبول نہ کیا۔ یہ کبریائی دنیا ایک چمن ہے جو ماسویٰ کی کدورت سے پاک ہے۔ میرے گمان میں تیرے رنگا رنگ جلوہ کے ہجوم سے پھول کی جگہ خالی نہیں ہوتی ہے۔ بلا رنگ کی بلندی یا پستی کا کوئی اثر عقل و آگہی پر نہ پڑا۔ سبزہ کو سرو کی ٹوپی سے کیا ملا اور ہنسی نے پھول کی قبا کو کب رفو کیا۔ اثر کا چمن آنکھوں سے نہاں ہے وہاں تک کون پہنچا ہے۔ اگر تم بہار کا پتہ چاہتے ہو تو پھول کی آئینہ سامانیوں سے نہ گزرو۔ تیری فرصت کا پیالہ تو ٹوٹا ہوا ہے۔ ایسی حالت میں وہ کب تک تیرے کام آئے گا۔ چمن کی طینت کے خمیر میں بھی پھول کو آب بقا پلا دیا گیا ہے۔ تم کون سی آبرو کے برتے پر مدت سے وفا کے طلب گار ہو۔ کیونکہ پھول جیسے رنگ و بو کے کاسہ میں ہنسی کا مزاج بنایا ہی نہیں گیا۔ غنچہ کے تصور میں بیٹھا ہوا ہوں اور آئینہ کے دھیان میں غرق ہوں۔ اپنا دل ٹوٹا ہوا ہے اس کو لے کر کہاں جاؤں۔ میری بہار ایسی ہے جیسے کوئی پھول آبلہ پا ہو جائے۔ اس چمن سے دنیا کے لوگ مسرت کے پیالے کو الٹتے ہوئے چل بسے۔ اس لیے تم بھی اپنے پیمانہ کو زیر

کی جانب جھکا دو کیونکہ بنیادی طور پر پھول کا طاق بھی خم ہے ۔ بے خبر بیدل کی طرح آگے مت دوڑو۔ بڑھاپے میں شان وشکوہ سے کیا حاصل۔ کیونکہ صبح کا قافلہ گل کے رنگ اور آواز جرس سے خالی ہے ۔

حکایت :۔ ایک شکاری صحرا میں گیا اور ایک ہرن کو اپنا نشانہ بنایا۔ دل میں چبھ جانے والا ایک تیر چھوڑا جو ہرن کے پہلو میں پیوست ہوگیا۔ لیکن اس کا مقصد حاصل نہ ہوا اور ہرن دام میں نہ آسکا۔ ہرن اس کی نگاہوں سے اوجھل ہوگیا۔ شکاری کی نگاہ نے اس کا پیچھا کیا۔ ہرن کے جسم سے ٹپکتا ہوا خون راستے میں چراغ کی مانند چمک رہا تھا۔ بس طرح پھول کی خوشبو سے اس کے رنگ کا پتہ چلتا ہے۔ ہرن کی جستجو میں ہر طرف دوڑتا پھرا۔ اتفاقاً ٹھیک اسی وقت ایک شخص وہاں پہنچ گیا۔ آسمان کی طرح سیر کرنا اس کا مشغلہ تھا۔ اس کے دل کے آئینہ پر کسی اور خیال کا عکس نہ تھا۔ راز کے بیابان میں وہ ایک شیر سوار تھا۔ اس کو اگر دونوں عالم کے سمندر کا ایک گھڑیال کہوں تو بجا ہے۔ حقائق کی دنیا میں اس کا مرتبہ بہت بلند تھا۔ پہاڑ کی مانند اپنی ذات میں گم ہو کر سائل تھا۔ اس کا دامن کدورت سے پاک تھا۔ اس کا دامن صحرا کے دامن سے وابستہ تھا۔ اس نے شکاری سے کہا تم کس الجھن میں پڑے ہوئے ہو۔ تم سمجھتے ہو کہ میں نے ایک ہرن دیکھا۔ تم سمجھتے ہو کہ اس کا سینہ زخمی ہو گیا ہے اور دل کا آئینہ چور ہو گیا ہے۔ پھر اس حقیقت شناس نے کہا کہ تم اپنے وہم کے جال میں پھنسے ہوئے ہو۔ یقین کرو کہ تمہارا تیر بہک گیا در حقیقت یہ ہے کہ اس صحرا میں ہرن کہاں ہے۔ یہاں نہ تو کوئی شکار ہے اور نہ دانہ اور دام۔ یہ سب خام خیالی ہے۔ جب ہوش کے آئینہ پر غبار پڑ جائے تب ہرن چوکڑی بھرتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ جہاں بھی نگاہ خیرہ ہو جائے تو نگاہ کے سامنے تیرگی پھیل جاتی ہے۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ ہرن ہے تو یہ تمہارا وہم ہے اور کچھ نہیں اور خیالی باتوں کا وقوع پذیر ہونا محال ہے۔ میں نے بھی ایسی جستجو میں بہت سر کھپایا ہے۔ اس صحرا میں میں نے اپنے سوا کسی کو نہیں دیکھا۔

اشارت :۔ عشق نے انسان کے جسم سے اس قدر خون نچوڑا کہ اس سے دنیا عالم وجود میں آگئی۔ انسان کیا ہے؟ وہ ایک عقل وادراک کی تجلی ہے یعنی اس کا مفہوم "لولاک" سے ظاہر ہے۔ احدیت کے لیے یہی آدم مضبوط بنیاد ہے۔ الف ساقط کر دیں تو دم کا سبب وہی ہے۔ دال کا حرف ابتدا و انتہا کا مغز ہے۔ جس پر وحدت کی حد تمام ہو گئی۔ اور اس میں جو حرف میم ہے دنیا کی تخلیق کا اتمام اسی پر ہے۔ آدم کی تعریف لفظ اور معنی کے اعتبار سے یہی ہے۔

حکایت :۔ ایک لڑکا کنوئیں کے کنارے روٹی ہاتھ میں لے کر کھیل سے پانی کو للچا رہا تھا۔ ناگاہ ہاتھ سے روٹی چھوٹ گئی اور صدف کی مانند کنوئیں میں گر پڑی۔ لڑکے کے دل میں اضطراب پیدا ہوا اور رونے لگا جیسے مژہ سے آنسو

کرتا ہے۔ اسی طرح اپنے باپ کے آغوش میں تڑپنے لگا۔ باپ نے سبب جاننا چاہا تو دیکھا کہ بیٹے کی ہتھیلی روٹی سے خالی ہے۔ باپ نے پوچھا کہ تیری روٹی کس نے چھین لی۔ بیٹے نے کنویں کی طرف اشارہ کیا۔ باپ کو بڑا غصہ آیا اور اس نے کنویں کی طرف غور سے دیکھا تو سامنے پانی میں ایک عکس نظر آیا۔ اس نے عکس سے مخاطب ہوکر کہا کہ اے شیطان ادھوکے سے روٹی کھانے کے بدلے بہتر تھا کہ غلیظ کھاتا اے مکار اور کمینے! تجھے شرم نہ آئی کہ حیلے سے لڑکے کی روٹی لے لی۔ کنویں کے پانی کو ہنسی آئی اور کہا کہ خود اپنے کو تو نے غیر سمجھا۔ تجھے خود اپنے ہی سے التفات اور غصہ ہے ورنہ کنویں میں جو پانی ہے وہ اور کچھ نہیں پانی ہی ہے۔ تیرے طفلانہ وہم نے ایسا جادو کیا کہ تو نے اپنے کو دوسری ہستی سمجھا۔ اپنے شعور سے جو تو نے دیکھا اس کا نتیجہ یہ ہے کہ جو کچھ تو نے کہا وہ خود تو نے اپنی ذات سے کہا۔ خود اپنی ذات سے خطاب کرنا بڑی شرم کی بات ہے۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ تو پانی کی طرح اپنے کو نرم کرے۔ یہاں تک کہ تیرا پانی زلال بن جائے اور عکس و آئینہ سراپا ایک حسن بن جائے۔

نکتہ :۔ ایک عارف وید کا درس دے رہا تھا۔ ایک شخص نے سوال کیا کہ حیا کے کیا معنی۔ اس نے جواب دیا کہ خود پر اپنی نگاہ رکھنا اور غیروں کی طرف سے چشم پوشی کرنا۔

نکتہ :۔ لوگوں کے افعال پر ان کے اقوال کی روشنی میں شمشیر کی مانند نگاہ رکھنی چاہیے تاکہ حریف کا مقابلہ ہو تو مژگاں پشیماں نہ ہو اور نشانہ خطا نہ کرے۔ کان آواز کے اعتبار سے شکست نہ کھا جائے۔ اس نسخے کے معنی محض بیانی نہیں ہیں۔ بحث و مباحثہ کے ہوس میں زبان سے کام نہ لے اور اس ساز کی آواز زیر و بم نہیں چاہتی ہے اور گلے کو لفاظی سے زخمی نہ کر۔ انصاف کی رو سے مرنے والے طاقت کے امتحان گاہ میں اگرچہ پورے طور پر اپنی فناپذیری کو نہ ماننے پھر بھی اس طرح خاک میں مل گئے کہ قوت گویائی سلب ہوگئی اور ناتوانی کے عالم میں کچھ کہنے کی جرأت فضول ہے اور عاجزی کی حالت میں شوخی دکھلانا بے حیائی ہے۔

غزل :۔ وہ لوگ جو تحقیق کے پھول پر نگاہ رکھتے ہیں وہ اگر کسی بات کو نہیں سمجھ سکتے ہیں تو اس سے شرمندہ ہوتے ہیں۔ کسی بات پر جس کا علاج سوائے خموشی کے اور کچھ نہیں چوں و چرا کی بحث میں نہیں پڑتے۔ ننگے لوگ لباس پہننے کی بحث میں کپڑے کو جو منقش نہیں ہے اس کی قبا بنا لیتے ہیں۔ میرے غبار کا شور نفس سے بھی بڑھ کر ہے۔ سرمہ کی مانند کب آواز کے عروج کو دبائیں گے۔ اس نارسائی کی بنا پر جب اپنی ذات تک نہ ہو سکی تو خدا تک کیسے پرواز ہو سکے گی۔ دنیا کے خیال کی جولانگاہ مضحکہ خیز ہے گویا وہ لنگڑاتے ہوئے عصا کی وجہ کر طعنہ زنی کرتے ہیں۔ اس جنون کدہ میں دنیا کے لوگ ہوش کا گمان رکھتے ہیں جو یقین سے نامحرم ہیں وہ اپنے کو حقیقت شناس سمجھتے ہیں۔

نکتہ :۔ خدا کا کمال جو جلال و جمال کی حقیقت کا جامع ہے اور اس مجازی دنیا میں جو کچھ ظہور پذیر ہوتا ہے۔ اس کا تقاضہ یہ ہے کہ اپنے ظاہر و باطن کی صفت کی بنا پر اپنے ایک خاص نام سے ممتاز ہوتا ہے۔ یعنی اس حد تک کہ ہدایت کے فروغ سے ظاہر ہوتا ہے اور فطرت کے آثار کا جوہر شناس ہو کر نبوت کا درجہ اختیار کر لیتا ہے۔ یہی معنوی جمال ہے اور اس مقام پر قدر دانی کی روشنی استعداد ہدایت کے باوجود بے تعین رہتا ہے اور امتیازی حیثیت سے یہی مقام ولایت ہے جس سے حقیقت کا جلال ظاہر ہوتا ہے اور ولایت کے انوار کے آئینے میں جدید معنی کی صورت میں جلال کی قدرت میں پوشیدہ ہے۔ موہومی تو ہم کے بغیر اور آثار نبوت کے نسخے میں دعوت ہے یعنی پوشیدہ جمال کا ظہور معدومی شائبہ کے بغیر اور نبوت کی صلاحیت لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے باعث ولایت کا نشہ پیدا کر دیتی ہے۔ اور ولایت لوگوں کو ہدایت دینے پر مامور کرتی ہے اور نبوت کا دعویدار ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ولایت کو بے سمجھے بوجھے نبوت تصور کر لیا جاتا ہے اور اسی طرح نبوت کو جلال کی پوشیدگی کے باعث ولایت سمجھا گیا ہے۔ اور صورت و معنی کے رنگ کی یہ دونوں کیفیتیں ہمیشہ ممتاز لوگوں کے مزاج میں جاری و ساری ہیں اور انکی موج کی دو طاقتیں رات و دن کی حقیقت کی مانند بغیر توقف کے امکان کے دائرہ میں دائم و قائم ہیں اور اس دفتر کا ہر نقطہ بڑی اہمیت کا حامل ہے اور اس ساغر کے ہر قطرے کی حقیقت ایک گہرے سمندر کی مانند ہے۔ تحقیق کی رو سے جہل و آگاہی کی ابتدا و انتہا خط پرکار کی طرح روشن ہے اور یقین کے اعتبار سے زنگ و صفائی چاہے پیش کی ہو یا پس کی آئینہ کی طرح نمایاں ہے۔

قطعہ :۔ غنچہ ہونے کی حالت میں اس کی بہار میں پھول کے مضمون کا رنگ ہے۔ کھلنے کی حالت میں گل رنگین ہوتا گیا۔ وہ آواز کہ اپنی خاموشی سے نقاب ناز میں چھپی ہوئی تھی، یکایک پیرہن چاک کر کے باہر نکل آئی تو آہنگ بن گئی۔ زنگار کی شوخی اگرچہ روئے صفا کی پردہ دار ہے، جب باہر نکل آئی تو اس کی صفائی زنگ کا پردہ بن گئی۔ بند نگاہ اپنے ساتھ وحدت کی سیر رکھتی تھی۔ جب اس نے مژگاں کو اٹھایا تو کثرت کی نیرنگی دیکھی۔ پرافشانی سے نہ صرف انڈا آتنگی کرتا ہے، بلکہ بال و پر بھی انڈے پر تنگ ہو جائے گا۔ یہاں ظاہر باطن کی طرح ہے اور باطن ظاہر کی مانند ہے۔ میں حیران ہوں کہ ہوش کیوں اس کے سمجھنے میں دنگ رہا۔ حقیقت کے سمجھنے کی تگ و دو میں کوئی سنگ راہ نہ تھا۔ میری کوشش عاجز آگئی اور پاؤں لنگ ہو گیا۔

غزل :۔ دورنگی کے وہم میں کہاں سے میرے پیالے میں بھنگ ڈال دیا۔ حسن بے رنگ ہے اور میں آئینہ ہاتھ میں لیے بے خبر ہوں۔ میری شوخی اس باغ میں سوائے عرقِ شرم کے اور کیا رکھتی۔ شبنم کی مانند آئینہ رنگ چمن میں گل حیرت

ہوں۔ دوئی کی ہوسیں جو تہمت آلود ہیں اس کا نام محبت نہیں ہے۔ میں آئینہ سے اس کا عکس بن گیا ہوں جو زنگ کی مانند آئینہ سے دور کیا گیا ہوں۔ میں نے شیشے کو پتھر پہ دے مارا لیکن غفلت کی سنگینی کے باعث نیند اتنی گہری تھی کہ آنکھ نہ کھل سکی۔ اس بیابان سے کس طرح ایسی تدبیر کروں کہ دل کو تسلّی ہو۔ جنون کا ہر ذرہ داغ پلنگ کی مانند مجھے آنکھیں دکھاتا ہے۔ کیا دنیا اور کیا عقبیٰ میرے شوق کو ان سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ میرے دلِ تنگ نے ایک دوسری دنیا میں مجھ کو پہنچا دیا۔ اس عجز کی وجہ سے سوائے تحیر میں گرفتار ہونے کے اور کچھ نہ ہوا۔ میرے پیر کا پَر پرواز آئینے کا جوہر رکھتا ہے۔ تیری راہ میں جب تک میں افسردہ ہو کر منفعل نہ ہو جاؤں۔ کاش مجھ کو سانس کی مانند پا سکے کیونکہ میرا لنگ ہونا ظاہر نہیں ہے۔ سحر کی طرح ساری دنیا میری بے خودی کی تلاش میں لگی رہی مگر ناکام رہی۔ تشویش کے صنم خانے سے میں بے نیاز ہوں۔ تیری تصویر بنانے میں میرے موئے قلم کا ہر ریشہ ایک نیرنگ ہے ــــــــــــــــ

خطرات کے موج کے شور سے کچھ تشویش نہیں، کیونکہ میری عافیت کی کشتی نہنگ کے منہ میں آراستہ ہے۔ شمع کی بے طاقتی کا محمل تحیر کھینچے لے جاتا ہے۔ اے بیدل میری درنگ (دیری) شور رنگ سے آئینہ شتاب (جلدی) ہے ــــــــــــــــ

غزل ۸۔ تو کریم مطلق ہے اور میں گدا ہوں اس کے سوا تو اور کیا کر سکتا ہے۔ میری طرف نگاہ نہ رکھے تو مجھے کوئی دوسرا دروازہ بتا میں کہاں جاؤں جب تو مجھ کو اپنے پاس سے نکال دے۔ کوئی اس سمندر سے جس کا ساحل عدم ہے ایک قطرہ سے نشان کیا پا سکتا ہے، تو نے اتنا مجھکو اپنے سے جدا نہیں کیا ہے کہ دوبارہ مجھ کو اپنی ذات تک پہنچا دے مجھ کو بقا اتنی کہاں حاصل ہے کہ میں وفا پر تامل کروں۔ فرصت میں عرق شرم میں ڈوبا ہوا ہوں اور مجسم زبان حال سے انفعال میں تر ہوں۔ افسردگی کے ساتھ مجسم الم ہوں پاؤں میں چھالے پڑے ہوئے ہیں غبار کی مانند بیٹھ گیا ہوں اور آنسو کی مانند روانی کے لیے باعث ننگ ہوں۔ وہ طلسم جو خواہشات کے قفس کی مانند ہے ہر جگہ ہوس کی وجہ سے منفعل ہے، سانس لیتے ہوئے میں اس قدر شرمندگی محسوس کرتا ہوں کہ تو مجھ کو شبنم قرار دے۔ میں ما و من کی کدورت سے بھرا ہوا ہوں، دل پہ جو بوجھ ہے وہ کس کو بتاؤں، کیا ستم ہے کہ ترازو کے باٹ میرے بوجھ سے ہانپنے لگتا ہے۔

بڑھاپے کی وجہ سے میں اتنا مجبور ہوں کہ نہ قبول کر سکتا ہوں اور نہ رد کر سکتا ہوں، نیستی کے دروازے تک کس نے مجھے پہنچا دیا میں گویا جوانی کے پشت پا کا خم ہوں۔ میری تشویش کوئی نقشہ نہ بنا سکی اور خوف کی وجہ سے کوئی سرخوشی حاصل نہیں ہوئی، تیری یاد میں سانس لے رہا ہوں کیسی عبارت اور کیسے معنی۔ ساری عمر فضول مارا مارا پھرا اب کیا کروں کہ بوڑھا ہو کر جھک گیا ہوں، اگر میں حلقہ بن گیا ہوں تو دروازے سے باہر مجھ کو لگا دے۔

حیرِ مُہر کی آواز سے ناچیز بیدلؔ شرمندہ ہے میں کہاں ہوں، کیسا ہوں اور کیا ہوں تو مجھے بجز نالہ کے نہیں جانتا۔
اشارت :۔ اے دشتِ چمن کا غبار، تو تم تو ہوا میں اڑ رہا ہے۔ آخر تیرا وطن کہاں ہے نہ تو صحرا میں ہے اور نہ چمن میں اندیشہ نفس کے گرد تیرا وطن ہے اس وطن کو ہر پرافشانی کے ساتھ ویرانی کا غبار تنگ رکھتا ہے نفس سے جب تو فراز گرد کو پہنچتا ہے تو تیرا وطن زیر و زبر ہو جاتا ہے۔ نفس کے ساتھ تو نے خیال کے جنون کو پختہ کر دیا ہے اور بال و پر پھیلا کر گویا ایک دام بچھایا ہے۔ جس طرف تو نے اپنے وہم کا بازو پھیلایا ہے، سانس کے ساتھ جاتا ہے اور آتا ہے۔ یہ سانس وحشتِ سحری کے گرد ہے یہ نفس آشیاں ہے اور سفر وطن ہے۔ ذروں کو پرافشانی کے بعد گریباں کا اندیشہ بنا دیا۔ اس عالمِ خیال میں میری بہت بڑی عمر خون میں تڑپتے گذری ہے۔ میں نے سارے رنگوں کو بے رونق کر دیا اور ہوا پر سارا بوجھ لاد دیا ہے۔ نہ تو دام کا نشان ہے اور نہ قفس کا اور آشیاں کا بھی کوئی سراغ نہیں ہے میرے جسم اور جان کا جوہر تڑپ ہے۔ میرا قفس اور آشیاں بھی تڑپ ہی ہے۔ اگر یہ کوشش میری اختیاری ہے پھر میری کوشش اپنے کو ضبط رکھنے سے محروم کیوں ہے۔ یاد سے بھری ہوئی امید کب تک اپنی پرواز سے آشیاں کی محرومی کا داغ سہتی رہے۔ کب تک یہ تڑپ فضول پیچ و تاب کا مرکز بنی رہے۔ حیرت اندیشہ کے گرد چکر کاٹتی رہی، تحقیق کے حسن میں آئینے کا رنگ اختیار کیا۔ ذرہ نے امتیاز کی گریباں کو چاک کیا اور رمز نے یقیں کی عریانی کو پالیا۔ نغمہ پیدا ہوا اور تار سے باہر بخیہ کی طرح کام چلتا رہا۔ کبھی پورے طور پر وہم میں تڑپتا رہا اور محمل خیالات میں پیچیدہ رہا دانائی میں میرے سوا اور کوئی نہیں وہم کی کتاب میں ایک نقطۂ انتخاب ہوں۔ تصویر کی دنیا کے رنگ کی گردش کوئی کس وحشت سے تعمیر کرے۔ سراب کے موج کی نبض کس تپش سے ڈھونڈھی جاسکتی ہے۔ ایک آفتاب ہے جو پردہ سے باہر نکل آیا ہے اور موہوم ہونے کے بھید کو ظاہر کر دیا ہے۔ وہ شعلہ انگیز آفتاب کیا ہے بے نشانی کے علم کے پرتو کے سوا اور کچھ نہیں ورنہ اس بے سر و پا ساز سے کیا خیال ہے۔ میں اور میرا ظاہر ہونا۔ اگر علم کا فروغ عیاں نہ ہو تو ذرہ کا نام کیا نشان بھی نہ ہو۔ اوہام کا رنگ عدم کا پردہ ہے جو کچھ میں نے ظاہر کیا ہے وہ غنیمت ہے عدم میں ہستی پہ ناز کرتا ہے انگور کی لت کے دل میں نشہ رکھتا ہوں۔ عدم ایک آئینہ ہے اور میں ایک تصویر ہوں۔ ہوس خیالی بال و پَر پھیلاتا ہے۔ خاموشی میں فریاد کا ہجوم ہوں اور فراموشی میں اسی قدر یاد ہوں۔
نکتہ :۔ زمین سے آسمان تک فیض کا دروازہ تصور کر اور یہ ابد تک لاکھ کوشش سے بھی بند نہ ہوگا اور اس کا کھولنا خیال کے دائرے سے باہر ہے۔ یہاں تک کہ اس در کا بند کرنا رحمت کے آغوش کی وسعت کی دلیل ہے اور اس کا کھلنا خجلت کے لیے ایک دوسرے قسم کا فضل ہے۔ مغفرت بہانہ تلاش کرتی ہے اور کرم التفات کا جویا، اور اس مقام

پر غفلت کی گرہوں کو ایک ندامت کی آہ دل آگاہ کے نقاب کو دور کر دیتی ہے، اور بے خوابی چشم زدن میں بیدار ہو جاتی ہے اور جب رعونت سر جھکاتی ہے تو آداب کے مثل اور جب سرکشی گردن جھکاتی ہے تو محراب کی مانند۔

فرد :۔ غفلت کے باعث میں نے اپنی جنت کو جہنم بنا دیا ہے، اگر دل اپنے گناہوں پر شرم سے پانی پانی ہو جائے تو موقع ہے۔

نکتہ :۔ انسان اپنی آرزوؤں کے باعث ہر حال میں اپنی آسائش کا خود ہی دشمن ہے، اگر منزل پر ہے تو وطن سے دور رہنے کی خواہش لاحاصل سفر کی دشواریوں پر مجبور کرتی ہے اور اگر سفر میں ہے تو وطن کی جانب واپسی کی خواہش کانٹا بن کر ستاتی ہے۔ نہ سفر میں سفر کی لذتوں سے بہرہ یاب ہوتا ہے اور نہ وطن میں رہ کر وطن کے سکون سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ دنیا کے لوگ لاحاصل چیز کی تلاش میں سر کھپاتے ہیں اور ایک جماعت بے فائدہ تردد و پریشانی اٹھا کر زندگی برباد کرتی ہے۔ جہاں کہیں بھی محنت کی قدردانی مل گئی وطن کی لذت سمجھا ہے اور اس مقام کو چھوڑنے پر وطن کی محبت اس کے قدم کو روک دیتی ہے۔ مقصد تو آرام کرنا ہے مجھ کو آزار دینے کی کوشش نہ کر، جو لوگ طلب سے بے پرواہ ہیں ان کیلئے راستہ بھی منزل کی مانند ہے جو آگ سے کھیلنے والے ہیں وہ خاک بن جانے کو قناعت سمجھتے ہیں اور جب عشق دہقان بن جائے تو جلا دینا ہی اس کا حاصل ہے۔

نکتہ :۔ مشکل ترین وہ کیفیت اور حالت ہوتی ہے جبکہ ایک ادنیٰ امیدوار اس کے خیال میں متہم نہ ہو جائے اتفاق اس کے لیے ایک فضول کام ہے اور سب سے بڑی دشوار بات یہ ہے کہ توقع رکھنے والا اس کی نکبت سے دو چار نہ ہو ایسی امید سے قبول نہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

قطعہ :۔ جب کہ مستقل تغافل کا آئینہ دار ہے تو آئینے کے اجزا کی بدنصیبی ظاہر ہے۔ ایک مدت ہوئی کہ دل میں ایک امید کو جگہ دی اگر حسن کم نگاہ ہو جائے تو آئینہ پر حسرت و افسوس ہے۔

غزل :۔ اپنی ہستی کے دعوے کے کمین سے شمع کی مانند دیکھتا ہوں تو ہوس کے سر کو پاؤں تلے ڈال دیتا ہوں اور سارا غرور مٹ جاتا ہے اس مختصر دنیا کے گرد و غبار سے مال و زر کی کیا خواہش رکھوں اس سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا کہ کیا سمیٹوں اور کیا باہر پھینک دوں۔ حرص و ہوا کی وادی میں میرا عمل کیا امید رکھے ہاں آسمان اطلس کا کپڑا لاوے تاکہ گدھے کی پیٹھ پر جھول کی طرح ڈال دوں، اگر وفا طلبی مجھ کو تیری محبت کی بنیاد پر رضا دے تو دل کی آگ سے دونوں جہان کو جلا دوں اور ایک دوسرا جگر پیدا کروں۔ وفا کا حق اس وقت تک ادا نہیں ہو سکتا۔ البتہ اگر ادب کے ساتھ سجدہ ادا کیا جائے تو آنسو کی مانند میری جبین اس مقام پر اپنی زندگی بسر کرے۔ میرا

جگر پر رنج و الم ہیں انھیں اپنے سینے سے کہاں باہر نکالوں کہ اگر پہاڑ پر بھی میرا گذر ہو جائے تو آوا نسے پسپا ہو جائے۔ اس آب و گل کے میدان میں جنگ آزمائی کی ہوس مجھ کو اس قدر شرمندہ کرے گی دل ٹوٹنے سے جو گرد اڑے اس سے میں اپنی پلک جھپکالوں اور سپر ڈال دوں۔ اس راہ میں جب کہ میری نیکی و بدی کا محل تیرے سجدے کی نیں کرے تو میرا سر آگے کی طرف دیکھنے کے بدلے پاؤں پر گر پڑے سیماب کی مانند تری کے ساتھ منصب محور کے شوق میں اڑتا ہوں، مگر اپنی بے چارگی کی شرم سے پانی پانی ہو جاتا ہوں اور پرواز سے مجبور۔ اپنی شعلہ زنی کی قدرت کے باوصف میں (بیدل) ہوں اور جلنے کی حسرت۔ کیونکہ شمع کی مانند انجمن میں اگر میں موتی بھی ٹپکاؤں تو وہ ایک شرر بن جاتا ہے۔

غزل :۔ میری فسردگی کا گمان نہ کرو اگر میں بے سروپا غبار ہوں کیونکہ میری تمنا کی زمین کو صبح کی مانند میرا نفس آسمان تک پہنچا دیتا ہے۔ تم اسے کسی طرح کے تعلق کا خیال نہ کرو۔ کیونکہ میں دنیا کی ہر چیز سے بے تعلق ہو گیا ہوں۔ کیونکہ میری رسائی نے دنیا کی ہر چیز سے ———— مجھے بے نیاز کر دیا ہے عاجزی کے نشے کے جنون کے باعث گہر کی طغیانی میرے دماغ میں ہے، ہوس کی گرد نے سر نہ اٹھایا کہ میری آبلہ پائی پامال نہ ہو گئی ہو جب میں نے پلک جھپکالی تو بہانہ کا پیمانہ اپنے خیال میں توڑ ڈالا ہے، کیا اچھا ہو کہ تو پری کا تماشہ میری شیشہ نمائی کے طلسم میں دیکھے۔ بے اثر نالہ سے میری ہوس کو کون سی مدعا مدنظر ہے۔ میرا تیر ہوائی کا نشانہ الرماہ نو ہو تو وہ ایک استخواں کی مانند ہو جائے گا۔ میرا کوئی نشیمن نہیں کہ جہاں رہ سکوں اور نہ پر پرواز ہی ہے کہ اڑ سکوں، تو اپنے غمزے سے امتحان نہ لے کہ میں رہائی کے جور و ستم میں مبتلا ہوں۔ یہ جانا اور آنا کیا ہے کہ وطن سے مجھے غربت کھینچ رہی ہے۔ وہم وطن کی سحر آفرینی سے میں جدائی کی ہوس آزمائی کر رہا ہوں۔ جلوہ گاہ تک میری رسائی ہو گئی ہے اور ہزاروں پردوں سے نمایاں ہو چکا ہوں، میں حقیقت کے درخت کا پھل ہوں اور بہار خدائی کا چمن ہوں۔ کعبہ میں میری فسوں گری سے رونق ہے اور دیر میں میرا خون جوش میں ہے۔ میرے جنون سے چشم پوشی نہ کرو کیونکہ میں ہر جگہ قیامت برپا کر رہا ہوں۔ نگاہ میں میں مکمل حیرت ہوں اور خیال میں عقدۂ مشکل ہوں، اور فطرت کی دنیا میں میں بیدل ہوں نہ میں زمینی ہوں نہ آسمانی۔

اشارت :۔ میری ہستی کی قدرت و شوکت دیکھو کبھی شبنم ہے کبھی ہوا۔ جب ہوا طیش سے پھیل گئی تو شبنم فنا ہو گئی۔ شبنم فنا ہوتے ہی ہوا بن گئی اس سے قبل شبنم نے یہ سمجھا کہ ہوا میں پرواز کر رہی ہے اور اب شبنم ہوا کی وجہ سے قائم ہے۔ ہم سب جا چکے ہیں صرف پاؤں کا نشان باقی ہے، لہذا پاؤں کی آواز اور نقش قدم سے کب تک یہ سوچا جائے کہ وجود کیا ہے اور عدم کیا ہے۔

حکایت:- ایک کم ظرف بیوقوف ایک بلند مکان پر آرام سے بیٹھا ہوا تھا اور ہر دم لب بام سے سر باہر
نکالتا تھا جو اس کے ہوس کی خام خیالی تھی۔ ایک عقل مند نے پوچھا کہ تم یہ کیا کر رہے ہو، ذرا احتیاط سے کام لو کہ تم
کوٹھے پر ہو۔ سیر تماشے میں ایسے محو نہ ہو جاؤ ایسا نہ ہو کہ موت کا شکار ہو جاؤ۔ تمہاری مثال آنسو کی ہے اور
بام مژگاں ہے، جب آنسو پلک پر آجائے تو ضبط کا امکان نہیں رہتا۔ آنسو پلک سے جدا ہوتے ہی خاک میں مل جاتا
ہے ۔ تم خطرے سے باہر ہو لب بام سے ادھر مت دیکھو۔ وہ بے خبر رہا اور نوبت یہ پہنچی کہ احتیاط سے اس نے پرہیز
کیا۔ ہلاک ہونے کا ڈر اس کے دل سے جاتا رہا اور آخر کار وہ زمین پر آرہا۔ ناقص عقل نقصان کی دلیل ہے، مٹی
جتنا بھی اوپر اڑے اس کے لیے پریشانی ہے۔ ایسی فطرت پر ہم کو ناز ہے ہماری دانش مندی پر جنون ہنستا ہے
نکتہ:- تحریر ہو یا تقریر اکثر حالتوں میں عوام کی فطرت کے موافق ہوتی ہے نہ کہ خواص کی ہمت کے مطابق خواص
کو بغیر الفاظ کے بھی معنی مقصود پیش نظر رہتے ہیں مگر عوام کو بیان کی وضاحت کے باوجود معنی سمجھنے میں معذوری رہتی
ہے اور کلام کا مرتبہ جب تک کہ انتہائے نقصان تک نہ پہنچے عوام کی طبیعت کو جہل مطلق سے چھٹکارا نہیں ہے اور
آفتاب کی روشنی جب تک کہ خاک پر اپنی حسین نہ رگڑے سایہ کی طبیعت سے سیاہی زائل نہیں ہوتی حسن تحقیق سے
جب تک ذاتی کمال اپنا جلوہ نہ دکھلائے کمزور نگاہ والوں پر عالم تصور ظلم ہے اور اگر معنی کا حسن اصلی کیفیت کو ظاہر
کرے تو جو لوگ صرف لفظوں سے آشنا ہیں ان پر عالم صورت ستم ہے اور اس صورت میں مدرسہ حال کو بحث و
مباحثہ کے مکتب کے ابجد خوانوں سے منزہ سمجھنا چاہیے اور یقین کے خلوت کے اسرار کو حرف اور آواز کی محفل وہم
وگمان سے مبرا سمجھنا چاہیے۔
قطعہ:- یہی وہ بزم ہے جہاں خوب وزیست کے فریب کے باعث بوالہوس کی نگاہ اس کو اغیار سمجھتی ہے مگر عاشق
اس کو محبوب سمجھتا ہے وہی پانی جو پھولوں کے لیے مایۂ حیات ہے وہی اگر آئینہ پر ڈال دیا جائے تو زنگ پکڑ لے۔
ہر قطرہ کا دل ایک گرداب ہے ان کے لیے جو حقیقت کی تہ تک پہنچے ہوئے ہیں مگر جو لوگ سوچ میں غرق رہتے
ہیں ان کے لیے ایک بال میں ہزاروں گرہیں نظر آتی ہیں۔ آواز کے لیے پہاڑ بھی ایک صحرا ہے گویا میدان آزاد
کی طرح مگر آنسو اپنی نارسائی کی وجہ سے صحرا کو بھی پہاڑ سمجھتا ہے۔ حقیقت کی مثال نیرنگی کی سطر سے دی جاسکتی
ہے جو اپنے نقص و کمال کے باعث کسی کے لیے سراسر اسرار ہے اور کسی کے لیے وہی پر معنی۔ ایک وہ ہے جس میں ہزار
تڑپنے پر بھی وحشت کا کوئی شائبہ نہیں اور ایک وہ ہے جو اپنے نقش پا میں بھی رفتار کی صورت دیکھتا ہے نظر
کا تقاضا ہے کہ ہر چیز میں تفاوت ہو ورنہ احول کی آنکھ دو کو چار کیسے دیکھتی۔ عاشق کے لیے نفس سے لے کر

تک محبت پرستی کا ایک تار ہے اسی لیے برہمن کو دیکھیے کہ راستے سے لے کر منزل تک اس کو زنار ہی زنار نظر آتا ہے۔
تم بھی حیرت کا سامان فراہم کرو کہ وحشت گاہ فرصت میں تصور ہی آئینہ سامنے لاتا ہے اور دیدار کرتا ہے۔ شوق
کی نگاہ پیدا کرو اور تماشوں کا تماشا دیکھو۔ دونوں عالم جلوہ ہی جلوہ ہے اور جیسے خبر ہے اس کے لیے دیوار ہے۔
نکتہ :۔ حسن اگر آئینہ کی تعریف کرے تو خود اپنی جلوہ گری کی تعریف ہوگی اور اگر معنی لفظ کی تعریف کرے تو خود
اپنی ہی رنگینی کی بہار ظاہر ہوگی۔ پوری توجہ کا کمال یہ ہے کہ جو چیز نظر آوے اس کے چہرے پر نقصان کی کلفت سمجھے
اور آگاہی کے میلان کی شرم دامن مرغوب کو قصور کی خراش سے بھر دے۔ موہوم ذرہ ہستی کے غبار میں اپنے معدوم
ہونے پر اپنی عاجزی کا اظہار کرتا ہے اور اس کی نگاہ آفتاب کی گرمی نے عروج کے آئینہ کو روشن کیا اور معدوم
قطرہ جو حقارت کے گڈھے میں تھا وہ پہچانا نہ جا سکا اور اس کے اقبال کا عروج اپنی گوہر آرائی پر فخر و ناز کرتا ہے۔
لہذا اس ذرے کو جو آفتاب کے پرتو کو اپنے آغوش میں لیے ہوئے ہے چاند سے کم نہیں سمجھنا چاہیے اور اس قطرے کو جو
سمندر کی سی وسعت رکھتا ہے اس کو سرکشی پر محمول نہ کرنا چاہیے۔
قطعہ :۔ کتنے آئینے ہیں جو حسن کی بے نیازی سے زنگ آلودہ ہو کر خاک ہو گئے اور کوئی جوہر پیدا نہ کر سکے۔ اور
کتنے ایسے بیج ہیں جو بارش کی بے پروائی سے اُگ نہ سکے۔ کتنے ایسے جام ہیں جو دنیا کی رنجیدہ محفل میں حباب کی
مانند ٹوٹ گئے اور شراب سے محروم رہے۔ دنیا اگر سراپا رنگ ہے تو اس کا انحصار جلوے کی بہار پر ہے اور اگر
سراپا بو ہے تو پھول کے بغیر اس کی شوخی ظاہر نہیں ہو سکتی ہے۔ اسی طرح اگر نگاہ دیدار سے حیرت زدہ ہو تو کسی
قامت رعنا کا شوق ہی اس کا سبب ہے۔ وہ شبنم جو آفتاب سے آشنا ہو جائے کلفت کی قید سے آزاد نہیں ہو سکتی
نہ جانے تیرا منظور نظر کون کون ہے کہ تو دنیا سے مستغنی نہ ہو سکا۔
غزل :۔ میں ناامیدی کا غبار ہوں ہر تڑپ میں ہزاروں بے داد لکھتا ہوں۔ میرا قلم سرمہ آلود ہے پھر بھی اس سے
فریاد ظاہر ہو رہی ہے۔ قسمت آزمائی کے مکتب میں جانکنی سے رہائی نہیں ملتی، میری نارسائی بھی فرہاد ہی کی مانند
ہے اگر بال کے تار کی مشق سے نقاش کے ذریعہ تبسم پیدا کروں تو پردہ نگاہ سے مژگاں تک ایک حیرت آباد
ظاہر ہو مکتوب شوق خدا نہ کرے کہ عاجزی کے عنوان سے اس کی کوئی سطر خالی ہو شکستہ بال کے آشیانے سے صیاد کو
ایک پر بھیج رہا ہوں۔ تیرے تغافل نے مجھے پامال کر دیا میں کیوں نہ روؤں اور کیوں نالہ کروں۔ میری حالت نے فراموشی
کا رنگ اختیار کر لیا ہے اب یہ لکھ رہا ہوں کہ تو بھی بھول جا۔ سوار کو دیکھ کر گرد سمجھ میں نہیں آتی اور بہار کو دیکھ کر
اس سے رنگ کی طلب نہیں ہے۔ میرے اعتبار کا شکستہ قلم ایجاد کی تختی پر لکھ رہا ہے۔ میرے قلم پر ادب نیازمندی

کا اظہار کرتا ہے اور مجھ سے وفا امتیاز رکھتی ہے۔ وہ تحریر جو میں ہوا میں لکھتا ہوں اس پر رگ سنگ سو طرح سے ناز کرتا ہے۔ ابھی نظم نگاری کا خیال نہیں رکھتا ہوں اس لیے اس کو قلم کی نوک سے باہر نہیں کرسکتا۔ دل کی نبض سے ایک خون آلودہ مصرعہ تڑپ کر نکلا اسی کو میں فصّاد کے سامنے لکھتا ہوں۔ میں نمود کی گرد سے باہر ہوں لیکن نام رکھ دیئے جانے کی وجہ سے شرمندہ ہوں، لیکن ابھی تک عنقا کے پر سے ہوا پر نقش بنا رہا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ میرے ہاتھ میں رعشہ ہے یہ میری غلطی ہے کہ میں نے کوئی تصویر بنائی۔ جس وقت میں نے اپنے قلم کو توڑ ڈالا تو ہزاروں بہزاد گویا میرے قلم سے نمودار ہو رہے ہیں۔ اس مکتب میں پوری کوشش کے باوجود باطل اشیا کی سحر آفرینی کا سبق نہیں پڑھا۔ میرا کمال بس یہی ہے کہ بیدلؔ کا نام استادانہ طور پر لکھ لیتا ہوں۔

غزل :۔ تمہاری فطرت کے جوہر کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ شک و شبہہ میں پڑے رہو۔ سانس کی مانند مادمن کے رسالہ میں لکھنے کی ہوس کرنا اور پھر اس کو مٹا دینا۔ تیرے ساتھ جو ہم نوالہ اور ہم پیالہ لوگ ہیں وہ گزک اور شراب نہ ملنے پر غم کیوں کریں کیونکہ تیرے لب پر اگر ہلکا سا تبسم بھی ہو تو وہ ہزار پستہ اور نمک کے مزے سے بہتر ہے۔ تو عزت کی مملکت کا بادشاہ ہے۔ تیرے دل میں یہ کیا پاگل پن سمایا کہ اپنی شخصیت کے گریباں کو چاک کر ڈالا اور اپنی گدڑی رہتے ہوئے روئی کا غم کرے۔ تیری فوج سے کیا حاصل ہوا تیری عظمت کی غفلت باعث ستم ہے کہ تیرا اپنی آنکھوں کا کھولنا اور بند کرنا ملک و ملک کا دروازہ کھٹکھٹانا ہے۔ فانی دنیا میں کسی دوسرے استحان کا غم نہ اٹھاؤ یہ بڑا ظلم ہے کہ جو لوگ محرم راز ہیں ان کے کمال کو کسوٹی پر کسا جائے۔ بداطوار مخلوق کی پُرپیچ طبیعت سے صاحبِ ہنر کی طعنہ زنی خجل ہے۔ وہ زخم جو مردہ ہوگیا ہے اس پر نشتر زنی نہیں ہوسکتی۔ تیرے دماغ میں جو رعونت ہے اس کے اثر سے تیری عزت پستی کے باعث خجل ہے۔ تیرے زانو کا وہ گوشہ آخر کیا ہوا کہ جس سے آسمان کی بلندی پر تیرا جھنڈا لہرا سکے۔ مدعا کے حصول کا خیال چھوڑو کیونکہ فرصت ناپید ہے گزک کے انتظار کو ترک کرنا میرے زخم کے حق میں چمن بندی سے کم نہیں۔ بیکار وہم میں نہ رہو اور گمان کے فریب میں نہ پھنسو باطل کو دور کرنے کے لیے گمان کے دریا سے پار ہونے کی کوشش نہ کرو۔ اے مجنون حاسد ہوشیار ہو جاؤ کیونکہ ادب سے آگہی کا تقاضہ یہ ہے کہ بیدلؔ کے کلام کا اثر اس سے کم نہیں کہ جو اثر تمہارے لیے موٹے ڈنڈے کی مار۔

اشارت :۔ اے عدم سے وجود میں آنے والے۔ آئینہ کی مانند تم نقش حیرت نہیں ہو۔ تمہاری ابتدا بے حقیقت اور انتہا معدوم ہے۔ نامفہوم اندیشوں کے درمیان میں ہو۔ دو نیستی کے درمیان جکڑے ہوئے ہو اور اسی پر اتنی شوخی بگھارتے ہو۔ کاش تم اپنی ہستی سے واقف ہو جاؤ تو کان تمہارے لیے آنکھ کا کام دے۔ آواز سننے کے

لائق نہیں ہے بلکہ صاف ظاہر ہے اور دیکھنے کے لائق ہے۔ تم جو ما و من کا سبق پڑھتے ہو تو اس کو حدوث کی عبارت سمجھو۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ تمہارا ہوش تو ہم سے ہمکنار ہے تمہارے سرود نے تمیز کا رنگ اختیار نہیں کیا ہے۔ حکمت کی پونجی کو لایعنی باتوں میں مت ضائع کرو۔ قدم وہی ہے جس سے آواز پیدا ہو۔ تم اس خیال میں ہو کہ میرا وجود قائم ہے۔ مگر موت پکار کے کہہ رہی ہے کہ تم نہیں ہو میں ہوں۔ تمہاری ہستی میں ساز و سامان کہاں ہے۔ آواز تو شعلہ میں ہے سپند میں نہیں۔

حکایت :۔ عالم امکانی کے دو باکمال اشخاص، جو انسانیت کے مجسم پیکر تھے۔ اپنی یکسانی طبیعت کی بنا پر دونوں ایک دوسرے سے ربط ضبط رکھتے ہیں۔ حقیقت کی راہ میں دونوں متفق رہتے بال برابر بھی اختلاف نہ رہتا۔ حالات کے مشاہدہ کرنے میں دونوں کو کمال حاصل تھا تاکہ جسمانی قوی کو فائدہ پہنچے، قسمت ان کو غذا بھی ویسی ہی پہنچاتی تھی۔ شعور کی احتیاطی حد تک دونوں کوشاں رہتے تاکہ اپنی ہستی کی تعمیر ہو سکے۔ ایک اتنا کھاتا کہ غذا حلق تک بھر جاتی۔ اس کی یہ حرکت غلط روش پر مبنی تھی اور دوسرے ساتھی کا یہ حال تھا کہ غذا نہ ملنے پر مارے رنج کے اپنا لب چباتا۔ اے جناب آپ سرتاپا اعتدال کا مجسمہ ہیں، پھر کیا وجہ ہے کہ اس میں فتور واقع ہو گیا۔ آپ کے کمال کا تو یہ عالم ہے کہ آپ کے حکم سے سعادت اور نحوست دائیں اور بائیں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ اپنے احکام کا پاس و لحاظ رکھنا چاہیے اور کم ہو یا بیش دونوں کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ اگر ہوش و حواس برقرار رہے تو دائیں اور بائیں (یعنی صحیح اور غلط) سے بے خبری نہیں ہو سکتی۔ اگر اپنے کاموں میں راستی کو اپنا رہنما بنائے تو بڑے افسوس کا مقام ہے کہ کوئی شخص کجی کو اختیار کرے۔ اس نے جواب دیا کہ مجھ کو معذور رکھو۔ میرے دانت نے ارکان کے ادا کرنے میں رکاوٹ ڈالی۔ میرے داہنے طرف کے دانتوں میں درد تھا اس لیے بائیں طرف توجہ کرنے پر مجبوری ہوئی۔ تم یہ مت سمجھو کہ میں ادب سے نابلد ہوں۔ عاجزی نے مجھ کو معذور کر دیا ہے۔ درد نے اس قدر مجبور کیا کہ دائیں اور بائیں کی تمیز باقی نہ رہی۔ لہٰذا اس پریشان کن درسگاہ میں انسان بننا کچھ آسان نہیں۔ اگر عاجزی کے درد کو اپنا شفیع بناؤں تب کہیں لوگوں کے اعتراضات سے نجات پا سکتا ہوں ورنہ ساز درست بھی ہو تو بھی نغمہ باعثِ پشیمانی ہے۔ انسان جو چند کلمات کا استعمال کرتا ہے اگر ان پر غور کیا جائے تو سمجھنا آسان نہیں۔ اپنے کو خاک کر دینا اور آسودہ نہ ہونا یہ عجیب بات ہے۔ انسان ہونا کوئی مشکل کام نہیں ہے کیونکہ یہ دائیں اور بائیں کا طلسم سراپا رنگ ہے اور رنگ کا امتیاز کرنا ایک مصیبت ہے۔ چوپائے مثلاً بیل اور گدھے پر کوئی پابندی نہیں۔ مگر پابندی اور جواب دہی کا بوجھ انسان کے سر پر آ پڑا ہے۔ جہاں جس مقام پر آدمی کا کہیں نام و نشان نہیں وہاں اگر سب کے

سب گدھے ہی پائے جائیں تو مضائقہ نہیں لیکن جہاں نسبتاً انسان ہیں وہیں گدھوں کی بھی کمی نہیں۔

نکتہ :۔ الفقراکنفسِ واحدٍ اس مناسبت کی بنا پر ہے کہ وہ کل اثرات کے محرم ہیں یعنی نشہ وحدت کا ظہور اس مقام پر از روئے اعتبار مغائرت کا رنگ نہ پاسکا ہے اور دوئی کا توہم یکتائی کے پردہ کو چاک نہ کرسکا ہے اور اس مرتبہ آشنائی کی لطافت کے بموجب ہرگاہ دوسروں کی توصیف میں بھی کوشاں رہے ہیں اور درحقیقت اپنے آپ کو اشارات کے نقاب میں چھپائے رکھتے ہیں اور اگر عبادت آرائی اختیار کی تو حقیقت کے ظاہر کرنے میں دریغ نہیں کیا ہے اور عوام کی طبیعتوں میں جو بیگانگی ہے اپنی اپنی شخصیت کی بنا پر اختلافات جزوی ہیں۔ یعنی عالم کثرت کے امور جو ساری دنیا میں مختلف شکلوں میں ہیں۔ ان میں اختلافات کی وجہ سے الٹ پلٹ نہیں سمجھا گیا ہے اور نفع ونقصان کی تمیز کے اسباب کے سوا ان کا اظہار نہیں کیا ہے۔ کثافت نمائی کی وجہ سے جو اکثر وقوع پذیر ہوتی ہیں اگر ان پر نظر ڈالی جائے تو آئینہ کے عکس کی مانند دوئی کے علاوہ اور کچھ نظر نہ آئے اور جتنا ان پر غور وتامل کریں تو گویا اژدہے کے منہ میں جانے کے سوا اور کیا ہے۔ اس مقام پر یہ بات تحقیق کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ جو لوگ دنیا میں طبیعتاً ناقص ہیں پورے طور پر دربار الٰہی میں پہنچنے سے قاصر ہیں اور جو لوگ فطرتاً بے شعور ہیں وہ اعلیٰ حقیقتوں کی دریافت سے معذور ہیں وہ لطیف کیفیتوں کو کیا سمجھیں گے اور وہ آئینہ جو زنگ آلود ہے اس میں صفائی کیسے پیدا ہوسکے گی۔

غزل :۔ عالی فطرتوں کا حال پست فطرتوں سے نہ پوچھو۔ جو زمین سے چمٹا ہوا ہے اس سے آسمان کی باتیں نہ پوچھو۔ جو حقیقت سے واقف ہیں وہ دنیا سے بیگانہ ہیں۔ مجنوں کی وحشت تو تم نے دیکھ لی تو لیلیٰ سے کیا پوچھتے ہو۔ جو احوال حقیقی سے آگاہ ہیں وہ بزم حال ہی میں آسودہ ہیں۔ یہ کیفیت ان لوگوں سے نہ پوچھو جو ہوس کے بندے ہیں۔ سراپا فکر وتامل بن جاؤ تاکہ معنی کی نیرنگی حاصل کرسکو۔ آنکھوں سے صورت نہ دیکھو بلکہ رنگ کا سراغ لگاؤ یہاں ہر شخص اپنے اپنے طور پر باتیں بناتا ہے۔ دنیا کے لوگوں سے سوائے بیل گدھوں کی باتوں کے اور کچھ نہ پوچھو۔

نکتہ :۔ انسان استعداد کا رشتہ ہے اور عناصر کی ترکیب کی آبیاری سے نشو ونما کے قابل ہوتا ہے۔ مختلف مزاجوں کے اختلاط کی ترکیبوں سے چوں وچرا کی بحثوں میں الجھنے کو تیار رہتا ہے اور ذاتی کیفیتوں کے ظہور کے باعث ابدی صفات کے افعال وآثار کی وجہ سے ترقی اور تنزل ہوتا رہتا ہے۔ ہر حال میں نقص وکمال کے مرتبہ کے لحاظ سے اور دور وتسلسل کی بے اختیاری کے باعث عالم کثرت میں مقید رہتے ہیں وہ ان آزاد لوگوں سے

جو عالم وحدت میں ہیں، پورے طور پر ایک الگ حیثیت رکھتے ہیں اور دنیائے آب و گل کے کثافت پرستوں سے وہ لوگ جان و دل کے گلشن کے لطافت پرستوں سے بالکل الگ اور جداگانہ ہیں۔ عوام کی جہالت حقائق تک نارسائی کے باعث ہے اور خواص کی بیگانگی کثرت خیال سے ان کی بے توجہی کی وجہ سے ہے نہ کہ نادانی کی بنا پر۔ یہ بات ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ کثرت وحدت کے مراتب کو گھٹا دیتی ہے اور وحدت کثرت کی حقیقت کی بلندی ہے۔ صاحب صدر کے آستانہ کی دوری منصب عزت کی دوری کی وجہ سے ہے اور دربان کی صدر کی نسبت سے دوری اپنی کم ہمتی اور پست نظری کی وجہ سے ہے۔ وہ جماعت جو موجودات کے حقائق کا راز داں ہے وہ عین حقیقت ہے اور وہ جماعت جس کا تعلق کائنات کی ظاہری صورت سے ہے وہ نقط تصویر ہے لہذا دفتر الٰہی اور کائنات کا ہر فرد خود اپنے اسرار میں گھرا ہوا ہے۔ کبھی کبھی وہ حقیقت آگاہی حاصل کرتا ہے اور یہ بھی کہ اگر اپنی حقیقت سے واقف ہوا تو بھی دوسروں کی حقیقت کو سمجھنے سے قاصر ہے۔

غزل :۔ اگرچہ انگور کے پودے سے شراب تیار کی جاتی ہے پھر بھی اگر غور سے دیکھا جائے تو انگور انگور ہے اور شراب شراب۔ اگرچہ پھول ریشہ ہی سے بنا ہے ریشہ ہر حال میں ریشہ ہے اور پھول الگ حیثیت رکھتا ہے اگرچہ مختلف اجزا سے پھول بنا ہے مگر ان اجزا نے مل کر کلی کی ہیئت اختیار کر لی ہے۔ کوئی شخص بھی غیر کے راگ سے واقف نہیں ہے۔ دنیا میں ہر آدمی اپنے ہی گلشن کا بلبل ہے۔ حسن ایک دوسرے سے بالکل بے نیاز ہے ابرو کا خم کاکل کے خم سے جداگانہ ہے۔

غزل :۔ نام و نمود کے حصول کے لیے زندگی کے کر و فر سے کیا حاصل؟ ٹوٹے ہوئے آئینوں کے ٹکڑوں کو اس طرح جمع کرنا کہ تصویر بن جائے محض فریب ہے۔ خود نمائی کو ترک کرنے سے کہیں بہتر ہے کہ ہوس کی بدنامی سے کچھ دیر کے لیے اپنے کو باز رکھیں۔ ایک گنوار دہقانی اپنی داڑھی کو لاکھ کنگھی سے آراستہ کرے لاحاصل ہے۔ آگ کا شعلہ جب سر اٹھاتا ہے تو اس کے لیے دن اور رات دونوں برابر ہیں۔ کم فرصت لوگوں کو اس کی کیا فکر کہ دیر کیا ہے اور سویر کیا ہے۔ باہمت لوگوں کے مزاج میں اتنا صبر کہاں کہ اس کے لگائے ہوئے درخت کو نظر فریب دے سکے۔ ان کے ہاتھ اور دل کی بلندی زیب نہیں دیتی کہ تنگیٔ چشم کا صدمہ برداشت کریں۔ ہوس کی تلاش میں نے کم ہی کی۔ طلب کی عاجزی سے اپنے قدم کو باز رکھا۔ کعبۂ امن کی طرف قدم بڑھایا گویا یہ عمل ایسا ہے کہ اپنے پائے لنگ پر کلہاڑی مارنا۔ لالچ نے ہر جگہ اپنے دانت نچوڑے اس کو کسی آفت کا گویا کوئی ڈر نہیں۔ جو لوگ خود غرض ہیں ان کو اپنی بھوک کی وجہ سے بندرق کی گولی کھانے سے بھی دریغ نہیں۔ تمہاری خام خیالی کی تدبیر سے حسرت کا خمار کیسے ٹوٹ سکتا ہے۔ انگوٹھی پر جب

تمہارا نام کھودا جائے تو اس کو پتھر کی چوٹ کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ اگر ساری دنیا بھی تیری بھوک سے زیادہ
لقمہ دینا چاہے تو ایسا نہیں ہو سکتا۔ مگر نشانہ خود ہی لب کھول کر طلب کرے تو ہر ہر عضو میں تیر کھانا پڑے گا۔ مزار
میں اگر تاریکی ہے تو دل بھی کدورت سے بھرا ہوا ہوگا۔ کیونکہ جو بے خبر ہے اس کو آئینے میں زنگ لگ جانے کی
کوئی پرواہ نہیں ہے تحقیق کی لاکھ کوشش کی اور عافیت کو تج دیا۔ نہ تم خود اس کے جیسے ہوئے اور نہ اپنی حقیقت
کو پہچان سکے تو پھر بھنگ کھانے کی کیا ضرورت۔ اس فتنہ پرور آنکھ کے مذہب اور اس قاتل نگاہ کے حکم کی بنا
پر بیدل کا قتل کیا جانا جائز قرار دیا گیا جس طرح دین مسیحی میں شراب کا پینا مباح ہے۔

غزل :۔ اس چمن پر نظر ڈالنے کے لیے آنکھیں کھول۔ عافیت کے میخانے سے ایک جام پی لے اور مست ہو جا۔ آرزو
کی تڑپ میں ابرو پر شکن نہ ڈال۔ احتیاج کے عرق انفعال کو حرص و ہوس کے مینا کی شراب بنا۔ اتنا زیادہ ظلم و ستم
پسند نہ کرو کہ خسیس مشہور ہو جاؤ۔ اپنے ہاتھ اور دل کو کشادہ رکھو۔ تم کس افسانے میں مشغول ہو جو تحقیق سے نا بلد
ہو گئے ہو تمہارے سامنے تماشا ہے اس خیال سے باز آجا۔ ظاہر اور باطن کا کوئی وجود نہیں اور نہ فنا ہے نہ بقا۔
حقیقت کا علم تم کو نہیں ہے سب مجاز سمجھو۔ میں تیرے راستے میں غبار کی طرح پریشان ہوں اپنا قدم زمین پر
رکھ اور مجھے سرفراز کر۔ تکلم کی ایک ادا اور اپنے تبسم کی سحر انگیزی سے شیرینی اور نمکینی پیدا کر۔ حرص کی پیاس نے
پورے طور پر دنیا سے نمی کو فنا کر دیا۔ پانی خاک بن گیا اب تیمم ہی کر کے نماز پڑھ۔ دعا گا کوتاہی نہ کرے
اگر اس کی گرہ کھول دی جائے۔ تیرا سر اگر آرزو سے خالی ہے تو اطمینان سے پاؤں پھیلا سکتا ہے۔ اگر افسردگی
سے رہائی پا جائے تو آئینے کی طرف رخ کر۔ دل کو پتھر نہ بنا اور شیشہ گری کا کاروبار اختیار کر۔ اے بیدل
شرمندگی سے زانو پر سر جھکا کر خاموش ہو کر بیٹھ۔ کچھ دیر تک لالچ کو ترک کر کے بے نیاز ہو جا۔

اشارت :۔ یہ باغ کیا ہے ایک فنا پذیر درس گاہ ہے۔ یہاں کے سارے رنگ و بو کے اوراق تحیر انگیز
ہیں۔ اس کتاب کے سارے نقطے اس کے دل کے داغ ہیں اور آنکھوں میں غبار کے باعث تحریر نظر آتے ہیں۔
یہ تمام اوراق ادراک کے جال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ مژگاں اگر ان کو قلم زد کر دے تو ناپید ہیں۔ وہ نقوش
جو ہوا کی تختی پر بنے ہوئے ہیں۔ حقیقتاً فنا پذیر ہیں۔ شبنم اس امر کو بار بار ظاہر کرتی ہے کہ اس چمن پر ہوس کی نگاہ
مت ڈال۔ جس کو تو رنگ سمجھ رہا ہے وہ رنگ نہیں آگ ہے اور جس کو تو جلوہ سمجھ رہا ہے وہ حقیقتاً عبرت
ہے۔ جس شخص نے بھی یہاں زمین سے سر اٹھایا تو اس کو شرم سے عرق عرق ہو جانا چاہیے۔ ابر پکار پکار کر کہہ رہا
ہے کہ اے تماشا دیکھنے والے۔ اس رنگ و بو میں اپنے ہاتھ کو آلودہ مت کر۔ یہاں آنسو کے سوا اور کچھ نہیں۔ یہ خون

ہے جو دل سے ٹپکتا ہے۔ صبح ہانکے پکارے کہہ رہی ہے کہ اے دیکھنے والو۔ اس چمن کو آئینۂ مجموعۂ شکستِ جام میں سادگی ہے اور سینہ چاک ہونے ہی پر عکس پیدا ہوتا ہے۔ درخت کی گھات میں شرمندگی لگی ہوئی ہے کیونکہ تیری آبیاری اس کے لیے وبال ہے۔ اس چمن میں جو رنگینی ہے اس کو رنگ نہ سمجھو۔ بلکہ یہ تو شرمندگی کا پسینہ ہے جو خون کی طرح نمودار ہوا ہے۔ احتراز تو شفق کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ خیال پر تو پردہ پڑا ہوا ہے، ابھی تک چاک نہیں ہوا ہے۔ دل سے افسردگی کو دور کر کیونکہ رنگ کا نمودار ہونا ہی گردن پر ایک بوجھ ہے۔ ہم نالہ کی مانند ہیں اور اپنی ہستی سے گذرنا ممکن نہیں اور پھر تہِ خاک جانے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ پھولوں کے آب و رنگ کا جو جوش نمو ہے اس کو زخم سمجھنا چاہیے جو ناقابلِ رفو ہے۔ ایسے موقع پر آنکھیں بند کر لینی چاہئیں۔ آنکھیں جلوہ کو دیکھ نہیں سکتیں۔ غنچے سینے کی تنگی کے باعث کچھ دیر کے لیے رنگ کے دامن کو پکڑے ہوئے ہیں۔ لالہ کے پھول کو دیکھیے کہ اپنی سیاہ بختی اور تیرہ بختی کے باعث خون میں کس کی نیند سو رہا ہے۔ سنبلستان پر نظر ڈالیے تو ایک دوسرے سے لپٹے ہوئے خاک آلودہ پرچم کی مانند نظر آئیں گے۔ گویا ماتم کرنے والوں کی حسین زلفیں ہیں۔ اس مقام پر عبرت بینائی کی دلیل ہے۔ اس منظر کو دیکھ کر یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ یہ صحن گلستاں ہے۔ بلکہ ہزاروں شہدائے رنگ کا گورستان ہے۔ تم نے جس کو لالہ زار سمجھا ہے وہ حقیقتاً ہند کا شمشان گھاٹ ہے۔ وہ سبزہ زار جس کو دیکھ کر تم خوش ہو رہے ہو وہ درحقیقت ان مردوں کے مژگاں ہیں جو محوِ خواب ہیں۔ لیکن آنکھ جھپکتے ہی نگاہ کی مانند وجود سے عدم میں چلے گئے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ دنیا میں وحشت ہی وحشت ہے جو تھوڑی دیر کے لیے آرام کر رہی ہے۔ پھول اور سبزہ میں جو چیز نمایاں ہے وہ درحقیقت ہماری اپنی غفلت کی نیند ہے جو نہ جانے کتنے پردوں میں مستور ہے۔ جہاں نرگس کے پھول کھلے ہوئے ہیں انھیں دیکھ کر ہمیں عبرت نہیں ہوتی۔ آئینہ کی طرح دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں۔ یقین کس طرح صورت دیکھ کر محرمِ راز ہو اور اسرارِ حقیقی کو کیسے سمجھ سکے۔ چہرے کی رنگت اڑ جانے کے سوا اور اس کا پتہ کیا بتایا جائے اور کیا دکھلایا جائے کہ سامنے خزاں ہی خزاں ہے۔

حکایت:۔ ایک شخص گرم جوشی کے ساتھ انجمن میں گیا۔ وہاں اس نے ایک پروانہ کو دیکھا جو سراپا شعلہ تھا اور اشک کی مانند سر بسر مجسم گداز تھا۔ پرواز کی طاقت زائل ہو چکی تھی خود بھی ایک روشن شمع بن گیا تھا اور آگ کی جگہ خاک بن گیا تھا۔ تھا تو وہ ایک پر ہی کے برابر مگر اس میں ہزاروں تڑپ تھی۔ حیرت کی ایک ادنیٰ مثال مگر اس میں گونہ گوں کیفیتیں پوشیدہ تھیں۔ اس کی ہر سانس میں ہزاروں طوفان تھے اور ہر تڑپ میں جنون کا چراغ روشن تھا۔ اس کی آگ نے اپنا اثر کھو دیا۔ اب وہ نصف داغ اور نصف خاک رہ گیا تھا۔ اس شخص نے پوچھا کہ اے

اپنے کو فنا کر دینے والا۔ بس ایک ہی اڑان میں اپنے کو تو نے عنقا کی طرح ناپید کر دیا۔ تیرے دل میں کیا سمایا کہ
دے دی۔ اس پرواز میں کون سی تڑپ کار فرما تھی تو کس حیرت میں پڑ گیا کہ تجھ کو کچھ دکھائی نہ دیا۔ طاقت کی عا
نے خاک پر اپنی ہتھیلی رگڑ دی۔ خاکستری نے جلن کا سراغ بتایا۔ پھر اس پروانہ نے کہا کہ اس شعلہ میں جو پیچ و تاب
اس کو نہ پوچھو۔ میں سراپا داغ ہوں داغ کے بارے میں کچھ نہ پوچھو۔ یہ ہوس کی جادوگری ہے کہ میں پھنس گیا
آرام کی پونجی ہاتھ سے جاتی رہی۔ یہ بیتابی کا تقاضہ تھا کہ جس نے مجھے جلا ڈالا۔ رات ایک تماشا ظہور پذیر ہوا۔ جو
امتحان کی نیرنگی کا در کھول دیا۔ پروانہ کے جوش نے اڑنے کے بدلے بغیر کسی مقصد کے شعلہ میں ڈال دیا۔ میر
جنون انگیزی کے حکم سے اپنی خودنمائی کی۔ میں نے کہا کہ عشق کی آگ میں اپنے کو پگھلا کر ہستی کو فنا کر دوں اور
اپنے کو دوبارہ خاک میں ملا دوں۔ اور جسم پر داغہائے عشق سے پھول کھلاؤں اور اس طرح پروانہ سے طاؤس
جاؤں ہوس چھوڑ کر عشق اختیار کروں اور شعلہ زار بن جاؤں۔ سرکشی کے باعث اتنی مہلت نہ ملی کہ دوبارہ اپ
میں آگ دوں۔ اتنے پر رہتے ہوئے بھی قوت پرواز زائل ہو گئی۔ میرے ساتھ کے سارے تار ٹوٹ گئے۔
بھی نہ رہی کہ اپنی ناتجربہ کاری پر شرمندہ ہوں۔ میری گردن میں دیگر مشغولیتیں لپٹ گئیں جو میرے لیے وبا
بن گئیں اب اس کے بعد کچھ جو زندگی باقی ہے۔ پرفشانی بڑا مشکل کام ہے۔ مجھ کو نہ تو شمع سے اور نہ لگن ہونے
ہے بلکہ جو نہ جل سکے اس کا غم ہے۔ میرے دل کی آگ بجھی ہوئی ہے اور ہم اپنے خیال میں ایک ہی پر سے اس پر
اپنے دامن کی ہوا دے رہے ہیں۔ اپنی تڑپ سے جنون کا زور کر رہا ہوں۔ شاید پھر آگ میرے دل میں بھڑک
اٹھے۔ کوئی بھی ایسا نہیں جو دردناکی کے ساتھ پروانہ کی طرح آگ میں جل کر اپنے کو بالکل فنا کر دے۔ جہاں بھی
عشق کا مدعا اپنے کو فنا کرنا ہے وہاں عجلت کے سوا ہر کام گناہ ہے۔ اپنی خودی کے ساز و سامان کو فنا کر دینا
عشق کا تقاضہ ہے۔

نکتہ :۔ انسان کی طینت اور فطرت اس مقولہ کے بموجب کہ انسان کی خمیر ہی میں غفلت ہے اس کی بیدا
کا اطلاق حقیقتاً اس کی نیند (غفلت) پر ہے جس کا نتیجہ کذب اور تہمت ہے اور اسی وجہ سے اس سے لغزش ہو جا
ہے۔ اس کی ساری آگاہی بے خبری کی منزل پر پڑی سوتی ہے۔ اور جس قدر نگاہ غور و تامل میں منہمک رہتی
اتنی ہی ہوس بے خودی کے گہوارہ میں محو خواب رہتی ہے۔ لہٰذا جب یہ حال ہے کہ شعور کا قافیہ اتنا تنگ ہے اور
شہود کا ساز اتنا بے آہنگ ہے تو آنکھ جو بیداری کا منصوبہ بناتی ہے وہ لاحاصل ہے۔ جب دیکھنے کی استعداد
نہیں تو دیکھنے سے کیا حاصل اور ذوق حضوری سے جو آنکھیں زخم خوردہ ہیں انکے صحت یاب نہ ہونے پر ماتم کناں ہے

نظم :۔ اگر سرگرانی ہے تو آنسو بہا کر اس کو دور کرنا آسان کام ہے آنکھ کو کچھ دیر کے لیے جلوہ سے
روشن رکھو۔ نیند کی سحر کاری کا نشہ تجھے قبر میں مرنے سے پہلے ہی مست کر دیتا ہے لہذا زندگی پر جو نظر بند لگ
گئی ہے اس کا بیداری سے علاج کر۔ انڈے کے اندر سوائے افسردگی کے اور کیا رہے گا۔ پرواز کرنے کیلئے سینا ڈوں
جس کی فضا موجود ہے پرواز کرنے کی کوشش کر۔

نکتہ :۔ گریبان سے مقصود یہ ہے کہ اپنی تحقیق کی فکر میں غرق رہے نہ کہ بے حسی کی سرگرانی کے باعث زانو پر اپنا
سر رکھے رہے۔ غور و فکر سے مدعا یہ ہے کہ معنی کی حقیقت تک اس کی رسائی ہو نہ کہ مژگاں کا گرد و غبار بینائی
کی پیشانی پر چھڑکنا۔ فکر و تامل کے معنی یہ ہیں کہ اشیاء کی حقیقت پر غور کرے اور حقیقت اشیاء کی چہرہ کشائی
تصویروں کی حد تک ہے اور اس تماشہ گاہ عالم میں خواب کے تخیل کی سحر کاری کا اثر اپنی طبیعت پر اثر انداز نہ
ہونے دے۔ اور اپنے فکر و خیال کے فریب میں پڑ کر شہود کے دامن کو اپنے ہاتھ سے چھوڑنا نہیں چاہیے۔ بے نقاب
جلوہ کو مشاہدہ سمجھنا اپنی نگاہ کی محرومی ہے اور معنی کے انکشاف کی بدولت معما کے پیچ و تاب میں پڑنا اپنی کوتاہ
نظرت کی دلیل ہے۔

نظم :۔ آنکھوں کو خواب کی ہوس ترک کر دینا ہنرمندی ہے ورنہ مژگاں سے نیند کا رشتہ بہت نزدیک
ہے۔ افسردگی کے سوا غنچوں میں اور کچھ نہیں۔ پھولوں میں ایک دوسری بہار ہوتی ہے۔ کائنات کے ظاہری حالات
سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔ اے نادان آخر یہ دنیا تصاویر کی سحر کاری ہے۔

غزل :۔ طرہ کو ہوا میں کھول دے اور اپنے مشک سے ایک دوسرا ہی ختن پیدا کر۔ ابر سے کہو کہ میرے چمن
میں اپنے رنگ و بو کی عشوہ گری سے باز آجائے۔ میں تو اس سے اشک ریزی کی التجا کرتا ہوں کہ لب گل پر کچھ تبسم
پیدا کرے۔ اپنے زلف پریشاں کی شانہ کشی کر اور اپنی نگاہ سے فتنہ کو پھیلا۔ جنوں کی روش کو بہانہ نہ بنا اور میرے
دل کے گرد و غبار سے صبح کا اجالا پیدا کر۔ ایسی عشرت کی کمی و بیشی کا سوال نہیں ہے۔ میں نہ تو بہشت چاہتا ہوں
اور نہ ارم۔ تیری محبت کے خیال پر قانع ہوں۔ تو میرے لیے دوسری ہی بہار پیدا کر۔ انس و جن کے خالق کے کمال
تک فکر کی رسائی نہ زمین کو حاصل ہوئی اور نہ آسمان کو ایسا کوئی نہیں ہے جو سیپ کا پتہ چلائے اور موتی کی
حقیقت کو جان سکے۔ وہم و گمان کے بے جا الجھاؤ سے بچو۔ تم دنیا میں کر ہی کیا سکتے ہو۔ ایسی آنکھ جو ایک کو دو
سمجھے اس پر بھروسہ مت کرو بلکہ دو آنکھوں سے ایک کو دیکھنے کے قابل بناؤ۔ قاصدوں کے احسان اٹھا کر دوسروں
کی باتوں پر مطمئن نہ ہو جا۔ رنگ کی حقیقت کو سمجھ اور نامہ بر کو شکست دے دے۔ یہ ایک چمن ہے جس میں کوئی

پھل نہیں۔ جہاں عافیت کو کوئی مت سمجھتا نہیں۔ گویا چنار کی مانند تہی دست ہے۔ اپنی کمر ہی کو ہیلے کی مانند بار بردار بنا۔ اس چمن میں راحت کا کوئی ساز و سامان میرے خیال میں بھی نہیں آتا۔ فلک سے کہو کہ میرا غبار نم خوردہ ہے۔ میرے سر کو پر کے اندر نہ کیجیے اگر تمہاری رسائی بیدل کے کلام تک ہو جائے۔ تو انصاف کے راستہ کو نہ چھوڑ۔ کیونکہ تم سے کوئی اور صلہ نہیں مانگتا ہے سوائے اس کے کہ اس کی داد دو۔

غزل :۔ تیری ذات تک پہنچنے کی ہوس کیسے کروں۔ ایک لمحہ کے لیے بھی اپنی ذات سے الگ نہ ہو سکا۔ میں محو حیرت ہوں کہ کہاں جاؤں کبھی تجھ سے ملنے کا خیال بھی نہ آیا۔ خوشی کیسے ملے اور کس جام سے نشہ حاصل کروں۔ باغ سے شعلہ کی مانند کوئی پھول نہ توڑ سکا۔ دل کو داغِ محبت کی شراب سے محرومی رہی سیکڑوں چمن کی بہار کی طرح تو نے چہرے سے نقاب اٹھا کر جلوہ دکھلایا۔ شراب کی مانند سارے عالم کی مسرت کو بڑی جتن سے طلب کرتا رہا۔ کس قدر غیرت کے ظلم و ستم کو برداشت کرتا رہا اور میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ تیرے خنجر ناز کا شہید ساری دنیا ہے میرے لیے بسمل کی طرح تڑپنا ہی ہے۔ تم نے اپنا چہرہ محفل میں دکھلایا بھی نہیں اور شعلہ کی تاب کی غیرت سے شمع کی مانند سراسر اشک بن گیا مگر آنسو کا ایک قطرہ بھی میری آنکھ سے نہ ٹپکا۔ ناز و نیاز کے جام کی شراب سے خمار کے زائل نہ ہو۔ تو جفا کرنے سے باز نہیں آیا اور میں وفا پر قائم رہا۔ تو محمل ناز سے اگر اپنی نگاہ گرم سے ہر طرف دیکھے تو شمع کی مانند میرا پگھلا ہوا دل تیری رکاب کے ساتھ ساتھ دوڑتا رہے۔ تیری نمود و نمائش کی مسرت ایک نہیں سیکڑوں چمن کی سی ہے اور میری مثال شبنم کی سی ہے جس کی کوئی رونق نہیں ہے۔ اس دنیائے رنگ و بو میں تیرے جلوہ کی بہار ہے۔ میں تو سراپا حسرت دیدار ہوں۔ نہ تو سینہ چاک کرنے کا جنون ہے اور نہ تڑپنے کے فن کی مشق رکھتا ہوں۔ تیری محبت کے مقام تک کیسے پہنچوں۔ نالہ کشی کی تو ابھی ابتدا ہی ہے۔ صبح ابھی نظر نہیں آئی اور نہ دم لینے کی اتنی فرصت ہے کہ توڑے ہوئے پھول کی طراوت کو دل کے پھول کھلانے کو لے جاؤں۔ وہ نغمہ کہاں سے لاؤں جو دل پر اثر کرے اور دوسرے گانیوالوں سے خجل نہ ہونا پڑے۔ جرس کی طرح دل شکستہ کی آواز میں ! خود نہیں سنتی ہے۔ میں بیدل ہوں اور غفلت کے غم میں مبتلا ہوں۔ دل کے جادو نے آنکھوں کو ایسا بند کر دیا ہے کہ ہر چند میرے جلوہ سے ساری دنیا پُر ہے مگر میری رسائی کسی جگہ نہ ہوئی۔

اشارت :۔ وجود کے ملک میں فقر کیا ہے، غنا کیا ہے۔ شہود کے تخیل کی تبدیلی ہے۔ اس کے دور کرنے یا قائم رکھنے پر کسی کو قدرت نہیں ہے۔ جذبۂ دل کے کمند سے اگر ہوا و ہوس نفس کا مرتبہ حاصل کرے۔ زندگی بقا کے خزانے سے مایہ دار ہے۔ مگر اس کی دنیا غنا کے زیر حکومت ہے۔ پھر وہ خواہش جو جلوہ کا سبب ہے لب سے

تہم نکال سکے۔ غنا کے مزاج سے نقر جوش مارتا ہے اور یہی بقا و فنا کا آئینہ ہے۔ ہر لمحہ اس حقیقت بے رنگ سے دیر یا سویر جوار بھاٹا پیدا ہوتا ہے۔ آثار کی کمین گاہ سے اسرار کا سیلاب موجزن ہوتا ہے۔ ہر جگہ مثالوں کی کثرت سے دانہ ریشہ بن جاتا ہے اور ریشہ درخت کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔ آگہی کا کیا ذکر۔ صفات کے انقلاب کی وجہ سے ذات کے تعین تک رسائی ہو سکتی ہے۔ یہ امر کہ ہر شخص ایک ساغر میں مست ہے اور ہاتھ میں پیالہ ہے صرف حال پر اس کی نظر ہے۔

اشارت :۔ ایک آدمی نے شمع روشن کی اور سحر تک اس کو حیرت سے دیکھتا رہا کسی ناصح نے اس سے کہا کہ شمع کا تماشا کیا دیکھ رہے ہو۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ تھوڑی دیر آرام سے سو جاؤ۔ اس نے کہا اگر آنکھیں بند رکھوں تو پھر اس کی فرصت کہاں کہ کھول سکوں۔ اس دنیائے نقص و کمال میں یہ اور وہ کچھ نہیں اگر ہے تو صرف زمانہ حال اور زمانہ مستقبل۔ اگر آنے والا زمانہ سراپا خوشی کا ہے تو زمانہ حال کا آرام سراسر رنج کا ہے۔ انسان ہزار طریقوں سے اپنی ذات کو ایسا ہی تصور کرتا ہے۔ یہ بات کہ وہ اپنے کو دوسرے سے غنیمت سمجھتا ہے یعنی وہ سمجھتا ہے کہ میں جب آیا ہوں تو دوسرا باقی نہیں رہے گا۔ اس کو یہ وہم ہے اور یہ بات اس کو معلوم نہیں کہ مفہوم کا تصور اسکو حیرت ان کیے ہوتا ہے۔

اشارت :۔ یہ ایسا بیابان ہے جس میں وحشت کے سوا کچھ نہیں۔ اس کو چھوڑ کر جہاں بھی جاؤ آرام ہی آرام ہے۔ لیکن تیری تمنا اور آرزو کا فریب تیرے سینے کو پامال کرتا رہتا ہے۔ آرزو ایک ایسا آئینہ ہے جس سے کلفت پیدا ہوتی ہے۔ حال کی صفائی کی آبرو کو خاک میں مت ملاؤ۔ دنیا میں فراغت کی دولت کہاں ملتی ہے۔ انگور کی لت شراب بن جائے یہ خیال غلط ہے۔ ایسی طبیعت کے لوگ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اپنی بساط سے باہر سوچنے پر رائی ہے۔ پھر اپنی اصلی حالت پہ واپس آجائے تو قیامت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

نکتہ :۔ آنکھ بند کر کے ہر چند جنت کا قفس میں نظارہ کرنا، بینائی کا مظہر ہے اور مژگاں جو خوابیدہ ہے اگر اس کی خوش نصیبی زیر دامن چراغ رہنے پر بھی ہو تو نور سے محرومی ہے اور اگر مژگاں کی قسمت آپس میں جدا نہ ہو سکے تو اس کی مثال زخم پر آنسو کا نمک چھڑکنا ہے اور اس افسردہ چربی سے آنکھ کے لیے شمع نہ جلائی جائے تو وہ کوے کی غذا ہے اور اسے چیل کوے کے ہاتھوں بیچ دیا جائے۔

قطعہ :۔ نیند سے بھری ہوئی آنکھ ایسا کلفت خانہ ہے جس میں کوئی در نہیں۔ اگر سیلاب اس کی طرف توجہ نہیں کرتا ہے تو ایسے گھر کی بنیاد کو آگ سے جلا دو۔ اور اگر یہ تمام تر راز دل کی گوہر کو ظاہر کرے، اس سے ایک مٹھی مٹی لیکر

ہوا میں اڑا دو۔ زندگی ایک بیداری ہے پاک روح کو اس پر نثار کر دو۔ موت کی صورت خواب کے رنگ سی ہو اس کو جسم پر چھڑک دو۔ رنگ جب تک کہ مژگاں کی حرکت کے پردہ میں محو خواب ہے تو جیسا دل چاہے بہزاد (مصور) کے موئے قلم سے تصویر بناتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ نظر کی کوشش سے بازمت آ۔ اس دیدار پر جو اثر بھی ہو، ہوا کرے۔

نکتہ :- ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ خواب بہتر ہے یا بیداری۔ اس نے جواب دیا کہ افضلیت کے معنی فوقیت کے ہیں اور فوقیت غالبیت کی دلیل ہے جبکہ وجود کی کیفیت ایک ایسے نسخۂ کتاب کی ہے جس میں رموز حقیقت کی دو شکلیں ہیں اور اہتمام لینے پر مطالعہ کی ضرورت پڑتی ہے اور غور و فکر خیالات کی جمعیت سے درس تحقیق کو آراستہ کرتا ہے اور مغلوب کی کمزوری بغیر غور و فکر کے روشن ہے اور غالب کی قوت معنوی بغیر گفتگو کے مبرہن و مدلل ہے۔

غزل :- میری ہستی دو خواب کے درمیان ایک بیداری ہے۔ میری ہستی گرد تخیل کا دوسراب ہے۔ دو موج کی ٹکر سے حباب پیدا ہوا ہے یعنی میری ہستی نقش بر آب ہے۔ آفتاب جب مغلوب ہو گیا تو سایہ سایہ نہ رہا۔ حباب فہم سے باہر ہے ویسا ہی میں ہوں۔ میں ایسا نسخہ ہوں جس سے وہم روشن نہیں ہو سکا۔ میں نہ جانے کس کتاب کی جز کا مضمون ہوں۔ سارا سرمایہ لٹ گیا اور امید ناامیدی میں غرق ہو گئی۔ اے خدا میری ہستی کس گھر کی تباہی کا سامان ہے۔

نکتہ :- غیب مطلق ایک درجہ ہے کہ مفہوم مجاز کے اعتبار سے لوگوں نے حقیقت الحقائق سمجھ لیا ہے اور غیر اضافی ایک نشہ ہے کہ اپنی پوری لطافت کے اعتبار سے اس کو عالم ارواح سمجھ لیا گیا ہے۔ اگر غیب کو مماثلت ظاہر کیا جائے تو وہ کثافت آرائی کے سوا اور کچھ نہیں ہے اور غیب کی باتوں کی تصویر کشی کی جائے تو عدد کی کثافت کے باعث اجسام کے نقوش ہوں گے جو سمجھ سے باہر ہوں گے۔ لہذا غیب مطلق جس کو حقیقت الحقائق سمجھ لیا ہے وہ مخفی ہونے کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے اور اشارت کا اختتام حقیقت ذات کو ظاہر کرتا ہے اور غیر اضافی جو خفائی معین ہے وہ اسما صفات کے اشارت کی نفی کرتا ہے اور غیب متمثل ظہور کے ثبوت کو مشتبہ کرتا ہے اور غیب مصور حسن و شعور کا تحقیقی مشاہدہ ہے۔

نظم :- سب کچھ غیب ہی غیب ہے یہاں شہود کچھ بھی نہیں۔ ہر جگہ مخفی ہے سب کچھ بے نمود ہے۔ چاہے وہ سوسن ہو یا گلاب سب بے رنگ ہے۔ کوئی رنگ چاہے سرخ ہو یا نیلا وہ سب بے حقیقت ہیں شعلہ خاکستر ہو جاتا ہے۔ کچھ دیر کے لیے گرمی اور دھواں کے سوا یہاں کچھ نہیں ہے۔ جلوۂ مطلق کا نظارہ

سکتا۔ جس پر یہ راز فاش ہوگیا، یہاں اس کا وجود نہیں۔ جس کو سب معتبر سمجھتے ہیں وہ سب حقیقتاً اوہام ہیں۔
ان کو چاہیے کہ وہ عالم وجود میں نہ رہے بلکہ عالم عدم کی راہ لے۔

نکتہ :۔ ہر مرض کے علاج کا رشتہ دوا سے وابستہ ہے اور ہر طبیعت کی اصلاح کی تدبیر ظاہری کیفیت پر منحصر ہے۔
پھل کو بغیر کوشش کے توڑا نہیں جا سکتا اور بغیر محنت کے پتھر سے آگ نہیں نکالی جا سکتی۔

رباعی :۔ جب تک کہ کوئی چشم عبرت سے نہ دیکھے، اس وقت تک اطاعت پر کوئی گردن نہیں جھکاتا۔ اس
بات کو یقینی سمجھو کہ اس دنیا میں جو مریضوں کا شفا خانہ ہے، موت سے ڈر کر کوئی بخار پر راضی نہ ہوگا۔ (بہ مرگ
گیرتا بہ تپ راضی آید۔)

نکتہ :۔ کسی غافل نے معنی کے متعلق پوچھتے ہوئے یہ کہا کہ سخن کا مجھ پر کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔ لوگوں نے
جواب دیا کہ سخن کے اثرات میں سے ایک یہ بھی ہے۔ سخن کی غرض و غایت یہ ہے کہ بات کو سن کر حیرت میں پڑ
جانے یا اس کو سمجھنے پر اس سے غفلت نہیں برتنی چاہیے اور اس نیرنگ معانی کو بغیر غور و خوض کیے چھوڑنا نہیں چاہیے۔

رباعی :۔ سخن کے ساز کے پردہ میں صرف آواز ہی آواز نہیں ہے۔ سخن کا راز خاموشی میں بھی مضمر ہے۔ کوتاہ
نظر جب تامل کرتی ہے کیونکہ حقیقت بھی سخن کے مجازی رنگ میں گرفتار ہے۔

غزل :۔ اس دنیا کی نیرنگی کی سیر نہ کر سکا کیونکہ میری قسمت میں آنکھیں کھول کر دیکھنا تھا ہی نہیں۔ آنکھیں
حیرت سے پتھرا گئیں اور مژگاں کو روشن نہ کر سکیں۔ تیرے بزم کی شمع روشن تو نہ ہو سکی مگر میں اپنی ہستی کو جلا رہا
ہوں۔ تیرا آئینہ بننے کی طاقت کہاں تھی اس لیے کہ میری آنکھیں خود ہی حیرت میں پڑ گئیں عقل وہ کمند ہے جو ہوس کا
شکار کرنا چاہتی ہے ورنہ مجنوں کی پر شوق آنکھوں میں لیلیٰ کے خیال کے گرد و غبار کے سوا اس صحرا میں آہو
کہاں ہے۔ عدم ایک بے رنگ گلشن ہے مگر اس کے انڈے میں طاؤس کے بال و پر کی ایسی نیرنگیاں ہیں کہ وہ
گل بداماں بنا ہوا ہے۔ خیال اگر اپنی آشفتگی کو تحمل میں رکھے اور کچھ دیر اس پر غور و فکر کرے تو ذرہ کے دل
میں ہزاروں پھول کھل جائیں اور ایک چیونٹی کی آنکھ سے سیکڑوں چراغاں بن جائے۔ ایسی کھیتی جس کا کوئی حاصل
نہیں اور جس کی خاک ہوا میں برباد ہو جائے۔ ہوس میں ایک ایسا خرمن بنا ڈالا کہ گیہوں کی مسکراہٹ لب نان
سے ظاہر ہونے لگی۔ نہ تو کوئی مرتبہ حاصل ہوا نہ عزت کی بلندی ملی اور نہ فضل و کمال کا فخر اور نہ شان و شوکت۔
میں نے مان لیا کہ تو نے بال و پر پیدا بھی کر لیے۔ لیکن حضرت سلیمانؑ کے ہاتھوں تک پہنچنے کی مسرت کہاں ملی۔ تخیل
کی رنگ کے متعلق کوئی سوال کرنا یا دامن سے شراب نچوڑ کر دکھلانا (کوئی کمال نہیں ہے)۔ ابر کی مانند کتنی بلندی

پر جا سکو گے۔ پشیمانی کا پسینہ بہاؤ اور اس بے جا غبار (غرور) کو دبا دو۔ اے بیدل اس کے لب لعلیں کی تمنا کس کو ہو سکتی ہے جب کہ اتنی نزدیکی کے باوجود بھی اس کی سفید گردن کا بوسہ نہ ملنے پر گریبان اپنی محرومی پر افسوس کناں ہے۔

غزل :- تیرے نقش پا کی سربلندی ایسی شان و شکوہ کی حامل ہے (یعنی تیری چال اتنی حسین ہے) کہ ہلال اپنے لب بام کی مسکراہٹ سے ہلال کی ایک تصویر زمین پر کھینچ دیتا ہے۔ جلوہ کی تابناکی کی وجہ میں دیکھنے کا طلبگار نہ ہو سکا۔ موج نے گہری زبان کا دروازہ کھٹکھٹایا اور پیام پہنچانے کی درخواست کیا۔ اگر میں زمین کی پستی سے ہوا کی بلندی تک پہنچ بھی جاؤں پھر تحت الثریٰ سے ثریا تک میری رسائی ہو بھی جائے تو پریشان دلی کے باعث کہاں جاؤں کہ جہاں تیرے رہنے کا مقام سمجھ سکوں۔ اچھے یا برے آرزو کی جو شہادت گاہ ہے وہاں کون ایسا زخم ہے جس میں اس قدر ٹیک ہے۔ کیونکہ ابھی تو تیرا تیغ تبسم نیام سے باہر نکلا بھی نہیں ہے۔ ایسی منزل جس کا کوئی پتہ نہیں ہے اس کا سراغ دل بیتاب کو کیسے حاصل ہو کیونکہ جو قدم آگے بڑھتا ہے وہ اپنی ناکامی کے باعث ایسا ناپید ہوتا ہے جیسے کہ آئینہ پر سانس کا اثر۔ یہ کہیں بہتر ہے کہ تیری سانس سینہ ہی میں ٹوٹ کر رہ جائے اور مژگاں کی جنبش کا در بند ہی رہے۔ ایسا نہ ہو کہ وحشی نظر جو ابھی تک رام ہے نگاہوں سے دور ہو جائے۔ کوئی اس کے سوا اور کر ہی کیا سکتا ہے کہ عدم کی خاک کو اپنے سر پر ڈالے۔ کیونکہ آنکھیں اس کے جلوہ سے محروم ہیں اور اس کے نام سے زبان تک نا آشنا ہے جو کچھ ہے وہ اس کی ذات ہے۔ اپنی سحرکاری نہ کر۔ آئینہ کا خیال کر کے اس کو تو برباد مت کر۔ نیاز اور ناز کا معاملہ پاگل پن ہے۔ کیسی میری دعا اور کیسا اس کا سلام۔ (یہ سب خیالی باتیں ہیں)۔ بیدل ادب کی انجمن ہوں اور اس میں آنکھوں کو کھلی رکھنا!! کیونکہ کسی دوسرے شخص کے چراغ پر کوئی بھی پھونک کر اس کی شام کو سحر میں تبدیل نہ کر سکا۔

حکایت :- ایک شخص جس کی طبیعت میں بے صبری تھی اور ہوس بھی۔ اس کا ایک سیب کا باغ بھی تھا۔ ایک کوا ایک سیب لے کر اڑ گیا اور ایک بلند جگہ پر اپنا پر پھیلایا۔ وہ خسیس مرد اس کے پیچھے دوڑا، یہاں تک کہ تھک گیا۔ اس کا دماغ چکرا گیا اور دنیا تاریک ہو گئی۔ دیکھا کہ کوشش کی اور کوئی صورت نہیں ہے تو غصہ کی بنا پر کنویں میں کود پڑا۔ اس کی جان مصیبت میں پھنس گئی، سارا باغ اور ساری ملکیت برباد ہو گئی۔ کسی کو تیری مصیبت کا غم نہیں اور مر جانے پر بھی کوئی ماتم نہیں کرے گا۔ غم ہو یا ستم بہرحال اپنی چارہ سازی خود کرنی چاہیے۔ اپنی حالت پر خود رحم کرنا چاہیے اپنے زخم پر خود ہی مرہم لگانا چاہیے۔ وہم کی بنا پر تو بلندی سے پستی میں چلا گیا۔ یہ عقلمندی کی بات نہ تھی کہ کنویں میں

گرگیا تیرے لیے بہار کا زمانہ ستم میں بدل گیا۔ تیری ہستی کے مقابلہ میں سیب بے حقیقت چیز تھی۔ ایک کام بگڑا تو دوسرا
ہی کام پیدا ہوگیا۔ دنیا بدلی تو اعتبار بھی بدلا۔ شراب اگر سلامت ہے تو پیالہ کا غم کیا ہے چینی کا ظرف اگر ٹوٹ جائے
تو سٹی کا پیالہ ہے۔ شوق کے باغ کا پھل بکثرت ہے یعنی ذوق کے اسباب بے شمار ہیں۔

اشارت :۔ گرد و غبار کی بساط دخمہ کی مانند ہے۔ ہم اور تم سب کے سب لوح مزار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہر
شخص یہاں دماغ سوزی کرتا ہے اور مزار پر چراغ جلاتا ہے۔

نکتہ :۔ سخن کا ورود، فرشتوں کا نزول ہے جو حقیقت دل کے عرش سے ہوتا ہے اور جس کا ظہور عالم تصرف
و تدبیر میں ہوتا ہے اور قدرت و تاثیر کے کمال کی بنا پر اشیاء ظاہری کے امکانات کی کارفرمائی ہوتی ہے۔ جب
عشقیہ خیالات موجزن ہوئے تو تصورات کی بنیاد میں آگ لگ گئی اور جب حسن نے اپنی ادا دکھائی تو تحیر کا آئینہ
خانہ چمک اٹھا اور جب اس کی فطرت نے صیاد کی سحرکاری دکھائی تو معنی کے آشیانہ سے غیب کے عنقا کو شکار
کرلیا اور وہ حرص کی بنا پر خیالات پاکیزہ کے بھیس میں عشق و ہوس کے راستہ پر گامزن ہوئی۔ جب اس کے
گلشن لطف کی باد نسیم میں شورش پیدا ہوئی تو مردم خوار اژدہا کی سانس بن گئی اور اس کے التفات کے چشمہ کے
آب زلال نے موج کا ہم پہلو بن کر بے پناہ آتشی طوفان کی صورت اختیار کرلی۔ طعن آمیز عبارات کا استعمال جو اس کی اپنی
سستی کی وجہ سے ہے اس سے رنجیدگی پیدا ہوتی ہے۔ بوسیدہ اور قدیم معنی کو نئے، لائم اور ریشمی لباس میں پیش
کرکے دلوں کو خوش کر دینا اور چمک دار موتی کو ایثار کرکے لوگوں کے کانوں میں اسرار و رموز کا خزانہ بنانا اور
حقیقت کے پرتو کے احساس کی بنا پر لوگوں کی آنکھوں کو دیدار پر آمادہ کرتا ہے۔ اگر مجمع ہے تو اس کی غیر موجودگی
میں دنیا کے آئینہ داروں کے نزدیک تصویر ہے اور اگر تنہائی ہے تو اس کے خیال کے نہ ہونے کی بنا پر وہ خواب
ہے جس کی تعبیر وہم کے سوا کچھ بھی نہیں اور اگر منقوش میں خود اس کی عبارت ہے تو اس کی کوئی اصلیت نہیں اور اگر
موسوم ہے تو اس کی عبارت سراسر معنی سے بیگانہ ہے اور وہ ہما جس کی حکومت کا دائرہ اس کے سایہ کے پرورد وں
پر اس کے بال و پر کی وسعت کے تناسب سے ہے اور وہ عندلیب کہ عالم شہود کے بہار کا رنگ و بو اس کی پرکیف
نغمہ سنجی کی وجہ سے ہے۔ اس کے مقاصد کی قوتِ پرواز اس حقیقت کو بیان کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو بے نشان
ہے اور اس کے مطالب کے پرواز کی شوخی ایسی ہے جو انسان کی زبان کو حرکت میں لے آتی ہے۔

نظم :۔ انسان کیا ہے؟ ایسا حرف اور ایسی آواز جو بیان سے باہر ہے۔ اس کی بے رنگی کا جلوہ حیرت کے پردے سے
عیاں ہوتا ہے۔ ایک سانس میں ہستی سے عدم تک پہنچانا اور ایک قدم بڑھانے پر نشان سے بے نشان تک اس

کی رسائی - اس کے مضمون کی شوخی خاص عبارت کا ایک حرف ہے۔ دل میں غیب کی باتیں ہیں اور روح فکر میں لگی ہوئی ہے اور مثال زبان پر ہے۔ اس کی آواز سے مصوری کا کمال ظاہر ہوتا ہے اور دونوں عالم نغمہ سے مست ہوجاتے ہیں۔ یعنی انسان مصوری کا جمال بھی رکھتا ہے اور موسیقی کا کمال بھی۔ اور اس کی سانس کی طینت عیاں ہوتی ہے ظاہری شکل میں بھی اور باطنی شکل میں بھی۔ اس نے اپنی تحقیق سے جو اسرار ظاہر کیے ہیں اگر ان کو منتشر کر دو تو وہ ایسی بات ہوگی جو بالکل بے معنی ہوگی۔ اندیشہ پانی پانی ہوگیا بے رنگی کے افسوں سے، کچھ مت پوچھو۔ آنکھیں پتھرا گئیں اس حیرت انگیز افسانہ سے، کچھ مت پڑھو۔ خاک طلسم (انسان) سے سخن کا طوفان بس جادو ہی جادو ہے یہ اعجاز کے سوا اور کچھ نہیں۔ یہاں گفتگو خاموش ہوجاتی ہے (سرمے سے آواز ناپید ہوجاتی ہے)۔

نکتہ :- نفس رحمانی جو محققین کی اصطلاح میں مکمل مشیت الٰہی ہے اور جزوی و کلی موجودات کے حقائق کا مصدر قرار دیا گیا ہے اور حقیقت میں سخن کی حقیقت کا وجود نہیں اور چاہے ارواح ہوں یا امثال یا اجسام سب کے سب اس کی کیفیات کے ظہور کے عناصر ہونے کی وجہ سے جاری و ساری ہیں اور فی الحقیقت خاص مرتبہ کے لحاظ سے اس کے تعین کی شوخیاں جاری و ساری ہیں۔ اور اس کے غیب کا عالم آگ کا ایک جزو ہے جو ہستی مطلق کے انوار سے پیوستہ ہے اور ادراک کی اس کیفیت کو سمجھنا محض واہمہ ہے۔ اور ارواح جو کہ ہوا کا ایک جزو ہے اس کے معنیٰ بسیط کو عقل کے دائرہ میں لے آتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہی ہے کہ جزو مائی (پانی کا جزو) عبارات کی طغیانی کے افسانہ کو سنتا ہے اور عالم اجسام میں جزو خاکی کے اعتبار سے کیفیات کے نقوش کو محسوس دیکھتا ہے، اس کے ظہور کی شخصیت کی تلاش میں قدم جتنا آگے بڑھاتا ہے توہم کے اعتبار سے اپنے وہم کا کوئی نام مقرر کر دیتا ہے۔ چاہے اجسام ہوں یا عناصر یا اجرام۔

رباعی :- پردۂ راز میں جو نغمہ بے نشان ہے انسان اس کی موسیقی سے اپنی آواز پیدا کرتا ہے۔ عالم جمادات کے آئینہ میں رنگ کی ایک موج ہے اور عالم نباتات میں بو ہے اور عالم حیوانات میں آواز ہے۔

نکتہ :- آگ جمادات کی طبیعت میں اس حقیقت کی ایک تجلی ہے جو خلوت خانہ غیب کا ایک روشن چراغ ہے اور یہ عالم نباتات کے مزاج میں ان رموز کو ظاہر کرتا ہے جو بلا شک و شبہہ عالم ارواح کی خوشبو ہے اور آواز حیوانوں کی فطرت میں اپنے اپنے مرتبہ کے لحاظ سے ظہور پذیر ہے اور سخن انسان کی ذات میں اپنی اپنی شان میں جلوہ گر ہے لہٰذا آفاق سخن کا ایک معما ہے۔ جس کی گرہ کشائی اب تک نہیں ہوئی ہے اور انسان اس عبارت کی صراحت دریافت کرنے میں لگا ہوا ہے اور غور و فکر جو موالید (جمادات، نباتات اور حیوانات) اور عناصر (آب و آتش و خاک و باد)

اسرار کو ظاہر کرتا ہے اور ظاہر و باطن کے خیالات کو واضح کرتا ہے اور تحقیق اس کی طرف اپنی توجہ مبذول کرتی ہے۔
اور اپنے نفس موہوم کے ذریعہ سے سارے مراتب کی نقاب کشائی کرتی ہے یعنی نفس انسانی اس بے رنگ دنیا میں
اسماء کے ظہور کا سرچشمہ ہے اور گویائی کو پرپرواز بخشتی ہے۔ یہاں تک کہ زبان و دہن میں نطق کا جذبہ پیدا ہوتا
ہے اور حروف وسطور کی شکلیں جو دیکھی جاسکتی ہیں۔ یہی اس کی منزل ہے۔

اشارت :۔ کائنات ہر رنگ میں حرف ہی حرف ہے اور کچھ نہیں ہے اور عبارات میں نفس الٹ بھیر اور
حقیقت جو مادہٗ کی طرف راغب ہے جب بے پردہ ہوئی تو پیراہن بن گئی۔ اپنے اظہار کی بے تابی اتنی بڑھی کہ آخر
وہ انسان میں نمودار ہوئی۔ انسان کے اندر اس کا نمودار ہونا خود اس کی ذات کو الجھاؤ میں ڈالتا ہے اور
اس مقام پر معانی کی حقیقت کیا ہے اور کیسی ہے ؟ ایک حباب کی مانند ہے جس نے اپنا سر اٹھایا ہے۔ یہ سب
سراسر فریب ہی فریب ہے۔ کوئی چیز نمودار نہیں ہے۔ پوشیدگی موجزن ہے اور اظہار کی طاقت نہیں ہے۔ ہوا سے
ہوا کو پیام دینا ہے۔ جس طریقے سے سانس کے ساتھ سانس چلتی رہتی ہے۔ سانس کی اصل تیرا وجود ہے تو اپنے آپ سے
بے خبر ہے اس سے زیادہ توہم کے جیب کو چاک مت کرو۔ جہاں تجلی ہے وہاں تو خود ہی اپنا پیام ہے ورنہ ہمیشہ کے
لیے ویسے ہی مخفی رہنا ہے وہم کے دھاگے میں گرہ پڑگئی ہے اور جب ہموار ہوگئی تو ظرف و مظروف دونوں ہیچ ہیں۔

غزل :۔ میں سنگدل ہوں اس کے ذکر دوام سے کیا اثر قبول کرسکتا ہوں۔ انگوٹھی کی مانند یہ بھی نہ ہوسکا کہ
شرمندگی کی وجہ سے اس کا نام کندہ کرواسکوں سخن پانی پانی ہوگیا اور عبارت اس کے تبسم کا رنگ پیدا نہ کر
سکی۔ شراب کی حسرت اتنی تابناک تھی کہ اس کی رسائی خط جام تک نہ ہوسکی۔ سجدہ ادا کرنے کا خیال تک نہ آیا۔
اور لب میں اس کی مدح وثنا کرنے کی سکت نہ رہی۔ اتنا سرمایہ کہاں کہ اس کا قرض ادا ہوسکے۔ مٹی اگر اپنا سر ہوا میں بلند
کرے تو چشم زدن میں وہ زمین کی طرف لوٹ آئے گی۔ ایسی عمارت تک میری رسائی نہ ہوسکی کہ اس کے در و بام
تک بال کشا ہوسکوں۔ میرے بیان میں باتیں اس کی طرف ہیں اور غور و تامل وہم و گمان کی جانب ہے۔ نہ جانے میں
کس عالم میں ہوں کہ اس کے پیام کے علاوہ خود اپنے آپ تک نہ پہنچا۔ میری ساری کوششیں رائیگاں گئیں نہ جانے
کتنی کوچہ گردی کی مگر کوئی سبیل ایسی پیدا نہ ہوئی کہ میں اس کے قدم کو آنکھوں سے دیکھ سکوں۔ میری پرواز
ہوا میں نہ رہی اور کسی نشیمن میں بھی نہیں رہی ہیں اپنے ٹوٹے ہوئے پروں کو پھیلا کر اس کے جان کے حلقہ کے
خیال میں لگا رہا۔ نہ آنکھیں کھولنے کا خیال ہے اور نہ کوئی افسانہ سننے کی خواہش ہے۔ اس کی رحمت عام کی آغوش
میں غنودگی نے سب کچھ فنا کر دیا۔ اے کم ظرفو! حسد کی بنا پر تم بیدل کی بلندی تک نہیں پہنچ سکتے ہو۔ تم

فرشتوں کا معلم بنو، تم بیدلؒ کے کلام کا حریف نہیں بن سکتے۔

اشارت :- اے! وہ کہ تیرا نسب تردد سے وابستہ ہے، توکل کب تک کرتا رہے گا۔ تیرا سرمایہ کوشش و سعی ہے۔ سوچ میں کب تک پڑا رہے گا۔ جسم کی مشقت گاہ میں مُردوں جیسا سکون و آرام نہ ڈھونڈو۔ زندگی توکل کا نام نہیں ہے اور تغافل سے بھی کام نہیں لینا چاہیے۔ افسردہ نہ ہو اپنی حقیقت کو پہچانو۔ عشق کے تأمل کے غنچہ کی ایک سانس ایسی خوشبو ہے جو عشق کے پھول سے نکلتی ہے۔ اپنے اوپر آرام کی تہمت نہیں لی کہ باپ کی ریڑھ کی ہڈی سے ماں کے رحم میں داخل ہوا۔ رحم کے اندر تیری کلفت اور بڑھی۔ اتنی تڑپ پیدا ہوئی کہ خون بن گیا۔ خون میں طپش اور پیدا ہوئی تو رگ و پے میں ریشہ پیدا ہوا۔ رگ و پے میں بھی اضطراب پیدا ہوا تو پھر اعضا کی شکل بنی۔ ہر عضو بھی غایت بیتابی کے باعث ایک مدت تک سیماب کی مانند تڑپتا رہا۔ اس کے بعد اسرار کا پردہ اٹھ گیا۔ مخفی باتیں ظاہر ہوگئیں۔ پردۂ نیرنگ سے دونوں عالم میں رنگ پیدا ہوا۔ اس کے بعد مادمن (انا) نے اپنا رنگ دکھلایا اور انسان کے نام سے موسوم ہوا۔ عالم طفلی میں بھی وہ سکون سے نہ رہا اور نہ بڑھاپے میں اس کو اس سے چھٹکارا ملا۔ جب تک غنچہ رہا۔ حرکت ہی میں رہا۔ اور جب پھول بن گیا تو اس میں بال و پر پیدا ہوئے۔ اگر بڑھاپا صبح ہے اور بچپن شبنم کی مانند ہے۔ ہر حال میں حرکت ظاہر ہوتی ہے۔ تو بھی اسی طرح غنچہ کی بو ہے مختلف خیالات میں سرگرم ہے اور پھر تیری ہر سانس شعلہ بنتی رہی اور پھر تیرے ہوا و ہوس کی دنیا میں شور ہوا۔ اپنے پر پرواز سے نفس کو ایجاد کیا۔ اور اپنی آواز سے کوہسار پیدا کیا۔ ہوس کے خیال کی سحرکاری نے نفس کو کسی نے بھی قید و بند میں نہ لایا۔ تیری منزل اور تیرا راستہ روا روی میں ہے اور افسردگی کی آرزو کرنا نہ ہے۔ صاحب نفس کا کام افسردہ ہونا نہیں ہے۔ کیونکہ افسردگی مرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ تیرا نفس سراسر پردہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ آئینہ کا ساز عکس کا جوش ہے۔ قید و بند میں رہنا تیرا مقام نہ تھا۔ اس کے بعد اتنا بھی نہ ہو گا۔ آخری دم تک جتنا بھی درکار ہے۔ اسرار کے رنگ کو ظاہر کرنے کی کوشش ہے۔

حکایت :- ایک بیوقوف کی جہالت جنون کی حد تک پہنچ گئی۔ اینٹ اور مٹی لے لے کر ہوا میں پھینکتا۔ اس کا خیال یہ تھا کہ ہوا میں آسمان کی مانند ایک عمارت تیار کرے وہ سب پھر زمین پر آرہے اور اس کی نادانی ڈالتے رہے۔ ایک مدت تک اس خام خیالی میں رہا اور اس کی محنت رائگاں گئی۔ اپنی اس محال اندیشی کے میں اپنی ہوس میں مشغول تھا۔ ایک عقل مند نے اس سے کہا کہ اے ہوس کا غلام شعور کا دشمن۔ یہ کیسا سودا تیرے سر میں سمایا ہے۔ یہ کیسی جنون کی ہوس ہے جو تیری پیشانی پر خاک ڈال رہی ہے۔ اینٹ اور مٹی

کیلئے ہے ہوا تو کدورت سے پاک ہے سطح بلند میں تو لطافت کے سوا اور کچھ نہیں ۔ وہ کثافت کی ہمیت سے بری ہے ۔ خاک اگر فلک پیمائی کرے تو یہ ممکن نہیں کہ ہوا میں قائم رہ سکے ۔ اے غفلت شعار! تو صاف ہوا کو کیسے غبار آلود کر سکتا ہے ۔ گرچہ تیری کوشش کامل ہے لیکن مقصد بالکل باطل ہے ۔ بلند ہمتی تو ہے مگر ذلت کی پستی بھی ہے ۔ اگر یہی تیری ہمت کی بلندی ہے تو اس سے قابل تعریف تو مگس کی ہمت ہے ۔ میں نے مانا کہ تیری ہمت بلند ہے مگر اس وہم میں اپنا دل نہ لگا ۔ یہ نادانی ہے عقل مندی نہیں ہے ۔ بیوقوفی اور بے عقلی کے سوا اور کچھ نہیں ۔ ذرا سوچ کہ تو کیا پھینک رہا ہے ۔ تجھے شرم آنی چاہیے کہ کیا فضول کام کر رہا ہے ۔ عبرت کے سرمہ سے چشم بینا کو روشن کر ۔ اگر داغ کوتاہی گناہ نہ ہو تو آسمان پر آگاہی کی بنیاد رکھ ۔ تیرے غبار نے نگاہ کی روشنی نہیں دیکھی تیرا اندھاپن نگاہ کے سامنے جوہر ہے غبار سے جب تو اپنی نگاہ اٹھائے تو غبار کی مانند معشوق حقیقی سے فائدہ حاصل کرے ۔ غبار میں اس قدر دل لگانا سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ آنکھ کو دیدار سے محروم رکھے ۔ تیری بینائی کی کوشش سے عبرت اگر دور ہے تو اس کا سبب یہ ہے کہ نگاہ اس غبار کی وجہ سے پوشیدہ ہے ۔ اس پردہ کو ہٹا اور آنکھ بند کر اور نگاہ کی دستگاہ کا نظارہ کر ۔ نگاہ کی بلندی میں بہتیرے اشارے ہیں ۔ ثمرہ کو اٹھانے میں بہتیرے مطالب ہیں ۔ بے وقوف جو ہیں عقل کی نصیحت پسند نہیں کرتے ۔ اور گدھے کی مانند اور زیادہ آواز بلند کرنے لگتے ہیں اے ناصح! اتنا زیادہ بحث نہ کر تیرا سرمایہ جہل ہے ، خرد کی باتیں نہ کر ۔ یہ بات کہ اعلیٰ ، ادنیٰ سے پاک وصاف ہے ۔ اس دعوے کی سند کیا ہے ؟ ابر جو خاک کے نیچے سے ہے کیا سبب ہے کہ وہ آسمان پر سیر کرتا رہتا ہے اگر ہوا میں پھر نہیں ہے اس قدر ژالہ کیسے برستا ہے ۔ آخر خاک اور خشت بھی چاہیے ۔ جس طرح سے ابر ہوا سے نیچے نہیں آتا ہے ۔ کوشش کرنے میں ہم تحمل رکھتے ہیں اور تکلیف میں صبر سے کام لیتے ہیں ۔ قوت طالع اگر قسمت یاوری کرے تو بیکار کی منت بھی اپنا اثر رکھتی ہے لہذا دنیا میں خیالات بہت ہیں اور دنیا کے لوگ ہوس میں گرفتار ہیں ۔ چاہے جہل ہو یا عقل مندی سب اپنی اپنی جگہ پہ قائم ہیں ۔ ہر چند عقل فضائل سے خالی نہیں ہے ، جہل بھی دلائل سے خالی نہیں ہے ۔ لیکن اس راستے سے منزل تک حق کو باطل سے دور سمجھ ۔ آسمان ایک دوسری چیز ہے اور زمین دوسری چیز ہے شک کی دنیا الگ ہے اور یقین کی دنیا الگ ۔

نکتہ ۲ ۔ کیفیات ظہور کے ہر چار جانب ، ہر انسان کو فرداً فرداً اپنی حقیقت کی نسبت ایک مخفی جنون ہے اور ایک وجدانی معاملہ ہے ۔ زندگی کے ہر لمحہ کی بربادی کے باوجود ہر معاملہ میں کچھ نہ کچھ فائدہ موجود ہے اور ہر جنون میں نفع بھی پوشیدہ ہے یہاں نالہ رواج کی تعمیر تک نہ پہنچا جب تک دل کی قیمت نے نقصان نہیں اٹھایا اور نگاہ نے

حیرت کی دکان قائم نہ کی۔ جب تک مژگاں نے اپنے لباس جمعیت کو تار تار نہ کیا۔ اس کے گرد ہر ساغر ایک کیفیت بن کر ظاہر ہوتا ہے اور انقلاب کے باعث ہر وضع میں الگ الگ خاصیت ہوتی ہے۔

غزل :۔ نالے سے ہر دل اثر کی بہار چاہتا ہے کہ ہر تخم کا ریشہ پر بن جانا چاہتا ہے۔ جہاں کہیں بھی پھول کی نکہت نے رنگ کا پیراہن چاک کیا تو یہ بات پوشیدہ نہیں کہ وہ بذات خود سفر کرنا چاہتی ہے۔ بال و پر کا اضطراب پرواز کا آئینہ دار ہے اور مژگاں کی جھپک اثر چاہتی ہے۔ جب بھی قطرہ نیساں بننے کے شوق میں سر بلند کرتا ہے۔ اس کا شوق موتی بننے کا شائق ہوتا ہے۔ جہاں کہیں بھی آنکھ دیکھنا چاہتی ہے دیدار کا مژدہ پاتی ہے اور جب بھی دل میں تپش ہوتی ہے کوئی نہ کوئی خبر چاہتی ہے۔ ہر جلوہ کی برق ایک دوسرے ہی ناز کا تقاضا رکھتی ہے کہ سورج کی چمک سحر کا غبار چاہتی ہے۔

نکتہ :۔ دل کی توجہ فقر کی الفت کے ساتھ طبیعت کی لطافت کے علامات کی وجہ سے ہے یعنی اس نشہ میں لوگوں کا دماغ نزاکت کی زیادتی کے مطابق اسباب کے کدورت کی تاب نہیں لاتا ہے اور دلوں کا تعلق جاہ کی محبت میں کثافت کے اثرات کی رہنمائی سے ہے۔ کیونکہ کلفت کا بوجھ خشونت کے دوش کے سوا اٹھ نہیں سکتا۔ لیکن لطافت و کثافت کے وہم کے بغیر حقیقت کو ہر حال میں ناموس ظہور کی پاسداری ہی سے تصور کیا جا سکتا۔ حب جاہ کے آثار کی وجہ سے اس کی عظمت کی بساط کی آرائش پیش نظر رہتی ہے اور مدعا کی رغبت کی وجہ سے منزل تک رسائی کا خیال اس کے لیے راحت ہے۔

غزل :۔ جہاں جہاں بھی آہ ہے حقیقت یہ ہے کہ اس کو آزادی منظور ہے۔ جہاں جہاں داغ ابھرتا ہے، فراغت اس کو مسرور کرتی ہے۔ اگر اس کے ظاہر کو دیکھا جائے تو گویا اپنے ہی اوپر نظر گئی ہے اور اگر اس کو پوشیدہ پایا جائے تو گویا خود اپنا سر گریبان میں ڈالا گیا ہے۔ عاجزی کا غرور اس جگہ غیر سے بے نیاز ہوتا ہے کیونکہ شہنشاہیت ناز کرتی ہے چیونٹیوں کے اجتماع کی وجہ سے۔ اس کی نگاہ کو دنیا دیکھنے کا شوق ہے اور اس کی غفلت کو تسکین کا ذوق ادب تمکین کا مینا ہے اور جنون اس کے شور کا پیمانہ ہے۔ حباب پر اگر غور کرو تو اس کا وجود محض ایمائی ہے اور اگر سراب کو دیکھو تو اس کی روشنی سیاہی ہے۔

نکتہ :۔ انسانی روح ایک بسیط جوہر ہے اور لطافت کے باعث تمام اشیاء پر محیط ہے۔ جب بھی نفس اعتبار تعلق پیدا کرتا ہے اور عنصری کیفیات کی ترکیب سے رشتہ قائم کر لیتا ہے اصلی دستگاہ کے نقصان کا مشاہدہ اس کی توجہ کی کوشش سے اس اندیشہ میں مصروف رہتی ہے کہ کوئی اعتبار کے جتنے مراتب ہیں احتیاط کے ساتھ اپنے

نفرت میں لائے اور ناچار ہوکر خود جملہ اشیاء کا محتاج ہو جائے اور بے اختیاری کے ساتھ اس کے حصول کی طلب میں کوشاں رہتا ہے چاہے وہ ذہنی امور سے ہوں مثلاً حقائق و معانی کی معلومات، یا خارجی اسباب سے ہوں مثلاً امکانی دستگاہ کی محسوسات، ہر چیز کو دوست رکھنا احتیاج کی دلیل ہے۔ کوئی محتاج جو کچھ بھی پا لیتا ہے وہ اسے مال مفت سمجھتا ہے لیکن اس کی حاجت کا رفع ہونا کسی حال میں بھی ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ جب تک جزئی ترکیب باقی ہے پورے طور پر اپنی بساط کے مطابق مستعد نہیں ہو سکتا اور جب تک جسمانی کثافت باقی ہے روحانی لطافتوں سے وابستگی نہیں ہو سکتی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس جوہر پاک کی جمعیت ہاتھ سے جاتی رہی اور اپنے کو اسباب فراہم کرنے کی صورت میں پاتا ہے اور ذات کی پاکیزگی کی منزل تک مضطربانہ قدم بڑھاتا رہتا ہے۔

نظم:۔ کتنے نقوش ہیں جو شوق کے پردے سے جلوہ گر نہ ہو سکے۔ اور کتنے رنگ ایسے ہیں جو غنچہ کی شکل میں ذوق کے لیے ایک طلسم کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہی نفس جو وہمی ہے ہزاروں پیچ و خم گلے کا طوق بنے ہوئے ہیں۔ جوش تمنا کا احاطہ، کیا آسمان اور کیا زمین اور آرزو کے زیر و بم کی لے کیا نیچے اور کیا اوپر۔

غزل:۔ ایک عمر گذری کہ میں نے ٹپکتے ہوئے آنسو سے ایک نگین تیار کی مگر میرے بے اثر نالہ نے کسی بھی دل کو متوجہ نہیں کیا۔ مجھے اتنی دسترس کہاں کہ دل کی طاقت سے سانس بھی لے سکوں۔ حباب کی مانند ہوس کے ساتھ اپنے جھکے ہوئے دوش پر بار اٹھاؤں۔ میں کہ برق رفتار ہوں اور میرا قدم وارفتہ مزاج ہے۔ کس منزل تک پہنچ گیا ہوں کہ شمع کی مانند میرے سارے اعضا کفِ پا کی طرح آبلہ دار ہو گئے ہیں۔ نارسا فطرت کے خمار کی وجہ سے دو ایسے جام مجھے دے جو شعلہ کی مانند فسوں گری کرے اور نشے سے بھرا دماغ مستی کے شور سے دعوت عام نہ دے۔ لاحاصل عزت اور شان سے پرہیز کرتا کہ ایسا نہ ہو کہ امتحان کے وقت ناکامی سے افسوس کرنا پڑے۔ عافیت کے خیال سے غبار کی مانند بیکار فسردہ ہو رہا ہوں۔ ایسی وحشیانہ ہمت کہاں ہے کہ تیرے دامن تک پہنچ سکوں۔ موقع کے تیزی سے گذر جانے کے باعث کون سا نالہ کروں مگر ہاں صرف یہ کہ خطِ غبار میں کچھ تحریر کر دوں۔ شاید میرے سجدے کا اثر ناپذیر ہو کر ہمیشہ کے لیے آشکار ہو سکے۔ اپنی پیشانی میں اس تحریر کو جو زمیں پر نہیں کھنچی ہوئی ہے شرمندگی سے چھپالی ہے۔ دلنشیں مطالب کی قبولیت سے مجھ میں اتنا اثر نہیں ہے کہ میں لوگوں سے آفریں سن سکوں۔ مجھے نہ تو انجمن کے شور کی خبر ہے اور نہ چمن کے حسن پر نظر ہے کیونکہ جب آنکھ کھول کر دیکھا اڑے ہوئے رنگ کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ میں جو بیدل ہوں وفا کے چمن سے ٹوٹے دل کی طرح اُگ آیا ہوں، ندامت کے درخت کا پھل ہزاروں نالہ کے سوا اور کچھ نہیں۔

اشارت:- عاشقی کیا ہے محرومی کا داغ ہے گویا باغ محرومی کا ایک خودرو پھول ہے۔ سراپا رنگ تو ہے لیکن فنا ہوجانے والا ہے سربسر خوشبو ہے لیکن اڑجانے والی ہے۔ یہ ایسا پنجہ ہے جو کسی چیز کو حاصل کرنے میں ناکام ہے اور سراپا پیکر محرومی ہے۔ لب عرض کرنے کے لیے تو ہے مگر گفتار ناپید ہے اور پائے شوق ایسا ہے جس کی رفتار ختم ہوچکی ہے۔ سراپا پرواز تو ہے لیکن پر جھڑے ہوئے ہیں۔ شعلہ ہے مگر سراپا راکھ ہے۔ اس کی کوشش میں نارسائی ہے اور کچھ نہیں اور اس کا شور بے آواز ہے اور کچھ نہیں۔ ناامیدی کے ساتھ ساتھ دنیا جہان کی امیدیں وابستہ ہیں۔ ضعف ہے اور جہد مسلسل۔ اس کے ساز کا نغمہ خیال موہوم ہے اور اس کا قلم آرزوئے محال کی تصویر ہے۔ اس کا دام خود ہوس کا شکار ہے اور اس کی صبح نفس کے گرد ایک اتہام ہے۔ ایک خونی جوش ہے جس کا کوئی رنگ نہیں اور پانی کی ایک موج ہے جس میں نمی نہیں ہے۔ آہ اگر اس نے کی تو دل میں ہی گھٹ کر رہ گئی اور آنسو ہے مگر ٹپکنے سے محروم ہے۔ مختصر یہ کہ یہی عاشقی ہے اور افسوس ہے اس شخص پر جس نے عشق کو اپنا آئین بنا لیا ہے۔

حکایت:- ایک بلی طبعاً لالچی ہونے کی وجہ سے ایک ویرانے میں رہنے لگی۔ کسی نے اس سے پوچھا کہ اے پلنگ کی خصلت رکھنے والی، تو نے کیوں اپنے پنجہ کو شکار کرنے سے باز رکھا۔ اس نے جواب دیا کہ یہاں جتنے چوہے ہیں، سب نحیف و ناتواں ہیں۔ میں یہاں ان کی محافظ ہوں تاکہ وہ سب گدھ کے حملوں سے بچیں۔ اس طریقہ سے لالچ رکھنے والوں کو صرف اپنا فائدہ منظور ہوتا ہے لیکن جب تک کسی کا نقصان نہ دیکھے، اپنا کوئی فائدہ نہیں دیکھے۔
بلی، گدھا، کتا اور چوہا، ان سب کی کہانیاں ہر طرف مشہور ہیں۔ اس دنیا میں لالچ انصاف کا دشمن ہے، یہاں قتل کردینے کا نام پرورش کرنا ہے۔ چند کمزوروں کا خون بہاکر ڈینگ مارتے ہیں، کمزوروں کو ستاکر غرور کرتے ہیں۔ کمزوروں کو خون میں غوطہ دے کر اپنی قبا کو رنگین بناتے ہیں۔ سیلاب اپنا تصرف تو کرتا ہے مگر صرف ان گھروں پر جس کی بنیاد کمزور ہے۔ دامن کوہ میں در پیدا کرنے والے پتھر کے آگے سربسجود ہوجاتے ہیں۔ ایک دن تیشہ ٹوٹنے کی آواز اس کے کانوں میں آئی کہ مجھ کو ستاکر تجھ کو پشیمان ہونا چاہیے۔ اگر بہادر ہے تو سنداں سے مقابلہ کر۔ یہ لوگ اپنی سختی سے نرمی کو دبانے والے دوسروں کی سختی سے آگاہ ہیں۔ اگر دو پتھر آپس میں ٹکرائیں تو دونوں ایک ساتھ ٹوٹ جائیں۔ ہر شخص اپنی سختی کی رو سے غیروں کی مصیبت سے اپنی پشت پناہی کرتا ہے۔ نرمی سے دوسروں کی آفت سہنی پڑتی ہے، روئی کا ڈھیر بھی ہو تو ایک چنگاری جلانے کیلیے کافی ہے۔ چیونٹی کو اپنی کمزوری کے باعث پامال ہونے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ دسترخوان پر جو غذا نرم ہے، اس کو نگل

جانا آسان ہے۔ پانی کو آسانی سے پی جاتے ہیں، چونکہ اس میں کوئی ہڈی نہیں ہے۔ اگر سخت چیز سے کوئی تکلیف نہ ہوتی تو پتھر کو بھی پانی کی طرح پی جاتے۔ سخت چیز گلے میں اٹک جاتی ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو پتھر بھی دودھ سے کم نہیں۔

نکتہ :۔ یہاں، جس کو دنیا کہتے ہیں، اس کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ یہ ایک مُغفرِ دل ہے اور جو چیز نظر آتی ہے، وہ محض نگاہ کی ایک سطر ہے جو تحریر کی شکل رکھتی ہے۔ دل علوم کی کیفیتوں کے مجموعے کا نام ہے اور علوم مفہوم معانی کے سمجھنے کا خود۔ بخود دل میں وسوسہ پیدا کرنا بھی ایک صفت ہے اور اوہام میں مبتلا ہونا بھی اپنی قدرت میں ہے۔ وادیٔ ظہور میں حصول کی تلاش غیریت کی بنا پر ہے نہ کہ اس کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے۔ جس قدر بھی ہوسکے لباس کی تلاش کر اور جہاں تک ممکن ہوسکے اپنے کو خود اپنی ذات میں پوشیدہ کر۔

قطعہ :۔ لباس کتنا ہی خوش رنگ کیوں نہ ہو، ہمیشہ گریبان میں اپنا سر رکھ۔ عالم ظاہر میں بھی، باطن کے مردوں کی طرح رہ۔ ہمارے مجاز کی عاجزی بھی حقیقت کا ناز ہے۔ کچھ بھی موسیٰ کا شوق اور شعیب کا درد دل میں پیدا کر۔ ہم نے دوئی کے خیال کا ہنگامہ برپا کر دیا ہے، ہم آئینے کی آبرو ہیں اگرچہ جلوہ عیب ہی سہی۔

نکتہ :۔ ظاہر و باطن کے رموز کا ظہور، دل کی تحریک پر موقوف ہے۔ کیونکہ اس پردہ کو اگر نہ اٹھایا گیا تو وہ مجہول اور باطل ہے۔ وہی بے نشان حرکت زبانوں پر بہ شکل بیان ہے اور نگاہوں کے لیے تماشائی اور وہی پنہاں قدرت قدموں کے لیے رفتار ہے اور ہاتھ کے لیے گرہ۔ سانس کی رفتار کے مطابق، نبض کی حرکتوں کے ساتھ امکان ہے اور تامل کے اعتبار سے، حقیقت کے غوطہ خور کی نگاہ میں اشیاء خارج کی موجودہ چیزیں ہیں۔ ازل کی ابتدا سے ابد کی انتہا تک غور و فکر کی سیر کے لیے اس کی ابتدا اور انتہا ہے۔ روئے زمین کے سمندروں کی موجوں سے آسمان کی گردش تک اس کے دائرۂ تسخیر میں ہے۔ اس کی قدرت کا سلسلہ، جوہر آئینہ کی طرح افعال اور پیچیدہ آثار تک ہے اور اس کے تصرف کی باریک جڑیں نفس کی مانند تاریکی اور روشنی کی طبیعت میں پھیلی ہوئی ہیں۔ چاہے وہ غفلت ہو یا آگاہی ہو۔ کیا مجازی اور کیا حقیقی۔ جہاں جہاں بھی طبیعت کو حقیقت کی تصویر ملی ہے، وہاں دل نے اپنی حقیقت کا مطالعہ کیا ہے اور جہاں بھی اس کو حقیقت سے بے خبر دیکھا ہے، بے نیازی کی وجہ سے اپنی کیفیت کا پتا نہیں چلا ہے۔ وہ لوگ کہ امکانی امور پر دل کی تحقیق سے پردہ کو بے نقاب نہیں کیا ہے اور ان کے اندیشہ نے، بیان کے واقع ہونے سے قبل، موجودات کے انفاس طبیعی کا مشاہدہ کر لیا ہے۔ چونکہ اکثر لوگوں کی توجہ ظاہری مشاغل میں مصروف ہے، اس لیے دل کی کتاب حقیقت کے اوراق درہم برہم

ہونے سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ ورنہ جیسا کہ نگاہ، نگاہ کے اشارے سے واقف ہے اور ہاتھ، ہاتھ کے لمس سے آگاہ، اسی طرح دل سے دل کو آگاہی ہو سکتی ہے اور غور و فکر سے ایک دوسرے کے اسرار سے آگاہ ہو سکتے ہیں۔

غزل :۔ افسوس کہ ہم نے پندار کا دامن پکڑا۔ آفتاب نمایاں تھا مگر اندھیری رات کو پسند کیا۔ دل کی غفلت سے، جو معنی ظاہر تھا، وہ پوشیدہ رہا آئینے میں سینکڑوں جلوے تھے، مگر ہم نے زنگار کی طرف نگاہ کی۔ گلشن تحقیق میں رہ کر تقلید میں رہے۔ تمام رنگینیاں تھیں مگر اپنے لیے دیوار حجاب رہی۔ روح کو جسم تصور کیا اور پھول کو ہم جیسے نافہموں نے کانٹا سمجھا۔ ساری دنیا شہود ہی شہود ہے مگر غفلت کا جادو ایسا تھا کہ اس کو اسرار سمجھا۔ یقین کو اوہام کے چکر میں ڈال دیا یعنی غور و فکر کے بدلے بولنے لگے۔ جو وہم کا سودائی ہے تو وہ غور و فکر کیا کر سکتا ہے، تنگ دل کو چھوڑ کر بازار کا راستہ اختیار کیا۔

نکتہ :۔ کیفیات ظہور کے عالم میں، بعض لوگ اپنی افسردہ طبیعت کے بموجب محض پتھر ہیں۔ بعض لوگ لطافت طینت کی بنا پر آئینہ ہیں۔ طبیعتوں کا ظاہر ہونا، حجاب کے رفع ہونے کا نتیجہ ہے یعنی کدورت کے اوہام کو دور کرنے کی مشق اور پتھر نقاب کی آرائش کے حاصل کرنے کی نقش بندی۔ یعنی صورت کی شکار گاہ کا تعلق، روشن دلوں کی طبیعت میں خاک کو زائل کرنا ہے اور سنگین دلوں کی طغیانی پر خاک ڈالنا ہے۔ لازمی طور پر، اس حالت میں باوجودیکہ نقاش کا مُوقلم جنبش میں آتا ہے۔ اس کا اثر شہود کے صفحہ پر ظاہر ہوتا ہے اور یہاں اگر خنجر و سنان ہے تو صاف لوح بھی مکدر ہے۔

نظم :۔ ہماری غفلت ہو یا تحقیق، بظاہر آئینہ ہے، جدھر بھی اندیشہ جاتا ہے، آئینہ ہی آئینہ نظر آتا ہے۔ جب بھی نگاہ اٹھائی جائے تو سامنے جلوے کی بہار کے سوا اور کچھ نہیں، اور اگر آنکھیں بند کر لی جائیں تو آئینہ بھی غبار بن جاتا ہے۔ عالم بیدمائی میں مقصود کی ناامیدی سامنے ہے۔ نگارستان میں انتظار کی امید نمایاں ہے۔ دنیا کی نگاہ میں، اچھائی یا برائی میں کوئی اختلاف نہیں ہے، یہاں جلوے سے کام ہے، آئینے تو ہزاروں ہیں۔

نکتہ :۔ خدا کے ارادے سے کوئی چیز عالم ظہور میں نہیں آتی مگر سب کے سب حیرت کی نشانیاں بن جاتی ہیں اور ذات کے ظہور سے کوئی مثال قائم نہیں کی جا سکتی مگر علامت قدرت کی صفتیں۔ باوجودیکہ خلق کا ارادہ حقیقت پر مبنی ہے اور مراد مکمل مقید ہے۔

رباعی :۔ لباس اور گدڑی میں پوشیدہ روئی کے سوا کچھ نہیں ہے، اور یہ لباس اور گدڑی بھی وہی روئی ہے۔ ذات اور صفت یہی ہے جو میں نے بیان کر دیا، اس کے بعد مخلوق اور خالق کے متعلق افسانہ طرازی مت کر۔

رمز :- تمہارے دل کی حضوری کا آستانہ کیا ہوا کہ تم دیر و حرم کے جھگڑے میں پڑے ہوئے ہو۔ وفا کے سبق کے صفحات پر تم نے کچھ لکھا نہیں تو اس کو قلم زد کیا کرتے ہو۔ بے اثری قبول کرنے پر فسردگی کی خجالت نہ کرو، تم کس قدر عبرت کے مصور ہو کہ پتھر کی طرح بت کا بوجھ اٹھاتے ہو۔ تھوڑی سی زندگی بھی غنیمت ہے۔ زیادہ تمنا و آرزو کی ہوس نہ کر۔ اپنی کوشش کو حباب سے کم مت سمجھو کہ آخر پشت خمیدہ کے پیکر بن جاؤ گے۔ کوئی شخص جو مکھی کی مانند پرواز کر سکتا ہو۔ وہ دام اور قفس کی خجالت کیوں برداشت کرے۔ ہوس کی بنا پر ساغر کی تمنا میں دماغ سوزی نہ کر۔ وہم و گمان کی بے وطنی کے خیال میں وطن سے دوری پسند نہ کر۔ علم و فن کا حاصل کرنا ندامت کا پسینہ بہانا ہے تاکہ محرومی کا خمار نہ ہو جائے۔ اگر تجھے وفا کی راہ کا رہبر مروت سے آشنا کر دے تو وہ کانٹا جو تیرے پیر میں چبھ جائے، شرمندگی کے باعث اس کو نکال کر زمین پر نہ پھینک۔ وفا کے یقین کے ساتھ تیرے تفکر کی طرف میرا گمان نہیں جاتا ہے، کچھوے کی مانند ممکن ہے کہ ردٹی کی فکر میں قدم بڑھا اور اپنے سر کو پیٹ میں چھپا لے۔ تیرے سامنے جوہر آئینہ ایک ورق ہے اور دل نسخہ طراز ہے، اگر سارا صفحہ سیاہ ہے، بجائے کچھ لکھنے کے آہ بھرتے ہو۔ لاحاصل محنت و مشقت سے درگذر کر، اس سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا۔ شجر کی مانند صبر سے اتنا کام لے کہ بغیر رفتار کے بڑھتا رہتا ہے۔ اس چمن میں کوئی صبح ایسی نہیں ہوئی جو شبنم نہ بن گئی ہو، کوشش و محنت کے نتیجے سے پرہیز کرو اس لیے کہ آخر کار سانس کے ذریعہ نمی نہ پیدا ہو۔ میں جو ناتواں اور نزار و نزار بیدل ہوں۔ تیرے دل پر اتنا گراں نہیں ہوں کہ پھول کی بو کی مانند امتحان کے وقت تو مجھ کو اپنے نفس کی آرزو میں تولے۔

اشارت :- جس آدمی نے لالچ کیا، سب سے پہلے جو کچھ اس نے حاصل کیا وہ برباد گیا۔ حرص کا جذبہ یہ تاثیر رکھتا ہے کہ خون کے پینے میں دودھ پینے کا مزہ ملتا ہے۔ ساری دنیا اس کی لوٹ کی شکارگاہ ہے، جو ہاتھ لگے اس پر قابض ہو جائے۔ وہ شخص جس کی غذا، عاجزی کی بنا پر خون ہو، جب تسلط حاصل ہو جائے تب بھی ویسی ہی رہتی ہے۔ اس بے مروتی اور حرص کے سبب ماں کے دودھ کا بھی کوئی اثر نہیں رہتا ہے۔ لوگوں کا مال کیسے محفوظ رہ سکتا ہے۔ خاص کر اس وقت کہ مفت میں حاصل ہو جائے۔

حکایت :- ایک بیدل و دیوانہ عاشق آرزو کی ناامیدی میں غرق تھا اس کا ایک معشوق ستم شعار تھا۔ خودسر، شوخ اور عاشق پر ظلم ڈھانے والا، رحم تو جانتا ہی نہ تھا۔ بات کرنے کیلئے بھی روادار نہ تھا۔ ہمیشہ ابرو دل پر بل ڈالے ہوئے اس کے لب پر تبسم نام کا بھی نہیں تھا۔ وہ ستم کوشی کے سوا کچھ جانتا ہی نہ تھا۔ وعدہ وفا کرنا تو دور کی بات تھی۔ جنون کی حالت میں آہ و نالہ کیا کرتا تھا۔ انتظار ہی میں وہ مصروف رہا۔ اس کا مقصود دلی حاصل نہیں

ہوا۔ اس کی راتیں انتظار ہی میں گذرتی رہی ہیں اور کوئی امید بر نہیں آتی۔ معشوق سے اس کو وصال حاصل نہیں ہوا اور ہم آغوشی کی حسرت انگڑائیاں لیتی رہیں۔ معشوق کے لب شیریں کا اس کو کوئی بوسہ نہ مل سکا اور برابر اس کی حسرت میں مغموم رہا۔ اپنے عزم کی چارہ جوئی کے لیے کسی استاد (عامل) کے پاس گیا (اور کہا کہ) میں جان پر کھیل جانا چاہتا ہوں۔ گویا میں وہ روئی ہوں جو آگ میں پڑی ہوئی ہو۔ میں ایک مشت خاک ہوں اور وہ بلند آسمان کی مانند۔ مٹی آسمان پر کیسے کمند ڈال سکتی ہے۔ میری مدد کیجیے اس ظالم (جفا کار) کی وصال سے میں اپنے دل کی آگ پر پانی چھڑک سکوں۔ اپنے غرور کی وجہ سے اگر وہ مجھ پر اپنی نظر عنایت سے وصال کا پیغام نہ دے تو میں نڈھال رہوں گا۔ اس عامل نے ایک عمل کرنے کی تدبیر بتائی۔ اس عمل پر کار بند ہو جاؤ اور تم کو چاہیے کہ تنہائی اختیار کرو اور جو تمہارا مطلوب (معشوق) ہے اس کا تصور دل پر قائم کرو اور اسی کے نقش پر خیال کو جمائے رکھو۔ اور جس وقت یہ عمل کرنے لگو تو بندر کی شکل تمہارے خیال میں نہ آنے پائے۔ عمل کرنے کے لیے یہ چیزیں (مذکورہ چیزیں) ضروری ہیں ورنہ اس عمل کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔ بیچارہ غریب عاشق، ناامیدی میں گھرا ہوا ماتم کرنے لگا کہ اے پاگل عامل! یہ کون سا جادو تو نے کیا کہ مجھے بندر سے آگاہ کیا۔ اگر تو یہ فسوں نہ کرتا تو بندر کی شکل دنیا سے ناپید ہو جاتی۔ اب جو خیال بھی میرے دماغ میں آتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بندر ہی ناچ رہا ہے۔ یہ فسوں عشق کی صفتوں کی بدولت ہے اور یہ عشق کی انوکھی اختراع ہے۔ اگر اس حال سے پردہ اٹھا دے تو خیال کے قفس سے رہائی مل جائے۔ لب کھول کر بات کر، نغمہ چھیڑ اور تبسم پیدا کر۔ انسانی طبیعتوں کا خاصہ ہے کہ نہی منکر پر امر معروف کا گمان کرتے ہیں۔ خاص کر کے وہ انسان جس کی طبیعت ایسی ہے کہ جتنا منع کیجیے، اسی قدر عمل ظاہر ہوتا ہے۔ دام و دانہ سے جب تک نکلنے کی کوشش نہ کرو گے تو دل خطرات کا آماجگاہ ہو جائے گا۔ مسیحا بھی ان خطرات کا علاج نہیں کر سکتا ہے۔ ہر وہ چیز جو پیدا ہوئی ہے، سمجھنے سے قاصر ہے۔ مگر جو پیدا کرنے والا ہے وہ اچھی طرح جانتا ہے۔

نکتہ: تحقیق کے آئینے سے یہ خبر ملتی ہے کہ جو کچھ غیب سے شہود میں پہنچے گی۔ اس کی حقیقت خود اسی کے محیط اسرار میں شامل ہے اور خود اسی کے آثار و علامت کا آئینہ دار ہے۔ مثلاً خیر و شر کی تقدیر کے ظہور سے قبل آنکھوں کے سامنے ظاہر ہو جانا اور فائدہ اور نقصان کے اسباب کے ظہور سے قبل دل کا تڑپنا، چونکہ ناقص عقل علوم امکانی کے حصول کے بموجب ملوث ہے لہذا یقین اور شک کے مراتب کے امتیاز کرنے میں اور شبہہ و تلقین کے اوہام کی عبارت سمجھنے میں تحقیق کی بنا پر شبہہ کا ہونا ناگزیر ہے۔ یقین کے اسرار کے انکشاف کرنے میں بے اختیار تغیر کا ہو جانا

لازمی ہے۔ اگر اسرار کے غلوت تک کسی رسائی ہوجاتی تو یہ تغیرات پیدا نہ ہوتے، اگر شہود کی گرہ کھل جاتی تو وہ خاموش رہتا، لہذا تیری مثال ایسی ہی ہے کہ ساری حقیقتیں عقل کے بغیر تجھ پر روشن ہیں اور تو ایسا ہے کہ امتیاز کے باعث حجاب میں پڑا ہوا ہے اور یہی ناقص عقل کی معلومات حقیقی شہود کے مانع ہیں جو ایک دوسرے سے حاصل ہوئے ہیں نہ کہ عقل کل سے جو اس کیفیت پر ذرا بھی نظر نہیں ڈالتی۔

رباعی :- کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ہم نے ستم کی دکان لگا رکھی ہے، آفتاب کو ہم نے تاریک مٹی کے عوض بیچ ڈالا ہے، ہماری تمیز سے قبل کثرت حقیقت میں وحدت تھی، لیکن ہم آئینہ بن گئے اور عکس پیدا ہوگیا۔

نکتہ :- غیر تعینی کے باوجود عبارت میں تغیر ہمارے تعین کی وجہ سے ہے یعنی وہم کا حصول ظاہری ہے اور عین بے صفتی کی اصطلاح ہے۔ یعنی خود نمائی کے اوضاع کا تغافل معدوم ہے۔ بے ذات کی صفت سے اس پر غور کرنا چاہیے اور بے صفت کی ذات موہوم ہے۔ کوئی چیز ظاہر نہیں کی جاسکتی ہے، جب بھی صفت کے ساتھ موسوم ہوتے ہیں تو خود ذات ہوتے ہیں اور اگر پورے طور پر ذات ہوتے ہیں تو گویا ہم صفات بن جاتے ہیں۔

غزل :- تم توہم کے سمندر کے موتی ہو نہ تو سفر اختیار کرو اور نہ اقامت۔ تمہارا قدوم اور حدوث تخیل کی بنا پر ہے، اس میں نہ تو شکست ہے اور نہ سلامتی ہے۔ تمہارا چمن حقیقتاً بے خزاں ہے اور تمہارا وطن جاودان عیش گاہ ہے کسی قسم کے غم کا خیال نہ کرو کیوں کہ تم نہ عبرت ہو اور نہ ندامت۔ فلک پر تمہارا فروغ ہے اور زمین پر تمہارے دم سے بہار ہے، تمہاری مثال ایسی ہی ہے جیسے چمن کے لیے ابر، پھول کے لیے باد نسیم اور ہر جگہ تمہاری کرامت کا ظہور رہے۔ جب تم خود اپنے اوپر نظر ڈالو تب از خود رفتہ ہوجاؤ اور تغیر پیدا کرلو، مگر تم ایسا ہنر کرو کہ ہم کو یہ کہنا پڑے کہ تم کیا ہو۔ تمہارا بیان ایسا ہو کہ پوری شریعت پر حاوی ہو اور تمہارا عمل طریقت کی پوری شان رکھتا ہو۔ خیال کی نگاہ میں تو سراپا خیر حقیقت ہے تم (فی الجملہ) قیامت ہی قیامت ہو۔

نکتہ :- ہر حال میں کرم کے معنی یہ ہیں کہ لوگوں کی طبیعتوں کو سرور پہنچانے میں کوشش کرے اور ہر وقت لوگوں کے دلوں کو راضی کرنے میں کوشاں رہے۔ غریبوں کو روپے پیسے سے مدد کرے اور بیماروں کو عیادت اور تیمارداری سے خوش کرے۔ اندھوں کی دستگیری کے لیے ان کی عصا بن جائے، جو راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں، ان کی رہنمائی کرے۔ اور جو آبلہ پا (مجبور) ہیں ان کو رفتار پر مجبور نہ کیا جائے اور مغروروں کو دعوت میں شریک نہ کرے۔ جو لوگ ضعیف و کمزور ہیں، ان کے سامنے اپنی زور آوری کا اظہار نہ کرنا اور مفلسوں کی نگاہ میں اپنی خود آرائی کے مظاہر سے اجتناب۔ قبروں پر فاتحہ خوانی کرنا اور خشک زمین کو سیراب کرنا اور پودے لگانا۔ جو نگاہ سے پوشیدہ ہیں

ان کو نیکی سے یاد کرنا اور جو لوگ نظر کے سامنے ہیں ان کے سامنے لطف و مدارات کرنا۔ المختصر زبان جہاں تک یاری دے اظہار خیال میں اصول و قواعد سے تجاوز نہ کرے اور جہاں تک ہوسکے کسی سے بھی عذر خواہی کے سوا اور کوئی طریقہ اختیار نہ کرے۔ اس دنیا سے جو کچھ بھی حاصل کریں وہ جود و سخا ہونا چاہیے اور ہاتھ سے جو کچھ بھی حاصل کرے، وہ مروت اور وفا کا شیوہ ہو۔

رباعی:۔ اہل ہمت کی طبیعت کے مطابق بیدلؔ ان صورتوں میں سخا کے آثار کا مظاہرہ کرتا ہے۔ جو لوگ بےخبر ہیں ان کو نصیحت سے نوازنا اور غریبوں کو مالی امداد پہنچانا، جو اپنے سے چھوٹے ہیں ان سے لطف و محبت سے پیش آنا اور جو لوگ عمر میں بڑے ہیں، ان کی خدمت کرنا۔

نکتہ:۔ احوال کے ظہور کی تصویریں، خیال کے آئینے میں دیکھنا ہے اور صورتوں کی کیفیت ہیولیٰ میں مشاہدہ کرنا ہے۔ پتھر کی طبیعت میں آگ کو بے حجاب کرنا ہے چونکہ قوت ادراک کو اس طرح کے واقعات میں زیادہ تر معاملہ امتحان سے ہے اور بیداری کے عالم میں تخیل کی کارفرمائی دو حالتوں کے تقابل کی رو سے سود و زیاں ہے۔ کیونکہ ایک کا تعلق انتہائے ضعف سے ہے اور دوسرے کا تعلق اعلیٰ درجہ کے قوت سے ہے۔ نتیجے کا حصول اعتدال پہ ہے اور اتفاق کی رو سے ایک کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ کبھی معتبر ارادے کے مطابق اور کبھی اس کے خلاف۔ یہی سبب ہے کہ انبیاء کے خواب کی تعبیر کرنے میں اختلافات پائے جاتے ہیں باوجودیکہ گروہ انبیاء کو مثال کے عالم میں بھی صورتوں کے ظہور کے اسرار، جن پر تجلیات کا اتمام ہوتا ہے شہود ہیں۔ اور صورتوں کے کیفیتوں کے جلوہ گاہ میں، اسی طرح مثال کے اسرار جو لطافت حقیقی کے تقرب کا سبب ہے، نمودار ہوتے ہیں۔ لہٰذا مثالی صورتیں ایک کیفیت ہے جس کو دیکھنے کی کوشش کرنا بے سود ہے اور سوائے آنکھوں کو بند کر لینے کے کوئی چارہ نہیں ہے۔ بعض ایسے حالات کا وقوع پذیر ہونا عجائب و غرائب میں ہے اور ایسے مطالب کی نشانیوں کا ظہور نادر حادثات میں ہے۔

قطعہ:۔ شاہد قدرت، جس کا ظاہر و باطن یکساں ہے، غیب کی دنیا میں اس کا عالم دوسرا ہے اور عالم شہود میں وہ دوسرا ہے۔ نیرنگی کی تجدید کا مطالعہ کیا بیان کیا جائے۔ ہر عبارت میں نت نئے معانی کا لطف ہوتا ہے۔ یہاں بے نیازی ہے، جلوہ پر انحصار نہیں ہے۔ جس طرح سے بادشاہ جلوت میں کچھ اور ہے اور خلوت میں کچھ اور۔ ہستی کے اعتبارات جلووں سے لبریز ہیں، صورت کچھ اور ہے مگر وہی آئینے میں دوسرے رنگوں میں نظر آتی ہے کثرت کی اداؤں کی نیرنگی کا میں واقف کار نہیں، اتنا جانتا ہوں کہ وحدت کی شخصیت کچھ اور ہے۔

غزل اے تحقیق کے دشمن، تم بیکار اپنے دل کو وسوسے سے پریشان کر رہے ہو۔ تم تو آئینہ تھے اس کو کس امید پر توڑ دیا۔ یہ کیسا خیال ہے کہ جسم میں قید رہ کر آزادی سے بیٹھے ہو، تم نے تمہارے دماغ کو آشفتہ کر دیا ہے تم کو اس بات کا غرور ہے کہ تم آزاد ہو چکے ہو۔ موج اور گوہر کی مثال اس بات کی آئینہ دار ہے، کمند کے جال میں گرہ پڑ گئی ہے اور تم سمجھتے ہو کہ وہ گرہ ٹوٹ چکی ہے۔ فرصت کی تماشا گاہ میں افسردہ خاطر نہ ہو، تم جس کوچے میں ہو اس میں سانس آئینے کو مکدر کر دیتا ہے۔ کوئی کیا کرے تم نے کسی چیز پر تامل کی نگاہ نہیں ڈالی۔ تم مست ہو حالانکہ تمہارے ناز کا پیالہ خالی ہونے کو ہے۔ تمہارا دل اپنے خیال کے مطابق، تغافل کا سحر پسند نہیں کرتا ہے۔ ہوس کی بنا پر ناز اشارہ کر رہا ہے کہ تمہارے ہاتھ میں آئینہ ہے۔ سانس کی مانند وحشت کی پُر افشانی کو غنیمت سمجھو، جب تم بے عمل ہو گئے تو گویا دونوں جہاں بے رونق ہو گئے۔ تحقیق کا یہی ثمرہ ہے کہ نگاہیں بند نہ رکھی جائیں، آنکھ کی خیرگی سے پرہیز کرو اور آفتاب پر نظر نہ جمائے رکھو۔ ہمت کی مانند پستی اور بلندی پر نگاہ ڈالو۔ بلندی میں تم اگر عرش کی مانند ہو، آنکھ جھپکتے ہی تم کو اپنی پستی نظر آجائے گی۔ اگر میں باوجود ساری کوششوں کے کنارے تک نہ پہنچ سکا، تو نے بھی اے موج اس سمندر میں کیا کھویا کیا پایا۔ دل کی طرف متوجہ ہونے کی چند ساعتوں کو غنیمت سمجھو۔ پاؤں میں آبلہ پڑ جانے کی حالت میں سفر کے کتنے مرحلے طے کر سکو گے۔ میں کہ بیدل ہوں۔ اس بزم میں آنکھیں نہیں کھولیں، شبنم کی طرح ہستی کی خجالت کا پسینہ معدوم ہو گیا۔

اشارت:۔ انسانی جسم کی کھیتی میں اگرچہ لاکھوں دانے سے مدد حاصل کرتا ہے۔ لیکن گیہوں کی نت نئی مثالیں ہیں، اس کے خوشے گویا قفس اور دام ہیں۔ اس کے خوشے نے مٹی کی خاصیت میں ایک تل کی شکل اختیار کر لی ہے جس کو دیکھ کر ایک دنیا محو حیرت ہے۔ اس کے بارور ہونے میں رگ و ریشے نے بڑی کاوشیں کی ہیں۔ تالا بھی نہ کھلا اور احساس بھی جاتا رہا۔ گرہ بھی پوری طرح نہ کھلی اور سیکڑوں وسواس پیدا ہو گئے۔ وضع تو آغوش تھی، مگر کوئی ربط نہ تھا، فتنہ بے حس و حرکت تھا جس طرح عورت کی حقیقت۔ بیضہ ہے اور اس کے قفس کی لب کشائی محل ہے اور اس کے جرس کی سینہ چاکی۔ آنکھ ہے لیکن دل کے بوجھ سے جوش زدہ ہے، ہے تو خالی مگر آغوش سے کسا ہوا ہے۔ زخم کی بخیہ گری کی گئی ہے شمع سخت تو ہے مگر اس کا فتیلہ جلا ہوا ہے۔ پرسوز لبوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دیا ہے فتنہ سرگرم عمل ہے اور آنکھ کھلنے کے لیے بیتاب ہے۔ اسی پیکر سے جس کا نقاب اٹھ چکا ہے۔ آدمی کی کشتی پانی میں ڈوب چکی ہے۔ انقلاب سے اس نے سو طریقے سے سبق حاصل کیا ہے، پل اور کشتی دونوں زیر و زبر ہو گئے۔ پس اسی طرح از سرتا پا ایک جانب آدم سے لغزش ہوئی۔ یہ وہ گندم ہے جب اس نے اپنا لبِ تبسم کھولا۔ جوش و خروش

کے ساتھ موج نے طغیانی کی۔ وہ تبسم بظاہر دوری نہیں رکھتا تھا مگر قربت بھی دیرپا نہیں تھی۔ وہ غفلت کا تبسم ایک تیغ تھا جس نے وحدت کی نسبت سے اس کو الگ کر دیا۔ کلی اس کے خرمن کے لیے تشویش بن گئی اور اس کے دامن پر گویا شکن پڑ گئی۔ بیضے کے بال و پر میں طپش پیدا ہوئی اور منزل کے لیے ایک راستہ پیدا ہو گیا۔ زخم میں بالیدگی پیدا ہوئی اور عافیت زائل ہوئی۔ آنکھ نے اپنی پلک کھولی اور بھوں بن گئی۔ نیرنگی کے سوا جو کچھ خیال میں آیا، اس دانے نے بال و پر کی صورت اختیار کر لی ابتدا میں اس نے مٹی کی صورت اختیار کی اور پھر آدمی کی شکل بنی۔ آخر میں نشوونما کی آبیاری سے، نفس و ہوا کی سحرکاری خوشہ کی شکل میں نمودار ہوئی۔ آگاہی اور غفلت سے دوچار ہوئی اور نور و ظلمت کا ظہور ہوا۔ خدائی بندگی میں تبدیل ہو گئی اور جدائی کی وجہ سے یہ انقلاب کی صورت رونما ہوا۔ صورت ہی سے جدائی ہویدا ہے، گندم سے ملاپ کا راز عقل کے ذریعہ سے سمجھا نہیں جا سکتا۔ پردہ چاک ہونے ہی کی وجہ سے کثرت نمودار ہوئی اور وحدت دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو گئی۔

اشارت:۔ گرچہ گوشہ نشینی آفتوں کی پناہ گاہ ہے۔ موت سے بچنے کی کوئی صورت نہیں۔ چاہے سمندر ہو خواہ کنارہ ہو موت زندگی کے پیچھے لگی ہوئی ہے۔ جو بھی سمندر سے نکل کر بھاگا اس کی وحشت نے اس کو ساحل پر دبوچ لیا۔ کسی جگہ آ کر اس کے پاؤں میں لغزش ہوئی اور ساحل نے اس کو سمندر کی تہ میں پہنچا دیا۔ قصاب کے پنجے سے گائے نکل بھاگی، اور صحرا میں گم ہو گئی۔ شیر نے یکایک اس کی گردن دبا دی اسی طریقہ سے ہر شخص اجل کے ہاتھوں مرتا ہے۔

نکتہ:۔ ساری مخلوقات فطری مصلحت کے اعتبار سے محتاج ہے اور ہر شخص کی مقصد برآری اس کی صلاحیت سے ظہور پذیر ہوتی ہے اور اس کے ذوق کی مشغولیت دوسروں کی امداد کی گھات میں لگی ہوئی ہے اور زبان مطلب کے حصول کے لیے خود ہی محتاج ہے کہ دل کو جمعیت حاصل ہو اور تصویر اپنی خاصیت کی بنا پر اس کوشش پر مائل ہے کہ انعام دینے والے کا احسان لے۔ پتھر ہو یا پھول دونوں اپنی رونق کی تکمیل میں سورج کا محتاج ہے۔ پھول اور پتھر کی رونق بڑھانے میں آفتاب بھی اپنا جوہر دکھاتا ہے اور بیچنے والا جنس کے بدلے میں نقد کو فائدہ سمجھتا ہے اور خریدار نقد کے بدلے میں جنس کو غنیمت سمجھتا ہے۔ بیچنے والا نقد حاصل کرنے کے خیال میں مصروف ہے اور خریدار جنس کے انتظار میں ہے یعنی جب تک آپ دوسروں کی مدد نہ کیجیے اپنے مطلب کے حصول کی امید مت رکھیے۔ پس احسان کرنے والا احسان کرنے پر مجبور ہے اور محتاج طلب کرنے پر بے اختیار ہے۔

رباعی :- احسان کرنے والے کی آواز کو لوگ بخشش کا اعلان سمجھتے ہیں۔ سائل کی آواز کو دعا جانتے ہیں۔ فقر و غنا ایک پُر شوق نغمہ ہے کیونکہ ہر ساز کی لَے جدا جدا ہے۔

نکتہ :- کریموں کی طبیعت میں تاثیر موج کی طرح پانی میں پیچیدہ ہے اور بخیلوں کی فطرت ایسی ہے جیسے پتھر ے نرمی کا نہ ہونا اور سخی کی طبیعت اپنی نزاکت کی زیادتی سے سائل کی زبان اس کے دل پر نشتر کا کام کرتی ہے اور اس کا رحم و کرم غفلت کی تاب نہیں لا سکتا اور بخیل کی فطرت اپنی سختی کی زیادتی کی وجہ سے اس کی طرف توجہ نہیں کرتی ہے توجہ بہانہ سازی کی رکاوٹ ہے۔

رباعی :- خمار و مستی کا سرمایہ کرم ہے۔ ہر بلندی و پستی کا سرچشمہ کرم ہے لوگ سمجھتے ہیں کہ زندگی کا بدلنا موت ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ زندگی کرم ہے۔

نکتہ :- دنیا کے سربرآوردہ لوگوں کے تامل کا سر شمع کی مانند پاؤں تک نہ پہنچے تو پریشان نظری باقی رہتی ہے اور اندیشہ کا سر جب تک ساغر کے زانو تک نہ پہنچ جائے تو کلفت دور نہ ہو اگر معنی کے بہار سے خوشبو دور کر دی جائے تو پوری عبارت میں رنگینیاں ختم ہو جائیں گی اور اگر حقیقت سے الگ کوئی راہ نکالی گئی تو عالم میں اس قدر ہنگامہ آرائی نہ ہو۔ ساحل پر رہنے والے لوگ ہمیشہ موج و کف گنتے رہتے ہیں اور جو غوطہ زن ہیں وہ بالکل بے خبر ہیں اور جو گریبان کی حقیقت سے ناواقف ہے اس کی سلامتی کے لیے دست التجا دراز کرتا ہے اور اپنی نادانی پر خیالات کی الجھن میں پڑ جاتا ہے۔

غزل :- اگر تم اپنے کو نہیں دیکھتے ہو تو اس کے دیدار کے سوا دنیا کچھ نہیں ہے۔ خودی ایک آئینہ ہے اس کا اظہار نہیں کیا جا سکتا۔ دنیا کے نشیب و فراز کی طرف مائل ہونا کیا ضروری ہے۔ تم کو خود اپنی خبر نہیں ہے تم دنیا کو کیا سمجھو گے؟ اپنے اعتبار کے سرمایہ سے گویا تیرا یہ بڑا کمال ہے کہ دنیا کے ہر جنس کو دیکھ کر اس پر فریفتہ ہو کر اس کے خریدار بن جاتے ہو۔ عالم امکان سے تم نے اس قدر سامان بہم کر لیا اور اس کے مالک بنے۔ اتنی کوشش کے باوجود بھی نتیجہ یہ ہوا کہ گدھے اور اس کے بوجھ کی فکر میں پڑ گئے۔ دکان میں مختلف قسم کی جنسوں کو اتنا جمع کر لیا کہ خود خجل ہونا پڑا اور خود ہی خریدار بننا پڑا۔ ایسی حالت میں بازار میں آگ لگا دینی چاہیے۔ تیرے دل کے شعلے بجھے ہوئے ہیں اور بیجا خواہشات کا شوق بھڑکا ہوا ہے۔ آسمان کی گردش کا رنگ دیکھتے ہوئے شرمندہ ہو اور ان سے باز آ۔ اپنے کو خدا کے حوالے کر دے تا کہ دنیا کے مخمصوں سے نجات پا جائے اور جب قطرہ دریا میں مل گیا تو دریا جانے اور اس کا کام۔

نکتہ :- عبارات میں جب جدت ظہور پذیر ہوتی ہے تو کہنگی جاتی رہتی ہے اور انسان کے اپنے مادمن کی تازگی، مایوسی تک پہنچ جاتی ہے اور افسردگی پیدا ہوتی ہے اور انجام کار سارے دیوان کی عبارت کا انداز مقطع کی شکل رکھتا ہے۔ بے دماغوں کی بغیر محنت کے لکھی ہوئی تحریروں کے جملہ اجزاء بھلا دیئے جانے کے قابل ہیں اور تغافل شعاروں کی تحریریں فراموش کر دینی چاہیے اس لیے کہ کوئی معنی نہیں رکھتی ہیں جس کے مفہوم تک رسائی ہو سکے اور اوراق کو الٹنے بھی نہیں اور جب تک لفظ تحریر میں نہ آئے اس وقت تک آنکھیں کھلی رکھیں اور صفحہ کی عبارت کو مٹا نہ دیں۔

نظم :- اس بے بنیاد دنیا کی ہر چیز ایک مٹھی خاک ہے جو ہوا کے زیر حکومت ہے۔ وقار کے امتحان کے وقت بے ثباتی اپنے محل کو ہوا میں اڑاتی رہتی ہے۔ ثبات کا رنگ تمام تر پرواز ہے۔ پہاڑ بھی اپنی آواز کے ساتھ رواں دواں ہے۔ وجود و عدم کا خیال شمع کے اوپر اپنی حقیقت مبہم کی بنا پر روشن ہے۔ ہم پوری کوشش میں لگے ہوئے ہیں اور مدعا نامعلوم ہے۔ میں سراپا ہوش ہوں اور آگاہی مفقود ہے۔ ہماری کوشش فطری حرکت ہے۔ میری ہستی کا مدعا ظاہر ہے۔ انسان کے اندر اچھائی یا برائی جو کچھ بھی ہے وہ خود اس کے آئینۂ حقیقت کا عکس ہے۔ جو نقش خود ہی موہوم ہے اس کے لیے علم کیا، فن کیا، اور جو شخص معدوم ہے اس کے لیے مادمن کیا (یعنی انا کیا ہے)۔ اگر اپنی حقیقت پر نظر رکھو تو اپنی فطرت سے آگے پاؤں نہ بڑھا سکو گے۔ انسان جب گیا تو معدوم ہو گیا اس کا عکس تو ہے مگر اس کا حکم معدوم ہے ہستی جو عدم سے ظہور پذیر ہوئی ہے، اس کو پھر عدم ہی سمجھنا چاہیے۔ عدم میں ہے پھر بھی اس کو یہاں اپنی ہستی پر ناز ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ انگور کی رگ میں نشہ ہو۔

غزل :- اپنی ذات سے بے خبر نہ رہ دل کی جانب بھی نظر کر۔ اے گلزار حسن سحر ایک آئینہ ہے۔ اس دنیا میں تیرے جیسا کوئی نہیں۔ پھولوں کی نیرنگی میں تو گلاب کا پھول ہے اور تو ایسا سرو ہے جس میں ایک سے ایک پھل ہے۔ نشو و نما کی ہوس میں بقا کا خیال لایعنی ہے ورنہ فنا کی مملکت میں کسی ہنر میں ناامیدی نہیں ہے تیرے بغیر میری شمع ایسی ہے جو اپنا وجود نہیں رکھتی ہے۔ میرے سراپا اگر ڈھونڈو گے تو ناکامی ہوگی۔ حباب جس قدر بھی اپنا جوش دکھلائے دریا کی شوکت و شان میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ ہم لوگوں کی مثال ایسی ہی ہے جن صیقل دے کر چمکایا گیا ہو جو دیکھنے میں آئینہ ہے مگر اس کی اصلیت کچھ اور ہے۔ میری انجمن اور خلوت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ آئینہ ایک ایسا گھر ہے جس کا دروازہ باہر کھلا ہوا ہے۔ ہر طرح کے رنگ میں فنا کی کرشمہ

یہاں ہے۔ ہر ساز میں روانی ہے اور اس میں رنگا رنگ ہے۔ پردہ میں سو رنگ کے در ہیں۔ جیسے چمن میں ابھری ہوتی ہے۔ شیشہ گر کا ہنر اس کی صنعتی صلاحیت میں پوشیدہ ہے۔ ہوس کی وسیع وادی کسی کی اقامت گاہ نہیں ہے۔ عجز کے دامن تک رسائی اسی کی ہوگی جو سفر کی مشقت برداشت کرے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ آرزومند کی ہر آرزو پوری ہو۔ جب تک کہ دماغ میں تری نہ ہو سر کا بال بڑھ نہیں سکتا۔ دنیا کی مثال میرے نزدیک اس سحر کی مانند ہے جو جگر کا خون کر دے۔ عدم کی آئینہ بندی کرتے ہیں تاکہ باخبر ہو سکوں۔ اس حقیر دنیا کی لذت نے میری بانسری پر سحر کر دیا ہے۔ اے نالہ اس بات پر ماتم کر کہ تیری شیرینی جاتی رہی۔ اے بیدل آغاز کا خیال چھوڑ اور انجام کی فکر مت کر۔ شرر کو اتنی پائیداری کا موقع کہاں ہے۔

نکتہ :۔ اعتبارات جسمانی کے لحاظ سے ارواح اور مثال کے بارے میں گفتگو کرنا مہمل ہے اور عالم اجسام کے مفہوم کو بغیر مثال و ارواح کے سمجھنا ہے۔ جسکے ظاہری اثرات سے روح کی مخفی حقیقت کو سمجھنا ہے۔ جیسے کہ مٹی میں پیالے کی حقیقت اور روح کو اجزائے جسمانی میں گوشہ گیر سمجھنا چاہیے۔ جیسے کہ دل کے اندر خیال کا وجود۔ اور جب تک صورتوں کا ظہور نہیں ہو ہیولی کے مفہوم کو ظاہری و باطنی صورت میں سمجھنا ہے اور ہیولی کی صورت کو جو ایک معما ہے اس کی کیفیت کو واضح کرنا ہے اور اگر ہیولی بے صورت ہے تو اس میں جوش ظہور کہاں۔ اور اگر صورت قدرت کے لباس سے عاری ہے تو ہیولی کو کون لباس پہنائے گا۔

قطعہ :۔ باوجودیکہ خاک پھول کے ہیولی کو بناتی ہے۔ جب تک پھول کھلے تو وہ خاک کا ہیولی بن جاتا ہے۔ آئینہ کی صفائی کے راز کو میں نے کھولا تو کدورت ظاہر ہوئی جو اشک کے ذریعہ پاک ہوئی اور جب پھر اس پہ نگاہ ڈالنے کی نوبت آئی تو اس میں اور پتھر میں کوئی فرق نہیں پایا۔ آفتاب اگرچہ رات کے وقت زمین کی تہ تک چلا جاتا ہے پھر روزانہ تم دیکھتے ہو کہ وہ آسمان کی بلندی پر روشن ہے۔ دنیا کا اعتبار بے سر و پا ہے۔ مخلوق توہم کے پیچ و تاب میں پڑ کر ہلاکت میں پڑ جاتی ہے۔

نکتہ :۔ جن کا اندیشہ توہم میں مبتلا ہے وہ نادانوں کے ہم سبق ہونے پر مجبور ہیں اور جب تک کہ مادمن کا خیال ان کے دلوں میں ہے وہ مکتب کے بچوں کے ہم سبق ہونے پر مجبور ہیں۔ جو شخص پانی میں پڑا ہوا ہے، خشکی پر آنے کی خواہش اس کی فطرت میں داخل ہے اور جو شخص آگ میں پڑا ہوا ہے اس کا دھوئیں میں دامن کا بچانا تعجب کی بات ہے۔

رباعی :۔ زندگی جان کنی اور مصائب کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ موت کی دنیا میں عیش کا حاصل کرنا ناممکن

ہے۔ دنیا میں رہ کر دنیا والوں سے جدا رہنا غلط ہے۔ مل جل کر زندہ رہنا زندوں کے ساتھ ہے مردوں کے ساتھ نہیں۔

نکتہ:۔ دنیا اضداد کی تماشہ گاہ ہے۔ استعداد کے مرتبہ کے مطابق نیرنگی کے تماشہ گاہ کو جب تک سمجھنے کی کوشش نہ کرو گے حقیقت کی تہ تک نہیں پہنچ سکو گے اور جب تک غور و فکر نہ کرو گے۔ اس وقت تک اس کے مفہوم کو سمجھ نہ سکو گے۔ ساری عمر فضول کاموں میں لگائے رکھنا تب کہیں پاؤں دامن میں سمیٹ کر راحت پانا اور جب تک دنیا کے لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم رکھو گے تب کہیں تنہائی کی قدر و قیمت جان سکو گے۔ نفع و نقصان کے تجربہ میں ان دونوں کی کیفیت پر اپنا اختیار سمجھنا نادانی ہے۔ نفع و ضرر کے امتحان کے بغیر ان دونوں کے اثر کو لازم سمجھنا فطرۃً آسان ہے۔ جس کسی پر لوگوں کی صحبت کے مخالف اثرات ظاہر نہ ہوں گے تنہائی کی جمعیت اور اطمینان کا لطف معلوم نہ ہو سکے گا۔ اور جن کی راہ میں کانٹے نہیں بچھائے جائیں اس کو محنت و مشقت سے نجات نہ ہوگی۔ اگرچہ صحبت میں ہزاروں فائدے ہیں لیکن اس بحث کا اصل گوشہ نشینی کی قدر کو جاننا ہے۔

قطعہ:۔ کسی کو بھی کثرت کے ہنگامہ کے بغیر تنہائی کی طلب نہ ہوئی سلامتی کی خوبی آفت میں پڑے بغیر کوئی نہیں جان سکتا۔ آرام کی کیفیت کو کوئی اس وقت تک نہیں جان سکتا جب تک کہ رنج و مشقت میں مبتلا نہ ہوا ہو بیار ہی کو صحت کی قدر معلوم ہو سکتی ہے۔ قطرہ موج کے خوف سے صدف میں چھپ جاتا ہے۔ جو لوگ تنہائی پسند کرتے ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ صحبت سے تنگ آگئے ہیں۔ جب تک کہ آنکھ برے بھلے کو ایک عرصہ تک دیکھتی نہ رہے اس کو یہ علم نہیں ہو سکتا کہ جمعیت حیرت انگیز ہوتی ہے۔ دنیا کے لوگ تماشہ سے اپنی آنکھیں بند رکھیں۔ تب معلوم ہوگا کہ یہ دنیا جائے عبرت ہے۔

نکتہ:۔ انسان کی روح کی مثال ایک معشوق کی سی ہے جو اپنے کمال حسن سے ناواقف ہے۔ اس کے کمال کے آفتاب کے روشن ہونے پر ادراک ہوا۔ عقل ایسا سرچشمہ ہے جس سے حیا کا مفہوم پیدا ہوتا ہے اور حیا ایک ایسا آئینہ ہے جس سے ایمان کی حقیقت نمودار ہوتی ہے۔ عقل اگر فہم و ادراک کے میدان میں اپنی برتری کو ثابت نہ کرتا تو کوئی شخص بھی خدا کے آگے سر تسلیم خم نہ کرتا۔

رباعی:۔ جب تک انسان حقیقت سے باخبر نہ ہو اس کی نظر عبرت تک نہیں پہنچ سکتی۔ ذات کی ہستی سے اس کے ناپید ہونے تک جو چیز اس نے سمجھا اس سے اس کا جگر خون ہو گیا۔

نکتہ:۔ کسی بزرگ سے لوگوں نے پوچھا کہ "إن مع العسر یسرا" کے رو سے مشکل کی عقدہ کشائی تدبیر کے

ذریعہ سے نہیں ہوسکتی اور انسان مشکل کو حل کرنے کی فکر میں لگا ہوا ہے اور سہولت کے حصول کے لیے جاں فشانی کرنا کیا ضروری ہے اور موت کی دشواری کس طرح آسان کی جائے۔ بزرگ نے فرمایا! ایثار کرکے۔ سمجھنا چاہیے کہ زندگی غور و فکر کی قوت ہے اور اسباب کے تعلق کو سمجھنے میں مصروف ہے اور جب موج کے پیچ و تاب نے گرداب کی شکل اختیار کر لی تب علائق سے اس کی توجہ منقطع ہوگئی اور عالم اطلاق سے بے تعینی کی حقیقت واضح ہوگئی اور جب موج نے پیچ و تاب کے پھندے سے چھٹکارا پالیا تو دریا کی ہمواری میں شامل ہوگیا۔

رباعی :۔ دنیا میں فطرت کا رنگ جداگانہ ہے اور مخلوق کو اپنی ہمت پر جداگانہ ناز و غرور ہے۔ اس توہم سے جس کو مجاز کہا جاتا ہے اگر اس پردے کا اظہار کریں تو حقیقت دوسری ہی نظر آئے گی۔

نکتہ :۔ سخا کی کیفیت بڑی نزاکت سے بنائی گئی ہے۔ جب سخی نے سائل کو ممنون سمجھا تو مروت کا جوہر زائل ہوگیا اور جب سخاوت کرنے والا اپنے کو محسن گمان کیا تو حیا کی حقیقت زائل ہوگئی۔ یہی وجہ ہے کہ بارش پھول اور کانٹے پر یکساں ہوتی ہے تاکہ پھلدار درخت سے اس کو شرمندگی نہ اٹھانی پڑے اور آفتاب پتھر اور مٹی پر یکساں طور پر اپنی روشنی ڈالتا ہے تاکہ لعل و یاقوت پر تربیت کا احسان نہ رہے۔

رباعی :۔ احسان و فاکیشی سے بہتر ہے۔ درویش کے چہرے کی تابانی اندیشہ سے پرے ہے۔ کسی شخص کی حاجت مندی کی رسوائی دیکھی نہیں جاسکتی۔ جو زیادہ سخی ہے وہ زیادہ حیادار ہے۔

غزل :۔ تیری فطرت کے دامن کو کس نے کھینچا کہ تو ما و من کی دنیا میں سیر کرنے کے لیے آیا۔ تم دوسری ہی نیا کی بہار ہو۔ اس چمن میں کیسے آگئے۔ یہ بڑا ستم ہے کہ جنوں کے گریبان کو عقل و آگہی کی سحر چاک کردے۔ وہ کون سی ہوا تھی جس نے تیرے پردہ میں آگ لگا دی تو نے پیرہن کو اتار پھینکا۔ شکل و صورت کے لیے ہوس کی کیا ضرورت پڑی کہ بارگاہ ایزدی کو چھوڑ کر برہمن کے ملک میں داخل ہوگئے۔ عدم سے تم جدا نہ ہوئے اور نہ اس سے ایک قدم آگے بڑھے۔ مگر اتنا ہوا کہ اپنے خیال میں آنے کا خیال پیدا ہوا۔ نہ تو سفر کا کوئی بہانہ ہوا اور نہ جنوں نے تگ و دو کی اور اس کو اتنا معلوم ہوا کہ وطن سے اجنبی ملک میں آگئے۔ نہ تو تیرا لب نغمہ سنج ہوا اور نہ سانس نے تنگدلی کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ عدم نے شیشہ کو پتھر پر دے مارا تب کہیں تو آواز پیدا کرنے کے قابل ہوا۔ کس قدر تیرے معنی کے تجرد نے لفظ کے تصنع کا دروازہ کھٹکھٹایا کہ تسبیح کے تار نے یک زبان ہوکر سیکڑوں دہن کا طواف کر لیا۔ ایسا کیوں ہوا کہ بلند مرتبہ قبا جو اطلسی تھا اور ملکوتی تھا۔ اس کو دو گز کفن کی خاطر چاک

کردیا۔ مرد و زن کی عبرت کے ہنگامۂ یاس کا پر یہ کہ رہا ہے کہ تو محفل میں شمع کی طرح جلنے کے لیے کیوں آیا ہے۔ سایہ اور آفتاب کے مزاج میں دوئی کو نہ سمجھ سکا۔ میں اگر تیری جگہ نہیں لے سکا تو تو میری جگہ پہ کیسے آگیا۔ بے خبر بیدلؔ کی طرح ہوس میں دنیا کا اعتبار نہ کرو۔ موتی بننے کا شوق ایک مصیبت ہے کہ تو خود شکن موج کی طرح بن گیا ہے۔

اشارت :- اے شرر تو نے سنگ کے دامن کو پکڑ لیا ہے۔ دیر سویر کی فکر میں کب تک لگا رہے گا۔ آگہی کی ایک نگاہ ڈال کر سراغ سے باہر نکل آ۔ ایک قدم بڑھا کر چراغ کی روشنی کے ساتھ باہر آ۔ راز کی بتی بہت سخت ہے۔ ناخن کو جمع کرو پگھلنے کی فکر کے بدلے میں۔ اندیشہ کا سونا کھوٹا ہے (اصلی نہیں ہے)۔ فکر کرو فکر ایک آگ ہے۔ معیار پہ پورا نہیں اترنا نقص کا باعث ہے۔ تیرا بوتہ یعنی کٹھالی گریبان سے محبت کرتا ہے اگر غور سے دیکھا جائے تو نفس دل ہے۔ راستہ اگر پر پیچ ہے تو وہی منزل ہے۔

حکایت :- کسی نے ویرانہ کے گوشہ میں ایک مزار پر ایک شمع اور ایک پروانہ کو دیکھا کہ شمع کے چاروں طرف بے تابانہ چکر لگا رہا تھا۔ اور اس کی پریشانی دھوئیں سے بھی زیادہ تھی۔ جا بجا اس کا جسم جلا ہوا تھا۔ گویا خود وہ چراغ کی مانند روشن تھا۔ اس کی پرواز رنگا رنگ طاؤس کی طرح تھی اور اس بات پہ اس کو بڑا ناز تھا۔ اے داغوں کا خزانہ رکھنے والے اس طرح کب تک داغ سوزی کرتے رہوگے۔ انجمن میں کیوں نہیں آتے ہو جہاں پُر تکلف فرش بھی ہے شمع بھی ہے اور لگن بھی ہے۔ ہر گوشہ میں نت نئے باغ کھلے ہوئے ہیں۔ جام میں شراب چراغ کی طرح روشن ہے۔ کب تک دیکھتے ہو نُقل اور مے کی حیثیت عرض کی ہے۔ کب تک سانس لیتے رہوگے۔ چنگ و نے کی حیثیت حرف کی سی ہے۔ شمع جو ویرانہ میں روشن ہوتی ہے۔ وہ پروانوں کے لیے غذائے جان ہے۔ محفل میں اگر ہلکی سی روشنی ہاتھ آتی ہے، ویرانہ میں خورشید کی روشنی کی عزت ہے۔ بے قرار پروانہ نے اپنا پر جھاڑا جس سے چنگاری نکلی۔ پروانہ کو مجمع کی ضرورت نہیں ہے اس کو تو صرف شمع کی لو لگی ہوئی ہے۔ جہاں جہاں بھی چراغ روشن کیا گیا گویا اس کی چشم تر میں دونوں عالم جل اٹھا۔ جلنے کی طاقت کے بغیر ویرانہ اور انجمن میں فرق کرنا محال ہے۔ اگر ویرانہ ہی میں مقصد حاصل ہو جائے تو محفل کے آرایش کی کیا پرواہ

حکایت :- شراب خانہ میں ایک مغبچہ دل باختہ تھا اس کی زلف پر پیچ تھی۔ بڑا ہی ناتواں اور مجبور تھا گویا سر سے پاؤں تک زنار کی ڈوری کی مانند تھا۔ اس کا آتشیں چہرہ تابناک تھا اور خس و خاشاک کو جلا دینے کی خاصیت تھی۔ اپنے ایک تبسم سے دیکھنے والوں کا دل باغ باغ کر دیتا تھا اور چاک جگر سے سپیدۂ سحری نمودار ہوتا تھا

اس کی ادا لوگوں کو بسمل بنا دیتی تھی اور اس کی نگاہ میں قاتل کے خنجر کی کاٹ ہوتی تھی۔ اگر اس کی آنکھیں سرمہ کی شوخی دکھلاتیں تو لوگوں کا دل بے قرار ہوجاتا۔ اگر شانہ نے اس کی زلف کو سنوارنا چاہا تو وہ خود ہی بے کار ہوگیا۔ جب اس نے چنگ بجانا چاہا تو اس کے اجزا پارہ پارہ ہوگئے۔ باوجود قرب کے شوق کے اسے اپنے قبضہ میں نہ لا سکا۔ ادب نے للکارا کہ اس سے دور ہی رہو۔ دور ہی سے اس کے پاؤں پر جبیں سائی کرتا رہا۔ گویا نور و سایہ کی نسبت پیدا ہوگئی۔ ایک رات عاشق کی جان لینے والی بجلی اس دیر کے شرر کا طواف کرتی رہی۔ مغان آتش کے گرد رقص کرنے لگے جس طرح پروانہ آگ پر گرتے ہیں۔ شمع کے دل میں بھی پروانہ بننے کا ذوق پیدا ہوا اور مغاں کی رسم کے مطابق دیوانہ بن گیا۔ رقص کرنے لگی اور برق جوالا بن گئی اور آگ کے اوپر اس کا سراپا ایک حلقہ بن گیا۔ اس کے سایہ میں جگر خستہ ہو کر طواف کرنے لگی لیکن ادب سے منحرف ہونے کا ڈر تھا۔ حیا نے کہا کہ اے بے وفا ہوش میں آ تو کہاں قدم رکھ رہا ہے۔ اس نے سایہ میں خود اپنے کو دیکھا تو شرمندگی سے پانی پانی ہوگیا سپند کے مانند ہوگیا اور اس پر بے خودی طاری ہوگئی اور اس سایہ سے باہر ہونے کی کوشش کی۔ ہر طرف وہی سایہ موجود تھا اور آگ کے مرکز کے گرد پرکار کی طرح گردش کر رہا تھا زمین سے عرش تک اس کی آنکھ نے سوائے آگ کے کچھ نہیں دیکھا۔ مارے شرم کے اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی جس طرح خس و خاشاک کو آگ میں ڈالیں اور جل کر خاک ہوجائے۔ سایہ کے غم نے اس کو اتنا بے تاب کر دیا کہ گویا اس شعلہ نے اس کی آگ پر پانی کا کام کیا۔ جو لوگ عشق میں سچے ہیں وہ ادب کا پاس رکھتے ہوئے ایسے ہی عاشق ہیں۔

اشارت:۔ اے انسان تیرا کوئی اختیار نہیں تو مجبور ہے۔ جہد سے تمہارا کام نہیں نکلے گا تو معذور ہے۔ اگر ہر کام تمہارے بس میں ہوتا تو ہر کام پر تیرا اختیار ہوتا۔ کسی نے غبار سے سوال کیا کہ اے طپش اور پریشانی رکھنے والے پر نہ ہونے کے باوجود تم ہوا میں اڑ رہے ہو۔ سوائے آوارہ گردی کے کوئی نتیجہ نہیں ہے۔ اس دوڑ دھوپ سے تمہارا مقصد کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ اس کو ہوا سے پوچھو۔

مناجات:۔ اے زبان مجھے مدعا طلب کرنے کی صلاحیت بخش۔ آدھی رات کی آہ کو حیرت انگیز بنا ایسا دل کہاں ہے جو کوئی سانس لے۔ ایسا ساز کہاں ہے جس سے کوئی پُرجوش نالہ نکل سکے۔ تو ایسا دل بھی عنایت کر جو ساز بنے اور اس میں ایسی آواز ہو جس پر ناز کیا جاسکے۔ تو میرے دل میں ایسی تڑپ بھی پیدا کر تاکہ میں ایسا نالہ کروں جو فریاد کے لیے مناسب ہے۔ ایسا درد عنایت کر جس کے لیے مرہم تلاش کروں آنسو بھی ملے جس سے میں نمدیدہ رہوں۔ نہ تو میرے پاس آنسو ہے اور نہ درد۔ فضل کے کارواں سے گرد اڑی

ہے۔ میرا سرمایہ معدوم اور صرف خیال ہی خیال ہے۔ محالات کے الجھنوں میں چکر کاٹ رہے ہیں۔ انصاف کی بارگاہ کے سوا سب کچھ خطا ہے۔ میں اس سے بہت دور ہو گیا ہوں میں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔ طبیعت کی غفلت نے اوہام میں ڈال دیا اور میری عقل نے میرے سر پہ خاک ڈال دیا۔ میری نادانی اس کے سوا اور کیا اثر کرتی کہ تجھ سے دور ہو جاؤں۔ قطرہ جب تک سمندر سے جدا نہ ہوا اس وقت تک اس کی پریشانی دور نہ ہوئی۔ سایہ کا لباس خود بخود سیاہ نہیں ہو گیا۔ آفتاب کی دوری نے اس کو ایسا بنا دیا۔ تیرے رحم و کرم پہ اپنے آپ کو سپرد نہ کر دیں تو پھر کس کے پاس چارہ جوئی کریں۔ اگر میں آسمان پہ بھی چلا جاؤں تو بھی تیرا ہی راستہ ہے۔ اگر دل کی جانب رخ کریں وہ بھی تیری بارگاہ ہے۔ قبولیت کے سوا سوچنا بھی غلط ہے۔ تو ہی کوئی تیرے لیے در کھول دے۔ دوسرا راستہ اور کیا ہے۔ میرے لیے اور نہ کوئی دوسرا راستہ ہے اور نہ دروازہ ہے۔ تیرے ہی در پر ہم آئے ہیں اور تجھی سے امید رکھتے ہیں۔ کوئی ایسا ہے جو زمین سے آسمان تک پہنچ گیا اور اس ملک سے فرشتوں کے ملک میں چلا گیا۔ راستہ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹتا رہتا ہے۔ تیری جانب رسائی کیسے ہو۔ جب تک تیرے در کا چراغ روشن نہ رہے امن و امان کی کوئی جگہ متعین کیسے ہو لاکھ سمجھنے کی کوشش کریں دوئی کا پردہ نہیں اٹھتا۔ ایسا کوئی سرمہ میری آنکھوں میں لگا دے جو تجھ کو دیکھ نے نور کی دنیا سے میری آنکھ کو روشن کر دے۔ کیوں کہ دنیا ایک کنواں ہے اور ہم اندھے ہیں۔ اگر اندھے پن کے باعث کنویں میں گر پڑا تو تیرے فضل سے محروم رہا۔ اگر تیرا رحم و کرم نہ ہو تو میرے افعال سے جو تکلیف ہے اس سے مجھ کو آزاد کر۔

نکتہ :۔ پراگندہ حواس کی شیرازہ بندی خاموش رہنے کی بنا پر ہے اور خاطر پریشان کی جمعیت کے لیے سکوت لازم ہے۔ سکوت سے عالم خیال میں بہار آتی ہے اور گویائی سے پریشانی ہوتی ہے۔ اس وقت تک موج میں جوش و خروش ہے۔ جب تک دریا سے جدا ہے اور زبان کی خاموشی جب تک رہی دریا ہے۔ بات کا تعلق غیر سے ہے اور خاموشی کا تعلق خود اپنی ذات سے ہے۔ یہی سبب ہے کہ خاموش رہنے والے ایسا آئینہ ہیں جس میں وحدت ہو اور زیادہ بولنے والے کثرت سے فکر میں غرق رہتے ہیں۔ توجہ کی بنا پر گفتگو میں پریشانی ظہور پذیر ہوتی ہے اور خاموشی کی جمعیت اس کے برخلاف ہے۔

غزل :۔ گویائی میں کوئی شخص ندامت سے آسودہ نہیں ہے۔ لب کا ہلانا سراسر ہاتھ ملنے کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے۔ راحت کدہ جس کو لوگوں نے جنت سمجھا ہے وہاں نہ تو تردد ہے اور نہ کسی سے بات چیت ہے

خاموش رہنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ اگر زبان اپنی شوخ گفتاری سے باز رہے تو مطلب کا جو صاف آئینہ ہے وہ غبار آلود نہ ہو۔ بے زبانی ہی کی وجہ سے سخن کی عزت بچی ہوئی ہے۔ کوئی مضمون ایسی صورت میں گھسا پٹا نہیں ہے۔ قطرے موج کے رکے رہنے کے باعث گوہر کے آئینہ دار ہیں تاکہ یہ بات واضح ہو جائے کہ خاموشی بیکار چیز نہیں ہے۔ اے بیدل! گفتگو ہماری بیہودہ گوئی کی دلیل ہے۔ جب تک گھنٹہ بجتا رہتا ہے کارواں کو سفر سے نجات نہیں ملتی ہے۔

نکتہ :۔ شعور کے امتحان گاہ میں سارے تجربہ کار اس بات پر متفق ہیں کہ موقع کے لحاظ سے گفتگو خاموشی کا درجہ رکھتی ہے اور نامناسب موقع پر خاموشی ہرزہ گوئی ہے۔ لہٰذا بے ضرورت گفتگو نہیں کرنی چاہیے۔ اور ضرورت سے زیادہ موتی میں سوراخ نہیں کرنا چاہیے۔ کیونکہ بیجا گفتگو سے شعور کی بے مائگی ظاہر ہوتی ہے۔ اور گوہر کی تابناکی کو ضائع کرنا دانشمندی کے لیے فتور کا باعث ہے۔ خاموشی کے پاکیزہ دامن کو چاک کرنا غلط ہے۔ کیونکہ ہزاروں ندامت کے باوجود اس کا علاج نہیں ہو سکتا۔ اور غور و فکر کو درہم برہم کر دیتا ہے۔ یہ ایک ایسا وبال ہے جو بے شمار افسوس کے باوجود دور نہیں کیا جا سکتا۔ ان غلطیوں کا کفارہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ تم نے ہر چند اس کو ستم سمجھا ہے مگر تمہاری نگاہوں نے اس کا کوئی نہ کوئی فائدہ سوچا ہوگا۔ اور یہ ایسا بخار ہے کہ جمعیت کے دامن میں خراش پیدا کرتا ہے اور مخاطب کے لیے نفع کا پھول بچھانا ہے یعنی اس صورت میں صفر بڑھا کر گویا کم بضاعت والوں کا اعتبار بڑھانا ہے۔ ایسی حالت میں اپنے اندر کمی پیدا کرنا گویا نااہلوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ جب تک گھنٹے کی آواز منزل کی جانب رہنمائی کرے تو اسوقت تک سراغ کی پریشانی باقی رہے گی اور جب تک سپند کا دھواں پورے طور پر تکلیف کو رفع نہ کرے اس وقت تک دماغ کا ہیجان باقی رہے گا۔

قطعہ :۔ اس محفل میں جہاں خاموشی سے فائدہ حاصل ہو۔ ہزاروں طرح کی باتیں سننے میں آتی ہیں۔ جس سرچشمے سے کسی کی پیاس نہ بجھے۔ گویا وہ ایسا آئینہ ہے جس کی افسردگی جوش و خروش سے بہتر ہے۔ بکواس کرنیوالے کے لب سے ہزاروں پھول جھڑنے کے باوجود یہ کہیں اچھا ہے کہ زخمی لب سے ایک تبسم ظاہر ہو۔ جب گفتگو کا ربط کچھ نہیں ہو سوائے بکواس کے تو لب کشائی کرنا ایک عیب ہے جس کو چھپانا چاہیے۔ انجمن میں آبرو بچانے کی تدبیر یہ ہے کہ یاقوت کی طرح دل خون بھی ہو جائے تو بھی کوئی آواز نہ نکلے۔ صبح کی مانند

جس میں کوئی صدا نہیں ہے اس کو غنیمت سمجھو تاکہ تمہاری ذات سے کسی کا آئینہ دھندلا نہ ہو جائے۔ اگر گفتگو سے صرف افسانہ کہنا ہے تو اپنی گفتگو کو پردہ ہی میں رکھنا بہتر ہے۔ اب سخن کا ماحصل یہ ہے کہ سخن کا مدعا خاموشی کا وصف ہے لہٰذا چپ رہنا چاہیے۔ المختصر جہاں سخن ہو خدا نہ کرے کہ بے فائدہ ہو اور جہاں خاموشی ہو وہاں گفتگو سے پشیمانی نہ اٹھانی پڑے۔

••

ڈاکٹر زرینہ خان

سروآزاد — تعارف اور تنقیدی جائزہ

مولانا غلام علی آزاد بلگرامی اٹھارہویں صدی عیسوی کے مشہور عالم فاضل شاعر تذکرہ نگار اور تاریخ گو گذرے ہیں۔ انھوں نے فارسی اور عربی دونوں زبانوں میں اپنی تصانیف کا بیش بہا خزانہ چھوڑا ہے اس مقالے میں مولانا کے مشہور زمانہ تذکرہ مآثر الکرام فی تاریخ بلگرام دفتر دوم موسوم بہ سروآزاد کا ایک مختصر تعارف اور اس کی تاریخی اور ادبی اہمیت کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔

"سروآزاد" دفتر دوم مآثر الکرام فی تاریخ بلگرام کی تالیف ۱۱۶۶ھ میں ہوئی۔ یہ ایک اہم تذکرۃ الشعرا ہے۔ اس میں ۱۰۰۰ھ سے ۱۱۶۶ھ تک کے ان تمام شعراء کا ذکر ہے جو ہندستانی تھے یا ہندستان میں اس مخصوص زمانے میں آکر آباد ہوئے یا محض سیر و تفریح کی خاطر ہندستان آئے اور یہاں آکر کسی نہ کسی بادشاہ و امیر کے دربار سے وابستہ ہوئے یا اپنے دوست احباب سے ملاقات کرکے کچھ روز یہاں مقیم ہوئے پھر اپنے وطن واپس لوٹ گئے۔

سروآزاد کے دیباچے میں آزاد بلگرامی نے بعد حمد و ثنا کے تذکرہ کی تالیف کا سبب بیان کیا ہے۔ بقول آزاد "ایں دلدادۂ زلف سخن و مخلص معنی طرازان نوو کہن پیش ازیں بخدمت موزونان سلف وخلف پرداختہ و تذکرۃ الشعراے مسمیٰ بہ ید بیضا محرر ساختہ۔ اما آن نسخہ نقش انگارہ و تصویر نگارہ بود"

یہاں آزاد کا اشارہ ید بیضا کی جانب ہے۔ انھوں نے ید بیضا نامی پہلا فارسی شعرا کا تذکرہ لکھا۔ یہ عمومی تذکرہ ہے کسی خاص زمانے سے متعلق شعرا کا ذکر نہیں ہے۔ اس تذکرے کی تالیف کے بعد آزاد کو احساس ہوا کہ یہ ابھی ادھورا ہے لہذا انھوں نے اس پر نظر ثانی کی اور ترمیم و اضافے کے بعد دوسرا نسخہ ترتیب دیا۔ یہ دونوں نسخے شہرت و مقبولیت کی اونچائی پر پہنچے۔ ان دونوں نسخوں کی تالیف کے بعد بھی آزاد کی

نیرنگ طبع کی تسکین نہیں ہوئی اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ دونوں نسخے تقدیم پارینہ لکھنے لگے ایک ادیب جتنا زیادہ مطالعہ کرتا ہے اتنا ہی اس کا علم بڑھتا ہے اور اسے اپنی لکھی ہوئی تحریروں میں خامیاں نظر آنے لگتی ہیں اور وہ اس سے بہتر لکھنے کی جانب مائل ہوتا ہے اپنی لکھی ہوئی تحریروں میں ترمیم اضافے قطع و برید کرتا ہے۔ یہی باعث ہوا کہ آزاد بھی اپنی طبیعت کی جولانی سے مجبور ہوئے اور ان کے دل میں اپنے وطن کی محبت نے جوش مارا اور بلگرام کے صاحب کمالان کے متعلق تذکرہ لکھنا شروع کیا اور ہندستان کے دوسرے شہروں سے متعلق فارسی کے ان مشہور شعرا کا تذکرہ بھی لکھنا شروع کیا جو ۱۰۰۰ھ سے ۱۱۶۶ھ تک کے زمانے میں ہندستان میں پیدا ہوئے یا اس عرصے میں ہندستان آئے اور یہاں آباد ہو گئے یا محض کچھ دن قیام کر کے اپنے وطن واپس لوٹ گئے۔

یہ تذکرہ مکمل ہونے کے بعد کافی ضخیم ہو گیا کیونکہ آزاد نے بلگرام کے فقراء، فضلاء اور شعراء کا مفصل تذکرہ کیا تھا لہٰذا اس تذکرے کو دو حصوں میں منقسم کر دیا۔ دفتر اول کو مآثر الکرام فی تاریخ بلگرام کے نام سے موسوم کیا جو دو فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اوّل فقراء اور فصل دوم فضلاء سے متعلق ہے۔

دفتر دوم کا نام "سرو آزاد" رکھا اور اسے بھی دو فصول میں تقسیم کیا۔ فصل اول میں ۱۴۳ فارسی کے شعراء کا تذکرہ ہے جن کی تاریخی ترتیب ان کے سال وفات یا سن ولادت سے کی ہے۔ ان شعراء میں تیس بلگرام کے فارسی شعرا ہیں اور ۱۱۳ شعراء کا تعلق ہندستان کے دیگر شہروں سے ہے فصل دوم میں آٹھ ہندی بھاشا کے شعراء کا ذکر ہے اور وہ بھی بلگرام کے ہی رہنے والے تھے۔

فصل اوّل سحابی استرآبادی کے تذکرے سے شروع ہو کر محزون بلگرامی کے تذکرے پر ختم ہوئی ہے۔

فصل دوم شیخ معروف قرملی سے شروع ہو کر محمد عارف بلگرامی کے تذکرے پر ختم ہوئی ہے۔

آزاد نے سبب تالیف تذکرہ بتانے کے بعد دیباچے میں تذکرہ کی تاریخ ایک قطعہ میں بیان کیا ہے ؎

خوشا مشاطۂ کلک ہنرمند — بہ رخسار ورق مالیدہ غازہ
شنو از قمریان غیب تاریخ — نشاند آزاد سرو سبز تازہ[۲] ۱۱۶۶ھ

تذکرہ سرو آزاد کا تفصیلی جائزہ لینے سے پہلے بہتر ہوگا کہ ہم ایک معیاری فارسی تذکرۃ الشعراء میں جو محاسن معنوی و فنی اور خصائص علمی و ادبی ہوتے ہیں ان پر نظر ڈالتے چلیں۔ تذکرے شعراء کے احوال اور ان کے کلام کے لیے بہترین مآخذ ہوتے ہیں۔ شعراء کے کلام کے جو نمونے تذکرہ نویس نقل کرتا ہے

اس سے مختلف ادوار کے شعری رجحانات کا پتہ چلتا ہے۔ مختلف ادوار میں مروجہ اسالیب اور تحویل شعر فارسی کے متعلق مواد ملتا ہے۔ شعراء کی ذاتی زندگی کے حالات کے لیے تفصیلی معلومات ملتی ہیں۔ تذکرہ نگار اکثر شعرائے کے احوال بیان کرتے وقت حکایات و لطائف اور اس مخصوص زمانے میں رائج رسومات کا بیان بھی کر دیتے ہیں۔ اکثر تذکرہ نویس شعراء کے کلام پر نقد و تنقید بھی کرتے ہیں جو ان شعراء کا ادبی مقام تعین کرنے میں مددگار ہوتی ہے۔

تذکرہ نگار شعرائے کا بہترین کلام انتخاب کرتے ہیں۔ اکثر اشعار کی شرح بھی لکھتے ہیں۔ جو قاری کے لیے شعر فہمی میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ گاہے بہ گاہے تذکرہ نگار شعرائے کے احوال اور ان کا کلام درج کرتے وقت مختلف تاریخی کتب تذکروں اور دواوین کا حوالہ دیتے ہیں ان سے اقتباس درج کرتے ہیں جو خوانندہ کے لیے مفید اور پر از معلومات ہوتا ہے۔ اکثر سخن شناس تذکرہ نویس اشعار کا موازنہ و مقابلہ بھی کرتے جاتے ہیں جو جالب اور پر لطف ہوتا ہے۔ شعراء کے احوال کے ضمن میں ان سے وابستہ امرا و رؤسا و شاہزادگان کے متعلق حکایات و قصص بھی اکثر تذکروں میں ملتے ہیں۔

فوق میں درج کی گئی تذکرہ کی خصوصیات کی روشنی میں ہم "سرو آزاد" کی تاریخی اور ادبی خصوصیات کا عمومی جائزہ لیتے ہیں۔

دقت و جستجو در استیعاب حقائق ادبی و تاریخی:

یہ تذکرہ کا سب سے اہم اور لازمی پہلو ہے اور ایک تذکرہ نگار کی ذہنی صلاحیت اور سعی و کاوش کا آئینہ دار۔ تذکرہ نویس ادبی و تاریخی نکات و واقعات کی جتنی زیادہ تفصیلات اور معلومات بہم پہنچاتا ہے اس کا تذکرہ اتنا ہی زیادہ اہم اور وقیع مانا جاتا ہے۔

آزاد کا مورد بحث تذکرہ سرو آزادان کی تحقیق اور کنجکاوی کا اچھا نمونہ ہے۔ فاضل تذکرہ نگار نے اس زمانے کے محدود وسائل کا استعمال کیا ہے اور شعراء کے احوال اور مختلف ادبی موضوعات کے بارے میں اس دور کے تمام ماخذ کو بنظر غائر دیکھا ہے۔ بہرحال یہاں ایک بات کو مد نظر رکھنا ضروری ہے وہ یہ کہ اس زمانے میں وسائل محدود تھے۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر جانے کے لیے دشوار گزار اور طویل سفر پیدل طے کرنا پڑتا تھا۔ اگر کسی دور دراز کے کتب خانے میں کسی مخصوص کتاب کا مطالعہ کرنا ہو تو بذات خود ہی جانا پڑتا تھا۔ ڈاک تار اور ٹیلی فون کی سہولیات میسر نہیں تھیں۔

قدیم زمانے میں کتب خانے بادشاہ ؑ امرأ و رؤسا وغیرہا کی ملکیت ہوتے تھے اور ہر کس و ناکس کی ان کتب خانوں تک رسائی ناممکن تھی۔ ایک اور اہم دشواری یہ ہوتی تھی کہ قدیم زمانے میں جبکہ طباعت و نشریات کی سہولت نہیں تھی۔ کتابیں ہاتھوں سے لکھی جاتی تھیں اس لیے ایک کتاب کے محدود نسخے ہی ہوتے تھے۔ لہٰذا ان قلمی نسخوں سے استفادہ کرنا سہل نہیں تھا۔ ان تمام مذکورہ بالا دشواریوں کے باوجود اگر اس زمانے میں کوئی شخص تذکرہ نویسی کا ارادہ کرتا اور اس کا حق ادا کرتا تھا تو یہ یقیناً لائق تحسین تھا۔ آزاد بلگرامی نے سرو آزاد کی تالیف میں کس قدر دشواریاں اٹھائی ہوں گی اس کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے باوجود انھوں نے اس تذکرے میں جس قدر وافر اور کثرت سے معلومات قارئین کو مہیا کی ہیں وہ شگفت آور ہیں۔

آزاد کی محققانہ کاوشوں کی سب سے زندہ اور اہم مثال وہ مقام ہے جہاں "سرو آزاد" کے مقدمے میں انھوں نے پہلے فارسی شعر پر بحث کی ہے اور عربی اور فارسی کی مختلف کتابوں اور احادیث کے حوالے سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ فارسی کا پہلا شاعر کون تھا۔ یہ بات تعجب خیز ہے کہ آزاد بلگرامی کی اطلاعات و معلومات فارسی کے پہلے شاعر کے متعلق جدید مورخین کی آرأ سے کافی حد تک مماثلت رکھتی ہیں۔ جدید مورخین و متقدمین بھی عباس مروزی اور ابوحفص سعدی کو فارسی کے پہلے شاعر کے زمرے میں رکھتے ہیں۔ گوکہ متفرق روایات کی رو سے یہ بات بطور کلی مستند نہیں ہے کہ فارسی کا پہلا شاعر کون تھا۔ بہرحال جدید مورخین اور متقدمین میں ڈاکٹر رضازادہ شفق[۱۱] نے تاریخ ادبیات ایران میں عباس مروزی اور ابو حفص سغدی کو ہی فارسی کے پہلے شاعر مانتے ہوئے ان کے وہی اشعار درج کیے ہیں جو آزاد بلگرامی نے سرو آزاد میں نقل کیے ہیں۔ آزاد نے اس موضوع پر مدلل بحث کی اور مختلف مورخین کے حوالے دیگر فارسی کے پہلے شاعر کے متعلق متفرق و مختلف بیان درج کرتے ہوئے فارسی کا پہلا شاعر عباس مروزی کو بتایا ہے اور تاریخ "صبح صادق" کے حوالے سے اس کے کہے ہوئے قصیدے کا مطلع درج کیا ہے ملاحظہ ہو

؎ ای رسانیدہ بدولت فرق خود تا فرقدین   گسترانیدہ بجود و فضل در عالم یدین[۱۲]

کچھ دوسری روایات کے مطابق فارسی کا پہلا شاعر ابوحفص سغدی تھا۔ آزاد نے اس کا ایک شعر بھی نقل کیا ہے ؎

آہوی کوہی در دشت چگونہ دودا   یار ندارد بی یار چگونہ رودا[۱۳]

ڈاکٹر رضا زادہ شفق کے علاوہ جدید مورخ عبدالوہاب قزوینی نے "بیست مقالۂ قزوینی" میں اپنے مقالۂ اوّل "قدیم ترین شعر فارسی بعد از اسلام" میں ان ہی دونوں اشخاص کے نام لیے ہیں اور ان کے کہے ہوئے مندرجہ بالا اشعار نقل کیے ہیں۔

ادبی مباحث کے علاوہ مولانا آزاد بلگرامی نے اپنے تذکرے میں ہندستان سے وابستہ ایرانی شعرا کے متعلق بھی وافر معلومات مہیا کی ہیں۔ انھوں نے ایران سے آنے والے ان شعرائ کو دو حصوں میں منقسم کیا ہے۔ قسم اول میں ایسے شعرائ کا ذکر کیا ہے جو ہندستان سیر و تفریح کی غرض سے آئے اور یہاں کسی بادشاہ یا امرا کے دربار سے وابستہ ہوگئے اور انعامات و اکرامات سے بہرہ ور ہوئے ان شعرا میں کچھ تو خاک ہند کا پیوند ہوگئے اور کچھ اپنے وطن واپس لوٹ گئے۔ ان شعراء میں بدر چاچ۔ شیخ آذری۔ شہیدی قمی وغیرہ کے نام لیے ہیں۔

قسم دوم میں ایسے شعرائ کا ذکر کیا ہے جنھوں نے ہندستان میں قدم رنجہ تو نہیں کیا لیکن اپنے اشعار کا تحفہ بھیجتے رہے۔ ان شعرائ میں حافظ شیرازی اور عبدالرحمٰن جامی کے نام لیے ہیں اور ان کی بھیجی ہوئی غزلیات کی چند ادبیات نقل کیں ہیں۔ اس کے علاوہ تاریخ صبح صادق اور ابوالفضل کی آئین اکبری کے حوالوں سے ان شعرائ کے متعلق مزید اور وافر تفصیلات نقل کیں ہیں۔

واقعات تاریخی :

آزاد بلگرامی نے جن مقامات پر اپنے مربیوں اور سرپرستوں کا ذکر کیا ہے وہاں ان کے کوائف لکھتے وقت اس کے ذیل میں بہت سے تاریخی واقعات بھی درج کیے ہیں۔ مثلاً نظام الملک آصف جاہ۔ سید حسین علی خاں۔ سید عبداللہ خاں اور نظام الدولہ ناصر جنگ شہید آفتاب وغیرہا کا ذکر اور احوال خاصہ مفصل ہے اور ان کے زمانے کی سیاسی ریشہ دوانیاں سید برادران کی بالادستی اور اقتدار و اختیار کا تفصیلی ذکر کیا ہے۔ سید برادران تاریخ میں "بادشاہ گر" کہلاتے ہیں۔ مغلیہ تخت ان کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی بنا ہوا تھا جس کو چاہتے بادشاہ بناتے اور جس سے خفا ہوتے اس کو تخت سے محروم کر دیتے تھے۔

نظام الملک آصف جاہ کے تذکرے میں ان کی سیاسی سرگرمیاں اور فتوحات کے ذیل میں آزاد نے جن مہمات و فتوحات کا ذکر کیا ہے ان میں سے اکثر مواقع پر وہ ہم رکاب تھے اور تمام واقعات خود ان کے چشم دید تھے۔ اس لحاظ سے ان واقعات کی تاریخی اہمیت بڑھ جاتی ہے اور ان کے معتبر و مستند ہونے کے امکانات قوی ہو جاتے ہیں اور اس اعتبار سے تاریخ کے طالب علم کے لیے معاون و مددگار

ثابت ہو سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ گاہے بگاہے انھوں نے شعراء کے احوال کے ضمن میں اس زمانے کے سماجی حالات اور رسم و رواج کی جانب بھی اشارہ کیا ہے۔ مثلاً ہندؤوں میں ستی کی رسم زمانۂ قدیم سے چلی آرہی تھی اور آزاد کے زمانے میں بھی ستی ہونے کے واقعات ہوئے اور اس کا ذکر انھوں نے کیا جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ گرد و پیش کے حالات اور رسم و رواج سے واقفیت رکھتے تھے اور ان کا حساس دل ان واقعات سے متاثر ہوتا تھا۔

آزاد کو ہندی بھاشا کی شاعری سے بھی خاص لگاؤ تھا اور ان کی دور رس اور دقیق نظر تھی۔ ہندی عشق کے فلسفے کی روح بقول ان کے ستی کی رسم ہے۔ ہندی شاعری میں عشق عورت کی جانب سے ہوتا ہے اور مرد معشوق ہوتا ہے۔ آزاد نے اپنی بات کو پایۂ ثبوت تک پہنچانے کے لیے امیر خسرو دہلوی کا یہ شعر بھی نقل کیا ہے جس میں ہندستانی عورت کے عشق کی گہرائی اور پامردی کا ذکر ہے ؎

خسروا در عشق بازی کم ز ہندو زن مباش   کز برای مردہ سوزد زندہ جانِ خویش را[۳]

دقت و جستجو در احوال کوائف شعراء :

آزاد بلگرامی نے شعراء کے احوال کوائف درج کرتے وقت نہایت دقت اور جستجو سے کام لیا ہے۔ انھوں نے شاعر کے احوال درج کرتے وقت اس کا نام۔ القاب۔ سال تولد و وفات۔ واقعات مہم زندگانی۔ مختلف تاریخی کتب، تذکروں سے شاعر کے متعلق مزید تفصیلات۔ کہیں کہیں دلچسپ واقعات ذاتی نوعیت کے بھی درج کیے ہیں۔ آخر میں آثار شاعر اور اس کے کلام کے نمونے یہ تمام تفصیلات انھوں نے احوال میں درج کیں ہیں۔

انھوں نے چند شعراء کا احوال مفصل اور طول طویل درج کیا ہے۔ جن میں ان کے استاد اور جد مادری میر سید عبدالجلیل بلگرامی کا بیان سب سے طویل ہے۔ اسی طرح اپنے مربی اور سرپرستوں میں قطب الملک سید عبداللہ خاں اور اس کے بھائی سید حسین علی خاں۔ نظام الملک آصف جاہ اور نظام الدولہ ناصر جنگ شہید آفتاب وغیرہا کے ذکر شامل ہیں۔ ان اشخاص کا بھی آزاد نے مفصل تذکرہ کیا ہے۔

چند شعراء کا احوال آزاد نے مختصر مگر جامع کیا ہے۔ اپنے مختصر بیان میں بھی انھوں نے اس

شاعر کے واقعات مہم زندگانی کا ذکر کیا ہے اور تاریخی واقعات بھی درج کیے ہیں۔ مثلاً انیسی شاملو۔ نوعی خبوشانی۔ نظیری نیشاپوری۔ شانی تکلو وغیرہا۔

چند شعرا کے احوال و کوائف درج کرتے وقت آزاد نے دوسری کتابوں تذکروں اور تاریخی ماخذ سے استفادہ کیا ہے اور ان کتابوں کے حوالے درج کیے ہیں۔ مثلاً سحابی استرآبادی کے حالات انھوں نے تاریخ صبح صادق سے نقل کیے ہیں اور ان کا حوالہ درج کیا ہے۔ شیخ فیض اکبرآبادی کے تذکرے کے ذیل میں تاریخ صبح صادق اور آئین اکبری کے حوالے درج کیے ہیں۔ شیخ محمد غوثی کی کتاب "گلزار ابرار" کے حوالے سے نظیری نیشاپوری کے احوال اور تاریخ وفات درج کی ہے۔ اسی طرح زمانی کی تاریخ وفات انھوں نے تاریخ صبح صادق اور تذکرہ ناظم تبریزی کے حوالے سے درج کی ہے۔ دونوں جگہ مختلف تاریخ وفات ہے۔ یہاں آزاد کی دقت پسندی اور جستجو سے ہویدا ہے کہ انھوں نے کسی ایک بیان پر اکتفا نہیں کیا۔ اسی طرح شکیبی کے زندگی کے کوائف و احوال نقل کیے ہیں "نفحات الانس" سے۔ ملا ملک قمی کے متعلق تفصیل "تاریخ عالم آرای عباسی" اور "تذکرہ ناظم تبریزی" سے اخذ کی ہے۔ اسی طرح صیدی طہرانی۔ ماہر اکبرآبادی۔ سید عبداللہ خان۔ حکیم رکنا کاشی۔ مرشد وغیرہ اشخاص کے تذکرے کے ضمن میں مختلف کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔

کچھ شعرا کے تذکرے کے ذیل میں آزاد نے ان کے لکھے ہوئے مکتوب جو خود آزاد کے نام ہیں ان سے اقتباسات درج کیے ہیں۔ محمد فاخر زائر کا لکھا ہوا نامہ بنام آزاد سے اقتباس نقل کیا ہے سراج الدین علی خان آرزو کے حالات خود ان کے تحریر کردہ بذریعۂ نامہ آزاد نے نقل کیے ہیں۔ ایسے ذاتی نوعیت کے خطوط سے ان اشخاص کے متعلق اطلاعات انتہائی معتبر و مستند ہو گئیں ہیں اور "سرو آزاد" کی اہمیت بھی بڑھ گئی ہے۔ محمد عارف بلگرامی۔ آگاہ سید علی رضا بلگرامی۔ شیخ علی حزیں میر رضی افدس شوستری وغیرہ کے ذاتی مکتوب بھی آزاد نے ان کے تذکرے کے ذیل میں نقل کیے ہیں۔

اکثر شعرا کی تاریخ وفات آزاد نے منظوم کی ہے اور کہیں دوسرے شعرا کی کہی ہوئی تاریخ وفات بھی آزاد نے درج کی ہے۔ جن شعرا کی خود آزاد نے تاریخ وفات منظوم لکھی ہے ان میں سراج الدین علی خان آرزو۔ سید روحی جعفر۔ امید قزلباش۔ صائب۔ میر طفیل محمد بلگرامی۔ مسیح کاشی وغیرہ شامل ہیں۔ مثلاً میر غلام نبی بلگرامی کی تاریخ وفات آزاد نے مندرجہ ذیل درج کی ہے :

وحید زمان سید خوش سخن ۔۔۔ بہ فردوس می زد زجام نبی
قلم گریہ سر کردہ تاریخ او ۔۔۔ رقم کرد ہی ہی غلام نبی[۸] ۱۱۶۳ھ

جن شعرا کی تاریخ وفات دوسرے شعرا کی منظوم کی ہوئی آزاد نے درج کی ہے ان میں حاجی محمد جان قدسی کی وفات کا ترکیب بند کلیم کاشانی کا کہا ہوا نقل کیا ہے۔ میر الٰہی کی تاریخ وفات غنی کشمیری کی کہی ہوئی مندرجہ ذیل درج کی ہے۔

"برد الٰہی زجہان گوی سخن"[۹] ۱۱۶۲ھ

یہاں ہمیں آزاد کی دقت پسندی اور جستجو کا معترف ہونا پڑتا ہے کہ انھوں نے جن شعراء کا تذکرہ لکھا ہے ان سے متعلق جو بھی معلومات میسر تھیں حتی المقدور ان تک رسائی حاصل کی ہے اور انھیں قارئین کے لیے پیش کیا ہے۔

کچھ شعرا کے تذکرے کے ضمن میں آزاد نے ضمنی طور پر ان اشخاص کا تفصیل سے تذکرہ کیا ہے جو فہرست تراجم شعرا میں شامل نہیں ہیں۔ سید صدر جہاں کا ذکر حکیم حاذق گیلانی کے تذکرے کے ذیل میں مفصل کیا ہے۔ غلام مصطفیٰ انسان کا ذکر سلیم طرشتی کے تذکرے کے ذیل میں بالتفصیل کیا ہے۔ سید معصوم مدنی کے تذکرے میں میر نظام الدین۔ سید رحمت اللہ بلگرامی کے تذکرے میں دیوان سید بھیک کا ذکر کیا ہے اور ان کے متعلق تفصیلات درج کیں ہیں۔ ایسی کئی مثالیں سرو آزاد میں موجود ہیں۔ جب آزاد دوسرے اشخاص کا ذکر تفصیل کے ساتھ کرتے ہیں تو وہ عبارت کے ربط و تسلسل کو قائم نہیں رکھ پاتے ہیں اور اصل موضوع سے ہٹ جاتے ہیں۔

سرو آزاد میں بلگرام کے شعراء کا خصوصی تذکرہ ہے۔ آزاد کو اپنے وطن اور ہم وطنوں سے خصوصی لگاؤ تھا۔ ان شعرا میں اکثر ان کے قریبی رشتہ دار اور دوست ہیں جن کے متعلق ان کی اطلاعات معتبر اور مستند ہیں اور بلگرام کے ان شعرا کے احوال کے لیے "سرو آزاد" ایک اہم اور معتبر ماخذ ہے۔

فصل دوم میں آزاد نے ہندی بھاشا کے آٹھ شعرا کا ذکر کیا ہے۔ انھوں نے ہندی بھاشا میں خود کبھی شعر نہیں کہے لیکن بھاشا کے کلام کی انھیں خوب پرکھ تھی۔ انھوں نے ان ہندی بھاشا کے شعرا کے کلام کا گہرائی سے مطالعہ کیا اور ان کے کلام کے عمدہ نمونے درج کیے ہیں۔ ہندی بھاشا کے شعرا میں غلام نبی بلگرامی۔ عارف بلگرامی۔ میر عبدالواحد ذوقی۔ سید برکت اللہ عشقی۔ میر عبدالجلیل بلگرامی وغیرہا کا ذکر کیا ہے جو فارسی کے بھی اچھے شاعر تھے۔ شیخ معروف فرملی۔ سید نظام الدین مدھنایک وغیرہا خالص

ہندی شعرا کا ذکر کیا ہے اور ان کے کلام کے خاصے طویل نمونے نقل کیے ہیں۔

نمونۂ کلام :

آزاد خود بھی شاعر تھے اور شعر کا اچھا ذوق رکھتے تھے۔ انھوں نے جن شعرا کا ذکر کیا ہے ان سب کے دواوین اور کلیات کا بدقت تمام مطالعہ کیا ہے اور اس کے بعد ہی ان شعرا کا منتخب کلام درج کیا ہے۔ ان کی شعر فہمی اور شعر شناسی اشعار کے انتخاب میں مددگار ثابت ہوئی ہے۔ یہی سبب ہے کہ ان کے انتخاب کردہ اشعار جاذب و دلکش ہیں اور ان کے بلند معیار کے مطابق ہیں۔ انھوں نے اشعار کا عمومی انتخاب کیا ہے جو ان کے ذوق کی سلامتی اور غیر جانب دارانہ اور بے لاگ تنقید کا ثبوت ہے۔ یہاں اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم محض چند اشعار نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں جو مختلف شعری خصوصیات اور موضوعات کے حامل ہیں۔

بستم دل اسیران بکجا گریزد از تو — بحوالی دو چشمت چشم بلا نشسته [۱۰] (امیر خسرو)

ہر کس کہ دید روی تو دیوانہ می شود — آئینہ از رخ تو پریخانہ می شود [۱۱] (غنی کشمیری)

چہ وجود و چہ عدم بست و کشاد مژہ ایست — چوں شرر بر دو جہاں رابنگاہی دریاب [۱۲] (میرزا بیدل)

حواشی و شرح اشعار :

آزاد بلگرامی نے اکثر شعرا کے اشعار کی شرح بھی کی ہے اور کہیں کہیں حواشی ابیات بھی درج کیے ہیں۔ ان کی لکھی ہوئی شرح اور حواشی مفصل اور مفید ہے۔ گاہ بگاہ اشعار میں مستعمل کسی خاص لفظ اور ترکیب کی تشریح بھی کی ہے۔ مثال کے طور پر "سرو آزاد" کے مقدمے میں عربی کے مشہور شاعر کعب بن زہیر کے مشہور قصیدہ "بانت سعاد" کا ایک شعر نقل کیا ہے۔ بیت درج ذیل ہے :

جاء السخينة كي تغالب ربها — وليغلبن مغالب الغلاب [۱۳]

اس بیت میں لفظ "سخینہ" کا استعمال ہوا ہے جو دراصل اہل عرب کی ایک پسندیدہ ڈش کا نام ہے۔ آزاد بلگرامی نے اس کی مکمل تفصیل حواشی ابیات میں درج کی ہے۔

مقدمے میں ہی آزاد نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کی تفسیر بھی بیان کی ہے۔ اسی طرح غلام مصطفیٰ انسان کی ایک رباعی کی شرح دو صفحات پر مشتمل بیان کی ہے۔

غرض یہ کہ اس قسم کی کئی مثالیں سرو آزاد میں موجود ہیں جو خوانندہ کے لیے مفید اور پر از معلومات ہیں۔

سروآزاد میں شعرائے کے کلام کا موازنہ ومقایسہ دیگر شعرائے سے کیاہے۔ مثلاً میرزا طاہر وحید قزوینی کے تذکرے میں طاہر وحید کے ایک شعر کا موازنہ سعدی شیرازی۔ عمق بخاری۔ عرفی شیرازی۔ ملا ملک قمی اور نعمت خاں عالی وغیرہا کا ہم موضوع اشعار سے کیاہے[۱۱۴]۔

گاہ بگاہ آزاد نے اپنے کہے ہوئے ہم موضوع اشعار بھی درج کیے ہیں۔ مثال کے طور پر غنی کشمیری کے تذکرے میں آزاد نے ان کا کہا ہوا یہ شعر نقل کیاہے۔

محنت ہمسایہا بر خود گرفتن خوش نماست ۔۔۔ از برای چشم بینی زیر بار عینک است[۱۱۵] (آزاد بلگرامی)

سعی بہر راحت ہمسایہا کردن خوش است ۔۔۔ بشنود گوش از برای خواب چشم افسانہ را[۱۱۶] (غنی کشمیری)

اس کے علاوہ سلیم اور صائب تبریزی کے اشعار کا موازنہ ومقایسہ بھی آزاد نے کیاہے اور دونوں کے ہم موضوع اشعار کا انتخاب نقل کیاہے۔ ساتھ ہی توارد مضامین پر ایک نہایت مدلل مفید اور پر از معلومات اور دلچسپ بحث کی ہے اور دلائل کی روشنی میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ کوئی بھی شاعر تواردات مضامین سے خالی نہیں ہے۔ اپنی بات کو پایۂ ثبوت تک پہنچانے کے لیے علامہ تفتازانی کی کتاب "مطول" سے ایک اقتباس درج کیاہے جس میں توارد اور سرقہ میں فرق کو واضح کیا گیاہے[۱۱۷]۔ توارد مضامین کے ضمن میں بہت سے متقدم ومتاخر شعرائے کے ہم موضوع اشعار کی ایک طویل فہرست دی ہے[۱۱۸]۔

نقد سخن :

آزاد بلگرامی سے پہلے اور خود ان کے زمانے میں لکھے گئے تقریباً تمام فارسی تذکروں کے متعلق ایک بات کہی جا سکتی ہے کہ اس زمانے میں فارسی تذکروں میں نقد کا رواج تقریباً نہیں کے برابر تھا اور مؤلف ان تذکروں میں شعرائے کے کلام پر نقد برائے نام ہی کرتے تھے۔ تذکرہ نویس عموماً صاحب ترجمہ شاعر کے متعلق نہ اپنی رائے لکھتے تھے اور نہ ہی دوسرے اہل نظر کی آرا درج کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی شاعر کے تذکرے کو پڑھنے کے بعد اس کے علمی وادبی مقام کا تعین مشکل ہی سے ہوتا تھا۔ یہی خامی ہم کو "سروآزاد" میں نظر آتی ہے۔ آزاد نے شعرائے کے متعلق بہت کم نقد کیاہے۔ حالانکہ وہ نقد سخن کی صلاحیت رکھتے تھے لیکن مروجہ انداز تحریر کے مطابق انھوں نے بھی عموماً اپنے تذکرے میں نقد سخن سے گریز کیاہے اور صرف شعرائے کے احوال اور کوائف درج کرنے پر ہی اکتفا کیاہے۔ بہرحال چونکہ وہ فطری طور پر تنقیدی ذہن رکھتے تھے لہذا گاہ بگاہ شعرائے کے کلام پر نقد کیاہے اور علم معنی وبیان

و بدیع کے نکات پر بھی اپنی مختصر مگر جامع رائے کا اظہار کیا ہے۔

مثال کے طور پر دیوان سید رحمت اللہ بلگرامی کے ترجمہ میں آزاد نے صنعت تشبیہہ کی تعریف عربی اور فارسی دونوں زبانوں میں کی ہے[۵۱] اسی طرح میر عبدالجلیل واسطی بلگرامی کے تذکرے میں فن عروض کی تعریف کی ہے۔ اس کے علاوہ تقطیع و تلمیح کا ذکر بھی کیا ہے جس سے آزاد بلگرامی کی وسیع النظری اور عمیق مطالعہ کا اندازہ ہوتا ہے کہ وہ شعر کی ہر صنف اور عروض میں خصوصی مہارت رکھتے تھے۔

جیسا کہ قبلاً عرض کیا گیا ہے۔ اکثر اوقات آزاد نے شعرائے کے کلام پر مختصر مگر جامع نقد بھی کیا ہے مثلاً ملا ملک قمی کے متعلق آزاد کہتے ہیں" خوش لفظ است اما معانی تازہ کم وارد و تشبیہہ کہ رکن رکین فصاحت است در کلام او بسیار کم واقع شدہ"[۶۹]

ملا ظہوری ترشیزی کے " ساقی نامہ ظہوری" کے متعلق آزاد رقم طراز ہیں" عجب صفائی و نمکینی دارد و بہ نازک ادائی ہا دل از دست می برد۔ نثر ملا ہم طرز خاص دارد اما غزلش بایں رتبہ نیست"[۷۰]

آزاد کی آرا ظہوری کے متعلق کتنی حقیقت پر مبنی ہے جیسا کہ ہم جانتے ہیں ظہوری کو بہ حیثیت نثر نگار زیادہ شہرت ملی اور جیسا کہ آزاد نے کہا ہے غزل گوئی میں ان کا مرتبہ کم تر ہے۔

صائب تبریزی، زکی ہمدانی۔ طالب آملی۔ میر عبدالجلیل بلگرامی وغیرہا شعرائے کے متعلق آزاد نے مختصر مگر جامع نقد کیا ہے۔ گاہ بگاہ آزاد شعرائے کے متعلق دوسرے نقادان سخن کی آرا بھی درج کرتے جاتے ہیں۔ مثلاً میر عبدالجلیل بلگرامی کے متعلق سید معصوم مدنی کی رائے۔ شفائی اصفہانی کے تذکرے میں ان کے متعلق میر باقر داماد کی رائے بھی درج کی ہے۔

سبک مولف :

آزاد بلگرامی کا دور اورنگ زیب اور اس کے بعد کا دور ہے۔ ابتدائے اسلام سے شاہجہاں کے عہد تک فارسی زبان میں جو تذکرے لکھے گئے ان میں سے بیشتر میں خالص فارسی زبان نظر آتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ اغلب تذکرہ نگار یا تو ایرانی النسل تھے یا پھر ہندوستانی ہونے کے باوجود بھی فارسی زبان پر کامل قدرت رکھتے تھے۔ اس زمانے میں فارسی کا معیار بلند اور فارسی لکھنے و پڑھنے کا رواج عام تھا اس لیے ہندی النسل تذکرہ نگار بھی محتاط رہتے تھے اور اپنی قابلیت کا اظہار کرنے کے لیے خالص فارسی کا استعمال کرتے تھے۔

اورنگ زیب کے عہد کے ساتھ ہندستان میں اردو اور ہندی زبان لکھنے اور پڑھنے کا رواج بڑھ رہا تھا اور اُردو الفاظ فارسی زبان میں داخل ہو رہے تھے۔ یہی سبب ہے کہ اس دور کے علما و ادبا نے تصنیف و تالیف کے کام میں فارسی زبان کے ساتھ اردو اور ہندی الفاظ کو بھی آمیختہ کیا۔ یہی باعث ہوا کہ اس دور میں ہندوستان میں لکھی گئی فارسی ایران کی فارسی سے جدا ہے۔

اس تناظر میں جب ہم "سروِ آزاد" کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں یہ تمام اثرات آزاد بلگرامی کے تذکرے میں بھی نظر آتے ہیں۔ انھوں نے اردو الفاظ کو فارسی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ ان کی فارسی اُردو آمیز ہے۔ مثلاً امیر الامراء سید حسین علی خاں کے تذکرے میں آزاد لکھتے ہیں۔ "و در ایام حکومت داؤد خاں چوتھ یعنی چہارم حصہ از حاصل ملک سوای سر دیسکی بہ غنیم قرار یافت و جاری ساری گشت"[۲۱]۔

آزاد بلگرامی نے اردو کے ساتھ ساتھ ہندی الفاظ کا استعمال بھی کیا ہے اور اکثر ہندی کے الفاظ فارسی میں بڑی خوبی کے ساتھ گویا پرو دیئے ہیں اس طرح کہ وہ الفاظ فارسی کا حصہ بن گئے ہیں۔ مثال کے طور پر شیخ معروف فرملی کے تذکرے میں آزاد رقم طراز ہیں "نام دختر چنپا بود و در ساعد خود زیوری داشت کہ آن را در ہندی تایت گویند۔ چہ خوب بھنور بر کنول نشستہ است۔ بھنور زنبور سیاہ و کنول نیلوفر را گویند"[۲۲]۔

آزاد نے نہ صرف ہندی الفاظ کو فارسی نثر میں آمیختہ کیا بلکہ "سروِ آزاد" کی فصل دوم میں ہندی بھاشا کے شعرا کے کلام کے نمونے درج کرتے وقت ہندی الفاظ کو بجنسہ اردو املا میں تحریر کیا ہے مثلاً سیام رین میں کیتھ اور رین ہمکن کوٹ دس[۲۳] وغیرہ میں اُردو اور ہندی حروف ہجی تحریر ہیں۔ اسی طرح اور بھی ہندی بھاشا کے شعرا کے تذکرے کے ضمن میں ٹ۔ ڈ۔ ڑ۔ بھ۔ جھ۔ تھ۔ گھ۔ وغیرہ کا استعمال ہوا ہے اور انھیں اردو رسم الخط میں تحریر کر دیا ہے۔

آزاد بلگرامی کو عربی زبان پر کامل دستگاہ حاصل تھی۔ لہذا عربی الفاظ کا استعمال بھی کثرت سے کیا ہے۔ مقدمے میں عربی کے الفاظ اور آیات قرآنی کا کثرت سے ذکر کیا ہے۔ عربی کے اکثر اشعار بھی درج کیے ہیں۔ شعرائے کے احوال کے ذیل میں ان کے سنہ وفات و سنہ ولادت عربی میں نقل کیے ہیں مثلاً وفات انیسی شاملو" در برہان پور در سنہ ثلث عشر والف (۱۰۱۳) واقع شد"[۲۴]۔

دراصل آزاد جس دور کے نمائندہ ہیں اس عہد کے علما و فضلا اپنی تصنیفات و تالیفات میں

عربی کا کثرت سے استعمال کرتے تھے گویا اپنی عربی دانی کا اظہار کرتے تھے۔ آزاد بھی اپنے زمانے کے رواج سے متاثر تھے اور انھوں نے بھی عربی کا استعمال کثرت سے کیا۔

سرو آزاد کا سبک انشا مجموعی طور پر مصنوع ہے۔ آزاد کا دور سبک ہندی کے عروج کا زمانہ ہے چنانچہ ان کی تحریر میں بھی سبک ہندی کے بیشتر خصائص موجود ہیں۔ جملوں کی تراکیب میں تشبیہات و تعارات کا وافر استعمال پیچیدہ تراکیب۔ استعارہ در استعارہ عبارت۔ ہندی محاورے کی فارسی محاورے سے آمیزش قدیم ایرانی نثر نگاروں کے سبک سے انحراف یہ اور اس قبیل کی دوسری خصوصیات جو سبک ہندی کے لیے مخصوص و لازم ہیں آزاد کی طرز نگارش میں نمایاں ہیں۔ خلاصہ کلام یہ کہ آزاد کی نثر بھی اس عہد کی نمایندہ ہے اپنی خوبیوں اور خامیوں کے ساتھ۔

اکثر آزاد نے نثر مسجع کا استعمال کیا ہے۔ خصوصاً جب وہ شعرا کی تعریف و توصیف کرتے ہیں تو ان کا شاعرانہ تخیل کار فرما نظر آتا ہے مثلاً میرزا بیدل کے متعلق لکھتے ہیں: عمدہ سخن طرازان و شہرۂ سحر پردازان است۔ طبع دراکش چہ قدر معانی تازہ بہم رسانده و چه ثمرهای نورس که از نہال قلم افشانده۔[۱۵]

صائب تبریزی کی شان میں رطب اللسان ہیں: امام غزل طرازان و علامۂ سخن پردازان است۔ از ان صبحی که آفتاب سخن در عالم شهود پرتو افشانده۔ معنی آفرینی باین اقتدار سپهر دوار بهم نرسانده۔[۱۶]

سرو آزاد میں ایسی بیشتر مثالیں ہیں لیکن یہاں اختصار کو مد نظر رکھتے ہوئے محض چند پر اکتفا کیا گیا ہے۔ سرو آزاد کا مکمل تنقیدی جائزہ راقم الحروف نے اپنے پی۔ ایچ۔ ڈی کے پایان نامہ بعنوان "سرو آزاد کی تحقیقی و تنقیدی تدوین مع مقدمہ و حواشی" میں پیش کیا ہے جو مولانا آزاد لائبریری اے۔ ایم۔ یو میں موجود ہے۔ یہاں اس مضمون میں گویا دریا کو کوزہ میں بند کیا گیا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے راقم الحروف کے پایان نامہ سے رجوع کریں۔

●●

فہرست مآخذ

۱ سروآزاد (مقدمہ) ص ۱۔ مولف مولانا آزاد بلگرامی۔ مطبع دخانی۔ رفاہ عام لاہور کتب خانہ آصفیہ۔ حیدرآباد۔ دکن

۲ ایضاً ص ۴

۳ تاریخ ادبیات ایران۔ مصنف رضازادہ شفق، ص ۵۰۔۵۱

۴ سرو آزاد ص ۱۳

۵ ایضاً ص ۱۴

۶ بیست مقالہ قزوینی ص ۳۹۔ ۳۸۔ ۳۶۔ ۳۵۔ ۳۴۔ ۴۲۔ ۴۰

۷ سرو آزاد ص ۲۲

۸ ایضاً ص ۳۱۳

۹ ایضاً ص ۸۵

۱۰ ایضاً ص ۷۰

۱۱ ایضاً ص ۶۸

۱۲ ایضاً ص ۱۵۱

۱۳ ایضاً ص ۵

۱۴ سروآزاد ص ۱۳۵۔ ۱۳۶

۱۵ ایضاً ص ۱۰۴

۱۶ ایضاً ص ۱۰۴

۱۷ ایضاً ص ۶۹۔۷۰

۱۸ ایضاً ص ۳۶۴۔ ۳۶۵

۱۹ ایضاً ص ۳۳

۲۰ ایضاً ص ۳۴

۲۱ ایضاً ص ۱۶۶

۲۲ ایضاً ص ۳۵۲۔۳۵۳

۲۳ ایضاً ص ۳۵۴

۲۴ ایضاً ص ۲۱

۲۵ ایضاً ص ۱۴۸

۲۶ ایضاً ص ۹۸

ظ۔ انصاری

معنویت ـــــ غالب کا مرکزِ نگاہ

جب بھی میں غالب کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں ایک چھوٹا سا جملہ میرے سامنے آجاتا ہے جس کا احساس اور اظہار آج سے ٹھیک ۲۸ سال پہلے ہوا تھا جب میں نے اُردو کی ہر ایک بستی سے دورِ غالب کے اُردو فارسی کلام کو اوڑھنا بچھونا بنا رکھا تھا اور شب و روز اسی کیفیت میں بسر کرتا تھا۔ پہلی بار مجھ پر روشن ہوا کہ غالب ایک شخص یا شاعری نہیں وہ ایک "اپروچ" (Approach) ہے، زندگی کرنے کا ایک ہنر ہے اور فن کو برتنے کا ایک رویہ ہے۔ اس اپروچ کو پہچان کر سمجھ کر ہی ہم ساٹھ سال پر پھیلی ہوئی اس کی علمی اور فنی زندگی، فکر و فن میں رونما ہوتی ہوئی تبدیلیوں اور ایک دوسری کو کاٹتی ہوئی تحریروں اور لکیروں کا صحیح نقشہ ذہن نشین کر سکتے ہیں۔ تبھی اس کے کلام کی معنویت اور نظر کی معنی طلبی ہم پر کھلتی ہے۔

کہا جائے گا کہ جو ہستیاں خواہ فلسفے یا سائنس کی ہوں یا ادب اور فنون کی غور و فکر کے ایک طویل عرصے سے گزرتی ہیں۔ سبھی بالآخر ایک "اپروچ" اختیار کر لیتی ہیں اور اسی اپروچ سے ہم انھیں پہچانتے ہیں۔ یہ عام صورت ہے۔

نہیں ایسا نہیں ہے۔ ایک خاص تاریخی دور میں ایک مقررہ عہد اور ماحول میں ز
فنکار اپنے وقت کی راگنی گاتے ہیں اور خاص اسی عہد، اُسی ماحول، اسی مفاد کے ترجمان بن جانے
عافیت دیکھتے ہیں جس سے انھوں نے خود کو وابستہ کر لیا ہو یا سمجھ لیا ہو۔ اپنے عہد، ماحول اور مفاد
دائرے میں بسر کرنے کے باوجود اس کے مانے ہوئے عقیدوں، طور طریقوں، اس کی جڑ بنیاد وں
تاثیروں کو تنقیدی بلکہ بے رحم تنقیدی نظر سے دیکھنا، یقین سے تشکیک کے دشوار مرحلے میں اترنا،
یقین و شک، بیگانگی اور یگانگی کے دائروں میں مسلسل سانس لیتے رہنا (جو بجائے خود ایک ذہنی ا
کا بلاوا ہے) یہ ہے وہ عمل جو کسی ذہنی زندگی جینے والے یا فنکار کو مشاہدوں اور تجربوں کی آزمائش گ
رفتہ رفتہ گزار کر ایک " ایپروچ " تک لاتا ہے۔ اور وہ اُسی کے لیے خاص ہو جاتا ہے۔ اس مقام تک
پہنچنے والے ایک محدود زمانے میں بہت نہیں ہوا کرتے۔ اور جب ایک بار یہ نظریہ برتاؤ ان کے وجو
حصہ بن جائے تو وہ صرف زندگی کے روزمرہ اور بے لطف معاملات میں ہی نہیں بلکہ تخیل کی دنیا میں سب
ہوئے اور لفظوں یا لکیروں کے طلسم میں لپٹے ہوئے خیالات اور تاثرات کی صورت میں بھی ظاہر ہوئے
بغیر نہیں رہتا۔ یوں ایک فن پارہ اپنے زمانے کا صرف بڑبولا ترجمان نہیں رہتا، بلکہ ترجمانی کے دل فریب
فریضے سے بے نیاز ہو کر حاضر زمانے کے مسائل، مصائب اور مراسم پر خاص اپنا ایپروچ ظاہر کرتا ہے۔ جو
معاصرین کی ترازو یا عصری تقاضے میں فی الوقت کم عیار بھی ٹھہرے تو آگے چل کر اس کا مول بڑھ جاتا ہے اور
پچھلی ناقدری کی تلافی ہو جاتی ہے۔

اپنے زمانے میں غالب کی عام ناقدری اور ہمارے زمانے میں غالب کی خاص و عام قدر دانی میں
اس "ایپروچ" کا کتنا دخل رہا ہے، فی الحال ہم اس پر کچھ نہیں کہیں گے۔ پہلے ہی اتنی روشنی ڈالی جا چکی ہے کہ
اختلاف کی گنجائش نہیں رہ گئی۔ البتہ ہم اس ایپروچ کی روپ ریکھا کھینچ کر یہ ضرور جان سکیں گے کہ غالب
کا فوکس (Focus) کہاں تھا، وہ کیسے بنا اور اس کا اظہار کیوں کر ہوا۔

جدلیاتی معنویت :

اس سلسلے میں اولین نکتہ یہ ہے کہ غالب کی نظر جدلیاتی Dialectical ہے۔ جدلیاتی
نگاہ اس کے وجود میں ایسے ہی ہے جیسے فولاد میں جوہر۔ وہ اشیا اور مظاہر کو ان کی ظاہر اً شکل میں نہیں
دیکھتا، ان کے اندر موجود تضادات اور تصادم تک اُترتا ہے۔ ان تضادات سے، جو سائنسی مادی ہستی

رکھتے ہیں وہ زندگی کی ان حقیقتوں کو بھی ناپتا ہے جن کو ازلی یا ابدی یا اٹل شمار کر لیا گیا تھا۔ موٹی سی ایک مثال:

مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی ۔۔۔ ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا

تعمیر میں خرابی کی صورت پنہاں ہونا ۔۔ کوئی ایسی بات نہیں جو غالب سے صدیوں پہلے اور بار ہا نہ کہی جا چکی ہو، تعمیر و تخریب کا عروج و زوال کا ایک ساتھ لپٹے ہونا فلسفے اور سائنس کی دنیا کا ایسا مسئلہ تھا جو بائیس صدی پہلے یونانی مشائین لکھ چکے اور پھیلا چکے تھے۔ اثبات میں نفی کے عناصر کا وجود مادیت کے فلسفے نے صدیوں پہلے بتا دیا تھا۔ ہیگل نے سائنسی ناپ تول کے ساتھ اس کا پورا فلسفیانہ سسٹم سامنے رکھ دیا تھا اور فلسفۂ تاریخ پر بہت پہلے اس کا اطلاق کامیابی کے ساتھ کیا جا چکا تھا (مثلاً ابن خلدون کے مقدمہ تاریخ میں) غالب نے کوئی دور کی بات نہیں کی۔ جو فلسفہ ان کے ماحول میں پڑھا اور پڑھایا جاتا تھا، اس میں یہ باب بھی شامل تھا۔ لیکن اوّل تو مادّی سائنسی تجزیے کے اس باب کو غالب کے ہوشمند معاصر "پرانی بات" کے خانے میں ڈالتے رہتے تھے، دوسرے یہ کہ زندگی کے ایک عام سے منظر، کسان کھیت، فصل اور بجلی کے سامنے سے الفاظ کے ساتھ اس جدلیاتی فکر کے ایک نکتے کو یوں بے تکلفی اور بے رحمی سے بیان کر جانا دشوار ہوتا اگر غالب کے اپروچ میں مظاہر، مشاہدات اور مناظر کی رنگا رنگی پر ایک معروضی Objective نظر شامل نہ ہوتی۔ اب اسی نظر کو عشق کے معاملے میں دیکھیے:

سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی ۔۔۔ عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا

انسانی زندگی کی کیسی المناک حقیقت ہے کہ برق اور حاصل (پیداوار) میں جو عداوت ہے اسی عداوت کے شکنجے میں آدمی جیتا، سانس لیتا اور لطف اندوز ہوتا ہے۔

غالب عاشقانہ شاعری کا آدمی نہیں عشق کے والہانہ پن سے اس نے بہت کم سروکار رکھا ہے۔ کیسے رکھتا وہ شخص جو ہستی اور اپنی عافیت کی الفت میں مبتلا ہونے کے ساتھ ساتھ عشق کو خانہ سوز برق بھی شمار کرتا ہو۔ برق کی خانہ سوزی غالب نے اپنی گھریلو زندگی میں بھی برت کر دیکھ لی تھی۔ (ملاحظہ ہو انکی سوانح حیات) اب اس جدلیاتی فکر پر جو اپروچ قائم ہوگا اس میں یگانگی اور بیگانگی کا دوہرا پن ہونا لازم ہے یہ دوہرا پن اثبات و نفی کے لازم و ملزوم مان لینے اور برت کر دیکھ لینے سے آتا ہے اور عام نظروں میں مطعون و معتوب سمجھا جاتا ہے:

رونق ہستی ہے عشق خانہ ویراں ساز سے ۔۔۔ انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں

سر ابھر کر یہ خیال غالب کے اُردو فارسی کلام میں آیا ہے۔ مختلف سیاق وسباق میں آیا ہے۔ اور صاف نشاندہی کرتا ہے کہ شاعر کی نظر کا فوکس مناظر، معاملات اور مظاہر کے باطن پر، ان کی گہرائی اور حقیقت کی پیچیدگی پر اس کے اندرونی تضاد پر رہتا ہے۔ اس طرح کی نظر رکھنے والے خود کو تمام کے تمام کسی نظریے کسی عقیدے، کسی مذہب، مسلک کے سپرد نہیں کرتے۔ تشکیک کا باب ان کے ہاں ہمیشہ کھلا رہتا ہے۔ اور وہ ہمیشہ اپنے خوش عقیدہ ماحول کے مطعون رہتے ہیں۔

یہ ایک بات ہوئی جسے غالب کی زندگی اور ذہن سے لازمی نسبت رہی اور جسے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ ٹھوس حقیقت اور خوابناک تمنا کے تضادوں میں عمر بھر ملنے والا یہ شاعر آیا شروع سے ہی ایک سیدھی لائن پر ثابت قدم تھا یا اس کے ہاں تخلیقی عمل بے رحم تنقیدی عمل ہونے کے سبب مسلسل ارتقائی تبدیلیوں سے گزرا ہے ۔؟

میں اس پہلو پر اپنی تحریروں اور تقریروں میں روشنی ڈال چکا ہوں۔ دُہرانا منظور نہیں۔ البتہ مختصر لفظوں میں عرض کرنا ہے کہ ذہنی اور فنی کاوش میں جو ارتقائی لائن بنتی ہے وہ ہمیشہ سیدھی نہیں ہوا کرتی بعض شخصیتوں کے یہاں تو ارتقا کی لائن بار بار کی ترمیم اور نظرثانی کے سبب، ردّ وقبول کے عمل کی تکرار کے باعث یا تو بالکل مخالف سمت کا رخ کرتی ہے یا پھر جس نقطے سے چلی تھی، بڑھتے بڑھتے پھر وہیں پہنچ جاتی ہے اور یوں اپنا دائرہ مکمل کر لیتی ہے۔ اُسی سطح پر یا اس سے بلند تر سطح پر۔

ذہنی سفر:

غالب کے فکر وفن اور زندگی کے برتاؤ میں ارتقا کی یہ لائن مسلسل حرکت میں ہے اور جہاں سے شروع ہوئی تھی اس کے بالکل متوازی سمت میں سفر جاری رکھتی ہے۔

"شمار سبحہ مرغوب بُتِ مشکل پسند" والی زبان سے آغاز کرنے والا نوسری میں ہی خیالی مضامین کے انبار لگانے والا غالب خود اپنے برتاؤ کی مردم بیزاری سے بیزار ہوتا ہے اور خیالی کے بجائے اُن مضامین پر خود کو لگاتا ہے جن کو کسی نے تب تک شعری زیور کے قابل نہ سمجھا تھا۔ مثلاً:

اُور لے آئیں گے بازار سے، گر ٹوٹ گیا	جامِ جم سے یہ مرا جامِ سفال اچھا ہے
یا دانم کہ زرے داری ہر جا گزرے داری	گر نے زدہ سُلطاں از بادہ فروش آور

قسم کے درجنوں اشعار ___ جو عمر اور مشق دونوں کی پختگی کے زمانے کے ہیں آگے چل کر فارسی اور اُردو کے

دیوانوں میں زیادہ جگہ گھیرنے لگتے ہیں۔

وہ مفلس امیرزادہ، جسے ہم چشموں میں اپنی رئیسی شان بنائے رکھنے کی اور عامۃ الناس کی پسند ناپسند سے بے پروا بلکہ بیزار جینے کی لت تھی، رفتہ رفتہ اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ زندگی کی ریڈیکل تبدیلی نے اپنے اندر سے اپنا رد پیدا کر دیا ہے۔ اس کی معنویت میں فرق آ گیا ہے۔ جو فرق آیا ہے وہ ٹھہرنے والا ہے جو مٹ رہا ہے، بکھر رہا ہے، وہ خود شاعر کے نسلی، تہذیبی معاشرتی مفاد کے لیے کتنا ہی دردناک ہو، لیکن اسے بکھرنا تھا، مٹ جانا تھا، اس لیے آبجیکٹو اپروچ بھی یہی تقاضا کرتا ہے کہ اس سے امیدیں منقطع کر لی جائیں، اس کی سوگواری سے اپنے دل و دماغ کو آزاد رکھا جائے۔ تقدیر کے اس جبر کو (جدلیاتی تصور کی روشنی میں) اپنے دائرۂ اختیار میں قبول کیا جائے اور یوں زندگی کی شادابی کے نئے حیلوں سے ساز کر لیا جائے۔ بظاہر طنزیہ شعر ہے اور طنزیہ لہجے میں پڑھا بھی جاتا ہے ؎

ہیں اہلِ سخن کس روشِ خاص پہ نازاں   پابستگیٔ رسم و رہِ عام بہت ہے

اسی غزل کا ایک اور مشہور شعر ؎

کہتے ہوئے ساقی سے حیا آتی ہے، ورنہ   ہے یوں کہ مجھے دُردِ تہِ جام بہت ہے

پوری غزل پر حسرت کی نہیں، اُداسی یا مایوسی کی فضا نہیں۔ بلکہ حسرت و نامرادی کے اسباب اور حالات میں سے خیر اور راحت کے عملی امکان دریافت کرنے کی کوشش ہے۔ آخر وہ غالب ہی تو تھا چند سال پہلے کا، جو "روشِ خاص پر نازاں" تھا! آخر وہ یہی شخص تو تھا جو "پیوں شراب اگر خُم بھی دیکھ لوں دو چار" کی ترنگ جتاتا تھا، آخر یہی فنکار تھا جو اردو مشاعروں، محفلوں اور جمگھٹوں سے دامن کشاں رہا کرتا تھا۔ اب یہ کیسا ہے! اب اس کی نگاہ حقیقت کے تلخ تر اور پس پردہ پہلو پر بھی جا کر تھمتی ہے۔

خطوط نویسی:

خطوط غالب کے پرکھنے والے کہتے ہیں کہ مرزا نے ۱۸۵۰ء سے اردو میں خط و کتابت شروع کی، ایسا ہی ہوگا، مگر وجہ اس کی وہ نہیں جو ایک مقام پر خود غالب نے، اور پچاسوں جگہ بعد والوں نے بیان کی کہ عمر ہو گئی تھی تھک گئے تھے، زیادہ محنت مشقت کی عادت یا قوت نہیں رہی تھی اسلیے فارسی کے بجائے اُردو لکھنے لگے۔

ذرا اس عذر کو ہم اپنے زمانے کے اہل قلم پر آزما کر دیکھیں۔ وہ جنھوں نے لڑکپن سے انگریزی پڑھی انگریزی میں سوچا اور زیادہ تر انگریزی میں لکھا۔ ان کے لیے سہولت کس زبان میں ہے؟ انگریزی رسمی خطوط

لکھنے میں یا فارسی زبان کا "طرزِ خاص" ایجاد کرنے میں؟ اور پھر غالب نے کوئی تیرہ چودہ سال تک اتنے سارے خطوط لکھے اور جواب طلب کیے، اتنے سارے علمی ادبی لسانی سماجی مسائل ان خطوں میں بیان کیے کہ عمر رسیدہ ہونے کا عذر محض خوشگوار بہانہ معلوم ہوتا ہے۔ غالب نے اچھی طرح ٹھونک بجا کر جان لیا تھا کہ اگلی نسل جو آرہی ہے اس کے نثر و نظم کے پیمانے جدا گانہ ہوں گے اور ہمارے کلاسکی کام کا بیشتر انبار محافظ خانوں میں دفن ہو جائے گا۔

فارسی کی تصنیف "پنج آہنگ" میں جو خطوط نگاروں کے اصول و آداب غالب نے نوجوانوں کے لیے درج کیے تھے ـــ پندرہ بیس سال بعد وہ خود انہیں اصولوں سے پھر گئے ہیں۔ تو پھر کیا ان کا ماتم کیا جائے؟ یا بر وقت اپنے رُخ اور چلن میں تبدیلی کی جائے؟ غالب کے پاس نظم و نثر میں اس کا جواب اور یکسر تبدیلی کا جواز موجود ہے۔

آج ہمارے زمانے میں غالب کے جو تقریباً دو سو شعر گائے جاتے ہیں زبانوں پر چڑھ چکے ہیں، وہ صرف اس لیے مقبول خاص و عام نہیں کہ سادہ ہیں، خوش آواز ہیں، ایک بڑے شاعر سے عقیدت کے سبب ہر دل عزیز ہو گئے ہیں، بلکہ غور کیجیے تو پتہ چلے گا کہ ان میں عملی زندگی کے اُن گوشوں کا بیان ہے جو رسم و رہِ عام سے قریبی نسبت رکھتے ہیں، جو روزمرہ کی واردات کے کسی نہ کسی پہلو کو اجال دیتے ہیں۔ "میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے" کو غالب کے ساتھ محسوس کرنے اور کہنے والا خود ایک زینہ اوپر چڑھ جاتا ہے اور غالب کے بیان کی پہلی پرت ہی (اندر کی پرتیں بعد کی بات ہیں) تسلی بخش محسوس ہوتی ہے۔

اب ہم یہاں پہنچے کہ غالب کا اپروچ اور اس کا زاویۂ نگاہ سیدھی لائن پر نہیں رہا۔ وہ برابر فوکس بدلتا رہتا ہے اور حقیقتوں کے باطن کی تلاش میں رہا ہے۔ یہ ایسی بات ہے کہ اگر غالب کے ماہرین نہ بتاتے تب بھی خود شاعر کی زبانی معلوم ہو چکی تھی۔ شاعر کا اصرار ہے کہ قطرے میں دجلہ اور جزو میں کل تلاش کیا جائے یعنی ذرہ واقعات اور مظاہر سے کلیے اخذ کرنے کا عمل، جو فلاسفہ کے ایک مکتبِ فکر کا اصول رہا ہے؛ جس اصول سے سائنسی دریافتوں کی راہ آسان ہوئی ہے۔ شاعر کا اصرار ہے کہ فنکار کا زاویۂ نگاہ ایسا ہو کہ اسے حقیقت کا روپ نہیں اس کی معنویت نظر آئے۔ " آئینہ زدودن و صورت معنی نمودن " کو وہ حسن کا منشا قرار دیتا ہے۔ اپنے کلام کو "گنجینۂ معنی کا طلسم" قرار دینا اور دوسروں کو "معنی آفرینی" کی تاکید کرنا بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے

یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ غالب نے حقیقت کو معنویت میں زندگی کی معنویت میں پایا۔ زندگی
کو بے ثبات، لاطائل اور بے حقیقت کہنے اور سکھانے والے کلچر کے بیچ رہ کر، کھنڈروں کی نظارگی کے درمیان
عمر عزیز کے کم و بیش ستر سال گزار کر وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ حقیقت امراس کے روپ میں نہیں، بہروپ میں
نہیں بلکہ عناصر کی اس کشمکش میں ہے جو تہ میں کارفرما رہتی ہے۔ فارسی میں "بیند" اور "یافت" ردیفوں والے
قصیدے جو بعد کا بلکہ آخری دورِ حیات کی تصنیف ہیں، ان قصیدوں کی تشبیبیں اور ان میں معنویت
پر زور اگر ایک بار ذہن نشین کر لیا جائے تو غالب کی فارسی اردو شاعری اور خطوط کی اس روح سے آشنا
ہونا پُرلطف رہے گا جو رفتہ رفتہ نمودار ہوئی ہے اور غالب کے ذہنی اور فنی ارتقا کا نقطۂ عروج (Climax)
بنتی ہے۔ تصوف بحیثیت ایک اسلامی مسلک کے غالب پر اپنی رموز کھول چکا تھا وہ مسائل تصوف
کی گہری سوجھ بوجھ رکھتا تھا، لیکن عمر کا وہ حصہ جس میں اوباش بھی توبہ کر لیتے ہیں۔ جب تھک تھکا کر آدمی
تصوف کی طلسماتی فضا میں پناہ لیتا ہے، اس عمر میں غالب نے مسلک میں سے اس کی روح، اسکی معنویت
منتخب کر لی۔ اس کے اخلاقی اور ہیومنسٹ اپروچ کو اپنا لیا اور اپنے نیازمندوں کو بھی یہی تلقین کی کہ بس
تصوف میں سے اس کی یہ عملی روح اور معنویت لے لو۔ باقی سے دل اٹھا لو۔

غزلیں کی غزلیں اسی کیفیت میں ڈوبی ہیں۔ "غنی ست" والی غزل بھی اس زمرے میں شمار ہوگی جس
زمرے میں زندگی کی آسائشوں پر بس کرنے اور صورت پُرشان و مرتبے پر اس معنویت کو ترجیح دینے کا جذبہ حاوی ہے ؎

نشاطِ جم طلب از آسماں، نہ شوکتِ جم قدح مباد، نہ یاقوت بادہ گر غنی ست

"کرسی شان، خلعت اور زرِ منبر" کی کرسی کے طلبگار کی زبان سے اس قسم کے اشعار خود اس کے پہلے والے
اپروچ کو رد کرتے ہیں اور زیادہ عملی اور زندہ و توانا برتاؤ کو ابھارتے ہیں۔ بادہ غنی ہونا دراصل معنویت کی تلاش
اور محض اسی سے سروکار رکھنا ہے، "شوکتِ شاہی" یاقوتی قدح سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ تو کیا حقیقتوں اور
مظاہر اور معاملات میں معنویت کی جستجو "صورت معنی نمودن" ہی غالب کا زاویۂ نگاہ اور منشائے فن ہے؟
ہاں — ہم خود شاعر کے مسلسل اور ایک دوسرے کی تکمیل و تائید کرنے والے بیانات سے اس کی تصدیق
کرتے ہیں۔ تاہم ایک گوشہ اس نے یہاں بھی الگ سے نکال رکھا ہے اور وہ غالب جیسے دشوار پسند اور
معنی طلب شاعر کی زبان سے عجیب معلوم ہوتا ہے۔

گر بمعنی نہ رسی جلوہ صورت چہ کم است؟ خمِ زلف و شکن طرف کلاہے دریاب
عالم آئینہ راز ست چہ پیدا چہ نہان تابِ اندیشہ نداری بہ نگاہے دریاب

صورت کے حسن سے وہ منکر نہیں۔ ہمیں اُکساتا ہے کہ زندگی کی معنویت اگر ہاتھ نہیں لگتی تو نہ سہی اُداسی طاری کرنے سے بہتر ہے کہ جو جلوہ نگاہ کو نصیب ہے اسی سے دل کو ٹھنڈک پہنچائی جائے۔

نہیں نگار کو اُلفت نہ ہو، نگار تو ہے روانیِ روش و مستیِ ادا کہیے
نہیں بہار کو فرصت، نہ ہو بہار تو ہے طراوتِ چمن و خوبیِ ہوا کہیے
ہوں میں بھی تماشائیِ نیرنگِ تمنا مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ہی بر آوے

●●

سجاد مرزا

دیوانِ غالب کی شرحوں پر ایک نظر

شعر کی تہہ داری لفظی اور معنوی پیچیدگی تک دسترس حاصل کرنا، عام قاری کے بس کا روگ نہیں۔ شعر کی تفہیم اور ترسیل میں لغت بھی رہنما ثابت نہیں ہوتی۔ لغت میں الفاظ کے معنی تو مل سکتے ہیں، لیکن ان حکیمانہ نکات و نظریات تک رسائی ممکن نہیں جو شاعر نے رمز و کنایہ، اشاریت و ایمائیت اور اپنے اسلوب کی انفرادیت سے دامنِ شعر میں سمو دیئے ہیں۔ ایسے کلام کو سمجھنے اور اس سے لطف اندوز ہونے کے لیے شرح کی ضرورت و اہمیت کا احساس ہوتا ہے۔

غالب کے کلام میں اتنی گہرائی اور گیرائی موجود ہے کہ ہر شخص اپنے طور پر اس میں سے معنی اخذ نہیں کرسکتا۔ غالب کا ایک اہم رویہ اور عنصر جو اس کی شاعری کے حوالے سے سامنے آتا ہے، وہ یہ ہے کہ غالب اسلوب اور موضوعات کے اعتبار سے وسعت اور بلندی کی تلاش میں رہتا ہے اور جہانِ نو ڈھونڈنے کی کوشش کرتا ہے۔ غالب چونکہ فطرتاً عام راہ سے ہٹ کر اپنی راہ الگ پیدا کرنے والا، بڑا مشکل پسند انسان تھا اس لیے بیان کے نئے زاویے تلاش کرنے کے لیے اس کا خیال ہمیشہ دماغ کی پیچیدہ راہوں سے گزر کر سامنے آتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ سادہ اشعار میں بھی کوئی نہ کوئی گرہ ضرور لگاتا ہے لہٰذا یہاں بھی ہمیں شرحوں کا محتاج ہونا پڑتا ہے۔

ڈاکٹر عبادت بریلوی لکھتے ہیں:

> غالب نے شاعری کی زبان میں بڑی وسعتیں پیدا کی ہیں۔ ان کی زبان محدود نہیں ہے۔ وہ صحیح معنوں میں شاعری کی زبان ہے اور شاعری کی زبان ہونے ہی کا یہ اثر ہے کہ اس میں زندگی کی سی وسعت اور کشادگی نظر آتی ہے۔ ان کے یہاں زبان الفاظ کے متحرک اور زندہ مجموعے کا نام ہے۔ ان الفاظ میں ان کے خیال کا لہو ہے۔ ان کے فکر کی گرمی ہے۔ ان کے جذبے کی روشنی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ زندگی سے بھرپور نظر آتے ہیں اور ان میں بڑی ہی جولانی کا احساس ہوتا ہے۔ غالب کے استعمال کیے ہوئے الفاظ صرف الفاظ نہیں ہیں، ان کی حیثیت علامتوں کی ہے، اشاروں کی ہے، تشبیہوں کی ہے، استعاروں کی

ہے۔ وہ سیدھے سادے اور سپاٹ نہیں ہیں۔ ان میں تو پہلو دار کیفیت ہے۔ ان کی معنویت تو بہت پھیلی ہوئی ہے۔ وہ تو رمز و ایما کے پردے میں نہ جانے کیا کیا کچھ کہتے ہیں۔ پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ یہ الفاظ ہیرے کی طرح ترشے ہوئے ہیں۔ ان کو آپس میں ملا کر اور ایک دوسرے کے ساتھ پوری طرح ہم آہنگ کر کے انھوں نے مجموعی طور پر زبان کے ایک نئے رنگ و آہنگ کی تخلیق کی ہے اور اس طرح انھوں نے شاعری کی زبان کو ایک نئی زندگی سے ہمکنار کیا ہے اور اس کو نئے آسمانوں پر پرواز کرنا سکھایا ہے۔"

مولانا عبدالباری آسی اپنی شرح "دیوان غالب" کے دیباچے میں لکھتے ہیں :

" یہ مجھے صحیح صحیح معلوم نہیں کہ پہلے کن صاحب نے شرح لکھی مگر یہ معلوم ہے کہ اس وقت تک (۱۹۳۵ء) بارہ شرحیں لکھی گئی ہیں اور غالباً پہلی شرح وآلا دکھنی کی ہے جس کا نام " وثوقِ صراحت " ہے۔ اس میں مختصر اشارے ہیں اور غالباً یہ اس وقت مفید ہو سکتی تھی جب کچھ نہ کچھ دقتِ نظر اور سخن فہمی کا ملکہ ملک کے شعرا میں موجود تھا۔ آج اس کا وجود ہے اور نہ وجود ہونے کی ضرورت ہے، اس لئے زمانہ اب اتنا سخن شناس نہیں رہا کہ ان مختصر اشارات کو سمجھ سکے۔"

مولانا تمکین کاظمی " ہم قلم " کراچی فروری ۱۹۶۱ء میں اظہار خیال فرماتے ہیں :

" عام طور پر یہ شرح (وثوقِ صراحت) غالب کی اولین شرح خیال کی جاتی ہے، مگر مجھے اس کے شرح کہنے میں تامل ہے۔ اس کو شرح کہنے کے بجائے غالب کا ایسا دیوان کہا جا سکتا ہے، جس میں لغات حل کئے گئے ہیں۔ ایران و ہندستان میں بیشتر عربی و فارسی دواوین اور دوسری کتابیں اسی طرح حاشیہ پر " حلِ لغت " لکھ کر شائع کی جاتی تھیں۔ یہ بھی اسی قبیل کی چیز ہے۔"

یہ صحیح ہے کہ "شرحِ طباطبائی" جب (غالباً ۱۳۱۱ھ میں) پہلی بار شائع ہوئی تو حیدرآباد کے خاص حلقوں میں یہ ٹھکنے شروع ہو گئیں۔ دلی کے اربابِ نظر نے دہلوی اور غیر دھلوی کے زاویۂ نظر سے دیکھا اور حیدرآباد والوں نے ملکی اور غیر ملکی نقطۂ نظر سے اور یہ دونوں جس سنگم پر متحد الخیال نظر آئے وہ تھی مولوی عبدالعلی والا حیدرآبادی کی " وثوقِ صراحت " جو بلاشبہ اسی عہد کا کارنامہ ہے۔ جب " شرح طباطبائی " مکمل کی گئی۔ ان دونوں شرحوں سے پہلے ۱۸۸۷ء میں سید محمد مرتضیٰ بیانؔ یزدانی میرٹھی (وفات ۱۹۰۰ء) نے ماہنامہ " لسان الملک " (میرٹھ) میں " حل المطالب " کے عنوان سے غالب کی شرح کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ جو غالباً مکمل نہ ہو سکا۔

شارحین غالب میں نظم طباطبائی کی شرح کو وہی ممتاز درجہ و مقام حاصل ہے جو خود غالب کو اپنے معاصرین

میں حاصل تھا۔ مولانا عبدالرزاق راشد حیدرآبادی لکھتے ہیں :۔

" شرح طباطبائی کو درجہ استناد حاصل ہے۔ جس طرح دیوان غالب "بے مثل ہے، اسی طرح شرح طباطبائی " اپنا جواب نہیں رکھتی۔ دوسری شرحوں کے مقابلے میں " شرح طباطبائی " کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس میں فنِ شعر و سخن کے نکات و رموز اس شرح و بسط کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں، جس کے مطالعے سے اہلِ ذوق کے دل و دماغ روشن ہو جاتے ہیں اور شعر گوئی کے دروازے کھل جاتے ہیں۔"

جس طرح غالب اردو کا وہ پہلا منفرد شاعر تھا جس کے کلام کی اب تک درجنوں شرحیں لکھی جا چکی ہیں۔ اسی طرح علامہ نظم طباطبائی اردو زبان کا پہلا شارح ہے جس نے اردو ادبیات کو شرح سے روشناس کرایا ہے۔ "یادگارِ غالب" شاید اس سلسلے کا پہلا تجربہ تھی، جس میں غالب کے کلام کی شرح کاری کا عنصر موجود ہے۔ یہی وجہ تھی کہ خود حالی پر بھی ان کی زندگی میں یہی الزام لگایا گیا تھا کہ انھوں نے بعض مقامات پر اپنے استاد کی کڑی تنقید کرکے ان کے مرتبے کو گھٹانے کی کوشش کی ہے۔ " یادگارِ غالب " اور " شرح طباطبائی " کی تصنیف کا زمانہ تھوڑے بہت فرق کے ساتھ ایک ہی زمانہ ہے۔ شاید چند سال کا فرق ہو۔ پھر وہ اپنا دامن اس قسم کے الزامات سے کس طرح بچا سکتے تھے؟

ابتدا میں غالب کی شاعری میں تخیل کی بے راہ روی کی مثال ملتی ہے مگر جب سنِ تمیز کو پہنچے تو انھیں اپنی غلطی کا احساس ہو گیا اور انھوں نے اپنے کلام کو دیوان سے الگ کر دیا۔ عبدالرزاق شاکر کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں :

" ابتدائے فکرِ سخن میں بیدل و اسیر و شوکت کے طرز پر ریختہ لکھتا تھا چنانچہ ایک غزل کا مقطع یہ تھا ؎

طرزِ بیدل میں ریختہ لکھنا ۔۔۔ اسد اللہ خاں قیامت ہے

پندرہ ۱۵ برس کی عمر سے پچیس ۲۵ برس کی عمر تک مضامین خیالی لکھا کیا۔ دس برس میں بڑا دیوان جمع ہو گیا آخر جب تمیز آئی تو اس دیوان کو دور کیا۔ اوراق یک قلم چاک کئے۔ دس پندرہ شعر واسطے نمونہ کے دیوانِ حال میں رہنے دیئے۔"

عربی کا مشہور نقاد قدامہ بن جعفر رقمطراز ہے :

" طرزِ بیان شعر کا اصلی جز ہے۔ مضمونِ تخیل کا بجائے خود فاحش ہونا، شعر کی خوبی کو زائل نہیں کرتا۔ شاعر ایک بڑھئی ہے۔ لکڑی کی اچھائی برائی اس کے فن پر اثر انداز نہیں ہوتی۔"

مرزا غالبؔ نے ہرگوپال تفتہؔ کے نام ایک خط میں اپنی شاعری کے متعلق اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت ان الفاظ میں کی ہے :

"کیا ہنسی آتی ہے کہ تم مانند اور شاعروں کے مجھ کو بھی یہ سمجھتے ہو کہ استاد کی غزل یا قصیدہ سامنے رکھ لیا یا اوس (اُس) کے قوافی لکھ لیے اور ان قافیوں پر لفظ جوڑنے لگے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ بچپن میں جب میں ریختہ لکھنے لگا ہوں، لعنت ہے مجھ پر اگر میں نے کوئی ریختہ یا اس کے قوافی پیشِ نظر رکھ لیے ہوں۔ صرف بحر اور ردیف قافیہ دیکھ لیا اور اس زمین میں غزل، قصیدہ لکھنے لگا . . . بھائی! شاعری معنی آفرینی ہے، قافیہ پیمائی نہیں۔"

پہلے ان کا کلام و طرزِ بیاں ژولیدہ اور الجھا ہوا ہوتا تھا اور وہ مشکل پسندی کی طرف مائل تھے لیکن بعد میں ان کا رجحان سادگی اور سلاست کی طرف ہو گیا اور وہ سہل ممتنع کو حاصلِ کلام سمجھنے لگے۔ اسی سلسلے میں غلام غوث بے خبر کو ایک خط میں لکھتے ہیں :

"سہل ممتنع اس نظم و نثر کو کہتے ہیں کہ دیکھنے میں آسان نظر آئے اور اس کا جواب نہ ہو سکے۔ بالجملہ سہل ممتنع حسنِ کلام ہے اور بلاغت کی نہایت ہے۔ ممتنع درحقیقت ممتنع النظیر ہے۔ شیخ سعدیؔ کے بیشتر فقرے اس صفت پر مشتمل ہیں اور رشیدؔ و طواطؔ وغیرہ شعرائے سلف نظم میں اس شیوا کی رعایت منظور رکھتے ہیں، خودستائی ہوتی ہے، سخن فہم اگر غور کرے گا تو فقیر (غالبؔ) کی نظم و نثر میں سہل ممتنع اکثر پائے گا۔"

مرزا غالبؔ کی ژولیدہ بیانی و مشکل پسندی اور شاعرانہ سادگی و پُرکاری کے اس بحرِ بے کنار میں غواصی کرنے والوں نے کیا کیا گوہر ہائے نایاب پائے ہیں جو کہ شرح کی متعدد کتابوں کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔۔ غالبؔ کے شارحین نے غالبؔ کے نکھری زاویوں اور نکات کو اپنے اپنے طور پر سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ اور کلامِ غالبؔ کی مشکلات کا حل اپنی اپنی سطح پر ڈھونڈنے کی سعی کی ہے۔

آیئے "دیوانِ غالبؔ" کی شرحوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں :۔

۱۔ "یادگارِ غالب" مولانا حالیؔ نے اپنے استاد (غالبؔ) کے حالات کے ساتھ ساتھ چند اشعار کی شرح بھی ضمناً کر دی ہے۔ ایسے مطالب کا کلامِ غالبؔ میں اضافہ کیا ہے جو اس سے پہلے دنیا کی نظروں سے پوشیدہ تھے

۲۔ "شرح دیوانِ اردوے معلیٰ" علی حیدر نظم طباطبائی کی ایک مفصل شرح ہے۔ یہ شرح ۱۳۱۸ھ میں حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی۔ شرح کا انداز ادق اور مشکل ہے۔

۳۔ حیات نظامی بدایونی نے دیوانِ غالب کی شرح کی ہے۔ ۱۹۱۵ء میں شائع ہوئی۔ دوسروں کے خیالات کو شرح میں بیان کیا ہے۔ اپنا نقطۂ نظر پیش نہیں کیا۔

۴۔ " دیوانِ غالب مع شرح، حسرت موہانی "۔ ناشر انوار المطابع لکھنؤ ضخامت ۱۷۶۔ سالِ اشاعت ۱۹۲۲ء۔ بعض اشعار سے متعلق مختصر نوٹ دیے ہیں۔ اس کو شرح اشارات ہی کہا جاسکتا ہے۔

۵۔ " بیانِ غالب" میں آغا محمد باقر نے دیوانِ غالب کی شرح کی ہے، جو ۱۹۴۰ء میں لاہور سے شائع ہوئی۔ یہ ۷۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس شرح کی تیاری میں خطوطِ غالب، یادگارِ غالب، محاسنِ کلامِ غالب، شرح حسرت موہانی، نظم طباطبائی، سہا، بیخود، آسی، سعید اور شوکت میرٹھی سے مدد لی گئی ہے۔

۶۔ سہا بلند شہری کی شرح میں کوئی کام کی بات نہیں۔ اِدھر اُدھر سے جو کام چل سکتا تھا، اس سے اپنا کام چلایا ہے۔

۷۔ والا دکھنی کی شرح جن لوگوں نے پڑھی ہے۔ ان کی رائے کچھ زیادہ حوصلہ افزا نہیں۔

۸۔ " محاسنِ کلامِ غالب " ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری کا ۱۹۲۱ء پہلا ایڈیشن اور دوسرا ایڈیشن ۱۹۲۵ء میں شائع کیا گیا۔ بعض اشعار کے نئے تناظر میں معانی بیان کئے ہیں۔ ان پر انگریزی ادبیات کی گہری چھاپ ہے۔

۹۔ مولانا بیخود موہانی کی شرح میں خودستائی کے سوا کچھ نہیں۔ اس کی تیاری میں دوسری شرحوں سے بھی مدد لی گئی ہے۔

۱۰۔ "مرآۃ الغالب" بیخود دہلوی کی شرح ہے۔ شرح میں " یادگارِ غالب " کے حوالے زیادہ ہیں۔ یہ ایک عام فہم شرح ہے۔

۱۱۔ " دیوانِ غالب مع شرح " قاضی سعید الدین، ناشر ایجوکیشنل بک ہاؤس۔ علی گڑھ۔ ۴۸۲ صفحات، سالِ اشاعت ۱۹۲۲ء۔

۱۲۔ " دیوانِ غالب مع شرح " جوش ملسیانی، ناشر آتما رام اینڈ سنز دلی۔ صفحات ۴۸۴، جنوری ۱۹۵۰ء میں شائع ہوا۔

۱۳۔ " دیوانِ غالب مع شرح " از عبدالرشید علوی، اس کا مقدمہ غلام رسول مہر نے لکھا۔ ناشر حق برادرس لاہور۔ سالِ اشاعت ۱۹۴۰ء۔

۱۴۔ " شرح دیوانِ غالب " از یوسف سلیم چشتی۔ عشرت پبلشنگ ہاؤس لاہور سے ۱۹۵۲ء میں شائع ہوئی۔ ضخامت ۹۵۲ صفحات۔

۱۵۔ "روحِ غالب" از نشتر جالندھری، ناشر تاج بک ڈپو لاہور، صفحات ۴۱۶ سال اشاعت درج نہیں۔
۱۶۔ "تفسیرِ غالب" از گیان چند جین۔ ناشر جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی سری نگر۔ ۱۹۷۱ء، صفحات ۵۲۰۔
۱۷۔ "مفہوم غالب" از احسن علی خاں، ناشر مکتبہ میری لائبریری لاہور، ۱۹۶۹ء ص ۵۲۰۔
۱۸۔ "ترجمان غالب" از شہاب الدین مصطفیٰ حیدر آباد سے ۱۹۵۶ء میں شائع ہوا۔
۱۹۔ "مرادِ غالب" از منظور احسن عباسی ناشر سید سنز پرنٹرز۔ لاہور۔ ۱۹۷۵ء، ص ۲۳۴۔
۲۰۔ "روح المطالب" از شاداں بلگرامی۔ ناشر شیخ مبارک علی لاہور۔ ۱۹۶۷ء، ص ۶۲۰۔
۲۱۔ "عنقائے معانی" از شیر علی سرخوش۔ تین جلدوں پر مشتمل ہے۔
۲۲۔ "نوائے سروش" از غلام رسول مہر۔ عام فہم، مکمل اور طویل شرح ہے۔ ص ۱۰۹۴۔
۲۳۔ "مکمل شرح دیوان غالب" از عبدالباری آسی لکھنوی۔ ۱۹۳۱ء، ص ۴۷۲۔
۲۴۔ مولانا سید ابوالحسن ناطق کی شرح مختصر اور جامع ہے۔
۲۵۔ "صحیفۂ غالب" شیخ عبدالرحمٰن طارق نے غالب کی شرح لکھی جو ۱۹۳۵ء میں لاہور سے شائع ہوئی
۲۶۔ "الہامات غالب" دیوان غالب کی شرح عنایت اللہ محمد نے کی جو ۱۹۴۰ء میں لاہور سے شائع ہوئی۔
۲۷۔ "ارمغان غالب" کے نام سے محبوب الہٰی نے کلام غالب کی شرح کی جو ۱۹۵۰ء میں طبع ہوئی۔
۲۸۔ "مشکلات غالب" نیاز فتح پوری نے غالب کے مشکل اشعار کی شرح کی ہے۔ جو ۱۹۴۱ء میں لکھنؤ سے شائع ہوئی۔
۲۹۔ "رموزِ غالب" پروفیسر طفیل دارا نے شرح کی۔ علمی کتاب خانہ لاہور نے ۱۹۷۰ء میں اسے شائع کیا۔
۳۰۔ "روحِ غالب" صوفی غلام مصطفیٰ تبسم نے خوبصورت انداز میں شرح کی ہے۔ جس میں فارسی اور پنجابی کے اشعار بھی بلا تکلف استعمال کئے ہیں۔ گلوب پبلیشرز لاہور سے ۱۹۴۹ء میں طبع ہوئی۔ صفحات ۲۵۶ ہیں۔
۳۱۔ "دیوان غالب" مرتبہ عرشی، جس کے آخر میں تشریحات شامل ہیں۔ علیگڑھ سے ۱۹۵۸ء میں شائع ہوا۔ صفحات ۶۳۲ ہیں۔
۳۲۔ "مطالب الغالب" ہما بلند شہری کی شرح ہے جو عمدہ شرحوں میں شمار ہوتی ہے۔

۲۳۔ دیوانِ غالب کی شرح سید عسکر علی نے بھی کی ہے، جسے لاہور سے حاجی فرمان علی اینڈ سنز نے شائع کیا۔ ۳۶۸ صفحات پر مشتمل ہے۔

۲۴۔ "منتخب شرح دیوانِ غالب" قریشی بک ہاؤس لاہور نے طلبا کے افادے کے لیے شائع کی یہ مختصر شرح ۱۶۸ صفحوں پر محیط ہے۔

۲۵۔ "دیوانِ غالب" حاجی غلام علی اینڈ سنز لاہور نے شائع کیا ہے۔ جس میں متن کے ساتھ ساتھ شرح بھی موجود ہے۔ یہ حرف ردیف "ی" کی شرح ہے۔

ان شرحوں کے علاوہ متعدد ادبی جرائد و رسائل میں غالب کے چیدہ چیدہ اشعار کی شرحیں بکھری پڑی ہیں۔ اس منتشر شیرازے کو سمیٹنے کی ضرورت ہے۔

"مرقع چغتائی" اور "نقش چغتائی" میں مصور مشرق عبدالرحمٰن چغتائی نے رنگوں اور خطوط کے ذریعے غالب کے خیالات کی ترجمانی کی ہے۔ اشعار کو پیکر تصویر دینا اور شاعر کی روح میں اترنا اگرچہ مشکل مراحل ہیں۔ تاہم چغتائی نے غالب کے خیالات اور طرزِ فکر کو اپنے موئے قلم سے زندۂ جاوید بنا دیا ہے۔ چغتائی نے غالب کے ان اشعار کو وسیلہ بنا کر غالب کے ذہنِ رسا تک پہنچنے کی کوشش کی ہے تاکہ حقیقی معنی تلاش کیے جائیں۔ جو کلچر غالب کے اشعار میں نغمہ بنا ہے۔ وہ چغتائی نے تصویر میں نمایاں کر دیا ہے۔ مغل تہذیب کا ادا شناس چغتائی ہی غالب کے معانی تک پہنچ سکتا تھا۔

دیوانِ غالب کے سب سے مہنگے ایڈیشنوں میں "مرقع چغتائی" اور "نقش چغتائی" کے بعد سب سے مہنگا ایڈیشن "ہندوستانی بک ٹرسٹ بمبئی" کی طرف سے مشہور ترقی پسند ادیب علی سردار جعفری نے شائع کیا۔ اس ایڈیشن کی کوئی معنوی حیثیت تو نہیں البتہ اس کی ظاہری آرائش و زیبائش پر چھتیس ہزار روپیہ ضرور برباد کر دیا گیا ہے۔ ہندستان کے موجودہ اقتصادی بحران نے ہماری "قوت خرید" کو قریب قریب ختم کر دیا ہے۔ اس کو مدنظر رکھا جائے تو جعفری صاحب کی یہ شرح "مہنگا سودا" ہے۔

("ہماری زبان" اپریل ۱۹۶۰ء مراسلہ نگار مادم سیتاپوری)

دیوانِ غالب کے کئی مصور ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ تاج کمپنی کے مصور ایڈیشن کے علاوہ "مرقع غالب" از لالہ پرتھوی چندر، ناشر جامعہ لمیٹڈ۔ لکشمی بک اسٹور۔ نئی دہلی۔ ضخامت ۱۹۲ صفحات، سالِ اشاعت ۱۹۶۶ء۔

"دیوانِ غالب" باتصویر از مظفر علی سید، حنیف رامے، نیا اردو لاہور نے ۱۹۶۵ء میں

شائع کیا۔ صفحات ۳۲۰ ہیں۔

حنیف رائے کی تجریدی تصویروں نے اس کتاب کے بانکپن کو دوبالا کر دیا ہے۔ بقول حنیف رائے:

" غالب کا انداز بیاں ستواں ہے کہ جہاں دس لفظوں سے کام چل سکتا ہے، وہاں یہ تو ممکن ہے کہ اس نے نو استعمال کئے ہوں، لیکن وہ گیارہ نہیں کرتا۔ الفاظ کے اس استعمال میں اس کفایت شعاری نے مجھے ترغیب دی کہ میں بھی کم سے کم رنگوں میں ان معانی کی صورتیں ترتیب دوں جو غالب کے اشعار میں موجزن ہیں اور لفظوں کی کسی ہوئی کھال میں سے خون کی مانند جھلکتے ہیں۔"

اخذ واستفادہ

۱۔ "خیابانِ غالب" از نادم سیتاپوری۔

۲۔ "غالب کا فن" ڈاکٹر عبادت بریلوی۔

۳۔ "خطوطِ غالب" غلام رسول مہر۔

۴۔ "جہانِ غالب" کوثر چاندپوری۔

۵۔ "شرحِ دیوانِ غالب" عبدالباری آسی۔

۶۔ "مرزا غالب" (کتابیات حصہ اول) ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔

۷۔ "فروغِ اردو" لکھنؤ۔ غالب نمبر۔

۸۔ "ہم قلم" کراچی۔ فروری ۱۹۶۱ء۔

۹۔ "ہماری زبان" علی گڑھ۔ اپریل ۱۹۶۰ء۔

۱۰۔ ماہنامہ "شام و سحر" لاہور۔ جنوری، فروری ۱۹۸۸ء
"غالب کی شرحوں کا مطالعہ" طاہر مسعود چودھری۔

۱۱۔ ماہنامہ "کتاب" لاہور۔ ستمبر ۱۹۶۶ء۔

●●

ڈاکٹر طلحہ رضوی برق

آزادی کے بعد اردو مثنوی میں دانشوری

تہذیب و تمدن اور ثقافت کا رشتہ کسی قوم کے عقاید و نظریات سے بلاواسطہ مربوط و منضبط رہتا ہے اور عقاید و نظریات مذہب کے زیر سایہ پروان چڑھتے ہیں۔ مصری تہذیب ہو یا چینی تمدن، یونانی ثقافت ہو یا ہندوستانی معاشرت ان پر قومی عقاید کی گہری چھاپ ہے۔ ایک مذہب کے ماننے والوں کا اختلاط جب دوسرے مذہب والوں سے ہوتا ہے تو فکری سطح پر تغیرات رونما ہوتے ہیں اور ان کا انعکاس آئینۂ تہذیب و ثقافت کرتا ہے۔ یہ فکری سطح علم و دانش کے زیر اثر اٹھتی اور گرتی ہے۔

اسلام ایک مذہب ہے، ایک مکمل نظام حیات۔ داعیٔ اسلام کی تعلیمات اور قرآن حکیم کے احکامات نے فکر و خیال کی سمتیں متعین کیں۔ علم و دانش کی اسی روشنی میں ایک صحرا نورد قوم نے اپنی وہ شناخت پیش کی جس کی انفرادیت و امتیاز کسی بھی تہذیب و تمدن سے آمیز ہو کر نمایاں رہا۔ علم و دانش کی یہ روشنی جس کا منبع قرآن و حدیث ہیں۔ جزیرۃ العرب سے پھیلی اور کشور ایران کو بقعۂ نور بناتی ہوئی سرزمین ہندوستان کو جنت نشان کر گئی۔ اسلامی دانشوری کی جڑیں اسی علم و حکمت میں پوشیدہ ہیں جس کا مخزن "ام الکتاب" ہے، اور جس پر اس کتاب حکمت کا نزول ہوا۔ اس کا ارشاد پاک ہے: " انا مدینۃ العلم۔

علم صفت باری تعالیٰ ہے، جس نے آدم کو کل اسمار سکھائے۔ اگرچہ اس عطائے علم کو بحد قلیل بتایا گیا ہے۔ سیکھنا اور سمجھنا لازم و ملزوم ہیں۔ دانش، مصدر دانستن کا حاصل ہے، اور علم و دانش حیات انسانی کا حاصل اس کی تخلیق کی غایت

روئے زمین پر انسانیت کا مدّ و جزر اسی ماہ علم و دانش کی تابانیوں کا اسیر ہے۔ مصری دارالعلوم ہوں یا غرناطہ کی درسگاہیں، بغداد کے مدارس ہوں یا ہند و چین کی دانشگاہیں، مقصد علم انسانیت کا تحفظ اور اخلاقی و روحانی قدروں کی ترویج رہا ہے۔

شریعت و طریقت، فقہ و تصوف، ادب و حکمت اور دین و سیاست ہر زماں علم و دانش کے مظاہر رہے ہیں۔

اردو زبان اس سرزمین پر صوفیاء کے ہاتھوں وجود پذیر ہوئی۔ تصفیۂ قلوب اور تزکیۂ نفوس کا علم جس دانشورانہ انداز سے رائج کیا گیا۔ اسی انداز و اسلوب اور اسی ترسیل و ابلاغ کے طفیل یہ زبان بنتی اور ترقی کرتی گئی، حتیٰ کہ اس کا ظرف وسیع رومی، وسانی، حافظ و خیام اور سعدی و عطار کا امین راز بن گیا۔

۱۸۵۷ء کے انقلاب اور ایک خاص سیاست و تمدن کے مبینہ زوال کے بعد اس ملک میں مختلف سیاسی و مذہبی عمل و ردّعمل کا ظہور رہا۔ تہذیبی ٹکراؤ، نظریاتی تصادم، لسانی تغیر اور سیاسی شکست و ریخت کی ابر آلود دھندلی فضا میں علم و دانش کی بجلیاں بھی کوندتی رہیں۔ یہی فطری عمل ہے اور زمان و مکان کی منطقی وحدت۔

غالب کا نوحہ ہو یا سرسید کی تحریک۔ حالی کا مسدس ہو یا نذیر احمد کی توبۃ النصوح"۔ انجمن حمایت اسلام لاہور ہو یا انجمن ترقی پسند مصنفین، دارالعلوم دیوبند ہو یا دارالافتاء بریلی زندگی کے ہر شعبہ میں علم و دانش کی سنہری کرنوں کا استحفاظ مقصود و موجود تھا۔

یہ تاریخ کا عظیم جبر ہے کہ فکر و خیال کے رشتے اپنی اساس سے رہ رہ کر ٹوٹا کیے۔ نری عقل کی پرواز اور سائنس کے اعجاز نے مادّی کمال کو روحانی زوال کا جواز کر دیا۔ اخلاقی قدریں تہہ و بالا ہوئیں۔ اپنے جگر سے سارے جہاں کا درد رخصت ہوتا گیا، ہم اپنی ذات کے خول میں سمٹتے گئے۔ وصال پر انفصال حاوی ہو گیا۔ بے رحم تاریخ کا یہ دھارا آزادیٔ ہند کے بعد اور بھی تیز تر ہے۔

ادب ہماری معاشرت اور فکری رو کا آئینہ دار ہے اور آئینہ جھوٹ نہیں بولتا۔ انسانی زندگی کا توازن و اعتدال مادّی و روحانی قدروں کے حسین امتزاج سے عبارت ہے۔ آج عصری علم و دانش کی برقتابی ہماری چکاچوند پر شرمندہ ہے۔ بصیرت اپنا اظہار چاہتی ہے۔ اور ادب اس کا بہترین ذریعہ ہے۔

آزادی کے بعد اردو ادب میں صالح دانشوری کی روایت باقی ہے، مگر اس طرح جیسے جوہو کے بس اسٹینڈ پر برقع پوش خاتون یا یو۔ ان۔ او کی جنرل اسمبلی میں صاحب عبا و عقال۔ ہمارا شعری ادب آج بھی اپنے تمام اصناف کے ساتھ زندہ و باقی ہے۔ خود رو نظم و غزل کے برگ و بار تلے دوسری صنفوں کا نمو نسبتاً دب سا گیا ہے بالخصوص مثنوی جو اپنے دامن میں قدیم و عظیم وراثتِ علم و دانش کا سرمایۂ ارجمند رکھتی ہے، آزادیٔ ہند کے بعد کربِ کسمپرسی کا شکار رہی۔ ہاں! چند اور محض چند مثنویاں فکر و خیال کا نور اور علم و دانش کا سرور لئے منظر عام پر

ان کی طرف ابھی توجہ نہیں کے برابر ہے۔ مثلاً : "پروفیسر جمیل مظہری کی مثنوی "آب و سراب"، ڈاکٹر عبدالمجید
سں کی مثنوی "حیات و کائنات" اور مولانا عزیزالحق کوثر کی مثنوی "صحیفۂ زندگی"

جمیل مظہری موجودہ صدی کے چند بلند قامت ادبی شخصیتوں میں تھے، جنھوں نے اپنی شاعری کو فکر و خیال
خ عطا کیا۔ ان کی مثنوی "آب و سراب" ایک اہم مثنوی ہے جس میں انھوں نے حیاتِ انسانی اور حقیقت تخلیق سے
ن پورے زور تشکیک کے ساتھ بحث کی ہے۔ اس مثنوی کو انھوں نے دیاشنکر نسیم کے نام ان الفاظ کے
اتھ معنون کیا ہے :

" جن کی مثنوی نے بچپن میں میرے ذوقِ سخن کی رہنمائی کی، جن کے مندرجہ ذیل اشعار
نے اس مثنوی (آب و سراب) کے لئے فکری مواد مہیا کیا۔

کیا شکوہ اگر پری نہ سمجھے — افسوس کہ آدمی نہ سمجھے
یہ قطرۂ بحر کبریا ئی — دریا ہے جو ہو وے آشنائی
دم دھاگے میں رشتۂ نفس کے — پھندے میں پڑا ہے پیش و پس کے "

ہاردو مثنوی میں علم و دانش کی جو ہمہ گیر روایت کارفرما رہی ہے۔ مثنوی "آب و سراب" اس کی ارتقائی کڑی
ہے۔ جمیل مظہری کی نگاہ میں اس کارخانۂ ہستی کی ہر شے پیاسی ہے۔ ایک ازلی تشنگی سب پر مسلط ہے۔ عقل و شعور
ور خالق و مخلوق، زندگی و موت، سب ایک سراب حقیقت ہے۔ حقیقت کا ادراک کسی کو نہیں۔ علم کی بے مائیگی
ر دانش کا فتور ذہنوں کے لیے عذاب ہے۔ وہ انسان میں الوہی صفات کے قایل تھے۔ تاہم ان کا شعر
ر خلاصہ پیغام ملاحظہ ہو:

تم میں جو الوہیت ہے پیارے — پہنچے گی نہ دین کے سہارے
ہے دین تو درس عاجزی کا — اعلان تمہاری بے بسی کا
دانش کا فتور کچھ نہ پوچھو — مذہب کا قصور کچھ نہ پوچھو
یہ دیر و حرم کی سجدہ گاہیں — یہ مدرسے اور یہ خانقاہیں
درماندگیوں کے ہیں بسیرے — گھبرائی ہوئی تھکن کے ڈیرے
ان جہل کدوں میں قفل ڈالو — ذہنوں کو عذاب سے نکالو

اور اسی طرح تمام مذہبی و سیاسی، تہذیبی و تمدنی قدروں پر ایک سرابی تنقید کرکے گذر جاتے ہیں، یہ خود اپنی

ذہنی انتشار، فکری خلجان اور روحانی کرب، تشکیک و تشنگی سے تھک کر سپر ڈال دیتے ہیں۔ آخری اشعار ملاحظہ ہوں:

اے کاش اک ایسا ابر آتا — جو روح کی پیاس بھی بجھاتا

مدت سے ہے تیز نبضِ امکاں — آنے کو تو آرہے ہیں طوفاں

جھونکا کوئی اس طرف بھی آئے — چھینٹا کوئی اس طرف بھی آئے

چونچال ہو آگہی ہماری — بجھ جائے یہ تشنگی ہماری

دوسری مثنوی "حیات و کائنات" علم جغرافیہ کے ماہر استاد ڈاکٹر عبدالمجید شمس کی ہے جو ۱۹۶۵ء میں شائع ہوئی۔ یہ مثنوی جمیل مظہری کی مثنوی "آب و سراب" سے متاثر ہو کر لکھی گئی ہے، اور اس کا مرکزی خیال جدید سائنس کے اصول ارتقاء پر قایم کیا گیا ہے۔ بقول مصنف:

> "اردو میں شاید فطری، علمی، اخلاقی اور تمدنی ارتقاء کے پیچیدہ مسائل کو ایک مسلسل نظم یا مثنوی کی شکل میں پیش کرنے کی یہ پہلی کوشش ہے۔"

تقریباً سات سو اشعار کی اس مثنوی میں موجودہ انسانی تمدن کی عظمتوں اور کوتاہیوں کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے اور انفرادی و اجتماعی مفاد کی خاطر لائحہ عمل متعین کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا ہے۔

اردو مثنویوں میں دانشوری کی یہ روایت جس حسن و خوبی کے ساتھ "حیات و کائنات" میں آگے بڑھی ہے ہم اس پر بجا طور پر ناز کر سکتے ہیں۔ سائنسی اور علمی حقایق کو شاعرانہ لطافتوں کے ساتھ پیش کرنا دو بہت مشکل اور متفاوت عناصر کے حسین امتزاج کی کوشش ہے۔ ڈاکٹر شمس کہتے ہیں:

دلچسپ ہیں رازہائے گیتی — معلوم ہیں کچھ، بہت ہیں مخفی

گم عقل ہے مسئلہ بڑا ہے — لاریب یہ معرکہ بڑا ہے

پھر بھی نہ اگر ہو حل کی تدبیر — ہے عقل بشر کی اس میں تحقیر

اس تذکرۂ جہاں سے پہلے — کرتا ہوں بیان چند نکتے

سائنس کا کلیہ رہے یاد — ہوتی نہیں کوئی شے بھی برباد

صورت ہر آن نت نئی ہے — جوہر وہی مادہ وہی ہے

ہستی اور تنازع للبقاء، عروج و زوال، ان کے اسباب اور مختلف علوم عقلی و نقلی کے نکات کی پردہ کشائی اس مثنوی کا موضوع ہے۔ زبان کی سلاست اور انداز بیان کی دلنشینی قابل داد ہے۔

جس دن سے ہوئی نمود ہستی　　　ہے کشمکش حیات جاری
ناپید ہوئی ہیں ان کی نسلیں　　　ناکام رہے جو کشمکش میں
اس دہر کی ذی حیات ہر شے　　　پابند اصول ارتقا ہے

تخلیق کائنات، نباتات و جمادات اور حیوانات کا وجود، علامات زندگی اور ان کی ارتقائی منزلیں اور ان سب کے پیچھے خالق کائنات کی قوت لازوال جو انسانی عقل سے ماورا ہے۔ "کل یوم ھو فی شان" کی تعبیر لطیف ہے۔ حتیٰ کہ

اخلاق و تمدّن و حکومت　　　تہذیب و فنون و علم و حکمت
سب مائل ارتقا ہیں ہر آن　　　قدرت کا یہ بیکراں ہے احسان

تقدیر و تدبیر، جبر و قدر، اور ان سارے مسائل کے پیچھے ایمان و ایقان کا نور جو تزکیہ قلب و تطہیر نفس کا ضامن ہے، قدر اوّل ہے۔ سارے علم و دانش کی اساس یہی ہے :

ہو نفس پہ اختیار کامل　　　قابو ہو خودی پہ اپنی حاصل
ہو مہر و وفا شعار انسان　　　ایثار بنے بنائے ایماں
تفریق نہ رنگ و نسل کی ہو　　　مذہب نہ بنائے دشمنی ہو
ہو خدمت خلق ہی عبادت　　　قربانی نفس ہو سعادت
اطوار بشر سنورتے جائیں　　　اعمال بشر سدھرتے جائیں

کیا یہی وہ اساسی قدریں نہیں، مذہب اسلام جن کا داعی ہے۔ کیا اصول دین متین جن پر اتمام و تکمیل کی مہر لگی ہے۔ شعبۂ زندگی کے پیچیدہ ترین مسائل کی موشگافی اور ان کا حل نہیں رکھتے۔ علم و دانش کی عطا دراصل عشق کی وہ جست ہے جو فرد کی گتھیوں کا سارا قصہ تمام کردے۔ آج مادّی علوم کی بھول بھلیوں میں انسان گم کردہ راہ ہے۔ ضرورت ان اخلاقی قدروں کی بازیافت اور ستودہ صفات کے حصول کی ہے جو عصری علم و دانش کو طمانیتِ قلب و فلاح انسانی کا ضامن بنا دے۔

انھیں حقائق کی ترجمان مولانا عزیز الحق کوثر کی بیش قیمت مثنوی "صحیفۂ زندگی" ہے جو ۱۹۷۸ء میں اشاعت پذیر ہوئی۔ یہ مثنوی تقریباً سترّہ سو اشعار پر مشتمل ۶۸ ذیلی عناوین کی حامل یقیناً دلکشی و جاذبیت کا ایک حسین نگار خانہ اور حقائق و بصائر کا ایک انمول مرقع ہے۔ چند عنوانات سے ہی موضوع کی اہمیت، ان کے علمی افق

اور دانشورانہ نقطۂ نظر کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

عظمت انسان، توحید الٰہی، عظمت قرآن و درس قرآن، عظمت مصطفیٰ، خود شناسی و خدا شناسی، سکون کی تلاش، مغربی تہذیب کا جائزہ، نفس کا تزکیہ، حیاتِ نو، منزل قرب و شہود، تقدیر، تطہیر کردار، تنویر وجود، ارتقائے روحانی وغیرہ۔ بالفاظ ناشر "اگر خود شناسی، خدا شناسی، تعمیر کردار، تنویر افکار، معاشرے کی اصلاح، صالح تمدن کی تعمیر، جوش عزیمت، سعی پیہم اور احتساب نفس جیسی اعلیٰ اور معیاری تعلیمات کو یکجا کر دیا جائے تو فوراً ذہن کے پردے پر 'صحیفۂ زندگی' کی تصویر اُبھر جائے گی"۔

یہ مثنوی فنی لوازمات اور صنفی روایات کی حامل ہے۔ زبان و بیان کی سادگی و شگفتگی کا اندازہ اس کے اشعار سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ نکاتِ علمی و مسایل دانش سہل و آسان الفاظ میں جس روانی و برجستگی سے بیان کئے گئے ہیں، وہ مصنف کی قدرت فن، مبلغ علم اور زبان دانی کی دلیل ہے۔ صرف دو شعر میں حمد و نعت اعترافِ عجز و اختصار و ایمائیت کی مثال ہے:

حمد تیری اور محدود رقم — اے خدا سجدے میں ہے ابتک قلم
ایک انساں اور نعت شاہ دیں — میں بشر ہوں بلبل سدرہ نہیں

قرآن کتاب مبین ہے، حکمت و دانائی کا سرچشمہ ہے، "تبیان لکل شیء"۔ "حیات و کائنات" کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جس پر یہ محیط نہ ہو۔ "لا اکبر ولا اصغر الا فی کتاب مبین"۔ مولانا کوثر کہتے ہیں:

سب اصولِ زندگی قرآں میں — ہم نے سب پایا اسی قرآں میں
درس قرآں ہے عزیمت آفریں — سست ہمت آدمی کچھ بھی نہیں

حق پرستی و خود شناسی کی تعلیم نہایت موثر انداز میں دی گئی ہے:

حق پرستی ہے نہایت ناگزیر — ورنہ مر جائے گا ایمان ضمیر
اے خدا کی صنعتوں کے شاہکار — تیری خاطر گردش لیل و نہار
یہ زمین و آسماں کی طاقتیں — اور یہ ان کی طبیعی قوتیں
سب مسخر ہیں بشر کے واسطے — تجھ سے وابستہ ہیں ان کے رابطے

موجودہ مغربی تہذیب کی یلغار اور مادی ترقیوں نے دلوں کا سکون غارت کر دیا ہے۔ مغربی تہذیب کا جائزہ لیتے ہوئے کہتے ہیں:

اس کی ہر ایجاد میں تخریب ہے — یہ ہے یورپ اس کی یہ تہذیب ہے
اس کی فطرت بن گئی ظلم و فساد — اعتقادِ دین و ملت سے عناد

اور اس کے مقابل اسلامی اصول مداوا کے طور پر پیش کرتے ہیں:

تزکیہ کردار کی تعمیر ہے — نفس کے اوصاف کی تطہیر ہے
تزکیہ کی اصل ایمان و یقیں — یہ اگر حاصل نہیں تو کچھ نہیں
روح کا اصلی سکوں یادِ خدا — اور سکونِ قلب ذکرِ کبریا
منصب آدم ہے نظمِ کائنات — منصب آدم ہے تعمیرِ حیات
ابنِ آدم منبعِ فکر و نظر — اپنی ساری قوتیں بیدار کر

خلاصۂ پیغام یہ ہے کہ:

اب امینِ حق عظیمِ روزگار — صرف دو باتوں میں سارا اقتدار
عقل و دانش میں بڑی پرواز ہو — روح میں ایمان کا اعجاز ہو
یعنی سائنسی ترقی بھی رہے — اور سچی دین داری بھی رہے
کاوشِ پیہم ہے تقدیرِ بشر — عزم و ہمت میں ہے بجلی کا اثر

روح اور مادہ سے متعلق تمام نظریات پر اجمالی تبصرہ اور اسلامی و قرآنی نقطۂ نظر کی صداقت و برتری کا اعلان اور اس کے دلائل پیش کئے گئے ہیں۔ عالم کے مادہ تکوین، وہ نورِ بسیط جس سے اجسام و روحانیت کی تکوین ہوئی ہے جسے شاہ ولی اللہ صاحب نے "شخصِ اکبر" کا نام دیا ہے۔ عام فہم دلیلوں سے ثابت کیا گیا ہے۔ نفسِ امارہ و نفسِ مطمئنہ کی دلنشیں تشریح، ادراک و شعور، اضاعتِ وقت اور طولِ امل کی اسلامی توضیح، نفس حقیقت اور تسویۂ نفس کی عقلی تعبیر علم و دانش کے وہ مظاہر ہیں جن کی صلابت قرآن و حدیث کی عرفانی تعلیم پر منحصر ہے۔ بخوفِ طوالت یہاں نقلِ اشعار سے گریز کرتا ہوں۔

بہر طور آزادیٔ ہند کے بعد لکھی گئی اردو مثنویوں میں علم و دانش کی گہر ریزی تابناک ہے۔

●●

تازہ مطبوعاتِ خدا بخش لائبریری

اردو

۱- خدا بخش کے نادر عربی مخطوطات کی توضیحی فہرست۔ ج ۱	۱۹۹۷ء	۲۸۸ص	۲۰۰/-
۲- " " " " " " ج ۲	"	۲۸۴ص	۱۵۰/-
۳- " " " " " " ج ۳	"	۲۲۳ص	۱۲۵/-
۴- دیوانِ ناسخ: عکسی اڈیشن نسخہ بنارس/ شیخ امام بخش ناسخ، تقدیم، ڈاکٹر حنیف نقوی	"	۱۹۶ص	۱۰۰/-
۵- ذاکر صاحب کے خط: عکسی اڈیشن۔ ج ۲	"	۲۳۲ص	۱۵۰/-
۶- مرزا غالب کے پنج آہنگ کا قدیم ترین خطی نسخہ: عکسی اڈیشن، تقدیم، ڈاکٹر حنیف نقوی	"	۱۴۴ص	۷۵/-

فارسی

۱- حکیم شیخ حسین شہرت شیرازی احوال و آثار/ دکتر غلام مجتبیٰ انصاری	"	۱۴۴ص	۷۵/-
۲- فرہنگ زفانِ گویا۔ ج ۲	"	۲۶۵ص	۱۲۵/-

English

- Down Trodden Muslims Brief of Communalism & Glimpses of Freedom Struggle of India / Mohd Rasheed 60p 1997 — Rs 25 00
- Muslims Religious Trends in Kashmir in Modern Times / Mushtaq Ahmad Wani 98p , 1997 — Rs 40 00

ڈاکٹر جلال الحفناوی

"اسلامی دنیا" مصر سے شائع شدہ اردو کا اخبار

(مصری صحافت کی تاریخ کے کچھ نامعلوم صفحات)*

۱۔ ارتقاء :

۱۹۲۹ء میں قاہرہ سے اردو کا پہلا ہفتہ واری مصور رسالہ شائع ہوا۔ اس کے نگراں اور ایڈیٹر محمود احمد عرفانی تھے[۱]۔ جیسا کہ عرفانی نے بیان کیا ہے 'ان کا قاہرہ آنے کا مقصد اس رسالے کی معرفت ہندستانی مسلمانوں کو عالم اسلامی سے متعارف کرنا تھا۔ عرفانی اس کے ایڈیٹر تھے جبکہ ان کے سب سے چھوٹے بھائی اس کے ڈائرکٹر اور طباعت کے نگراں کا کام انجام دیتے تھے۔ اس رسالے کا دفتر ۱۴۱، محمد علی روڈ پر تھا۔ عرفانی اس رسالے "اسلامی دنیا" کی اشاعت کے علاوہ ایک تجارتی ادارہ بھی چلاتے تھے، جس کا نام 'بیت الہند' تھا، جس کی آمدنی سے رسالے کی اشاعت بھی کرتے تھے اور یہ ادارہ ہند و مصر کے درمیان تجارتی تعلقات مستحکم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہو رہا تھا۔

عرفانی کے متعلق یہ سبھی معلومات میں نے ہندستانی شخصیات کی معرفت حاصل کی ہیں جنھوں نے ہندستان سے نصف صدی سے بھی زیادہ عرصہ پہلے مصر ہجرت کی۔ مصر میں سکونت اختیار کی اور مختلف تجارت سے جُڑ گئے خاص طور پر گرم مصالح کی تجارت سے جس کے لیے ہندستان مشہور ہے۔ واضح رہے کہ جب نپولین بوناپارٹ مصر آیا اور اس پر قابض ہو گیا تو وہ ہندستانی گرم مصالح کی تجارت پر کنٹرول کرنے کی طرف متوجہ ہوا تھا۔

---

* میں نے "اسلامی دنیا" کے کچھ شمارے اپنے استاذ ڈاکٹر امجد حسین سید احمد سے حاصل کیے ساتھ ہی ان کا غیر شائع شدہ مقالہ بھی میرے اس تحقیقی مقالے کے لیے کافی مددگار ثابت ہوا۔

۱۔ یہ تحقیقی مقالہ "هيئة خريجي الصحافة" قاہرہ یونیورسٹی کے ایک سمینار میں "مصری صحافت کی تاریخ کے کچھ گمنام صفحات۔ مصر میں ہندستانی صحافت" عنوان کے تحت ۷ر اپریل ۱۹۹۶ء میں پیش کیا گیا۔

بے شک یہ معلومات اس رسالے کے متعلق حکم صادر کرنے کے لیے کافی نہیں ہیں۔ اس لیے کہ مجھے اس کے کچھ ہی نسخے فراہم ہوئے ہیں جسکے مضامین کے تحلیلی مطالعے سے اس رسالے اور اس کے نگراں کے متعلق معلومات حاصل کی جا سکی ہیں۔

اس رسالے کا پہلا شمارہ ۱۱ر مئی ۱۹۲۹ء کو شائع ہوا۔ اس تاریخ کا ذکر اردو رسالہ "نظام گزٹ" میں بھی ملتا ہے جو حیدرآباد دکن سے شائع ہوا تھا۔ "اسلامی دنیا" اٹھارہ صفحات پر مشتمل ہوتا تھا جبکہ اس کے آخری نمبرات صرف سولہ صفحات ملتے ہیں۔ اس کی طباعت عربی رسم الخط میں ہوا کرتی تھی جبکہ بعض حروف میں تھوڑے تغیرات لاکر پ، چ، گ، ٹ، ڈ، ڑ، وغیرہ حروف بھی چھپتے تھے جو اردو کی صوتیات اور خصوصیات سے تعلق رکھتے ہیں۔

رسالہ باریک اور ملائم کاغذ پر چھپتا تھا جس کا رنگ ہلکا پیلا تھا۔ پہلے صفحے کے نصف اوپری حصے پر دو دائرے ہوتے تھے جو کرۂ ارض کی تصویر کشی کرتے تھے اور اس کے اوپر رسالے کا نام "اسلامی دنیا" نستعلیق رسم الخط میں لکھا ہوتا تھا۔ اور اسی نام کے اوپر محمد اقبال کے "قومی ترانہ" کا دوسرا مصرع "مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا" بھی ہوتا تھا۔

۲۔ رسالے کی پالیسی اور اس کے سیاسی رجحانات:

اس رسالے کے پہلے اور دوسرے شمارے کی غیر موجودگی کی وجہ سے ہم ٹھیک سے یہ جان نہیں پائے ہیں کہ اس رسالے کے شائع کرنے کے کیا وجوہات تھے۔ لیکن اس میں شائع ہونے والے اشتہارات اور محمود عرفانی کی اپنے ہم وطنوں سے اس رسالے کے خریدنے کی اپیل سے اس کے کچھ رجحانات اخذ کر سکتے ہیں اور یہ اپیل اس کے بعض مقاصد پر روشنی ڈالتی ہے۔ "یہ رسالہ کیوں خریدنا چاہئے" مضمون کے نیچے شمارہ نمبر سات کے اول صفحہ میں شائع ہوا تھا۔ یہ درج ذیل وجوہات بیان کیے گئے ہیں:

۱۔ کیونکہ یہی اردو کا واحد اخبار ہے جو مصر سے نکلتا ہے اور۔

۲۔ یہی اردو کا واحد اخبار ہے جو اسلامی حوادث، عظام، ملوک، مقامات مقدسہ کی تاریخ اسلامی پر ہر ہفتے کم از کم سات تصاویر شائع کرتا ہے۔

۲۔ صرف یہی اخبار ہے جو تمام ممالک اسلامیہ کے حالات شائع کرنے کا عظیم الشان کام اپنے ذمے لے رہا ہے۔

۴۔ اور اس لیے کہ یہی ایک اخبار ہے جو دنیا کے مسلمانوں میں تعارف بین المسلمین کا عظیم الشان مقصد لیکر کھڑا ہوا ہے۔

۵۔ اور اس لیے بھی کہ یہی ایک اخبار ہے جو عرب عظمار کے مضامین خاص طور پر ہندستان کے لیے لکھوا کر شائع کرنے کا انتظام کر رہا ہے۔

۶۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ اس وقت یہی اخبار ہے جو اتحاد بین المسلمین کی زبردست تحریک کو پھیلانے کے لیے اپنے پورے ذرائع استعمال کر رہا ہے۔

چودھویں شمارے میں عرفانی فرماتے ہیں "اسلامی دنیا" کے قاہرہ سے شائع کرنے کا مقصد مسلمانوں میں بیداری پیدا کرنا، ہندستانی مسلمانوں کے قومی شعور پر روشنی ڈالنا اور ان کو اور عالم اسلامی کو جغرافیائی دوری کے باوجود ایک دوسرے سے قریب لانا ہے اور یہ کہنے میں کوئی جھجک نہیں ہے کہ اردو زبان کا رسالہ ایک عرب ملک سے شائع کرنا اردو زبان کی سب سے بڑی خدمت ہے۔"

۲۔ انگریزی سامراج کا موقف اور اس کا رسالے پر دباؤ:

عرفانی نے بڑی جد و جہد سے اس رسالے کی اشاعت جاری رکھنے کی کوشش کی جبکہ ایک طرف انگریزی حکومت اور دوسری طرف اپنے ہم وطنوں کی طرف سے مسائل اور رکاوٹیں پیدا کی جاتی رہیں۔ سترہویں شمارے میں ایک موضوع "اسلامی دنیا کی احیاء و بقا کے لیے ہماری جد و جہد" کے تحت لکھتے ہیں:

"ناظرینِ اسلامی دنیا کو معلوم ہے کہ میں نے اسلامی دنیا کے اجرا سے حقیقت میں ایک بہت بڑا اقدام کیا۔ ہندستان میں اخبارات نکلتے اور بند ہوتے ہیں۔ ان اخبارات کی احیا و بقا کے لیے جو سعی برتی جاتی ہے وہ کم نہیں ہوتی۔ میں نے ہندستان کو عالم اسلامی سے باخبر رکھنے کے لیے اس عظیم الشان کام کی بنیاد ڈالی اور اپنے عزیز و اقارب کو چھوڑ کر ہزاروں میلوں دور آبیٹھا اور غربت کی تکالیف برداشت کرتے ہوئے اس جدید سنگلاخ زمین میں قدم رکھ دیا۔ میرے اس قدم رکھنے سے ایک طرف حکومت مجھے تجسس کی نگاہ سے دیکھنے لگی اور دوسری طرف بعض ابنائے وطن نے میری نیت پر حملے کرنے شروع کر دیئے مگر میں نے دونوں طرف سے خاموشی اختیار کر لی اور چاہا کہ واقعات خود اصل حالات سے نقاب کشائی کر دیں گے۔"

۴۔ "اسلامی دنیا" کی طباعتی فنکاری:

"اسلامی دنیا" عربی چھاپے خانے میں عربی مشین پر چھپتا تھا۔ اور اس کے لیے عرفانی دو وجوہات بتائے ہیں:

۱۔ اردو زبان کے لیتھو پریس کی غیر موجودگی۔

۲۔ اخبار کا عربی رسم الخط میں بغیر کسی حرفی تبدیلی کے چھپنا ممکن نہیں ہے۔ اس لیے در حالت مجبوری ہم نے اس کو قبول کیا ہے۔

ابتدا میں عرفانی کو اپنے اخبار کی طباعت میں خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس نے کئی چھاپے خانے کی خاک چھانی اور ایک چھاپہ خانہ کرائے پر لیا "اردو کے کچھ خصوصی حروف تیار کیے۔ اور بالآخر اس کام کے لیے ایک چھاپہ خانہ خرید لیا۔ شاید یہ وہی چھاپہ خانہ تھا جس میں پہلے طباعت ہوتی تھی اور اس کا نام مطبع "حلیم بک" تھا۔

"اسلامی دنیا کی طباعت عربی طباعت کی مشین پر ہوتی تھی جس میں کافی غلطیاں ہوا کرتی تھیں اس کا عرفانی نے کافی ذکر کیا ہے۔ عرفانی کو اسی طرح اپنے اخبار" اسلامی دنیا" کا عربی ایڈیشن شائع کرنے کی اجازت ملی، جس کا نام " العالم الاسلامی" رکھا۔ اور یہ بات قابل غور ہے کہ عرفانی نے اخبار کے شائع شدہ نسخے کی تعداد کا ذکر نہیں کیا ہے۔ عرفانی نے اخبار کے ایڈیٹوریل کو ہر شمارے کے دوسرے یا آخری صفحے میں رکھا ہے اور اس میں انھوں نے اس کے منظر عام پر آنے کی تاریخ کا بھی ذکر کیا ہے اور یہ ہیں ہر ماہ کی ۷، ۱۴، ۲۱، ۲۸ تاریخ۔ سالانہ اشتراک کی در ۱۰ روپیہ اور ڈاک خرچ تین روپیہ ہے، پھر وہ بھیجنے کا پتہ لکھتے ہیں۔ (اسلامی دنیا۔ قاہرہ۔ مصر)۔

۵۔ اس عرصے میں صحافت کی طرف حکام کا موقف:

ابتدا میں عرفانی نے ایک غیر سیاسی اخبار شائع کرنے کی اجازت لی تھی اور انیسویں نمبر میں اس کو سیاسی رسالہ بنانے کی اجازت لی تھی۔ وہ اس دور میں صحافت کی آزادی کے متعلق کہتے ہیں:

> "مصر میں سیاسی اخبار کی نگرانی زیادہ سختی سے ہو رہی ہے مگر ان کو امتیازات بھی دیئے جاتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے ان کیلیے ہر ممکن سہولت بہم پہنچائی جاتی ہے حتیٰ کہ ریلوے کے ٹکٹ اور ٹیلیفون تک مہیا کیے جاتے ہیں جو امید ہے کہ "ادارہ اسلامی دنیا"

کو بھی جلد حاصل ہو جائے گی"۔

۶۔ اخبار کے قارئین سے تعلقات :

"اسلامی دنیا" کے اکثر قارئین ہندستان کے بڑے شہروں جیسے حیدرآباد دکن، بھوپال اور راولپنڈی میں رہتے تھے۔ عرفانی نے ان اخبارات اور رسالوں میں بہت ساری اپیلیں نشر کرائیں جنھیں ہندستانی مسلمان شائع کرتے تھے اور وہ ہیں انقلاب، سیاست، مدینہ، خلافت، ہمت، حقیقت، سچ، رہبر دکن، صحیفہ، زمیندار اور الاماں۔ ان اپیلوں کا مقصد اپنے اخبار کی اشاعت جاری رکھنے کے لیے مالی تعاون حاصل کرنا تھا۔

اس اخبار کی اشاعت کے متعلق تفاصیل اور طباعت کے طریقے کا ذکر کرنے کے بعد، ان میں شائع مضامین کے تحلیلی مطالعے کے ذریعے اس اخبار کی اہمیت اخذ کرنا ضروری ہے۔

جیسا کہ اس اخبار سے واضح ہوتا ہے کہ اس کے مقاصد ہندستانی مسلمانوں کو عالم اسلامی کی عظیم شخصیات سے متعارف کرنا اور عالم اسلامی کے حادثات اور واقعات سے مطلع رکھنا تھا۔

اس اخبار کے عمیق مطالعے اور اس کے مضامین کی تحلیل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ محمود عرفانی نے ان مضامین کے لکھنے میں کافی محنت کی ہے ان میں سے اکثر مضامین یا تو وہ خود لکھتے تھے، مترجم ہوتے تھے یا ان کے اپنے افکار اور آرا ہوتے تھے۔ ان مقالات میں جسے "اڈیٹوریل" کہا جاتا ہے انھوں نے مسلمانوں کی بری حالات ان کی سیاسی، سماجی اور دینی بدحالی کا ذکر کیا ہے اور کچھ مقالوں میں انھوں نے اپنے مشاہدات اور عرب اور غیر عرب ممالک کی اپنی سیاحت کو بڑے مفصل طور پر پیش کیا ہے اور ان ممالک میں خاص طور بر عراق، ترکی اور بغداد کا ذکر ہے۔ اسی طرح انھوں نے دوسرے صحائف کے کچھ مضامین کے ترجمے بھی اپنے اخبار میں شائع کیے ہیں۔

۷۔ "اسلامی دنیا" میں صحافتی فنکاری :

(الف) انٹرویو :

عرفانی نے متعدد ممتاز شخصیتوں سے انٹرویو لیا ساتھ ہی انہوں نے اسلامی دنیا کے بادشاہوں کا ذکر "ملوک الاسلام" کے تحت کیا ہے اور اس میں ہیں: شاہ عبدالعزیز بن سعود، افغانستان کے نادر شاہ، مشرقی اردن کے امیر شریف عبداللہ، ایران کے بادشاہ رضا شاہ پہلوی، شاہ مصر فواد الاول، نجد اور حجاز کے ولی عہد

امیر فیصل اور مصر کے ولی عہد امیر فاروق، ان کے علاوہ عرفانی نے جن خاص شخصیتوں کا ذکر "اسلامی دنیا" میں کیا ہے ان میں شامل ہیں مراکش کے سید عثمان بن ابوبکر اور ان کے لڑکے سید ابراہیم عثمان، مشہور مصری فوٹوگرافر ریاض شحاتہ آفندی، مصری وفد پارٹی کے صدر مصطفیٰ النحاس پاشا، شامی سیاستدان ڈاکٹر عبدالرحمٰن شاہ بندر، عراقی پریس کے ڈائرکٹر احمد حامد عطیہ العراف اور کیپ ٹاؤن اسکول کے ڈائرکٹر عبدالرحمٰن قاسم جمیل ازہری" عرفانی نے مراکش کے دیہاتی ہیرو امیر عبدالکریم پر بھی ایک مقالہ شائع کیا جسے انھوں نے مصری رسالہ روز الیوسف سے اخذ کیا تھا۔

عرفانی نے کئی مشہور شخصیات سے انٹرویو بھی لیا ہے اور ان میں محمد علی پاشا سابق وزیر اوقاف النقراشی پاشا، النحاس کی حکومت میں وزیر مواصلات اور سمیعی خاں مصر میں ایران کے سفیر شامل ہیں۔

جو کچھ بھی عرفانی بادشاہوں اور اہم شخصیات کے متعلق لکھتے ہیں وہ تنقیدی پہلو اور سیاسی پس منظر سے خالی ہیں۔ انھوں نے حتی الامکان ان کی خوبیوں اور اہم کارناموں کا ذکر کیا ہے۔

(ب) رپورٹ:

اس اخبار میں کئی رپورٹیں شائع ہوئیں، ان میں سب سے اہم اور مفصل رپورٹ مولانا محمد علی جوہر کے جنازے کے متعلق تھی۔ جب ان کا جنازہ قدس لے جاتے ہوئے مصر پہونچا تھا۔ محمد علی جوہر مرحوم کی وفات کی خبر قاہرہ میں ۶ر جنوری ۱۹۳۱ء کو پہونچی تھی اور ان کا جنازہ جہاز سے ۱۲ر جنوری ۱۹۳۱ء کو پورسعید لایا گیا پھر ریل گاڑی سے بیت المقدس لے جایا گیا جہاں اسے سپرد خاک کر دیا گیا۔ یہ رپورٹ اسی وقت نہیں شائع ہوئی بلکہ اسی سال، فروری کے شمارے میں چھپی۔ اس جنازے میں خود عرفانی اور ان کے احباب شامل ہوئے تھے۔ اس لیے یہ رپورٹ ذاتی مشاہدے پر مبنی ہے اور اسی لیے یہ بڑی اہمیت کی حامل ہے۔

ایک اور رپورٹ میں عرفانی نے "آسیا" جہاز کے ڈوبنے کا ذکر کیا ہے جس میں حاجی لوگ سفر کر رہے تھے۔

(ج) اخبار کی اشاعت میں مصنفین کا تعاون:

۱۔ ہندستانی مصنفین:۔

اخبار کے شمارے پر نظر دوڑانے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اس میں ہندستانی مصنفین کا کافی قلیل تعاون رہا ہے۔ اس "اسلامی دنیا" کے ہر شمارے میں مصنفین، شعراء اور ادباء سے تعاون کی

اپیل پائی جاتی ہے نتیجۃً عبدالحق شوق نے ایک نظم "نوحہ مسلم" عنوان کے تحت بھیجا اور راولپنڈی سے شائع ہونے والے "رہنما" کے ایڈیٹر سید محمود جیلانی نے بھی ایک نظم "خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" عنوان کے تحت روانہ کی۔ پہلی نظم چوتھے اور دوسری نظم سترہویں شمارے میں شائع ہوئی۔ اس دوران ہندستان کے مشہور ادیب مولانا غلام سرور، مصر ہی میں مقیم تھے اس لیے انھوں نے ایک طویل مقالہ لکھا جس کا عنوان تھا "ہندستانی طلبہ اور مصری درس گاہیں"، جو آٹھویں اور نویں شمارے میں شائع ہوا۔ پھر انھوں نے شیخ محمد عبدہ پر ایک مضمون لکھا۔

۲۔ مصری اور عرب مصنفین:

جہاں تک مصری اور عرب مصنفین کا سوال ہے جنھوں نے "اسلامی دنیا" کے لیے خاص طور پر لکھا ہے اور جن کے مقالے عربی سے اردو میں مترجم ہوتے تھے وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ استاد محمد عزیز: انھوں نے روس کے مسلمانوں کے متعلق لکھا۔

۲۔ سید غنیم تفتازانی نے ایک مقالہ "مصر میں صوفی طریقے" لکھا جسے عرفانی نے ترجمہ کرکے "اسلامی دنیا" کے اٹھارویں اور انیسویں شمارے میں اصلی عربی عنوان کے تحت شائع کیا ہے۔

۳۔ سید عثمان ابوبکر مراکشی جو مراکش کے تھے۔ عرفانی نے ان کے مقالے مراکش کے مسلمان کا اردو ترجمہ چھاپا۔

۴۔ فتح اللہ عبدالمسیح، اس مصری صحافی نے ہندستان کا سفر مصریوں سے ملاقات کی غرض سے کیا تھا۔ عرفانی نے ان کے ہندستان کے مشاہدات کو "ہندستان ایک مصری صحافی کی نظر میں" عنوان کے تحت دو شماروں میں جگہ دی۔

۵۔ عرفانی نے دو عرب شاعروں کے قصائد بھی شائع کیے۔ پہلا قصیدہ مشہور مصری شاعر السعادی شعلان کا تھا جس نے عالم اسلامی میں اقبال کے اشعار کا عربی ترجمہ کرکے کافی شہرت پائی۔ قصیدہ تیرہ اشعار پر مشتمل ہے۔ شمارہ ۱۷، جلد ۱ بتاریخ ۱۹ رمضان ۱۳۳۹ھ / ۷ فروری ۱۹۲۱ء۔

اُسلامی دنیا" فی ذری الاسلام	کشفت نور الحق بعد ظلام
"اسلامی دنیا" اسلام کا ہراول ہے	جس نے حق کی روشنی پھیلائی اور اندھیرا دور کر دیا
انوارھا بالمشرقین تکلمت	وجلت غموض الشک والابہام
اس کی روشنی مشرق میں عیاں ہوئی	اور جس نے شکوک اور ابہام کو زائل کر دیا

رفعت لتحرير الشعوب لواءها ۔۔۔ وزهت بنشر محبة وسلام

اس نے اقوام کی آزادی کا پرچم بلند کیا ۔۔۔ اور محبت و دوستی پھیلانے کا سہرا اپنے سر لیا

فلما جرت بالمكرمات سطورة ۔۔۔ مجرى المنى فى رائق الاحلام

جب اس کی تحریر واضح ہوئی ۔۔۔ جس طرح آرزوئیں اچھے خواب میں ہیں

هندية مصرية شرقية ۔۔۔ دينية الأركان والاعلام

یہ ہندستانی، مصری، مشرقی ہے ۔۔۔ اور اس کے اعضا اور محررین دینی ہیں

ببنان عرفانى انار بيانها ۔۔۔ وجهاد محمود فتى الاقدام

عرفانی کی انگلیوں میں سحر کا تاثیر ہے ۔۔۔ محمود کا جہاد سب سے آگے ہے

اور یہ قصیدہ اس شعر پر ختم ہوتا ہے ۔

"اسلامی دنیا" بالسعادة اقبلت ۔۔۔ وسعادة الدنيا من الاسلام

"اسلامی دنیا" خوشی لایا ہے ۔۔۔ اور دنیا کی بھلائی اسلام میں ہے

الصادی شعلان نے اس قصیدے میں محمود عرفانی اور ان کے اخبار "اسلامی دنیا" کی مدح کی ہے۔ یہ قصیدہ اس اخبار کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ دوسرا قصیدہ شام کے مشہور مؤرخ او مصنف خیرالدین زرکلی کا ہے انہوں نے یہ قصیدہ مولانا محمد علی جوہر مشہور ہندستانی مجاہد کی وفات پر لکھا ہے۔ عرفانی نے ان دونوں قصائد کو بغیر ترجمہ کے شائع کیا ہے، اور اس کے بعد "اسلامی دنیا" میں مصری شاعر ابوالوفا محمود رمزی کے دوسرے عربی قصائد بھی نشر ہوئے ۔

۲۔ مصر میں ہندستانی طلبا ر:

مصری یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم باذوق ہندستانی طلبا ر نے بھی اس اخبار "اسلامی دنیا" کے لیے مقالے لکھے ہیں اور ان میں اہم ہیں : خواجہ قطب الدین فؤاد الأول یونیورسٹی حالیہ قاہرہ یونیورسٹی میں حیدرآباد دکن کے وظیفہ پر زیر تعلیم تھے، مولانا صدیق بنارسی جو الأزہر میں تعلیم حاصل کررہے تھے اور مجیب الرحمٰن بنگالی الازہر میں تعلیم پا رہے تھے اور عربی کے شاعر تھے ۔

۸۔ اشتہارات :

بیشک اشتہارات کسی بھی اخبار یا رسالے کی کامیابی میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ "اسلامی دنیا"

نے اس لیے اشتہارات حاصل کرنے میں امتیازی جگہ لینے کی کافی کوشش کی۔ اور ہر شمارے کا آخری صفحہ اشتہارات کے لیے مخصوص کر دیا گیا تھا۔ اور ان اشتہارات میں سرفہرست "عراقی ریلوے کی سرکاری کمپنی"، "بمبئی چیمبر آف کامرس" اور "جمعیت نشر اسلام حیدر آباد" تھے۔ "جمعیت نشر اسلام" کا اشتہار سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم مفت تقسیم کرنے سے متعلق ہوتا تھا۔ عرفانی فلسطین کے متعلق اپنے اخبار کا ایک خصوصی شمارہ شائع کرنا چاہتے تھے انہوں نے پہلے ورق کے اندرونی صفحے میں اس کے متعلق ایک اعلان دیا ہے۔ ساتھ ہی تجارتی ادارہ "بیت الہند" کے اشتہارات بھی اس میں ملتے ہیں۔ کچھ شماروں میں لوگوں سے گذارش کی گئی ہے کہ اشتہارات دیتے وقت اس جریدے کو امتیازی درجہ دیں اور اس میں یہ عبارت ملتی ہے

"اسلامی دنیا" میں اشتہار دینا کامیابی کی کلید ہے"۔

۹۔ "اسلامی دنیا" کی زبان:

یہ اخبار اردو زبان میں شائع ہوتا تھا۔ کچھ حد تک اس نے اردو میں عربی الفاظ کو کثرت سے داخل کرنے میں ایک بڑا کردار ادا کیا ہے۔ کچھ مثالیں درجہ ذیل ہیں:

۱۔ اس اخبار میں ملکوں کے وہی نام استعمال کیے گئے جو عربی میں بھی مستعمل ہیں، جیسے: 'فرنسا' 'ترکیا' 'المانیا' جو کہ دراصل فرانس، ترکی اور جرمنی ہیں۔

۲۔ "اسلامی دنیا" میں القاب اور سرکاری مناصب بغیر ترجمے کے استعمال کیے گئے ہیں۔ جیسے: یاور، جلالۃ الملک، معالی، حضرۃ صاحب الفضیلۃ، سمو الامیر، وزیر المالیہ، عمید، رئیس الوزراء، رئیس التحریر وغیرہا۔

۳۔ عرفانی نے کچھ نئے عربی الفاظ اور تراکیب بھی استعمال کیے ہیں جو ایک عام اردو قاری کے لیے ثقیل الفہم ہیں۔ جیسے: شماتت الاعداء، الفقید العظیم مغفورلہ، فرنساوی احتلال، الاقطار الاسلامیۃ، وفد جمعیت الامم المتحدہ۔ شیوخ (ممبران پارلیامنٹ)، قانون طیران، تمثال (مجسمہ)، عمود (ستون) وغیرہ۔

اخبار کے اس تفصیلی مطالعے کے بعد یہ کہا جا سکتا ہے کہ محمود عرفانی کا ہفتہ واری اخبار "اسلامی دنیا" صحیح معنوں میں اردو کا پہلا اخبار ہے۔ اس طرح یہ پہلا اخبار ہے جو اردو میں بیرون ملک سے شائع ہوا ہے۔

★★

اسلام کی زندگی ہماری قربانی چاہتی ہے

اسلام اس وقت جن پر آشوب
گھڑیوں میں سے گزر رہا ہے
اس سے کون مسلمان غافل ہوگا
مراکش کے مسلمان گرچہ اپنی حیات
وبقاء کیلئے جدو جہد کر رہے
ہیں مگر — حقیقت یہ ہے کہ
فرانس کا تمدن اندر ہی اندر
مسلمانوں کو کھاتا جا رہا ہے
الجیریا و تیونس کی حالت تو اور
بھی خراب ہو رہی ہے روس
کے مسلمانوں کی حالت بہت نازک
ہو رہی ہے وہ موت وحیات کی

درمیان ایک جنگ کر رہی ہیں
ایک طرف مجسم ظلم و استبداد
دوسرے طرف کمزور و
مسلمانوں کا ایمان ہے — کون ہے
جو انکے دلکو تسلی دے —
مسجدیں گر رہی ہیں علماء قتل ہو
رہے ہیں مگر کوئی اف نہیں کرتا
فلسطین میں مال و زر کی طاقت اور
وشوکت کی ہتھیار لگا کر
عرب مسلمانوں کو انکے مقامات
مقدسہ سے نکالنے کی لئے
تلی ہیں — یہود کی ثروت

شیخ محمود احمد عرفانی مالک ورئیس تحریر اسلامی دنیا

مقابلے میں مسلمانان فلسطین کے پاس انکی اسلامی عزت
کے سوا کیا رکھا ہے

انکی عظمت وشوکت انکی عظیم الشان محلات
دیکھکر انسانی عقل حیران ہوتی ہے — اسکے مقابلے
میں غریب مسلمان اپنی حقیر جھونپڑیوں میں حالت نشین
ہیں بس ایک زبردست جنگ ہے — ایک طرف یہود
اپنی پورے تمول سے میدان میں کھڑے ہیں — اور وہ
فلسطین میں مسلمانوں کی معابد ہی نہیں بلکہ انکی
زندگی کی ہر ایک چیز کو تقسیم کر لینا چاہتی ہیں

دیگر بلاد میں مسلمان اب خود یورپ کی تقلید
میں مذہب کی لباس کو اتار دینا چاہتی ہیں

میں نیل کے کنارے سے مسلمانوں کی حالت
دیکھتا ہوں تو میرے دل سے ایک ٹھنڈی آہ نکلتی ہے اور
میں گہری خاموشی میں چلا جاتا ہوں

میری نظر آخر ہندوستان پر آ کر رکتی ہے —
خیال کرتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ ہندوستان کی زمین
اسلام کی لئے اب بہترین زمین ثابت ہوگئی مگر
ہندوستان کے مسلمان آپس کی تفرقہ بندیوں میں تقسیم
ہو کر اپنی طاقت کو ضائع کر رہی ہیں — جب میرا
تصور اس حالت کی طرف پھر جاتا ہے — تو مجھ
سوائے ایک گہری تاریکی کی کچھ نظر نہیں آتا

ترکی میں اسلام کی حالت کیا ہوئی کاش اگر میں
شاعر ہوتا تو میں اس دردناک مرقع کو ایک پر سوز
نظم کا عنوان بنا کر کھینچ کر رکھ دیتا — وہ ترکی جو مسلمانوں
کی امیدوں کا سہارا تھا — جسکی حرکت وسکون
دنیا کے مسلمانوں میں ہل چل پیدا کرتی تھی — اب اسکی حالت

ڈاکٹر عمر کمال الدین

حضرت شاہ محمد کاظم قلندرؒ ــــ مختصر سوانح و تصانیف

ولادت :- بانی خانقاہ کاظمیہ شاہ محمد کاظم قلندرؒ بن شاہ محمد کاشف قلندرؒ ۷ رجب المرجب ۱۱۵۸ھ مطابق ۱۷۴۵ء بروز دوشنبہ کاکوری میں پیدا ہوئے۔ سلسلۂ نسب والد محترم کی جانب سے حضرت محمد بن حنفیہ فرزند حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور والدہ محترمہ کی طرف سے حضرت عباس بن عبدالمطلب سے ملتا ہے۔[1]

آپ کے جدِ اعلیٰ حضرت شاہ نظام الدین قاری معروف بہ شاہ بھیکہ یا بھکاری تھے جن کا شمار اپنے عہد کے ممتاز علماء وصوفیاء میں ہوتا تھا۔[2]

عہدِ طفولیت :

مذہب کی طرف آپ کا رجحان بچپن سے ہی ظاہر ہونے لگا تھا۔ صوم وصلوٰۃ، اوراد و وظائف کے پابند اسی زمانے سے ہو گئے تھے اگرچہ بہ تقاضائے سن کھیل کود میں بھی مشغول ہوتے مگر اس حالت میں بھی نماز وغیرہ ترک نہ کرتے تھے جیسا کہ اصول المقصود کی روایت ہے۔

"ہر چند بلعب و بازی ہم کہ اقتضائی سن کودکی می بود می پرداختند۔ اما نماز وظیفہ ہرگز ترک نمی ساختند۔ بلکہ درعین بازی درود می خواندند"[3]

حُلیہ :- شاہ صاحب بہت وجیہ وجامہ زیب تھے جو لباس بھی پہنتے جسم پر بہت کھلتا۔ جس محفل میں جاتے زینتِ محفل بنتے، منشی فیض بخش جوان کے ہم عصر اور بے تکلف دوستوں

---

[1] روض الازہر از شاہ تقی علی قلندرؒ ص ۱۸۴ ، [2] کواکب ص ۵ تا ۵۳ ، [3] اصول المقصود ص ۲

یں تھے نسب نامہ چشمۂ فیض میں رقم طراز ہیں۔

"وجاہت ظاہری با ملاحت میداشت مادرِ مہربان از ایام طفولیت پوشاک ولباس نفیس زیادہ از حد مقدور بر قامت با کرامت او می آراست......
مقبول دلہائی ہر خاص و عام گشت........ بہر طرفی کہ رومی ورد زن و مرد بتوجہ او گشتہ بصد تمنا میخواستہ کردمی مخاطبت ربہ) ماکرد"[1]
اصول المقصود کی روایت ہے۔
"کیفیت خوبروئی نیر قدری بشنو کہ از سرتا قدم محبوب دیامی تا سر مرغوب نہایت با حسن ، ملاحت بنہایت خوش اسلوب وخوش قامت بودند"...[2]

تعلیم وتربیت:

آپ فطرتاً نہایت طباع و ذہین اور ذی استعداد و باصلاحیت تھے۔ ختم قرآن کے بعد معقولات کی ابتدائی تعلیم والدِ محترم کے برادرِ عم زادہ حافظ عبد العزیز کاکوروی سے حاصل کی اس کے بعد مولوی حمید الدین محدث کاکوروی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا نیز اواسط اواخر کی تکمیل سید غلام یحیٰی بہاری و ملا حمد اللہ بن شکر اللہ سندیلوی سے حاصل کی۔ نزہتہ الخواطر کی روایت کے مطابق۔

"وقرء بعض الکتب الدرسیۃ علی الحافظ عبد العزیز والشیخ حمید الدین الکاکوروی واکثرھا علی مولانا غلام یحیٰی البھاری والشیخ حمد اللہ بن شکر اللہ السندیلوی"[3]

"اور بعض کتب درسیہ حافظ عبد العزیز اور شیخ حمید الدین کاکوروی سے پڑھیں اور اکثر (کتابیں) مولانا غلام یحیٰی بہاری اور شیخ حمد اللہ بن شکر اللہ (سے پڑھیں)"
آپ کی ذہانت وفطانت اور فہم ودانش کی تعریف آپ کے استاد فرمایا کرتے اور

---

[1] چشمۂ فیض قلمی از منشی فیض بخش ورق ص ۱۱۵ الف۔ [2] اصول المقصود ص ۲۱۲، [3] نزہتہ الخواطر ج ۷ ص ۴۸۰

مولوی حمید الدین محدث کاکوروی کے بارے میں تو صاحب تذکرۂ گلشن کرم نے یہاں تک لکھا ہے کہ "آپ کی اس حد تک تعظیم کرتے تھے کہ مسند سے اتر کر درس دیتے تھے"۔ [1]

اصول المقصود کے بموجب "سبق عربی از طالب علمانی کہ بدانست خود بسیار مستعد و محنت کنندہ بودند سبق می بردند و فائق می شدند کہ در فہمید مطلب و استخراج مدعا و خواندن عبارت ہیچکس و کدام ہم جنسی مماثل و متقابل ایشاں نہ بود"۔ [2]

چشمۂ فیض کے مطابق "جودت و ذہن و ذکاء عالی باد کرامت فرمودہ بودند کہ از ہر کتاب مشکل (کذا) می داشت بزور جودت طبع بی اوستاد حل دقائق آں می فرمود چندی بدیدن صرف و نحو اشتغال داشت پیش اوستاد کہ می نشست مطلب کتاب بعینہٖ تقریر می کرد و برمی خواست حاجت دخل اوستاد نبود"۔ [3]

عہدِ شباب:

دورانِ تعلیم کیمیائے سعادت، منہاج العابدین مؤلفہ امام غزالی زاد الآخرت مؤلفہ ملا عبد الرشید ملتانی و بعد فراغ تعرف مؤلفہ ابوبکر کلابازی قوت القلوب مؤلفہ ابوطالب مکی رسالہ قشیریہ ابو القاسم قشیری، رسائل کشف علی غزنوی، تصنیفات شیخ عبد القادر جیلانیؒ و ابن عربیؒ نیز دیگر کتب تصوف و معرفت کے مطالعہ نے قلب کو طلب حق کی راہ دکھائی جس کا اثر یہ ہوا کہ دنیا سے دل بالکل اچاٹ ہو گیا۔

اسی دوران دیگر علوم متداولہ کے ساتھ موسیقی کا ذوق بھی پیدا ہوا، چونکہ خوش الحان بھی بہت تھے لہٰذا صوت و صورت کے اس حسین امتزاج نے شراب دو آتشہ کی کیفیت پیدا کر دی تھی جس کے شاہد عدل وہ متعدد مستند واقعات ہیں جو بخوف طوالت نقل نہیں

---

[1] تذکرہ گلشن کرم ص۴۲ [2] اصول المقصود ص۱۰۔۳۰۹ [3] چشمۂ فیض قلمی ورق ۱۱۔الف

کئے جا رہے ہیں ۔ صرف "چشمۂ فیض" کی ایک روایت پیش ہے ۔

"یاد دارم کہ شبے در ایام بہار کہ آسمان شمع بکف داشت شیخ ہدایت علی صاحب خانہ و شیخ محمد باقر وغیرہ دو سہ کسی دیگر ہم سنی بر بارہ دری کہ بالائی دروازہ شیخ جار اللہ است نشستہ بود و او خوش گلوئی و نغمہ سنجی میداند ایام ہولی ہنود بودند شیخ محمد فرمان برزبان آورد کہ شخصے درفلاں عہد میگویند کہ در نغمہ سنجی او استاد بود ہر وقتیکہ ہر قسم راگ میراند ہمدراں وقت اثر آں ظاہر می گشت ، شاہ بعد ساعتی ملار[1] سر کرد ملار دوم آغاز کردہ بود کہ یک طرف ماہ روشن بود طرف دیگر لکہ ابر سفید پیدا شد و بارش می کرد طرف بہار پیدا شد کہ ضیا ، ماہ از ہر قطرۂ باراں نمودار ہمیں کہ ملار موقوف فرمودند ہوا و ابر معلوم نشد کہ کجا رفت ۔"[2]

لیکن در حقیقت یہ موسیقی اور خوش الحانی کا ذوق و شوق اس عشقِ حقیقی کی دبی ہوئی چنگاری تھی جس نے عرفان و آگہی کی ہوا پاکر درونِ قلب سے ماسوا یادِ خدا کے سب کچھ جلا راکھ کر کے گویا یہ اعلان کر دیا تھا ؎

دل ڈھونڈتا سینے میں مرے بوالعجبی ہے　　یاں راکھ کا ایک ڈھیر ہے اور آگ دبی ہے

جس کی وضاحت اصول المقصود کی اس روایت سے ہوتی ہے ۔

"مگر ایں ہمہ سرود و نغمہ و چنگ سامانِ عشقِ حقیقی بود کہ بارہا از زبان خود می فرمودند کہ مرا دو چیز فقیر کردیکی شوق نغمہ و چنگ دوم خوفِ مرگ بے درنگ ۔"[3]

ملازمت : تعلیم سے فراغت کے بعد والد محترم نے فوج میں ملازمت کا حکم دینے کے ساتھ ان کے ماموں نواب مظفر الدولہ تہور جنگ بخشی ابو البرکات خاں بہادر ناظم سرکار گورکھپور کے سپرد کر دیا ، آپ اس زمانے میں بھی طلبِ حق میں مشغول اور مرشدِ کامل کی تلاش میں سرگرداں

---

[1] "ملار" میگھ راگ کی راگنی ہے جس کے گانے کا موسم برسات اور وقت آدھی رات ہے ۔ [2] چشمۂ فیض ورق ۱۱۵ الف　[3] اصول المقصود ص ۲۱۲

رہتے، اگر قرب و جوار میں کسی بزرگ کا شہرہ سنتے تو ان کی خدمت میں حاضری دیتے اور ان کے بتائے ہوئے اوراد و وظائف پر پابندی سے عمل کرتے۔ ساتھ ہی ساتھ ریاضت و مجاہدات بھی جاری تھے مگر اطمینانِ قلب کسی طور نہ حاصل ہوتا، اسی دوران ایک صاحب دل بزرگ شاہ مظہر حسین سے ملاقات ہوئی ؎

یکایک از قضائی آسمانی — درآمد کاملی خوش زندگانی
دوچارش شد فقیری دلپذیری — بآزادی زعالم بے نظیری
ہمہ ظاہر خراب و باطن آباد — عوام از عشق غیبش بود شاد

بہر دم طاعت او فرض عین است — کہ نام نامیش مظہر حسین است
بالفت چوں شہ کاظم نگہ کرد — نگاہ او بسر تا پاش رہ کرد
انیسی با انیسی گشت پیدا — دل کاظم دو چنداں گشت پیدا[1]

وہ شاہ صاحب سے نہایت لطف و عنایت کا معاملہ رکھتے تھے اور بہ غایت لطف و محبت شاہ صاحب موصوف نے ایک مرزئی مخطط بہ آیات قرآنی سل کر عطا کی تھی اور اس کے سلنے کے دوران انہوں نے اس کے ہر جوڑ پر دو رکعت نماز ادا فرمائی تھی۔ یہ مرزئی شاہ صاحب کے تبرکات کے ساتھ اب بھی خانقاہ میں محفوظ ہے، ان ہی کی پیشین گوئی پر آپ نے فوج سے علیحدگی اختیار کی[2]

مرشد کی خدمت میں حاضری :

مرشدِ برحق حضرت سید شاہ باسط علی قلندرؒ کی خدمت میں حاضری اصول المقصود کے لفظوں میں ملاحظہ ہو

---

[1] اصول المقصود ص ۲۲۲-۲۲۳

[2] تذکرۂ گلشن کرم ص ۹

"رفعت اللہ خاں[1] برادر خورد بخشی صاحب کہ در گروہ خود اہلیت و صلاحیت ممتاز و بخدا پرستی و صحبت فقرا سرفراز بودند حضرت ایشاں را بسیار دوست می داشتند از بہر آنکہ ایشاں فقیر دوست و طالب خدا اند و حضرت ایشاں نیز خاں صاحب را از ہمہ بزرگاں زیادہ دوست می داشتند کہ موافق مزاج خود می یافتند اتفاقاً روزی بر زبان او شان گذشت کہ درویشے شاہ باسط علی قلندر در الہ آباد...... در موضع دمگڑھ متصل پرگنہ ہنڈیہ سکونت دارند از خود رستہ بحق پیوستہ.... الخ"[2]

آپ نام سنتے ہی ایسے مشتاق و گرویدہ ہوئے کہ پاپیادہ گورکھپور سے شاہ صاحب کے پاس روانہ ہوتے اور راستے میں آرام کئے اور سستائے بغیر خدمت میں بایں حال حاضر ہوئے کہ گرد و غبار سے پورا جسم اٹا ہوا، ایک ایک جوڑ تھکاوٹ سے چور چور مگر جذبۂ شوق ان سب پر غالب تھا۔ دل کی امیدوں اور آرزوؤں کے مرکز پر نظر پڑتے ہی زبان یوں گویا ہوئی ؎

(سکون) کیسے نہ ہوتے مورے من دھیر — آ نہ سکے کب دُکھ کی بھیر (بھیڑ)

تیرے رحم و کرم سے پایا — حضرت باسط علی سا پیر (مرشد)

(دوا) جا کے گیان کی او کھد چاکھت — گئی ہمرے تن من کی پیر

(وقت) ہاتھ پہ ہاتھ دھرت کے بیرے — کٹ گئی بھرم کی خنجیر (زنجیر)[3] (شکوک و شبہات)

مرشد نے بھی غایتِ لطف و محبت کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا

"بیا بیا دوران باخبر در حضور و نزدیکان بے بصر دور"[4]

---

[1] بخشی رفعت اللہ خاں بہادر ابن قاضی محمد واعظ ۱۱۳۸ھ مطابق ۱۷۲۵ء میں پیدا ہوئے تعلیم و تربیت والدِ محترم سے پائی اور بیعت شاہ باسط علی قلندر سے ہوئے ۱۲۲۴ھ مطابق ۱۸۰۹ء میں فوت ہوئے تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تذکرہ مشاہیر کاکوری ص ۱۷۶ نیز چشمۂ فیض، اصول المقصود، قیصر التواریخ وغیرہ۔

[2] اصول المقصود ص ۲۲۴-۲۵ [3] سانت رس دوہا ص ۵۲۷ تا ص ۷۰ [4] گلشن کرم ص ۸

دوسرے دن سلسلۂ عالیہ قادریہ میں بیعت فرمایا اور ذکر کی تعلیم دی اس کے بعد دل کا نقشہ ہی بدل گیا۔ رہی سہی کسر جنگ بکسر کی شکست نے پوری کر دی تھی۔ بقول شاہ مجتبیٰ حیدر قلندرؒ

"آخر کار بکسر کی فیصلہ کن جنگ کے موقع پر علائق دنیوی کے بندھن ہمیشہ کے لئے توڑ ڈالے ..." [1]

دوبارہ مرشد کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ سلوک و طریقت کی جاں گسل و دشوار گذار منزلوں کو کامیابی سے طے کرنے کے بعد خلافت کبریٰ سے سرفراز ہوئے اور "عارف باللہ" کا خطاب عطا ہوا۔ یہ واقعہ ۱۱۷۶ھ مطابق ۱۷۶۲ء کا ہے جس وقت عمر صرف اٹھارہ (۱۸) برس کی تھی، پیر و مرشد سے عرض کیا کہ گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر یادِ حق کی اجازت مرحمت ہو یا ملت الحمر خدمتِ مرشد میں حاضری کی سعادت نصیب ہو مگر پیر و مرشد نے دونوں باتوں سے منع فرما کر وطنِ مراجعت کرنے کا حکم فرمایا اور رشد و ہدایت میں ہمہ تن مشغول ہونے کی تلقین کی۔

دیگر سلاسل میں اجازت و خلافت :

آپ کو حضرت سید شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی کے علاوہ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں شاہ محمدیؒ کرسوی نقشبندی سے بالمعاوضہ اجازت تھی یعنی آپ نے ان کو سلسلۂ عالیہ قلندریہ میں اور انہوں نے آپ کو سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں اجازت دی، شاہ صاحب مذکور کے علاوہ آپ کو سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں شاہ ابو سعیدؒ رائے بریلوی اور شاہ لعلؒ رائے بریلوی سے اجازت و خلافت حاصل تھی۔

نکاح و اولاد و احفاد:

اگرچہ شاہ صاحب علائق دنیوی سے کلیتاً علیحدہ رہنے کا تہیہ کر چکے تھے مگر پیرِ و مرشد نیز والدہ محترمہ کے حسب الحکم اور بہ خیال پیرویِ سُنّت رشتۂ مناکحت میں منسلک

---

[1] مقدمہ شرح سانت رس از حافظ مجتبیٰ حیدر قلندر ص ۸

ہوئے۔ آپ کی بیوی شیخ عبدالفتاح نبیرہ حضرت ملا جیون امیٹھوی کی صاحبزادی تھیں اور آپ کی پھوپھی کی بیٹی تھیں، جن سے آپ کے تین صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں تولد ہوئیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندرؒ:۔ تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ ہو فصل دوم۔
۲۔ حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندرؒ:۔ ایضاً
۳۔ حضرت شاہ حکیم باسط قلندرؒ:۔

حضرت شاہ حکیم باسط قلندرؒ:

آپ کی ولادت تقریباً ۱۲۰۰ھ مطابق ۱۷۸۵ء میں ہوئی۔ تعلیم و تربیت شاہ تراب علی قلندرؒ و شاہ حمایت علی قلندر سے پائی نکاح شیخ محمد حیات کی صاحبزادی سے ہوا۔ آپ پر جذب و سکر کی حالت طاری رہتی تھی۔ منشی فیض بخش چشمۂ فیض میں لکھتے ہیں۔

"شیخ حکیم باسط حالتِ جذب دارد ساکت و صامت است، اگر کسے آب و طعام پیشش گذاشتہ و اگر ندارد اوئے دانست معلوم نیست کدام حال ساری وطاری است"۔[1]

آپ نے تقریباً ۳۶ برس کے سن میں ۲۳ صفر المظفر ۱۲۳۶ھ مطابق ۱۸۲۰ء کو انتقال فرمایا۔

صاحبزادیوں میں بڑی صاحبزادی کا نکاح شاہ بہرام علی قلندر بن شیخ حمید اللہ بن شیخ محمد نواز بن حافظ خلیل الرحمٰن شہید سے ہوا۔

دوسری صاحبزادی شیخ غالب علی بن شیخ غلام صفی بن شیخ محمد نواز بن حافظ خلیل الرحمٰن شہید سے منسوب ہوئیں۔

تیسری صاحبزادی کی عروس مآبی حافظ مظہر حسین ابن شیخ عماد الدین بن شیخ

---

[1] چشمۂ فیض قلمی ورق ۱۱۶ ب

عزیز الرحمٰن برادرِ حقیقی حافظ خلیل الرحمٰن شہید سے ہوئی۔

چوتھی صاحبزادی کی شادی شیخ عبدالعلیم بن شیخ عبدالوہاب بن شیخ عبدالفتاحؒ نبیرہ حضرت مُلّا جیون امیٹھوی سے ہوئی۔[1]

ارشاد و تلقین:

صفحاتِ گذشتہ میں عرض کیا جاچکا ہے کہ پیرو مرشد کے قیامِ وطن کے حکم کے بموجب شاہ صاحب وطن میں قیام پذیر ہوتے اور مسندِ ارشاد و تلقین کو رونق بخشی اگرچہ ابتداء میں مُرید کرنے میں بہت تامل فرماتے مگر بعد میں رشد و ہدایت کی غرض سے مرید کرنے لگے اور طالب و مُرید کو احکامِ شرعیہ کی تعلیم بھی دینے لگے۔ بے نمازی کو مُرید نہیں فرماتے تھے اور مریدین کو ان کی استعداد کے مطابق تعلیم دیتے۔

"بقدرِ لیاقت طالب ارشاد می کردند لائق صوم و صلوٰۃ وقابلِ ذکر و شغل را ذکر و شغل و لائق فہم و توحید را حقائق و معارفِ توحید تعلیم می کردند"[2]

دست بوسی و قدم بوسی کو سختی سے منع فرماتے، مرید کو امتحان و آزمائش میں نہ ڈالتے بلکہ اگر کسی غلطی کا ارتکاب ہوتا تو اس کی پردہ پوشی فرماتے، مریدین و طالبین کی لیاقت و صلاحیت، ذہنی کیفیت و صلاحیت کو مدِ نظر رکھتے اس کو مسائلِ شریعت، رموزِ طریقت اور معارف و حقائقِ توحید سے آگاہ کراتے۔

"مرید را از علمِ ضروری شرعے آگاہ کردی و بعدہٗ از طریقت و حقیقت کسی کہ جاہل و نا خواندہ بودی ویرا زبانے علمِ شریعت و طریقت فہمانیدی و ہر کہ خواندہ بودی آں را بہ رسائل و کتب ایں فن خوانانیدن"[3]

اگر کوئی طالب یا مرید کند ذہن کج فہم ہوتا تو اُسے مکرر سہ کرر تعلیم فرماتے اور جب تک

---

[1] چشمۂ فیض قلمی ورق ۱۱۶ ب

[2] اصول المقصود ص ۳۴۴ [3] ایضاً ص ۳۴۵ [4] ایضاً ص ۳۴۶

مطالب و معانی ذہن نشین نہیں ہو جاتے اسے مستقل سمجھاتے رہتے اور کبھی بھی کسی طرح کی اکتاہٹ کا اظہار نہ فرماتے جب کہ حاضرین کو اکتاہٹ محسوس ہوتی۔

"بعضی کساں کہ طبع بلیدی داشتند دو دو سہ سہ روز میگذشت کہ سخن نمی فہمیدند و دل نشیں نمی شد پس تا وقتیکہ خوب مضمون و مطلب دلنشیں وی نشدی و ست از فہمانیدن وی نکشیدی و ہرگز تنگ نشدی باوجودیکہ سامعان و حاضران ازیں معنی تنگ می شدندہ"[1]

عام طور پر یہ معمول تھا کہ ظہر اور عشاء کے بعد تفسیر و حدیث، فقہ اور تصوف کا درس دیتے جس میں ہر خاص و عام کو شرکت کی اجازت تھی۔

آپ کی مجلس میں حاضر ہونے کے لئے قید مذہب و ملت نہ تھی ہندو، مسلمان، رؤسا و فقراء، علماء و جہلاء، عوام و خواص سبھی دیوانہ وار حاضر ہوتے تھے۔ آپ کی صحبت فیض مرمت نے ہزارہا بھٹکے ہوؤں کو راہِ ہدایت دکھائی اور جہالت و گمراہی، مکر و فریب اور نفس و شیطان کے وساوس کی گندی دلدل سے نکل کر علم و عرفان اور شریعت و طریقت و حقیقت کے جامِ الست سے سرشار ہوئے جن میں چند نام یہ ہیں۔ منشی فیض بخش (مورخ اودھ) مہاراجہ ٹکیت رائے دیوانِ آصف الدولہ، قاضی القضاۃ نجم الدین علی خاں بہادر، شیخ طفیل علی فوجدار، امیر عاشق خاں بسمل، لالہ مجلس رائے، لالہ بینی رام، ٹھاکر پرشاد اور مفتی خلیل الدین خاں بہادر وغیرہ۔

اخلاق و عادات

شاہ صاحب اپنی ظاہری و باطنی زندگی میں کتاب و سنت پر پوری طرح عمل پیرا نظر آتے ہیں۔ علم و فضل میں ممتاز ہونے کے ساتھ ساتھ آپ سلوک و تصوف میں بھی بلند مقام رکھتے تھے لیکن کبھی جنبوں میں بھی حب جاہ، خود پسندی اور نسبی تفوق کی جھلک تک نہیں ملتی تھی

---

[1] اصول المقصود ص ۳۲

سادگی وقناعت، استغنا و بے نیازی، ایثار و قربانی، فقر و توکل، زہد و قناعت، صبر و شکر، تسلیم و رضا، حلم و بردباری، تحمل و صلح جوئی، عفو و درگذر اور خاکساری و خاکپائی گویا آپ کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔ والدین، اساتذہ، مرشد و مرشد زادگان وغیرہ کی عزت و احترام اور توقیر و اکرام آپؒ کا شعار تھا، مبالغہ آرائی اور خوشامد پسندی سے آپ قطعًا متنفر اور نکتہ چینی و عیب جوئی سے یکسر محترز تھے، خاکساری و خود شکستگی کی اس سے بہتر مثال کیا ہوگی کہ جب مرشد کے حسب الحکم وطن تشریف لائے تو گھر کے ملازمان و خادمان تک سے غلطیوں کی معافی مانگی۔

"چوں فقیر شدہ و خرقہ پوشیدہ از حضور مرشد بہ وطن تشریف آورد اوّل از کنیزان و غلامان وغیرہ بہ عذر تقصیرات کردہ و ناکردہ پیش آمدند و عفو آں درخواستند ہر کسی بخوشی خود عفو کرد۔" [1]

مثنوی باغ و بہار کے بموجب ؎

نخستیں کرد آں عریف عالم	پی قطع گنہ ردِ مظالم
کنیزان و غلاماں راطلب کرد	بپائی ہر یک افتاد آں جوانمرد
طلب فرمود از یہا عفو تقصیر	و گرنہ گفت اینک خشم و تقدیر
چنیں باہر کہ گاہی گفت سختی	اگر بودی شقی یا نیک بختی
بصد منّت فراواں التجا کرد	بہ بخشایش دلِ خود را بجا کرد [2]

اخوت و مساوات اس قدر کہ اگر خانقاہ میں کوئی چیز تقسیم کرنی ہوتی تو حاضرین میں سبھی کو مساوی حصہ تقسیم ہوتا کسی کی کوئی تخصیص نہ ہوتی اور خود کا حصہ بھی دوسروں کے برابر ہوتا اس مساوات کا اتنا اہتمام تھا کہ مہمانداری میں بھی تکلف نہیں برتتے تھے۔

قناعت و صبر اس درجہ کہ ایک مرتبہ گرمی کے موسم میں دوپہر کے وقت آپ گرمی کی شدت سے بہت بے چین تھے تمام بدن پسینہ سے شرابور تھا۔ صاحبزادہ والا قدر حضرت

---

[1] اصول المقصود ص ۲۶۸ [2] مثنوی باغ و بہار قلمی ربحوالہ احوال متعلقہ ۔۔۔

مولانا شاہ تراب علی نے ایک مکان جو قدرے ٹھنڈا اور راحت بخش تھا اس میں استراحت کی درخواست کی تو فرمایا یہ گرمی اور پسینہ اس دن کے مقابلے میں کیا حقیقت رکھتا ہے جب آفتاب ایک نیزہ پر ہوگا اور انکار فرمادیا[۱]

ایک شخص نے آپ کے ترک و تجرید کی بہت تعریف کی تو نہایت متانت و شائستگی سے اس کو متنبہ اور لاجواب کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر میں نے دنیا کو جو حقیر اور فانی ہے ترک کر کے عقبیٰ کو جو عمدہ اور باقی رہنے والی ہے قبول کیا ہے تو کون سا بڑا کام کیا ہے۔ عالی ہمتی تو اس کی ہے کہ آپ نے ناکارہ اور نا چیز کو قبول کر کے بہتر اور نفیس کو ترک کیا ہے[۲]

سخاوت و فیاضی نیز حلم و بردباری میں تو آپ درجۂ کمال پر فائز تھے۔ ایک مرتبہ راستہ میں سائل نے پاجامہ کا سوال کر دیا آپ نے اس سے فرمایا کہ تکیہ پر چلیں وہاں مل جائے گا لیکن وہ بضد ہوا کہ مجھے یہیں چاہئے۔ آپ نے وہیں چادر باندھ لی اور اپنا پاجامہ اس کو عطا کر دیا لیکن ماتھے پر شکن تک نہ آئی۔[۳]

اپنے حال کا اخفا اور ریا، و عجب سے اسی قدر اجتناب تھا کہ جب کبھی لکھنؤ وغیرہ میں قیام کی نوبت آتی تو شب بیداری و دیگر عبادات و معمولات میں تخفیف فرما دیتے اگر تکیہ پر کوئی غیر شخص موجود ہوتا تو اس کی موجودگی کی مدت میں ذکرِ جہری اور نوافل وغیرہ کو ترک فرماتے۔

مزاج میں سادگی کا یہ عالم تھا کہ معمولی سے معمولی کام کو کرنے میں بھی عار نہ سمجھتے مکان سے خانقاہ تک اگر کوئی چیز لے جانی ہوتی تو خود ہی لے آتے، بازار سے سودا سلف خود ہی لے آتے، یہاں تک کہ تنبولی کی دکان سے پان بھی خود ہی لے آتے اگر کوئی دست پیش قدمی کرنا چاہتا تو اسے خوبصورتی سے منع کر دیتے، مریدین و حاضرین کو صرف "السلام" کی تعلیم دیتے۔ دست بوسی و قدم بوسی کو سختی سے منع فرماتے اس سلسلہ میں "اصول المقصود" کی یہ روایت ملاحظہ ہو۔

---

۱ اصول المقصود ص ۲۲۷-۲۸ ۲ ایضاً ص ۲۲۸ ۳ ایضاً ص ۲۳۱

"درمعاملاتِ خود حضرت صاحب قبلہ ہمچنیں می یافتم اگر بیماری شدند معالجہ می کردند اگر دردی می پرسید اظہار می نمودند چنانچہ درایامِ ضبطی معاشگاہی ازمردم غیر ذکر تکلیفات خود می کردند مرا ننگ می آمد کہ پیش ایں اغیار دنیا دار چنیں می فرمایند مبادا ایشاں ہمچو خود دانستہ باشند، لہٰذا عرض می کردم کہ آں حضرت بظاہر چرا ہمچنیں سخن می فرمایند در جوابش خاطر جمعی می کردند کہ بندہ بہ ظاہر احوال سراپا عاجزی و بے چارگی فرا باید نمود و بباطن استغنا و استقلال بحق باید داشت تا ندانند کسی کہ ایشاں چنیں مستغنی اند و حال آنکہ اگر کسی از کیفیت باطن پرسیدی فرمودی واللہ مرا پروائی نیست کہ معاش کہ بود و چہ شدہ"۔ [۱]

جب کہ قناعت و توکل اور استغنا و بے نیازی میں قدم ایسا راسخ تھا کہ مہاراجہ ٹکیت رائے کو نہایت سخت لہجہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"......من از معافی شما باز آمدم بر اعتماد شما فقیری نہ کردہ ام دیہہ خود را بگیرید...... والا پروانۂ معافی را پارہ پارہ می کنم و نظر بر قادر کارساز می کنم"۔ [۲]

ضبطِ نفس اس درجہ کہ جھاؤ لعل نے آپ کو مع صاحبزادگان و لواحقین کے قید کر دیا تو نہ جبیں شکن آلود ہوئی اور نہ ہی حرفِ شکایت زبان پر آیا بلکہ فرمایا۔

"ایں قید برائی ما بر چلّہ است"۔ [۳]

لیکن ان واقعات سے یہ بھی سمجھنا چاہیئے کہ شاہ صاحب نرے زاہدِ خشک تھے بلکہ طبیعت میں متانت و سنجیدگی کے ساتھ مزاحِ لطیف کا عنصر بھی موجود تھا اس سلسلہ میں ایک واقعہ نقل کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ مہاراجہ ٹکیت رائے دیوان نواب اودھ جب آپ کے معتقد ہوئے اور ان کی حاضری آپ کی خدمت میں ہونے لگی تو طالبانِ راہِ حق

---

[۱] اصول المقصود ص ۳۲۸-۳۲۷ [۲] گلشن کرم ص ۱۶ [۳] اصول المقصود ص ۳۲۹

کے علاوہ بہت سے ابن الوقت حضرات بھی محض اپنی دنیاوی اغراض و مقاصد کے
شاہ صاحب کے پاس بہ غرض بیعت حاضر ہونے لگے۔ شاہ صاحب کی فراست نے ان
اس راز کو بھانپ لیا چنانچہ ایسے لوگوں سے بوقتِ بیعت مزاحاً فرمایا کرتے کہ تم کو اللہ کی
میں بیعت کیا جائے یا تکیت رائے کی راہ میں۔" [1]

آخری ایّام و انتقال

"اصول المقصود" کی روایت سے پتہ چلتا ہے آپ کو انتقال سے چار[2] سال قبل ضیق
کا عارضہ لاحق ہو گیا تھا جس کی وجہ سے بہت تکلیف ہو رہی تھی، متواتر علاج کے باوجود
خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا تھا۔ بارھویں ربیع الاول ۱۲۲۱ھ مطابق ۱۸۰۶ء کی شب
تنکلم کی تکلیف محسوس ہوئی جس سے استفراغ ہوا اور صفراوی مادّہ خارج ہوا لیکن طبیعت
اس سے بھی بحال نہ ہو سکی بلکہ زیادہ خراب ہو گئی۔ بخار کے ساتھ تمام جسم میں خارش ہو گئی
دو تین[2] دن بعد شدید قسم کا یرقان ہو گیا جس سے نقاہت بڑھ گئی اور بخار تپ محرقہ بن گیا
جس کے باعث چار چار[2] گھنٹے بیہوشی طاری رہتی تھی کئی روز اس میں گذر گئے اور بالآخر
ربیع الآخر ۱۲۲۱ھ مطابق ۱۸۰۶ء کی شب میں بعمر ۶۳ سال بزمانہ سلطنت شاہ عالم
وزارت نواب سعادت علی خاں وفات پائی اور ۲۱ ربیع الآخر کو حسب وصیت خانقاہ
کے احاطہ میں والدین کے پائیں مدفون ہوئے۔ آپ کے انتقال پر بہت سی تاریخیں
گئیں جو طوالت کے خوف سے نقل نہیں کی جا سکیں ہیں صرف شاہ تراب علی قلندرؒ کا
تاریخِ وفات ہدیہ ناظرین ہے ؎

شاہ کاظم قدوۃ اہلِ صفا	صاحب سرّ و امام عارفاں
چوں ز دنیا رفت واصل شد بحق	از فراقش ماتمے شد الاماں
شد بفکر سالِ تاریخش تراب	حیف رحلت کرد آں قطب زماں[2]
	۱۲۲۱ھ

---

[1] گلشن کرم ص ۱۵ [2] اصول المقصود ص ۳۷، اذکار الابرار ص ۳۴۵ (باقی حاشیہ صفحہ

آپ کے انتقال کے آٹھ نو سال بعد آپ کے مرید شیخ علی محمد نے آپ کا روضہ تعمیر کرایا جو اب تک مرجع خاص و عام ہے۔

خلفاء:- آپ نے جن حضرات کو اجازت و خلافت عطا کی ان کے اسمائے گرامی حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ حضرت شاہ میر محمد عرف میرن میاں برادرِ خورد شاہ محمد کاظم قلندر[۱]

۲۔ شاہ تراب علی قلندر صاحبزادہ اکبر[۲]

۳۔ شاہ حمایت علی قلندر صاحبزادہ اوسط[۳]

۴۔ شاہ بہرام علی قلندر[۴]

۵۔ شاہ انشاء اللہ قلندر[۵]

۶۔ شاہ شبیر علی قلندر[۶]

۷۔ شاہ امید علی قلندر جونپوری[۷]

۸۔ شیخ طفیل علی قلندر[۸]

۹۔ ملا قدرت اللہ قلندر بلگرامی[۹]

۱۰۔ شیخ شفاعت علی قلندر[۱۰]

۱۱۔ محمد محفوظ علی قلندر[۱۱]

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) تذکرہ مشاہیر کاکوری ص ۳۶۴، تذکرہ گلشن کرم ص ۴۵، چشمۂ فیض قلمی ورق ۱۱۵ ب، سخنوران کاکوری ص ۳۳۶، روض الازہر ص ۱۸۶، نزہتہ الخواطر ج ۷، ص ۲۹۴

[۱] تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ ہو اصول المقصود ص ۵۱-۴۴۵، تذکرہ مشاہیر کاکوری ص ۳۰-۴۲۵، سخنورانِ کاکوری ص ۷۹-۳۷۸، گلشن کرم ص ۶۰-۵۹ [۲] تفصیلی حالات کے لیے ملاحظہ ہو باب ہذا کی فصلِ دوم

[۳] ایضاً [۴] تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ ہو باب اول و اذکار الابرار ص ۸۶-۴۸۵، مشاہیر کاکوری ص ۳۳-۳۲ اصول المقصود ص ۸۲-۴۸۰ [۵] تفصیلی حالات کے لیے ملاحظہ ہو اذکار الابرار ص ۷۴-۲۷۳، مشاہیر کاکوری ص ۷۶ اصول المقصود ص ۹۰-۴۸۸ [۶] ایضاً ص ۹۴-۴۹۱، اذکار الابرار ص ۷۴

کشف وکرامات :

شاہ صاحبؒ کی سب سے بڑی کرامت اُس دورِ تعیش وگمراہی میں حفظِ ناموسِ دین و شریعت اور اعلاءِ کلمۃ الحق تھی جس کی تاثیر سے صدہا زنگ آلود قلوب صیقل ہوئے اور ہزارہا رہ گم کردان صراطِ مستقیم پر چلنے لگے۔ تفصیل کے لئے اصول المقصود ص۳۹۸-۴۴۴، اذکار الابرار ص۲۵۵-۶۳ اور تذکرہ گلشن کرم ص۴۷-۵۲ اور دیگر کتب میں ملاحظہ کئے جاتے ہیں تاہم چند واقعات پیش ہیں۔

"منشی فیض بخش بیان کرتے ہیں کہ ایک روز مجھے روپیہ کی سخت ضرورت ہوئی۔ بہت کوشش کی کہیں نہ ملا۔ آپ سے عرض کیا۔ فرمایا اس مونڈھے کو اُٹھاؤ۔ مونڈھا بہت بڑا تھا اور دیوان تیج رائے نے مجھے بھیجا تھا اور جب سے آیا تھا کوٹھے پر ایک جگہ رکھ دیا تھا چونکہ عرصے سے وہیں رکھا ہوا تھا لہٰذا گرد وغبار سے اَٹا ہوا تھا، بہت دقت اور قوت سے اُٹھایا تو دیکھا اسکے جوف میں فرخ آبادی روپیہ بقدرِ ضرورت ہے۔ عرض کیا میں نے تو دعا کرنے کو کہا تھا روپیہ تو مانگا نہ تھا، فرمایا یہ روپیہ میرا نہیں تمہارا ہی ہے لے لو اور کچھ مت کہو۔"[۱]

"ٹھاکر پرشاد کنھک بیان کرتے ہیں کہ طوطا رام مہاجن ساکن پھول پور الہ آباد کو اکثر (شری) کرشن جی کا دیدار ہوا کرتا تھا جو اچانک موقوف ہوگیا، وہ اس سے نہایت پریشان رہتے تھے۔ میں نے ایک دن ان سے کہا کہ اگر تم حضرت صاحب کی خدمت میں جاؤ تو

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) سے

۷ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اصول المقصود ص۵۰۰، اذکار الابرار ص۳۷۴

۸ " " " اصول المقصود ص۳۹۴-۹۷، اذکار الابرار ص۳۷۹-۸۰، مشاہیر کاکوری ص۲۲۱-۲۲

۹ " " " اصول المقصود ص۴۹۷-۵۰۰، اذکار الابرار ص۳۸۰-۸۲،

۱۰ " اصول المقصود ص۵۲۳-۲۵، اذکار الابرار ص۳۸۲-۸۳ ۱۱ ایضاً ص۵۳

۱ اذکار الابرار ص۳۵۸-۵۹

تمہاری یہ مشکل دُور ہوسکتی ہے۔ وہ میرے ہمراہ کاکوری آئے اور خدمت میں حاضر ہوئے میں نے ان کی طرف سے صورتِ حال عرض کی۔ آپ خاموش ہو گئے پھر فرمایا کہ مکان پر ٹھہرو اور کھانا تیار کرو جب وہ بالاخانہ سے اترے اور کھانا پکانے میں مشغول ہوئے تو اچانک ان کے سامنے شری کرشن کی صورت آپ کی صورت میں نمودار ہوئی۔ وہ یہ دیکھ کر نہایت خوش ہوئے اور کھانے سے فراغت کے بعد بالاخانہ پر جاکر یہ واقعہ بیان کیا، اس واقعہ کے بعد وہ آپ کے نہایت معتقد ہو گئے اور مُرید ہو کر اپنے گھر واپس آ گئے"۔[1]

شاہ صاحبؒ کا اصل کارنامہ:

حضرت شاہ محمد کاظم قلندرؒ کا اصل کارنامہ کیا تھا؟ ان کی اصلاحی کوششیں کس انداز کی تھیں؟ اس کام میں انہیں کن مصائب کا سامنا کرنا پڑا؟ کیسی دِقتیں پیش آئیں؟ انہوں نے اِن شدائد و مصائب اور مخالفت و مخاصمت کے کوہِ بلند کی سربفلک چوٹیوں کو کس طرح سر کیا؟ اس کا احاطہ نہ تو اس مقالہ کے چند صفحات میں کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی احقر اپنی بے بضاعتی کے سبب اس عظیم امر سے عہدہ برآ ہوسکتا ہے کیونکہ شاہ صاحب کے کارنامے کی وسعت اور ہمہ گیری اہلِ وطن سے اِس موضوع پر سنجیدگی اور دقتِ نظر سے مطالبہ تحقیق کرتی ہے۔ کمترین راقم الحروف کو نہایت قلق و افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑ رہا ہے کہ تقریباً دو صدیاں گزرنے کے بعد بھی اہلِ وطن نے شاہ صاحب کے اس حق کو ادا نہیں کیا ہے، شاہ صاحب کے سوانح نگاروں اور دوسرے اہلِ قلم تذکرہ نگار حضرات نے اگر کہیں ذکر بھی کیا ہے تو مختصر اور تشنہ۔

شاہ صاحب نے اپنی مجدّدانہ، مجتہدانہ اور مجاہدانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر صفائے باطن و تزکیۂ قلب سے اطراف و جوانب میں روحانیت و فکرِ اُخروی کی جو نورانی

---

[1] تذکرہ گلشن کرم ص ۵۱-۵۰

فضا پیدا کردی تھی اس سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے اس عہد کا مختصر تعارف ضروری ہے۔

"بانی سلسلہ کاظمیہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندرؒ کے عہد میں اودھ کی مذہب سے لاتعلقی، لہو ولعب، عیش وعشرت سے دلدادگی، نیکوکاری، پرہیزگاری، اتباعِ سنت اور حفظِ شریعت سے غفلت، احکام شریعت اور فرمانِ نبوی کی خلاف ورزی نیز اخلاقِ ذمیمہ کے روز افزوں اثرات سے "خسر الدنیا والآخرہ" کی جو مسموم فضا بن گئی تھی اس سے قصبۂ کاکوری بھی اپنا دامن نہ بچا سکا، دولت کی فراوانی نے دماغ میں وہ شیطانی وساوس پیدا کردئے تھے جن کے اثر سے وہ مذہب ودین سے یکسر بیگانہ ہوگئے تھے فرائض وواجبات سے بے پروائی، سنن وواجبات سے بے نیازی اور فکرِ آخرت نیکوکاری، پاسداری شریعت سے بے بہرگی نے وہ حالت پیدا کردی تھی کہ شرک وبدعت اور رسوم وروایات کو اصولِ دین وموجب نجات اور عیش کوشی کو مقصدِ حیات سمجھ لیا تھا حتیٰ کہ کاکوری میں ایک دن ایسا بھی گذرا ہے کہ ماہِ رمضان میں بجز تین شخصوں اور ایک بیوی کے کوئی روزہ دار نہ تھا"[1]

حضرت مولانا حافظ شاہ مجتبیٰ حیدر قلندر مقدمہ شرح سانت رس میں تحریر فرماتے ہیں۔

"اٹھارہویں صدی کا ہندوستان ایک محشر یاس دالم بنا ہوا تھا، انقلاب زمانہ کے بے درد ہاتھوں نے سلطنتِ مغلیہ کا شیرازہ درہم برہم کر دیا تھا۔ مختلف عناصر سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے لئے اُٹھ کھڑے ہوئے تھے اور اُن کی قوتیں آپس میں ٹکراتی رہیں۔ اس بے کسی اور کسمپرسی کے عالم میں اخلاقی وروحانی، معاشرتی وتمدنی نقوش مٹنے لگے جس طرح بارہویں اور تیرہویں صدی عیسوی میں سیلِ تاتار نے عالمِ اسلام کی کل ملکی ومعاشرتی نظام کی اینٹ سے اینٹ بجادی اور متمدن سلطنتوں کو پارہ پارہ کردیا، بالکل اسی طرح سیلِ فرنگ

---

[1] تذکرہ گلشن کرم ص۱۳

نے ہندوستان کے گل وگلزار کو پارہ پارہ کردیا۔ یہ وہ تاریک اور بھیانک دور تھا کہ زخم خوردہ انسانیت روح کو تسکین دینے والی ہستیوں کو ڈھونڈ رہی تھی معرفت وعرفان کے سوتے خشک ہو گئے تھے نگاہیں ایسے عارفانِ کامل کو ڈھونڈ رہی تھیں جن کی نگاہِ بصیرت افروز میں دلوں کے جوڑنے کے جملہ سامان مہیا ہوتے ہیں۔" لہ

ایسے پُر آشوب دور میں کاکوری کو ایک ایسے مردِ خدا آگاہ کی ضرورت تھی جو بیک وقت علومِ ظاہری و باطنی سے بہرہ ور ہو، صفائے باطن و تزکیۂ نفس سے تقربِ خداوندی حاصل کئے ہو، اتباعِ سنّت و حفظِ شریعت میں راسخ القدم ہو، ظاہرداری، ریاکاری، حرص و آز، بغض وعناد، تند خوئی و کینہ جوئی، عجب و تکبر اور ہوا، و ہوس جیسے اخلاقِ ذمیمہ سے اس کا دامن پاک ہو، سرزمینِ کاکوری، و اہلِ کاکوری کی خوش نصیبی و اقبال مندی تھی کہ اس میں ایک ایسا درویشِ خدا ایں پیدا ہوا جو مندرجہ بالا صفات کا حامل تھا، جس نے اپنے حکیمانہ اوصاف سے ایک عالم کو فیض یاب کیا جس کے اِرادت مندوں میں علماء، فقراء، ادباء، فقہاء، شعراء، اطباء اور رؤساء سبھی شامل تھے جس کی محفل میں حاضری کے لئے قیدِ مذہب وملت نہ تھی۔ انسانوں کو ناپنے کے لئے اس کے پاس مذہبی تعصبات کا پیمانہ نہ تھا بلکہ جذبۂ دردمندی تھا، جس کی نظر فیض اثر نے نہ جانے کتنوں کو خاک سے پاک بنا دیا، جس کی علم وعرفان آگہی اور خداشناسی کی ناپیدا کنار دریا کی موجوں نے ہزارہا تشنہ کاموں کو سیری و طمانیت سے مبدل کیا۔ جس کی ذاتِ والا صفات کی برکت سے کاکوری میں وحدہٗ لاشریک لہٗ کی صدائیں گونجنے لگیں، یہ ہستی تھی شاہ محمد کاظم قلندرؒ کی جنھوں نے اپنی تمام زندگی اتباعِ سنتِ نبوی میں گذاری اور فرزندان و مریدین کے علاوہ سماج میں اس کی تبلیغ کی سعیِ بلیغ کی جس کے خوشگوار نتائج برآمد ہوتے صدہا تاریک دل منور ہوئے، شقاوتِ ازلی سعادتِ ابدی میں بدلی اور چاہِ ضلالت سے راہِ ہدایت تک رسائی کا سبب بنی۔

لہ مقدمہ شرح سانت رس ص ۵

"عین اس عالم یاس اور قنوطیت میں، اس جمود و انحطاط کے دور میں اودھ کے قصبہ کاکوری میں وہ شمعِ روحانیت فروزاں ہوئی جس کی فیضِ نظر نے ہزار ہا ذرہ ہائے خاک کو اپنی اکسیر نظر سے کیمیا بنا دیا، جس کے سینۂ سوزاں کی تپش نے ہزاروں کے دل محبت سے زندہ کر دیئے جس کے سوزِ قلبی نے دلوں میں سازِ آرزو چھیڑ کر حق سے ملا دیا یہ تھے عارف باللہ صاحب السر شاہ محمد کاظم قلندرؒ بزمِ عرفان کے صدر نشین اور گلشنِ معرفت کے سر سبد"۔ [1]

تصانیف

۱۔ رسالہ "معمور داشتنِ اوقات"۔ ۳۔ نغمات الاسرار معروف بہ سانت رس۔
۲۔ مجمع الفوائد۔ ۴۔ مکتوبات۔

۱۔ رسالہ "معمور داشتنِ اوقات"

سببِ تصنیف:۔ اس کتاب کو شاہ صاحب نے اپنے مسترشد خاص محب علی خاں زمیندار اگرہ تحصیل ملیح آبادی کی تعلیم کے لئے لکھا تھا چوں کہ خاں صاحب مذکور آخر عمر میں بینائی سے معذور ہو گئے تھے اس لئے شاہ صاحب نے ان کو حاضری سے منع فرما دیا اور کبھی بذریعہ خط اور کبھی خود تشریف لے جا کر ان کو تعلیم فرماتے پھر ضبطِ اوقات کو دھیان میں رکھتے ہوئے بعض ضروری عبارتیں بہ طورِ رسالہ تحریر کر دیں۔

موضوع و مضمون:۔ رسالہ مختلف اوقات کی عبادتوں کے بیان پر مشتمل ہے۔ اولاً قبلِ فجر سے بعد عشا تک کے اوراد و وظائف و نفل عبادتوں کے فضائل بیان کئے گئے ہیں ثانیاً نئے چاند دیکھنے کی نمازوں کو بیان کیا گیا ہے آخر میں ہفتہ بھر کی

---

[1] مقدمہ شرح سانت رس صفحہ ۵

رات اور دن کی تمام نمازوں کا بیان ہے۔

ابتدائی سطور اس طرح ہیں۔

بعد حمد و صلوٰۃ"..... بدانکہ آدمی برائے بازی نیا فریدہ بلکہ برائے عبادت خود مَاخَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ۝ پس چارہ نیست کہ اوقات خود صرف عبادت حق کند و ساعاتِ شبانہ روز بطوری کہ فرمودہ اند بگزارند"۔ [1]

رسالے کا اختتام یوں کیا ہے

"چوں طالب صادق بعد صحت عقائد و حفظ جوارح از معاصی و حفظِ قلب از کبر و ریا و عجب و حسد و کینہ و طول امل و حُبّ دنیا و بخل وغیرہ از مہلکاتِ ظاہر خود را بشرائع باطن خود را بہ حقائق توحید مزین سازد بہ بیند آنچہ کہ بیند و زبان و عقل از بیان و اِدراک آں قاصر است و اگر بی ایں امور بہ توحید و کسب آں مشغول شود در الحاد و زندقہ رفتہ کہ نجات از آں میتسر نیاید و تفصیل ضلالت ایں قوم کہ در زمان ما پیدا شدہ اند و خود را موحد گویند دردراز است تحت الرسالہ" [2]

"مجمع الفوائد"

قلمی کتاب موسومہ بہ "مجمع الفوائد" ۱۴ سطری، ۱۸۲ صفحات پر مشتمل ہے جس کے مرتب اُن کے صاحبزادے شاہ تراب علی قلندر ہیں۔ سنہ ترتیب ۱۲۲۲ھ مطابق ۱۸۰۷ء ہے۔ کتاب ستاون [۵۷] فوائد پر مشتمل ہے جس میں چھپن [۵۶] فوائد منثور اور ایک [۱] فائدہ منظوم ہے اور کتاب کے دس [۱۰] صفحات پر محیط ہے، مرتب نے مختلف بیاضوں سے مضامین کو اخذ کر کے کتابی شکل میں پیش کیا ہے جیسا کہ مقدمہ سے اندازہ ہوتا ہے۔

---

[1] اصول المقصود ص۵۰۶-۵۰۵

[2] اصول المقصود ص۵۱۸

"چوں بعد وفات حضرت والد بزرگوار بیاضہائی آں حضرت دیدم سوائی ادعیہ و اسماء اللہ کہ معمول خاندان خود دراں چیزہائی دیگر مشتمل بر فوائد کثیرہ یافتم کہ اکثر اوراد بخط خاص مرقوم اند بدل آمد کہ ایں کلمات مفیدہ را بترتیب یکجا کردہ کتابے سازم ...... الخ" [1]

اوّل[1] سے چودھویں فوائد مختلف نمازوں آیات وادعیہ کے فضائل وخواص کے بیان پر مشتمل ہیں، پندرھویں[15] سے بیسویں[20] تک آدابِ سفر، آداب زیارتِ قبور، ایامِ محمود و مذموم و دیگر نصائح جیسے متفرق مضامین کو بیان کیا گیا ہے۔ اکیسویں[21] سے ستائیسویں[27] فائدے میں تصوف کے مختلف مضامین کو بیان کیا گیا ہے۔ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ آخری فائدہ موسومہ "بیان ہفت وادیِ سلوک" منظوم ہے جس میں کل اشعار کی تعداد ۱۲۸ ہے۔ تمہید میں ۳۷ شعر ہیں، صفت وادی طلب میں ۷، وادیٔ عشق میں ۱۰، وادیٔ معرفت میں ۱۷، وادیٔ استغنا میں ۱۶، وادیِ توحید میں ۸، وادی حیرت میں ۱۰ اور وادیِ فقر و فنا میں ۲۱ شعر ہیں۔ تمہیدی اشعار اس طرح ہیں ؎

کوہ را میخ زمیں کرد از نخست ... پس زمین را روئی از دریا بشست

چوں زمیں بر شاخ گاؤ استاد است ... گاؤ بر ماہی و ماہی بر ہواست

بس ہوا بر چیست بر ہیچیست و بس ... ہیچ ہیچیست ایں ہمہ ہیچیست و بس [2]

نمونۂ عبارت:

"بداں کہ اوّل چیزیکہ مخلوق شد عقل بود او را سہ[3] معرفت پیدا شد یکے[1] معرفتِ خود، دوم[2] معرفت حق سوم[3] معرفتِ احتیاج بحق، از ہر معرفتے چیزے در وجود آمد از اوّل[1] نفسے پیدا شد و از دوم[2] عقلے و از سوم جسمے، و ازیں عقل و جسمے و نفسے تا نہ[9] مرتبہ عقل، نہ[9] نفس و نہ[9] جسم پس ازاں نہ[9] عقل

---

[1] مجمع الفوائد قلمی ص۲ [2] ایضاً ص۱۷۳

عقولِ فلک، نہ نفس نفوسِ فلک و نہ جسمے اجسام فلک، پس ہر فلک عقلے نفسے و جسمے دارد، اوّل را عرش الیٰ آخرہ، بعد از امتزاج افلاک عناصر اربع ازدواج اینہا موالیہ۔ بعد ازاں مجموع انسان و ہیچ شئے از احاطۂ او خالی نیست و جامع ہمہ است و ہر نباتی و حیوانی بے واسطہ او بحق نرسید و او واسطہ حق ست، و دماغ او عرش رحمٰن است، و دل او کرسی وسیع است شمس و قمر با نسان ہر دو چشم اوست و زحل و مریخ موکل غضب اوست، و عطارد نگاہ دار قوت شہویہ اوست و برجیس خادم قوت اوست و حق بصر اوست کہ ازاں خلق را بیند و سمع اوست کہ بداں کیفیت حقیقی معلوم کند و لسان او دست یدِ اوست کہ بداں تصرف در آنہا میکند و رجل کہ جمیع مراتب مصنوعی میکند، و اگر مستطیل است امّا شکل کردن چرا کہ از نقطہ او دورِ عالم تمام گشت و او نقطہ در نقطہ ہدایت بود با عتبار روح و نقطہ نہایت گشت با عتبارِ جسم کہ نوعِ آخر است چوں آخر با دل پیوست و دورِ عالم گشت۔" [1]

نغمات الاسرار معروف بہ نت رس

شاہ صاحب کے ہندی کلام پر مشتمل اس دیوان میں تقریباً پانچ ہزار [5000] دوہے ہیں۔ زبان برج بھاشا استعمال کی ہے۔ کلام ۱۷ سطری ۲۰۴ صفحات پر مشتمل ہے، اوّلاً یہ مجموعہ آپ کے شاہ رحیم باسط نے ترتیب دے کر "مطبع بہار اودھ" لکھنؤ سے ۱۳۰۳ھ میں شائع کرایا جو اب نایاب ہے اس کے ابتدائی حصے کی متصوفانہ شرح آپ کے نام ور خلف حضرت مولانا شاہ مجتبیٰ حیدر قلندر مدظلہ نے کی جو ۱۳۷۶ھ میں نامی پریس لکھنؤ میں زیورِ طبع سے آراستہ ہوا جو متوسط تقطیع کے ۲۴۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

نمونۂ کلام: اختصار کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے شاہ صاحب کے ہندی کلام کے ادبی محاسن پر

---

[1] مجمع الفوائد قلمی ص ۱۴۲-۱۴۰

سیر حاصل بحث اور ہندی شاعری میں ان کے مقام و مرتبہ کے تعین سے قطع نظر کر کے نمونہ کے طور پر ان کا کلام پیش ہے ۔

(۱) بے وصلش چشمت گریاں بہ گو خوں بینی زھرا شکے
روئے تیں انکھیاں پی کو بھاوت پی کو رجھاؤ روئے روئے رکے
خوش چشمت کہ خوش آید اور اشد ازیں چشم خوں چشمے
چار دنا جو روئے بیوگن رہے جوگن پیا مل ہنسکے
گر غم دل دلدار پسند خوشتر ازیں غم عیشے نیست
واہی ہیا بھاوت ہے پیا کال برہ کی چوٹن جو کسکے
مسکیں کے بہ رید از غمہا تا نبود لطفش ہمراہ
مایا جال مایا تئیں دیا بن نکس سکے پھر گو و پھنسکے
در محفل کاظمؔ ہم آئی ہم در محفل خود طلبی
ہم کا بلاؤ کی آؤ ہمارے درس دیو چاہو جس کے [۱]

---

(۲)

میں برہ بتھا کی ماری	او کھد کون بتاوے ہماری
نین بھیو چھین بدن بھیو بیڑا	تنک دیکھیں چھب پیاری
ہار گئیں ہم ناڑی دکھاوت	دیکھیں بید اناری
بار بار برجت رہی من کو	دیکھ نہ کر کہوں یاری
اگیانی ار جھو یا ارجھو	کینتو ہم کہہ ہاری
یہ من بیری دیو جن ہم کو	ہم وا پر بلہاری
سکھ ہوتے اب کی دکھ کاظمؔ تو	مورت نکھے تمہاری [۲]

---

[۱] سانت رس ص ۸۵-۸۶

[۲] ایضاً ص ۸۷

مکتوبات

صوفیائے کرام کی تعلیمات عوام الناس تک عموماً تین ذریعوں سے پہنچی ہیں۔ تصنیفات[1] ملفوظات[2] اور مکاتیب[3]، لیکن ادبا و شعراء کے مکاتیب کے مقابلے میں صوفیائے کرام کے مکاتیب کے مضامین قطعی مختلف ہوتے ہیں، مقدم الذکر قبیل کے خطوط میں کسی مخصوص شاعر وادیب کی سادگی و بے تکلفی، متانت و ظرافت، خوش مزاجی و شگفتہ طبعی، عجز و انکسار بے ساختگی و برجستگی، برہمی و خشونت، جھنجھلاہٹ، قنوطیت اور دیگر جذبات و احساسات کی پرکھ کی جا سکتی ہے اور اس کی ادبی خصوصیات مثلاً مدّعا نگاری، مقصدیت، مضمون و موضوع کی قطعیت، سادگیٔ زبان، قدرتِ بیان، ایجاز نویسی، سخن گسترانہ انداز، جوش و قوتِ بیان، رنگینیٔ خیال، سحر طرازی، اختراع و ایجاد، شعریتِ نثر، خطیبانہ انداز، شوخیٔ تحریر اور جدتِ اسلوب سے ان کی ادبی قدر و قیمت متعین کی جا سکتی ہے اس صف کے ہندوستانی فارسی سخنوروں میں ہم ابوالفضل، شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر، چندر بھان برہمن، صہبائی اور مومن و غالب کو رکھ سکتے ہیں۔

ان کے مقابلے میں صوفیائے کرام کے مکاتیب ان تکلفات اور قیود سے بالاتر اپنے اندر غضب کی تاثیر رکھتے ہیں کہ سادہ اور سہل اندازِ تحریر ہونے کے باوجود بات دل میں اترتی ہوئی محسوس ہوتی ہے، ان مکاتیب میں عام طور پر معرفتِ الٰہی، ایمان و یقین، احسان و سلوک، تصفیۂ نفس و تزکیۂ قلب، حمایت شریعت و اہتمام سنّت، تبلیغ و ترویجِ اسلام، ردِّ منہیات و منکرات اور شرک و بدعت، تشریحِ رموز و نکات تصوف اور پند و موعظت جیسے اہم اور بلند پایہ مضامین کو بیان کیا گیا ہے۔ اس صف کے ہندوستانی صوفیا، و مشائخ میں ہم حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ، حضرت نور قطب عالم پنڈویؒ حضرت شیخ مجدد الفِ ثانیؒ اور حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ وغیرہ کے اسمائے گرامی کو شامل کر سکتے ہیں۔

سلسلۂ عالیہ قلندریہ کے مشائخ میں حضرت شاہ بوعلی قلندرؒ (م ۷۲۴ھ/۱۳۲۳ء

حضرت شاہ مجا قلندرؒ (م ۱۰۸۴ھ مطابق ۱۶۷۳ء) اور ان کے خلفا نیز حضرت قاضی معین الدین قلندرؒ (م ۱۱۲۹ھ مطابق ۱۷۱۶ء)، حضرت قاضی محمد تقی قلندرؒ (م ۱۱۷۶ھ، مطابق ۱۷۶۲ء)، حضرت شاہ محمد ماہ قلندرؒ (م ۱۱۲۰ھ مطابق ۱۷۰۸ء) حضرت شاہ عبدالرحمٰن قلندرؒ (م ۱۱۹۹ھ مطابق ۱۷۸۴ء)، حضرت سید شاہ باسط علی قلندرؒ الہٰ آبادی (م ۱۱۹۶ھ مطابق ۱۷۸۱ء) وغیرہ کے مکاتیب ملتے ہیں جن میں معارفِ الٰہیہ کی توضیح اور تصوف کے دقیق مضامین کی تشریح کے ساتھ ساتھ ارشاد و تلقین کے مضامین ملتے ہیں۔

حضرت شاہ محمد کاظم قلندرؒ کے مکاتیب "مفاوضات" (۱۳۲۸) کے تاریخی نام سے حضرت شاہ حبیب حیدر قلندرؒ نے مرتب کئے جو مطبع سرکاری ریاست رام پور میں ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۹۱۱ء میں زیورِ طبع سے آراستہ ہوا۔

اگرچہ کل مکاتیب مقدار میں دو سو سے متجاوز ہیں مگر وہ مکاتیب جو متعلق بہ تعلیم و تربیتِ مریدین لکھے گئے ہیں یا بہ الفاظِ دیگر "حال" پر مشتمل ہیں انہیں حضرت شاہ تقی حیدر قلندر نے دوسرے رسالہ "تعلیماتِ قلندریہ" میں جمع کر دیا ہے، اس طرح "مفاوضات" میں شامل مکاتیب کی تعداد ۱۲۴ ہے نیز مکتوب الیہ میں پیر و مرشد، اعزہ و اقربا، دوست و احباب فرزندان و مریدین و متوسلین سبھی شامل ہیں۔ پیر و مرشد حضرت شاہ باسط علی قلندرؒ کی خدمت میں ۳ خطوط، منشی فیض بخش کے نام ۷۵ خطوط، برادرِ خورد شاہ میر محمد قلندرؒ کے نام ۱۸ اور پسرِ اوسط شاہ حمایت علی قلندرؒ کے نام ۱۷ خطوط ہیں۔

مضامین و مکاتیب:

شاہ صاحب کے خطوط مختلف النوع مضامین کے حامل ہیں۔ پیر و مرشد کو تحریر خطوط میں اعمال و اوراد و وظائف کی اجازت طلب کی ہے اور سلوک و تصوف کے مسائل و مشکلات کی عقدہ کشائی کی درخواست کی ہے۔ برادرِ خورد و فرزند کو تحریر خطوط میں ارشاد و تلقین، حقائق و معارف، استفسار حال اور خانہ داری کے دیگر حالات کا بیان ملتا ہے جا بہ جا کسی شعر کی تشریح بھی ملتی ہے۔ منشی فیض بخش کو مرقوم مکاتیب میں پند و نصیحت

کے علاوہ اہلِ حاجت کی سفارش، اپنے اور اہلِ وطن کے حالات کا بیان۔ تعبیرِ خواب، پرسشِ احوال، اشیاء کی فرمائش، نذرانہ وتحفہ کا شکریہ اور دیگر مضامین ملتے ہیں۔ سبھی مکاتیب میں بہ اعتبارِ مراتب وقربت جداگانہ انداز میں تخاطب ملتا ہے۔

خصوصیات واہمیت شاہ صاحب کے مکاتیب کی خصوصیات واہمیت حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ سبھی خطوط کو تسمیہ سے شروع کیا گیا ہے۔
۲۔ آداب والقاب کا باقاعدہ التزام کیا گیا ہے۔
۳۔ تاریخ ودن وسنہ کسی خط میں بھی نہیں تحریر کیے گئے ہیں۔
۴۔ زبان سادہ اور رواں، سہل وعام فہم ہے۔ تکلف اور بناوٹ سے کلیتاً احتراز کیا گیا ہے۔
۵۔ علم دوستی وکثرتِ مطالعہ کے ذوق کی نشاندہی ہوتی ہے۔
۶۔ چیدہ چیدہ اشعار کی تشریح بھی مکاتیب میں ملتی ہے۔
۷۔ اہلِ وطن کے حالات جاننے کا سرچشمہ وماخذ ہونے کے علاوہ نجی حالات وواقعات جاننے کا مستند ذریعہ ہیں۔

نمونۂ مکتوب

شاہ صاحبؒ کا ایک خط نمونتاً نقل کیا جاتا ہے جو انھوں نے اپنے برادرِ خورد شاہ میر محمد قلندرؒ کو لکھا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بجانِ برابر وپدر عزیز سلمہ اللہ تعالیٰ
از خواہانِ خیریت وجمیعت ظاہر وباطن برادرِ شما سلام ودعوات برسد بارے
ما نیز از فراموش کہ اینہا از انکہ خطے بار از دنیا زبہ طفیل علی نوشتند ومنع کردند
کہ بکسے ظاہر نشود آخر ما دیدیم وپیش ازیں نیز شنیدیم محمد مبین چیزہا میگفتند
وتنزول کردن آں محبوب از لامکانی بمکان مقید کہ نیز از در آں دریاست
معلوم شد مبارک باد اگر قانع نشدہ باشند نزدیکِ ما سیر شدن عیب است
مولوی معنوی رحمۃ اللہ علیہ میفرماید ؎

کاسۂ چشم حریصاں پر نشد
تا صدف قانع نشد پُر در نشُد

مراد از حد حریصاں اینجا حریصانِ تجلیاتِ الٰہی اند و قانع شدن اشارت بمقام گرفتن است بہر حال محبوب من محبوبِ باشند و خود بخود در خود تماشا و تماشا گر باشند و مکان تیار شد مشتاق شما است اگر تشریف آرند غنیمت است از شاہ صاحب دعا بر رید و در زبانِ ہندی از طرف ایشاں معلوم کنند کہ آمدن از دنیا محض برائے بندگی و بھگت است و بھگت بازی اگر میسر آید کار تمام تمام شود باقی شمارا خیر باد و روز بروز ذوق و شوق ترقی پذیر اد"[1]

کتابیات

۱۔ اذکار الابرار ــــ شاہ تقی حیدر قلندر ــ شاہی پریس لکھنؤ، ۱۳۵۷ھ
۲۔ اصول المقصود ــ شاہ تراب علی قلندر ــ آسی پریس لکھنؤ، ۱۳۱۲ھ
۳۔ تذکرہ گلشن کرم ــ شاہ تقی انور قلندر ــ نامی پریس لکھنؤ، ۱۴۰۵ھ
۴۔ تذکرہ مشاہیر کاکوری ــ شاہ علی حیدر قلندر ــ اصح المطابع لکھنؤ، ۱۹۲۷ء
۵۔ چشمۂ فیض ــ منشی فیض (قلمی) کتب خانہ انوریہ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری
۶۔ روض الازہر فی مآثر القلندر ــ شاہ تقی حیدر قلندر ــ مطبع سرکاری ریاست رامپور، ۱۳۳۹ھ
۷۔ سانت رس ــ شاہ محمد کاظم قلندر ــ مطبع بہار اودھ ــ لکھنؤ، ۳-۱۳۰۲ھ
۸۔ سخنوران کاکوری ــ حکیم نثار احمد علوی (مرحوم) ــ شوکت علی پرنٹرس کراچی ۱۹۷۸ء
۹۔ شرح سانت رس ــ حافظ شاہ مجتبیٰ حیدر قلندر ــ نامی پریس لکھنؤ ۱۳۷۶ھ
۱۰۔ کواکب ــ ڈاکٹر مسعود انور علوی ــ نشاط پریس ٹانڈہ، ۱۹۸۷ء
۱۱۔ مثنوی باغ و بہار (قلمی) ــ منشی فیض بخش، کتب خانہ انوریہ، خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری
۱۲۔ مجمع الفوائد (قلمی) ــ شاہ محمد کاظم قلندر ــ کتب خانہ انوریہ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری
۱۳۔ مفاوضات ــ شاہ محمد کاظم قلندر (مرتبہ شاہ حبیب حیدر قلندر) مطبع سرکاری ریاست رام پور، ۱۳۲۹ھ۔
۱۴۔ معمور داشتن اوقات ــ شاہ محمد کاظم قلندر ــ (اصول المقصود ص ۶۱۸ ــ ۶۰۵)
۱۵۔ نزہۃ الخواطر ــ حکیم عبد الحئی حسنی ــ دائرۃ المعارف عثمانیہ حیدر آباد ــ ۱۳۷۸ھ ۔

[1] مفاوضات ص ۲۹ مکتوب دوازدہم ۱۲

پروفیسر حکیم سیّد کمال الدین حسین ہمدانی

مرقع بہار

آسمان بہار کے چاند تارے

علامہ حکیم مولوی محمد کبیر الدین صاحب نے بحیثیت صدر انجمن اطبار ضلع پٹنہ (بہار) بتاریخ ۴ مارچ ۱۹۵۲ء بمقام بہار شریف خطبہ صدارت پیش کیا۔ یہ ایک تاریخی وطبی نہایت وقیع خطبہ ہے جو شائع ہو چکا ہے۔ اس کا ایک نسخہ کتب خانہ حکیم سید خیرات علی علیہ الرحمہ واقع امام باڑہ سیّد خیرات علی، جلالی، ضلع علی گڑھ میں موجود ہے۔ اس خطبہ میں جناب علامہ موصوف نے مولوی سیّد عبد الرحیم صاحب بہاری، سپرنٹنڈنٹ عدالتِ عالیہ حیدر آباد کی معاونت سے بہار کے مشاہیر، صوفیائے کرام، علمار، شعرار، ارباب عدالت وسیاست اور اطبار کی ایک فہرست بھی شامل کی ہے۔ یہ فہرست محققینِ بہار کے لیے ایک معتبر اور مفید فہرست ہے اور اس کی روشنی میں مشاہیر بہار کا ایک تذکرہ مرتب کیا جا سکتا ہے۔ فہرست حسب ذیل ہے:

> ہر گروہ میں حروف تہجی کی ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے

(۱) دورِ قدیم کے مشاہیر
(ارباب علم وسیاست وغیرہ)

آریا بھٹ (ماہر فلکیات)

اشوک اعظم — پاٹلی پتر (پٹنہ) ۲۷۳ ق م

حکیم بیدپا — مصنف کلیلہ دمنہ (انوار سہیلی) راج گیر

پانینی اور پتانجلی (مدوّن صرف ونحو سنسکرت)

راجہ جنک — علاقہ ترہت (متصلا)

راجہ چندر گپت (ہم عصر سکندر اعظم)

دھنون تری (بانی علم وید ک)

سیتا جی — علاقہ ترہت (متصلا)

کوٹلیا، وزیر چندر گپت (اصول سیاست کا بانی)

مہاتما گوتم بدھ — بدھ مت کے بانی (ہم عصر مہابیر)

گوتم رشی (موجد منطق ہند)

مہاتما مہابیر — جین مت کے بانی $\frac{۵۹۹}{۵۲۷}$ ق م

(۲) صوفیاء کرام

مخدوم آدم صوفی جٹھولی شریف
شیخ حسن (شیخ عبدالعزیز شکربار کے والد)
شیخ حسن مہناج ـــــ شیخپورہ
شیخ خضر (پارہ دوز)
مخدوم شاہ دولت منیری
مخدوم شاہ شرف الدین احمد منیری (بہار)
مخدوم شاہ شعیب ـــــ شیخپورہ
مخدوم شہاب الدین (پیر جگ جوت) جٹھلی
مخدوم شاہ یحییٰ (منیر)

(۳) علماء

مولانا ابراہیم ـــــ آرہ
مولانا احسن ـــــ گیلانی منطقی
مولانا شاہ بدرالدین ـــــ امیر شریعت
ملا بدھ حقانی (عہد شیر شاہ)
مولانا برکات احمد ٹونکی ـــــ میر نگر ضلع مونگیر
سید حسین بلگرامی، عماد الملک
مولانا رفیع الدین شکرانواں
ڈاکٹر زبیر صدیقی
ابوالمحاسن مولانا سجاد ـــــ نائب امیر شریعت
مولوی سراج الدین (استاذ شاہ عالم)
ملا سعید مونگیری (استاذ زیب النساء)
سید سلیمان ندوی ـــــ دسنہ
شاہ سلیمان ـــــ پھلواروی
سید سلیمان اشرف ـــــ ڈمراواں
مولانا شمس الحق ڈیانوی (مصنف عون المعبود شرح ابوداؤد)
مولانا حکیم ظہیر احسن شوق نیموی (مصنف آثار السنن شرح ابوداؤد)
مولوی عبدالغنی وارثی
مفتی عبداللہ ٹونکی ـــــ عظیم آبادی
مولانا عبدالوہاب منطقی
ملا غلام یحییٰ بہاری (صاحب حاشیہ میر زاہد رسالہ)
نواب سید غلام حسین ـ صاحب سیر المتاخرین
مولانا قادر بخش ـــــ سہسرام
سید شاہ کمال علی ـــــ مصنف کمالات الحکمۃ
ملا محب اللہ بہاری ـــــ صاحب سلم و مسلم ـــــ موضع کڑا
(من مضافات محب علی پور) ضلع گیا
شمس العلماء حافظ محب الحق عظیم آبادی
خان بہادر مولانا مبارک کریم ـــــ بہاری
مولانا محی الدین ـــــ تمنا عمادی
مولانا مناظر احسن ـــــ گیلانی
سید شاہ محی الدین ـــــ امیر شریعت دوم
ملا موہن (استاذ اورنگ زیب)
مولانا نجیب اشرف ـــــ دسنہ
مولانا سید نذیر حسین (عرف میاں صاحب۔ سورجگڈھ)

(۴) شعراء

حضرت اکبر الہ آبادی ــــ داؤد نگر۔ گیا

شمس العلماء نواب حکیم امداد امام اثر

مرزا احمد منشا

ملا احمد سلجوقی

حضرت جمیل مظہری

حضرت جوشش

پروفیسر عبدالمنان ــــ بیدل

ڈاکٹر سید عظیم الدین احمد عظیم

حضرت علی محمد ــــ شاد عظیم آبادی

مرزا عبدالقادر۔ بیدل

حضرت عشق

شیخ غلام علی۔ راسخ

حضرت فریاد (الفت حسین)

حضرت فرد پھلواروی

حضرت فضل حق آزاد

ڈاکٹر سید مبارک حسین مبارک

پروفیسر حافظ شمس الدین۔ شمس منیری

(۵) ارباب عدالت وسیاست

نواب سید امیر علی (بارھ)

سر سید امیر علی (پریوی کاؤنسلر، لندن)

سید حسن امام ــــ نیورا

خان بہادر خدا بخش خاں، صاحب کتب خانہ

بابو راجندر پرشاد ــــ صدر جمہوریہ ہند

سر سلطان احمد ــــ پالی

ڈاکٹر سچدانند ــــ سنہا (مرتب دستور جمہوریہ ہند)

جسٹس شرف الدین

مولانا شمس الہدیٰ ــــ پٹنہ

سر سید علی امام ــــ صدر اعظم حکومت حیدرآباد

سید عبدالعزیز ــــ صدر المہام حکومت حیدرآباد

مولوی عبدالکریم خاں ــــ سہسرامی (چیف جسٹس حیدرآباد دکن)

سر فخرالدین ــــ وزیر تعلیم

سر گنیش دت ــــ وزیر بہار

مولانا مظہر الحق بیرسٹر

مولانا نور الہدیٰ ــــ جج (پٹنہ)

(۶) اطباء

حکیم آغا علی ــــ مظفرپور

حکیم محمد ادریس ــــ پرنسپل طبیہ کالج، پٹنہ

حکیم بڑے صاحب ــــ گیا

حکیم جواد علی ــــ پٹنہ

حکیم محمد حسن (بن حافظ پیر محمد) کھگول

حکیم محمد حاجی ــــ مظفرپور

حکیم محمد داؤد ــــ پھلواری

حکیم ضیاء الحسن (بن حکیم مہدی حسن) گیا

حکیم عبدالحمید صادق پوری — خواجہ کلاں۔ پٹنہ
حکیم عبدالحمید — پٹنہ
حکیم عبدالحکیم — پٹنہ
حکیم شاہ عظیم الدین — آرہ
حکیم عنایت کریم — گیا
حکیم غلام جیلانی — پھلواری
حکیم غلام صمدانی — پھلواری
حکیم محمد فصیح اللہ — پھلواری
حکیم شاہ کفیل — آرہ
حکیم گلزار علی — پٹنہ
حکیم لطف حسین — باغ پاتو، پٹنہ
حکیم شاہ محبوب عالم (حکیم باسو پھلواری)
حکیم محی الدین (حکیم نجو) پھلواری
حکیم مرشد حسن — مائل — دربھنگہ
حکیم مسیح اللہ — پھلواری

حکیم منجھلے صاحب — گیا
حکیم مہدی حسن — گیا
حکیم محمد نصیر — پچی گوریا — پٹنہ
حکیم نصیر الحق — رمنہ، پٹنہ
حکیم نعمۃ اللہ — پھلواری
حکیم نوازش علی — مظفر پور
حکیم واعظ اللہ — پھلواری
حکیم ولایت حسین منیری — دربھنگہ

موجودہ دور کے پرانے اطباء

حکیم محمد شعیب — پھلواری
حکیم محمد صالح — صدر انجمن طبیہ، پٹنہ
حکیم عبدالخبیر صادق پوری — پٹنہ
حکیم عبدالشکور — پٹنہ
حکیم حافظ عبدالقیوم — پٹنہ
شفاء الملک حکیم مظاہر احمد — پٹنہ

آخر میں دو بھولے ہوئے نام یاد آئے۔ شیر شاہ سوری (سہسرام) — گرو گوبند سنگھ (پٹنہ)۔

اور بھی معلوم — بقول مولوی سید عبدالرحیم صاحب بہاری — سپرنٹنڈنٹ عدالت عالیہ حیدرآباد — کتنے نام رہ گئے ہوں گے، جس کے لیے ادب سے معافی چاہنے کے سوا ہم کیا کر سکتے ہیں۔

اولاد احمد صدیقی

جواہر لال نہرو

مولانا ابوالکلام آزاد کے مقابلہ میں پنڈت جواہر لال نہرو کی شخصیت ایک دلچسپ تقابلی انداز لیے ہوئے ہے۔ نہرو کے گھر کا ماحول رئیسانہ تھا۔ ان کے والد پنڈت موتی لال نہرو اپنے زمانہ کے چوٹی کے وکیل اور الہ آباد کی ایک بااثر اور ممتاز شخصیت تھے۔ پنڈت موتی لال نہرو کی تعلیم و تربیت ہندستان کے مخلوط گنگا۔ جمنی ہندو مسلم کلچر میں ہوئی تھی۔ انہوں نے اردو کے ساتھ فارسی بھی پڑھی تھی۔ روایت ہے کہ وہ جیل میں صبح کو دیوان حافظ کی تلاوت کرتے تھے۔ کشمیری پنڈتوں کے وہ خاندان جو اٹھارویں اور انیسویں صدی میں وادی کشمیر سے ہجرت کرکے پنجاب اور یو۔ پی میں آباد ہو گئے تھے، اپنے ساتھ فارسی اور اردو کی روایات لائے تھے۔ جس کی ایک وجہ یہ تھی کہ یہ دونوں زبانیں اس زمانہ میں سرکاری یا عدالتی زبانیں تھیں۔ جواہر لال نے ایک ایسے ماحول میں آنکھ کھولی جو مشترکہ تہذیبی میراث کا ممتاز نمائندہ تھا۔ انگریزی تعلیم نے اور بالخصوص انگلستان کے دوران قیام نے انہیں بیسویں صدی کے تمام غالب رجحانات سے آشنا کرایا، جس کا اثر ان کی زندگی کے ہر پہلو پر تلاش کیا جا سکتا ہے۔ "دراصل ان میں اس دلفریب تہذیب کی وضع داری کا اثر نمایاں تھا جو انگریزی نفاست، ہندو لطافت اور مسلمان شرافت کے دھاگوں سے بنی تھی"[1]۔ شخصیت کے یہ غالب عناصر ہندستان کی فرقہ وارانہ آندھی، عبوری حکومت کے دوران ارکان کابینہ کے مناقشات، اور بعد از تقسیم ہند پیش آنے والے واقعات اور تند و تلخ اور تیز حادثات کے رونما ہونے کے باوجود، ماند نہیں پڑ سکے۔ آزاد ہندستان میں بقول گوپال کے "وہ بحیثیت وزیر اعظم کے جو کچھ ہندستان میں پیش آ رہا ہو، اس کی مکمل ذمہ داری کا احساس رکھتے تھے، اور ذمہ داری کے اس بار کو اعتماد اور عقیدتمندی کے ساتھ قبول کرتے تھے"[2]۔

یورپ سے واپسی کے بعد کافی دنوں تک جواہر لال کی سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ کیا پیشہ اختیار کریں۔ ان کے والد سول سروس یا قانون کا پیشہ اختیار کرنے کے حق میں تھے، مگر جواہر لال کو ان سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ یورپ کی تعلیم انہوں نے سائنس کے مضامین لیکر مکمل کی تھی، مگر سائنس کو بحیثیت پیشہ اختیار کرنے میں انہیں تامل رہا۔

جیل کی گرفتاری کے دور میں انہوں نے سائنس سے متعلق کتابوں کا مطالعہ جاری رکھا، اور اسی کے ساتھ ساتھ دیگر عمرانی علوم کا بھی گہرا مطالعہ کیا۔ "دنیا کی تاریخ میں جھلکیاں"۔ ان کی تاریخ اور تمدن کے مطالعہ کی شاہد ہے۔ نیویارک ٹائمس نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا۔ "یہ سب سے زیادہ قابل ذکر کتاب ہے کبھی لکھی گئی۔ ہر چیز تقریباً فی البدیہ ہے۔ اس کے باوجود اس میں ایک ربط ہے، ایک ترتیب ہے جو مغرب کے رہنے والوں کو متحیر کردیتا ہے۔ نہرو نے ایچ۔ جی۔ ویلز کو نمایاں طور پر تنگ نظر ثابت کردیا ہے۔ ہم نہرو کے کلچر کی وسعت سے مرعوب ہو جاتے ہیں۔"

نہرو کے لیے خیالات کی دنیا ایک کبھی ختم نہ ہونے والی دلچسپی کی حیثیت رکھتی تھی۔ مشہور دانشور جان کینتھ گالبرتھ نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ "نہرو مجھے ایک پر اشتیاق اور تجسس والے انسان محسوس ہوئے، جو خیالات کے تمام سلسلوں کی دریافت کرنا چاہتا ہے اور جو راسخ العقیدہ فکر کا پابند نہیں ہے۔"

نہرو نے بالآخر سیاست کے میدان میں قدم رکھنا کیوں پسند کیا؟ کیا انہیں اس کا احساس تھا کہ وہ علمی دنیا میں کوئی قابل قدر کارنامہ وجود میں نہیں لاسکیں گے؟ کیا بعد از اول جنگ عظیم ملک میں عام سیاسی بے چینی اور بالخصوص جلیان والا باغ کے حادثہ کے بعد کے حالات میں انہیں اپنے ہی ملک کو غلامی سے آزاد کرانے کا وسیلہ نظر آیا؟ ان کی تحریرات بالخصوص دنیا کی تاریخ کی جھلکیاں، خود نوشت سوانح عمری، تلاش ہند، انہیں ایک دانشور اور ادیب کے پیرایہ میں پیش کرتی ہیں، اور ایک ایسے حساس ذہن کا پتہ دیتی ہیں جو غربت، جہالت، محکومی اور تسلط کا شدید احساس رکھتا ہے، اور ان کے خلاف جدوجہد میں اپنی زندگی صرف کردینا چاہتا تھا۔ ۱۹۳۶ء میں جب نہرو کی خود نوشت سوانح عمری شائع ہوئی تو اپنے ایک خط میں چارلس ٹریویلین نے لکھا۔ "میں نے تمہاری کتاب پڑھی، میں اس شخص سے ملنے کی خواہش رکھتا ہوں جس کو کہ یہ کتاب ظاہر کرتی ہے۔ تم اور میں دونوں نے ہیرو میں تعلیم شروع کی جہاں ہم کو محروموں کا حمایتی بننا سکھایا نہیں گیا تھا۔ لیکن تمہیں عوام پر ظلم اور غربت نے اور مجھے لڑائی اور گندی بستیوں نے یہ سکھا دیا۔ ہم یکساں طور پر سوچتے ہیں۔"

بالآخر انہوں نے سیاست کے میدان میں اپنی جگہ دریافت کی اور اس خار زار میں پوری جرأت سے کود پڑے۔

جواہر لال کی شخصیت کے کئی رخ ہماری توجہ اپنی طرف منعطف کراتے ہیں۔ اپنے شفیق اور پر اثر شخصیت کے مالک باپ کے اثرات ان کی پوری زندگی پر چھائے رہے۔ بعد کو یہی اثر انہوں نے گاندھی جی سے قبول کیا۔ وہ ہر اس شخص سے متاثر ہو جاتے تھے جو ایک مضبوط قوت ارادی رکھتا ہو، میدان عمل کا انسان ہو اور فیصلہ

کن اقدام لینے کی جرأت رکھتا ہو۔ آزاد سے تعلقات کی نوعیت میں بھی ہمیں اس کی جھلک صاف نظر آتی ہے۔ سیاسی میدان میں سیاسی اور مذہبی دونوں سطحوں پر ان کے گاندھی جی سے اختلاف پیدا ہوئے۔ لیکن انہوں نے گاندھی جی کے ہر فیصلہ پر سر تسلیم خم کیا۔ جیل ڈائری کا یہ اندراج ملاحظہ ہو۔ "اپنی تمام عظیم صفات کے باوجود انہوں نے اپنے آپ کو ایک کم تر اور ایک کمزور لیڈر ثابت کیا ہے، غیر یقینی اور اکثر اپنی رائے کو بدلنے والے۔ جب سے لڑائی شروع ہوئی ہے، گذشتہ چار سالوں میں انہوں نے کتنی مرتبہ اپنے آپ کو بدلا ہے؛ یہ سب بہت افسوسناک ہے ایک عظیم آدمی کا رو بہ زوال ہونا۔ عظمت بہت سی وجوہات کی بنا پر برقرار رہتی ہے، لیکن دانائی اور صحیح کام کرنے کی وجدانی صلاحیت اب نظر نہیں آتی۔"[۳۸] شخصیت کا یہ رخ صاف ظاہر کرتا ہے کہ ایک مضبوط قوت ارادی کے مالک شخص کے مقابلے میں وہ اپنے بہترین فیصلے میں ترمیم کر سکتے تھے۔ ایسی شخصیت ان کے لیے بے پناہ کشش رکھتی تھی جس سے اختلاف تو کیا جا سکتا تھا مگر جس سے رشتہ منقطع کرنا ناممکن تھا۔ اسی طرح وہ گاندھی جی کی حد سے زیادہ بڑھی ہوئی مذہبیت کے خلاف تھے جبکہ ان کا اپنا مزاج لامذہبیت کی طرف مائل تھا۔

شخصیت کا دوسرا دلچسپ رُخ خود ان کی اپنی تلاش کی کوشش ہے۔ یہ کوشش ہے اپنی جڑوں کو دریافت کرنے کی، اور اپنے ماحول اور اپنے اوپر اثرات کا تجزیہ کرنے کی۔ چنانچہ تلاش ان کا محبوب لفظ ہے، چاہے وہ ہندستان کی ہو، یا تحریک آزادی سمت کی یا خود اپنی شخصیت کی۔ تلاش اور مسلسل تلاش کے عمل کو جاری رکھنے کی کوشش ایک ایسے ذہن کا پتہ دیتی ہے جس نے مکمل آزادی کے ساتھ ہر سمت سے چلنے والی ہواؤں کے پُرزور تھپیڑوں کو اپنے اوپر محسوس کرنے دیا ہے۔ خیالات کی دنیا میں مسلسل سفر ایک ایسی شخصیت کا پتہ دیتا ہے جس کے بارے میں دو قسم کی متضاد رائیں مرتب کی جا سکتی ہیں۔ ایک یہ کہ انسان تکمیل آرزو کی خواہش کے تحت تنوع اور وسیع دنیا میں سفر کر کے آگہی حاصل کرے۔ دوسرا یہ کہ اسے اپنے مقصد کے بارے میں کوئی واضح علم نہ ہو اور ہر راہرو کے ساتھ تھوڑی دور اس لیے چلے کہ معتبر راہبر سے اس کی واقفیت نہیں ہے۔ ان کے سوانح نگار گوپال کی یہ رائے قابل غور ہے۔ "نہرو کسی عمیق یا طبع زاد خیال سوچنے کے قابل نہیں تھے۔ اور وہ خود اس سے واقف تھے۔ وہ دراصل ایک معمولی ذہن کے مالک تھے، جس کی پرورش اصول پرستی اور جذبے سے مل کر ہوئی تھی۔ اور جسے غور و فکر سے تقویت ملی تھی۔ اس کا نتیجہ ایک لگاتار اور اکثر بد وضع فکر کی شکل میں رونما ہوتا تھا۔ وہ فکر جو ایک مخترع اور مختلف الجہات جہاد کی کوشش میں لگی ہوئی تھی، اور جس کی جڑیں ہندستان کے لیے خاص طور پر موزوں حریت پسند اصول میں پیوست تھیں۔"[۳۹] سوچنے اور عمل کا یہ انداز انہیں

اکثر اپنے معاصرین کا ہدف ملامت بننے کا باعث ہوا ہے۔ آزاد نے جگہ جگہ بیان کیا ہے کہ نہرو کی اصول پرستی ایک نظریاتی اصول پرستی تھی جو سیاسی دنیا میں پیش آنے والے واقعات کی تعبیر میں اکثر دھوکا کھا جاتی ہے۔ اس سے بھی زیادہ خراب رائے سردار پٹیل کی تھی۔ "بچوں کی سی معصومیت کے ساتھ جو ہم کو غیر متوقع طور پر بہت سی مشکلات میں مبتلا کر دیتی ہے۔ افعال جذباتی دیوانگی کے تحت سرزد ہوتے ہیں۔ اور یہ ہم پر معاملات سدھارنے کے لیے بہت زیادہ بار ڈال دیتی ہے، ان کا دماغ زیادہ کام کرنے کی وجہ اور اس کے بوجھ سے خالی ہو گیا ہے۔ وہ تنہا محسوس کرتے ہیں اور جذبات کے دباؤ میں عمل کرتے ہیں، اور ہمیں ان کے پیدا کردہ حالات میں انہیں برداشت کرنا پڑتا ہے"۔

جواہر لال کی شخصیت کا تیسرا اور چوتھا اہم رخ ان کی مکمل غیر فرقہ وارانہ فکر اور معاشی ترقی کا ایک مربوط اور منظم خاکہ ہے۔ ان کی شخصیت کی یہ دونوں جہتیں آزادی سے قبل ہی واضح ہو چکی تھیں۔ سیاسی سطح پر انہوں نے جمہوری طرز پر پارلیمانی نظام حکومت کو فروغ دیا اور بین اقوامی سطح پر "ناوابستگی" کے تصور کو قابل احترام بنایا۔ لیکن دراصل اُن کی غیر فرقہ وارانہ اور معاشی فکر ان کی عظمت کو استقامت بخشتی ہے اور ان کے کارناموں کو ہندستان میں ہر آئندہ آنے والی نسل کے لیے مشعل ہدایت کا کام دیتا ہے۔

فرقہ وارانہ مسئلہ اور ہندو مسلم تعلقات کی نوعیت

فرقہ وارانہ مسئلہ پر نہرو کے خیالات سب سے زیادہ ہماری دلچسپی کا باعث بنے۔ یہ عالمی ذہن جو تمام جدید تحریکات سے واقف اور فطرتاً خلیق، متواضع اور وسیع القلب انسان تھا، کانگریس کی بڑی لائق فائق اکابرین کی صف میں بھی تنہا اور ممتاز نظر آتا ہے۔ وہ آزاد کی طرح ہر قسم کی منقسم فکر کے مخالف تھے۔ جس نظر سے وہ فرقہ وارانہ مسئلہ کو دیکھتے تھے، ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ ان کے خیالات جو قبل از آزادی تھے وہی بعد از آزادی برقرار رہے۔ اور یہی چیز ان کے خیالات کو عزت اور احترام کا مستحق ٹھہراتی ہے۔ نہرو نے اپنے خیالات کو بہت سی جگہوں پر واضح کیا ہے۔ ہم اُسے ایک منظم اور مربوط فکر کی حیثیت سے اس کے علحدہ علحدہ عناصر کو مندرجہ ذیل نکات کی شکل میں پیش کریں گے۔

۱۔ اصل کشمکش جاگیردارانہ طریقۂ فکر اور جدید رجحانات و میلانات میں ہے، ہندو اور مسلم درمیانی طبقہ کے نمودار ہونے میں ایک سے زیادہ نسل کا فرق ہے۔ معاشی پسماندگی کی اصل وجہ جس نے مسلمانوں میں رجعت پسند عناصر کو غالب ہونے میں مدد دی وہ ان کی معاشی پسماندگی ہے۔ معاشی مسائل ہندو

اور مسلم عوام کے لیے یکساں ہیں یعنی، بیروزگاری، غربت، جہالت اور حفظان صحت کے پست معیار[۸]۔

۲۔۔۔۔۔ مسلمانوں نے ہندستان کی تمام مشترکہ وراثت کو تسلیم نہیں کیا ہے، جس کو وجود میں لانے کے لیے خود ان کا اپنا ہاتھ رہا ہے۔ اس کے برخلاف انہوں نے مشترکہ وراثت سے منھ موڑ کر اپنی جڑوں کی تلاش اسلامی تاریخ کے ان ادوار میں کی ہے جو بڑے خلاق اور فاتحانہ انداز لیے ہوئے ہیں[۹]۔

۳۔۔۔۔۔ ہندستان کی قوم پرستی پر ہندوؤں کا غلبہ تھا، اور اس کی شکل ہندوانہ تھی۔ ہندو اصلاحی تحریکات کے پس منظر کو مسلمانوں نے صحیح نہیں سمجھا۔ ہندو مذہب میں اصلاحی تحریکات دراصل قومیت کے جذبہ کے ابھار کے ساتھ ابھری تھیں۔ یہ ہندوؤں کے احساس ذلت اور افسردگی کو دور کرنے کی کوششیں تھیں۔ اس نے مسلم ذہن میں کشمکش پیدا کی۔ اس سے نبرد آزما ہونے کی ایک صورت یہ تھی کہ اس ابھرتی ہوئی قومیت کا رخ تحریک آزادی میں شامل ہو کر اپنی طرف موڑنے کی کوشش کی جاتی جو چند مسلمانوں نے کی۔ دوسری صورت جو عام طور پر اپنائی گئی وہ اس قومیت سے علحدہ سمت میں چلنے کی راہ کو ہموار کرنا تھا۔ جس کی راہ اقبال کی شاعرانہ اور فلسفیانہ نقطۂ نظر نے دکھائی تھی[۱۰]۔

۴۔۔۔۔۔ تقسیم ہند مسلمانوں کی پستی کی اصلاح کی کوئی صورت پیدا نہیں کرتی۔ البتہ یہ ضرور ظاہر کرتی ہے کہ برطانوی دور کے شروع ہونے کے ساتھ مسلمانوں میں صحت مند قیادت کا فقدان نظر آتا ہے۔ مسلمان اپنے درمیان عظیم انسانوں کو پیدا کرنے میں بدقسمت ہیں، اس لیے رجعت پسند عناصر کو ان پر غلبہ حاصل کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔ یہ بات بھی سمجھ میں نہیں آتی کہ اتنی بڑی اقلیت جتنی کہ مسلمانوں کی ہے کس طرح اکثریت سے خوف زدہ ہو سکتی ہے، اور کس طرح اکثریت اقلیتی مفاد کو نظر انداز کر کے ترقی کر سکتی ہے[۱۱]۔

اگر ہم اس نکتہ کو ملحوظ رکھیں کہ مندرجہ بالا خیالات ہندستان کے سب سے بڑے غیر فرقہ وارانہ لیڈر اور دانشور کے ہیں تو مسئلہ کی تہ تک پہنچ جانا آسان ہو جاتا ہے۔ نہرو معاشی پس ماندگی کو جو ملک میں عام طور پر اور مسلمانوں میں خاص طور پر پائی جاتی ہے، مسلمانوں کی احساس محرومی کا سب سے بڑا محرک سمجھتے تھے۔ اس کے بعد انہیں یہ احساس تھا کہ اگرچہ ہندوؤں کی اصلاحی تحریکات، اور خود جنگ آزادی کے مظاہر ہندو طرز اختیار کیے ہوئے تھے، مگر ایک طرف تو مشترکہ اور مخلوط کلچر کے تقاضے، اور دوسری طرف یکساں محکومانہ زندگی کو بدلنے کے لیے جد و جہد کے مطالبے یہ تھے کہ مسلمان مشترکہ قومی آزادی کی جنگ میں پوری طرح بغیر ذہنی تحفظات کے شامل ہوں اور اسے اپنی سمت میں موڑنے کی کوشش کریں۔ مسلمانوں میں چونکہ جاگیردارانہ خیالات رائج تھے

س لیے وہ جدید صنعتی دور کے تقاضوں سے بے خبر تھے، اور اس لیے وہ اپنے احساس جزوی کو اپنا انفرادی تشخص
قرار رکھنے کے مترادف سمجھنے لگے تھے۔ ہندوؤں میں ایک طبقہ جارحانہ فرقہ واریت کا حامی تھا۔ نہرو نے اس کی
ی مخالفت کی، اور مسلمانوں سے معاملات میں نرمی اور رواداری برتنے پر زور دیا۔ مسلمانوں کے جائز مطالبات
ئینی شکل دینے کا مطالبہ کیا۔ آزاد نے ایک جگہ لکھا ہے کہ اگر نہرو جیسے ہندو موجود ہیں جن سے مفاہمت کی راہ
مانی سے ہموار ہو سکتی ہے تو مسلمانوں کو ہندستان میں کسی خطرہ کا احساس تک نہیں ہونا چاہیے۔

آزادی کے بعد ملک کی پچاسی فیصد کے قریب آبادی، تیرہ فیصد کے قریب مسلمان اور بقیہ دیگر اقلیتیں
تھیں۔ پاکستان کی طرح ہندستان میں ایک ہندو راج آسانی کے ساتھ مشتہر کیا جا سکتا تھا، مگر اقلیتوں بالخصوص
سلمانوں کو آزاد ہندستان میں مطمئن کرنے کے لیے ایک غیر مذہبی سیکولر ریاست کے قیام کا اعلان کیا گیا۔ یہ مسئلہ
ج تک زیر بحث ہے کہ آیا ایک ہندو راج کے اعلان کے بعد ہندستان میں مسلمان اور دیگر اقلیتوں کو زیادہ
ہولتیں میسر ہوئیں جتنی کہ آج سیکولر نظام میں ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ سیکولر اصولوں کی ہر جگہ پاسداری نہیں ہو رہی ہے۔
سادات کی گھناؤنی شکل اکثر دکھاتی رہتی ہے۔ نفرت اور تفریق کا جو سیلاب تقسیم کے بعد امنڈا تھا، اس میں
ب بھی کبھی کبھی اور کہیں کہیں شدّت نظر آتی ہے۔ اس کے باوجود حکومت نے اپنا موقف نہیں بدلا ہے۔ ملک
ے عوام اور دانشور اب بھی کثرت میں وحدت کے قائل ہیں۔ ملک کی فضا میں ایک تبدیلی کا احساس ہوتا ہے۔
رقہ وارانہ منافرت آسانی سے دور ہو جانے والی چیز نہیں، مگر اس کی شدت میں کمی کرنے کے لیے اور اس پر
ابو پانے کے لیے سرکاری، نیم سرکاری اور عوامی سطحوں پر کوششیں ہونے لگی ہیں۔ اقلیتوں کی فوج، پولس،
ول سروس میں نمائندگی کی اہمیت پر زور دیا جانے لگا ہے۔ اور ان کو حکومت کے شعبہ جات میں زیادہ تعداد
یں شامل کرنے کی خواہش کا برملا اظہار ہونے لگا ہے۔ ہندستان کے مسلمان ایک سیکولر نظام حکومت کے قیام
سے فکر کی سطح پر مکمل ہم آہنگی محسوس کرتے ہیں، اور ریاست کی ترقی اور اس کے تحت اداروں میں شمولیت اور
ن کو اپنے طور پر ڈھالنے کی کوشش ان کی روزمرّہ زندگی کا لازمی جز بن گئی ہے۔ مسلمانوں کا ایک بڑا طبقہ تقسیم کے
یدا کردہ مسائل کا تجزیہ کر کے اپنی تنگ آبنائے سے نکل کر بحر بیکراں میں شامل ہونے میں کوئی خطرہ محسوس نہیں کرتا۔
ہنی تحفظات اگرچہ ختم نہیں ہوئے ہیں، مگر جدید تعلیم اور تکنیکی مہارت نے سو دروازے کھول دیے ہیں جو ایک
ابناک مستقبل کی بشارت دیتے ہیں۔ یہ بات اب ہندستان کے وسیلہ سے دیگر ترقی پذیر ممالک تک پہنچ
ہی ہے کہ مختلف مذاہب، زبانیں اور خطوں پر مشتمل سوسائٹی میں ہر مفاد کا تحفظ ایک سیکولر نظام ہی میں ہو سکتا ہے۔

نہرو نے سیکولر ریاست کا ڈھانچہ قائم کرکے ہندستان کے ہر شہری کے لیے اخلاقی، قانونی اور دستوری جواز مہیا کر دیا ہے۔ اور ان میں نابرابری کے تصور یا دوسرے درجہ کی شہریت کے خیال کو فروغ پانے سے یکسر روک دیا ہے۔ یہ نہرو کی دور اندیشی تھی اور ایک ایسے ہندستان کی تشکیل کی کوشش تھی جو کثرت میں وحدت کی تلاش اور وحدت میں کثرت کی شمولیت اور برابری کی حصہ داری پر مبنی تھی۔ سوال یہ نہیں ہے کہ نہرو نے آزاد ہندستان کے سارے مسائل من جملہ فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل تلاش کر لیا تھا۔ بلکہ سوال دراصل یہ ہے کہ کیا انفرادی مسائل چاہے وہ کسی نہج اور طرز کے ہوں، ان کا جواب دستور ہند اور حکومت کی واضع کی گئی پالیسیوں میں نہیں مل جاتا ہے؟ اس ضمن میں نہرو کا خیال آتا ہے تو یہ شعر ذہن پر دستک دینے لگتا ہے۔ ؎

دلوں میں ولولے آفاق گیری کے نہیں اٹھتے   نگاہوں میں اگر پیدا نہ ہوں انداز آفاقی

نہرو نے فرقہ وارانہ ذہنیت کے فروغ کی بہت بڑی وجہ معاشی پس ماندگی اور ملک کے اندر غیر مساویانہ تقسیم دولت کو قرار دیا ہے۔ اس لیے ان کی فکر کے معاشی عناصر کا تجزیہ ان کی فکر کے احساسی پہلو کو نمایاں کرتا ہے۔ نہرو نے معاشی پس ماندگی پر قابو پانے کے لیے منصوبہ بند معیشت کو فروغ دیا۔ نہرو کا معاشی تفکر مغربی نظریات کے گہرے مطالعہ اور ہندستان کے مخصوص حالات کے تجزیہ کا امتزاج ہے۔ اگر ہم ان کی "دنیا کی تاریخ میں جھلکیاں" دیکھیں تو اس میں صراحت کے ساتھ معاشی مفکرین اور معاشی تحریکات کا ذکر جا بجا ملے گا۔ اس میں صنعتی انقلاب اور ممتاز معاشی مفکر ایڈم اسمتھ کا تذکرہ ہمیں اپنی طرف خاص طور سے متوجہ کرتا ہے۔ ہندستان کی پسماندگی کو دور کرنے کا طریقہ انھیں منصوبہ بند معیشت کی ترقی میں نظر آیا۔ اگر یہ بات ذہن میں رکھی جائے کہ جنگ آزادی کے ممتاز لیڈروں کو صرف سامنے کی چیز یعنی حصول آزادی میں جنگ آزادی کا سب سے بڑا مقصد نظر آتا تھا تو نہرو کا بعد از آزادی خواب کو عملی جامہ پہنانے کا خاکہ ہمیں حیرت میں ڈال دیتا ہے۔ "تلاش ہند" میں اسی معاشی نظام کا خاکہ پیش کیا گیا ہے جو بعد از آزادی ملک میں نافذ کیے جانے کی تجویز کہا جا سکتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے شروع ہونے سے کچھ عرصہ پہلے کانگریس نے نہرو کی تحریک پر ایک قومی معاشی پلاننگ کمیٹی کی تشکیل کی تھی۔ اس کمیٹی کی اہم تجاویز جنھیں نہرو نے تلاش ہند میں واضع کیا ہے یہ تھیں۔ ہندستان میں صنعتی ترقی کو فروغ دیا جائے گا جو بنیادی اور کلیدی صنعتوں کو ترقی کے ذریعہ بروئے کار آئے گا۔ یہ صنعتیں سرکاری دائرہ میں ہوں گی۔ اس لیے کہ یہ وہ بنیادی مواد دوسری صنعتوں کو فراہم کریں گی جو ان کی ترقی کے لیے ضروری ہیں۔ اگرچہ شخصی صنعت کاری ممنوع نہیں قرار دی جائے گی۔ تاہم اس پر کنٹرول ہوگا۔ امداد باہمی کا اصول زراعت میں

اپنایا جائے گا۔ مالی وسائل قومی مالی ادارے فراہم کریں گے، تاکہ ترجیحی صنعتیں مالی وسائل کی کمی کا شکار نہ ہونے پائیں۔ نہرو نے لکھا ہے کہ ہندستان کو تین چیزوں پر توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ بھاری انجنیرنگ اور مشین بنانے کی صنعتوں کی ترقی، سائنسی ریسرچ اداروں کا قیام اور بجلی کی طاقت کی فراہمی۔

آزادی کے بعد نہرو نے اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنایا۔ ایک پلاننگ کمیشن کی تشکیل کی گئی جس کی صدارت خود وزیراعظم نے قبول کی۔ اس نے ایک جامع اور مربوط منصوبہ ملک کی معیشت کے مختلف حصوں کے لیے مرتب کیا۔ سرکاری اور شخصی دائروں نے، شخصی صنعت کاری کے فروغ میں حصہ لیا، اور ہندستان ایک قلیل مدت میں بیشتر اہم اشیاء کے حصول میں خودکفیل ہوگیا۔ افسوس ہے نہرو کا قومی ترقی کا خواب جو ملک کے ہر طبقہ اور ہر فرقہ کی شمولیت پر مبنی تھا، ان کے جانشینوں کی بے بصیرتی کی کمی کی وجہ سے پورا نہیں ہوسکا۔ معاشی ترقی اور قومی آمدنیوں میں اضافہ کی رفتار غیر یقینی ہوگئی۔ بیروزگاری اور غربت میں آبادی میں اضافہ کے ساتھ اضافہ ہوا۔ اور ترقی کے وہ محرکات ماند پڑنے لگے جو نہرو کی شخصیت کے نمایاں مظاہر تھے۔ ملک جو مختلف قسم کے بحران سے دوچار ہے اس کا سبب بھی مندرجہ بالا بیان میں تلاش کرنا چاہیے۔ ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ نہرو کا معاشی تفکر ہندستان کے بنیادی مسائل یعنی فرقہ وارانہ ذہنیت، غربت، بیروزگاری، جہالت اور حفظانِ صحت کے فقدان کے ازالہ اور ان پر بتدریج قابو پانے کے بہت قریب تھا۔ ہم جو آج ملک میں بڑھتی ہوئی خوداعتمادی چاروں طرف دیکھ رہے ہیں، اس کی تہہ میں ایک وسیع اور متنوع معیشت ہے جس کی بنیاد نہرو نے رکھی تھی۔

تقابلی مطالعہ

تقابلی مطالعہ کے ضمن میں ہم نے دو سوال اپنے سامنے رکھے ہیں۔ ان کے جواب کی کوشش آئندہ سطور میں کی گئی ہے۔ یہ سوال ہیں (۱) دونوں کی دوستی اور تعلقات کی نوعیت اور (۲) انکے اثرات کا تجزیہ۔

دوستانہ تعلقات کی نوعیت

یہ دو شخصیتیں دوستی کے تعلقات کو برقرار رکھنے کی کوشش، دوستوں کے انتخاب اور ذوق و شوق کے لحاظ سے ایک دوسرے کی ضد واقع ہوئی تھیں۔ پھر ان میں کون سی چیز مشترک تھی جو باہم یگانگت اور گہرے تعلقات کی بنیاد بنی۔ یہ دوستی پہلی جنگ عظیم کے بعد شروع ہوئی اور آزاد کے انتقال کے وقت تک

برقرار اور مستحکم رہی۔ اس درمیان آپس میں سیاسی معاملات پر اختلاف بھی ہوا۔ لیکن تعلقات پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ مسلم لیگ کی مقبولیت کے ساتھ آزاد کی حیثیت بہت سے کانگریس کے رفقا کی نظر میں کم ہوگی۔ مگر گاندھی جی اور نہرو نے ان حالات سے کوئی خاص اثر نہیں لیا۔ آزاد اپنی اصابت رائے، بلند کردار اور انصاف پسندانہ نقطۂ نظر کی وجہ سے ہمیشہ ایک قابل احترام شخصیت تصور کیے گئے۔ لیکن حالات پر اثر انداز ہونے کی قدرت فطری طور پر کم ہوگئی۔ ہمیں یہ مناسب طریقہ کار نظر آیا ہے کہ دونوں کی دوستی اور تعلقات کی نوعیت ایک دوسرے کے بارے میں رائے سے متعین کی جائے۔

نہرو کی آزاد کے بارے میں خیالات

۱۔ وہ ایک محیر العقول حافظہ کے مالک ہیں۔ ان کی معلومات بہت سے موضوعات پر قاموسی ہیں۔ وہ بہت سے جدید رجحانات سے واقف ہیں۔ ڈھیری کتابوں کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود وہ اٹھارویں صدی کے عقلیت پسند ہیں۔[۱۱]

۲۔ یہ بڑی افسوسناک بات ہے کہ اتنے زیادہ علم کے باوجود، اور ایک غیر معمولی رسا ذہن اور طاقتور اسلوب کے مالک ہونے کے باوجود، انہوں نے اتنا کم لکھا جب کہ تیسرے درجے کے لوگ دسویں درجہ کے دسویں درجہ کے معیار کی مسلسل کتابیں لکھتے رہتے ہیں۔[۱۲]

۳۔ وہ اور میں بعض لحاظ سے ــــ نقطۂ نظر اور زندگی کو دیکھنے کا طریقہ ــــ قطبین کی مانند ہیں۔ لیکن اس کے باوجود میں ان کے ساتھ اچھا وقت گذار لیتا ہوں۔ اور ایسے بہت کم اشخاص ہیں جن کی رائے اور مشورہ کو ہی نجی اور عوامی معاملات اہمیت دیتا ہوں۔

۴۔ ان میں کوئی عظیم شے پنہاں ہے۔ دونوں حیثیتوں سے یعنی بحیثیت اسکالر اور بحیثیت عملی انسان کے۔ لیکن اس کے باوجود ان میں کوئی کمی ہے، جو انہیں وافر برگ و بار لانے سے روکتی ہے۔[۱۴]

۵۔ یہ والہانہ پن ہے جس کی ان میں کمی ہے۔ وہ بہت دانشورانہ ہیں، بہت مہذب کہ جذبات کی رو میں بہہ جائیں۔ زندگی ایک کم تر حقیقت ہے بغیر والہانہ پن کے۔[۱۵]

۶۔ کبھی کبھی مجھے جھنجھلاہٹ آجاتی ہے ان کی کچھ عادتوں اور طریقوں پر۔ وہ بعض معمولی معاملات میں بہت سخت ہیں، جیسے کھانے کے اوقات کے بارے میں وقت کی سختی سے پابندی۔ وہ ایک منضبط چکر میں مبتلا رہتے ہیں، وہ ایک مبلغ کی طرح گفتگو کرتے ہیں جیسے کہ مذہبی وعظ دے

رہے ہوں، بڑے مسائل کے بارے میں نہیں بلکہ چھوٹے مسائل کے بارے میں انکی آواز اکثر اونچی ہوتی ہے۔[۱۶]

ہم نے اوپر دیئے ہوئے اقتباسات اس لیے پیش کیے ہیں کہ آزاد کے بارے میں نہرو کی رائے اچھی طرح سے صاف ہو جائے۔ نہرو آزاد کا احترام کرتے ہیں، ان کی رائے کی قدر کرتے ہیں۔ جو جذبات کو قابو رکھتے ہیں۔ آزاد سے قربت محسوس کرنے کی ایک بڑی وجہ خود نہرو کی پرکشش اور معصومانہ شخصیت تھی۔ ان میں آمرانہ لہر کے باوجود دوستی نبھانے کی بڑی صلاحیت تھی۔ شیخ عبداللہ جو نہرو کے زخم خوردہ تھے، نہرو کے بارے میں لکھتے ہیں ۔

"جواہرلال نے سیاسی سطح پر میرے تئیں جو بھی رویہ اپنایا ہو، ذاتی سطح پر اپنی نیک سرشتی قائم رکھے رہے۔ انہوں نے میرے بال بچوں کے متعلق ایک بہت ہی شریف طرز عمل اپنایا، اور ان کی تعلیم و تربیت میں دلچسپی لیتے رہے ہیں"[۱۷] "وہ دوست نوازی میں مبالغہ کی حد تک بھی جا سکتے تھے"[۱۸] "انہیں بہت جلد غصہ آجاتا" لیکن بہت جلد نرم بھی پڑ جاتے اور پھر اسی مشفقانہ ادا کے ساتھ اس کی تلافی کر دیتے کہ دل میں خواہش ہوتی کہ وہ بار بار غصہ کریں اور بار بار اس کی تلافی کریں"[۱۹]

آزاد نے نہرو کا ذکر اس طرح نہیں کیا ہے جس طرح نہرو نے آزاد کا، آزاد نے نہرو کی قربانیاں اور ان کے کردار کی استواری کی تعریف کی ہے۔ مگر وہ ان کے جذباتی طرز فکر و عمل سے اختلاف رکھتے تھے۔ وہ اکثر جگہ نہرو کے شاکی نظر آتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ نہرو اپنی سوچی سمجھی ہوئی رائے کے خلاف اپنے قریب کے اشخاص سے متاثر ہو جاتے تھے۔ ان قریب کے اشخاص میں سے آزاد نے نہرو کے بعض اعزا اور کرشنا مینن کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔ وہ نہرو کے جذبات کی رو میں بہ جانے اور اس کے تحت عاجلانہ فیصلے کرنے کے خلاف تھے۔ "ہندستان آزادی حاصل کرتا ہے" جگہ جگہ اسی قسم کے خیالات نہرو کے بارے میں ظاہر کرتے ہیں۔

ہمارے خیال میں دونوں میں رفاقت اور یگانگت کا سراغ، فرقہ وارانہ خیالات سے بالاتر رہنے میں ہے۔ کردار کی استواری، عمل کی پختگی اور سیاسی مسائل پر اکثر اشتراک کرنے میں ہمارے خیال کو تقویت پہنچاتے ہیں۔ دونوں نے اپنے ماحول کو عقیدہ کے مطابق ترک کیا۔ دونوں پڑھے لکھے اور عالم تھے، اور تاریخ و ادب اور دیگر علوم و فنون ان کی دسترس میں تھے۔ دونوں سیاسی میدان میں فیاضانہ رویہ اپنانے کو ترجیح دیتے تھے۔

آخر میں یہ سوال رہ جاتا ہے کہ ان دو عظیم شخصیتوں نے ملک پر کیا اثر چھوڑا۔ آزاد کے کارنامے ان کے ہم مذہبوں میں عدم مقبولیت کی وجہ سے مدھم پڑ گئے۔ آزاد کی فکر کا خواص اور عوام پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ ملک کی تقسیم آزاد کی کوششوں کے برخلاف ہو کر رہی۔ آزاد آخر آخر میں گوشہ نشیں ہو گئے۔ گو نہرو کے مشیر کی حیثیت سے حکومت کے بہت سے اہم فیصلوں میں شریک رہے۔ انہوں نے اپنی کوششوں اور طرز عمل سے کانگرس کو بڑی حد تک

غیر فرقہ دارانہ رکھنے میں مدد دی۔ اور اس کے جلسوں میں پرزور خطابت سے قومی آزادی کی جنگ میں ہر فرقہ اور ہر گروہ کے ساتھ فیاضانہ سلوک کرنے پر اصرار کیا۔ ملک کے وزیراعظم کی حیثیت سے نہرو نے بہتر بالشان خدمات انجام دیں۔ سیکولر حکومت، پارلیمانی طرز کی جمہوریت، آزاد پریس، آزاد عدلیہ یہ سب نہرو کی قیادت اور ان کے طرز فکر کی ترجمانی کرتے ہیں۔ منصوبہ بند معیشت اور سماجی انصاف کے تصور نے ملک کے عوام کی فلاح و بہبود کے ذرائع فراہم کرنے میں مدد دی۔ آج جو ہم ہندستان کا معاشی اور سیاسی درجہ دیکھ رہے ہیں وہ بڑی حد تک نہرو کی دین ہے۔ وزیراعظم ہونے کے علاوہ نہرو کی عوامی قیادت نے ملک کی ترقی کے لیے راہ ہموار کی۔ اس لحاظ سے نہرو کا اثر زیادہ مثبت اور واضح نظر آتا ہے۔ آزادی کی جنگ میں شرکت کرنے والے، آزادی کے بعد کے دور میں اکثر عدم مقبولیت کے شکار پائے گئے ہیں۔ آزاد اور نہرو عظمت کی دو جہتوں کو ظاہر کر کے ہندستان کے لیے بہت قیمتی ورثہ چھوڑ گئے ہیں، اور یہ ورثہ ہے فیاضانہ برتاؤ اور کثرت میں وحدت کی تلاش پر اصرار۔ کیا ہندستان کا کوئی آیندہ دوران اقدار سے منہ موڑ کر عظمت کا دعویٰ کر سکتا ہے؟

●●

حواشی

1 شیخ محمد عبداللہ "آتش چنار"، صفحہ ۳۵۱، علی محمد اینڈ سنس، سری نگر کشمیر ۱۹۸۶ء

2 S Gopal Jawaharlal Nehru A biography, vol II, p 316 Oxford University Press

3 John Kenneth Galbraith, Spain December 1988, p 20

4 Jawaharlal Nehru A Bunch of old Letters, p 183, Asia Publishing House 1958

5 Nehru Prison Diary, pages 185-186 Selected works of Jawaharlal Nehru, vol 13
Orient Longmans, 1980

6 S Gopal Ibid, vol II, p 316

7 Quoted by Gopal in Nehru, A Biography vol I, page 327 Latter to D P Mishra dated July 29 1941

8 Discovery of India, pages 371-72, press Calcutta, April 1956

9 Ibid pages 361 & 364

10 Ibid, pages 361 363 364 371,372

11 Ibid, pages 412 414 406

12 Prison Diary, page 22

13 Ibid , p 38

14 Ibid , p 39

15 Ibid , p 39

16 Ibid , p 90

17 شیخ محمد عبداللہ "آتش چنار"، صفحہ ۶۰۷

18 ایضاً صفحہ ۳۵۱

19 ایضاً صفحہ ۳۵۲

ڈاکٹر زہرہ فاروقی

نوابین اودھ کی علمی و ادبی سرپرستی

مشرقی ہندستان کے قدیم ترین گہوارۂ علم و ادب یعنی خطۂ اودھ کا فارسی سرمایہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ یہ خطہ علم و فضل کیلئے ہمیشہ مشہور رہا۔ نوابین اودھ کے عہد میں یہ علاقہ خاص طور سے تہذیب و تمدن اور علم و ادب کا مرکز رہا۔ یہاں ایسے ایسے نامور علماء، فضلاء، مشائخ و صوفیہ گزرے جن کی روشنی سے نہ صرف مشرقی خطہ بلکہ سارا ہندستان جگمگا اٹھا۔

صوبۂ اودھ دریائے گنگا کے سرسبز و شاداب میدان کا ایک وسطی حصہ تھا۔ اتر پردیش کا یہ پوربی حصہ نیپال کی سرحد کی ترائی سے لیکر گنگا تک پھیلا ہوا تھا۔ اس کی وسعت اور حدود اربعہ وقت اور حالات کے ساتھ کبھی بڑھتے اور کبھی گھٹتے رہے۔ یوں اس کا رقبہ مغرب میں شاہ آباد سے ضلع ہردوئی تک، مشرق میں عظیم آباد، شمال میں دریائے راپتی اور نیپال کی ترائی تک اور جنوب میں دریائے گنگا تک محیط تھا۔ شمال اور شمال مشرق میں نیپال، مشرق میں گورکھپور، اعظم گڑھ اور جونپور تک پھیلا ہوا تھا۔ جبکہ جنوب میں الہ آباد اور جنوب مغرب میں دوآبہ اور شمال و مغرب میں شاہجہانپور تک سرحد تھی۔

دہلی میں اسلامی سلطنت کے قیام کے بعد خطۂ اودھ یوں تو کسی خاص کارنامہ کیلئے شہرت نہیں رکھتا لیکن پانچویں صدی ہجری میں سپہ سالار مسعود غازی کے لکھنؤ پر اقتدار کے ساتھ ہی اسلامی علوم و فنون اور ثقافت کے دروازے مشرق کی جانب کھل گئے۔ مسلمان فاتحین خطہ اودھ پر قابض ہوئے اور انھوں نے اس صوبہ کو سلطنت دہلی میں شامل کر لیا۔

مغلیہ سلطنت کے آخری دور میں محمد شاہ بادشاہ دہلی کی طرف سے نواب سعادت خاں برہان الملک اودھ کے صوبیدار مقرر ہوئے۔ صوبۂ اودھ میں جو حکومت صحیح معنوں میں پوری طرح برسر اقتدار آئی اس کا سلسلہ انھیں نواب موصوف سے شروع ہو کر واجد علی شاہ پر ختم ہوتا ہے۔ یہ دورۂ اقتدار تقریباً

ڈیڑھ سو سال (۱۱۳۴ ہجری تا ۱۲۷۳ ہجری) تک قائم رہا۔ اس درمیان گیارہ حکمراں تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے۔ ان میں شروع کے چھ حکمراں نواب وزیر کے خطاب سے اور آخری پانچ حکمراں بادشاہ کے خطاب سے سرفراز کئے گئے۔

نواب سعادت خاں کا خاندانی تعلق نیشاپور[۲] (خراسان) کے ایک معزز گھرانے سے تھا۔ یہ ایک بہادر سپاہی ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے ہی منتظم اور مدبر بھی تھے۔ اودھ کے سلطنتی نظام کو کسی قدر مستحکم بنانے کے بعد ۱۱۵۲ھ میں انتقال کیا۔ ان کے بعد انکی کوئی اولاد نرینہ نہ تھی۔ لہٰذا انکے داماد اور بھتیجے ابوالمنصور صفدر جنگ نے اس عہدہ کو سنبھالا اور اپنے پانچ سالہ قیام کے دوران شہر فیض آباد کو کافی ترقی دی۔ ان کے بعد ان کے بیٹے شجاع الدولہ (۱۱۶۷ھ تا ۱۱۸۸ھ) اور پھر بعد دیگرے آصف الدولہ (۱۱۸۸ھ تا ۱۲۱۲ھ)، مرزا وزیر علی خاں (۱۲۱۲ھ)، سعادت علی خاں (۱۲۱۲ھ تا ۱۲۲۹ھ)، بادشاہ غازی الدین حیدر (۱۲۲۹ھ تا ۱۲۴۳ھ)، نصیر الدین حیدر (۱۲۴۳ھ تا ۱۲۵۳ھ)، محمد علی شاہ (۱۲۵۳ھ تا ۱۲۵۸ھ)، امجد علی شاہ (۱۲۵۸ھ تا ۱۲۶۳ھ) اور آخری بادشاہ واجد علی شاہ (۱۲۶۳ھ تا ۱۲۷۲ھ) حکمراں ہوئے۔

اودھ کے ان حکمرانوں نے سلطنت میں اپنے سیاسی استحکامات بحال کرنے کے بعد سب سے پہلے علم و ادب کی ترویج و ترقی کی طرف توجہ مرکوز کی۔ یوں بھی اہل ایران اپنی ذہانت، شائستگی، نفاست اور علم و فضل کیلئے ہمیشہ سے مشہور رہے ہیں۔ لہٰذا اس کام میں حکمرانان اودھ نے جو اصلاً ایرانی النسل تھے بڑے ہی ذوق و شوق کا مظاہرہ کیا، اور علم و ادب کے شعبہ میں قابل قدر خدمات انجام دیتے ہوئے گذشتہ حکومتوں کے علمی ورثہ میں ممکن حد تک اضافہ کیا۔

سیاسی اعتبار سے ان حکمرانوں کیلئے اودھ کی فضا کبھی بھی سازگار یا سکون بخش نہیں رہی بلکہ انھیں ہمیشہ ہی کچھ اس طرح کے حالات کا سامنا رہا جو ان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرتے رہے۔ لیکن ان تمام پریشانیوں اور ناسازگاریوں کے باوجود نوابین اودھ نے خوب ترقی کی، اودھ اور اس کے اطراف میں صدہا دانشور اور اہل علم پیدا ہوئے جو شاہان اودھ کی سرپرستیوں کی بدولت عزت و شہرت کی بلندیوں تک پہونچے۔

تاریخی اوراق اس بات کے شاہد ہیں کہ صوبۂ اودھ میں پانچ پانچ دس دس میل کے فاصلوں

پر شرفاء کی بستیاں آباد تھیں۔ جہاں بڑے بڑے علماء و فضلاء درس و تدریس میں مصروف رہا کرتے تھے۔ سلاطین و حکام کی جانب سے ان مدرسوں اور علمی مراکز کیلئے جائدادیں وقف ہوا کرتی تھیں۔ اودھ کے مدارس اور خانقاہوں میں جوق در جوق طلبہ تحصیل علم کیلئے آتے تھے۔ نہ صرف حکمراں و سلاطین بلکہ اچھے اور صاحب ثروت گھرانے کے لوگ ان مدرسوں اور خانقاہوں کی اعانت کرتے تھے۔

نواب سعادت خاں چونکہ ایرانی تھے، لہٰذا شعر و ادب سے انھیں غایت درجہ دلچسپی تھی۔ نہ صرف خود ایک اچھے شاعر تھے بلکہ شعراء کے بڑے قدردان بھی تھے۔ ان کے دربار سے وابستہ اہم ترین شعراء کی ایک طویل فہرست ہے، جن میں سے بیشتر بیرون ملک سے تھے۔ چند ایک کا مختصر تذکرہ حسب ذیل ہے:

احمد قلی خان ایمنؔ محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں ایران سے ہندستان آئے اور نواب سعادت کے امراء خاص میں جگہ پائی۔ شیخ عبدالرضا متینؔ اصلاً عرب تھے۔ پیدائش اصفہان میں ہوئی۔ محمد شاہ کے عہد میں دہلی آئے اور کچھ عرصہ بعد اودھ آکر نواب کی ملازمت میں داخل ہوئے۔ نواب صفدر جنگ کے عہد میں بھی ان کی شاعری کا چرچا زوروں پر رہا۔[۵]

میر عبدالعلی طالعؔ شیراز کے تھے۔ پیدائش دہلی میں ہوئی۔ ایک عرصہ تک نواب کی رفاقت میں رہے اور اودھ میں ہی انتقال ہوا۔ اسی طرح آغا عبدالعلی تحسینؔ کا آبائی وطن شہر "ری" تھا۔ بعد میں نواب کے دربار سے وابستہ ہوئے اور اپنے کلام کی بناء پر بے پناہ شہرت حاصل کی۔ سید محمد فدائیؔ ایران کے شہر ہمدان کے رہنے والے تھے۔ ہندستان آکر نواب کے ملازموں میں جگہ پائی۔[۶]

فارسی کے مشہور صاحب دیوان شاعر شاہ فصیح افصحؔ کے آباو اجداد بخارا کے تھے۔ افصحؔ کی پیدائش ہندستان میں ہوئی۔ شروع میں دہلی میں قیام رہا۔ اس کے بعد اودھ کے مشہور شہر لکھنؤ آگئے۔ شعر و سخن میں مرزا بیدلؔ کے شاگرد تھے۔ ان کے علاوہ مرزا امام قلی حشمتؔ اور میر محمد افضل ثابتؔ دہلی کے تھے۔

اودھ علماء کیلئے البتہ یہ دور کچھ اچھا ثابت نہیں ہوا۔ یہاں کی سیاسی فضا نے نواب کو اس بات پر مجبور کر دیا کہ وہ اودھ کے علمی خانوادوں کی جاگیریں اور وظائف وغیرہ ضبط کرلیں۔ لہٰذا مورخین کا بیان ہے کہ علماء و شرفاء کی جاگیریں اور ان کے وظائف ضبط ہو جانے کی وجہ سے درس

وتدریس کا جو سلسلہ جاری تھا، اس میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آنے لگیں۔[۵] لیکن محمد شاہ بادشاہ دہلی کے آخری عہد میں (۱۱۶۱ھ) اس کے حکم سے علماء حضرات کی جاگیریں پھر سے بحال کر دی گئیں۔

نواب صفدر جنگ کے زمانے میں ادبا و شعرا کی ایک بڑی تعداد جن میں بیشتر بیرون ہند سے تھے، یہاں موجود تھی۔ ان باکمالوں میں سرفہرست، زبردست خاں وفائی، مرزا ابوعلی ہاتف، مرزا مجید[ی] شوستری، شیخ عبدالرضا متین اور مرزا ابوطالب اصفہانی کے نام لیے جا سکتے ہیں، جن کی قدر دانیاں[طشت] از بام تھیں اور جن کے چرچے سن کر ہندستان کے گوشہ گوشہ سے ادبا و شعرا فیض آباد میں جمع ہو گئے تھے۔ چند مشہور شعرا حسب ذیل ہیں:

مرزا اعظما اکسیر محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں ایران سے دہلی آئے اور بعد میں صفدر جنگ کے مصاحبوں میں جگہ پائی۔ یہ فارسی کے صاحب دیوان شاعر تھے۔[۶] اسی طرح اصفہان سے مرزا باقر حقیر و مرزا ابوعلی ہاتف آئے اور نواب کے مقربین خاص میں شامل ہوئے۔ شوستر سے مرزا مجیدا شوستری آئے، لیکن اخیر عمر میں اپنے وطن واپس ہوئے۔ ان کے علاوہ اودھ اور اسکے مضافات سے آنے والے شعراء میں غلام نبی بلگرامی، راجہ نول رائے وفا، وغیرہ ہیں۔

اودھ کے تیسرے نواب شجاع الدولہ کے عہد میں فارسی کے زبردست شاعر سراج الدین علی خاں آرزو دہلی سے اودھ آئے اور چند ماہ نواب کی مصاحبت میں گذارے۔[۱۰] اسی طرح مرزا رفیع سودا دہلی میں اپنی عمر کے ساٹھ سال گذارنے کے بعد لکھنؤ آ گئے۔ یہ بیشتر اردو میں کہتے تھے۔[۱۱] لیکن فارسی زبان پر بھی عبور کامل حاصل تھا۔ ان کا آبائی وطن بخارا تھا۔ ان کے علاوہ میر ماشاء اللہ مصدر[؟] ان کے بیٹے انشاء اللہ خاں انشا بھی دربار میں امتیازی حیثیتوں کے مالک تھے۔ دوسرے شعرا و میں اشرف علی خاں فغاں، جوگل کشور ثروت، جلال الدین غالب اور شمس الدین فقیر کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

علماء میں فلسفہ و منطق کے استاد تفضل حسین خاں دہلی سے، مولوی سدید الدین شاہجہانپور سے اور مولوی عبدالحکیم کشمیر سے آئے۔

اگلے نواب آصف الدولہ گذشتہ حکمرانوں کی بہ نسبت کچھ زیادہ ہی فیاض واقع ہوئے تھے۔ علماء، ادبا اور شعرا کی قدر دانی اور تعظیم کو اپنا اولین فریضہ سمجھتے، اور ان کے آرام و آسائش کا ہر طرح خیال رکھتے تھے۔ ان کے عہد میں لکھنؤ علم و ادب کا مرکز قرار پایا۔ چنانچہ مختلف مقامات سے ارباب

فضل وکمال کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ نواب نے ان باہر سے آنے والے ادبا وشعرا کا خوش دلی کے ساتھ خیر مقدم کیا، جو ارباب ہنر و دانشور دور دراز علاقوں سے اپنے اپنے وطنوں کو خیر آباد کہہ کر یہاں آگئے تھے، انھیں روزگار مہیا کیا۔ اس طرح اصحاب علم وفن کو بھی خوش حالی اور آزادی کی فضا میں اپنے زورِ طبع دکھانے کا موقع ملا، الغرض زبان وادب کی صحیح معنوں میں نشوونما ہوئی۔

اس عہد کی اہم شخصیات میں دہلی سے میر تقی میرؔ کے علاوہ میر حیدر علی حیرانؔ، ٹیکا رام تسلیؔ، دولت رام دولتؔ، کرشن چندر قریبؔ اور لکھیم نرائن رندؔ تھے۔ یہ سبھی فارسی زبان کے مشہور شاعر تھے۔ ان شعرا حضرات کے علاوہ اس عہد کی ایک اور اہم شخصیت کا ذکر کرنا یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ تھے تفضل حسین خاں سیالکوٹی جو خان علامہ کے نام سے مشہور ہوئے۔ یہ عربی، فارسی، انگریزی، لاطینی اور یونانی زبانیں بہت اچھی جانتے تھے۔ اسی عہد میں ایک ایرانی عالم اور سیاح عبداللطیف شوستری ۱۲۱۱ھ میں لکھنؤ آئے اور اپنے سفرنامے میں یہاں کے چشم دید حالات قلمبند کئے۔ ان کے بیان کے مطابق اس وقت آصفی کتاب خانے میں تین لاکھ منتخب کتابوں کے خوش خط نسخے موجود تھے۔[۱۲]

نواب وزیر علی خاں کی حکومت محض چند ماہ کی تھی۔ لیکن اس مختصر عہد میں بھی انھوں نے علوم وفنون کی سرپرستی کا سلسلہ قائم رکھا۔ نواب موصوف کی معزولی کے بعد نواب سعادت علیخاں تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے۔ اس زمانے میں لکھنؤ میں علوم وفنون کے دو اہم ادارے تھے۔

پہلا ادارہ فرنگی محل تھا، جس کے بانی ملا نظام الدین محمد سہالوی (متوفی ۱۱۶۱ھ) اور انکے بیٹے عبدالعلی بحرالعلوم (۱۱۴۲ – ۱۲۳۵ھ) تھے۔ یہ اور ان کے نامور اخلاف نے علوم دینیہ، علوم عقلیہ، علم ریاضی وہیئت وغیرہ کی تعلیم کو وسعت بخشی۔

دوسرا ادارہ "خاندان اجتہاد" تھا، جس کے بانی سید دلدار علی غفراں مآب نصیر آبادی، (۱۱۶۶ – ۱۲۳۵ھ) تھے۔ ان کے دو بیٹوں سید العلماء (۱۲۱۱ – ۱۲۷۳ھ) اور سلطان العلماء (۱۲۰۰ – ۱۲۵۹ھ) نے اس ادارہ کو فروغ بخشا۔ چنانچہ نہایت بلند پایہ کتابیں تالیف کی گئیں۔ مثلاً "عماد الاسلام" جسے مولوی دلدار علی غفراں مآب نے پانچ ضخیم جلدوں میں مکمل کیا۔ انشاء اللہ خاں انشاؔ اور مرزا قتیلؔ نے "دریائے لطافت" لکھی۔ یہ مشترکہ تالیف منطق، عروض وقافیہ اور معانی وبیان سے متعلق ہے۔ ان کے

علاوہ غلام ہمدانی مصحفی نے اردو شعراء کا تذکرہ بنام "ریاض الفصحا" فارسی زبان میں تصنیف کیا۔ اسی طرح انشاء نے چند لطائف جو نواب اور انشاء کے درمیان پیش آیا کرتے تھے، جمع کرکے "لطائف السعادت" مرتب کردی۔ اس میں نواب سعادت علی خاں کے پچپن (۵۵) لطائف محفوظ ہیں۔ مرزا حسن قتیلؔ نے "ہفت تماشا" تصنیف کی۔ اس کتاب کا موضوع مصنف کے الفاظ میں:

"احوال ہندوان در رسوم این فرقہ و شیوہ مسلمانان ساکن ہند قدیم الایام یا جدید الایام۔"[۴]

تالیفات کے علاوہ اس عہد کے شعراء میں مرزا حسن قتیلؔ، انشاء اللہ خاں انشاءؔ، جے سکھ رائے گز بخش ادیبؔ اور غلام ہمدانی مصحفی وغیرہ خاص طور پر مشہور ہوئے۔ علماء میں مفتی خلیل الدین کاکوروی عربی و فارسی کے عالم اور علوم ریاضی کے ماہر تھے۔

بادشاہ غازی الدین حیدر کے عہد میں علمائے فرنگی محل اور خاندان اجتہاد نے معقولات مناظرہ اور فقہ و حدیث پر گرانقدر کتابیں تصنیف کیں۔ شعر و شاعری کی محفلیں پہلے کی بہ نسبت زیادہ سرگرم نظر آئیں۔ بادشاہ خود شاعر تھے، اہل علم کی قدردانی انھیں اپنے اسلاف سے ورثہ میں ملی تھی۔ چنانچہ اس عہد میں بہت سی نایاب تصنیفات عمل میں آئیں جو بادشاہ کے ادبی ذوق کا نتیجہ تھیں۔ ان تصنیفات کا یہاں ایک سرسری جائزہ حسب ذیل ہے:

"فرہنگ رفعت بنام ہفت قلزم": "بادشاہ کو علم لغت سے خاص شغف تھا۔ اس نے فارسی کی ایک ضخیم لغت "فرہنگ رفعت" خود تالیف کی۔ یہ نام "رفعت الدولہ رفیع الملک" کی مناسبت سے تھا، جو بادشاہ کا خطاب تھا۔ اس کی ترتیب میں دو سال لگ گئے۔ قبول محمد نے ۱۲۲۹ھ کے دوران اسے مرتب کیا اور پانچ سال بعد شاہی مطبع سے اس کی طباعت کا کام شروع ہوا۔ دو سال کے اندر یہ سات ضخیم جلدوں میں چھپ کر تیار ہوئی۔"[۵]

فارسی لغت کے بعد بادشاہ نے اپنی توجہ عربی لغت کی طرف مبذول کی اور لغات عربی کے ہندستان ماہرین کا عملہ تیار کرواکے ان کے ذمہ "تاج اللغات" کا کام سونپا۔ بادشاہ کی خواہش تھی کہ عربی لغت کی مشہور کتاب "قاموس" کو بنیاد قرار دے کر عربی کا ایک ایسا جامع لغت تیار کیا جائے جس کے مطالب و معانی فارسی کے ہوں۔ چنانچہ علماء کی اس جماعت نے کئی سالوں کی کوششوں

کے بعد "تاج اللغات" تیار کی۔ یہ عظیم کارنامہ ناصر الدین حیدر کے عہد میں مکمل ہو کر آٹھ جلدوں میں شائع ہوا ہے۔

بادشاہ غازی کو علم ھئیت سے بھی کچھ کم دلچسپی نہ تھی، چنانچہ اس عہد میں لکھنؤ میں ایک رصدگاہ قائم کی گئی، جس کے ضروری آلات باہری ملکوں سے منگوائے گئے۔ اس سلسلہ میں بادشاہ نے خلیل الدین خاں کی خدمات حاصل کیں جو علوم ریاضی بالخصوص علم ھئیت کے ماہر تھے۔ انھوں نے فن ھئیت کے قواعد میں ایک کتاب "مرأت الاقلیم" تصنیف کی۔[۱۶]

تصنیفات کے علاوہ شاعری کے میدان میں قاضی محمد صادق اختر کا نام سرفہرست نظر آتا ہے۔ جنھیں بادشاہ نے ملک الشعرا کے خطاب سے نوازا تھا۔ فارسی کے صاحب دیوان شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے مصنف بھی تھے۔ ان کی تصنیفات میں شعرا کا ایک ضخیم تذکرہ جس میں ۴۲۶ شعرائے فارسی شامل ہیں۔ بنام "تذکرہ آفتاب عالمتاب" خاص اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے علاوہ "محامد حیدریہ بہار بیخزاں" اور "گلدستۂ محبت" ہیں۔ دوسرے شعرا میں مرزا محمد خان نصیبی نے شہرت پائی۔ یہ ایران کے مشہور شہر کرمان کے رہنے والے تھے۔ انھوں نے یہاں آکر فوج میں ملازمت حاصل کی، پانچ ہزار اشعار پر مشتمل ایک مثنوی "لالہ بوستاں" سعدی کی بوستاں کے طرز پر لکھی۔

بادشاہ نصیر الدین حیدر کے زمانے کو مورخین نے ترقیوں کا زمانہ بتایا ہے۔ اس عہد میں شعر و ادب اپنے انتہائے عروج پر تھا۔ ساتھ ہی اسلامی علوم و فنون کا بھی بول بالا تھا۔ علمار کے اپنے اپنے مختلف حلقے تھے۔ درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ ہر طرف جاری تھا۔ مرکزی اعتبار سے کوئی مخصوص مدرسہ اس وقت تک قائم نہ ہوا تھا۔ البتہ انفرادی طور پر علمار درس دیتے تھے اور ہر بڑا عالم اپنی جگہ بہ ذات خود ایک مدرسہ کی حیثیت رکھتا تھا۔

اس عہد کے مشہور شعرا میں شیخ امام بخش ناسخ و خواجہ حیدر علی آتش ہیں، لیکن انھیں یہ شہرت اپنے اردو کلام کی بدولت حاصل ہوئی۔

محمد علی شاہ کے عہد میں لکھنؤ اور اس کا اطراف فارسی، عربی اور اسلامی علوم کا زبردست مرکز بن چکا تھا۔ شیعہ سنی علمار نے شعر و ادب، منطق، فلسفہ و اصول فقہ میں خاص امتیاز حاصل کر لیا تھا، اور مذکورہ بالا اصناف میں ایسی معرکۃ الآرا کتابیں تصنیف کی گئیں کہ سابق میں اس کی نظیر لکھنؤ میں

نہیں ملتی۔ مثال کے طور پر غفراں مآب کے چھوٹے بیٹے سید العلماء نے فارسی میں علم کلام پر ایک بے مثال کتاب "حدیقۂ سلطانیہ" لکھی جو پانچ جلدوں پر مشتمل ہے[۸۲]۔ سلطان العلماء کے بڑے بیٹے محمد باقر منصف الدولہ نے علم کلام میں "تشئید مبانی الایمان" لکھی[۸۳]۔ اس کے علاوہ غفراں مآب کے بڑے بیٹے سید علی نے اردو زبان میں قرآن کی تفسیر لکھی۔ اس عہد کی تاریخ کمال الدین حیدر نے "سوانح سلاطین اودھ" کے عنوان سے دو جلدوں میں مرتب کی۔ تاریخ اودھ کے سلسلہ میں یہ کتاب بے حد مفید اور مکمل ہے۔

محمد علی شاہ کے بعد امجد علی شاہ آئے۔ یہ نہایت دیندار اور مذہبی قسم کے آدمی تھے۔ مذہبی امور کے علاوہ دیگر محفلوں سے دور ہی رہتے تھے۔ ان کے عہد میں مدرسۂ سلطانی کا قیام عمل میں آیا جس میں دو سو کے قریب طلباء اور تیس مدرس داخل ہوئے۔ اس کے علاوہ اس عہد میں کئی گرانقدر تصنیفات عمل میں آئیں، جن میں سے بیشتر اردو زبان میں تھیں۔

آخری نواب واجد علی شاہ کا علمی مذاق نہایت اعلیٰ درجہ کا تھا۔ یہ خود ایک اچھے شاعر اور بے شمار کتابوں کے مصنف تھے۔ دستور واجدی، نصائح اختری، مجموعہ واجدیہ سلطانی، بحر ہدایت، مباحثہ بین النفس صحیفۂ سلطانیہ اور عشق نامہ وغیرہ فارسی زبان میں اہم کتابیں ہیں۔ یہ جملہ کتابیں واجد علی شاہ کی سخن فہمی سخن سنجی اور علمی استعداد کا بین ثبوت ہیں۔

بہرکیف نوابین اودھ کی فیاضیوں، قدردانیوں اور سرپرستیوں کے نتیجہ میں سرزمین اودھ نے ہزاروں علماء ادباء و شعراء پیدا کئے، جن کا قیمتی کلام اور بیش بہا تصنیفات فارسی ادب کے سرمایے میں بیش قیمت اضافہ ہیں، ہرچند کہ اس زمانے میں اردو زبان نے اپنے قدم جما لیے تھے، اور فارسی روبہ زوال تھی تاہم اس کا کارواں ایک مرتبہ پھر ترقیوں کی طرف جادہ پیما نظر آیا۔ نظم و نثر میں مختلف موضوعات پر ایسی بے شمار تصنیفات وجود میں آئیں جو آج بھی ہمارے علم کا معدن اور ہمارے کتبخانوں کی زینت ہیں۔

●●

۱ ۔ سپہ سالار مسعود غازی نے ۹۵۴ ہجری میں اودھ میں پہلے سے بسی ہوئی قوموں (بھر اور پاسی) سے مقابلہ کیا اور اقتدار حاصل کیا۔ جو مسلمان خاندان پہلے پہل اودھ آکر آباد ہوئے وہ اسی حملہ کے بعد سپہ سالار مسعود غازی کے ساتھ آئے تھے (گذشتہ لکھنؤ : عبدالحلیم شرر، ص ۲۱)۔

۲ ۔ سوانح سلاطین اودھ : کمال الدین حیدر حسینی، ص ۲ ۔

۳ ۔ سفینۂ خوشگو : بندرابن داس خوشگو، ص ۲۵۶ ۔

۴ ۔ سفینۂ ہندی : بھگوان داس ہندی، ص ۱۸۹ ۔

۵ ۔ ایضاً : ایضاً ص ۱۲۸ ۔

۶ ۔ ایضاً : ایضاً ص ۱۵۹ ۔

۷ ۔ گلشن سخن : مرزا کاظم مبتلا لکھنوی، ص ۵۸ ۔

۸ ۔ مآثر الکرام : میر غلام علی آزاد بلگرامی، ص ۲۲۱ ۔

۹ ۔ سفینۂ ہندی : بھگوان داس ہندی، ص ۴ ۔

۱۰ ۔ نکات الشعراء : میر تقی میر (مرتب ڈاکٹر محمود الہٰی) ص ۲۵ ۔

۱۱ ۔ سفینۂ ہندی : بھگوان داس ہندی، ص ۱۰۵ ۔

۱۲ ۔ تحفۃ العالم : عبداللطیف شوستری، ص ۵۳۳ ـ ۵۳۴ ۔

۱۳ - عربی زبان میں " عمائدالاسلام " کا مکمل قلمی نسخہ رضالائبریری رامپور میں موجود ہے۔

۱۴- ہفت تماشا : مرزا حسن قتیل۔

۱۵- تحقیقی جائزے (جلد ۱) : ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری ، ص ۶۴۔

۱۶ - سوانح عمری مفتی خلیل الدین خاں ، ص ۲۱۔

۱۷- نزہتہ الخواطر (جلد ۷) : عبدالحئی ، ص ۱۴۰۔

۸ - ۱۲۵۷ ہجری میں مطبع محمدی کلکتہ سے شائع ہوئی۔

ڈاکٹر اختر بستوی

فرماں روایانِ اودھ کے دور میں

تیوہاروں کی مشترکہ تہذیبی نوعیت

فرماں روایانِ اودھ کے دور سے مراد وہ عہد ہے جو اودھ میں اٹھارہویں صدی کے ربع اوّل میں سعادت خاں برہان الملک کی صوبے داری سے شروع ہو کر انیسویں صدی کے وسط میں واجد علی شاہ کی سلطنت کے انتزاع پر ختم ہوا۔ آئیے ذرا اس عہد کے آغاز و اختتام اور اس کے حکمرانوں کے سلسلے پر ایک سرسری سی نظر ڈال لیں۔

سعادت خاں برہان الملک کا نام میر محمد امین تھا۔ انھیں ۹ر ستمبر ۱۷۲۲ء کو دہلی کے سلطان محمد شاہ نے اودھ کا صوبے دار مقرر کیا۔ اس سے قبل وہ دربار سے سعادت خاں بہادر جنگ کا لقب پا چکے تھے۔ اودھ کے صوبے دار کی حیثیت سے انھوں نے ایسی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا کہ محمد شاہ نے انھیں برہان الملک کے خطاب سے سرفراز کیا۔ سعادت خاں برہان الملک نے اپنی سیاسی سوجھ بوجھ اور دور اندیشی سے ایسی حکومت کی بنیاد ڈالی جس نے آگے چل کر ایک آزاد اور خود مختار سلطنت کی صورت اختیار کر لی۔ برہان الملک کی وفات کے بعد ۱۷۳۹ء میں ان کے داماد صفدر جنگ نے حکمرانی کی باگ ڈور سنبھالی اور صوبے کی سرحد کی توسیع کی طرف خاص توجہ کی۔ ۱۷۴۸ء میں احمد شاہ دہلی کے سلطان ہوئے تو انھوں نے صفدر جنگ کے منصب میں اضافہ کیا اور انھیں وزارت کا عہدہ بھی عطا فرمایا۔ اس سے پہلے برہان الملک اور صفدر جنگ ”نواب“ کے خطاب کے حامل تھے اور اسی خطاب سے یاد کیے جاتے تھے۔ اب اودھ کے

صوبے دار، "نواب" کے ساتھ ساتھ " وزیر" بھی ہو گئے۔ ۱۷۵۶ء میں صفدر جنگ کے انتقال کے بعد ان کے بیٹے شجاع الدولہ حکمراں ہوئے۔ انھوں نے "نواب" اور " وزیر" دونوں خطابات کو یکجا کر دیا، اور اُس وقت سے فرماں روایانِ اودھ " نواب وزیر" کہلانے لگے۔ نواب وزیر شجاع الدولہ نے اپنے صوبے کی سرحدوں کو مزید وسعت دی اور داخلی اور خارجی پالیسیوں پر اپنی گرفت مضبوط کی۔ شجاع الدولہ کے بعد ان کے بیٹے نواب وزیر آصف الدولہ اُن کے جانشیں ہوئے۔ شجاع الدولہ کے وقت تک مرکزِ حکومت فیض آباد تھا۔ آصف الدولہ نے اسے لکھنؤ منتقل کر دیا۔ اُن کا دورِ حکومت ۱۷۶۵ء سے ۱۷۹۷ء تک رہا۔ شجاع الدولہ اور آصف الدولہ کے عہدِ حکومت میں اس صوبے کی معاشی اور ثقافتی ترقی عروج پر تھی۔ آصف الدولہ کے بعد اُن کے پسرِ متبنیٰ وزیر علی خاں کو ان کی جانشینی ملی، لیکن وہ چند ماہ بعد ہی معزول کر دیے گئے اور ان کی جگہ آصف الدولہ کے چھوٹے بھائی سعادت علی خاں نواب وزیر ہو گئے۔ سعادت علی خاں کی فرماں روائی کا زمانہ ۱۷۹۸ء میں شروع ہوا۔ اُن کے عہد میں انگریزوں کا عمل دخل کافی بڑھ گیا اور یہ اُس وقت ایک خاص رنگ لایا جب ان کے بعد اُن کے بیٹے غازی الدین حیدر کا دورِ حکومت آیا۔ غازی الدین حیدر ۱۸۱۴ء میں نواب وزیر بنے، اور اس کے کچھ ہی سال بعد ۱۸۱۹ء میں انھوں نے انگریزوں کے ایما اور ان کی اعانت سے بادشاہت اختیار کر لی۔ اس سے قبل صوبے میں عملاً تمام معاملات میں حکومت، صوبے دار ہی کی چلتی تھی لیکن سکّہ دہلی کے سلطان کا چلا کرتا تھا اور خطبے میں نام بھی اسی کا ہوتا تھا۔ مگر غازی الدین حیدر کے، بادشاہت اختیار کرنے اور مکمل طور پر آزاد و خود مختار بادشاہ بن جانے کے بعد سکّہ بھی ان کے نام کا چلنے لگا اور خطبے میں بھی اُنھیں کا نام پڑھا جانے لگا۔ اِس طرح اودھ میں ۱۸۱۹ء سے بادشاہی حکومت کے دور کا آغاز ہوا جو غازی الدین حیدر کے بعد نصیر الدین حیدر (۱۸۲۷ء تا ۱۸۳۷ء)، محمد علی شاہ (۱۸۳۷ء تا ۱۸۴۲ء) اور امجد علی شاہ ۱۸۴۲ء تا ۱۸۴۷ء) سے ہوتا ہوا موخر الذکر کے بیٹے اور آخری تاجدارِ اودھ واجد علی شاہ کی معزولی کے وقت، یعنی ۱۳ر فروری ۱۸۵۶ء تک جاری رہا۔

تقریباً ایک سو چونتیس سال کی مدت پر مشتمل فرماں روایانِ اودھ کا یہ دور کئی اعتبار سے تاریخ ساز ہے۔ اس نے ہندستان کو کچھ انتہائی قیمتی تحفے عطا کیے ہیں، جن میں سب سے بیش قیمت چیز وہ تہذیب ہے جسے ہم " اودھ کی تہذیب" کہتے ہیں۔ یہ ہندوؤں اور مسلمانوں کی مشترکہ تہذیب ہے،

جس میں ان دونوں کے معاشرتی اجزا نے تحلیل ہو کر ایک دلکش گنگا جمنی صورت اختیار کر لی ہے۔ یوں تو اس علاقے میں دورِ مذکور سے قبل بھی ہندو اور مسلمان ایک ساتھ رہتے تھے اور ان کے میل جول سے دونوں کے درمیان ایک مشترکہ تہذیب یہاں پہلے ہی سے فروغ پا رہی تھی، لیکن متذکرہ دور میں اس تہذیب کا اتنا شاندار ارتقا ہوا اور اس کے رنگ روپ پر ایسا بے مثل نکھار آیا کہ ہندستان کے دوسرے علاقوں کی ملی جلی تہذیبوں کے مقابلے میں اس کی اپنی ایک منفرد و ممتاز حیثیت قائم ہو گئی۔ اودھ کی تہذیب متعدد صفات کی حامل ہے، لیکن اس کی سب سے نمایاں اور سب سے جاندار صفت اس کا مشترکہ تمدنی پہلو ہی ہے۔ یہ مشترکہ تہذیب اودھ کے حکمرانوں کے دور میں اس صوبے کے لوگوں کی زندگی کے ہر شعبے پر پوری طرح چھائی ہوئی تھی۔

اودھ کے علاقے میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تیوہار ہمیشہ بڑی دھوم دھام سے منائے جاتے رہے ہیں۔ فرماں روایانِ اودھ کے دور میں تیوہاروں کی دھوم دھام اور شان و شوکت میں بھی اضافہ ہوا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ان کے ثقافتی پہلوؤں کو بھی زبردست تاب و توانائی ملی۔ اس عہد میں تیوہاروں کے منانے کے انداز میں ایک بہت ہی اہم خوبی یہ نمایاں ہوئی کہ ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے تیوہاروں کے طور طریقے اودھ کی گنگا جمنی تہذیب کے رنگ میں بھرپور طور پر رنگ گئے اور انکی مشترکہ تہذیبی نوعیت بہت ہی نکھر گئی۔

اودھ کے فرماں رواؤں کے زمانے میں تیوہار صرف عوام کی سطح ہی پر نہیں منائے جاتے تھے بلکہ حکومت کی جانب سے بھی انھیں منانے کا زوردار اہتمام ہوتا تھا۔ تمام اہم تیوہاروں کے مواقع پر دربار میں بھی تقریبات منعقد ہوا کرتی تھیں اور حکومت ان پر کثیر رقم خرچ کرتی تھی۔ فرماں روایانِ سلطنت خود ان میں شریک ہوتے تھے۔ اس سلسلے میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تیوہاروں میں تفریق سے کام نہیں لیا جاتا تھا۔ جس طرح مسلمانوں کے تیوہاروں پر حکومت کی طرف سے تقریبات کا انعقاد ہوتا تھا اسی طرح ہندوؤں کے تیوہاروں پر بھی ہوا کرتا تھا۔ چونکہ حکمرانانِ اودھ مسلمان تھے اس لیے مسلمانوں کے تیوہاروں کا حکومت کی سطح پر منایا جانا کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔ لیکن مسلم حکمرانوں کا ہندوؤں کے تیوہاروں کا دربار میں منانا اور سرکاری خزانے سے ان کے لیے بڑی بڑی رقمیں خرچ کرنا ایک بہت ہی اہم بات تھی۔ یہ مذہبی وسیع النظری اور رواداری کی شاندار

مثال تھی۔ اودھ کے فرماں رواؤں کی اِس روش سے ان کے دور میں تیوہاروں کے مشترکہ تہذیبی انداز کو جلا ملی۔

اس دور میں تیوہاروں کے موقعے پر اُن سے متعلق مذہبی رسوم بھی ادا کی جاتی تھیں لیکن ان کے منانے کا عام طرز مذہبی سے زیادہ ثقافتی ہوگیا تھا۔ تمام تیوہاروں میں ہر طرف رنگ و سرور کا سماں چھا جاتا تھا۔ شہر کی آرائش و زیبائش ہوتی تھی، جلسوں اور جلوسوں کا زور شور ہوتا تھا، رقص و سرود کی محفلیں منعقد ہوتی تھیں اور چراغاں اور آتش بازی کا اہتمام ہوا کرتا تھا۔ امرا، عمائدین اور شرفا کے طبقے کے افراد ایک دوسرے کے یہاں جاتے اور مبارکباد دیتے تھے اور ان کے اثر سے عوام میں بھی یہ طریقہ بڑے پیمانے پر رائج تھا۔ تیوہاروں کی تمام عوامی تقریبات اور ہر قسم کے جلسے جلوس اور ساری دھوم دھام میں ہر طبقے کے لوگ بلا امتیاز مذہب و ملت شانہ بہ شانہ انتہائی جوش و خروش کے ساتھ شریک ہوتے تھے۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کا ہر تیوہار ایک جشن کا منظر پیش کرتا تھا، اور تیوہاروں کا یہ روپ ان کی مشترکہ تہذیبی نوعیت کو نکھارنے کا باعث تھا۔

مذکورہ دور میں تیوہاروں کو منانے کے سلسلے میں ایک خصوصی اہمیت کی بات یہ بھی نظر آتی ہے کہ تیوہاروں کے ثقافتی پہلوؤں کے ساتھ ساتھ ان کے مذہبی پہلو میں بھی ہندوؤں اور مسلمانوں کے اشتراک کی صورتیں فروغ پذیر ہوئیں۔ ہندوؤں کے بعض تیوہار ایسے تھے جن کی کچھ مذہبی رسموں کو مسلمان بھی اپنے طور پر ادا کرتے تھے اور مسلمانوں کے کچھ تیوہاروں کی مذہبی رسوم کو ادا کرنے کا چلن ہندوؤں میں بھی تھا۔ مذہبی ہم آہنگی کی اس صورت نے بھی اس دور میں تیوہاروں کے مشترکہ تہذیبی رنگ کو چمکانے میں معاونت کی۔

ہندوؤں کے تیوہاروں میں ہولی، مذکرہ دور میں بڑے ہی ولولے اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جاتی تھی۔ دربار میں ہولی کے جشن کا زبردست اہتمام ہوتا تھا۔ حکمرانانِ اودھ خود ہولی کھیلتے تھے۔ آصف الدولہ کے ہولی کھیلنے کا ذکر میر تقی میر کی "مثنوی دربیان ہولی" میں بھی ملتا ہے۔ یہ ذکر مثنوی کے پہلے ہی شعر میں موجود ہے، جو درج ذیل ہے ؎

ہولی کھیلا آصف الدولہ وزیر   رنگ صحبت سے عجب ہیں خرد و پیر

آصف الدولہ اور سعادت علی خاں اپنے دربار میں بڑی شان و شوکت اور دھوم دھام کے ساتھ

ہولی کا جشن مناتے تھے اور اس جشن پر لاکھوں روپے صرف کرتے تھے۔ اسمیں رنگا رنگ تقریبات ہوتی تھیں اور درباریوں کو قیمتی خلعت تقسیم کیے جاتے تھے۔ اودھ کے دوسرے حکمرانوں کے دربار میں بھی ہولی کے موقعے پر جشن کا خاص اہتمام کیا جاتا تھا اور کسبیوں، طوائفوں اور دوسرے فنکاروں کو نقد اور قیمتی زیورات کے انعامات دیئے جاتے تھے۔ عوامی سطح پر" ہولیکا دہن" (ہولی جلنے) کے دوسرے دن صبح گلال، عبیر، زعفران اور کم کمے سے، اور پچکاریوں میں رنگ بھر کر ہولی کھیلی جاتی تھی۔ طرح طرح کے سوانگ بھرے جاتے تھے اور کھیل تماشے ہوا کرتے تھے۔ شام کو چراغاں اور آتش بازی کی بہار ہوتی تھی۔ میر نے مذکورہ بالا مثنوی میں رنگ کھیلنے، گلال بھر کر قمقمے مارنے عبیر اڑانے، چراغاں کیے جانے، سوانگ بھرنے، اور آتش بازی کے مظاہروں کی تفصیلات اس انداز میں بیان کی ہیں کہ اودھ کی اس زمانے کی ہولی کا بھرپور نقشہ کھینچ دیا ہے۔ اس دور میں ہولی کے ہر سطح کے جشن میں ہندو اور مسلمان اس طرح شیر و شکر ہو کر حصہ لیتے تھے کہ یہ صرف ہندوؤں کا تیوہار نہیں معلوم ہوتا تھا بلکہ سب کا تیوہار نظر آتا تھا اور اس پر مشترکہ تہذیبی رنگ مکمل طور سے غالب ہوتا تھا۔

ہولی ہی کی طرح بسنت کا تیوہار بھی اس عہد میں ہندو اور مسلمان یکساں جوش اور جذبے سے مناتے تھے۔ فرماں روایان اودھ بسنت کے جشن کے سلسلے میں بھی بڑا اہتمام کرتے تھے۔ آصف الدولہ کے دربار میں اس تیوہار کا جشن بڑے تزک و احتشام کے ساتھ ہوا کرتا تھا اور اس پر بھی وہ ہولی کے جشن کی طرح لاکھوں روپے خرچ کیا کرتے تھے۔ دیگر حکمرانان اودھ بھی بسنت کے جشن کو بہت اہمیت دیتے تھے۔ اس روز لوگ زرد لباس پہنتے تھے اور ہزاروں کی تعداد میں شہر کے باہر جمع ہو کر زرد کاغذ کی پتنگ زرد رنگ کی ڈور سے اڑاتے تھے۔ اس تیوہار کے دن مسلمان گانے والے، دیگر لوگوں کے ساتھ، جن میں ہندو اور مسلمان دونوں شامل ہوتے تھے، مٹی کے برتن میں سبز خوشے اور "گل شریف" ڈال کر کسی بزرگ کے مزار پر جا کر بسنت کی تہنیت اور اس بزرگ کی مدح میں اشعار گاتے تھے۔ بسنت کے ہندوستانی اور ہندوانہ تیوہار میں مسلمانوں کے مذہبی رنگ کی اس آمیزش نے اس تیوہار کے مشترکہ تہذیبی حسن کو اور بھی تابناک کر دیا تھا۔

ہندوؤں کے تیوہار دسہرے کی بھی اودھ کے فرماں رواؤں کے دور میں بڑی دھوم ہوتی تھی۔

اس تیوہار میں ہندوؤں کے ساتھ ساتھ مسلمان بھی "نیل کنٹھ" کے درشن کے لیے مختلف مندروں میں اور دیگر مقامات پر جاتے تھے۔ اس درشن کے لیے لوگ شہر سے باہر بھی جایا کرتے تھے۔ خصوصیت کے ساتھ شہر کا حاکم اپنے گھوڑے اور ہاتھیوں کو مہندی اور دوسرے رنگوں سے رنگوا کر، نقرئی اور طلائی سازوسامان اور زرنگار جھول اور عماریاں لگا کر، اپنے فوجی دستے اور ذی مرتبہ مصاحبوں کے ساتھ "نیل کنٹھ" کے درشن کرتا تھا۔ شام کے وقت رقص وسرود کی محفل منعقد ہوتی تھی۔ دسہرے کے ایام میں مسلم بچے بھی ہندو بچوں کی طرح ٹیسو رائے کی مورت بنا کر اور اسے لکڑی پر لٹکا کر شام کے وقت روزانہ ہندی کے اشعار پڑھتے ہوئے دروازے دروازے جا کر پیسہ مانگتے تھے اور جو رقم جمع ہوتی تھی اس سے خاص دسہرے کے دن مٹھائی خرید کر آپس میں تقسیم کر لیتے تھے۔ دسہرے کی ثقافتی دھوم دھام کے ساتھ اس کی مختلف مذہبی رسوم میں بھی ہندوؤں کے ساتھ مسلمانوں کی شمولیت کی وجہ سے یہ تیوہار بھی اس دور میں مشترکہ تہذیبی سانچے میں ڈھل گیا تھا۔

ہندوؤں کا تیوہار دیوالی بھی فرماں روایانِ اودھ کے زمانے میں بڑی رونق اور چہل پہل کا تیوہار ہوا کرتا تھا۔ شہر کی زوردار آرائش کی جاتی تھی۔ لکھنؤ میں سارے بڑے محلے دلہن کی طرح سجائے جاتے تھے۔ لکشمی اور گنیش کی پوجا ہوتی تھی۔ "چوک پورا" جاتا تھا اور "دیوالی بھری" جاتی تھی۔ گھر کے آنگن میں مختلف رنگ کے چاول وغیرہ سے خوبصورت نقش ونگار بنانے کو "چوک پورنا" کہا جاتا تھا۔ دیوالی کی شب کو عورتیں بچوں کے نام سے الگ الگ مٹی کے کھلونے منگواتی تھیں اور طرح طرح کی مٹھائیاں اور کھانڈ کے کھلونے ان کے ساتھ کر کے، پہلے سارے گھر میں چراغاں کرتی تھیں اور پھر مکان کے اس حصے کو جہاں کھلونے مٹھائیوں کے ساتھ رکھے جاتے تھے، خصوصیت کے ساتھ دیوں سے سجاتی تھیں۔ اس کو "دیوالی بھرنا" کہتے تھے، اور بچوں کی حفاظت کے لیے اسے اچھا شگون مانا جاتا تھا۔ دیوالی کے تیوہار میں چراغاں اور آتش بازی سب سے اہم اور خاص چیزیں ہوا کرتی تھیں تمام گھروں میں چراغاں ہوتا تھا اور ہر طرف آتش بازیاں چھوٹتی تھیں۔ شام کو ہندو مسلمان خواص اور عوام گھر سے نکل کر روشنی دیکھنے جاتے تھے۔ دیوالی کے موقع پر قمار بازی کا رواج عام تھا اور اس میں ہندو اور مسلمان یکساں طور پر حصہ لیتے تھے۔ دیوالی کے منانے کا طرز بھی اس عہد میں بھرپور طور پر مشترکہ تہذیبی آب و تاب کا حامل تھا۔

کرشن جی کی پیدائش کا تیوہار جنم اشٹمی بھی ہندوؤں کے اُن تیوہاروں میں شامل تھا جنھیں اودھ کے حکمرانوں کے دور میں خصوصی اہمیت حاصل تھی۔ جنم اشٹمی کے دن لوگ گھر گھر کنھیا جی کے جنم کا جشن مناتے تھے۔ جگہ جگہ "رہس" کھیلے جاتے تھے، جن میں کرشن جی کے حالات، رقص اور موسیقی کے پیرائے میں اوپیرا کے انداز میں پیش کیے جاتے تھے۔ انھیں دیکھنے کے لیے جو لوگ اکٹھا ہوتے تھے ان میں ہندوؤں کے ساتھ ساتھ مسلمان بھی ہوا کرتے تھے، اور یہی نہیں بلکہ ان میں پارٹ ادا کرنے والوں میں بھی مسلمان شامل ہوتے تھے۔ اس تیوہار کے موقعے پر ہندوؤں کی تقلید میں مسلمان کنس کا مجسمہ بنا کر اس کے پیٹ میں شہد بھر دیتے تھے اور پھر اسے چاک کر کے شہد کو اس کا خون سمجھ کر پیتے تھے جنم اشٹمی کی ہر طرح کی تقریبات اور رسوم میں ہندوؤں کے دوش بدوش مسلمانوں کے اس طرح حصہ لینے کے باعث اس تیوہار پر بھی عہدِ مذکور میں مشترکہ تہذیبی رنگ حاوی تھا۔

ہندوؤں کے تیوہاروں کی طرح مسلمانوں کے تیوہار بھی فرماں روایانِ اودھ کے دور میں بڑی آن بان اور بڑے ہی ولولے کے ساتھ منائے جاتے تھے۔ حکومت کی طرف سے بھی زوردار اہتمام ہوتا تھا اور عوام بھی زبردست جوش و خروش کا مظاہرہ کرتے تھے۔ مسلمانوں کے تیوہاروں کی بھی مشترکہ تہذیبی نوعیت اس عہد میں بے حد روشن تھی۔

اسلامی تیوہاروں میں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو، جنھیں عرفِ عام میں عید اور بقرعید کہا جاتا ہے، مذکورہ دور میں شاندار جشنِ مسرت کے طور پر منایا جاتا تھا۔ عید کے چاند کا اعلان کرنے کے لیے بندوقیں داغی جاتی تھیں اور فرطِ مسرت میں بگل اور نقارے بجائے جاتے تھے۔ عید کے دن اودھ کے حکمراں بڑے تام جھام کے ساتھ ایک پُر شکوہ جلوس کے ہمراہ نمازِ عید ادا کرنے کے لیے عیدگاہ جاتے تھے۔ اس جلوس میں قیمتی لباس میں ملبوس امرا، گھوڑسوار اور پیدل فوجی اونٹوں پر بیٹھے ہوئے بندوقچی، توپخانے اور نجیبوں کے دستے ہوتے تھے اور ان کے پیچھے کئی ہاتھی گاڑیوں کے درمیان چار ہاتھیوں والی ایک گاڑی میں فرماں روائے اودھ کی سواری ہوتی تھی۔ نماز کے بعد اسی طمطراق اور کر و فر سے اس جلوس کی واپسی ہوا کرتی تھی۔ عیدگاہ سے واپس ہونے کے بعد دربار ہوتا تھا جس میں امرا مبارکباد اور نذریں پیش کرتے تھے اور شعرا تہنیت نامے سناتے تھے۔ اُس روز ہر طرف خوشیوں کی بہار ہوتی تھی اور سارے ماحول میں جوشِ مسرت رچ بس جاتا تھا۔ میر حسن نے اپنی مثنوی "تہنیت عید" میں (جو انھوں

نے فیض آباد میں کہی تھی اور جس میں آصف الدولہ کی والدہ بہو بیگم کے ناظر جواہر خاں کی تعریف شامل ہے)
اس عہد کی ایک عید کا حال بیان کرتے ہوئے "تیاریٔ عید" ہنگام عید" اور عید کی" جاہ اور حشمت" کا تذکرہ
اور عید کے دن خوشی کے ہر طرف" ترقی میں" ہونے کا ذکر کیا ہے۔ اس مثنوی کے یہ اشعار ملاحظہ ہوں ؎

کہ ہے آج دن عید کا میری جاں　　　خوشی ہر طرف ہے ترقی میں یاں

- - - - - - - - - - - - - - -

یہ تیاریٔ عید و ہنگام عید　　　یہ جاہ اور حشمت یہ اکرام عید

عید کے دن امرا، خواص اور عوام، سب آپس میں گلے ملتے تھے اور سب کو مبارکباد دیتے تھے۔ اس روز لوگ ملنے ملانے کے لیے ایک دوسرے کے گھر جاتے تھے اور سب کے گھروں پر مہمانوں کی ضیافت سویوں سے کی جاتی تھی اور انھیں عطر اور پان پیش کیا جاتا تھا۔ گلے ملنے، مبارکباد دینے، لوگوں کے گھروں پر جانے، سویاں کھانے اور دیگر قسم کی ضیافتوں میں ہندو حضرات بھی شامل ہوتے تھے۔ عید کے دن کی کئی رسمیں ہندوؤں کے اثر سے رائج ہوتی تھیں۔ مثلاً سوئیں کا چلن ہندوؤں ہی کے اثر کا نتیجہ تھا۔ ہندو لوگ "شراونی" اور "اننت چتردشی" کو سوئیں کھاتے ہیں۔ یہ دونوں تیوہار خوشی کے ہیں اور عید بھی خوشی کا تیوہار ہے اس لیے ہندوؤں کے مذکورہ تیوہاروں کے زیر اثر خوشی کے اس مسلم تیوہار کے موقعے پر بھی سوئیں کھانے کی رسم رائج ہو گئی۔ ایک قیاس یہ بھی ہے کہ عید کبھی "شراونی" اور "اننت چتردشی" کے بیچ میں یا ان تیوہاروں میں سے کسی کے آس پاس پڑی ہو گی اور کسی حکمراں یا اہم آدمی نے ہندوؤں کی دیکھا دیکھی سیوئیں کھائی ہو گی اور پھر رفتہ رفتہ عید کے دن سوئیں کھانے کی رسم عام ہو گئی ہو گی۔ عید کے روز ایک دوسرے کے گھر جانے اور کچھ کھانے کھلانے کا رواج بھی بعض محققین کی رائے کے مطابق ہندوؤں ہی کے اثر کا عطا کردہ تھا۔ یہ دونوں رسمیں ہندوؤں کے تیوہار ہولی میں عرصۂ دراز سے مروج تھیں اور عید میں ان کا چلن اسی کے اثر سے ہوا تھا ـــ عہد مذکور میں بقرعید کا جشن بھی عید ہی کے طرز کا ہوتا تھا۔ اس روز بھی عید کے دن کی طرح شاندار جلوس کے ساتھ اودھ کے حکمراں کی سواری عیدگاہ جاتی تھی اور نماز ادا کر کے اسی انداز میں واپس ہوتی تھی۔ نماز کے بعد عیدگاہ میں حکمران اودھ اونٹ کی قربانی کرتے تھے اور اس کا اعلان توپ داغ کر کیا جاتا تھا۔ عیدگاہ سے واپس آکر عید ہی کی طرح دربار ہوتا تھا۔ اور اس دربار میں بھی نذریں پیش کی جاتی تھیں اور تہنیت نامے پڑھے جاتے تھے۔ اُس روز لوگوں کے گھروں پر

بھی قربانی ہوتی تھی جس کا گوشت بھی بٹتا تھا اور اس گوشت سے تیار کی ہوئی لذیذ غذاؤں کے تورے بھی اعزا و احباب میں بانٹے جاتے تھے۔ گھر گھر دعوتوں کا انتظام ہوتا تھا۔ عید ہی کی طرح آپس میں گلے ملنے، مبارکباد دینے، اور ایک دوسرے کے گھر جانے کے سلسلے چلتے تھے جن میں ہندو اور مسلمان سب شریک ہوتے تھے ــــ عید اور بقرعید کے منانے کے مختلف پہلوؤں میں ہندوؤں کے اثرات کی نمود اور ان موقعوں پر نماز اور قربانی کے علاوہ بقیہ ساری دھوم دھام میں مسلمانوں کے ساتھ ہندوؤں کے بھی شامل ہونے کی وجہ سے ان دونوں تیوہاروں پر اس دور میں مشترکہ تہذیبی چھاپ بہت ہی واضح تھی۔

مسلمانوں کا تیوہار شبِ برات بھی اودھ کے فرماں رواؤں کے زمانے میں بہت ہی اہم تیوہار تصور کیا جاتا تھا۔ یوں تو یہ ایک ایسا تیوہار ہے جس کا تعلق تاریخ اسلام کے مختلف واقعات اور مختلف اسلامی عقائد سے جوڑا جاتا ہے، مثلاً کچھ لوگ اس کا سلسلہ جنگ احد میں پیغمبر اسلامؐ کے دندانِ مبارک کے شہید ہونے سے اور کچھ اشخاص حضرت امیر حمزہؓ کی شہادت سے جوڑتے ہیں، اور بعض حضرات اس کو ان عقائد سے منسلک کرتے ہیں کہ اس رات کو حکمِ الٰہی سے ملائکہ رزق کی تقسیم اور عمر کا حساب لگاتے ہیں اور ہر شخص کا اعمال نامہ کھولا جاتا ہے اور اس کی قسمت کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اس تیوہار کے ہندستان میں رائج ہونے کے سلسلے میں بعض لوگوں نے ہندو مذہب اور ہندو تہذیب کے اثرات کا بھی ذکر کیا ہے۔ مثال کے طور پر، یہ کہا جاتا ہے کہ اکبر اعظم نے جب اپنی ملکہ جودھا بائی کو اپنے مرے ہوئے بزرگوں کو کھانا دیتے ہوئے دیکھا تو وہ اس رسم سے بہت متاثر ہوا اور اس نے حکم دیا کہ اسلام میں بھی اسی طرح کی کوئی رسم ڈھونڈی جائے، اور اس کے نتیجے میں ایک مشیر نے شبِ برات کی بنیاد قائم کی جو مسلمانوں میں سارے ہندستان میں رواج پا گئی۔ اودھ میں مذکورہ دور میں شبِ برات کا تیوہار بڑے اہتمام اور بڑی دھوم سے منایا جاتا تھا۔ اس روز لوگ میٹھے پر اپنے اپنے مردوں کے نام فاتحہ دلاتے تھے۔ حلوا پکانے اور اس پر فاتحہ دلانے کا عام چلن تھا۔ یہ حلوا عزیزوں اور دوستوں میں تحفے کے طور پر بھی بانٹا جاتا تھا۔ حلوے کے علاوہ مختلف قسم کی روٹیاں، میٹھے چاول اور دوسرے کھانے پکانے کا بھی رواج تھا جن پر مرحومین کی روح کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ ہوتا تھا۔ غربا و مساکین میں کھانا تقسیم کیا جاتا تھا۔ شبِ برات کے سلسلے میں پکنے والے کھانوں میں گوشت کسی بھی صورت میں شامل نہیں ہوتا تھا۔

اس تیوہار کے موقعے پر دن میں لوگ فاتحہ دلانے اور حلوا وغیرہ کو احباب واعزا اور غریبوں اور مسکینوں میں تقسیم کرنے میں مصروف ہوتے تھے اور شام کو جوق در جوق قبرستانوں میں جاکر اپنے بزرگوں کی قبروں پر روشنی کرتے تھے اور فاتحہ پڑھتے تھے۔ چونکہ اثنا عشری فرقے کے لوگوں کے عقیدے کے مطابق یہ امام مہدی کی ولادت کا دن بھی ہوتا تھا اس لیے اودھ میں اس کی اور بھی دھوم ہوتی تھی اور اس تیوہار کو خوشی کے ایک جشن کا روپ مل گیا تھا۔ گھر گھر میں چراغاں ہوتا تھا اور طرح طرح کی آتشبازیاں چھڑائی جاتی تھیں۔ اس دور کے کئی شعرا کے کلام میں شب برات کی مختلف آتشبازیوں کا ذکر ملتا ہے۔ مثلاً انشاء کے درج ذیل شعر میں پٹاخوں کا ذکر ہے ؎

شبِ برات جو آئی تو دیکھیو انشاء   کہہ رہی ہے پٹاخوں کی کیا چٹاخ چٹاخ

ناسخ کے ذیل کے شعر میں پھلجھڑی کا حوالہ ہے ؎

کیوں ہیں اشک اپنے پھلجھڑی کی طرح   شبِ فرقت شبِ برات نہیں

طالب علی عیشی کے مندرجہ ذیل اشعار میں پھلجھڑیوں اور اناروں کا بھی تذکرہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ "نور" کے "وفور" کا بھی ذکر ہے جو چراغاں کی جانب اشارہ کرتا ہے ؎

شبِ برات ہے آج اور یہ نور کا ہے وفور   کہ چشمِ روزنِ دیوار تک نہیں بے نور

پری رخوں کے نہیں ہاتھ میں یہ پھلجھڑیاں   ہیں نکلیں نور کے پھولوں کی لیکے چھڑیاں حور

یہ ہر گلی میں ہے گلہائے آتشیں کی بہار   کہ جس کو دیکھ کے کہتے ہیں اہلِ فہم و شعور

زیادہ سب سے اناروں نے سرکشی کی ہے   بھرا دماغ میں ہے کوٹ کوٹ کر شر و شور

شبِ برات میں چراغاں کرنے اور آتش بازی چھڑانے کا دستور ہندوؤں کے زیرِ اثر رائج ہوا تھا۔ یہ دونوں باتیں ہندوؤں کے تیوہار دیوالی کے اثر سے مسلمانوں کے اس تیوہار میں آئی تھیں۔ اس روز کھانے پینے، چراغاں دیکھنے اور آتش بازی چھوڑنے اور اس کا نظارہ کرنے میں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ ہندو بھی ہوتے تھے ــــــ شبِ برات کے ساتھ ہی نیمۂ شعبان کا جشن بھی منایا جاتا تھا۔ اس میں لکڑی کی ایک کشتی بنائی جاتی تھی جسے رنگین ململ یا ریشمی زربفت کے لیسے سنہرے اور نقرئی کپڑوں سے، جن کے کنارے پر زری کے کام کے کاغذ کی گوٹ لگی ہوتی تھی ڈھک دیا جاتا تھا اور اس کشتی میں مٹی کے دیئے جلائے جاتے تھے۔ اسے "الیاس کی کشتی" کہا جاتا تھا اور اس کو ایک بڑے جلوس کے ہمراہ، جس میں ہر مرتبے اور ہر طبقے کے لوگ

شامل ہوتے تھے، باجے گاجے کے ساتھ دریا تک لے جایا جاتا تھا۔ جیسے جیسے یہ جلوس دریا کے نزدیک پہنچا جاتا تھا اس میں لوگوں کی بھیڑ بڑھتی جاتی تھی۔ اس کشتی کو بڑی دھوم دھام کے ساتھ پانی میں چھوڑا جاتا تھا اور اس کے ساتھ منت کی عرضیاں بھی ڈالی جاتی تھیں۔ نیمۂ شعبان کے اس جشن میں کئی باتیں بالخصوص مٹی کے دیئے جلانے اور جلوس میں باجے گاجے کی شمولیت کی رسمیں ہندوؤں کے اثر کی دین تھیں اور اس جشن میں بھی مسلمانوں کے ساتھ ہندو بھرپور طور سے شریک ہوتے تھے۔ دورِ مذکور میں شب برات اور نیمۂ شعبان کے جشن کے طرز میں مشترکہ تہذیبی رنگ بے حد نمایاں تھا۔

مسلمانوں کا جو تیوہار فرماں روایانِ اودھ کے دور میں سب سے زیادہ شان و شوکت اور زور و شور سے منایا جاتا تھا اور جس کا مشترکہ تہذیبی روپ سب سے زیادہ تابناک تھا وہ امام حسینؑ کی شہادت کی یادگار کے طور پر منایا جانے والا تیوہار محرم تھا۔ یوں تو اس علاقے میں یہ تیوہار اس دور سے پہلے بھی منایا جاتا تھا، لیکن اودھ کے فرماں رواؤں کے زمانے میں اس کو جو وسعت ملی اور اس میں جو تزک و احتشام اور جوش و خروش پیدا ہوا۔ اس نے اسے سب سے بڑے اور سب سے اہم تیوہار کی حیثیت عطا کر دی۔ حکمرانانِ اودھ چونکہ شیعہ تھے، اور شیعوں میں محرم کو بے حد اہمیت حاصل ہے، اس لیے ان کی حکمرانی کے عہد میں اس تیوہار کی دھوم دھام نقطۂ عروج پر پہنچ گئی۔ لیکن متذکرہ دور میں اسے منانے والوں میں صرف شیعہ فرقے کے لوگ ہی نہیں ہوتے تھے بلکہ سنّی اور ہندو بھی اس کو اُتنے ہی جوش اور جذبے سے مناتے تھے۔ جس طرح ہندوؤں کے تیوہار ہولی اور بسنت اس عہد میں صرف ہندوؤں ہی کے تیوہار نہیں رہ گئے تھے بلکہ سب کے تیوہار بن گئے تھے اُسی طرح مسلمانوں کا تیوہار محرم بھی ہر مذہب اور ہر فرقے سے تعلق رکھنے والوں کا تیوہار ہو گیا تھا ــــ دورِ مذکور میں امام باڑوں کی تعمیر بڑے پیمانے پر ہوئی۔ مختلف فرماں رواؤں نے بھی متعدد امام باڑے بنوائے اور رؤسا و عمائدین نے بھی بہت سے امام باڑوں کی تعمیر کروائی۔ ان تمام امام باڑوں میں محرم کا جو اہتمام ہوتا تھا اُس سے اس تیوہار کو اودھ میں بے حد فروغ حاصل ہوا ــــ مذکورہ عہد میں محرم کی دھوم دھام کا سلسلہ ماہِ محرم کی پہلی تاریخ سے شروع ہو جاتا تھا اور دسویں تاریخ تک چلتا رہتا تھا۔ محرم کا چاند نظر آتے ہی خواتین چوڑیاں توڑ دیتی تھیں اور زیورات اتار دیا کرتی تھیں لوگ سبز اور سیاہ رنگ کے لباس پہن لیتے تھے۔ جگہ جگہ مجالس عزا منعقد ہوتی تھیں۔ گھر گھر تعزیہ داری ہوتی تھی۔ مختلف قسم کے جلوس نکلتے تھے۔ مجلسوں اور جلوسوں میں شریک ہونے اور تعزیوں کی زیارت

کرنے کے لیے ماتمی لباس پہنے ہوئے لوگوں کی بھیڑ ہر طرف رواں دواں نظر آتی تھی۔ ہندو اور مسلمان عورتیں یکجا ہو کر پُرسوز آواز میں "دوہے" گاتی تھیں۔ عزاداری اور ماتم کرنے والوں کے لیے ہر فرقے کے لوگ سبیلیں لگاتے تھے اور شربت اور سنترے وغیرہ کا انتظام کرتے تھے۔ محرم کے دنوں میں امام باڑوں میں چراغاں کیا جاتا تھا، قندیلیں اور لال ہری شمعیں روشن ہوتی تھیں اور روشنی اور کارچوبی کے کام کی چمک دمک، سونے اور چاندی کے علموں اور پنجوں کی جگمگاہٹ اور ان کے پٹکوں کی سجاوٹ، زردوزی کے کام پر گنگا جمنی کرن کی جھالروں کی زیبائش اور در و دیوار کی آب و تاب سے امام باڑے بقعۂ نور بن جاتے تھے۔ خصوصاً شبِ عاشورا کو امام باڑوں کی آرائش اور روشنی کا اہتمام اتنا شاندار ہوتا تھا کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں خیرہ ہو جاتی تھیں۔ محرم کے ایام میں امام باڑوں میں روزانہ دو مرتبہ مجالس عزا منعقد ہوا کرتی تھیں جن میں اودھ کے حکمراں بھی ماتمی لباس پہن کر اور سر پر طاؤس کے پروں کا تاج رکھ کر بیٹھتے تھے۔ تمام فرماں روایانِ اودھ محرم کی مختلف تقریبات میں جوش و خروش سے حصّہ لیتے تھے۔ شجاع الدولہ بڑی عقیدت اور بڑے احترام کے ساتھ عزاداری کیا کرتے تھے۔ آصف الدولہ نہایت دھوم دھام سے تعزیہ داری کرتے تھے اور اکثر ماتم کرتے کرتے لہو لہان ہو جاتے تھے۔ وہ کم سے کم پانچ روپیہ اور زیادہ سے زیادہ ایک ہزار روپے سرِ بازار تعزیے کی زیارت کے وقت نذر کرتے تھے۔ واجد علی شاہ محرم کا چاند دیکھنے کے بعد سبز لباس پہن لیتے تھے اور تمام مراسمِ عزا بھرپور طور پر ادا کرتے تھے۔ عاشور کی شب کو وہ عوام کے گھروں میں جا کر تعزیے خانوں کی زیارت کرتے تھے اور ہر ہر جگہ کچھ چڑھاوا چڑھاتے تھے۔ اس کے علاوہ محرم کے جلوس میں وہ خود تاشا بجاتے تھے ۔ یوں تو اس دور میں محرم کے موقعے پر عزاداری اس ماہ کے ابتدائی دس دنوں میں برابر جاری رہتی تھی لیکن یکم سے دہم تک کی تاریخوں میں سے بعض تاریخیں کچھ خاص رسوم اور جلوسوں کے لیے مخصوص تھیں۔ مثلاً پانچویں تاریخ کو بچوں کو امام حسینؓ کے نام پر فقیر بنایا جاتا تھا۔ یہ رسم کافی عام تھی اور بہت سے گھروں میں اسے ادا کیا جاتا تھا۔ محرم کے تیوہار میں اس رسم کی شمولیت ہندوؤں کے اثر کی بنا پر ہوئی تھی کیونکہ بچوں کو فقیر اور جوگی بنانا بنیادی طور پر ہندوانہ رواج ہے۔ ساتویں محرم کو حضرت قاسم کی شادی کے جشن کا جلوس اٹھتا تھا جو "منہدی کا جلوس" کہلاتا تھا۔ امام حسینؓ نے اپنے بڑے بھائی امام حسنؓ کی وصیت پوری کرنے کے لیے حضرت قاسم کا عقد اپنی صاحبزادی سے شبِ عاشور کو کر دیا تھا۔ اسی واقعے کی یاد تازہ کرنے کے لیے منہدی کے جلوس کی بنیاد پڑی۔ یہ جلوس آصف الدولہ کی

والدہ بہو بیگم نے شروع کیا تھا۔ محرم کی تقریبات میں اس کے شامل ہونے کی وجہ سے اس تیوہار کی جشن جیسی صورت کو اور بھی تابانی مل گئی۔ فرماں روایان اودھ کے عہد میں منہدی کا جلوس شاہانہ شان سے اٹھتا تھا۔ اس میں آگے ہاتھیوں اونٹوں اور گھوڑوں کی قطاریں ہوتی تھیں جنھیں امام باڑے کے باہر ہی روک دیا جاتا تھا۔ سپاہی جلوس بردار اور باجے والے، امام باڑے کے صحن میں بائیں طرف سلیقے سے اس طرح کھڑے ہو جاتے تھے کہ بیچ میں راستہ بن جاتا تھا۔ پہلے اندر داخل ہونے والے سامان میں چاندی کی کشتیوں میں مٹھائیاں، خشک میوے اور پھولوں کے ہار ہوتے تھے۔ اس کے بعد جھل جھل کرتے لباس پہنے ہوئے کچھ ملازمین سروں پر مسہری رکھے اور کچھ لوگ ہاتھوں میں گلدستے لیے ہوئے آتے تھے۔ ان کے پیچھے دلہن کی نقرئی پالکی ہوتی تھی جس کے ہمراہ خوبصورت وردیوں میں ملبوس مشعلچی قمقموں میں جلتی ہوئی مشعلیں لیے چلتے تھے اور ان کے ساتھ قرنا اور نفیری بجانے والوں کی چوکیاں ہوا کرتی تھیں۔ اس پالکی پر سے روپے اور چاندی کے دیگر سکے نچھاور کیے جاتے رہتے تھے۔ پیچھے پیچھے ماتمی لباس پہنے عزاداروں کی ایک جماعت آتی تھی۔ کچھ لوگ حضرت قاسم کا تابوت کندھوں پر اٹھائے ہوتے تھے اور کچھ اشخاص ماتم کرتے جاتے تھے۔ اس تابوت کے ہمراہ زری کے چتر کے نیچے گھوڑا ہوتا تھا، جس پر حضرت قاسم کا عمامہ، خنجر، کمان اور تیروں سے بھرا ہوا ترکش رکھا رہتا تھا۔ جب یہ گھوڑا امام باڑے کے صحن میں داخل ہوتا تھا تو اس پر سونے اور چاندی کے پھول نچھاور ہوتے تھے جن کو عزا لوٹ لیتے تھے۔ آخر میں مجلس عزا منعقد کی جاتی تھی۔ محرم میں منہدی کا جلوس اٹھانے کی رسم بھی ہندوؤں اور ہندستان کے اثر کی مرہون منت تھی کیونکہ شادی کے سلسلے میں منہدی کا رواج خالص ہندستانی تھا۔ جس طرح محرم کی ساتویں تاریخ کو حضرت قاسم سے منسوب کر دیا گیا تھا اسی طرح آٹھویں تاریخ حضرت عباس سے منسوب ہو گئی تھی۔ اس تاریخ کو حضرت عباس کا علم نکلتا تھا، اور اس میں خاص بات یہ ہوتی تھی کہ امرا، رؤسا اور عوام، سب کے جلوس میں حضرت عباس کا علم تانبے کا ہوتا تھا۔ نویں محرم کا دن گریہ و بکا اور ماتم کے لیے مخصوص تھا۔ دسویں محرم کو تعزیے اٹھتے تھے اور اس روز اس تیوہار کا زور شور شباب پر ہوتا تھا۔ تعزیہ ہندستانی چیز ہے۔ اس کی ایجاد ہندستان میں ہوئی اور اسی ملک میں اس کو مقبولیت ملی۔ کہتے ہیں کہ بادشاہ تیمور ہر سال محرم کے موقعے پر امام حسینؓ کے مزار پر حاضری دیا کرتا تھا۔ جب اس نے ہندستان پر حملہ کیا تو جنگ کے دوران ہی محرم کا چاند نمودار ہوا، اور چونکہ اس وقت اسکے

لیے مرقد حسینؓ پر پہنچنا ناممکن تھا اس لیے اُس نے اپنے مشیروں کی رائے پر عمل کرتے ہوئے امام حسینؓ کے روضے کی شبیہ بنوائی اور اس کے سامنے سوگ منا کر اپنی عقیدت مندی کو تسکین دی۔ وہی شبیہہ تعزیے کی بنیاد بنی۔ تیمور نے جو شبیہہ بنوائی تھی وہ روضۂ حسینؓ کی ہو بہو نقل رہی ہوگی، لیکن آگے چل کر تعزیے کی شکل و صورت میں تبدیلی آئی اور اس کی ساخت میں ہندوانہ طرز نمایاں ہوا۔ لکھنؤ میں عہد قدیم میں جو تعزیے مروج تھے ان کا اوپری حصہ، یعنی قبہ، مندر سے ملتا جلتا ہوتا تھا اور نیچے کی منزل میں تربت کی شکل کا ایک نمونہ الگ سے بنا کر رکھ دیا جاتا تھا۔ تعزیے کی اس شکل کے وجود میں آنے کے سبب کے متعلق یہ قیاس ہے کہ جب ہندوؤں نے محرم منانا شروع کیا ہوگا تو انھوں نے پہلے پہل اسی قسم کا تعزیہ بنایا ہوگا، اور پھر اسی کا عام طور سے چلن ہو گیا۔ اودھ کے حکمرانوں کے زمانے میں بالعموم اسی شباہت کے تعزیوں کا رواج تھا۔ اس دور میں مختلف حیثیت کے لوگ مختلف چیزوں کے تعزیے بنواتے تھے۔ چاندی سے لیکر لکڑی اور کاغذ تک کے تعزیے بنتے تھے۔ کچھ لوگ ہاتھی دانت اور صندل اور صنوبر کی لکڑی کے تعزیے بھی بنوایا کرتے تھے۔ دسویں محرم یعنی یوم عاشورہ کو طلوعِ آفتاب ہی سے تعزیے اٹھنے لگتے تھے۔ ہر طبقے کے افراد تعزیہ داری کرتے تھے اور تعزیے اٹھاتے تھے۔ ہندوؤں کے تعزیے بھی بکثرت ہوتے تھے۔ طوائفیں بھی تعزیے کا جلوس نکالتی تھیں جس میں وہ خود مرثیے اور نوحے پڑھتی تھیں اور انھیں سننے کے لیے لوگ بڑی تعداد میں اُن کے جلوس میں شریک ہوتے تھے۔ تعزیوں کے تمام جلوسوں میں زبردست بھیڑ ہوتی تھی۔ شیعہ سنّی مسلمان ہندو، امیر غریب، عورت مرد، چھوٹے بڑے، سب کا ہجوم تعزیوں کے جلوسوں کو دیکھنے اور ان میں شامل ہونے کے لیے امنڈ پڑتا تھا۔ سارے تعزیوں کو بڑی دھوم دھام سے ڈھول تاشے، جھانجھ کے ساتھ کربلا لے جایا جاتا تھا۔ معمولی تعزیے کربلا میں دفن کر دیئے جاتے تھے اور دولت مندوں کے قیمتی تعزیوں کو واپس لاکر امام باڑوں میں محفوظ کر دیا جاتا تھا۔ کربلا میں تعزیے دفن کرتے وقت تجہیز و تکفین کی تمام رسمیں ادا کی جاتی تھیں۔ وہاں سے واپس اپنے گھروں پر آکر تعزیہ دار بلا امتیاز مذہب و ملت غربا و مساکین میں خیرات تقسیم کیا کرتے تھے۔

مذکورہ عہد میں محرم کے تیوہار میں ہندستانی عناصر اور ہندوؤں کے اثرات کی جلوہ سامانیوں، اور اس کی تمام مذہبی اور دیگر نوع کی رسوم میں ہر مذہب، ہر فرقے اور ہر طبقے کے لوگوں کی بھرپور شرکت کی بنا پر اس کا مشترکہ تہذیبی رنگ روپ روزِ روشن کی طرح عیاں تھا۔

فرماں روایانِ اودھ کے دور میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تمام اہم تیوہاروں کے منانے کا جو انداز تھا اُس نے ایک طرف تو خود ان تیوہاروں کی مشترکہ تہذیبی نوعیت کو زبردست نکھار بخشا اور دوسری جانب اس سے اودھ کی مشترکہ تہذیب کو بھی بڑی آب وتاب ملی۔

کتابیات

اس مضمون کے سلسلے میں جن کتب سے استفادہ کیا گیا ہے وہ درجِ ذیل ہیں:

۱۔ قدیم لکھنؤ کی آخری بہار:
از مرزا جعفر حسین ـــــ ترقی اردو بیورو۔ نئی دہلی۔ ۱۹۸۱ء

۲۔ اٹھارہویں صدی میں ہندستانی معاشرت: میر کا عہد:
از ڈاکٹر محمد عمر ـــــ جمال پرنٹنگ پریس۔ دہلی۔ ۱۹۷۳ء (طبع اوّل)

۳۔ لکھنؤ کی تہذیبی میراث:
از ڈاکٹر سید صفدر حسین ـــــ نظامی پریس۔ لکھنؤ ۱۹۷۸ء (طبع اوّل)

۴۔ تاریخ اودھ۔ جلد دوم، سوم:
از نجم الغنی ـــــ نول کشور، لکھنؤ۔ ۱۹۱۹ء

۵۔ سیر المتاخرین۔ جلد ۲:
از غلام حسین ـــــ نول کشور، لکھنؤ۔ ۱۸۶۷ء

۶۔ سوغات سلاطین اودھ۔ جلد اول:
از کمال الدین حیدر ـــــ نول کشور لکھنؤ۔ ۱۸۷۹ء

۷۔ عماد السعادت:
از غلام علی ـــــ نول کشور۔ ۱۸۹۷ء

۸۔ ہفت تماشا:
از مرزا محمد حسین قتیل ـــــ اردو ترجمہ ڈاکٹر محمد عمر ـــــ مکتبہ برہان۔ دہلی ۱۹۶۸ء

۹۔ شبابِ لکھنؤ:

از محمد احد علی ـــــ مطبوعہ لکھنؤ ۱۸۹۹ء

۱۰۔ گذشتہ لکھنؤ:

از مولانا عبد الحلیم شررؔ لکھنوی ـــــ مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ نئی دہلی۔ ستمبر ۱۹۷۱ء

۱۱۔ لکھنؤ کا دبستانِ شاعری:

از ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ـــــ نسیم بک ڈپو۔ لکھنؤ ۱۹۹۱ء

۱۲۔ کلیاتِ میرؔ ـــــ نول کشور۔ لکھنؤ۔ ۱۹۱۴ء

۱۳۔ فرہنگِ آصفیہ۔ جلد دوم:

از مولوی سید احمد دہلوی ـــــ ترقی اردو بیورو۔ نئی دہلی۔ بیورو کا تیسرا ایڈیشن ۱۹۹۰ء

۱۴۔ فرہنگِ شفق:

از منشی لالتا پرشاد شفقؔ ـــــ اتر پردیش اردو اکادمی لکھنؤ۔ پہلا اکادمی ایڈیشن ۱۹۸۲ء

۱۵۔ اسلامی تیوہار اور رُسوم:

از مہیش پرشاد ـــــ عالم فاضل بک ڈپو۔ الہ آباد ۱۹۴۸ء

۱۶۔ Observations on the Musalmans of India by Mir Hasan Ali London 1832 1st edition 2nd edition 1917

سعادت جلیلی

"کیمیائے سعادت" نسخۂ خدابخش
نسخ شناسی کی روشنی میں

مخطوطہ شناسی کے معلومہ فنی و علمی عناصر اور لوازم و مقتضیاتِ قلمیات شناسی کو بذاتہٖ چند
علوم کا مجموعہ قرار دیا جائے تو قرین واقعہ ہوگا جس میں منسوبات کے کھرے کھوٹے کی پرکھ پڑتال کو اسکا جزوِ
لاینفک ناگزیر طور پر باور کیا جاسکتا ہے، جیسا کہ راقم سطور ایک معمولی سی مگر بوجوہ طویل تجرباتی کاوش کے
بے حقیر نتیجہ اخذ کرسکا ہے۔ یہ تجربہ صرف ایک نسخۂ "کیمیائے سعادت" مخزونہ بانکی پور کی بابت اِدّعاے
نگاری کے بطور غزالی کے ہاتھ کی تحریر سے نسبت کی طالب علمانہ تفتیش کے چند سالہ نمایاں عمل
سے محدود و مخصوص اور اسی پر مرکوز و منحصر رہا۔ صرف اسی مجمل تجربے کی حد تک رونپذیر ہونے والے
سوالات اور مسئلوں گویا غزالی کے قلم اور خط کے دعوے یا مفروضے کی تحقیق و تنقید کے پہلوؤں
اور ان کے حل میں درپیش مشکلات کی بنیاد پر قابلِ فہم امور تک ہی یہ معروضات محیط ہیں۔

عرض کردہ جائزہ اپنی اصل و اساس میں فقط کتابی نوعیت اور نظری جستجو جیسی حدود و قیود
میں تھا کیوں کہ عملاً تحقیق نسخ اور ان کی تنقیح و تنقید قسم کی نہ تو احقر کی سرے سے کوئی باضابطہ معروضیت
اور نہ ہی منصوبہ بند یا مفوضہ ذمہ داری اس شعبے میں عملی طور پر اشتغال نہ رکھنے بلکہ اپنی تہی دامنی سے اس
کی مناسب اہلیت بھی نہیں ہونے کے باوجود اس خاص مہم جوی میں بہت بڑی حد تک بزرگانِ کار کی
مشفقانہ ودلانہ طالب علم نوازی نیز اس احقر کے تئیں ذاتی سطح پر علمی و تحقیقاتی بندہ پروری بلکہ سرپرستی جیسی
عنایتوں سے یہ مرحلۂ شوق از خود طے ہوتا رہا اور کسی منزل پر اس کے مرحلۂ سخت جان ہونے کا مطلق احساس

نہیں ہونے پایا۔ امرِ واقعہ ہے کہ اس دشتِ بے اماں کی سیاحی میں عمریں گزار دینے بلکہ عمرِ عزیز کی نقدی ہار جانے والے ماہرین ہی مراحلِ سفر کی فنی و علمی منازل کی نشاندہی فرما سکتے ہیں چنانچہ عملاً معروف تحقیق بزرگان کار کے افادیت سے رہ نما اصول و مبادی بڑے پیمانے پر اخذ اور مرتب و مہذب انداز میں منضبط ہو سکتے ہیں۔ ان عالمانہ ارشادات سے مستفاد امور کو نکتہ بہ نکتہ خلاصہ کرتے ہوئے کتابی حوالوں کی بھی استمداد سے بآسانی اساسی اصولیات کی تدوین و تہذیب ممکن ہے۔ چنانچہ یہاں توجہ اس رُخ پر مبذول و مرتکز ہے کہ فاصلہ یا سفر کے موانع کے باعث کسی مخطوطہ کے غیاب میں علمی طریق تفحص و تجزیہ کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔ متعلقہ پہلو دار مسائل اور معاملات پر کسی آیندہ معروضے اور مشاہیر علما کے کسی مستند و موقر ارشادِ گرامی میں کوئی تضاد یا تصادم خدانخواستہ پایا جائے تو اس کیفیت کے ان سقیم و ناقص سطروں کے محرر کی اپنی سوئے فہم پر محمول فرماتے ہوئے بزرگ افاضل کی گراں مایہ و گراں قدر آرا کو ترجیح و فوقیت دینے کی عاجزانہ درخواست ہے۔

خاکسار نے اپنے تجربے کے نتائج کو دو بار علیحدہ معرضِ تحریر میں لانے کی کوشش کی مگر بخوفِ طوالت چند در چند معاملے یا مسئلے نشان زد نہیں ہو سکے۔ خدابخش جرنل ۴۵ کے لیے سپردِ قلم کیے ہوئے جائزے میں خطوط سے حسبِ مواقع اکتساب کیا گیا اور کتابی اخذ و اقتباس ممکنہ حد تک کم رہا، جب کہ معاً بعد مجلہ "دانش" کے "پروفیسر غلام سرور نمبر" کے لیے نیا مسودہ تیار کرنے کا اتفاق ہوا تو مکاتیب کے صرف حوالوں کے ساتھ کتابوں سے خاصے اضافوں کا اہتمام ترجیحاً کیا گیا۔ چوں کہ اختیار سے سہی دونوں مسودوں میں کچھ نہ کچھ نکات بنیادی یا ابتدائی مسئلوں پر ہر دو اقسام کے ذرائع سے منقول ہوئے، خاص قلمیات شناسی کے اپنے طرزِ تنقیح پر کتابی معلومات قلم انداز ہوتی رہیں۔ بہرطور یہ نہ تو اضافی یا ضمنی مباحث تھے اور نہ متعلقہ تفصیلات یا مختصرات سہی مبتدیانہ اضافے ہوتے، بلکہ نفسِ مضمون سے راست تعلق اور ہم رشتہ عنوانیہ کی بحثوں کی کثرت کے سبب ان مسودات کی مبیضہ نویسی کی اثنا میں خوفِ طوالت سدِ راہ رہا۔ غرضیکہ اوراقِ ہذا میں ان مسائل پر اشارتی حوالوں کے ہمراہ علمی و فنی نوعیت کے معاملات بلکہ اشکال کی نشاندہی ضروری خیال کی گئی ہے تاکہ یہ علمی رخ بھی یکجا سامنے آجائیں تو مناسب رہے گا۔

مسلّمہ خودنوشت نسخوں کے بالمقابل جعلی طور پر قدیم مصنفین سے منسوب مخطوطات اس لحاظ سے اہم ہوا کرتے ہیں کہ ان کی بابت صاحبِ کتاب کے اپنے خط سے نسبت کا داعیہ ناگزیر طور پر خاصے

زاید دقیقہ سنجی کے ساتھ تحقیق طلب ہوتا ہے جس سے بڑی عرق ریزی بلکہ دل سوزی اور جاں فشانی سے عہدہ برآ ہونا پڑتا ہے۔ اس عمیق نظرانہ دریافت و تنقید کا عمل کسی بھی مسلم الثبوت طور پر خود نوشتہ نسخے کی حقیقت کی جانچ کی مشق و کاوش سے بدرجہا نازک بھی ہوتا ہے سنگین بھی۔ یہ اس لیے کہ منسوبات کے تعلق سے داخلی شہادتوں کی عدم موجودگی کی بنا پر خارجی پہلوؤں کی مدد سے تنقید و تنقیح کے سلسلے میں مقاماتِ آہ و فغاں بلحاظِ تعداد بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ اور اس وادیٔ پرخار میں آبلہ پائی کے دوران ایک ایک کوہ گراں پر سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ تکنیکی مشکلوں یا فنی دشواریوں جیسے عملی موانعات کے حائل ہونے کے علاوہ ایک عام سے طالب علم و ادب کے لیے سب سے زیادہ ٹیڑھی لکیر اور طرح کا کوئی سا مرحلہ بھی ہو سکتا ہے۔ اسکو نظریاتی اختلاف یا محض مرعوبیت کے مسئلے سے نبرد آزمائی کا نام بھی دیا جا سکتا ہے، جس کی جسارتوں کا بارِ مجبوری سہی اس کو مرتکب ہونا اور اس کے لیے خود کو ذہنًا آمادۂ جرأت رکھنا پڑتا ہے۔

مخطوطہ شناسی علمی اور فنی اعتبارات سے عملاً آج ایک مستقل شعبۂ تدقیق ہے جو اس صدی کے نصف دوم میں سائنسی اور تکنیکی نوعیت و حیثیت بھی پا چکا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ ایک جدید ترقی یافتہ فن یا تکنیکی علم کے رتبے کو جا پہنچا ہے جس کے لیے قدیم رسمی معلومات سے گہری شناسائی بلکہ عملی وابستگی سے لے کر نئے فنی آلات سے ضروری واقفیت اور ان کے استعمال پر بالفعل دسترس ناگزیر ہے۔ اس طرح قلمیات شناسی اور مخطوطوں کی دقیق النظر جانچ پڑتال کے پہلو بہ پہلو تیسری عملی جہت یعنی اُن کی مستقل بنیادوں اور تازہ ترخطوط پر دیرپا حفاظت کے فنی علم کا اس طور اضافہ ہو گیا ہے کہ تینوں باہم دگر لازم و ملزوم ہو گئے ہیں اور اب ان اجزاے لاینفک کو عملاً جدا نہیں کیا جا سکتا۔ گویا علمی میدان میں سہ گانہ طرق ایک ایسی اکائی ہے جس کو ارتقاے تاریخی کی رو سے تو جداگانہ طور پر ممیز اور شناخت کیا جا سکتا ہے مگر عملاً اس کی وحدانیت روز بروز ترقی پذیر اور افزوں تر ہے۔ صرف ہمارے ایسے نسبتاً کم ترقی یافتہ ماحول میں صورتِ حال کچھ اس طرح برقرار ہے کہ الگ شعبوں کے بطور ماہرینِ مخطوطات اور مصححین و مرتبین متن کے حلیے علیحدہ شخصیات پر بھی مشتمل ہو سکتے ہیں۔ بعض حالات میں چند ہستیوں میں یہ دونوں حیثیات بطور ایک طبقۂ افاضل مجتمع بھی ہو جاتی ہیں۔ جب کہ قلمی کتب کی حفاظت و نگہ داری کا کام عملی طور پر ایک گروہ یعنی منتظمین کے سپرد رہا کرتا ہے۔ مستقبل قریب یا بعید میں سہی تینوں ہی امور یعنی

تحقیق و تنقیح اور تہذیب و تدوین نیز تحفظ متون کی ذمہ داری فردِ واحد کے مشترکہ فریضے کے بطور متشکل ہونے کا امکان سامنے آسکتا ہے اس صورت میں روایتی دفتری و اداراتی عملے کے اسی فرائض مخطوطات کے محقق اور پارکھ نیز مرتب و مولف صاحبان کا اضافی منصب متصور ہوں گے جس سے کما حقہٗ عہدہ برآ ہونے کے لیے آلات اور انتظامات کی تربیت سے لیس ہو کر وہ ان کے مہتمم اور محافظ کا فریضہ سابقہ عملے کی بہ نسبت زیادہ بہتر طور پر ادا کرسکیں گے۔ یہ اس لیے کہ قلمی نسخوں کی حفاظت کے ذمہ دار منتظم کے بطور ہی نہیں محققانہ حیثیت میں بھی وہ ان کی قیمت و اہمیت کے خوب شناسا اور قدردان بھی ہوں گے۔

ازمنۂ قدیم ہی نہیں متاخرین یعنی اواخر مغل عہد کے مردم ثقاۃ کے وقتوں اور پھر ادوارِ مابعد میں بلکہ تا حال بھی عمومی صورتِ احوال یہ رہی کہ مخطوطہ شناسی کو علیحدہ یا مستقل بالذات فنی شعبے کے بطور مسلّمہ حیثیت ہمارے ہاں حاصل نہیں ہوئی۔ معقولات کے افاضل کی عام دسترس کا ہی یہ ایک جزو رہا جس میں تکمیل و فضیلت کا حصول تجربے اور مشاہدے گویا عملی اشتغال کے وسیلے سے ممکن ہوتا رہا۔ علوم و ہنر اور فنون و ادب کی جدید سے جدید تر اور شاخ در شاخ بلکہ پیچ در پیچ تقسیم کی آہستہ رَو مگر جاریہ صدی میں تیز تر رفتار کے باوجود علمی دنیا میں آج بھی نئی تکنیکی دستگاہ اور تازہ بہ تازہ معلومات سمیت یہ مہارت صرف علمائے قلمیات اور محققین متون تک لازماً مخصوص یا محدود نہیں رہی، بلکہ علمی تحقیقات سے منسلک السنہ و ادبیات اور تاریخ و آثار کے فضلا اس فن سے علمی وابستگی کے حامل رہے ہیں۔ چنان چہ قدیم متون کی بازیافت اور تنقیحی تدوین میں سرگرمی سے مصروف عمل خواتین و حضرات کا برصغیر سے لے کر ترکی تک مطلوبہ عبور و تبحر کے حامل ماہرین نسخ میں شمار ہوتا رہا ہے کہ انھوں نے بخصوصیت قلمی ذخایر کی فہرست سازی اور تنقید و ترتیب متن سے لیکر نگرانی کار اور نقاحزاین تک کی گراں بار ذمہ داریاں اور خدمات سرانجام دیں۔ اہلِ مغرب نے اختراعی عمل کے ثمرات اور صنعتی ترقی کے فیوض سے بہرہ اندوز ہوتے ہوئے اس صدی کے خاص کر موجودہ نصف آخر میں جس طرز خاص پر ایک جدید ترین تکنیک کے مقام تک اس فن اور علم کو پہنچا دیا ہے۔ اس کے مستشرقین ہی نہیں عرب و عجم اور سند و ہند کے طلبائے تحقیق سے لے کر علما و اساتذہ تک اکتسابِ ہنر کے لیے خواہاں و کوشاں رہتے ہیں۔ محدود پیمانے پر سہی نئے آلات اور ذرائع کی مدد سے ہمارے بھی بعض اداروں میں ایسے انتظامات ممکن بنائے گئے ہیں گو ان کی عملی افادیت

کا دائرہ کار تا حال زیادہ وسعت نہیں پا سکا ہے اور چند ہی طبقوں اور مقامات کے افراد کی ان تک رسائی ہو سکتی ہے۔

جیسا کہ عرض ہوا ہے ہمارے ہاں بزرگان کار کی طویل سرپرستانہ معیت اور قلمی کتب سے بکثرت و متواتر دیرینہ دل بستگی و مشغولیت ہی متعلقہ امور کا تجسس رکھنے اور گہرا وقوف حاصل کرنے کے لیے سرگرداں اصحاب کے حق میں رہبر اور فیض رساں ہوا کرتی ہے۔ اس علم اور فن کی باقاعدہ تعلیم و تدریس یا باضابطہ تکنیکی تربیت کا ہماری طرف بڑا اور وسیع نیز عام اہتمام ابھی مفقود ہے۔ خواہ بالکلیہ معدوم نہ ہی۔ ۱۹۶۵ء کے قبل و بعد کے عرصے میں جامعہ دہلی کے صدر نشین شعبہ اردو ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی نے نسخ شناسی کا ایک رسالہ نصاب رائج کرکے تعلیمی و تدریسی اور شاید تربیتی نظام کی بھی شروعات کی تھی۔ فارسی قلمیات پر کام کے بغیر یہ بنیاد گزار منصوبہ تشنۂ تکمیل ہی رہتا اسلیے یہ رعایت ضرور رکھی گئی ہو گی لیکن خود فارسی نسخوں پر ایسے کسی منصوبے کی ابتدا برصغیر میں کہیں اور کبھی ہو سکی ہے یا نہیں، اس سے لاعلمی ہے۔ اس منصوبے کے اپنے آغاز کار کے سوا اُس کی پیشرفت و ترقی کا بھی علم نہیں ہے۔

ہمارے ماضی قریب کی علمی تاریخ میں پروفیسر محمود شیرانی و مولوی محمد شفیع وہ اکابر فن شناس ہرین ہیں جو جدید بلکہ تازہ خطوط پر قلمی کتب کی قدامت اور متعلقہ طریقت رائے کے ساتھ فیصلہ کن انداز میں چیدہ امور کو طے کرنے میں طول طویل عرصے تک اپنی مہارت تامہ اور منتہی حیثیت کا لوہا منواتے رہے۔ مخطوطہ نناسی کے معتبر و مستند علمائے فن کے طور پر یہ دونوں ارباب ہنر نہ صرف خود امتیاز و اعزاز کے مالک تھے رہبیشر و قایدین کا کردار ادا کرتے رہے بلکہ انھوں نے اپنی اکتسابی علمیت اور وہبی فضیلت سے اپنے لایق انشینوں کو مشرف و معزز کرنے کا اہتمام بھی کیا۔ ان سابقون الاولون رجال بزرگ کے بعد بطور خاص ارسی نسخوں کی خطاطی اور فنیات پر طویل العمر کارکردگی کی بنا پر درجہ استناد اور مرتبۂ کمال کو پہنچنے والے افاضل ل برصغیر کی پاک و ہند میں تقسیم کے بعد کے چند نام نمایاں ہیں۔ پاکستان کی حد تک ڈاکٹر سید عبداللہ، سام الدین راشدی، محمد عبداللہ چغتائی، نبی بخش بلوچ، محمد باقر، غلام مصطفٰے خاں کا مرتبہ و مقام روشنی ے میناروں سے کم نہیں رہا ہے۔ ہندستان میں پروفیسر سید یوشع، مولانا امتیاز علی خان عرشی، قاضی عبدالودود وفیسر سید حسن، ڈاکٹر مختار الدین احمد، ڈاکٹر نذیر احمد نیز دائرۃ المعارف جامعہ عثمانیہ کے ناظم اعلیٰ اور ناذ الاساتذہ ڈاکٹر محمد نظام الدین اور ڈاکٹر محمد غوث ناظم مخطوطات جامعہ عثمانیہ کے اسمائے گرامی بھی

روشن میناروں کی سی حیثیت و مرتبت کے مالک ہیں۔ ازیں بعد ہندستان اور خود پاکستان میں بحیثیت فہارس نگار چند حالیہ فضلا کے نام سامنے آتے ہیں جن میں سے چند انہی اوراق میں زیرِ حوالہ ہیں۔ جب کہ بعض علمائے قلمیات کے اسمائے گرامی غیر مذکور ہیں جن میں احقر کے استادِ مکرم ڈاکٹر محمد عبدالمنان علیہ الرحمۃ بھی ہیں۔ احتیاطاً عرض ہے کہ یہاں محض فارسی مخطوطوں کی بازیافت اور تدوین و پیش کش کے محققین نیز تذکرہ نگاری اور انتظام کاری کے بھی ماہرین فن ہی مقصود ہیں۔

یہاں موضوعاتی مطالعات کی حد تک نسخہ شناسی کے لوازم اور متعلقہ عوامل پر تحقیقی و تنقیحی اور معلوماتی نگارشات کی اشاراتی فہرس نویسی پر ہی اکتفا ممکن ہے کہ مفصل کوائف کی مجموعہ آوری صرف کتابی روپ میں ہی ہو سکے گی جس کا حق یہ بے بضاعت طالب علم و ادب شاید ہی ادا کرنے کے قابل ہو۔ اس بابت توجہ کی ضرورت ہے کہ ہمارے اپنے علاقائی تناظر میں اردو تحقیق و تدوین اور خطی نسخوں کی بھی ترتیب و تہذیب کو نفس موضوع کرنے والی کتب کو فارسی مخطوطہ شناسی کے لیے وسیلہ بنانا خاطر خواہ حد تک مفید مطلب ثابت ہو سکتا ہے۔ ہمارے اپنے ہاں خاص کر مقتدرہ قومی زبان اور ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کی بھی مجالس مذاکرہ کی مطبوعات اس مبحث پر معروف اور کئی عدد باسانی دستیاب ہیں اس لیے ہندستانی تصانیف کے نام لینا کافی رہے گا جن میں کتاب خانۂ خدا بخش کے سالانہ سیمیناروں سے متعلق جرنل کی خاص اشاعتیں بھی بڑی اہم ہیں۔ ان کے من جملہ ڈاکٹر گیان چند جین کی "تحقیق کا فن" یہاں بھی اور مقتدرہ کی ہی مطبوعہ ہے۔ ازیں قبل ڈاکٹر تنویر احمد علوی کی "اصول تحقیق و ترتیب متن" دہلی ۱۹۷۷ء نیز عبدالرزاق قریشی کی "مبادیاتِ تحقیق"، قدیم نسخوں پر رہبری کی حامل رہی ہیں۔ ڈاکٹر خلیق انجم کی "متنی تنقید" دہلی ۱۹۶۷ء اس سلسلۃ الذہب کی اولین تصنیف رہی ہے یعنی جہاں تک راقم کو مستحضر ہے اور پروفیسر جین کی کتاب تازہ ترین جس کے اپنے سوا کوئی سی مطبوعات یہاں ملتی نہیں ہیں۔ دلی یونیورسٹی کے تذکرہ نصاب سے متعلق شعبۂ اردو کے مجلہ "اردوئے معلّیٰ" کا "فن خطاطی و مخطوطہ شناسی نمبر" بھی یقیناً رہ نمایانہ افادیت سے معمور ہے لیکن عدم دستیاب ممکن ہے۔ اربابِ مقتدرہ اس کے کتابی ایڈیشن پر آئندہ متوجہ ہوں تو اردو ہی نہیں فارسی قلمیات کے بھی کارکن متمتع ہو سکیں گے۔

فارسی قلمی کتب کے تعلقاتِ فن پر معلومہ مطبوعات کی مختصر سی فہرس حسب تفصیل ذیل ہے، ممکن ہے مزید تحریریں وسائل کے فقدان کے باعث ہونے والی لاعلمی کے نتیجے میں اس تشنۂ تکمیل فہرست

میں داخل نہیں پاسکی ہوں۔ عنوانات اور کوائف حواشی میں ملاحظہ فرمائے جائیں۔ متعدد مراجع کی مدد سے ماخذ کی ہم موضوع فہرست سازی خواہ مشکل نہ ہو ایسی ایک بھرپور اور جامع طولانی نہرس کا یہاں اضافہ مشکل تر رہے گا لہٰذا راست اِن مصادر سے رجوع انسب و احسن ہوگا۔

۱۔ حافظ محمود شیرانی[1] اور مولوی محمد شفیع[2] کے محققانہ مطالعات جنکی مجموعہ آوری ہوچکی ہے،

۲۔ زمانہ ہائے ماسبق کے اہل فن کی اور یا ان پر کتب یا ان کے اقتباسات از: میر علی شیر قانع ٹھٹوی[3]، محمد طاہر نصرآبادی[4]، بابا شاہ اصفہانی[5]، مجنون بن محمود الرفیقی[6] مقام مندرجہ "مقالات شفیع" نیز صاحب قوانین خطوط[7]، صاحب بیاض خوشبوی[8]، صاحب رسالہ خوش نویسی[9] اور متذکرہ مجنون رفیقی کی بعض دیگر تصنیفات[9]،

۳۔ "اورینٹل کالج میگزین" میں حبیب الرحمٰن شروانی صدر یار جنگ[10] اور یٰسین خاں نیازی[11] نیز تبسم کاشغری[12] کے مختصرات،

۴۔ ڈاکٹرس محمد عبداللہ چغتائی[13]، سید محمد عبداللہ[14]، مختار الدین احمد[15]، نذیر احمد[16] اور اشرف علی[17] کے مقالات۔

۵۔ "اردوے معلّٰی" کے شمارۂ خاص[18] اور اس کے ضمیمے یا اضافی کتابچے کے بطور طبع شدہ مجموعے کے مشمولات از ضیا احمد بدایونی[19] اور شبیر احمد خاں غوری[20]

۶۔ "خدا بخش جرنل" کی مختلف و متعدد اشاعتیں جن میں "مخطوطہ شناسی" کے خصوصی گوشے کے تحت یہاں کے مذاکروں کے اجلاسوں[21] میں پیش کردہ مطالعات نیز علیحدہ سے بھی مضامین ہوتے ہیں۔ مسئلہ زہ ترین[22] شمارے میں پروفیسر نذیر احمد کے ملاحظات کے علاوہ سید ظل الرحمٰن کے چند اشارات؛

۷۔ "مجلۂ تحقیق اورینٹل کالج اور مجلۂ دانش" اسلام آباد کے بھی شمارے جن میں اہم مضمون مندرجات بے حد قابل استفادہ ہوتے ہیں۔

۸۔ شعبۂ اردو جامعہ سندھ کے جریدہ "تحقیق" کے مقالات از: پروفیسر نارمن میکنزی[23]، ڈاکٹر نم الاسلام[24] وغیرہم۔

۹۔ اردو انسائیکلوپیڈیا اسلام[25] میں مخطوطات کے فنی عناصر اور خصائص کی تعریفات و تصریحات تفصیل متعین کرنے والی جامع تحریروں کی عنوان وار کیفیتیں اور کتابیات مثالاً: خط[26]، خطاطی[27]، کاتب[28]،

کاغذ[۲۹] تذہیب، تجلید[۳۰]، قلم[۳۱]، جو سبھی بے حد مستند اور مُسلّم ہیں۔

۱۰۔ فنِ تجلید کی تاریخ و ترقی کی اصطلاحی تفصیل[۳۱]، خط کی ارتقائی کیفیت[۳۲]، تمام تر محولہ لوازمات کی کتابی تلخیص[۳۳] اور انھی شعبوں کی اشیائے ضروریہ کی فروخت کے تاریخی مراکز[۳۴] نیز پاکستانی تاریخ اور مرکزِ ہرات کے ارتقائے فنی کی تجزیہ نگاری[۳۵]۔[۳۵ب]

۱۱۔ ڈاکٹر محمد باقر اور احترام الدین شاغل کی بھی کتب کا علم ہوتا ہے، جب شیخ عبدالعزیز[۳۵ج] کی تحقیق سے بھی خاصا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

داعیۂ خودنوشت کا تنقیحی عمل اور تقاضائے احتیاط :

محققین عصر کے مکاتیب کی تفصیلات مترشح ہیں کہ مخطوطہ شناسی کے بنیادی اصولوں کا استنباط ان کے ذریعے ممکن ہے جو قلمی کتب کی تنقید کے عمل میں رہ نمائی کا فرض ادا کر سکتے ہیں۔ فارسی نسخوں سے متعلق تذکروں اور توضیحی فہارس میں مندرج کوائف سے بھی عیاں ہے کہ ان کی خصوصیات سے بھی مناسب رہبری حاصل ہو سکتی ہے۔ گو مشرق کیا مغرب کے بھی نئے پرانے فہرس نگار علما و ماہرین بھی قدما کے نسخ کے علمی و عملی طریق کے فیصلہ کن اصولوں پر از خود روشنی نہیں ڈالتے ہیں۔ طوالت کے خیال بلکہ خوف سے ان سب تفاصیل کا یکجا ان کی محض تلخیص اور یا ملخص ترتیب میں بھی گئے بغیر راقم صرف ایک خاص نکتہ تک معروضۂ ہذا کو محدود رکھ رہا ہے۔ یعنی یہی کہ اگر کوئی نسخہ ایسا بھی زیرِ جائزہ ہو جو فاصلہ یا مسافرت کی دشواریوں اور آمد و رفت کی شدید تکالیف جیسی وجوہ سے گویا کم از کم وقتی طور پر سہی غیاب میں ہو معرضِ تحقیق و تنقیح میں ہو تو اس کی حد تک کیا اور کس طور تگ و دو ہونی چاہیئے۔ متعلقہ شدایدسے نمٹنے اور اشکال کے حل میں جو رکاوٹیں خارج ہو سکتی ہیں ان کا تعلق ابتداً عرض کردہ اسی ایک تجربے کے حقیر مشاہدات سے ہے جن کی بنا پر چند متعلقات کا کچھ نہ کچھ اندازہ خاکسار کو ہے اور اسی پس منظر میں یہ بیانیہ مقصود رہا ہے۔

'کیمیائے سعادت' کے نسخۂ خدابخش کے بارۂ خاص میں جیسا کہ ابتداً تذکرۂ تلمیات خدابخش سے مرجوع پر اندازہ ہوا بعض مخطوطے بر بنائے عقیدت یا حسنِ ظن اصل مصنف کی نسبت سے شہرت یافتہ ہوتے ہیں۔ ثقہ و معتبر رجال علم و ادب کا نام اس حوالے سے منسلک ہونے لگتا ہے تو ادوارِ مابعد میں معتقدین اسی روایت کو معتمد و مستند جان کر صاد کرتے چلے جاتے ہیں۔ مگر ایسے سبھی منسوبات کو خواہ

ظاہراً اشتباہ سے بالاتر معلوم کیوں نہ ہوں۔ دیانت دارانہ دریافت و تفتیش کا عنوان بنانا چاہیئے تاکہ ممکنہ شکوک بھی رفع ہوں اور ان قلمی کتابوں کا پایۂ اعتبار ٹھوس بنیادوں پر ثابت اور قائم و دائم ہو۔ دگرنہ مبہم و موہوم اور مشتبہ سی روایات کی بنیاد پر الحاقی کلام کی طرح جعلی مخطوطوں کو بھی حقیقی یعنی بخط مصنف تحریر کیا ہوا قرار دینے اور تسلیم کرنے کا بھی سلسلہ بلا روک ٹوک جاری رہے گا جبکہ فی الاصل ایسی نسبت یعنی مبینہ بلکہ مفروضہ اور نام نہاد و خود ساختہ سی "خود نوشت" حیثیت نری ساقط الاعتبار ہو۔ شاعری کی طرح قلمی نسخوں میں بھی جعلی کا پختہ رواج ہمارے معاشروں میں صدیوں سے چلا آرہا ہے جو تقلید جامد اور کورانہ عقیدت کی بیساکھیوں پر آج تک جاری ہے۔ یہ فرسودہ روایت بلا رد رعایت کھرے تنقیدی رویے اور سخت تفتیشی عمل کی متقاضی ہے اور یقیناً ہے۔

ایرانِ جدید کے ابوالاباے شعرِ فارسی کے مکمل و مجتمع آثار بطور دیوان یا کلیات کی بازیابی آج تک نہیں ہو سکی ہے اور اس سے متعدد شعراء کا کلام طویل زمانے سے منسوب ہوتا چلا آرہا ہے۔ اس کی تحقیق ابتدا سر ڈینیسن راس[۳۷] نے کی اور استاد سعید نفیسی نے "دیوانِ مجہول رودکی"[۳۸] کی تفصیل میں خود بھی ڈاکٹر راس کی دریافتوں سے استفادہ کیا۔ قلمی نسخوں کے خاص حوالے سے اصلی نقلی کا مسئلہ تاریخ کی کتابوں میں کتنی الجھنیں اور پیچیدگیاں پیدا کرتا ہے اس کا علم جہانگیری توزک کے ایک متعاقب نسخے کی کیفیت[۳۸] سے بخوبی ہوتا ہے۔ جعلی نسبت کے حامل کسی مخطوطے کی واقعیت و اصلیت کی علمی اور تاریخی سطحوں پر تفتیش کتنی نازک اور کیسی سنگین ذمہ داری ہے۔ یہ پوری طرح الم نشرح ہو جاتا ہے۔ الحاقی شاعری کی چھان پھٹک کی طرح بلکہ اس سے بدرجہا زیادہ دعوائے خود نوشت کے مخمول و مشکوک سے منسوبات گویا جعل سازی کا معاملہ دقتِ نظر کے ساتھ بہت خاصا تفصیل طلب رہتا ہے، یعنی بیش از بیش زحمت طلب ہونے کے علاوہ نسخہ "کشف المحجوب" ہجویری کے بارۂ خاص میں پروفیسر محمد باقر کی اس کے دعوائے خود نوشت پر جرح و تنقیح علمی و تحقیقی تعاقب کا بصیرت افروز اور خرد آفریں نمونہ ہے[۳۸]۔

غرضیکہ توجہ اگر بخصوصیت ایسی کسی قلمی کتاب پر ہو جو ماضی کی غزالی جیسی جلیل القدر ہستی یا کسی اور عظیم المرتبت شخصیت کی نہ صرف مصنفہ بلکہ مکتوبہ بھی مشہور ہو چکی ہو اور اس کی حقیقت تک رسائی بوجوہ غائبانہ ہی ممکن العمل ہو تو اس کی اصلیت کی جستجو کا عمل ابتدائی اطلاعات سے لے کر حتمی طور پر فیصلہ کن معلومات و آرائے کے حصول تک صبر و حکمت کا طالب ہوتا ہے راقمِ حروف کے ذاتی

تجربے کے مرقومۂ ذیل مرحلہ وار اجزا کسی طور بھی فنی و علمی راہ نمائی کے بغیر خود بخود سوجھتے رہے اور ان کی ارتقائی تشکیل یا صورت گری از خود ہوتی رہی تھی۔ لیکن بالعموم ایسی چھان بین کو ادارتی سرپرستی اور استادانہ مشورہ و رہبری بطور ایک تعلیمی معمول اور انتظامی رسم بہ ہر حال حاصل رہا کرتی ہے اس لیے بعینہٖ حسب ذیل طرزِ کار کو اپناتا یا پھر اس کو جزواً یا کلیتاً سہی صَرفِ نگہ کرنا اپنی اپنی صواب دید پر ہی منحصر رہ سکتا ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ اختیار کرنے پر سراسر یہی نکات عملاً افادہ بخش ثابت ہوں، اور پھر یہ ایک عمر کے تجربے کی غواصی سے پائے ہوئے ایسے گہرہائے آبدار یقیناً نہیں ہیں کہ اس طریقِ عمل کو ترک یا رد کرنے میں نقصانات کا اندیشہ کسی طور لاحق ہو۔

۱۔ اولاً متعلقہ ذخیرے کے کیٹلاگ یا تذکرۂ نسخ کے اقتباس کی بنیاد پر ایک جامع سوالنامہ مزید اطلاعات کی غرض سے تیار کر کے ناظمِ ادارہ سے مطلوبہ کیفیت اور چند ابتدائی و آخری اوراق کے عکس بھی عنایت کرنے کی درخواست کی جائے۔

۲۔ مخطوطے کی اصلیت کی شہادت دینے والے بزرگوں کے اپنے علمی اور ذاتی احوال کی جستجو کر کے ان کے درجۂ استناد کا اطمینان کر لیا جائے۔

۳۔ مکمل عکسی نقل جلد از جلد حاصل کر لی جائے اور اس میں احتیاط بالاصرار روا رکھی جائے۔ اوراق کی فرداً فرداً تمام تر نقول علیحدہ اور بڑی تیار ہوں۔

۴۔ عکس کتاب ناممکن ہو تو فی الفور ابتداءً محصلہ شروع و اخیر کے صفحوں کی نقل سے آغاز کار کرتے ہوئے بطور متبادل مائکروفلم کی کوشش کی جائے جسکو یونیورسٹی میں پروجیکٹر کی مدد سے کسی سینیر مخطوطہ شناس یا اپنے ہی منصوبے کے ذمہ دار رہ نما استاد کی رہبری میں حسب ضرورت بار بار مطالعہ کیا جا سکے گا۔

۵۔ خزاین قلمیات کے وضاحتی تذکروں کی مدد سے متعلقہ تصنیف اور خود صاحب کتاب کی دیگر مصنفات کے بھی قدیم ترین نسخوں اور معاصر قلمی کتب کی فہرس نویسی متعلقہ مفصل کوائف سمیت کر لی جائے، از قسم سنین تحریر اور اسمائے کاتبین نیز خصوصیات طرز املا اور خطاطی و کتابت۔

۶۔ خطاطی کے زمانہ مصنف خصایص اور قبل و بعد کے عہد بعہد ارتقائی امتیازات و متروکات کی ممکنہ تفصیلیں جمع کر لی جائیں۔

۷۔ فنی پہلوؤں از قسم صاحب نسخہ کے دنوں میں رائج کاغذ اور روشنائی جیسی مصنوعات نیز

مخطوطوں کی تہذیب و تجلید کی بھی روایت کی تفصیلات سامنے رکھی جائیں تاکہ پہلے اور مابعد کی خاص خاص باتوں کے ہمراہ جائزہ لیا جائے۔

۸۔ مطالعے کی غائبانہ نوعیت کے مدِنظر متعلقہ شہر میں مقیم ماہرینِ قلمیات اور علمائے خط و املا سے ارتباط و استغاثہ کا اہتمام ناگزیر طور پر کیا جائے نیز محصلہ معلومات اور نقول کی حسب الطلب بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔

۹۔ ان معتبر و ثقہ افاضل سے اظہارِ مجبوری کے ساتھ التجا کی جائے کہ وہ کم از کم ایک بار بخصوصیت زحمت کر کے اس خاص نسخے کا ضرور بالاستیعاب معائنہ فرمائیں اور اپنے قیمتی ملاحظات سے سائل کو مستفیض کریں تاکہ مطلوب و مناسب رہنمائی کا موجب رہے۔ نظر بظاہر یہی مرحلہ دشوار گذار لگتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہمارے بزرگ علما اپنے فضل و کمال کا فیضان عام کرنے میں ہرگز ہرگز بخل و رکنا تامل سے بھی کام نہیں لیتے ہیں اور راقم جیسے گم نام و ناکارہ سے طالب علم و ادب کا بھی پاسِ خاطر ملحوظ رکھتے ہوئے تکالیف برداشت فرما کر مستفید کیا کرتے ہیں۔

۱۰۔ املا و خط کی خصوصیات نسخہ کا دیگر مخطوطوں اور زمانہ مصنف کے مروجہ اہم نکات کے ساتھ مقابلہ و محاکمہ اس کتاب کو بچشم خود ملاحظہ کرنے والے بھی کریں گے اور ان کے مشاہدات سے قبل ضروری ہوگا کہ گزشتہ نمبر ۵ کی تفصیلوں کے مطابق ایک تقابلی نقشہ یا خاکہ ذہنی سطح پر ہی نہیں تحریراً بھی تیار ہو۔

۱۱۔ نسخۂ متعلقہ کے غیاب کے باعث خط و املا کے سوا دیگر محرکات پر تفتیشی و تنقیدی نگاہ ناممکن رہے گی خاص کر فنی امور کی حد تک مثلاً: کاغذ کی قسم اور قدامت کا تعین، معاصر مصنف مروجہ کاغذ کی نوعیتیں جلد بندی کی اقسام، تہذیب کاری کا عمل یعنی مصوری و نقاشی کے نمونوں کی کتاب میں موجودگی اور اس کی نوع بہ نوع صورتیں۔ چنانچہ ان عوامل پر بھی بنظر غائر توجہات کے لیے ادارہ متعلقہ کے ذمہ دار حضرات اور دیگر مقامی ماہرین سے استدعا کا نتیجہ مفید و مثبت رہے گا اور ان سب کی آرا پر انحصار و ارتکاز بھی افادی رہے گا۔ ان کے چشم دید مشاہداتی اور تقابلی و تجرباتی عمل کو طویل تجربے کی پشت پناہی میسر رہے گی اور آخری فیصلے میں اس رائے / مشورہ کو غائبانہ آرا یا جائزوں پر فوقیت دی جا سکتی ہے۔

۱۲۔ دیگر بلاد و مقامات کے اسکالروں کی خدمات میں بھی حسب اجازت عکسی اوراق ارسال کر کے

مشوروں اور معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کی سعی کی جائے، یہ گذارش خود بخود توجہ و اعتنا پائے گی خواہ اس میں کچھ نہ کچھ وقت لگتا رہے جو ایک قدرتی امر ہے اور اس سے مفر نہیں۔

۱۳- صاحب کتاب کی شخصی و ادبی سوانح کے جائزے میں اس پہلو پر بھی بطور خاص توجہ و تفحص کا خیال رکھا جائے کہ آیا علمی اور تدریسی و مجلسی نیز عہدہ دارانہ عملی مشاغل کے دوران آتنی فراغت کا امکان رہا بھی ہوگا کہ مثلاً ضخیم مسودات کی کتابت یا خطاطی خود سرانجام دینے کی مہلت بھی مل سکتی تھی۔ پیشہ ورانہ یا منصبی نیز ذہنی مصروفیتوں کا تصوّر مختلف حیثیتوں کی مالک شخصیات کی رعایت سے کیا جاسکتا ہے کہ ان کی خلوت و جلوت کی مشغولیات کیا رہی ہوں گی۔ مثالاً بابر اور جہانگیر نیز داراشکوہ سے موسوم نہ صرف تصانیف بلکہ خطی نسخوں کے معاملے کو منسوبات کے زاویے سے دیکھا اور پرکھا جاسکتا ہے۔ ان تینوں کی کثرت کار کا الگ الگ تصور بندھتا ہے اور اسی کی مطابقت میں ان کی مصروفیات کا ممکنہ نقشہ روز و شب بنانا پڑے گا۔ بادشاہوں کے تعلق سے دن میں جنگی صورت حال اور سفر و حضر میں دربارداری نیز راتوں کو بازعیش کوش والی حالت دونوں ہی مہینوں نہیں برسوں اور عشروں طویل رہا کرتی تھی اس لیے ان سے منسوب تصنیفات اور پھر ان کے اپنے قلمی مسودات کی بھی بابت حقائق جانچنے کے لیے پیمانہ کچھ اور ہوگا۔ داراشکوہ جیسے ولی عصر کی ذہنی ترفع اور علمی و فکری اوج کمال کی مالک مجلسی شخصیت کے برتر و فائق دماغی شغف اور قلمی اشتغال کے اوقات فرصت کا معیار جداگانہ ہوگا۔ بالفاظ دیگر داراشکوہ کی متعدد دماغی فتوحات کی روشنی میں باضابطہ تحقیقاتی اور باقاعدہ تصنیفی عمل کو اسکی سب سے بڑی اور طویل مشغولیت کا سا مرتبہ چونکہ حاصل ہے۔ خاص اس کے اپنے تعلق سے فراغت کے لمحات کی کمی کا سوال کسی مصنفہ کتاب حتیٰ کہ مکتوبہ نسخے کے بھی سلسلے میں چنداں اہمیت نہیں رکھتا ہے۔ سوئے اتفاق کہ اسٹوارٹ کیری ویلیش Dr. Sewelsh کی متعدد رنگین پلیٹوں کی حامل تحقیق "رایل پرشین مینسکرپٹس" (۱۹۷۶) لندن ۱۹۷۹ میں سوادِ خط کے نمونوں کے علاوہ دقیق و نازک تاریخی مباحث و مسائل سے تعرض کا فقدان ہے اور فقط مصوری کے شہ پاروں تک موضوع کو محدود رکھا گیا ہے۔

۱۴- غزالی کے تعلق سے جن بزرگان معقولات کی یہ بالاصرار تصدیق اوروں کی روایت کے طور پر بانکی پور مخطوطے پر درج ہے نہ صرف ان عالموں نے بلکہ ناقلین سے لے کر صاحب تذکرہ مولوی عبدالمقتدر خان جیسے اسم بامسمیٰ ماہر فن نے بھی ان کے طویل مدرسانہ یا منصبی مشاغل کو یکسر فراموش کردیا تھا۔ ایسی کسی

یادداشت کو وزن دینے سے قبل از قبل اس پس منظری عنصر کو ذہن نشیں رکھنا چاہیئے۔ غزالی سا بحر زخار رہا ہے جو تیئیس[۲۳] سال کی عمر میں جامعہ نظامیہ بغداد جیسی عظیم ترین دانش گاہ کے معلم اعظم کے بطور فائز تھا اور بڑے بڑے علمائے عصر سمیت ہزارہا اونچے درجے کے طلاب جس کے ہر ایک لیکچر کو بروقت ضبط تحریر میں لانے کے عادی تھے حتیٰ کہ انھی املا کیے ہوئے اوراق کو آثار استاد کے طور پہ کتاب کی صورت دیکر مزید نقلوں پر نقلیں تیار کروالی جاتی تھیں آخر کیونکر خوش خطی کا اتنا مبسوط نمونہ چھوڑ جانے کا وقت پاسکتا تھا اس پر تامل کی چنداں سعی بلکہ فکر تک کسی نے نہیں کی۔

۱۵۔ متذکرہ قسم کی یادداشت سے واسطہ پڑنے پر اُس کی ادّعای حیثیت اور اس کی ایسی نسبت کو بطور اصلی یا حقیقی تسلیم کرنے کا سوچنے سے بھی پہلے پہلے دیکھ لینا ناگزیر ہے کہ دعوٰے خود بھی منسوب ہی ہے یعنی ایک ایک صاحب قول میں سے کسی کے اپنے ہاتھ کی کوئی تحریر کجا دستخط تک ثبت نہیں ہے لہذا اس رائے کا ان افاضل سے موسوم ہونا ہی سنجیدگی سے سوال طلب ہے کہ اس کی بنیاد بنا کر خود غزالی سے اس مجہول و مجعول نسبت کی عمارت کھڑی کردی گئی ہے۔

۱۶۔ صدیوں بعد یعنی عالمگیری عہد اور دور افتادہ ہندستان کے چند علما کا اس قلمی کتاب کو خود مصنف کی تحریر باور کرنا آثار و قرائن کے کسی معتبر و مستند حوالے کے بغیر ہرگز قابل عذر نہیں معلوم ہوا خواہ ان سے موسوم اقوال کی ایسی نسبت یا اس کی اصلیت فرداً فرداً ثابت اور قبول بھی کی جائے۔ یہ عدم احتیاط اس امر کا صاف بیّن اور کلّی ثبوت فراہم کرتی ہے کہ صاحب کتاب کی اپنی ذاتی تحریر یعنی خطاطی یا کتابت کی طرف نسبت کے تئیں خوش عقیدتی نہیں تقاضائے احتیاط کے ساتھ غور و خوض لازم ہے۔ اس غرض سے ملحوظ رہے کہ حسنِ ظن یا مرعوبیت کے بجائے متانت کے ساتھ چند اور سوالات بھی زیر نگہ بلکہ ذہن نشیں رہیں :

(الف)۔ آیا خود نوشت ہونے کی ادعای نوعیت کو قوی و مستحکم کرنے والے شواہد کو مصنفِ کتاب اور صاحب نسخہ کے کسی قابل اعتماد ہم عصر نے خود مرتسم کیا اور یہ مشاہدہ یا تاثر یا دعویٰ اگر معاصرت سے محروم ہے تو کیا مستند و مسلم ورثا و اخلاف یا کسی شاگردِ عزیز و ارشد یا پھر کسی اور معتبر و معتمد شخص کا ہے ؛

(ب) آیا صاحب کتاب کا کوئی اور خود نوشت جزو یا نسخہ بازیاب ہوا ہے جس کے ساتھ معائنہ مقابلہ و مقایسہ ممکن ہو۔

(ج) زیرِ تجزیہ و تفتیش اور دوسرے مسلم الثبوت طور پر خود نوشت مصنف مسودات یا مبیضوں میں فرق و اختلاف اور بصورت دیگر مشابہت و مماثلت کے اہم اہم نکات کیا ہیں اور کس حد تک ان سے اثبات و نفی کے فیصلے کے لیے تعرض یا اعتنا ممکن العمل ہو سکتا ہے۔

۱۷۔ داعیہ خود نگاری اور مبینہ و مفروضہ عرصۂ تحریر نسخہ میں تفاوتِ زمانی اگرچہ ایک عشرہ دو سے زاید اور پھر اتنا زیادہ ہی واقع ہو جیسا کہ مخطوطہ خدا بخش کے ضمن میں وارد ہوا تو ان تمام تر ممکنات اور مضمرات کو بھی ذہن میں تازہ رکھنا لازم ہوگا جو علمائے فن کے مکاتیب سے ہویدا ہیں۔

۱۸۔ صورتِ معاملہ یہی ہو تو پھر ایسی روایت کے زمانی تسلسل کا سوال اہمیت اختیار کر جائے گا اور مرورِ ایام کی وجہ سے کسی سلسلۂ بیانات کا ایک قلمی کتاب پر متصل پایا جانا یعنی درست طور پر اور محفوظ حالت میں عموماً بڑا غیر ممکن ہی ہوا کرتا ہے۔

۱۹۔ راویوں کی زوردار فہرس یا ان کی علمی ناموری اور شخصی شہرت سے متاثر ہوئے بغیر جیسا کہ زیرِ معروضہ واقعے میں ملوث کیے گئے نام اچھے خاصے مرعوب کن ہیں نیز ان کی بلندیٔ درجات کا بھی وزن محسوس کیے بغیر آزادانہ غور و فکر کے ساتھ علمی اور سوانحی پہلوؤں کی صداقت شعارانہ دریافت کو فریضہ جان کر حقائق کا جسور اور جری انداز میں سامنا کرنا اور ثابت قدمی و استقلال کی ہمت اپنے میں پیدا کرنا بھی مساوی طور پر لازم و ملزوم ہے۔ وگرنہ طالب علمانہ جسارت بلکہ فیصلہ کن جرأت کے ساتھ رائے اختیار کیے اور اس پر مستقل مزاجی سے قائم رہے بغیر ساری جانکاہی بے روح و بے جان ہو کر رہ جائے گی۔

۲۰۔ چنانچہ یہ اندازہ لگانا بھی کچھ کم اہم و ضروری نہیں کہ مدتِ مدید بعد اگر کسی نے ایک نسخے کو خود نوشت مصنف اور بغیر ٹھوس نظایر ظاہر کیا ہے یا اور کسی سے ایسا بیان منسوب کر دیا ہے تو دونوں ہی نسبتیں حسنِ عقیدت کی کرشمہ سازی اور کورانہ تقلید کی پیدا کردہ خوش فہمی یا غلط فہمی تو نہیں ہیں۔ ایسی خوش خیالی یا جامد سی تقلید بلکہ اندھی عقیدت کے مظاہرے سے خود بھی مرعوب ہونا گیا محض اثر ہی لینا علمی و تاریخی تحقیق و تصدیق کے تقاضوں سے دیدہ و دانستہ روگردانی اور بے بنیاد دعوے کا سلسلہ آگے بڑھانے کا سبب بن جائے گا۔

۲۱۔ ان پہلو دار نکات کے ساتھ ساتھ اور ان کے علاوہ بھی کئی اور منفی و مثبت رخ نئی سے نئی پیشرفت پر رونما ہوتے رہیں گے جن سے مرحلہ بہ مرحلہ خوش اسلوبی سے عہدہ برآ ہوا جا سکتا ہے۔ عرض کرنے کا

منشا یہ ہے کہ یہ احتیاط بھی شرطِ اوّل ہی ہے کہ جلد از جلد کسی نہ کسی نتیجے کو اخذ کرتے ہوئے حل طلب معاملات کو بعجلت امکانی فیصل کردینے کی خواہش اور کوشش گمراہ بھی کر سکتی ہے جو غلط نتائج تک پہنچنے کا باعث ہوگی۔ ناصبوری علمی تحقیقات کے کسی بھی منصوبے کو کامرانی سے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے سلسلے میں بہرطور نامناسب رہے گی کیونکہ اِن کاموں کی اپنی نوعیت صبر آزما اور ہمت آزما ہوا کرتی ہے۔ منصوبہ جامعاتی سطح پر باضابطہ منظور کیا ہوا ہو تو متعینہ مدّت کو شروع سے ہی نگاہ میں رکھنا چاہیے۔ البتہ حسب موقع و ضرورت اس مقررہ عرصے میں ایک دو سال کی توسیع کی اجازت نگرانِ کار اور صدر شعبہ کی وساطت سے ملنا غیر ممکن نہیں ہوتا ہے۔

مردم ثقاۃ عالمگیری کا عبور و تبحر علمی اور مرتبہ و مقام :

اپنے بے حد حقیر اور واحد تجربے کی اثنا میں سامنے آنے والے رویوں کی بنا پر عرض کرنا پڑ رہا ہے کہ بڑے بڑے ناموں کے تئیں ذاتی عقیدت کے زیر اثر مقلدانہ اور جانبدارانہ ذہنیت سے جو جبلی باقی سلسلۂ روایت کے گنبدِ بے در میں داخل ہونا اِس پورے دقت طلب عمل کا سخت سے سخت حوصلہ آزما ہی نہیں باقاعدہ اور بہت زیادہ ہمّت شکن مرحلہ بھی ہوا کرتا ہے یہ اس لیے کہ علمی تدقیق کے سنگین تر معاملات و مسائل بلکہ اشکال تک کو جذباتیت اور سطحیت سے مغلوب اندازِ فکر سے ملوث کردینے کے نتیجے میں روایت شکنی سے لے کر دنیائے علوم کے سلاطین سلف کے تئیں بت شکنی کے بھی مرحلوں سے گزرے بغیر کوئی اور چارہ کار نا ممکن ہوتا ہے۔ فنی پڑتال اور پرکھ کے علمی تقاضوں کے بالمقابل عقیدت کیشی اور ذاتی مرعوبیت کی عملاً سرے سے کوئی قیمت یا وقعت نہیں ہوا کرتی ہے اور ایسے خاص مسئلے پر شخصیت پرستانہ جذبات کو رہ نما بنا کر منزلِ مقصود پر کبھی نہیں پہنچا جا سکتا۔ صاف سیدھا نتیجہ ظاہر ہے کہ یا تو "صورت نہ پرستم من، بت خانہ شکستم من" کی مجسم تصویر بننے کی جسارت کرنی پڑ جاتی ہے یا پھر سجدۂ سہو کر کے جستجو و تفحص اور تعاقب و تنقیح کی بساط لپیٹنی پڑ جائے گی مگر صورتِ احوال اس مصرعے سے مختلف کہاں ہوگی کہ بس ہو چکی نماز مصلےٰ اٹھائیے۔

صدرِ کابل مرزا محمد زاہد اور ملا عبدالحکیم سیالکوٹی نیز میران محمد فاضل گجراتی کے تعارفی حوالوں سے قبل یہ معروضہ ضروری ہے کہ دراصل یہ شاہ جہانی علماء تھے لیکن نسخۂ "کیمیائے سعادت" کی روایت کے عالمگیری ہونے کی بنا پر یہاں اس مطالعے کی حد تک اس شناخت کو اس خیال سے باقی رکھا گیا ہے کہ مثلاً

اوّل الذکر عالمگیر کے دور میں صدرِ کابل ہوئے۔ ان بزرگوں کے ذاتی اور صفاتی حالات مظہر ہیں کہ یہ کتنے بڑے عالم فاضل اور متدین رجال تھے اور ان کا فرمودہ بطور قولِ صادق بلکہ قولِ فیصل قبول کیا گیا۔ یہاں یہ پیش بندی اور شرطِ اوّل یا پیشگی احتیاط لازم و ملزوم ہے کہ بشرطیکہ اس قول کی ان حضرات سے فرداً فرداً نسبت کا قرار واقعی انداز میں درست ہونا مسلّمہ یا ثابت شدہ تسلیم کیا جاسکے۔ سابقہ عنوان کے معروضوں کے اخیر میں جیسا کہ صراحت کر دی گئی ہے ان اقوال کی ان تینوں بزرگانِ وقت سے نسبت ہی بذاتِ خود بہت زیادہ سوال طلب ہے یہ اس لیے کہ خود اس کو منسوبات میں سے قرار دے کر اسی کی مشکوک و مجہول حیثیت کو نقد و نظر اور جرح و تعدیل کی کسوٹی پر اچھی طرح پرکھے بغیر اس کو بطور ایک ناقابل تردید روایت قبولیت کا شرف بخش دیا گیا۔ راقم حروف نے مخطوطے کی اصلیت کی تحقیق پر جائزوں میں صرف بنیادی نکات تک مباحث کو محدود و مختصر رکھا تو بھی طوالت کی نذر ہو کر رہے، اس لیے اس گتھی کو سلجھانے پر توجہ ممکن نہ ہو سکی تھی۔ جعلی منسوبات کی بحث میں یہ مسئلہ آج بھی حل طلب ہے کیونکہ کسی طور اشتباہ سے بالاتر نہیں ہے۔ گزشتہ مطبوعہ سقیم و ناقص سی تحریروں اور معروضات ہذا میں بھی اس کی نوعیت ضمنی ہے۔ چنانچہ اس جانب مزید وقت صرف کرنے کے لیے گنجائش فی الحال نہیں نکالی جا سکی سرِ دست یہ تعارف ملاحظہ ہو جو ان تینوں شخصیتوں پر "الغزالی اور کیمیائے سعادت" نامی تحقیق کے متعلقہ باب سے خلاصۂ ذیل کی صورت پیش کیا جا رہا ہے۔

۱۔ میرزا محمد زاہد مرحوم صدرِ کابل، مراۃ العالم[۴۳] سے "فرحت الناظرین"[۴۴] کے تراجم شخصیات کا مستفاد متن کم از کم میرزا ہد سے متعلقہ حد سے زیادہ ماخوذ بلکہ قریب قریب سارا ہی لفظ بہ لفظ منقول ہے جو تذکرہ نویسی کے عام طریقے سے مختلف نہیں ہے گو دیگر افراد کے ترجموں میں اکتسابی عمل اتنا زیادہ کورانہ یا مقلدانہ نہیں ہے۔ ترجمہ[۴۴] "فرحت" میں دونوں میں مذکورہ میرزا ہد کے علمی تبحر خاص کر معقولات میں عبور پر اشارات کے علاوہ اضافی حوالے درج ہیں۔ استاذ الاساتذہ اور بڑے مصنف نیز امہات کتب کے شروح نگار تھے مرزا محمد اسلم قاضی کابلی[۴۴] کے بیٹے تھے، کابل کے ہی صدر قاضی ہوئے اور وہیں ۱۶۸۹ / ۱۱۵۱ میں فوت ہوئے۔ میرزا محمد زاہد کے تذکار کم از کم ایک درجن مصادر میں ملتے ہیں جیسا کہ مترجم[۴۴] "فرحت" اور مقالہ نگار[۴۵] اردو انسائیکلوپیڈیا اسلام کی فہرستیں شاہد ہیں۔ ڈاکٹر زبید احمد سے مترجمہ کتاب میں مندرجہ سوانح اور متذکرہ انسائیکلوپیڈیا کی بھی رو سے میرزا ہد کی عربی کتب معقولات کے علوم پر داخل

نصاب اور مقبول و متداول رہیں۔ ادبیاتِ عربی مسلمانانِ برصغیر کے فاضل مبصر[۴۸] نے بھی مرتبہ علمی کی وضاحت کی ہے۔ ان کے فضل و کمال اور عالی منزلت مقام کے باوجود نسخۂ "کیمیائے سعادت" پر ان کا ارشاد بشرطیکہ یہ قول ہی ان سے بالکل صحیح طور پر نسبت رکھتا ہو حیران کن ہے کیونکہ یہ رائے نہ تو ان کی اپنی کوئی سند رکھتی ہے اور نہ ہی گذشتہ اسناد کا کوئی حوالہ سوئے اتفاق کہ علاء الدین الایجی کی علم الکلام کی عربی کتاب "شرح المواقف" کی شرح موسومہ "حاشیہ[۴۹] علی الامور العامہ من شرح المواقف" کے جید مصنف کو ایک فہرس میں ان کا نام نامی درج کرتے ہوئے بھی "نامعلوم[۵۰]" قرار دے دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ میر زاہد کی اس تصنیف پر بھی کئی ایک حاشیے چند اسکالروں نے تحریر کیے تھے مثلاً: قاضی مبارک نیز حیدر علی اور خان ملا جو ایک کتابیات میں درج ہیں۔[۵۱]

۲۔ مولوی عبدالحکیم۔ پاکستان کے ماضی قریب کے بطل جلیل اور صاحبِ تصانیف کثیرہ ملا عبدالحکیم سیال کوٹی کے سوا شاید ہی کوئی اور بزرگ اس اسم گرامی کے حامل اور مقصود رہے ہوں۔ بنیادی طور پر عربی کی بہت بڑی عالم فاضل اور لائق فائق ہستی ہونے کے باوجود مسلمانانِ برصغیر کی نہ صرف عربی[۵۲] ادبیات بلکہ فارسی[۵۳] ادب کی بھی تاریخ اور فارسی کی پاکستانی[۵۴] تاریخ میں بھی اس فردِ فرید کا تعارف ملتا ہے" اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ" میں کوائف[۵۵] ڈاکٹر زبید احمد کے قلم سے اور تفصیلات[۵۶] ڈاکٹر امین اللہ وثیر کی مصنفہ قابلِ استفاضہ ہیں۔ آخر الذکر اسکالر اس رجلِ رشید پر ڈاکٹریٹ کر چکے ہیں۔ مرآۃ العالم[۵۷] سے "فرحت الناظرین" کے متن[۵۸] اور ترجمے[۵۹] میں بھی معلومات کا اضافہ ہے جبکہ انڈو پرشین ڈکشنری[۶۰] اور ڈاکٹر زبید احمد کی محولہ سابق کتاب[۶۱] میں مختصرات پر اکتفا ملتا ہے۔ مولوی عبدالحکیم کے نسخہ "کیمیائے سعادت" سے متعلقہ تاثر کا بھی حوالہ درجۂ استناد سے ان دونوں لحاظ سے محروم ہے کہ نہ تو ان سے موسوم بیان منسوبات کی سطح سے بالاتر معلوم ہو سکا ہے اور نہ ہی ان کی اس تاثر میں تمولیت کسی مسلّمہ سند کی گواہی پر مبنی ہے۔

۳۔ میران محمد فاضل گجراتی۔ صاحبِ "مرآۃ العالم" کے ہاں غیر مذکور ہیں[۶۲] اور ممکن ہے علمی اور یا تصنیفی اعتبارات سے اتنی بڑی شخصیت نہیں رہے ہوں۔ اغلب ہے کہ "سید فاضل خاں گجراتی" مراد ہیں جیسا کہ مؤلف "فرحت" کے "مشائخ عظام" میں قرار دینے سے خیال ہوتا ہے کہ اس نے "گجرات خورد" کا مقیم بتایا ہے جو شاید پاکستانی گجرات ہی ہو کیونکہ قبل ازآں متذکرہ شاہ دولا کو بھی گجراتی ہی لکھا ہے۔ تاہم

متن اور ترجمے میں 'سید فاضل خان گجراتی' کی زندگی اور خدمات کی کیفیت مذکور نہیں ہے اور کسی اور ماخذ سے بھی حال برآمد نہیں ہو سکا ہے۔ ممکن ہے علوم کی عقلی اصناف یا پھر نقلی شاخوں سے میران محمد فاضل گجراتی مرحوم کا بھی تعلق تصنیفی و شرحی اور تدریسی کسی نہ کسی نوع کا رہا ہو یا پھر صرف طبقہ مشائخ سے ہی تعلق رہا ہو جن کا اور کوئی تذکرہ زیر نگاہ نہیں ہے۔

علوم معقولات کے ان عالم گیری اکابر سے موسومہ آرا کے تعلق سے اسناد اور استناد و استشہاد کا بھی سوال جس قدر مہم ہے علانیہ ظاہر ہے اور اس کے شافی جواب کی عدم موجودگی میں ان رایوں کی اپنی حیثیت نہ صرف یہ کہ شک و شبہہ سے محفوظ ہرگز نہیں ٹھہرتی ہے بلکہ محض اور فی الواقعی الحاقی اور جعلی و مجہول گویا اصطلاحًا منسوبات میں سے ہی طے پا سکتی ہے۔ بادی النظر میں یہ رائے اور متعلقہ فضلائے سے اسکی نسبت بھی جیسا کہ اس روایت کے اپنے الفاظ گواہ ہیں خارجًا مسموع، شدہ ہے جس میں غزالی اور ان تینوں علماء کے بھی تئیں مجرد شخصی عقیدت کا مل دخل خاصا قابل فہم ہے۔ تینوں حضرات اپنی بزرگی اور علمیت نیز مرتبت اور ثقاہت کی وجوہ سے قابل صد احترام تھے اور وہ خود غزالی کی عظیم علمی و دینی ہستی کے ذاتی طور پر بے حد معتقد تھے۔ اگر انھوں نے خود بھی پیشروؤں سے نسخۂ ہذا کی بابت سنا تھا تو بر بنائے گمان نیک مزید تفحص کی ضرورت محسوس نہیں کی، اور بالکل یہی صورتِ حال ان کا قول راست یا چند واسطوں سے سن کر سرورق پر ثبت کرنے والے ان کے معتقدین کے بھی ساتھ یقینًا رہی۔ انھی دوسرے یا تیسرے واسطے کے راویوں نے جن سے بھی یہ بات سنی ان کی اپنی تحریر حاصل نہیں کی اور زبانی کلامی ہی یہ روایت آگے منتقل کی حتیٰ کہ کسی نے حسنِ ظن یا حسنِ عقیدت کے زیر اثر وفور جذبات میں چند بزرگوں کے نام لے کر تصدیق و توثیق کے بغیر اس بابت خود تحریر کر دیا۔

روایت اور اس سے استدلال، راوی کی حیثیت اور اس سے سند نیز روایت کی درایت اور اس کے متعلقات ایک ایسے عنوانیہ کی تشکیل کرتے ہیں جو خواہ مذہبی روایات میں ہی بکثرت مستعمل ہو اسلامی علوم اور ادبیات میں اس کی کارفرمائی اور قیمت پر معلومات عام بھی ہیں وافر بھی۔ چنانچہ اس ضمن کی تفصیلیں یہاں اضافی ہی رہیں گی بلکہ ان پر اختصارات بھی تحصیل حاصل اس لیے اور چند گوشوں کی طرح انھیں بھی قلم انداز کرنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے کہ یہ چند صفحے مزید طولِ کلام کے شاید ہی متحمل ہو سکیں۔ علوم و ہنر اور فنون و ادب کے غیر متعلق کسی بھی شعبے کے بڑے سے بڑے عالموں سے رائے لے کر اپنے

خیالات کے حق میں اسکو استعمال کرنا کس درجہ پُرخطر رجحان ہے خوب عیاں ہو چکا ہے۔

دو سو سال سے زائد بعد ہمارے اپنے وقتوں کے جن ماہرین شعبہ سے رجوع کیا گیا وہ خاص مخطوطہ شناسی کے علمائے دہر ہیں اور اس بنیادی حوالے سے ان کا شمار رواں صدی کے اس نصف آخر کے مردم تقاۃ میں ہی ہوتا ہے۔ ان کے تحریری افادات فنی وعلمی اور تحقیقی ان سبھی اعتبارات سے کمال و تمام اور جامع و مانع ہیں چنانچہ آج ان کے فرمودات قولِ صادق بھی ہیں قولِ فیصل بھی۔ جن پر کامل اعتماد اور انحصار ہی ناگزیر نہیں ہے بلکہ اصرار وارتکاز بھی ایک محسوس سی ضرورت ہے۔ مرعوبیت اور شدت و غلو در کنار عام انسانی سطح کی شخصی عقیدت سے بھی گریزاں رہتے ہوئے معقولات و منقولات کے شعبوں کی مقتدر ہستیوں میں سے کسی کو حکم بنانے کا راقم نے سوچا تک نہیں اور صرف جدید منہاجات پر عامل بزرگانِ کار سے رجوع رکھا اختتام سے قبل عرض کر دینا ضروری ہے کہ اپنے وقت کے اکابر معقولات کی طرف بر خود غلط طور پر منسوب اس پُرزور دا عیے کے یکسر قطع نظر بلکہ ایک دم برعکس اور بالکلیہ برخلاف نسخۂ خدا بخش نہ صرف یہ کہ خطِ غزالی کا نمونۂ تحریر ثابت نہیں ہو سکا ہے بلکہ اس کا بطور ایک قلمی کتاب ہی قدامت اور دیگر خصائص حیثیت کسی لحاظ سے قابل توجہ اعزاز و امتیاز کا مالک ہونا بھی بایدو شاید ہی ہے۔ حسن اتفاق کہ مسودۂ ہذا کی مبیضہ نویسی کی ہی اثنا میں ابتدائی جستجو کے زمانے کا پروفیسر نذیر احمد کا ایک[بھی] اور مطالعہ بدست ہوا ہے جو برصغیر کے عہد مغول کے ان مخطوطوں پر ہے جو چند در چند وجوہ سے منفرد ہیں۔ ڈاکٹر نذیر احمد نے اس تعارفی و تجزیاتی روداد میں "کیمیائے سعادت" خدا بخش کے داعیۂ خود نوشت کو قدیم مصنفین کے زیر تذکرہ قلمی مسودات کے بالمقابل نہیں پیش کیا کیونکہ وہ پیشرو مقالے میں فنی بنیادوں پر اس کی ادعائی نوعیت کو ناقابل اعتنا قرار دے چکے تھے۔ صاف واضح ہے کہ یہ ایسی خصوصیات سے متصف ہرگز نہیں ہے جو بہرکیف خطی نسخوں کے ممتاز اوصاف میں سے ہوں۔ خود نوشتِ مصنف ہونے کے دعوے کے بھی صرف نظر یہ اگر کوئی سا امتیازی وصف از قسم خطاطی یا نادرہ کاری اپنے اندر رکھتا تو تقابل کے بطور اس کا تذکرہ آسکتا مگر اس لائق بھی نہیں نکلا۔

"کیمیائے سعادت" کے قدیم ترین مخطوطات مکتوبہ ۶۰۰ تا ۶۸۴ھ :

نسخۂ خدا بخش کی بطور خود نوشتِ غزالی نسبت کی اصلیت پر تحقیق و انتقاد کے دوران راقم "کیمیائے سعادت" کے قدیم ترین محفوظات کے کوائف کے لیے بھی خواہاں و کوشاں رہا۔ البتہ معلومات

کی پیش رفت زیادہ نہ ہونے کے باوجود تفصیل کجا اشارتی اطلاعیں بھی متعلقہ جائزے میں نہ آسکیں
بڑی وجہ تو اس مطالعے کی اپنی ضخامت تھی جس نے ابتدائی صورت میں "خدا بخش جرنل" ۴۰ کے دو جزو
نیز مزید اقتباسات اور خطوط کے عکسی اضافوں سمیت 'دانش' کے 'پروفیسر غلام سرور نمبر' کے بھی
تین جزو لے لیے تھے۔ دوسرا سبب یہ کہ محصلہ کیفیات کی تشنگی کے مدِ نظر مزید مراسلتی جستجو کی ضرورت تھی
جو بعد کے عشرے میں پوری نہ ہوسکی۔ اس سے پہلے کہ یہ باعثِ تاخیر جمع شدہ ذخیرۂ مکاتیب کی کرم خوردگی
اور ان کے حقیر مخاطب وجامع کے خود بھی کیڑوں کی خوراک بننے کی وجہ میں بدل جائے اس کاوش ناتمام کے
مختصر مفید نتائج کا عام کرنا بہر طور ناگزیر محسوس ہو رہا ہے۔ چنانچہ مکتوبہ و مطبوعہ اور عکسی مخطوطہ ذرائع سے
ملنے والی کیفیتوں کو اقتباس کیا جارہا ہے تاکہ کتاب کے اولین معلوم نسخوں پر یہ مختصرات یکجا سامنے آجائیں
اس مجمل اور بہرحال تشنہ احوال کو بطور خام حال یا ابتدائی اطلاعات استعمال کرتے ہوئے جدید فعال
اربابِ تحقیق ضروری تفصیلوں کی جمع آوری اور ان کا افادہ عام کرنے کا بھی اہتمام فرمائیں تو یقیناً خوب ہوگا۔

اولاً عرض ہے کہ ایک صد سے زاید تذکرہ ہائے فارسی قلمیات اور اتنے ہی عام شرقیاتی کیٹلاگوں
کی کل سینکڑوں جلدوں سے اخذ کرکے "کیمیائے سعادت" کی جامع فہرستِ نسخ تیار ہو تو قدامت نیز
خصایصِ املا اور مجموعی خوبیوں کی انفرادی درجہ بندی کرکے اور اجتماعی اعتبارات سے بھی تقریباً مکمل
و حتمی ہوسکے گی۔ تقریباً اس لیے کہ اس خالص کتابی منصوبے کے لیے صرف مطبوعہ ذرائع پر ہی منحصر
رہنے کے بجائے کم از کم ایک سو سے زیادہ بڑے بڑے مشرقی و مغربی اداروں اور ذخیرہ اندوز جامعوں
سے بھی راست ربط ضبط لازمی رہے گا، اس طرح فرداً فرداً امتیازات و اعزازات کے نیز عددی لحاظ
سے بھی ممکنہ حد تک نو دریافت اضافوں سمیت تکمیل کی جاسکے گی۔ مخطوطوں کے انفرادی اعزاز یا امتیاز
وصف سے مراد تینوں ہی عرض کردہ خصوصیتوں کی ذیلی یا شعبہ وار تقسیم ہے جس کا اجمالی حوالہ بھی پر تکلف
سا ہوگا۔ اس لیے ان انواع کی نشاندہی پر قانع رہنا پڑتا ہے۔ مثلاً تاریخی معتبری یعنی خود نوشت نسخ
جس کا امکان کم سے کم لفظوں میں ظاہراً معدوم ہی ہے، ہم عصر اور فوراً بعد کی گویا ساتویں صدی ہجری کی
نقول، اہم اشخاص اور بڑے بڑے خطاطوں کے بدست اور بڑی شخصیتوں کے لیے تیار کردہ یا ان کی
تحویل میں رہنے والے نسخے، املای خصائص کے حامل مخطوطے، کتابت یا خط کی خوبیوں کے ساتھ مثلاً
مذہب اور قیمتی یا خوبصورت جلدوں والے، علیٰ ہذا القیاس اندازہ فرمائیے کہ ایسی سبھی تاریخی قلمیات
نشان زد کرنا کس درجہ ضروری و اہم ہے۔

لاریب کہ یہ ایک عامۃ الورود سی ضرورت ہے جس کا تقاضہ صرف امہات کتب ہی نہیں علوم و ہنر اور فنون و ادب کے کسی بھی شعبے کی قابل قدر نقول کے لیے اعلانیہ محسوس ہوتا ہے۔ سال میں "کشف المحجوب کے قلمی نسخے تاریخ وار / بلا تاریخ" شیخ ہجویری کے سوانحی محقق ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی کی کاوش سے ان کی ڈاکٹریٹ کے ایک جزو کے بطور درج فہرس ہوئے ہیں[۶۵]۔ تاہم کیمیائے سعادت کے لیے یہ تگ و دو متعلقہ و مطلوبہ وسایل کی فراوانی سے مشروط ہے اور ادارتی سطح پر کامیابی کا امکان زیادہ اچھی طرح روشن کر سکتی ہے۔ ایک طالب علم و ادب کی اپنی حیثیت کسی دشت بے اماں میں آبلہ پا بے وسیلہ رہ نورد شوق سے زیادہ نہیں ہو سکتی ہے اور وہ ان اوراق پریشاں میں زیر نظر جیسی ناقص و سقیم سی کارکردگی کے سوا کیا دے سکتا ہے جس کے لیے برسوں سے پیشرفت غیر ممکن ہو۔

برٹش میوزیم کے سابق سربراہ شعبۂ قلمیات و مطبوعات مشرق Oriental Printed Books & Mss Deptt جی میریڈیتھ اوونیس نے بانکی پور نسخے پر اپنے عمیق نظرانہ اظہارات سے مستفید کرتے ہوئے قدیم ترین خطی نقول پر بھی بالفاظ ذیل فیض یاب کیا تھا:[۶۶]

> There is no reliable means ascertaining the date of an early Persian Manuscript within a century The earliest known Persian Ms at Vienna dated 1056 A D is in a hand like Kufic the next in date 1085 at Oxford looks quite modern but a copy of the Tarjuman al-Balagheh at Istanbul dated 1114 looks even more archaic than the Oxford Ms

ڈاکٹر محمد نظام الدین اور پروفیسر نذیر احمد صاحبان سمیت دیگر علمائے فن کی بھی آرائے گرامی کی رو سے یہ مسائل ہمیشہ ہی ماہرین کو در پیش رہتے ہیں۔ ان افادات کی تفصیل ابتدائی تحریر میں منقول ہو چکی ہے جس کا اجمالی اعادہ بھی یہاں طوالت و تکرار پیدا کرے گا۔ ان پہلو دار اور باہم دگر لازم و ملزوم امور و نکات کو محولۂ آئندہ نسخوں کے ضمن میں ذہن نشین رکھنا مثبت و افادی رہے گا۔

مخطوطہ شناس عالم و محقق سی اے اسٹوری کے تذکرۂ نسخ متعلقہ سوانحیات و کتابیات فارسی ادب کی جلدوں[۶۷] میں "کیمیائے سعادت" اور ہم موضوع تصانیف کا اندراج نہ تھا۔ خیال تھا کہ صوفیانہ ادب کی مجلدات زیر تالیف ہوں گی اور فاضل اسکالر سے احتیاطاً رجوع کر لیا جائے۔ ناشرین و زاک سے پتے کی گذارش کی تو معلوم ہوا کہ وہ اصولاً مصنفین کے پتے ظاہر نہیں کرتے اور ان کی معرفت

لکھا جائے تو وہ خط کی ترسیل کا انتظام کر دیں گے۔ بنا بریں لوزاک سے ہی عرضِ مدعا کیا گیا چنانچہ انھوں نے اسٹوری سے آئندہ جلدوں کی بابت دریافت کر کے لکھا:[۱۸]

We have communicated with the author, and his reply is as follows
"Parts of Persian Literature hitherto published, do not include a volume on ethical works whether any such volume will ever be published, seems doubtful "

اسٹوری کی رحلت ۱۹۶۷ پر ایک اور خاور شناس اسکالر ڈی برین نے مرحوم کی مجموعہ آوری کی تکمیل کا بیڑا اٹھایا اور طبی مخطوطوں کی جلد ۱۹۷۱ میں طبع کی۔ بقول ڈاکٹر غلام حسین تسبیحی ۱۹۹۱ تک پروفیسر برین کا یہ اضافی منصوبہ جاری تھا جب کہ اسٹوری کی پہلی دو جلدوں کا ترجمہ روسی ایڈیشن بورشیوسکی اور وائی بریگل نے ماسکو سے ۱۹۷۲ میں اضافوں اور اشاریوں کی تیسری جلد کے ساتھ شائع کیا۔ اس کا روسی ہی سے فارسی ترجمہ دونوں اصل جلدوں کی حد تک احمد منزوی اور یحییٰ آرین پور وغیرہ کا تہران سے ۱۹۸۳ء میں مطبوعہ ہے۔ غرضیکہ بادی النظر میں اسٹوری کی متعاقب جلدیں بھی تصوف و متعلقات کا جزو نہیں رکھتی ہیں۔ اردو انگریزی فارسی میں مطبوعہ تذکرہ ہائے فارسی قلمیات مخزونہ برصغیر اور یوروپ و برطانیہ نیز استاد احمد منزوی کی مجلدات "فہرست مشترک نسخہ ہائے خطی فارسی پاکستان" کے حصہ سوم متعلقہ "گنج بخشِ عرفان" اسلام آباد ۱۹۸۴ سے بھی کتاب کیمیا کی قدیم نقول کے اندراجات برآمد ہو سکتے ہیں۔ ٹیپو سلطان کے شاہی کتب خانے کے چارلس اسٹیوارٹ کے مرتبہ کیٹلاگ کیمبرج ۱۹۰۹ کے صفحہ ۴۹ کی نیشنل لائبریری کلکتہ سے تین دہائی قبل محصلہ ٹائپ شدہ نقل کے مطابق "کیمیائے سعادت" کا ایک نسخہ محفوظ ہے جس کی تاریخ اور دیگر کیفیت بھی غیر مذکور ہے مگر خط نستعلیق لکھا ہے جو گیارہویں یا بارہویں صدی ہجری یا اور پہلے کا ہو سکتا ہے۔ البتہ زیادہ نہیں۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے باڈلین ذخیرے کے جرمن پروفیسر ایڈورڈ سخاو کے شروع کردہ اور پروفیسر ہرمن ایتھے کے ہاتھوں تکمیل یافتہ فارسی و ترکی اور پشتو و ہندستانی مخطوطوں کے تذکرہ مطبوعہ ۱۸۸۹ سے حالیہ موصولہ عکسی صفحہ ۸۸۵ پر ۱۱۳۸ھ/۱۷۲۵ کا نیز ختم صدی کا ایک اور اندراج ہے۔ "شاہانِ اودھ کے کتب خانے" کے تینوں اجزا کی ذیلی سرخیوں "تصوف" اور "تصوف و اخلاقیات وغیرہ" کے تحت ذکر مفقود ہے۔ مولانا محمد شفیع کے ایک سیاحتی تعارف میں بھی زیر حوالہ نہیں

ہے[۷۳] گوان کے ذاتی ذخیرے کے کیٹلاگ میں گیارہویں صدی ہجری کی نقل کا[۷۴] داخلہ ہے۔ قلمیات شیرانی سے متعلقہ تینوں جلدوں[۷۵] اور قومی ہجرہ کونسل کی دو فہرستوں میں کوئی مذکور نہیں ہے۔ ادارہ سندھیات کے تذکرہ میں بھی یہی صورت حال ہے جبکہ باغ لانگے خاں میں زیادہ پرانی قلمی کتب نہیں ہیں۔ ڈاکٹر عارف نوشاہی کی ایک فہرست[۷۹] میں صرف ایک ہی نقل دسویں ہجری صدی کی مندرج ہے جبکہ ان کی ترتیب دادہ دیگر فہرستیں مرکز تحقیقات فارسی کی متعدد مطبوعات اور خاص کر ایسی ہی فہرستوں کی طرح ناپید ہیں۔ سید خضر نوشاہی کی فہارس کے من جملہ[۸۰] ہمدرد کے مخطوطات میں کوئی نسخہ باریاب نہیں ہوا ہے جبکہ ذخیرۂ آذر[۸۱] اور مجموعۂ شوق[۸۲] کے مخطوطے زیادہ قدیم واقع نہیں ہوئے ہیں۔

تعارف نسخ "کیمیائے سعادت" ساتویں ہجری صدی :

یہاں کیمیائے سعادت" کی ان معلومہ قلمی نقول کا تذکرہ بطور اختصارات مطلوب ہے جن کا کچھ نہ کچھ احوال ساتویں صدی ہجری کے خاص حوالے سے حاصل ہو سکا ہے۔ نہ تو ان کی تعداد قابل لحاظ ہے کہ ایک درجن سے بھی کم ہیں اور نہ ہی نوعیتوں کے اعتبار سے ان کی کوئی زیادہ خوبیاں سامنے آسکی ہیں۔ اسی لیے انھیں کسی طور منقسم رکھنے کی ضرورت نہیں ہے کہ ان کی چند انواع میں درجہ بندی کردی جائے۔ ہر خطی نسخے کی ملکیت اور ظاہری یا ممکنہ تاریخ کتابت سرخی میں ہی اضافہ کردی گئی ہے تو حسب عنوان مرقومہ اطلاعات سے مستفاد ہے "کیمیائے سعادت" کے ان مخطوطات کی مفصل کیفیتوں کے لیے حسب توفیق متعلقہ کتاب خانوں کے منتظمین سے رجوع یقیناً فائدہ بخش رہے گا اور معلومات کی تشنگی دور ہو سکے گی۔ ممکنہ قدیم ترین نسخۂ کتاب مورخہ ۵۷۲ھ مخزونہ قاہرہ کی کم از کم کیفیت سے بھی لاعلمی کے سبب حاشیہ نمبر۲ میں پروفیسر شیرانی کے حوالے پر فی الحال قناعت بامر مجبوری اختیار کی گئی ہے۔

۱۔ نسخہ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۰۰ھ چیسٹر بیٹی :

پروفیسر آربری نے ایک والانامہ میں از خود متوجہ فرما کر ارشاد کیا کہ سن ندارد ہوتے ہوئے بھی وہ اس کا عہد کتابت ۶۰۰ھ قرار دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ انکی عالمانہ رائے کی بنیاد قدیمی فارسی املاء خط اور کاغذ سازی جیسے عوامل سے متعلق ان کے وسیع اور دقیع تجربے پر تھی۔ اس بابت ان کے عملی اشتغال اور مشاہدہ کو محیط مستند و معتبر مجموعہ طبع شدہ[۸۳] ہے۔ استاد آربری کے یہ فرمانے پر کہ راقم اس کو کتاب کی قدیم ترین نقول کی فہرس میں شامل رکھے اسکے کوائف کا حصول ضروری ہوگیا تھا :

Incidentally, to the list of old copies of the Kimiya, you may now add Chester Beatty Persian 302, which is undated, but which I assign to circa 600 A.H

ڈبلن آیرلینڈ میں واقع اس کتب خانے کے اعزازی ناظم ڈاکٹر R.J. HAYES نے مطلع کیا کہ یہ خطی نقل پروفیسر آربری کی ہی جامعہ میں محفوظ ہے اور ممدوح سے عرض کرنے پر انھوں نے برٹش میوزیم کے کیپر شرقیات میریڈتھ اوونس کو متوجہ فرمایا۔ فاضل موصوف کو راقم نے استاد آربری کی ہی طرح نسخۂ خدا بخش کی تصاویر اُن کی بھی ماہرانہ رائے کے لیے گزرانی ہوئی تھیں۔ انھوں نے چیسٹر بیٹی مخطوطے کی نوعیت سے متعارف کراتے ہوئے اس کو قریب ۱۲۰۰ھ کے خط و املا کا حامل قرار دیا جی میریڈتھ اوونس نے اپنے خط میں اس کی ناقص الآخر حالت پر بھی اشارہ کیا، جبکہ ابتدائی و آخری الفاظ سوادِ تحریر کی عمدگی اور کاتب کی مہارت و نظامت کا مجمل سہی ثبوت ہیں خواہ یہ کیفیت کیٹلاگ سے منقولہ ہو[۵۵]:

Here is the entry for the Chester Beatty Ms No 302 Kimiya-i-Sa'adat Circa 1200 A fine old copy, incomplete at the end —— Undated and unsigned C 1200 Folios 258, 31 9 x 23 9 cm 17 lines Fine old scholar's Naskh

۲۔ نسخۂ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۰۲ھ پشاور کالج :

ڈاکٹر عبداللہ چغتائی نے ایک مکرمت نامہ میں اسلامیہ کالج میں محفوظ نقل کو ۶۰۲ھ کی تاریخ وتحریر کا بیان[۵۸] فرمایا: "میں اس اثنا میں پشاور بھی گیا۔ وہاں اسلامیہ کالج کی لائبریری میں بھی ایک نسخہ "کیمیائے سعادت" غزالی کا ہے وہ صحیح نسخہ ہے یعنی وہ ۶۰۲ھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس کا میں نے فوٹو بھی لیا تھا۔ ابھی معلوم نہیں کیسا ہے، اگر صحیح نکلا تو ارسال کروں گا۔" تاہم ریکارڈ میں تصویر نہیں ہے اور نہ موصولی مستحضر ہے۔ محمد عبداللہ چغتائیؒ نے مزید ارشاد کیا تھا: "یعنی یہ ایک نسخہ مجھے ملا ہے۔ جس پر تاریخ ہے اور کافی پرانا ہے، مگر یہ بھی امام کا معاصر نہیں ہے"۔ پشاور سے رابطے پر سالِ املا ۶۶۸ھ بتایا گیا مگر حال میں دوبارہ دریافت کرنے پر ۶۵۸ھ لکھا گیا۔ اندازہ ہے کہ یہ تین وگرنہ کم از کم دو علیحدہ نقول

ہیں اور زیر تذکرہ خطاطی ۶۰۲ تا ۶۰۸ھ تک کی ہو سکتی ہے، تاہم ثانی الذکر کا حال الگ سے پیش ہے۔ ڈاکٹر چغتائی کی تحقیق متعلقہ برصغیر کی فارسی خطاطی کے خواص اور رجال "تاریخ ادبیات مسلمانان، فارسی ادب دوم و سوم" لاہور ۱۹۷۲ میں قابل ملاحظہ ہے۔

۳۔ نسخہ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۰۸ھ پشاور :

اسلامیہ کالج پشاور سے از سر نو خط و کتابت پر ان کے حالیہ مراسلہ کی رو سے بقول ناظم کتب خانہ "کیمیائے سعادت" کے متعلقہ نسخے کی کتابیاتی تفصیل "لباب المعارف العلمیہ" کے مطابق حسب ذیل ہے : عدد مسلسل ۹۲۷، کیمیائے سعادت" فارسی بخط قدیم۔ خط نسخ، سیاہی غیر مطموس۔ ۶۰۸ھ کا لکھا ہوا نسخہ" بظاہر یہ اختلاف سنین اشتباہ میں ڈالتا ہے لیکن یہ باور کرنے کے لیے بھی کافی ہے کہ یہ سب نقلیں جداگانہ کتابت شدہ ہیں اور اس تاثر کی حتمی تصدیق بھی تردید بھی کاتبوں کے خط کے معائنہ و تجزیہ کے عمل سے موثق طور پر ہو جائے گی کیونکہ اس خاص قلمی کتاب سے عکس کا حصول بلکہ اجرا ہی ناممکن ہے۔ عکسی نقل اور مخطوطہ ہذا کی کیفیت پر زیر نظر مراسلے میں بیان کیا گیا ہے کہ "نسخۂ ہذا کے فوٹوز کے لیے معذرت خواہ ہیں۔ ایک تو لائبریری احاطے میں فوٹو اسٹیٹ کی سہولت موجود نہیں۔ دوم یہ کہ نسخے کی حالت بھی ایسی نہیں کہ فوٹو کاپی لیا جا سکے۔

۴۔ نسخۂ کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۳۴ھ ترکیہ :

استاد سید حسین خدیوجم نے بطور مصحح کتاب جن قلمیات پر اپنے ترتیب دادہ متن کی بنیاد رکھی اُن میں ترکی کا یہ مخطوطہ بھی شریک تھا:[۸۸] درچاپ سال ۱۳۵۴ھ دو نسخہ خطی موجود در دار الکتب القومیہ قاہرہ و یک نسخۂ خطی موجود در مرکز مشرق شناسی لینن گراڈ و نسخۂ خطی مورخ ۶۳۴ ترکیہ برای تہیۂ چاپ انتقادی از کیمیای سعادت اساس قرار گرفت" پروفیسر خدیوجم نے "کیمیائے سعادت" کی تصحیح متن اور اصل ضخیم و جسیم عربی تصنیف غزالی" احیاء علوم الدین" کے بھی اولین فارسی ترجمے کے ایڈیشن کی تیاری کی خاطر طویل اور متعدد علمی و تحقیقی سیاحتوں کی زحمات گوارا فرمائیں۔ شاید محض اتفاقاً ہی استاد مغفور کے پیش نگہ قلمی متون کی تفصیل محذوف رہی حتیٰ کہ ان کی یہ قدیم ترین دریافت بھی تھوڑے بہت حوالوں سے محروم رہ گئی۔ ترکی کو پروفیسر مجتبیٰ ارمینوی کے سنہری الفاظ میں مخطوطات کی جنت سمجھا جاتا ہے اور نہیں معلوم کون سے بہشت نگاہ مجموعے سے یہ اساسی متن حسین خدیوجم کو بدست ہوا۔

شاعت کے ایک بڑے منصوبے پر عمل درآمد کے لیے قبل ازاں سے بھی معروف تھے۔ ڈاکٹر مولوی محمد شفیع نے ۱۹۵۶ء نیز ۱۹۵۸ء کے بھی سفر ترکی کی گذشتہ مذکورہ یادداشت میں ان علما کی ان سرگرمی سے روشناس کرایا۔ اس کے چار چھ برس کی اثنا میں جبکہ اس عظیم تحقیقاتی و تاریخی مساعی کے ثمرات سامنے آنے چاہیئے تھے۔ استاد احمد آتش نے تحریر فرمایا کہ استنبول کے ذخائر قلمیات تب تک فہارس سے محروم ہی تھے، گویا متوقعہ طباعتی عمل ساتویں دہائی کے شروع تک آغاز نہیں پا سکا تھا۔ البتہ پروفیسر نبی بخش بلوچ نے ترکی کی علمی سیاحت کے دوروں اور مشاہدات[۹۴] کی روداد کے طور پر استنبول کے قلمی خزینوں کی انتظامی ترقی پر روشنی ڈالی ہے گو تدوینی عمل اور اشاعتی منصوبوں کی حیثیت ظاہر نہیں ہے۔ اس رخ سے سابقہ حالت پر استاد احمد آتش کا ارشاد تھا:

The Libraries of Istanbul do not have complete catalogues, yet

۷۔ نسخہ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۵۵ھ النقرہ:

قومی کتاب خانۂ انقرہ کی سربراہ مترجمہ بہار ابا شاغل نے اپنے مراسلے میں انکشاف کیا کہ ۶۴۴ھ سے قبل کی کوئی قلمی نقول تو نہیں البتہ بعد کے مخطوطے وہاں محفوظ ہیں۔ بطور خاص زنگی بن محمد بن زنگی کے کئی متعدد نسخے ہیں اور یہ کاتب ۶۵۵ھ کے ہیں یا پھر اس سن کی نقل وہاں دستیاب ہے۔ یہ یوں ہے کہ ترکی مراسلہ بغرض ترجمہ سفارت خانہ گزارا گیا جس کے نائب معتمد نے متن کو بعینہ قالب دیا اور بات ذرا غیر واضح رہ گئی، جیسا کہ منقولہ ذیل مترجمہ[۹۵] متن سے خود ہی عیاں ہے:

In reply to your letter of 16th Oct 1962, we regret to inform you that no copies of "Kimiya-i-Sadet" written before 644 are available in our Library. However we give below the reference of those written after 644

Kimva-i-Saadet many copies have been produced by Zengi b Muhammed b Zangi Teylemi II Rebi-ul-Akhir 655

180+130+207=517 pages, 270x187 mm dimension of volume, 210x140mm dimension of writing 17 lines

Calligraphy Big Nesihk, the beginning of the chapters in red, paper Abadi dark, cover in lether with Miqlab Brown

Note Several parts were written in Nesihk Calligraphy by different persons on different kinds of paper also

۸۔ نسخہ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۶۸ھ پشاور :

ڈاکٹر عبداللہ چغتائی کی منکشف کی ہوئی اسلامیہ کالج کی ۶۰۲ھ کی نقل کے حوالے سے دریافتِ احوال پر ناظم کتب خانہ کے مراسلے میں ایک اور مخطوطہ محررہ ۶۶۸ھ کی بابت اطلاع ملی اور ظاہر ہوا کہ گزشتہ متذکرہ نسخے سے الگ واقع ہوا ہے[95] :

The copy of Kimiya-e Sa'adat of this Library was ascribed in A H 668/ A D 1211 The first five folios of the Original Manuscript are missing and have been replaced by fresh ones in later dates The final folio containing the date 668 A H is present

مورخہ ۶۰۸ ہجری کے زیرِ عنوان ایک سابقہ اندراج میں عرض ہو چکا ہے کہ حالیہ رابطے پر چغتائی مرحوم کے مذکورہ سنہ ۶۰۲ھ اور ۶۶۸ھ کے داخلۂ ہذا کے بجائے ۶۰۸ھ کی کتابت والے مخطوطے کی اطلاع آئی گویا ظاہراً وہاں کی قلمیات کی تعداد تین ہے۔ تاہم توثیق یا رد کا امکان اسلامیہ کالج پشاور سے وضاحت و تفصیل کے ساتھ درکار کوائف پر ہی منحصر رہے گا۔

۹۔ نسخہ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۷۲ھ برٹش میوزیم :

چارلس ریو کے تذکرۂ مخطوطات فارسی جلد اوّل برلن ۱۸۷۹ کے داخلہ نمبر اضافی Add 25026 کے خاص تعلق سے صرف اتنی ہی یادداشت کاغذات میں درج ہے کہ یہ نقل ۶۷۲ھ مطابق ۱۲۷۴ء کی ہے۔ باقی تفصیلات کے لیے دیگر قلمی نقول کی طرح برٹش لائبریری کے ہم نام شعبے کے موجودہ سربراہ محمد عیسیٰ ولی سے رجوع خاصا مفیدِ مطلب رہے گا۔

۱۰۔ نسخہ "کیمیائے سعادت" مورخہ ۶۸۴ھ تہران :

پروفیسر احمد آرام مصحح اوّل نے جن قلمیات کو ملاحظہ کر کے تدوین و تہذیبِ متن کا ابتدائی کارنامہ سرانجام دیا[96] ان میں مجلس شورائی ملی کا یہ مخطوطہ شاید قدیم ترین تھا۔ راقم نے کتاب خانۂ مرکزی ایرانی پارلیمان سے اس کے چند عکسی[97] اوراق حاصل کر کے نسخۂ خدابخش کی تحقیق میں استفادہ کیا تھا۔ استاذالاساتذہ پروفیسر محمد نظام الدین ناظم اعلیٰ دائرۃ المعارف جامعہ عثمانیہ کی خدمت میں دولت کدہ حمایت نگر پر حضوری و استفاضہ کے ایک موقع پر یہ عکس پیش ملاحظہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی

تھی۔ سفری یادداشت[۹۸] کی رو سے جو راقم کے ترکِ وطن کے بعد کے پہلے اور آخری دورۂ حیدرآباد کے وقت سے محفوظ ہے ڈاکٹر نظام الدین علیہ رحمت کے افادات کے یہ تین نکتے ہیں :

اس[۹۹] مخطوطے کے عکسی صفحات پر ڈاکٹر محمد نظام الدین کا اولین تاثر تو یہی تھا کہ یہ قرنِ ہفتم ہجری کے معتبر و مستند اور مسلمہ طرزِ کتابت کا ایک بڑھیا نمونہ ہے، گویا کسی دستِ عمدہ کا قلم پارہ ہے۔ دوسرے یہ کہ خط نہایت صاف ستھرا واضح اور روشن ہے اور نسخہ نہایت ہی عمدگی سے لکھا ہے۔ تیسرے یہ کہ نسخۂ ہذا کا خطاط نقط کوئی روایتی اور تجربہ کار کاتب ہی نہیں تھا بلکہ شانِ تحریر سے مشاہدے میں آتا ہے کہ وہ کوئی عالم فاضل شخص تھا جس نے یہ نقل کتابت کی۔ وہ اصول و طریقِ املا سے پوری طرح واقف و باخبر تھا گویا ماہرِ فن اور اس نے کمالِ صحت کے ساتھ کتابت کی۔ پروفیسر نظام الدین کا فارسی خطاطی اور قلمی نقول کے تنقیدی عمل کا جو وسیع اور طویل تجربہ تھا گفتگو کے علاوہ اُن کے عالمانہ شفقت ناموں سے بھی مفصل طور پر عیاں ہوتا ہے اور ان کے ملاحظات درجۂ استناد کے حامل ہیں۔

ان ایک درجن سے بھی کم مخطوطوں کی تفصیل اور دیگر نو دریافت نسخوں کی کیفیات پر ممکن ہے بشرطِ زیست مزید تلاش و جستجو کے مواقع اور نتیجتاً نئی سے نئی اطلاعیں سامنے آئیں جنھیں حسب توفیق جمع اور پیش کرنے کی کوشش مستقبل قریب میں کی جائے گی۔ نسخۂ خدا بخش خود پٹنہ کے مخطوطہ شناس اکابر اور عکس ملاحظہ کرنے والے فضلا میں سے کسی بزرگ نے اس کو غزالی کے مابعد یعنی ساتویں صدی ہجری کے سوادِ خط کا نمونہ محسوس نہیں کیا ہے۔ گویا صاحب کتاب کے بعد کی اولین قلمی نقول کے برابر زمانی تقدم کی اہمیت وہ نہیں رکھتا ہے۔ چہ جائیکہ خود مصنف کے قلم یا خط کی یادگار اس کو تسلیم کیا جا سکے۔

●●

حواشی

۱۔ پروفیسر حسن اختر ملک بطور ایک کم یاب مثال، جن کا مخطوطات سے طویل العمر شغف ہی بالآخر مرض الموت بن گیا۔ پروفیسر سجاد مرزا کی حال میں کراچی آمد پر ملاقات میں یہ صدمہ را انکشاف ہوا، مرحوم و مغفور نکلا آخری برس تبادلے پر گوجرانوالا میں مقیم رہے۔ خدا رحمت کند این عاشقان پاک طینت را۔ مدیر "فیض" محمد اقبال نجمی نے ان کی یادگار کے طور پر ان کے موسومہ ادبی مکاتیب کے ضخیم مجموعے کی صورت ایک شمارہ مختص کیا (۱) پاکستانی افاضل کے من جملہ قلمیات اور قدیم کتب سے اکتساب پر مبنی و مشتمل جدید رسوم اور مخطوطوں کی تاریخ و تفہیم کے لیے ان رجال تدقیق و تفحص کی مطبوعات سے فیض یابی ممکن ہے پروفیسر وحید قریشی "مقالات تحقیق" لاہور ۱۹۸۸ء، ڈاکٹر نجم الاسلام: "مطالعات" حیدرآباد ۱۹۹۵، مشفق خواجہ "تحقیق نامہ" لاہور اور ڈاکٹر جمیل جالبی "ادبی تحقیق" لاہور ۱۹۹۲ء۔

۲۔ پروفیسر محمود خاں شیرانی: برصغیر میں فارسی ادب سے متعلق مضامین" کی "جلد ششم" من جملہ "مقالات حافظ محمود شیرانی" لاہور ۱۹۷۲ء۔ نیز جلد اول ۱۹۶۶ اور جلد سوم ۱۹۶۸ء میں بھی رسوم خط اور طرز املاے فارسی سے متعلقہ مقالے موجود ہیں۔ کچھ تحریریں غیر مجموعہ بھی ہیں جن میں سے ایک میں یہ بے حد مفید مطلب انکشاف برسبیل تذکرہ ہو گیا ہے کہ "قاہرہ میں امام غزالی کی "کیمیائے سعادت" کے نسخے نوشتہ ۵۷۶ھ" سے پروفیسر شیرانی واقف رہے ہیں جب کہ مابعد کے کسی بھی ذریعے سے اس کا کوئی حوالہ سامنے نہیں آسکا۔ قاہرہ کے نامعلوم ذخائر میں یہ مخطوطہ آج بھی اگر محفوظ ہے اور صحیح سلامت برآمد ہو جائے تو پھر قدیم ترین نسخہ کیمیا قرار پا سکے گا۔ اس قیمتی اطلاع کے ماخذ "قرآن پاک کی ایک قدیم تفسیر" نامی مقالۂ شیرانی مندرجہ "اورینٹل کالج میگزین" مئی ۱۹۳۲ء نیز شیرانی کی مخطوطہ شناسی کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو: پروفیسر مظہر محمود شیرانی "حافظ محمود شیرانی بحیثیت کتاب شناس" در "کتاب شناسی ۱" اسلام آباد ۱۹۸۶ بصفحات ۱۱۵ تا ۱۲۱۔ بحوالہ خاص اقتباس شیرانی منقولہ صفحہ ۱۲۶۔ دیگر: ایضاً: محمود

شیرانی کا تحقیقی طریق کار" در "تحقیق : ۵" بہام شورو ۱۹۹۱ جو مسائل و معلومات قدیم فارسی نسخ کو بھی روشن کرتا ہے۔

۳۔ مولانا ڈاکٹر محمد شفیع : "مقالات مولوی محمد شفیع راجع بہ ہنروران وخط و خطاطان" جلد اوّل لاہور ۱۹۶۰ء۔ یہ اقتباسات متون سے سرتاسر مملو ہے جن کے علاوہ اور جلد دل میں بھی شریک ہیں۔ اور ان سبھی سے آئندہ حاشیوں میں زیر حوالہ رہیں گے بعنوان "مقالات شفیع جلد کلاں"۔ متن ہذا میں جلد اوّل سے غیر مذکور عنوانات (ا) "اقتباس از "خلاصۃ التواریخ": آغاز و انجام خط اصل" ص۱۵۴، (ب) "اقتباس از "مرآۃ العالم"۔ نمود اوّل در ذکر سلطان" ص۱۸۱، (ج) اقتباس از "خلاصۃ المکاتیب": در بیان تعریف خط" ص۲۷ نیز "از" مرآۃ الاصطلاح " مصنف راے رایان آنند رام مخلص" ص۲۳، آخر الذکر تصنیف کا مرتب و مہذب ایڈیشن پروفیسر ریاض الاسلام کی تصحیح اور تجزیاتی و تعارفی تقدیم کے ہمراہ سامو کراچی سے زیر طبع ہے۔ عبدالرحمٰن شاہ نواز خاں کی "مرآۃ آفتاب نما" ۱۲۱۸ھ کی فصل "ایجاد خطوط و احوال خطاطان" بصفحہ ۱۷۹ نیز ۱۷۸ اور خوش حال چند بن جیون رام کایستھ کی تاریخ محمد شاہی عرف نادر الزمانی" ۱۱۵۴ھ بھی زیر تذکرہ ہے۔ دونوں کی مشترکہ خصوصیت "مرآۃ العالم" سے لفظی خلاصہ و اقتباس ہے جس کے تقابل کے ساتھ گرفت کی ہے۔

۴۔ "مقالات شفیع"۔ جلد اوّل" خطاطان سندھ : اقتباس از "تحفۃ الکرام" تالیف میر علی شیر قانع سکہ الٰہی ٹھٹوی" ص۲۸۳۔ ابتداً مطبوعہ "اورینٹل کالج میگزین" فروری ۱۹۲۵ ص۱۳۱ بعنوان ایضاً۔

۵۔ ایضاً : "اقتباس از تذکرہ محمد طاہر نصر آبادی"۔ "باب سوم فرقہ دوم در ذکر خوش نویسان" ص۷۵؛ اولاً مشمولہ اورینٹل کالج میگزین" اگست ۱۹۳۴ء بعد۔

(ا) ایضاً۔ "رسالہ" آداب العشق" از بابا شاہ اصفہانی" تعارف مصنف و کتاب اور متن رسالہ ص۲۲۷۔

۶۔ ایضاً اقتباس از رسالہ "خط و سواد" مصنفہ مجنوں بن محمود الرفیقی" تعارفی مقالہ مع جزو رسالہ ص۱۳۴۔ اورینٹل کالج میگزین" اگست ۱۹۳۴ء میں بیشتر ازیں مندرجہ نیز مکمل متن کے حوالے کے لیے ملاحظہ ہو آئندہ حاشیہ نمبر ۱۱ متعلقہ یٰسین خاں نیازی۔

۷۔ ڈاکٹر عبداللہ چغتائی مرتب اور مصنف محمود بن محمود : "قوانین خطوط" لاہور ۱۹۶۹ء۔

دیگر: ایضاً مرتب اور مصنف مولانا دوست محمد: "حالات ہنروران" لاہور ۱۹۳۶۔ جیسا کہ پروفیسر مولوی محمد شفیع کے بازیاب متون سے اندازہ ہوتا ہے بہرہ ہنروران میں صاحبان خط کا شمار لازماً ہوتا ہے اور کتاب میں اس طبقے کے اہل فن کا شمول متوقع ہے۔ تمد عبداللہ چغتائی کے ان دونوں حوالوں کے لیے رجوع فرمائیے۔ "کتاب شناسی"؛

مقالۂ پروفیسر مظہر محمود شیرانی۔
دیگر: ایضاً (عبداللہ چغتائی، مصنف): پاک و ہند میں اسلامی خطاطی" لاہور ۱۹۷۶ بحوالہ آئندہ حاشیہ نمبر ۲۲۔
(۱) عارف نوشاہی: "کتابت کے لوازم: 'بیاضِ خوشبوئی' سے ایک اقتباس" در کتاب شناسی: ۲" اسلام آباد ۱۹۸۸

۸۔ پروفیسر نذیر احمد: "ہندستانی ذخیروں میں تاریخی اور فنی اہمیت کے حامل تیموری مخطوطات" در 'خدا بخش لائبریری جرنل' ۱۰۶ پٹنہ ۱۹۹۶۔ رک: "انگریزی حصہ" / انگلش سیکشن ص۲۶ ذیلی سرخی بصفحہ ۶۱: " (سی) خطاطی پر نادر سوانحی نسخے" صفحہ ۶۳" ۲: رسالہ خوش نویسی" از عبداللہ شیرانی۔

۹۔ ایضاً، ضمنی سرخی بصفحہ ۶۱: (سی) "۱: رسالۂ رسم الخط" از مجنون بن محمود رفیقی مصنف رسالہ 'خط و سواد' بحوالہ حواشی بذا شمار ۶ و ۱۱۔ ثانی الذکر نثری اور اول الذکر منظوم تصنیف ہے جن کے علاوہ بھی ڈاکٹر نذیر احمد نے مجنون کے اِن اور متعلقہ رسائل کو منکشف کیا ہے: "رسالہ وضع نسخ و تعلیق"، خطاطی پر ہی ایک اور نظم، پیر خطوط سواد" نامی پانچواں کا نسخہ جو ظاہر نہیں ہوتا ہے کہ اس کے "خط و سواد" سے ہی منقولہ ہے یا کوئی اور مستقل کتاب ہے۔ پروفیسر نذیر احمد نے صفحہ ۶۲ پر ایک مجموعے میں "خطوطِ سواد" کے ہمراہ موجود ان دیگر تین نسخوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ "المختصر المفید" مصنف نامعلوم، "مختصر الخط" مبنی بر رسالۂ سیرافی نیز "رسالہ در خط" انبلاستا ہ جو ممکن ہے حاشیہ بذا پانچ پر ہی متضمن ہے۔ سیراف نامی قصبے کے لیے رک: "اردو دائرہ معارف اسلامیہ" ج ۱۱، ص۵۰۳۔

۱۰۔ نواب صدر یار جنگ بہادر: "خط و خطاطان" در" اورینٹل کالج میگزین" فروری ۱۹۳۵ ص۳۹۔

۱۱۔ یٰسین خاں نیازی: "متن" رسالہ خط و سواد از مجنوں بن محمود الرفیقی" در" اورینٹل کالج میگزین" فروری ۱۹۳۵ ص۴۶۔
اغلب ہے کہ مولوی محمد شفیع کے طالب علم تھے اور انھیں کی اجازت بلکہ ایما سے ایڈٹ کیا ہوگا۔ اسکالر موصوف کی کوئی اور نگارش کالج کے مجلوں میں دریافت نہیں ہوئی ہے۔ سوائے "میگزین" بابت اگست ۱۹۳۲ تا فروری ۱۹۳۷، ملاحظہ ہو: "فہارس اورینٹل کالج میگزین، ضمیمہ اور مجلہ انجمن عربی و فارسی دانش گاہ پنجاب" ۱۹۲۵ء تا ۱۹۶۷ لاہور ۱۹۷ صفحہ ۵۷ جس پر نو عدد معروضات کی اقساط کا داخلہ ہے۔ ممکن ہے صاحبِ مقالات نے ہی غلام یٰسین خاں نیازی کے نام سے ڈاکٹریٹ کیا ہو جبکہ "فہارس" میں اس نام سے بصفحہ ۱۲ صرف ایک اندراج ہے۔ متعلقہ تعیّن کے لیے ملاحظہ ہو: ڈاکٹر وحید قریشی: "یونیورسٹی اورینٹل کالج کے اساتذہ کا تحقیقی ادبی اور درسی سرمایہ" لاہور ۱۹۷۰ صفحہ ۳۶۷ " فارسی: پ: پی ایچ ڈی بزبانِ فارسی: ۱۳: غلام یٰسین خاں نیازی: نقوشِ خیال۔ قصاید عزۃ الکمال۔ ۱۹۴۳"۔ ممکن ہے یہ التباس نہ ہو اور شخصیت ایک ہی واقع ہوئی ہو۔

(ا) ڈاکٹر تبسم کاشغری: "دستاویزی تحقیق" در "اورینٹل کالج میگزین" جولائی ۱۹۸۱؛ حوالہ: "نیدہ حاشیہ ۲۲۔

۱۱۔ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: "خطاطی" در "تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند" چوتھی جلد: فارسی ادب دوم ۱۵۲۶ء / ۱۷۵۷ء" لاہور ۱۹۷۱۔ رک باب ۱۳۔ تیرہواں ب" ص ۷۵۴ تا ۷۷۳۔

دیگر ایضاً خطاطی" در ایضاً" پانچویں جلد فارسی ادب سوم ۱۷۵۷/ ۱۹۷۲" لاہور ۱۹۷۲۔ رک "۔ علوم و فنون ب" ص ۳۳۳/ ۳۴۳۔ واضح رہے کہ تاریخ ہذا کے مجلدات فارسی ادب کے ص جلد" اول ۱۰۰۰/ ۱۵۲۶ء" لاہور ۱۹۷۱ کے باب ۱۱ میں "خطاطی" کا عنوان شریک نہیں ہے۔

۱۲۔ ڈاکٹر سید عبداللہ: "خط کی کہانی مخطوطات کی زبانی" در "نذر رحمٰن" لاہور ۱۹۶۶۔

۱۴۔ ڈاکٹر مختارالدین احمد آرزو: "نوادر مخطوطات وغیرہا در دانش گاہ علی گڑھ" در "مقالات تنقیح" جلد ۲ لاہور ۱۹۷۲۔

۱۵۔ ڈاکٹر نذیر احمد "تحقیق و تصحیح متن کے مسائل" در "نقوش" مارچ ۱۹۶۳۔ دیگر، در خدا بخش جرنل ۶-۱" بابت ۱۹۹۶۔

۱۶۔ اشرف علی: "دستاویزات اور مخطوطات کی حفاظت" در کتاب شناسی ۱" محولہ گذشتہ۔

۱۷۔ "اُردوئے معلیٰ کا فنِ خطاطی و مخطوطہ شناسی پر" تذکرہ ڈاکٹر فضل الحق: "احوالِ واقعی" بحوالہ ذیل۔

۱۸۔ ڈاکٹر فضل الحق: "فنِ خطاطی و مخطوطہ شناسی" دہلی ۱۹۸۲، مشتمل بر مقالہ و کتابچہ ذیل نمبر ۱۹ و ۲۵۔

۱۹۔ پروفیسر ضیا احمد بدایونی: "مخطوطات شناسی" در ایضاً۔

۲۰۔ مولانا سید احمد خاں غوری: "علم خط شناسی" در ایضاً۔ ایک مستقل تصنیف، حصۂ اول تاریخی تحقیق اور دوم "متنی تنقید" کو جامع۔

۲۱۔ ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری: "ہندستان میں تصوف کے مخطوطات پر سیمینار" در "کتاب شناسی ۱" متعلقہ ادلیں مذاکرے منعقدہ ۱۹۸۵۔

(ا) "تدوین متن کے مسائل" خدا بخش سیمینار" پٹنہ ۱۹۸۲؛ دیگر مطبوعات سے تاحال لاعلمی ہے۔

۲۔ پروفیسر حکیم سید ظل الرحمٰن: "تاریخ طب کے مسائل و اصولِ تحقیق" در خدا بخش جرنل ۶-۱"، قلمیات شناسی کے رہبر نقوش مرتسم کیے ہیں۔

(ا) سید جمیل احمد رضوی: "دستاویزی طریقِ تحقیق" در "مجلہ تحقیق" جامعہ پنجاب لاہور ۱۹۸۳ء شمارہ اول جلد ۵۔ ڈاکٹر وحید قریشی: "خط بہار" در "مجلہ تحقیق . ا و ۲" لاہور ۱۹۷۸۔ "حواشی" صفحہ ۱۲۵ و بعد سے اس مطبوعات کا علم ہوتا ہے: انجم رحمانی: "برصغیر پاک و ہند کی خطاطی" لاہور ۱۹۷۸، ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: "پاک و ہند میں

اسلامی خطاطی" نیز ڈاکٹر این میری شیمل: "اسلامک کیلیگرافی" لندن ۱۹۷۵ء۔
عبدالقادر خطیبی اور محمد سیلاسی فرانسیسی کے انگریزی مترجمین: لندن ۱۹۷۶ء بعنوان The Splendour of Islamic Calligraphy مولوی ظفر حسن: "مسلم کیلیگرافی" در "انڈین آرٹ اینڈ لیٹرس" جلد ۹ شمارہ ۱ لندن ۱۹۳۵ء۔ قاضی احمد میاں اختر جونا گڑھی: "مسلم کیلیگرافی" در کلچرل ہیریٹیج آف پاکستان" مرتبہ ایس ایم اکرام اور شیخ محمد اکرام، کراچی ۱۹۵۵ء اس مجموعے کا اردو ترجمہ موسومہ "ثقافت پاکستان" کراچی تقریب ۱۹۶۰ء بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ پروفیسر شیمل کی ایک حالیہ سیر حاصل تحقیق کا بھی علم ہوا ہے: "کیلیگرافی اینڈ اسلامک کلچر" لندن ۱۹۹۵ء اس کی کتابیات صفحہ ۲۰۹ سے کل ۳۲ صفحوں کو محیط ہے۔

۲۳۔ مارمن لیچ میکری: مترجمہ مقالہ متعلقہ تنقیحی آلات در "تحقیق": ۱، جام شورو ۱۹۸۷ء۔

۲۴۔ ڈاکٹر نجم الاسلام: "دیوانِ غمگین کس غمگین کا ہے" در "تحقیق ۸ و ۹" جام شورو ۱۹۹۵ء۔
"تحقیق" جام شورو کے محولہ بالا اولین و آخری شماروں کے درمیان کے پرچوں میں اور بھی تحقیقات قابلِ استفادہ ہیں۔ اول الذکر کی معلومات پر ازاں بعد اضافے ملتے ہیں جب کہ پروفیسر نجم الاسلام نے مجموعۂ شاعری کی بالکل غلط نسبت کا تعاقب پُر بصیرت و پُر مغز انداز میں کیا ہے۔

۲۵۔ "اُردو دائرہ معارفِ اسلامیہ" کی مجلدات مطبوعہ لاہور جن کی متعلقہ جلدیں مع سنین اشاعت حواشی ذیل میں حوالہ ہیں۔

۲۶۔ ایضاً: جلد ۸ طبع ۱۹۷۳ء "خط" از۔ ایف کرینکو و ص ۹۶۰ "عربی خط" اور "عربی خط عجمی زبانوں میں" متصل۔

۲۷۔ ایضاً: جلد ۱۵ طبع ۱۹۷۵ء، "خطاطی" از سید عبداللہ ص ۹۵۶، مقبول بیگ بدخشانی ص ۹۶۲، عبداللہ چغتائی ۹۸۸۔

۲۸۔ ایضاً: جلد ۱۷ طبع ۱۹۷۸ء؛ "کاتب" از: ایف کرینکو و بصفحہ ۴ — F Krenkov

۲۹۔ ایضاً: جلد ۱۷ طبع ایضاً: "کاغذ" از: ام کلیمنت ہوارٹ ص ۳۲ — Cl Huart

۳۰۔ ایضاً: جلد ۶ طبع (۱۹۶۸) ۱۹۸۵ء؛ "تذہیب" از: رچرڈ ایٹنگھاوزن ص ۱۸۶ — R Ettinghousen

۳۱۔ ایضاً: جلد ۶ طبع ایضاً: "تجلید" از: رچرڈ ایٹنگھاوزن ص ۱۵۱ — ایضاً

۳۱(ا)۔ ایضاً: جلد ۱۶/۲ طبع ۱۹۷۸ء؛ "قلم" از: ہوارٹ ص ۳۸۲ — C Huart

۳۲۔ رفعت گل: "اسلامی فن تجلید: تاریخ، طریقۂ کار، فرہنگ" اسلام آباد ۱۹۸۹ء

۳۲(ا) ڈاکٹر اعجاز راہی: "تاریخ خطاطی" اسلام آباد ۱۹۸۶ء بحوالۂ بالا۔

۳۳۔ عبیداللہ قدسی: "اسلام کی انقلابی علمی تحریک" اسلام آباد ۱۹۸۱ء۔ "باب پنجم: اشاعت علم کے ذرائع" ص ۲۴۲/۲۴۷ چند

مزید مضامین یہ ہیں اشارات رکھتے ہیں از قسم: صنعت کاغذ سازی، روشنائی، دوات، وراقی یعنی نمونہ طرح و نقل نقول تا شیرازہ بندی قلمیات۔

۳۳ (ا) بھولا ناتھ ابن منشی رائے دین دیال. "تحفۃ الہند" قلمی بہ سند ڈاکٹر سید عبداللہ، مجلہ "تحقیق" لاہور ج ۲ ش ۱ ص ۶۵۔

۳۴۔ ڈاکٹر احمد حسین احمد قلعہ داری، "تاریخ روش کتاب سازی و کتاب نویسی در پاکستان" گجرات ۱۹۷۳ء۔ حوالہ "باب کے جلد ساز" نامی باب در "کتاب شناسی" ۱، بصفحہ ۲۱۳۔ مزید برآں موضوع حوالے انھی حواشی کے مندرجات میں جستہ جستہ زیر اضافہ ہیں۔

۳۵۔ ہوشنگ اسلامی پاکستانی ترجمہ اختر راہی: "ہرات کے فن جلدبرچند آرا" در "کتاب شناسی" ۱، بصفحہ ۱۹۹۔

۳۵ (ا) ڈاکٹر محمد باقر مرتب و مقدمہ نگار، "تذکرہ خطاطین" لاہور ۱۹۶۵ء انگریزی مقدمہ مطبوعہ مجلہ انجمن عربی و فارسی جامعہ پنجاب، فی ۱۹۶۴ء، فروری ۱۹۶۵ء۔ "ہارس اورینٹل کالج میگزین" کے حصہ انگریزی کے ص ۳ پر جہاں سے مقدمہ کی یہ اطلاع ماخوذ ہے "ہوڈگسن مسلم کیلیگرافی" درج ہے، اصل حوالے کے لیے رک آیندہ ۳۸ ا۔

۳۵ (ب) احترام الدین شاغل، "صحیفۂ خوش نویساں" دہلی ۱۹۸۷ء جس کی بابت کسی ذریعے سے بغیر تفصیل کے معلوم ہوا۔

۳۵ (ج) شیخ عبدالعزیز مرتبہ ڈاکٹر عبدالشکور احسن، "امپیریل لائبریری آف دی مغلس" لاہور ۱۹۶۷ء

۴۰۔ ڈاکٹر بعدۂ سر ایڈورڈ ڈینیسن راس: در "جرنل رائل ایشیاٹک سوسائٹی" بابت اکتوبر ۱۹۲۴ء مقالہ بعنوان

E D Ros Rudigi and Pseud Rudigi JRAS Oct 1924 pp 609 611

۴۰۔ سعید نفیسی: "محیط زندگی و احوال و اشعار رودکی" تہران ۱۳۴۱ / ۱۹۶۲ء۔ ملاحظہ ہو حزو ۲ موسومہ کتاب دوم اندر آثار رودکی" بصفحات ۴۱۹ - ۴۸۰ جو ۲۳ عدد تحقیقاتی مباحث متعلقہ شعریات کا احاطہ کرتا ہے۔

۴۱۔ شوکت علی خاں: "ٹونک کے تاریخی مخطوطات" قسط سوم در "قصر علم، ٹونک کے کتب خانے اور ان کے نوادر" مرتبہ شوکت علی خاں ٹونک۔ تاریخ ندارد، تاہم مطبوعہ قریب ۱۹۸۱ء۔ اقساط اولاً مشمول "معارف" نومبر ۱۹۶۹ء۔

۳۸ (ا) ڈاکٹر محمد باقر، "کشف المحجوب اور سید علی ہجویری کے بارے میں چند گزارشات" در مجلہ "تحقیق" لاہور جلد ۲، شمارۂ خاص نمبر ایک۔ سنہ طبع ندارد تاہم شائع شدہ قریب ۱۹۸۰/۱۹۸۱ء صفحات ۱۹۳ تا ۲۵۲۔ پروفیسر باقر کے ترتیب دادہ "تذکرہ خطاطین" کا علم ہوتا ہے۔ مقالۂ ہذا کے ڈاکٹر محمد باقر کی تحقیق سوانح در احوال و تعلیمات ابوالحسن ہجویری، داتا گنج بخش" میں شمول سے فی الوقت لاعلمی ہے۔

۳۹۔ حامد خان حامد: "باب ۳: مذہب" در "تاریخ ادبیات مسلمانان: فارسی، دوم"۔ عنوان "اس عہد میں دینی مدارس

اور تعلیمی درس گاہیں" ص ۱۴۷ کا بیان : "شاہ جہاں کے عہد میں علما و فضلا کی کمی نہیں تھی۔ بعض مشہور عالموں کے نام یہ ہیں۔ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی، ملا محمد فاضل، قاضی محمد اسلم، میر محمد زاہد" الخ۔

۴۰۔ "مقالات شفیع . جلد چہارم" لاہور ۱۹۷۲۔" اقتباس از مرآۃ العالم . منسوب بہ بختاور خان م ۱۰۹۶ ھ ص ۸ تا ۱۱، "نمود دوم در ذکر علمائے نامی" الخ۔ ۴۳ مرزا محمد زاہد" بصفحہ ۱۳۰ و ۱۳۱۔ مولوی محمد شفیع کے الفاظ "منسوب بہ بختاور خان" تاریخی پس منظر کے حامل ہیں کہ محققین کی رو سے بختاور خان خود نہیں بلکہ اس کے لیے شیخ محمد بقا سہارنپوری اصلاً اس "مرآۃ العالم" اور تذکرہ "ریاض الاولیا" کے بھی مصنف تھے۔ منسوبات کا یہ اہم بحث ہے۔

۴۱۔ ایضاً۔" اقتباس از فرحت الناظرین ، محمد اسلم بن محمد حفیظ پسروری" ص ۱۵۰۔" مشائخ عظام ، ۵۴ مرزا محمد زاہد" بصفحہ ۱۷۹۔

۴۲۔ محمد ایوب قادری بعدہ ڈاکٹر" فرحت الناظرین ، شخصیات" کراچی ۱۹۷۲۔ فاضل مترجم نے مراجع کے مرداً فرداً اضافوں کا اہتمام سارے رجال کے تذکار کے ساتھ ساتھ کیا مگر یہ تیسرا "مرآۃ العالم" سے تقابل کی ضرورت محسوس نہیں کی دراں حالیکہ کم از کم میر زاہد کا احوال اسی سے "فرحت" میں تقریباً حرف بہ حرف منقول ہے۔

۴۳۔ "مقالات شفیع . جلد چہارم" "اقتباس از مرآۃ العالم" . "۲۵ : قاضی محمد اسلم" بصفحہ ۱۱۷ و ۱۱۸۔

۴۴۔ محمد ایوب قادری : ترجمہ" فرحت الناظرین" بحوالہ حسب سابق۔

۴۵۔ حافظ محمد ادریس و محمد شفیع لاہوری " میر زاہد الہروی" در" اردو دائرہ معارف اسلامیہ" جلد ۲۱ ، لاہور ۱۹۸۷ صفحات ۹۳۸ تا ۹۴۰ میر زاہد کا اردو میں یہ مفصل تعارف ہے اور مصنفات بھی یک جا درج ہیں مگر فارسی مصادر" مرآۃ العالم" اور" فرحت" سے رجوع نہیں ملتا ہے۔

۴۶۔ ڈاکٹر زبید احمد ترجمہ شاہد حسین رزاقی : "عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصہ" لاہور (۱۹۷۳) ۱۹۹۱۔ یہ تحقیق علمی انواع و موضوعات میں منقسم ہے اس لیے میر زاہد سمیت کسی بھی اسکالر کی کتب کا ایک ساتھ مذکور نہیں ملتا ہے بلکہ منتشر ہے۔

۴۷۔ مولانا عبدالقدوس . " باب پانچواں فصل دوم : جہانگیر تا اورنگ زیب : چند مشاہیر اہل علم : میر زاہد ہروی " در " تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند : دوسری جلد عربی ادب ۱۲۷۱ء۔۱۹۷۲ء" لاہور ۱۹۷۲ ص ۲۷۹/۲۸۰۔

۴۸۔ ڈاکٹر زبید احمد . عنوان ماسبق : " باب ششم : علم الکلام : علم الکلام کی مستند کتب کی شرحیں : حاشیہ المواقف از میر زاہد ص ۱۲۷۔

۴۹- "فہرست مخطوطات ذخیرۂ مشتاق مرزا سندھی": "حاشیہ میر زاہد در تحقیق" ۴ جام شورو ۱۹۹۰ص ۲۲۴

۴۹(ا) سید جمیل احمد رضوی: "پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں مائیکروفلم اور فوٹوگراف۔ کتابیاتی جائزہ" در "مخزن تحقیق" جلد ۲ ع۲ لاہور ص ۵۵ و ص ۵۹۔ مثلاً ملاحظہ ہو داخلہ نمبر ۲۴۷ قاضی مبارک: الحاشیہ علی حاشیہ میر زاہد، مائیکروفلم پنجاب یونیورسٹی لائبریری ۷۷، ورق ۶ پی - ۱۰۱۱۷ " نیز ۱۵۱ و ۱۵۳۔

۵- مولانا عبدالقدوس: حوالہ گذشتہ در "تاریخ ادبیات مسلمانان: عربی" صفحات ۲۷۳ تا ۲۷۸۔

۵۱- "تاریخ ادبیات مسلمان: فارسی ادب، دوم" میں کوئی ایک درجن مقامات پر مختلف حوالوں سے علمی فضیلت کا تذکرہ ہے۔

۵۲- ڈاکٹر ظہور الدین احمد "پاکستان میں فارسی ادب کی تاریخ: عہدِ جہانگیر سے عہد اورنگ زیب تک" لاہور ۱۹۷۴، ص ۲۹۰ تا ۲۹۵۔

۵۱- ڈاکٹر زبید احمد "ملا عبدالحکیم سیالکوٹی" در اردو دائرہ معارف اسلامیہ" جلد ۱۲، لاہور ۱۹۷۲ ص ۸۲۴-۹۲۸

۵۲- امین اللہ وثیر: "تعلیقہ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی" در ایضاً صفحات ۸۳۸ تا ۸۴۴۔

۵۷- مقالات شفیع: جلد ۴ "اقتباس از مرآۃ العالم" ۲۲۔ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی" بصفحہ ۱۲۳۔

۵۶- ایضاً۔ "اقتباس از فرحت الناظرین" "۴۲: ملا عبدالحکیم" صفحات ۱۷۳ و ۱۷۴۔

۵۰- محمد ایوب قادری: ترجمہ "فرحت الناظرین: شخصیات" سابقہ حوالہ جس میں مصادر کا اضافہ ہے۔

۵۸- نبی ہادی: "ڈکشنری آف انڈو پرشین لٹریچر" دہلی ۱۹۹۵ء "عبدالحکیم سیالکوٹی" صفحہ ۷۰۸۔

۵۹- "عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصہ" جس کے اندر مختلف مواقع پر شخصیت اور تصنیفی خدمات کے تذکرے منتشر ہیں۔

۶- "مقالات شفیع جلد ۴" میں مشمولہ "اقتباس از مرآۃ العالم" کی "فہرست تراجم" بصفحات ۹۱ و ۹۲۔

۶۱- ایضاً: اقتباس از فرحت الناظرین": "مشائخ عظام" صفحہ ۱۵۰ و بعد۔ متذکرہ "گجرات خورد" ہندوستانی صوبہ گجرات کا شہر پٹن بھی ہو سکتا ہے۔ جہاں کے کئی علمائے دین و معقولات "پٹنی" کی عام نسبت سے متعلقہ شعبہ ہائے علمی میں خاصے شہرت یافتہ ہیں۔

۶- ایضاً: ایضاً" ۴۳۔ سید فاضل خان گجراتی" بصفحہ ۱۶۸۔ یہ ترجمہ صرف دو سطری ہے۔

۶۱- محمد ایوب قادری: ترجمہ "فرحت الناظرین: شخصیات" محولہ گزشتہ۔

۶۴۔ ڈاکٹر نذیر احمد: "خدابخش جرنل" ۱۰۶ مقالہ انگریزی حسب سابق۔

۶۵۔ محمد حسین تسبیحی ترجمہ عارف نوشاہی "کشف المحجوب ہجویری: مخطوطات، مطبوعہ نسخوں اور تراجم کا کتابیاتی جائزہ" در کتاب شناسی ا، "تاریخ دار نسخے" بصفحہ ۱۳۸ تا ۱۴۷، "بلا تاریخ نسخے" ۱۴۷ تا ص ۱۴۹۔

۶۶۔ تی میریڈیتھ اووینس کیمبر اوبی بی ڈی سالقہ برٹش میوزیم لندن۔ مراسلہ مورخہ ۱۵ر جولائی ۱۹۶۳۔

۶۷۔ سی اے۔ اسٹوری، "پرشین لٹریچر اے بایو ببلیوگرافیکل سروے" دو جلدیں۔ بصورت اجزا مطبوعہ لندن ۱۹۲۷ تا ۱۹۵۸

۶۸۔ لوزاک اینڈ کمپنی۔ مراسلہ مورخہ لندن ۷ مئی ۱۹۶۲۔ سی۔اے اسٹوری کا جواب انھی کے الفاظ میں منقول ہے۔

۶۹۔ ڈاکٹر غلام حسین تسبیحی، "پرشین مینسکرپٹس" در "دانش: ۲۶، اسلام آباد خانہ فرہنگ ایران صفحہ ۲۹۔

۷۰۔ ایضاً۔ ص ۲۶ و ۲۷۔ روسی علمائے ایران شناس، Yu E Bregel, Yu L Broshchevsky

۷۱۔ "ادبیات فارسی بر مبنای تالیف استوری: تہران ۱۳۶۲" بہ مطابق ۱۹۸۳ بحوالہ: "ثلاثہ غسالہ۔ بہرہ فارسی" ماخذ تعلیقات از عارف نوشاہی در "کتاب شناسی ۲" اسلام آباد ۱۹۸۸ بصفحہ ۱۴۱ و ۱۴۲۔

۷۲۔ ڈاکٹر اے اشپرنگر، ترجمہ و مرتبہ محمد اکرام چغتائی، "شاہان اودھ کے کتب خانے" کراچی ۱۹۷۳۔ "پہلی رپورٹ ۱۸۴۸ تصوف" صفحہ ۴۶ نیز: "تیسری رپورٹ ۱۸۴۹: تصوف اخلاقیات وغیرہ" صفحہ ۷۰۔ "دوسری رپورٹ" میں یہ عنوان نہیں ہے۔

۷۳۔ ڈاکٹر مولوی محمد شفیع: "استنبول کے خزاین مخطوطات" در "مقالات منتخبہ اورینٹل کالج میگزین: فارسی جلد سوم۔ لاہور ۱۹۷۰۔ اولاً طبع شدہ" اورینٹل کالج میگزین" فروری ۱۹۵۹ کو ترکی کے دوسرے علمی سفر کے معاً بعد یہ تعارف تحریر فرمایا گیا تھا۔

۷۴۔ ڈاکٹر محمد بشیر حسین "فہرست مخطوطات شفیع: بہ فارسی و اردو و پنجابی" لاہور ۱۹۷۲ صفحہ ۲۵ و ۲۵۸۔

۷۵۔ ایضاً "فہرست مخطوطات شیرانی" جلد اول اور دوم و سوم۔ لاہور ۱۹۶۸ تا ۱۹۷۳۔

۷۶۔ "کتاب دوست ۱" اسلام آباد ۱۹۸۶۔ "کنز الآثار صدیقی" فارسی مخطوطات صفحہ ۱۶ تا ۳۹۔ دیگر: ۲: ۱۹۸۶ "کتب خانہ القرشیہ قلعدار"۔ باب سوم فہرست مخطوطات فارسی: کتب علم تصوف ص ۳۷ تا ۴۲۔

۷۷۔ مولانا محمد صدیق ماہر سندھی و مولانا قاری امان اللہ عباسی: "قلمی نسخوں کی توضیحی کیٹلاگ" انسٹی ٹیوٹ آف سندھالاجی جام شورو ۱۹۸۰۔ فہرست نمبر ۱ تا ۱۸۰ نیز "ضمیمہ" نمبر ۱ تا ۳۶۔

۷۸۔ عمر کمال خان: "پبلک لائبریری باغ لانگے خان ملتان کی سو سالہ تاریخ" ملتان ۱۹۸۳۔ "فہرست مخطوطات" ص ۱۰۳/۱۰۷۔

۷۹۔ سید عارف نوشاہی: "فہرست نسخہ ہائے خطی فارسی: انجمن ترقی اردو کراچی" اسلام آباد ۱۹۹۴، نسخہ "متنی آداب و اخلاق" ص ۹۸۔

۸۰۔ سید خضر عباسی نوشاہی: "فہرست نسخہ ہائے خطی فارسی کتاب خانۂ ہمدرد کراچی" اسلام آباد ۱۹۸۸، "اخلاق فلسفۂ عملی" ص ۷۹ تا ۸۳۔

۸۱۔ ایضاً "فہرست نسخہ ہائے خطی فارسی: کتاب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور، گنجینۂ آذر" اسلام آباد ۱۹۸۶۔ "فلسفۂ عملی: اخلاق" ص ۱۵۳۔

۸۲۔ "ایضاً "گنجینۂ شوق: فہرست نسخہ ہائے خطی فارسی: کتاب خانۂ دکتر نواز علی شوق" کراچی ۱۹۹۳ صفحہ ۹۰۔

۸۳۔ اے جے آربری (پروفیسر آرتھر جان): مجموعۂ عربی و فارسی دستاویزی خطاطی و کتابت لندن ۱۹۳۹ء

A J Arberry Specimens of Arabic and Persian Paleography London, 1939

۸۴۔ پروفیسر آربری: مکتوب مورخہ پیمبروک کالج کیمبرج ۹ اپریل ۱۹۶۳۔

۸۵۔ بی میریڈیتھ اووینس: مراسلہ مورخہ ۱۵ر جولائی ۱۹۶۳۔

۸۶۔ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: نامہ مورخہ لاہور ۱۱ اپریل ۱۹۶۴۔

۸۷۔ لائبریرین اسلامیہ کالج لائبریری پشاور: مراسلہ مورخہ ۳ر اپریل ۱۹۹۳۔

۸۸۔ حسین خدیوجم: "کیمیائے سعادت: جلد اوّل" تہران ۱۳۶۱ مطابق ۱۹۸۳۔ مقدمہ صفحہ وسی منہ

۸۹۔ شعبۂ مشرقی مخطوطات و مطبوعات برٹش میوزیم مورخہ ۸ر اکتوبر ۱۹۶۲۔

۹۰۔ محمد طیب اوک بلجن: "ادرنہ: ایڈریانوپل" در "اردو دائرہ معارف اسلامیہ": جلد ۲ صفحہ ۲۳۶ تا ۲۴۵۔

۹۱۔ پروفیسر احمد آتش: مکتوب مورخہ استنبول ۲۹ر نومبر ۱۹۶۲۔

۹۲۔ ڈاکٹر سی بخش بلوچ "ترکی کے کتب خانے" در "تحقیق: ۷" جام شورو ۱۹۹۳ ص ۳۵۹ تا ۴۱۴۔ ازیں بعد فہارس درج ہیں۔

۹۳۔ بہارابا شاغل ڈائریکٹر ببلیو تھیک نیشنل: مراسلہ مورخہ انقرہ ۷ر دسمبر ۱۹۶۲۔

۹۴۔ نایب معتمد سفارت خانۂ ترکی متعینہ پاکستان: مراسلہ مورخہ کراچی پہلی سہ ماہی ۱۹۶۳ مع ترجمہ ترک مکتوب۔

۹۵۔ ناظم کتب خانہ اسلامیہ کالج پشاور: مراسلہ مورخہ یکم ستمبر ۱۹۶۷ء

۹۶۔ احمد آرام: "کیمیائے سعادت" چاپ دوم تہران ۱۳۳۳ مطابق ۱۹۵۴۔ فی الوقت عدم دستیاب۔

۹۷۔ آقاے صبوحی نے مجلس شوراے ملی، ایران یعنی پارلیمنٹ تہران کے کتب خانے میں مخزونہ اس نسخے کے
دو تین عکس مرحمت کیے تھے

۹۸۔ قلمی یادداشت راقم الحروف مورخہ حیدر آباد دکن یکم مارچ ۱۹۶۳ دوران سفر۔

۹۹۔ خدا بخش جرنل" اور "دانش" میں ضبط تحریر میں لائی ہوئی حقیر توضیحات کی رو سے معاصر، مردم تقاۃ "نسخۂ بانکی [illegible]
کے تقدم زمانی کو ہجری صدی ساتویں آٹھویں سے قبل کا متعین کرنے کے لیے فنی وجوہ کی بنا پر مایل ہیں۔
البتہ سواد خط کے مثبت پہلوؤں کا جائزہ مظہر ہے کہ پروفیسر محمد نظام الدین کی مقولۂ بالا تجزیاتی رائے مرحلہ
کتابت کے تعین یا اختلاف کے قطع نظر اس مخطوطے پر بھی صادق آتی ہے۔

ا۔ سردست اس جدوجہد کو حافظ محمود شیرانی کے متذکرہ نادر نسخۂ قاہرہ کی بابت تازہ اطلاعات کے حصول
کی کوشش تک محدود رکھا جاتا رہا ہے۔ مطلوبہ کوائف تک رسائی مشکل ترمرحلہ ہے کیونکہ پروفیسر تیہ ا[illegible]
کے اشارات میں متعلقہ ذخیرے کا باقاعدہ پتہ درکنار اس کے ادارے کا بھی حوالہ نہیں ہے۔ ممکن ہے اس
امر دشوار کو سر کرنے کی سعادت مل ہی جائے وگرنہ صورت معاملہ تو مستقلاً یہی رہتی ہے کہ کار دنیا
کسی تمام نہ کرد کہ اس ناکارہ و ناکاره کردہ کی یہ عاجزانہ سعی بھی ناکام و نامراد رہ جائے گی۔

ڈاکٹر محمد یعقوب مغل

آزادی کے بعد پاکستان میں سیرۃ طیبہ کے موضوع پر لکھی جانے والی تصنیفات کا ایک جائزہ

سیرت طیبہ اسلامی ادبیات کا ایک نہایت مقبول اور پسندیدہ موضوع رہا ہے۔ اردو میں بھی اس موضوع پر کئی صدی کا سرمایہ موجود ہے۔ یہ موضوع آج بھی مصنفین و مولفین کی دلچسپی اسی حیرت انگیز طور پر رکھتا ہے جیسا کہ اسلامی ادبیات کے آغاز میں اس پر توجہ کی جاتی تھی۔ سبب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ ہر دور کے معاشرے کیلیے ایک روشن راہ دکھاتی ہے۔ غرض کہ یہ موضوع اپنی دلکشی اور مقبولیت کے اعتبار سے پاکستان کے اردو اہل قلم کا ایک پسندیدہ موضوع رہا ہے اور آزادی کے بعد اس موضوع پر برابر قابل قدر تصنیفات و تالیفات سامنے آتی رہی ہیں۔

آزادی سے قبل شبلی اور ان کے شاگرد رشید سید سلیمان ندوی کی "سیرۃ النبی" عبدالرؤف دانا پوری کی "اصح السیر" اور قاضی سلیمان منصور پوری کی "رحمۃ للعالمین" اردو میں اس موضوع پر تصنیفی سرمایے کو ایک اعلیٰ معیار دے چکی تھیں اور ان کے پیش رو کے طور پر سرسید کی "خطبات احمدیہ" بھی۔ اور اب آزادی کے بعد معیار و مقدار کے لحاظ سے پاکستانی اہل قلم نے اس موضوع پر کیا کچھ پیش رفت کی ہے؟ یہ ایک توجہ طلب سوال ہے اور اس مقالے میں اسی سوال کا جواب دیا گیا ہے یا بہ الفاظ دیگر اسی پہلو سے ایک علمی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

پاکستانی اہل قلم کی اس موضوع سے دلچسپیاں دو سطحوں پر رہی ہیں۔ انفرادی سطح پر اور اس سطح پر زیادہ بہتر پیش رفت ہوئی ہے۔ دوسرے اداروں کی سطح پر۔ دونوں سطحوں پر تصنیفی کام خاصا ہوا ہے اور اس کام کی حوصلہ افزائی بھی کچھ نہ کچھ برابر ہوتی رہی ہے ایک بڑی تعداد میں سیرت طیبہ کے موضوع پر جو کتابیں پاکستان میں شائع ہوئی ہیں ان میں سیرت طیبہ کے بہت سے ایسے گوشوں پر بڑی کوشش اور کاوش کے ساتھ قلم اٹھایا گیا ہے جو مملکت پاکستان کے حالات سے مطابقت رکھتے اور روشنی دکھاتے ہیں۔ امور مملکت، دفاع، اقتصاد جیسے پہلوؤں پر بھی سیرت طیبہ کے حوالے سے تصنیفات پیش کی گئی ہیں جو ظاہر کرتی ہیں کہ ایک زندہ و پائندہ معاشرے کی ضرورتوں سے ہم آہنگ ہو کر اس

سیرتی سرمائے نے اپنی ترقی کا سفر جاری رکھا ہے ہم یہ جائزہ لیں گے کہ ان کتابوں کی مقدار اور ان کا معیار پاکستان میں اردو دانش وری کے اس اہم دائرے میں کیا رہا ہے۔

اسی طرح تراجم کا سلسلہ بھی اس موضوع پر سرمائے میں اضافے کا ایک قابلِ قدر سبب بنا رہا ہے۔ یہ روایت بھی خاصی پرانی ہے اور گزشتہ صدی ہی میں اُردو میں مستحکم طور پر قائم ہو چکی تھی جبکہ مشہور عالم عبدالحق محدث دہلوی کی ضخیم فارسی کتاب سیرت "مدارج النبوۃ" کا اُردو میں ترجمہ شائع ہوا تھا۔ پاکستان میں بہت سے اداروں اور ناشروں نے دوسری زبانوں کی معرکہ آرا کتب سیرۃ کو اُردو میں منتقل کرانے اور شائع کرنے پر زر کثیر صرف کیا ہے اور بعض اچھی کتابوں کے تراجم سے اُردو کے سیرتی سرمائے میں اضافہ کیا ہے۔

سیرت کے موضوع کو ادبی سانچوں میں ڈھالنے کا ایک تجربہ کبھی عبدالحلیم شرر نے "جویائے حق" میں کیا تھا۔ پاکستان میں اس کا تجربہ مشہور شاعر اور مصنف ماہر القادری ایڈیٹر "فاران" نے کیا، لیکن ناول کے انداز میں سیرت کو پیش کرنے کا چلن پاکستان کے اس ابتدائی دور میں کوئی خاص مقبولیت حاصل نہ کر سکا۔ آج یہ انداز کہ عہد نبوی کے واقعات کو افسانوی انداز میں اس طرح پیش کیا جائے کہ اسلامی تاریخ کے یہ انتہائی معلوم و مشہور کردار یا شخصیات مدینے مکے کے بازاروں، گلیوں، میلوں ٹھیلوں اسی طرح چلتے پھرتے بات چیت کرتے قارئین کے پردۂ ذہن پر ابھر آئیں گویا ہم ان کے درمیان ہیں یا انھیں فکر و ادب کی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، یہ انداز آج کے مقبول طرائی جستوں کا بہت پسندیدہ انداز ہے جو تجربے سے نکل کر ادبی روایت کی حد میں داخل ہونے کا دعویٰ کر رہا ہے۔ اور ہم یہ قیاس کر سکتے ہیں کہ پاکستانی معاشرے میں سیرت طیبہ کے موضوع پر ادبی انداز میں قابلِ قرأت مواد کی پیاس اس معاشرے کی بنیادی فکر سے ہم آہنگ ہے۔

سیرت کے موضوع پر آسان اُردو میں کتابیں لکھنے کا ایک رجحان بھی موجود ہے جسے پاکستان کے اہل قلم نے نظر انداز نہیں کیا ہے اعلیٰ پائے کے اہل قلم بھی کبھی کبھی تو اس طرف متوجہ ہوئے ہیں۔ تسہیلی لٹریچر کی تخلیق حقیقت میں ایسا آسان نہیں کہ ہر کوئی کامیاب ہے۔ بہر کیف اس ذیل میں بھی پاکستان میں اس قدر کتابیں شائع ہوئی ہیں کہ الگ جائزے کا موضوع بنتی ہیں۔ اسی ذیل میں وہ درسی اُردو کتب بھی آجاتی ہیں جو نصابی ضرورتوں کے تحت سیرت طیبہ کے موضوع پر تیار کی گئی ہیں۔ ان سے بھی اس موضوع کے پھیلاؤ کا اندازہ ہوتا ہے اور معلوم کیا جا سکتا ہے کہ بچوں کے ادب میں سیرت طیبہ سے متعلق کیا کچھ سرمایہ پاکستان میں سامنے آیا ہے۔

اب ذیل میں چند نمائندہ تصانیف کا تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں سیرت نگاری کے موضوع پر کتابوں کا سلسلہ قیام پاکستان کے بعد ہی شروع ہو گیا تھا۔ چنانچہ

۱۹۴۸ء میں عطاء اللہ خاں کی "سیرت فخر دو عالم" اور ۱۹۴۹ء میں غلام احمد پرویز کی "معراج انسانیت" سامنے آئیں جنھیں نمایاں کہا جا سکتا ہے ان میں بھی موخر الذکر زیادہ قابل ذکر ہے اور مفصل بھی خاصی ہے۔ دراصل غلام احمد پرویز کی یہ کتاب ان کے سلسلہ معارف القرآن کی چوتھی جلد ہے جو اپنی جگہ سیرت رسولؐ پر ایک مکمل کتاب بھی ہے۔ پرویز صاحب کی یہ کتاب صرف قرآن کی روشنی میں لکھنے کے دعوے کے ساتھ پیش کی گئی ہے مگر واقعات کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے تو انھیں بھی کتاب میں احادیث کے حوالے دینے کی ضرورت پیش آ گئی ہے اور دوسرے سیرت نگاروں اور مستشرقین کے حوالے بھی۔ بہر کیف پرویز صاحب نے اس کتاب میں آنحضرتؐ کی سیرت طیبہ قرآن کریم کی روشنی میں لکھنے کی کوشش کی ہے اور آنحضرتؐ کی ابتدائی زندگی کے حوالے سے مختلف ملکوں، مذہبوں اور تہذیبوں پر وسعت مطالعہ کے ساتھ قلم اٹھایا ہے اور نبوت کے دور کی زندگی میں آپ کے لائے ہوئے انقلاب کی تصویر کشی کی ہے قیام پاکستان کے بعد کے ابتدائی دور میں یہ کتاب سیرت کے پاکستانی سرمائے میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے۔

اس کے بعد رئیس احمد جعفری کی "رسالت مآب" بھی ایک قابل ذکر کتاب ہے جس میں جدید تعلیم یافتہ طبقے کی ضرورت کو سامنے رکھ کر فاضل مصنف نے قلم اٹھایا ہے۔ رئیس احمد جعفری بکثرت کتابیں لکھنے والوں میں سے تھے انھیں طویل نویسی میں کمال حاصل تھا اور جدید ذوق سے آشنا بھی تھے چنانچہ انھوں نے اردو کی اہم کتب سیرت مثلاً شبلی، سلیمان ندوی، قاضی سلیمان منصور پوری اور پروفیسر نواب علی وغیرہ کی کتابوں کو سامنے رکھ کر یہ ایک مفید کتاب لکھ دی جسے قاری ذہن و دماغ پر غیر ضروری بوجھ ڈالے بغیر پڑھ سکتا ہے اور حضور پر نورؐ کی سیرت کے چیدہ چیدہ واقعات سے صحیح طور پر آگاہ ہو سکتا ہے۔ اس طرح گو کہ اس کتاب کو کوئی غیر معمولی کارنامہ قرار دینا مشکل ہے لیکن اس میں عام قارئین کے لیے ایسی دلچسپی صحت کے ساتھ موجود ہے جو سیرت کی بڑی کتابوں میں نہیں ملتی۔

"قیام پاکستان" کے اس ابتدائی دور ہی میں ماہر القادری کا سیرتی ناول "در یتیم" سامنے آیا۔ یہ ناول کے انداز میں لکھی ہوئی سیرت کی کتاب ہے مگر اس میں تخیل کی اڑان بہت زیادہ اونچی نہیں بس پیش کش کا انداز ناول کا سا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس طرح یہ کتاب بہت پر تاثیر ہو گئی ہے۔ اور پاکیزگی فکر اور وضع احتیاط کی وجہ سے اس کے تبصرہ نگار اسے سدا بہار پھولوں کا گلدستہ کہنے میں حق بجانب ہیں۔

۱۹۵۲ء میں ملا واحدی کی کتاب "حیات سرور کائنات" کا پہلا حصہ چھپا پھر چار سال بعد دوسرا حصہ۔ ملا واحدی بڑے ٹھیٹ دہلوی تھے۔ مگر قیام پاکستان کے بعد کراچی میں قیام افروز ہوئے اور یہاں آ کر یہ عمدہ کتاب سیرت لکھی۔ یہ کوئی تحقیقی کتاب نہیں بس سیرت کو اپنی عمدہ دہلوی زبان میں ایک بہت آسان طریقے پر لکھا ہے اور سادہ

کا جادو جگایا ہے اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر واقعے کو ایک مستقل مضمون بنا دیا گیا ہے، تاکہ ایک مضمون پڑھ لینے سے وہ واقعہ پوری طرح ذہن نشیں ہو جائے۔ سب واقعات اختصار کے ساتھ ترتیب وار بیان کیے ہیں اور ادب و لہجہ تو ایسا عمدہ ہے کہ سبحان اللہ۔ ملا واحدی صاحب اسلوب صاحب طرز اہل قلم تھے با محاورہ اور سلیس اُردو جیسی انھوں نے لکھ دی خواجہ حسن نظامی کی یاد دلاتی ہے۔ ان کی کتاب میں زبان و بیان کی سب خوبیاں موجود ہیں۔ غرض کہ یہ کتاب ذوقِ سیرت اور ذوقِ ادب دونوں کی تسکین کرتی ہے۔

پاکستان میں سیرت کے موضوع پر اہلِ سیف نے بھی قلم اٹھایا ہے۔ چنانچہ میجر جنرل محمد اکبر خاں کی کتاب "حدیثِ دفاع" کا موضوع غزوات ہے۔ اس میں تفصیل کے ساتھ غزوات کا بیان ہے اور مصنف نے اپنی فوجی مہارت کو کام میں لاکر ان غزوات کا جائزہ لیا ہے۔ آنحضرتؐ جس مہارت فن حرب کے ساتھ اور جنگی تدبر و دانش کے ساتھ غزوات میں کامیاب و کامگار رہے ہیں وہ ایک فوجی جنرل کو حیرت میں ڈالنے والا ہے۔ آپؐ کوئی تربیت یافتہ فوجی سپہ سالار نہ تھے مگر فوجی مہارت حرب کے لحاظ سے بھی غزوات میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ اس کتاب کے مصنف نے پہلے جنگ کے موضوع پر اظہار خیال کیا ہے پھر ملک عرب کے حالات اور زندگی پر پھر ہجرت کو دفاعی نقطۂ نظر سے جانچا گیا ہے اور پھر غزوات میں دفاعی حکمت عملی زیر بحث لائی گئی ہے۔ غرض کہ یہ کتاب قیامِ پاکستان کے بعد سیرت کے ایک خاص پہلو کا عمدگی سے احاطہ کرنے والی کتاب ہے۔ اور حربی تعلیم کے لیے بھی مواد مہیا کرتی ہے۔ اس کے بعد سید مرتضیٰ احسین فاضل کی کتاب سیرت "خطیب قرآن نبی آخرالزماں" قابلِ ذکر ہے۔

۱۹۶۰ء اور بعد کی دہائی کی قابل ذکر کتب سیرت میں سب سے زیادہ نمایاں نعیم صدیقی کی "محسن انسانیت" ہے، جو ایک مفصل کتاب سیرت ہے اس میں عمدگی کے ساتھ شمائل نبوی کی نقشہ کشی بھی ہے اور آنحضورؐ کو ایک انقلاب کے بانی اور داعئ اعظم کی حیثیت سے پیش کرنے میں ہر لحاظ سے کامیاب ہے کہ اس میں ادبی چاشنی بھی ہے اور زورِ اسلوب بیان کی وجہ سے قاری کو پر جوش بنا دیتی ہے۔ اسی کے ساتھ اس میں آج کے دور کے مسائل کا شعور بھی ہے۔

اب میں ایک ایسی قابل ذکر کتاب پر آتا ہوں جو دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے۔ یعنی فقیر وحید الدین کی کتاب "محسن اعظم اور محسنین"۔ محسن اعظم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے وصال تک کے واقعات ہیں۔ دوسرے حصے یعنی محسنین میں خلفائے راشدین کے حالات۔ فقیر وحید الدین نے اقبالیات کے موضوع پر اپنی قیمتی کتابیں پیش کرکے ایک اچھی شہرت پائی۔ یہ کتاب بھی اختصار کے ساتھ عمدگی سے موضوع پر مواد پیش کرتی ہے، اور نوجوان طبقے کے سامنے سیرت کو عمدگی سے پیش کرنے کی ایک کامیاب کوشش ہے بعد میں اسے ترجمے کے ذریعے انگریزی میں بھی شائع کیا گیا ہے۔

۱۹۶۳ء میں ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور کی طرف سے مولانا جعفر شاہ پھلواروی کی کتاب "پیغمبر انسانیت" شائع ہوئی۔ یہ اس دور کی ایک اور اہم تصنیف ہے اور بہت معقول ہے۔ ۴۲۰ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں پاکستان و ہندوستان کے خادمان سیرت، مولانا احسن مثنیٰ ندوی کا ۴۰ صفحات میں فاضلانہ مقدمہ بھی ہے۔ مصنف کتاب مولانا جعفر شاہ نے سیرت کو بیان کرتے ہوئے بعض روایات پر کھل کر تنقید بھی کی ہے اور نادر حکیمانہ نکتے نکالے ہیں زبان و بیان بھی بقول مقدمہ نگار رواں اور عاشقانہ ہے۔ انداز نگارش اچھوتا ہے۔

اسی دہائی میں ۱۹۶۷ء میں اردو کے مشہور شاعر شان الحق حقی کی مرتبہ "سیرت پاک" شائع ہوئی۔ مرتب مشہور عالم و محدث عبدالحق محدث دہلوی کے خاندان سے ہیں جن کی کتاب "مدارج النبوۃ" اب تک سیرت کی مشہور کتابوں میں سے ہے۔ شان الحق حقی کی مرتبہ کتاب ظاہر کر رہی ہے کہ اس دہلوی خاندان میں جس کا کچھ حصہ اب قیام پاکستان کے بعد پاکستان میں ہے، سیرت کے موضوع سے تعلق برابر جاری ہے فالحمدللہ۔ دراصل یہ کتاب رسالہ "ماہ نو" کراچی کی ایک خصوصی اشاعت ہے جسے کتابی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ اس میں وہ تمام مقالات جمع ہیں جو اس رسالے میں وقتاً فوقتاً چھپے اور جن کا تعلق سیرت سے ہے۔

اسی نوعیت کی ایک کتاب "تذکار محمد رسول اللہ" حکیم محمد سعید کی مرتب کردہ بھی ہے جو ۱۹۷۰ء میں شام ہمدرد میں پڑھے جانے والے مقالات پر مشتمل ہے۔ ہر فاضل مصنف نے سیرت کے کسی پہلو پر گراں قدر مقالہ پیش کیا ہے۔ اور اسی طرح مجموعی طور پر یہ کتاب آنحضور کو بطور منصف قانون ساز منظم، معلم اور عسکری رہنما پیش کرنے میں بہت کامیاب ہے۔

